مبادی اللغات

ناشران

قومی کتب خانہ لاہور

مبادی اللغات

(مؤلفہ)

مولوی فیض محمد صاحب بی۔ اے "منشی فاضل" اور نیٹل ٹیچر گورنمنٹ سکول

پبلشرز

قومی کتب خانہ۔ ریلوے روڈ۔ لاہور

سنہ ۱۹۴۱ء

بار پنجم

مؤلف نے جس قدر محنت

تمہید

عام طور پر طلبہ کو ایک نہ ایک اچھی لغات کی ضرورت رہتی ہے۔ کیونکہ کورسز کے تمام حصص ایسے آسان نہیں ہوتے کہ کوئی طالب علم بغیر مدد غیرے اچھی طرح سمجھ سکے اور ان پر حاوی ہو سکے۔ اس مطلب کے حصول کے لئے اکثر خلاصے وغیرہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ مگر ان کا جو مہلک اثر طلبہ کی ذاتی لیاقت اور اوریجنلٹی (Originality) پر پڑتا ہے۔ اس سے کوئی تجربہ کار مدرس ناواقف نہیں۔ ذاتی کوشش ہی ایک ذریعہ ہے جس سے طلبار اپنی لیاقت بڑھا سکتے ہیں۔ اور اس لئے انہیں خود ہی مختلف الفاظ اور محاورات کے مستعمل معانی لغاتوں میں سے معلوم کرنا ضروری ہیں ؛

عرصہ سے پنجاب کے ہائی اور نارمل سکولوں کے طلبہ ایک ایسی مختصر مگر "اپ ٹو ڈیٹ" اور قیمت کے لحاظ سے سہل الحصول لغات کی ضرورت محسوس کر رہے تھے جو تمام درسی کتب پر حاوی ہونے کے ساتھ ساتھ صحیح تلفظ اور تذکیر و تانیث کی تمیز بھی بتا سکے۔ مگر بہت دقیق۔ متروک اور غیر مستعمل معانی پر زور نہ دیا گیا ہو۔ کیونکہ اس طرح طلبہ کے دماغوں کو غیر ضروری کدو کاوش میں مبتلا ہونا پڑتا ہے۔ تضیع اوقات کے علاوہ مفہوم عبارت سمجھنے میں بھی دقت ہوتی ہے ؛

طلبار کی ان عام محسوس کردہ ضروریات کو دیکھ کر عالیجناب میاں محمود الحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ پی۔ ای۔ ایس ڈپٹی انسپکٹر مدارس لاہور ڈویژن نے جو طلبار کی حقیقی لیاقت اور ٹھوس تعلیم کے دل سے خواہاں ہیں۔ مؤلف کو اس بات پر آمادہ کیا۔ کہ وہ ان ضروریات کو نظر میں رکھتے ہوئے ایک مختصر سی درسی لغات تیار کرے۔ چنانچہ تعمیل ارشاد میں مؤلف نے یہ مختصر سی درسی لغات تیار کی ہے۔ صاحب موصوف نے تیاری کے متعلق ضروری اور مفید مشورے بھی دیئے ہیں۔ جن کے لئے مؤلف ان کا بے حد شکر گزار ہے ؛

اس خیال سے کہ لغات تمام درسی کتب پر حاوی ہو سکے۔ مؤلف نے جس قدر محنت

کی ہے۔ اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ مؤلف نے اپنے بعض لائق شاگردوں کی اعانت سے (جو اس وقت پرائمری اور لوئر مڈل سکولوں کے ہیڈ ماسٹر ہیں) تمام جماعتوں کے نئے اور پرانے مختلف نصابوں، کتب امدادی اور بعض مقبول عام رسالہ جات میں سے ذخیرۂ الفاظ اور محاورات جمع کئے ہیں کسی بڑی لغات کا خلاصہ نہیں کیا۔ مذکورہ بالا طریق تالیف اگرچہ بہت محنت طلب تھا۔ تاہم طلبہ کے استعمال کے لئے اس لغات کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کے لئے اس سے بہتر کوئی طریقہ سمجھ میں نہ آیا۔ اور اس لئے یہی طریقہ اختیار کیا گیا۔ دعوے سے تو نہیں۔ مگر وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ مڈل اور ہائی سکولوں کے نصابوں کے کسی لفظ کے نہ ملنے کی شکایت کا موقعہ بہت کم ملے گا +

یہ بتا دینا بھی ضروری ہے۔ کہ عام مختصر لغاتوں میں ضخامت کے خیال سے مستعمل محاورات ضرب الامثال اور تراکیب کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ مگر اس لغات میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ کہ کوئی مروّج محاورہ یا ترکیب رہ نہ جائے۔ ہر لفظ کا صحیح تلفظ اعراب کے ذریعہ دیا گیا ہے۔ تذکیر و تانیث کا بالالتزام خیال رکھا گیا ہے۔ تقطیع جیبی اور لکھائی چھپائی صاف ہے۔ غرضیکہ لغات کو مکمل اور مفید بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی گئی ہے +

آخر میں میں اپنے ان تمام شاگردوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ جنہوں نے لغات کے تیار کرنے میں مجھے مدد دی ہے۔ ان میں مسٹر ظفر علی بی۔ اے۔ کمالوی۔ منشی غلام رسول (چھپتہ بخشہ) منشی خدا بخش رجانوی۔ منشی جعفر علی (حویلی بہادر شاہ) منشی محمد شریف احمد پوری اور منشی عاشق محمد ملتانی خاص کر شکریہ کے مستحق ہیں۔ کیونکہ انہوں نے تکمیل لغات تک ساتھ دیا ہے +

شیخ محمد نصیر صاحب ہمایوں بی۔ اے مالک قومی کتب خانہ ریلوے روڈ لاہور بھی کچھ کم شکریہ کے مستحق نہیں۔ جنہوں نے موجودہ قلت زر اور کساد بازاری کے وقت میں اپنے پاس سے روپیہ صرف کر کے اس لغات کی اشاعت کا انتظام کیا ہے +

مؤلف

علامات

(ا) ... ... اُردو	(مذ) ... ... مذکر
(ہ) ... ... ہندی	(مث) ... ... مؤنث
(ت) ... ... تُرکی	(ص) ... ... صفت
(ع) ... ... عربی	(انگ) ... ... انگریزی

(ف) ... ... فارسی

الف ممدودہ

عربی۔ فارسی۔ اُردو کا پہلا حرف۔ عدد اس کا ایک ہے۔

آب (ف مذ) پانی۔ چمک۔ رونق ؞

آب آب ہونا (ا) پانی پانی ہونا شرمندہ ہونا ؞

آب آمد و تیمم برخاست (ف) اصل چیز کے سامنے اس کی نقل نہیں ٹھہر سکتی ؞

آب باراں (ف۔ مذ) بارش کا پانی۔ مینہ کا پانی ؞

آباد (ف ص) بسا ہوا۔ سرسبز۔ خوش

آبادی (ف۔ مث) بستی۔ سرسبزی

آبا و اجداد (ع مذ) (جمع اب جد کی) باپ دادے ؞

آبائی (ف ص) پدری۔ خاندانی

آب بقا (ف مذ) امرت۔ آب حیات

آبپاشی (ف مث) کھیتی کو پانی دینا۔ چھڑکاؤ ؞

آبتاب (ف مث) رونق چمک ؞

آب حنظل (ف مذ) اندرائن کا پانی سخت کڑوا پانی ؞

آب حیات (ف۔ مذ) زندگی کا پانی بحر ظلمات کے ایک خیالی چشمے کا پانی جسکے متعلق مشہور ہے کہ اگر پی لیا جاوے تو موت نہیں آتی۔ امرت ؞

آبخورہ (ف۔ مذ) پانی پینے کا پیالہ۔ چھوٹا سا برتن ؞

آبدار (ف) چمکیلا۔ پانی رکھنے والا نوکر۔

آبدیدہ (ف) آنسو۔ آنسو بھری آنکھیں۔ غمگین ؛

آبرو (ف مث) عزت۔ ناموری۔ نیکنامی ؛

آبرو جانا (ا) بے عزت ہونا۔ عزت نہ رہنا ؛

آبرو خاک میں ملانا (ا) بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا ؛

آبِ رواں (ف مذ) بہتا پانی باریک ڈوریا ؛

آبِ زلال (ف مذ) صاف اور میٹھا پانی

آبِ زمزم (ف مذ) کعبہ کے کنوئیں کا پانی ؛

آبشار (ف مث) وہ جگہ جہاں پانی اونچائی سے نیچے گرے۔ جھرنا

آبِ شور (ف مذ) سمندر کا پانی ؛

آبکاری (ف مث) شراب کی دکان شراب کا محصول۔ وہ محکمہ جو شراب اور دوسری نشہ آور چیزوں کا انتظام کرتا ہے ؛

آبِ کوثر (ف مذ) بہشتی نہر کا پانی

آبلہ (ف مذ) چھالہ۔ پھپھولہ۔ پھنسی ؛

آبنائے (ف مث) پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے پانیوں کو ملا دے ؛

آبنوس (ف مذ) ایک درخت جسکی لکڑی سیاہ ہوتی ہے ؛

آب و تاب (ف مث) چمک دمک ؛

آب و دانہ (ف مذ) رزق۔ کھانا پینا

آب و دانہ اُٹھنا (ا) دانہ پانی ختم ہونا۔ سفر کرنا۔ مرنا ؛

آب و گِل (ف مث) کیچڑ۔ مٹی۔ انسان کا خمیر ؛

آب و ہوا (ف مث) پانی اور ہوا ؛

آبی (ف ص) پانی کا (جانور وغیرہ) ہلکا نیلا رنگ ؛

آبیاری (ف مث) سینچنا۔ درختوں اور کھیتوں کو پانی دینا ؛

آبیانہ (ف مذ) نہری زمین کے پانی کا محصول ؛

(آ - پ)

آپ (ہ) خود۔ تعظیم کے لئے مخاطب کو بولتے ہیں ؛

آپا (ہ۔ مث) بڑی بہن ؛

آپا دھاپی پڑنا (ا) اپنی اپنی پڑنا۔ خود غرضی ہونا ؛

آپ بیتی (ہ۔ مث) اپنی سرگذشت

آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (ہ) اپنے لئے آپ مصیبت لینا

آپس (ہ) ایک دوسرے سے باہم رشتہ داری۔ میل جول ؛

آپ سے آپ (ہ) خود بخود۔

آپے سے باہر ہونا (ہ) بیہوش ہونا۔ غصے میں بے قابو ہونا

آپے میں آنا (ہ) سنبھلنا۔ ہوش میں آنا ؛

(آ - ت)

آتش (ف مث) آگ۔ نار ؛

آتش افروزی (ہ) آگ بھڑکانا

آتشباز (ف۔ مث) بارود گر ؛

آتش پرست (ف مذ) آگ کی پوجا کرنے والا ؛

آتش خانہ (ف مذ) آتش پرستوں کا عبادت خانہ ؛

آتشدان (ف مذ) چولہا۔ انگیٹھی ؛

آتش زبان (ف ص) تیز زبان۔ خوش کلام۔ اچھا بولنے والا ؛

آتشزدگی (ف مث) آگ لگنا۔

آتش فشانی (ف مث) آگ برسانا ؛

آتش کا پرکالہ (ا) آگ کا ٹکڑا

بڑا شوخ۔ شریر ۔
آتش کدہ (ف مذ) پارسیوں کی عبادتگاہ
آتش مزاج (ف ص) تیز۔ غصیلا
آتشگیر (ف۔ مذ) دست پناہ۔ چمٹا
ایسی چیز جس کو بہت جلد آگ
لگ جاوے ۔
آتشین (ف ص) آگ کا۔ روشن
آتش فشاں (ف ص) آگ
برسانے والا۔ جوالا مکھی ۔

(آ ۔ ٹ)

آٹھ آٹھ آنسو رونا (ہ)
بہت رونا۔ زار زار رونا ۔
آٹے کے ساتھ گھن بھی
پس جاتا ہے (ہ) بڑوں کے ساتھ
چھوٹوں کا خواہ مخواہ نقصان ہو جاتا ہے
آٹے میں نمک (ا) بہت کم
تھوڑا سا ۔

(آ ۔ ث)

آثار (ع مذ) جمع اثر کی۔ نشانات
دیوار کی بنیاد ۔
آثار خیر (ع۔ مذ) اچھی نشانیاں
نیک یادگاریں ۔
آثار قدیمہ (ع مذ) پرانی عمارات
پرانی نشانیاں ۔

(آ ۔ ج)

آج (ہ) وقت جو گذر رہا ہے۔
موجودہ دن۔ زمانہ حال ۔
آج کل (ہ) ان دنوں۔ یہ ماہ۔ زمانہ حال ۔
آج کل کرنا (ہ) ٹال مٹول کرنا۔
حیلہ بہانہ کرنا ۔

(آ ۔ خ)

آختہ (ف۔ ص) خصّی ۔
آخر (ع مذ) پچھلا۔ انجام۔ تمام ۔
آخر الامر (ع) آخر کار۔ آخر کو ۔
آخرت (ع۔ مث) انجام۔
دوسری دنیا۔ قیامت ۔
آخرش (ف مث) آخر کار۔ آخر کو
آخر کار (ف) انجام کار۔ آخر کو
آخور کی بھرتی (ا مث) نکمی
اور خراب چیزوں کی بھرتی ۔
آخوند (ف مذ) اُستاد۔ مدرس ۔

(آ ۔ د)

آداب (ع۔ مذ) جمع ادب کی۔ تمیز۔ بندگی
آداب مجلس (ع مذ) مجلس میں بیٹھنے
اُٹھنے۔ بولنے چالنے کے قاعدے ۔
آدم (ع مذ) انسان۔ حضرت آدم
جن سے انسان کی نسل چلی ۔
آدمی (ف مذ) انسان۔ نوکر ۔
آدمی کا شیطان آدمی ہے
(محاورہ) آدمی (بُرے) آدمی کی
صحبت سے خراب ہو جاتا ہے ۔
آدمیت (ع مث) عقل سمجھ۔ تہذیب
آدھا تیتر آدھا بٹیر (ہ)
بے جوڑ چیز یا بات ۔
آدینہ (ف مذ) جمعہ کا دن۔ شکروار ۔

(آ ۔ ذ)

آذر (ف مذ) آگ۔ آتش۔ حضرت
ابراہیم کے چچا کا نام جو بُت
بنایا کرتے تھے۔ شمسی سال کے ایک
مہینے کا نام بھی ہے ۔

(آ ۔ ر)

آرا (ا۔ مذ) لکڑی چیرنے کا آلہ ۔
آراکش (ا۔ مذ) آرے سے لکڑی چیرنے والا ۔
آراستگی (ف مث) سجاوٹ۔ ترتیب
آراستہ (ف ص) درست۔ تیار۔ ٹھیک ٹھاک
آرام (ف مذ) چین۔ راحت۔ صحت ۔
آرام جان (ف مذ) دوست۔ محبوب۔ معشوق
آرام طلب (ف ص) سست۔ کاہل ۔
آرام گاہ (ف مث) آرام کرنے کی جگہ۔ سونے کی جگہ

آرا (ع۔مث) جمع رائے کی۔ خیال مشورہ ؛

آرائش (ف۔مث) سجاوٹ۔ زینت ؛

آرٹ (انگ۔مذ) ہنر۔ فن ؛

آرٹشٹ (انگ۔مذ) مصوّر۔ کاریگر

آرٹیکل (انگ۔مذ) مضمون۔ قانون کی دفعہ۔ (نمبر) چیز ؛

آرد (ف۔مذ) آٹا ؛

آرڈر (انگ۔مذ) حکم۔ ترتیب ؛

آرزو (ف۔مث) خواہش ؛

آرزو بر آنا (ا) خواہش پوری ہونا

آرزو خاک میں ملنا (ا) ناکامیاب ہونا۔ اُمید نہ رہنا ؛

آرزومند (ف۔ص) خواہشمند۔ شائق

آرسی (ہ۔مث) آئینہ۔ ایک زیور کا نام ہے ؛

آرسی مصحف (ا) شادی کی ایک رسم ہے جس میں دُولہا دلہن ایک آئینہ میں اکٹھے منہ دیکھتے ہیں

آریہ (س۔مذ) وہ قوم جو پہلے پہل وسط ایشیا سے ہند میں آئی تھی ؛

آریہ ورت (س۔مذ) ہندوستان ؛

(آ۔ ڑ)

آڑ (ہ۔مث) اوٹ۔ روک ؛

آڑا (ہ۔ص) ترچھا۔ خمدار ؛

آڑا ترچھا ہونا (ہ) بگڑنا۔ ناراض ہونا

آڑو (ہ۔مذ) ایک مشہور میوہ ہے ؛

آڑھت (ہ۔مث) دلالی ؛

آڑے آنا (ہ) مدد کرنا۔ کام کرنا

آڑے ہاتھوں لینا (ہ) خوب خبر لینا۔ بُرا بھلا کہنا ؛

(آ۔ ز)

آز (ف۔مث) حرص۔ لالچ۔ طمع ؛

آزاد (ف) فارغ۔ بےغم۔ خودمختار

آزادانہ (ف۔ص) کھلے طور پر۔ بلا روک ٹوک

آزاد طبع (ف۔ص) بیخوف۔ صاف گو

آزادی (ف۔مث) چھٹکارا۔ رہائی خودمختاری۔ بے پرواہی ؛

آزار (ف۔مذ) رنج۔ تکلیف۔ دُکھ بیماری ؛

آزردہ (ف) رنجیدہ۔ ناخوش۔ ناراض ؛

آزردہ خاطر (ف) دکھی۔ اُداس۔ ناراض

آزردگی (ف۔مث) ناراضگی۔ رنجش ؛

آزمانا (ا) جانچنا ؛

آزمائش (ف۔مث) پرکھنا۔ آزمانا ؛

آزمند (ف۔ص) لالچی۔ حریص ؛

آزمودہ (ف۔ص) آزمایا ہوا۔ امتحان کیا ہوا

آزمودہ کار (ف۔ص) تجربہ کار۔ ہوشیار

(آ۔ س)

آس (ہ۔مث) اُمید۔ خواہش۔ اولاد

آسا (ہ۔مث) مانند۔ ایک راگ کا نام ہے جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے ؛

آسامی (ا۔مذ) عہدہ۔ جگہ۔ کسان۔ رعیّت۔ احمق ؛

آسان (ف۔ص) سہل۔ سوکھا ؛

آسائش (ف۔مث) آرام۔ سکھ۔ چین ؛

آستان (ف۔مذ) دہلیز۔ چوکھٹ ؛

آستانہ (ف۔مذ) دہلیز۔ چوکھٹ ؛

آستین (ف۔مث) کُرتے یا کوٹ کی بانہہ۔

آستین چڑھانا (ا) کرتے کی آستین اوپر کھینچنا۔ لڑنے کیلئے تیار ہونا۔

آستین کا سانپ (ا۔مذ) وہ آدمی جو دوست بن کر دشمنی کرے ؛

آسمان (ف۔مذ) چرخ۔ آکاش ؛

آسمان ٹوٹنا (ا) سخت مصیبت آنا

آسمان پر چڑھانا (ا) عزت دینا بہت تعریف کرنا ؛

آسمان زمین ایک کرنا (ا) ہلچل مچا دینا۔ بہت تلاش کرنا ؛

آسمان زمین کے قلابے ملانا

(ا) بہت جھوٹ بولنا۔ لاف مارنا۔
آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے (ا) اچھے آدمی کو برا کہنے والا خود بدنام ہوتا ہے ٭
آسمان سے باتیں کرنا (ا) بہت بلند ہونا ٭
آسمان سے تارے اتارنا (ا) ناممکن کام کرنا ٭
آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (ا) کہاوت ٭
آسمان کے تارے توڑنا (ا) بہت دشوار کام کرنا۔ چالاکی کرنا
آسمان میں تھگلی لگانا (ا) چالاکی کرنا۔ عیاری کرنا ٭
آسمان ہلا دینا (ا) بہت شور و غل مچا دینا۔ با اثر زاری کرنا
آسمانی (ف۔ ص) آسمان سے تعلق رکھنے والی شے (آسمانی کتاب قرآن۔ انجیل وغیرہ) ٭
آسن (ہ۔ مذ) بیٹھنے کی جگہ ٭
آسودگی (ف۔ مث) سکھ۔ خوشحالی
آسودہ (ف۔ ص) خوشحال۔ مطمئن۔ باآرام ٭

آسیا (ف۔ مث) چکی ٭
آسیب (ف۔ مذ) بھوت کا اثر صدمہ۔ چوٹ ٭

(آ۔ ش)

آش (ف۔ مث) شوربا۔ پتلی پکی ہوئی غذا جو پی جا سکے ٭
آشتی (ف۔ مث) صلح۔ ملاپ ٭
آشرم (ہ۔ مذ) مکان۔ بود و باش ٭
آشفتہ حال (ف۔ ص) پریشان حال
آشکار (ف۔ ص) صاف۔ ظاہر
آشنا (ف۔ مذ) واقف ٭
آشنائی (ف۔ مث) واقفیت۔ دوستی
آشوب (ف۔ مذ) فتنہ۔ شور و غوغا۔ پریشانی
آشوب چشم (ف۔ مذ) آنکھ آنا۔
آشیاں (ف۔ مذ) گھونسلا۔ گھر ٭
آشیانہ (ف۔ مذ) گھونسلا۔ گھر ٭

(آ۔ غ)

آغا (ف۔ مذ) آقا۔ مالک۔ بڑا بھائی ٭
آغاز (ف۔ مذ) ابتدا۔ شروع ٭
آغوش (ف۔ مث) گود۔ بغل ٭

(آ۔ ف)

آفات (ف۔ مث) جمع آفت کی۔ بلائیں۔ مصیبتیں ٭

آفات سماوی (ف۔ مث) ناگہانی بلائیں۔ آسمانی مصیبتیں ٭
آفاق (ف۔ مذ) جہان۔ دنیا ٭
آفت (ف۔ مث) دکھ۔ مصیبت۔ بلا ٭
آفت برپا کرنا (ا) شور مچانا۔ ظلم کرنا۔ بہت رونا ٭
آفت توڑنا (ا) ستم کرنا۔ ظلم کرنا
آفت رسیدہ (ف۔ ص) مصیبت کا مارا
آفت زدہ (ف۔ ص) دکھی ٭
آفت کا پرکالہ (ا) فتنہ۔ شریر۔ ظالم
آفت کا مارا (ا) مصیبت کا مارا۔ بدنصیب
آفتاب (ف۔ مذ) سورج۔ دھوپ ٭
آفتاب محشر (ف۔ مذ) قیامت کا سورج۔ نہایت گرم۔ تیز ٭
آفتابہ (ف۔ مذ) لوٹا ٭
آفریں (ف۔ مث) شاباش۔ واہ واہ ٭
آفرینش (ف۔ مث) پیدائش۔ مخلوقات ٭

(آ۔ ق)

آقا (ف۔ مذ) صاحب۔ مالک۔ حاکم ٭
آقائے نامدار (ف۔ مذ) اپنے افسر کے لئے بولتے ہیں ٭
آقائے ولی نعمت (ف۔ مذ) [illegible] افسر

(آ - ک)

آک (ہ۔ مذ) ایک مشہور پودے کا نام ہے۔

آکاس یا آکاش (ہ۔ مذ) کرۂ ہوا۔ خلا۔ آسمان۔

آکاس بیل (ہ۔ مث) ایک زرد رنگ کی بیل ہے جو اکثر بیری کے درخت پر پائی جاتی ہے۔

آکسفورڈ (انگ۔ مث) انگلستان کی ایک بہت مشہور یونیورسٹی کا نام ہے۔

آکسیجن (انگ۔ مث) ایک قسم کی گیس ہے جو جلنے میں مدد دیتی ہے۔

آؤٹ (انگ) باہر۔ ظاہر۔ فاش۔

(آ - گ)

آگ (ہ۔ مث) آتش۔ اگنی۔ نار۔

آگ بگولا (ہ۔ مذ) سخت غصے میں

آگ بگولا ہونا (ہ) سخت غصے میں آنا۔

آگ برسنا (ہ) سخت گرمی پڑنا۔

آگ برسانا (ہ) دشمن پر گولہ باری کرنا

آگ بھڑکانا (ہ) آگ جلانا۔ لڑائی کرانا

آگ لگانا (ہ) جلانا۔ غصہ دلانا۔

آگ لگے پر کنواں کھودنا (ہ) بے وقت کام کرنا۔ فضول کام کرنا

آگ میں کودنا (ہ) مصیبت میں پڑنا۔ جان کی پروا نہ کرنا۔

آگاہ (ف۔ ص) خبردار۔ واقف۔

آگاہی (ف۔ مث) خبرداری۔

آگے آنا (ہ) نزدیک آنا۔ سامنے آنا۔ کیے کا نتیجہ پانا۔

(آ - ل)

آل (ع۔ مث) اولاد۔ کنبہ۔

آلِ رسول (ع۔ مث) رسول کی اولاد۔ سید۔

آل انڈیا مسلم لیگ (انگ) تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی قومی مجلس۔

آل انڈیا نیشنل کانگرس (انگ۔ مث) تمام ہندوستان کی قومی مجلس۔

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس (انگ۔ مث) تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی تعلیمی کمیٹی۔

آلا (ہ۔ مذ) طاقچہ جس میں چراغ وغیرہ رکھتے ہیں۔

آلات (ع۔ مذ) جمع آلہ کی۔ ہتھیار۔

آلام (ع۔ مذ) جمع الم کی۔ رنج و غم۔ تکالیف۔

آلائش (ف۔ مث) میل کچیل۔ آلودگی۔ عیب۔

آلِ عبا (ع۔ مث) حضرت فاطمہؓ۔ حضرت علیؓ اور حسنینؓ سے مراد ہے

آلکسی (ہ۔ مث) سستی۔ کاہلی۔

آلودہ (ف۔ ص) لتھڑا ہوا۔ ناصاف۔

آلودگی (ف۔ مث) گندگی۔ آلائش۔

آلہ (ف۔ مذ) ہتھیار۔ اوزار۔

(آ - م)

آم (ہ۔ مذ) ہندوستان کا مشہور میوہ۔

آم کے آم گٹھلیوں کے دام (ہ) ہر طرح نفع ہی نفع ہے دوہرا فائدہ ہے۔

آماج (ف۔ مث) نشانہ۔ ہدف۔

آماجگاہ (ف۔ مث) نشانے کی جگہ۔ ہدف۔

آمادگی (ف۔ مث) تیاری۔ رضامندی۔

آمادہ (ف۔ ص) تیار۔ رضامند۔

آماس (ہ۔ مث) سوجن۔ ورم۔

آمد (ف۔ مث) (آمدن مصدر سے) معنی آیا۔ آنا۔ بے ساختہ۔ جو شعر خود بخود نکلے

آمدنی (ف۔ مث) یافت۔ فائدہ

آمد و رفت (ف۔ مث) آنا جانا۔ میل ملاپ

آمنا سامنا (ہ) مقابلہ۔ لڑائی۔

آمنّا و صدّقنا (ع) مان لیا اور تصدیق کر لیا۔ بجا ہے۔ ٹھیک ہے۔

آمنہ (ع۔ مث) حضرت رسول کریم صلعم کی والدہ کا نام ہے۔

آموختہ (ف مذ) پڑھا ہوا۔ پچھلا سبق

آموزگار (ف) اُستاد۔ سکھانے والا

آمیزش (ف مث) ملاوٹ ؛

آمین (ع مں) ایسا ہی ہو۔ خدا دُعا قبول کرے (دعا کے بعد کہتے ہیں)

(آ - ن)

آن (ف مث) گھڑی۔ وقت۔ لمحہ۔ عزت شان ؛

آناً فاناً (ع) فوراً۔ اچانک ؛

آن بان (مث) شان و شوکت۔ بانکپن

آن کا مہمان (ہ) کوئی دم مہمان۔ قریب المرگ ؛

آنت (ہ مث) انتڑی ؛

انتڑیوں میں بل پڑنا (ہ) پیٹ میں بل پڑنا۔ درد ہونا ؛

انتڑیوں کا قل ھو اللہ پڑھنا (ہ) بہت بھوکا ہونا۔ مارے بھوک کے تاب نہ ہونا ؛

آنتیں منہ کو آنا (ہ) سخت تکلیف میں ہونا۔ بے قرار ہونا ؛

آنچ (ہ مث) آگ۔ حرارت

آنچل (ہ۔ مذ) دوپٹے کا سرا یا کپڑے کا دامن ؛

آندھی کی طرح آنا (ہ) زور شور سے آنا ؛

آنریری (انگ مں) مفت۔ اعزازی۔ بلا تنخواہ

آنسو (ہ۔ مذ) اشک۔ ہنجوں ؛

آنسو پونچھنا (ہ) تسلی دینا۔ دلاسا دینا

آنسو پی جانا (ہ) صبر کرنا۔ ضبط کرنا

آنسوؤں سے منہ دھونا (ہ) بہت رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا

آنکس (ہ۔ مذ) لوہے کا چھوٹا سا ڈنڈا جو ہاتھی کو چلانے کیلئے اسکی گردن پر مارتے ہیں

آنکھ (ہ مث) دیدہ۔ چشم۔ نین

آنکھ آنا (ہ) آنکھ کا دُکھنا ؛

آنکھ بدلنا (ہ) بے رُخی کرنا ؛

آنکھ بھر کر دیکھنا (ا) غور سے دیکھنا۔ گھورنا ؛

آنکھ دکھانا (ا) ڈرانا۔ دھمکانا

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل (ہ) جو شے آنکھ سے غائب ہو۔ اس کا نزدیک اور دور ہونا ایک جیسا ہے

آنکھ پر بٹھانا (ا) عزت کرنا محبت کرنا

آنکھ سے گرنا (ا) ذلیل ہونا عزت نہ رہنا

آنکھ سے گرانا (ہ) ذلیل سمجھنا حقیر جاننا

آنکھ کھلنا (ہ) جاگنا۔ ہوشیار ہونا معلوم ہونا ؛

آنکھ میں بسنا (ہ) منظور نظر ہونا ہر وقت آنکھوں میں رہنا ؛

آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک (ہ) اظہار مسرت کے وقت بولا جاتا ہے۔ ہم بہت خوش ہیں ؛

آنکھوں میں خاک ڈالنا (ہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا ؛

آنکھوں میں گھر کرنا (ہ) آنکھوں میں بسنا۔ منظور ہونا ؛

آنکھوں میں رات کاٹنا (ہ) کسی کے انتظار میں یا تکلیف کے باعث رات بھر جاگنا

آنکھیں گڑ جانا (ہ) ٹکٹکی لگا کر دیکھنا۔ کسی چیز کو برابر تکتے رہنا

آنکھیں نکالنا (ہ) خفا ہونا دھمکانا

آنگن (ہ۔ مذ) صحن۔ وہڑا ؛

آنی جانی (ہ) ناپائدار بے بنیاد

(آ - و)

آوا (ہ۔ مذ) پڑاوہ جس میں اینٹیں پکتی ہیں۔ (بھٹہ) ؛

آوارگی (ف مث) آوارہ ہونا نکما ہونا۔ بیہودگی ؛

آوارہ (ف ص) لُچّا۔ گنڈا۔ بدچلن۔ نکما

آوارہ گرد (ف۔ص) بدچلن نکما۔ ڈانواڈول ؛
آواز (ف۔مث) صدا۔ ندا۔ کھٹکا۔ آہٹ
آوازہ (ف۔مذ) شہرت۔ دھوم۔ عام ہونا
آوازہ بلند ہونا (ا) مشہور ہونا دھوم مچنا ؛
آوازہ کسنا (ا) طعنہ مارنا۔ چھیڑنا
آواگون (س۔مذ) تناسخ۔ ہندوؤں کا اعتقاد ہے کہ مرجانیکے بعد آدمی کی روح کسی دوسرے جسم میں آتی ہے اور اس طرح کئی بار آتی جاتی ہے اس مسئلہ کو آواگون کہتے ہیں ؛
آورد (ف۔مث) محنت سے کوئی بات پیدا کرنا ؛
آوردہ (ف) لایا ہوا۔ اپنا پیدا کیا ہوا
آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے (ا) سارا خاندان ہی نالائق ہے۔ سارا گروہ خراب ہے ؛
آویزاں (ف۔ص) لٹکا ہوا ؛
آویزہ (ف۔مذ) بُندہ۔ کان میں پہننے کا زیور ؛
آؤ بھگت (ہ۔مث) خاطر۔ تواضع ؛

(آ - ہ)

آہ (ف۔مث) افسوس۔ ہائے
آہ بھرنا (ا) افسوس کرنا۔ سرد سانس بھرنا
آہ کرنا (ا) منہ سے آہ نکالنا ؛
آہ وبکا (ف۔مث) رونا پیٹنا واویلا ؛
آہ وزاری (ف۔مث) رونا۔ پیٹنا۔
آہ وفغاں (ف۔مث) چیخ پکار ؛
آہٹ (ہ۔مث) کھٹکا۔ قدم کی آواز
آہستگی (ف۔مث) آسانی۔ نرمی ؛
آہستہ آہستہ (ف) ٹھیر ٹھیر کر۔ رفتہ رفتہ۔ آسانی سے ؛
آہن (ف۔مذ) لوہا ؛
آہن رُبا (ف۔مذ) مقناطیس
آہنگر (ف۔مذ) لوہار ؛
آہنی (ف۔ص) لوہے کا۔ مضبوط
آہنگ (ف۔مذ) ارادہ۔ گانے کی آواز۔ سُر ؛
آہو (ف۔مذ) ہرن۔ مرگ۔ عیب۔ نقص ؛
آہوگیر (ف۔مذ) شکاری۔ عیب جُو

(آ - ی)

آیا (ہ۔مث) دائی۔ دودھ پلانے والی ؛
آیت (ع۔مث) فقرہ۔ عبارت کا ٹکڑا۔ نشان ؛
آیات (ع۔مث) آیت کی جمع قرآن شریف کے فقرے ؛
آیت اللہ (ع۔مث) اللہ تعالےٰ کا نشان۔ خدا کی ہستی کی دلیل ؛
آئندہ (ف) آنیوالا۔ مستقبل۔ پھر
آئین (ف۔مذ) قانون۔ قاعدہ ؛
آئینہ (ف۔مذ) منہ دیکھنے کا شیشہ صاف۔ ظاہر ؛
آئینہ دکھانا (ہ) حقیقت ظاہر کرنا
آئینہ کردینا (ہ) واضح کردینا روشن کردینا ؛
آئینہ ہونا (ہ) روشن ہو جانا۔
آئے دن (ہ) ہر روز۔ اکثر ؛
آئے کی خوشی نہ گئے کا غم (ہ) ہر حال میں خوش بے پرواہ ؛
آئی ڈاکٹر (انگ۔مذ) آنکھوں کا ڈاکٹر یا حکیم ؛

اَلِفِ مَقصُورَہ

اَبْ (ہ) اس وقت۔ ان دنوں۔ آیندہ ÷

اَبْ (ع۔ مذ) باپ۔ پدر ÷

اِبَا (ع) انکار کرنا۔ نامنظور کرنا ÷

اَبّا (ا۔ مذ) باپ۔ پدر ÷

اَبابیل (ع۔ مث) ایک چھوٹا سا سیاہ رنگ کا پرندہ ہے جو شام کو اور ابر کے وقت اُڑا کرتا ہے ÷

اُبال (ہ۔ مذ) جوش۔ غصّہ۔ حرارت ÷

اَب پچھتائے کیا ہوت۔ جب چڑیاں چُگ گئیں کھیت (ہ) وقت گزر جانے پر افسوس کرنا بے فائدہ ہے ÷

اِبْتِدا (ع۔ مث) شروع۔ آغاز۔ پہل ÷

اِبْتِدائی (ف ص) پہلا۔ شروع کا ÷

اِبْتِذال (ع مذ) بے اعتباری۔ بے قدری۔ معیار سے گرا ہوا ہونا

اَبْتَر (ع) خراب۔ پریشان۔ برباد ÷

اَبْتَری (ف مث) بربادی۔ پریشانی۔ گڑبڑ ÷

اِبْتِلا (ع مث) آزمایش۔ امتحان لینا۔

اَبْتَر (ع۔ ص) خراب ÷

اَبْتَری (ف مث) خرابی۔ بربادی ÷

اَبْجَد (ع۔ مذ) حروفِ تہجّی۔ ا۔ ب۔ ت وغیرہ۔ ابتدا ÷

اَبْجَد خواں (ف مذ) ا۔ ب پڑھنے والا۔ نوآموز ÷

اَبْخَرَہ (ع۔ مذ) جمع بخار کی۔ بخارات۔ بھاپ ÷

اَبَد (ع۔ مث) ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کی انتہا نہیں ÷

اَبَدی (ع ص) ہمیشہ رہنے والا۔ غیر فانی ÷

اَبَدُالآباد (ع۔ مث) ہمیشہ تک۔ سدا

اَبْدالی (ف۔ مذ) ابدال کا رہنے والا۔ احمد شاہ ابدالی ÷

اَبْر (ف۔ مذ) بادل۔ گھٹا ÷

اَبْرار (ع۔ مذ) ابر کی جمع۔ نیک لوگ۔ پرہیزگار ÷

اِبْرام (ع) مضبوط کرنا۔ تنگ کرنا ÷

اِبراہیم (ع مذ) ایک جلیل القدر پیغمبر کا نام جن کا لقب خلیل اللہ ہے ÷

اَبْرَک (ف مذ) چمکیلی دھات جس کے پترے رنگ کر کپڑوں کو۔ خاص کر پگڑیوں کو لگواتے ہیں ÷

اَبرِ مَطِیر (ف مذ) برسنے والا بادل

اَبْرُو (ف۔ مث) بھویں۔ بھوں۔ بھر بھٹے

اَبرِیشَم (ف۔ مذ) ریشم ÷

اَبْعادِ ثَلاثَہ (ع مذ) تین بُعد یعنے لمبائی۔ چوڑائی اور اُونچائی یا گہرائی

اُبکائی (ہ۔ مث) قے ہونے کا نشان۔ اُبَت ÷

اَبْلَق (ع ص) چتکبرا۔ دو رنگا گھوڑا۔

اَبْلَقِ اَیّام (ف مذ) رات دن سے مراد ہے ÷

اَبْلَہ (ع) بے وقوف۔ بے سمجھ۔ احمق۔

اَبْلَہانَہ (ف) احمقانہ۔ بیوقوفوں کی طرح

اِبْلیس (ع۔ مذ) شیطان۔ مکّار ÷

اِبْن (ع۔ مذ) بیٹا ÷

اِبْنائے جِنس (ف مذ) ایک جنس کے لوگ۔ تمام انسان ÷

اِبْنِ بَطُوطَہ (ع مذ) ایک بہت مشہور سیاح کا نام ہے ÷

اِبْنُ الْوَقت (ع) وقت کا بیٹا۔ زمانہ سازہ۔ چالاک۔ زمانے کی رفتار پر چلنے والا

اِبْنِ مریم (ع۔ مذ) حضرت عیسےٰ علیہ السلام

اَبُو البَشَر (ع مذ) حضرت آدمؑ کا لقب ٭

اَبُو الفَضل (ع مذ) اکبر بادشاہ کے نورتنوں میں سے ایک رتن کا نام ہے فیضی کا بھائی تھا ٭

اَبُو القاسم (ع۔ مذ) حضرت محمد صلعم کی کنیت ہے ٭

اَبُو جَہل (ع مذ) حضرت رسول کریم کے ایک چچا کا لقب ہے جو آخر تک آپ پر ایمان نہیں لایا تھا ٭

اَبی طالب (ع۔ مذ) حضرت علیؓ کے والد کا نام ہے ٭

اَبْصار (ع۔ مث) جمع بصر کی۔ دیکھنے کی قوت۔ آنکھیں ٭

اُبھارنا (ہ) اُٹھانا۔ اکسانا بھڑکانا

(ا ۔ پ)

اُپاسنا (ہ) عبادت کرنا۔ پوجنا۔

اپاہج (ہ۔ ص) لولا۔ لنگڑا بیکار ٭

اپچ (ہ۔ مث) نئی بات ٭

اُپدیش (ہ۔ مذ) دیاکھیان۔ وعظ نصیحت۔ لکچر ٭

اُپلا (ہ۔ مث) پاتھی۔ تھاپی ٭

اپنا اُلّو سیدھا کرنا (ہ) اپنا مطلب نکالنا ٭

اپنا سا مُنہ لے کر رہ جانا (ہ) شرمندہ ہونا۔ ناکام رہنا ٭

اپنانا (ہ) کسی کو اپنا بنا لینا۔ قبضہ کر لینا ٭

اپنے گریبان میں منہ ڈالنا (ہ) اپنے عیب دیکھنا۔ اپنے کئے کو دیکھنا

اپنے منہ میاں مٹھو (ہ) اپنے منہ اپنی تعریف کرنا ٭

اپنے ہاتھوں کنواں کھودنا یا قبر کھودنا۔ یا کانٹے بونا (ہ) اپنے لئے خود تکلیف پیدا کرنا

اَپھرنا (ہ) پیٹ کا پھولنا بعفرور ہونا۔ موٹا ہونا ٭

اپیل (انگ مث) چھوٹی عدالت کے فیصلے کے خلاف بڑی عدالت میں درخواست کرنا

(ا ۔ ت)

اُتار چڑھاؤ (ہ۔ مذ) اُترنا چڑھنا گھٹنا بڑھنا ٭

اَتالیق (ت مذ) اُستاد۔ معلّم جو گھر پر تعلیم دے ٭

اِتّباع (ع مذ) پیروی کرنا ٭

اِتّحاد (ع مذ) ایک ہونا۔ دوستی۔ میل جول ٭

اُتّر (س۔ مذ) شمال ٭

اِترانا (ہ) فخر کرنا۔ شیخی مارنا

اُتّرسوں (ہ) چوتھا دن۔ پرسوں سے اگلا دن ٭

اُترن (ہ۔ مث) اُترے ہوئے کپڑے

اُترنا (ہ) اونچی جگہ سے نیچے آنا۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔ ٹھہرنا ٭

اِتّصال (ع مذ) ملنا۔ نزدیکی ٭

اِتّفاق (ع مذ) میل جول محبت۔ دوستی۔ موقع ٭

اِتّفاقاً (ع) اچانک۔ ناگاہ ٭

اَتقیا (ع مذ) جمع تقی کی پرہیزگار لوگ۔

اِتمام (ع مذ) پورا کرنا۔ تمام کرنا۔

اِتمامِ حُجّت (ع مذ) حجت پوری کرنا۔ فیصلہ کرنا ٭

اتنا سا منہ نکل آنا (ہ) چہرہ اُتر جانا۔ کمزور ہونا۔ شرمندہ ہونا

اِتّہام (ع مذ) بہتان۔ جھوٹا الزام

(ا ۔ ٹ)

اٹک (ہ۔ مذ) پنجاب کے ایک مشہور دریا کا نام ہے۔ دریائے سندھ ٭

اٹک (ہ۔ مث) روک۔ جھجک ٭

اٹکانا (ہ) روکنا۔ جھگڑا پیدا کرنا

اَٹکل پچّو (ہ۔ مذ) اندازاً۔ خیالی ÷
اَٹھکیلیاں (ہ۔ مث) ناز۔ مسخراپن
چھیڑ چھاڑ ÷
اَٹل (ہ) نہ ٹلنے والا ÷
اِٹلس (انگ۔ مث) مختلف ملکوں
کے نقشوں کی کتاب ÷
اِٹلی (انگ۔ مذ) برّ اعظم یورپ کے ایک
مشہور ملک کا نام ہے ÷
اَٹنا (ہ) بھرنا۔ سمانا ÷
اَٹوانٹی کھٹوانٹی (ہ۔ مث)
کھاٹ۔ ٹوٹی ہوئی چھوٹی چارپائی
اَٹوانٹی کھٹوانٹی لے کر پڑنا
(ہ) سوگ کرنا۔ روٹھ کر تنہائی میں پڑنا
اُٹھانا (ہ) لیٹے کو اُٹھانا جھیلنا
تعمیر کرنا۔ ملتوی کرنا ÷
اُٹھائی گیرا (ہ۔ مذ) چور۔ بدمعاش ÷
اُٹھتی جوانی (ہ۔ مث) نوجوانی
جوانی کا آغاز ÷
اُٹھ جانا (ہ) چلا جانا۔ مرجانا
اِٹھلانا (ہ) ناز سے چلنا۔ شوخی کرنا
اُٹھنا (ہ) کھڑا ہونا۔ مٹنا۔ برباد ہونا

(ا۔ ث)

اَثاثُ البَیت (ع۔ مذ) گھر کا
اسباب۔ پونجی ÷
اَثاثہ (ع مذ) گھر کا اسباب ÷
اِثبات (ع مذ) ثابت کرنا۔
ثبوت دینا ÷
اَثر (ع۔ مذ) نشان۔ کھوج۔ نتیجہ
تاثیر۔ خاصیت ÷
اَثرات (ع۔ مذ) جمع اثر کی ÷
اِثمار (ع مذ) جمع ثمر کی پھل ÷
اَثنا (ع مذ) درمیان۔ دوران ÷
اَثنا عشری (ع ص) شیعہ ÷

(ا۔ ج)

اِجابت (ع۔ مث) قبولیت
مان لینا۔ پاخانہ آنا ÷
اِجارہ (ع۔ مذ) ٹھیکہ ÷
اِجازت (ع۔ مث) رخصت منظوری
اُجاع (ع۔ مذ) چولھا ÷
اُجاگر (ہ۔ مذ) روشن۔ ظاہر ÷
اُجالا (ہ۔ مذ) روشنی ÷
اَجانِب (ع۔ مذ) جمع اجنبی کی
بیگانے آدمی۔ ناواقف ÷
اِجتماع (ع مذ) اکٹھا ہونا۔ اکٹھ
اِجتناب (ع مذ) پرہیز۔ بچاؤ
علیحدگی ÷

اِجتہاد (ع۔ مذ) کوشش کرنا۔
سوچنا۔ سوچکر کوئی نئی بات دریافت کرنا
اَجداد (ع) جمع جد کی۔ باپ دادا
اَجُدھیا (ہ۔ مذ) فیض آباد کا پُرانا
نام ہے یہاں راجہ رامچندر یہیں پیدا ہوئے
اور یہیں ان کی راجدھانی تھی ÷
اَجَڈ (ہ) بیوقوف۔ گنوار ÷
اَجر (ع۔ مذ) بدلہ۔ انعام ÷
اُجرت (ع۔ مذ) مزدوری ÷
اِجرا (ع مذ) جاری کرنا۔ شروع کرنا
اَجرام (ع مذ) جمع جرم کی جسم ÷
اَجرام سَماوی (ع مذ) سورج
چاند۔ ستارے وغیرہ ÷
اَجزا (ع مذ) جمع جزو کی ٹکڑے ÷
اَجساد (ع مذ) جمع جسد کی جسم
بدن ÷
اَجسام (ع مذ) جمع جسم کی۔ بدن
اَجل (ع۔ مث) موت ÷
اُجلا (ہ) ستھرا۔ صاف ÷
اِجلاس (ع مذ) کچہری جلسہ دربار
اِجماع (ع مذ) اکٹھا ہونا۔ متفق
ہونا۔ ہم رائے ہونا ÷
اِجمال (ع مذ) مختصر بیان کرنا۔ اختصار

اَجْمَالاً (ع) مختصر طور پر۔ اشارۃً
اَجْنَاس (ع۔ مث) جمع جنس کی
چیزیں۔ اشیاء ٭
اَجْنَبِی (ع۔ مذ) انجان۔ ناواقف ٭
اجِیرَن (ہ) دوبھر۔ مشکل
کٹھن ٭

(ا۔ چ)

اُچَاٹ (ہ) اُداس۔ بیزار ٭
اَچَانک (ہ) ناگاہ۔ یکایک۔ بےخبری میں
اُچَٹنا (ہ) بیزار ہونا۔ الگ ہونا
اُچکّا (ہ۔ مذ) چور۔ بدمعاش ٭
اُچَکنا (ہ) لے اُڑنا ٭
اَچنبا (ہ۔ مذ) تعجب۔ حیرانی ٭
اَچھُوت قومیں (ا۔ مث) وہ قومیں
جن سے میل ملاپ کی اجازت نہیں
جیسے بھنگی۔ چمار۔ موچی وغیرہ ٭
اچھوتا (ہ) بن چھوا۔ پاک و
صاف۔ نیا ٭

(ا۔ ح)

اَحَادِیث (ع۔ مث) جمع حدیث کی
پیغمبر اسلام کے اقوال و افعال ٭
اِحَاطہ (ع۔ مذ) گھیرا۔ چاردیواری کے
اندر کی جگہ۔ صوبہ جیسے احاطۂ بمبئی

اَحْبَاب (ع۔ مذ) جمع حبیب کی۔
دوست۔ مُحِبّ ٭
اِحْتِبَاس (ع۔ مذ) روکنا۔ بند کر رکھنا
اِحْتِجَاج (ع۔ مث) حجت پیش کرنا
کسی حکم یا فیصلے کے خلاف آواز اٹھانا
اِحْتِرَاز (ع۔ مذ) بچنا۔ پرہیز کرنا۔
اِحْتِرَاق (ع۔ مذ) جلنا۔ پھُونکنا۔
سخت گرمی ٭
اِحْتِرَام (ع۔ مذ) عزت۔ تعظیم کرنا
اِحْتِسَاب (ع۔ مذ) حساب کرنا۔
آزمائش کرنا۔ قانوناً منع شدہ
کاموں سے روکنا ٭
اِحْتِشَام (ع۔ مذ) شان و شوکت ٭
اِحْتِظَاظ (ع۔ مذ) حظ اٹھانا۔ لطف اٹھانا
اِحْتِمَال (ع۔ مذ) گمان۔ شک۔ کھٹکا
اِحْتِیَاج (ع۔ مذ) ضرورت۔
غرض۔ حاجت ہونا ٭
اِحْتِیَاط (ع۔ مذ) خبرداری۔ حفاظت
دُور اندیشی۔ بچاؤ ٭
احتیاطاً (ع) دُور اندیشی سے ٭
اَحَد (ع۔ ص) ایک ٭
اُحُد (ع۔ مذ) مدینہ شریف کے قریب ایک
پہاڑ ہے جہاں رسول کریم صلعم کا کفار

مکہ سے لڑائی ہوئی تھی جنگ اُحد مشہور ہے
اِحْرَام (ع۔ مذ) قصد و نیت زیارت کعبہ سے
کچھ دن پہلے مقررہ مقامات سے بعض
حلال چیزوں کا اپنے اوپر حرام کر لینا ٭
اِحْرَام بَاندھنا (ا) مقررہ مقامات
سے زیارت کعبہ تک بعض حلال
چیزوں کو حرام سمجھنے کی نیت کرنا
اور بن سلے کپڑے پہن لینا ٭
اِحْسَاس (ع۔ مذ) معلوم کرنا۔
چھُونا۔ حس کرنا ٭
اِحْسَان (ع۔ مذ) کسی کے ساتھ
بھلائی کرنا۔ نیکی کرنا ٭
اِحْسَان فَرَامُوش (ف۔ ص) ناشکرا
وہ آدمی جو دوسرے کی نیکی کو بھلا دے
اِحْسَان مَنْد (ف۔ ص) شکر گزار۔
نیکی یاد رکھنے والا ٭
اِحْضَار (ع۔ مذ) حاضر کرنا۔ کسی چیز
کا موقعہ پر یاد کرنا ٭
اَحْکَام (ع۔ مذ) جمع حکم کی۔ فرمان
ہدایت ٭
اَحْمَد (ع۔ مذ) بہت تعریف کیا گیا۔
پیغمبر اسلام حضرت محمد صلعم کا دوسرا نام مبارک ہے
اَحْمَق (ع۔ ص) بیوقوف۔ بےسمجھ۔ نادان

اَحْوال (ع مذ) جمع حال کی۔ بیان۔ حالات ؎

اَحْوَل (ع ص) بھینگا۔ جو ایک کے دو دیکھتا ہو ؎

اِحْیاناً (ع) اتفاقاً۔ شاید کسی زمانہ میں۔ کسی وقت ؎

(ا - خ)

اَخْبار (ع مث) جمع خبر کی۔ بہت سی خبریں ؎

اَخْبار (ع مذ) پرچہ جس میں مختلف مقامات کی خبریں لکھی جاتی ہیں۔ روزنامہ

اِخْتِتام (ع مذ) انجام۔ ختم کرنا۔ پورا کرنا ؎

اَخْتر (ع مذ) ستارہ۔ قسمت ؎

اِخْتِراع (ع مذ) ایجاد کرنا۔ کوئی نئی بات نکالنا ؎

اَخْتَران (ف مذ) جمع اختر کی۔ ستارے

اَخْتر بَخْتر (ا۔ مذ) مال و متاع۔ اسباب

اَخْتر شماری (ف مث) تارے گننا۔ رات بھر جاگنا۔ بیقراری ؎

اَخْتر شناس (ف مذ) جوتشی۔ نجومی

اِخْتِصار (ع مذ) کم کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ گھٹانا ؎

اِخْتِلاط (ع مذ) ملنا ملانا۔ محبت دوستی ؎

اِخْتِلاف (ع مذ) ناموافقت کرنا۔ پھوٹ۔ بگاڑ۔ فرق ؎

اِخْتِلافِ اَلسِنہ (ع مذ) زبانوں اور بولیوں کا فرق ؎

اِخْتِلال (ع مذ) خلل پڑنا۔ خرابی ہونا

اِخْتِیار (ع مذ) قابو۔ اجازت۔ حکومت ؎

اِخْتِیاری (ع ص) مرضی کا۔ غیر ضروری ؎

اَخْذ (ع مذ) پکڑنا۔ لے لینا۔ چھیننا۔

اِخْراج (ع مذ) نکالنا۔ باہر کرنا۔ خرچ

اَخْراجات (ع مذ) بہت سے خرچ

اَخْضر (ع ص) سبز۔ ہرا ؎

اِخْفا (ع مذ) چھپانا ؎

اَخْگر (ف مذ) انگارہ۔ چنگاری ؎

اِخْلاص (ع مذ) محبت ہونا۔ دوستی ہونا۔ دکھلاوا نہ ہونا

اَخْلاق (ع مذ) جمع خلق کی۔ عادات

اَخْلاط (ع مذ) خلط کی جمع۔ سودا۔ صفرا۔ خون اور بلغم یہ چاروں چیزیں انسان کے اندر ہیں۔ اور انہی کی کمی بیشی سے بیمار ہوتا ہے ؎

اِخْوان (ع مذ) جمع اخ کی۔ برادر بھائی ؎

اُخُوَّت (ع مث) برادری۔ بھائی چارہ۔ محبت ؎

اَخِیر (ع مذ) پچھلا۔ حد۔ انجام کار۔

(ا - د)

اَدا (ع مث) پورا کرنا۔ دینا۔

اَدا (ف مث) ناز۔ نخرہ۔ انداز۔ ڈھنگ ؎

اَدا شناس (ف ص) طور طریقے سمجھنے والا۔ ناز نخرے والا ؎

اَدا کرنا (ا) دے دینا۔ پورا کرنا

اُداس (ہ ص) غمگین۔ بیزار۔ بیقرار

اُداسی (ہ مث) غمگینی۔ پریشانی۔ ویرانی ؎

اُداسی چھانا (ہ) بے رونقی ہونا۔

اَدَب (ع مذ) حفظ مراتب۔ لحاظ۔ تمیز۔ علم زبان ؎

اِدْبار (ع مذ) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ نحوست ؎

اِدْراک (ع مذ) عقل۔ فہم۔ سمجھ

اِدْرار (ع مذ) جاری ہونا۔ پیشاب وغیرہ کا

اُدِق (ع ص) بہت مشکل کٹھن ۞
اَدَل بَدَل (ہ۔ مذ) عوض معاوضہ۔
ایک چیز لے کر دوسری چیز بدلہ
میں دے دینا ۞
اَدمُوا (ہ) نیم مردہ۔ جان بلب ۞
اَدنیٰ (ع) کمینہ۔ چھوٹے درجے
کا۔ رذیل ۞
اَدوِیہ (ع۔مث) دوا کی جمع۔
دوائیں ۞
اَدھا بکھائے بیٹھنا (ہ) کسی
کام پر تُلا ہوا ہونا۔ تیار ہونا
اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے
(ہ) کسی طرف کے نہ رہے ۞
اَدھرم (ہ۔ مذ) دھرم نہ ہونا۔
بے ایمانی ۞
اَدھیراج (ہ) بڑا راجہ شہنشاہ ۞
اَدھیڑ (ہ ص) درمیانی عمر۔ نہ جوان
نہ بوڑھا ۞
اُدھیڑ بُن (ہ۔مث) سوچ
بچار۔ غور و فکر۔ منصوبہ ۞
اَدِیب (ع مذ) علم ادب کا ماہر۔ ادب سکھانے والا

(ا ۔ ذ)

اَذان (ع۔مث) بانگ۔ نماز
کے واسطے بُلانا ۞
اَذکار (ع۔مث) جمع ذکر کی۔ یاد۔ بات
اِذکار (ع۔ مذ) یاد کرنا ۞
اِذعان (ع مذ) یقین کرنا۔ اعتبار کرنا
اَذہان (ع۔مذ) جمع ذہن کی۔
فہمیدگی۔ سمجھ ۞
اِذن (ع۔مث) اجازت ۞
اُذن (ع۔ مذ) کان۔ گوش ۞
اَذِیّت (ع۔مث) دُکھ۔ تکلیف ۞

(ا ۔ ر)

اِرادت (ع۔مث) اعتقاد۔
یقین۔ ارادہ کرنا ۞
اِرادہ (ع۔مذ) خواہش۔ نیّت ۞
اَراضی (ع۔مث) جمع ارض
کی۔ زمین ۞
اَراکین (ع مذ) جمع رکن کی۔ حکومت
کا کام کرنے والے۔ امیر وزیر
کبھی کمیٹی یا مجلس کے ممبر ۞
اَرباب (ع مذ) جمع رب کی۔ جناب
مالک۔ والی ۞
اَربابِ سخن (ف۔ مذ) شاعر ۞
اربابِ غرض (ع مذ) حاجتمند۔ غرضمند
اربابِ نشاط (ع۔ مذ) خوش باش
لوگ۔ ناچنے گانے والے ۞
اَربَع (ع ص) چار۔ چہار۔ ہم پلہ ۞
اَربعہ عناصر (ع مذ) چار عنصر
یعنی ہوا مٹی۔ آگ اور پانی ۞
اِرتباط (ع مذ) میل جول۔ ربط۔
تعلق۔ دوستی ۞
اِرتداد (ع مذ) دین سے پھرنا۔
اِرتفاع (ع مذ) بلندی۔ اونچا ہونا
اِرتکاب (ع مذ) عمل کرنا۔ گناہ
یا جرم کرنا ۞
ارتھی (ہ۔مث) جنازہ۔ میّت ۞
اِرتقاء (ع مذ) چڑھنا۔ ترقی کرنا
اَرجمند (ع ص) باعزت۔ بلند مرتبہ
ارجن (س مذ) پانچ پانڈوؤں میں سے
ایک بھائی کا نام ہے جو بڑا تیر انداز تھا
اَرجنٹ (انگ ص) ضروری۔ فوری
اَرحم (ع مذ) زیادہ رحم کرنیوالا۔ خدا
اَردگرد (ا۔ مذ) آس پاس چاروں طرف
اَردلی (انگ مذ) حاکم کا نوکر۔ چپراسی
اُردو (ت۔ مذ) فوج۔ لشکر۔ (مث)
ہندوستان کی زبان جو فارسی عربی
ہندی وغیرہ سے مل کر بنی ہے
اَرذل (ع ص) رذیل ترین۔ بہت کمینہ

اَرْزاں (ف۔ص) سستا۔ کم قیمت ؂
اَرْزاق (ع۔مذ) جمع رزق کی۔ روزی
اَرْزانی (ف۔مث) سستا ہونا
بے قدری ؂
اَرْژنگ (ف۔مذ) مانی چینی کے مصوّر
کا نگار خانہ۔ تصویروں کی
کتاب ؂
اِرْسال (ع۔مذ) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔
اَرْسطو (ی۔مذ) سکندر بادشاہ کے
اُستاد اور وزیرِ اعظم کا نام ہے۔ یونان کا
بہت بڑا مشہور حکیم گذرا ہے ؂
اَرْسطاطالیس (ی۔مذ) ارسطو ؂
اِرْشاد (ع۔مذ) ہدایت۔ حکم ؂
اَرْشد (ع۔ص) بہت ہدایت یافتہ
نیک ؂
اَرْشمیدش (ی۔مذ) ایک بڑے ریاضی
دان حکیم کا نام ہے ؂
اَرْض (ع۔مث) زمین ؂
اَرْضی (ع۔ص) زمینی ؂
اَرْغنول (ی۔مذ) ایک قسم کا باجہ۔ ارگن
اَرْغوانی (ف۔ص) سُرخ رنگ کا۔
اَرْفع (ع) بہت بلند ؂
اِرْقام (ع۔مذ) لکھنا۔ تحریر کرنا

اَرْقام (ع۔مذ) بہت سے خط۔
تحریریں۔ رقم کی جمع ؂
اَرْکان (ع۔مذ) جمع رکن کی۔ ستون
(مراد) امیر وزیر ؂
اَرْگجا (ہ۔مذ) ایک قسم کی خوشبو ؂
اَرْگن (انگ۔مذ) ایک قسم کا باجہ۔
عضو۔ رکن ؂
اِرَم (ع۔مذ) بہشت۔ جنّت ؂
اَرْمان (ف۔مذ) خواہش۔ آرزو۔ حسرت
افسوس ؂
اَرْمان نکالنا (ا) آرزو پوری کرنا
افسوس نکالنا ؂
اَرْمُغان (ع۔مذ) تحفہ۔ ہدیہ۔ سوغات
اَرَنڈ (ہ۔مذ) ایک درخت کا نام ہے
جس کو ہرنولی کہتے ہیں ؂
اَرِنی (ع) دکھا مجھے۔ حضرت موسیٰؑ نے
کوہِ طور پر کہا تھا الٰہی مجھے اپنا جلوہ دکھا
جواب ملا لن ترانی یعنی تو نہیں دیکھ سکتا ؂
اَرِنی گو (ف۔مذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام
اَرْواح (ع۔مث) روح کی جمع۔
جان۔ جیو۔ روح ؂

(ا۔ ڑ)

اُڑا لینا (ہ) چھپا لینا۔ اس طرح
لے جانا کہ پتہ نہ چلے ؂
اُڑانا (ہ) جلدی سے کوئی چیز
لے جانا۔ چٹ کر جانا ؂
اُڑد پر سفیدی (ہ) بہت کم ؂
اُڑ کر کہاں جاؤ گے (و) کہاں
چھپ سکتے ہو۔ میرے سامنے تمہاری
کچھ پیش نہیں جا سکتی ؂
اَڑھائی دن کی بادشاہت
(ہ) چند دن کا عیش ناپایدار خوشی
اَڑنگا (ہ۔مذ) جھمیلا۔ جھگڑا ؂
اُڑی اُڑی طاق پر جا بیٹھی (و)
رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی۔ آہستہ
آہستہ پھیل گئی ؂

(ا۔ ز)

اَز (ف) سے ؂
اِزار (ع۔مث) شلوار۔ پاجامہ ؂
اِزار بند (ف۔مذ) پاجامے میں
ڈالنے کا ناڑا ؂
اِزالہ (ع۔مذ) مٹانا۔ زائل کرنا۔
اِزالہ حیثیّت عُرفی (ع۔مذ)
ہتک عزّت۔ بدنامی کرنا ؂
اَزْبر (ف۔ص) نوکِ زبان۔
حفظ۔ یاد کرنا ؂

اَز بَس } (ف) بہت۔
اَز حَد } نہایت ٭

اُزبک (ف۔ مذ) ایک تاتاری قبیلے کا نام ہے ٭

از خرس موئے بس است (ف) ریچھ سے ایک بال ملنا بھی غنیمت ہے نالائق سے تھوڑی سی بھلائی بھی بہت ہے ٭

اَز خود (ف) اپنے آپ خود بخود

اَز سرِ نو (ف) نئے سرے سے۔ پھر سے ٭

اَزل (ع۔ مث) ابد۔ وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو ٭

اَزلی (ع۔ ص) ابدی ہمیشہ سے ٭

از ماست کہ بر ماست (ف) جو مصیبت ہم پر آتی ہے وہ اپنے ہی افعال کا نتیجہ ہے

اِزدِواج (ع۔ مذ) بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا ٭

اِزدِحام (ع۔ مذ) بھیڑ۔ انبوہ

اِزدِیاد (ع۔ مذ) زیادہ ہونا۔ بڑھنا ٭

اَز راہِ تمسخر (ف) مخول سے مذاق کے طور پر ٭

اَژدہا (ف۔ مذ) بڑا سانپ ٭

اَژدَرہا (ف۔ مذ) بڑا سانپ ٭

(ا۔ س)

اُساتذہ (ع۔ مذ) جمع استاد کی معلم ٭

اَساس (ع۔ مث) بنیاد۔ جڑھ

اَسالیب (ع۔ مذ) جمع اسلوب طریقے۔ طور ٭

اَسامی (ع۔ مث) آدمی۔ نوکری

اَسباب (ع۔ مذ) جمع سبب کی۔ وجوہات

اَسباب (ف۔ مذ) سامان ٭

اَسباط (ع۔ مث) جمع سبط کی اولاد۔ پوتے پوتیاں ٭

اَسپ (ف۔ مذ) گھوڑا ٭

اسپیچ (انگ۔ مث) تقریر۔ لیکچر

اُستاد (ف۔ مذ) معلم۔ پڑھانے والا

اُستانی (ف۔ مث) پڑھانے والی عورت

اِستبداد (ع۔ مذ) ہٹ کرنا۔ مضبوطی استقلال۔ سختی ٭

اِستثنا (ع۔ مذ) الگ کرنا۔ نکالنا

اِستحسان (ع۔ مذ) پسندیدگی ٭

اِستحقاق (ع۔ مذ) حقدار ہونا۔ سزاوار ہونا ٭

اِستحقار (ع۔ مذ) حقارت ذلت ٭

اِستحکام (ع۔ مذ) مضبوطی۔ پختگی ٭

اِستخارہ (ع۔ مذ) خدا سے کسی غیب کی بات کے متعلق آگاہی چاہنا نیکی کی توفیق مانگنا ٭

اِستخراج (ع۔ مذ) نکالنا خارج کرنا۔ چھانٹنا ٭

اُستخوان (ف۔ مذ) ہڈی ٭

اِستدراج (ع۔ مذ) کسی بات کا عقل کے خلاف ہونا۔ تعجب خیز بات

اِستدعا (ع۔ مث) خواہش کرنا۔ چاہنا

اِستدلال (ع۔ مث) دلیل۔ ثبوت

اَستر (ف۔ مذ) کپڑے وغیرہ کی نیچے کی تہ۔ کوٹ کے اندر لگانے کا کپڑا۔

اَستر کاری (ف۔ مث) دیوار پر چونا وغیرہ لیپنا ٭

اِستراحت (ع۔ مث) راحت چاہنا آرام۔ چین۔ سکھ۔ نیند لینا ٭

اِستسقا (ع۔ مذ) پانی مانگنا۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں مریض کو بہت پیاس لگتی ہے ٭

اِستصواب (ع۔ مذ) رائے لینا۔ مشورہ لینا ٭

اِسْتَطَاعَت (ع۔ مث) طاقت۔
مقدور۔ دسترس ؛
اِسْتِعَارَہ (ع۔ مذ) کسی چیز کا اُدھار
لینا۔ اور اصطلاح میں حقیقی اور مجازی
معانی کے درمیان تشبیہ کا ہونا
جیسے بہادر آدمی کو شیر کہنا ؛
اِسْتِعَانَت (ع۔ مث) مدد چاہنا
اِسْتِعْجَاب (ع۔ مذ) حیرانگی ؛
اِسْتِعْدَاد (ع۔ مث) قابلیت۔
لیاقت۔ طاقت ؛
اِسْتِعْفَا (ع۔ مذ) نوکری چھوڑنے کی درخواست
اِسْتِعْمَال (ع۔ مذ) عمل میں لانا۔ کام میں لانا
اِسْتِغَاثَہ (ع۔ مذ) فریاد۔ دعوے ؛
اِسْتِغْرَاق (ع۔ مذ) کسی خیال میں
ڈوب جانا۔ محویت ؛
اِسْتِغْفَار (ع۔ مذ) بخشش چاہنا۔ توبہ کرنا
اَسْتَغْفِرُ اللہ (ع) خدا سے پناہ
مانگتا ہوں۔ توبہ ؛
اِسْتِغْنَا (ع۔ مذ) بے پرواہی۔ بے نیازی
اِسْتِفَادَہ (ع۔ مذ) فائدہ اُٹھانا۔
اِسْتِفَاضَہ (ع۔ مذ) فیض پانا۔
فائدہ اُٹھانا ؛
اِسْتِفْتَا (ع۔ مذ) فتوے پوچھنا
مسئلہ دریافت کرنا ؛
اِسْتِفْسَار (ع۔ مذ) پوچھنا
دریافت کرنا ؛
اِسْتِفْہَام (ع۔ مذ) سمجھنا۔ سوال کی علامت ؟
اِسْتِقَامَت (ع۔ مث) راست
ہونا۔ قائم ہونا۔ سیدھا پن ؛
اِسْتِقْبَال (ع۔ مذ) آئندہ۔ آگے
کسی بڑے آدمی یا دوست کو لینے
کے لئے آگے جانا ؛
اِسْتِقْرَار (ع۔ مذ) قرار پانا۔ قائم ہونا
اِسْتِقْلَال (ع۔ مذ) مضبوطی۔ ثابت قدمی
اِسْتِکْرَاہ (ع۔ مذ) نفرت کرنا۔ کراہت کرنا
اِسْتِکْرَار (ع۔ مذ) تکرار کرنا۔ مانگنا۔
اِسْتِمَالَت (ع۔ مث) دلجوئی کرنا
خوشامد کرنا ؛
اِسْتِمْدَاد (ع۔ مث) مدد چاہنا
اِسْتِمْرَار (ع۔ مذ) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی
اِسْتِمْرَارِی (ع۔ ص) ہمیشہ کیلئے
اِسْتِمْزَاج (ع۔ مذ) مزاج پوچھنا۔ رائے لینا
اِسْتِنْبَاط (ع۔ مذ) ایک بات سے
دوسری بات کا نکالنا۔ چُننا
اِسْتَنْبُول (ع۔ مذ) قسطنطنیہ کا پرانا
نام ہے ؛
اِسْتِوَاء (ع۔ مذ) برابر ہونا ؛
اُسْتُوَار (ع۔ ص) مضبوط۔ پائدار
اِسْتِہْزَا (ع۔ مذ) ٹھٹھا کرنا۔ ہنسی کرنا
اَسْٹاف (انگ۔ مذ) عملہ
اَسْٹامپ (انگ۔ مذ) سرکاری
کاغذات جن پر تحریریں کی
جاتی ہیں۔ مُہر۔ ٹکٹ ؛
اَسْٹیج (انگ۔ مذ) پلیٹ فارم۔ چبوترہ
اسٹیشن (انگ۔ مذ) ریل کا پڑاؤ
اسٹینڈرڈ (انگ۔ مذ) معیار ؛
اِسْحَاقؑ (ع۔ مذ) حضرت ابراہیمؑ
کے بیٹے کا نام ہے ؛
اَسَد (ع۔ مذ) شیر۔ آسمان کے
ایک برج کا نام ہے ؛
اَسَدُ اللہ (ع۔ مذ) حضرت علیؓ
مرتضٰے کا لقب ہے ؛
اَسْرَار (ع۔ مذ) جمع سر کی بھید ؛
اِسْرَاف (ع۔ مذ) فضول خرچی
اِسْرَافِیل (ع۔ مذ) ایک فرشتہ کا
نام ہے جو قیامت کے دن صور پھونکیگا
اِسْرَائِیل (ع۔ مذ) حضرت یعقوبؑ
کا دوسرا نام ہے۔ ان کی نسل کو
بنی اسرائیل کہتے ہیں ؛

اَسِسٹِنٹ (انگ مذ) مددگار نائب ٭
اِسْطَبل (ع۔مذ) طویلہ ٭
اُسْطرلاب (ع مذ) ایک آلے کا نام ہے جس سے سورج چاند وغیرہ سیاروں کی بلندی اور گردش دریافت کی جاتی ہے ٭
اَسْفَل (ع ص) سب سے نیچا کمینہ
اَسْفَلُ السَّافِلِین (ع) دوزخ کے سب سے نچلے طبقے کا نام ہے ذلیل ترین جگہ ٭
اِسْفَنج (انگ مذ) ایک سمندری جانور کی کھال جو پانی جذب کرلیتی ہے۔ سپنج ٭
اَسْفَندیار (ف مذ) دار گشتاسپ کے بیٹے کا نام ہے ٭
اِسْقاط (ع مذ) گرنا۔ پیٹ گرنا
اِسْقاطِ حَمل (ع مذ) حمل گرنا
اَسْقام (ع مذ) جمع سقم کی۔ بیماری۔ نقص ٭
اُسْقُف (ع مذ) لاٹ پادری
اِسْلام (ع مذ) خدا کی فرمانبرداری دینِ محمدی کا نام ہے ٭

اَسْلِحہ (ع۔مذ) اوزار ہتھیار ٭
اُسْلوب (ع۔مذ) طریقہ۔ طور راہ ٭
اِسْم (ع۔مذ) نام ٭
اسمِ اعظم (ع مذ) خدا کا سب سے بڑا نام ٭
اَسْما (ع مذ) جمع اسم کی۔ نام
اِسْماعیل (ع مذ) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے
اسم بامسمّٰی (ع) جیسا نام ویسا کام
اَسمبلی (انگ مث) جماعت۔ قانون ساز مجلس ٭
اَسْناد (ع مث) جمع سند کی دلائل۔ سرٹیفکیٹ ٭
اَسْوَد (ع ص) سیاہ ٭
اُسْوۂ حَسَنہ (ع مذ) نیک نمونہ ٭
اِسْہال (ع۔مذ) دست ٭
اَسِیر (ع مذ) قیدی ٭
اَسِیسٹر (انگ مذ) مددگار۔ مُشیر ٭
اَسِیس (ہ۔مث) دعا۔ خیر و برکت ٭

(ا۔ش)

اِشارت (ع مث) اشارہ کرنا۔ رمز۔
اِشارات (ع مذ) جمع اشارہ کی رموز۔ اشارے ٭
اِشارہ (ع مذ) رمز۔ اُنگلی سے بتانا
اِشاعت (ع مث) پھیلانا۔ شائع کرنا۔ مشہور کرنا ٭
اِشْتِباہ (ع مذ) شک۔ گمان ٭
اِشْتِداد (ع مذ) شدت۔ زیادتی کثرت ٭
اُشْتُر (ف مذ) اُونٹ ٭
اِشْتِعال (ع مذ) بھڑکانا۔ جوش دلانا
اِشْتِغال (ع مذ) مشغول ہونا۔ مصروف ہونا ٭
اِشْتِقاق (ع مذ) نکالنا۔ مصدر سے صیغے بنانا ٭
اِشْتِمال (ع مذ) شامل ہونا۔ شریک ہونا
اِشْتِہا (ع مث) بھوک۔ خواہش ٭
اِشْتِہار (ع مذ) شہرت۔ اعلان۔ مشہور کرنا ٭
اِشْتِہاری (ع ص) ایسا مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار نکلا ہوا ہو۔ بدنام ٭
اِشْتِیاق (ع مذ) شوق۔ آرزو۔ تمنا
اَشْجار (ع۔مذ) جمع شجر کی۔ درخت ٭

اُشخاص (ع مذ) جمع شخص کی۔ آدمی ۔ لوگ ٭

اَشرار (ع مذ) جمع شریر کی۔ بدمعاش ٭

اَشراف (ع مذ) جمع شریف کی مہذب ۔ شائستہ ۔ اچھے خاندان کا

اِشراق (ع مذ) روشن ہونا ۔ سورج کا نکلنا ۔ سورج نکلنے کے بعد جو نماز نفل پڑھی جاتی ہے اسکو نماز اشراق کہتے ہیں ٭

اَشرف (ع ص) بہت شریف ٭

اَشرف المخلوقات (ع مذ) تمام مخلوق سے بزرگ آدمی انسان

اَشرفی (ف مث) سونے کا سکّہ پونڈ

اَشعہ (ع ۔ مث) جمع شعاع کی روشنی ۔ لہریں ٭

اَشفاق (ع ۔ مذ) جمع شفقت کی ۔ مہربانیاں ٭

اَشک (ف ۔ مذ) آنسو ٭

اَشک شوئی (ف ۔ مث) تسلّی دینا ۔ دلاسا دینا ٭

اَشکال (ع ۔ مث) جمع شکل کی ۔ صورتیں ٭

اَشنان (ہ ۔ مذ) نہانا ٭

اَشیاء (ع ۔ مث) جمع شے کی ۔ چیزیں ٭

(ا ۔ ص)

اِصابت (ع ۔ مث) پہنچ ۔ رسائی ۔ مضبوطی ٭

اِصالت (ع ۔ مث) اصلیت ۔ نجابت ۔ خاندان اور ذات کا اثر ٭

اِصالتاً (ع) خود آپ ۔ بذاتِ خود

اَصحاب (ع مذ) دوست ۔ یار

اَصحاب فیل (ع مذ) ہاتھیوں والے ۔ وہ لوگ ۔ جنہوں نے اَبرہ حاکم یمن کے حکم سے ہاتھیوں کے ساتھ مکّہ پر حملہ کیا تھا ٭

اَصحاب کہف (ع مذ) غار والے ان سات آدمیوں کو کہتے ہیں جو دقیانوس ظالم بادشاہ کے خوف سے شہر سے بھاگ کر غار میں جا چھپے تھے ۔ ان کے ساتھ ایک کتا بھی تھا ۔ جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بھی اُن کے ہمراہ بہشت میں جائیگا ٭

اِصرار (ع ۔ مذ) ضد کرنا ۔ ہٹ کرنا ۔ تاکید ٭

اِصراف (ع مذ) خرچ کرنا ۔ خرچ

اِصطِباغ (ع مذ) رنگنا ۔ عیسائی مذہب اختیار کرتے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم کا نام ۔ بپتسمہ

اَصطَبل (ع مذ) گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ ٭

اُصطرلاب (ع ۔ مذ) ستاروں کی بلندی ناپنے کا آلہ ٭

اِصطِلاح (ع ۔ مث) قوم کے اتفاق سے کسی لفظ کے اصل معنوں کے سوا اور معنی ٹھیرالینا

اَصغر (ع ۔ ص) چھوٹا ۔ کمسن ٭

اَصفر (ع ۔ ص) ۔ زرد ٭

اَصفہان (ف مذ) ایران کے ایک شہر کا نام ہے جہاں کی تلواریں خاصکر مشہور ہیں ٭

اَصفیاء (ع ۔ مذ) صفی کی جمع ۔ نیک لوگ ٭

اَصل (ع ۔ مث) بنیاد ۔ جڑھ ٭

اَصل الاُصول (ع مث) اصلی ۔ بنیاد ۔ جڑھ ٭

اَصلاً (ع) بالکل ۔ ہرگز ٭

اِصلاح (ع مث) درست کرنا

اَصلی (ع ص) حقیقی ۔ درست

بغیر کھوٹ کے ؛

اَصْلِیَّت (ع۔مث) حقیقت۔ اصلی بات ؛

اَصْنَاف (ع۔مذ) جمع صنف کی۔ اقسام۔ طرحیں ؛

اَصْنَام (ع مذ) جمع صنم کی۔ بُت۔ معشوق ؛

اَصْوَات (ع۔مث) جمع صوت کی۔ آواز ؛

اُصُول (ع۔مذ) جمع اصل کی قانون۔ قاعدے ؛

اَصِیْل (ع۔ص) شریف۔ اچھی نسل کا ؛

(ا۔ض)

اِضَافَت (ع۔مث) نسبت۔ لگاؤ ؛

اِضَافَہ (ع۔مذ) زیادہ کرنا۔ ترقی۔

اِضَافِی (ع۔ص) نسبتی جو اصلی نہ ہو

اُضْحُوکَہ (ع۔ص) ہنسانے والی چیز یا بات ؛

اَضْدَاد (ع۔مث) جمع ضد کی الٹ۔ برخلاف ؛

اِضْطِرَاب (ع۔مذ) بیقراری گھبراہٹ

اِضْطِرَار (ع۔مذ) بیقراری۔ بے اختیاری۔ گھبراہٹ ؛

اِضْطِرَارِی (ع۔ص) بے اختیاری جو بات اپنے بس کی نہ ہو ؛

اَضْعَاف (ع۔مذ) جمع ضعف کی دگنی۔ تگنی ؛

اَضْلَاع (ع۔مذ) جمع ضلع کی۔ حدود۔ پہلو۔ علاقے جو ڈپٹی کمشنروں کے ماتحت ہوتے ہیں ؛

اِضْمَار (ع۔مذ) کلام میں کسی اسم کی جگہ ضمیر لانا ؛

اَضْمَار (ع۔مث) جمع ضمیر کی ؛

اِضْمِحْلَال (ع مذ) کمزوری کاہلی پژمردگی ؛

(ا۔ط)

اِطَاعَت (ع۔مث) فرمانبرداری حکم ماننا ؛

اَطَالَوِی (یونانی) اٹلی کا ؛

اَطِبَّا (ع مذ) جمع طبیب کی حکیم ڈاکٹر ؛

اَطْرَاف (ع۔مث) جمع طرف کی سمتیں ؛

اَطْفَال (ا۔مذ) جمع طفل کی لڑکے

اِطْلَاع (ع۔مث) خبر۔ آگاہی ؛

اِطْلَاق (ع۔مذ) کہنا۔ بولنا۔ جاری کرنا ؛

اَطْلَس (ع۔مث) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا ؛

اِطْمِینَان (ع مذ) تسلی۔ دلاسا

اَطْوَار (ع مذ) جمع طور کی۔ طریقے ڈھنگ ؛

اَطْہَار (ع مذ) جمع طاہر کی۔ پاک لوگ ؛

(ا۔ظ)

اَظْلَم (ع۔ص) بڑا ظالم ؛

اِظْہَار (ع۔مذ) ظاہر کرنا۔ بیان دینا ؛

اَظْہَر (ع۔ص) بہت روشن۔ واضح ؛

اَظْہَرُ مِنَ الشَّمْس (ع) سورج سے بھی زیادہ روشن۔ واضح ؛

(ا۔ع)

اِعَادَت (ع۔مث) دہرانا پھیرنا

اِعَادَہ (ع مذ) دہرانا۔ دوبارہ کہنا۔

اِعانَت (ع۔مث) مدد کرنا ٭

اِعْتِبار (ع مذ) بھروسہ کرنا۔ عبرت پکڑنا ٭

اِعْتِدال (ع مذ) برابر ہونا۔ درست ٹھیک۔ درمیانہ چال ٭

اِعْتِذار (ع مذ) عذر کرنا ٭

اِعْتِراض (ع مذ) عیب نکالنا۔ شبہ کرنا ٭

اِعْتِراف (ع مذ) اقرار کرنا۔ مان لینا ٭

اِعْتِقاد (ع مذ) یقین رکھنا۔ مان لینا

اِعْتِکاف (ع مذ) مسجد میں گوشہ نشین ہونا ٭

اِعْتِماد (ع مذ) بھروسہ۔ یقین ٭

اِعْجاز (ع مذ) عاجز کرنا۔ کرامت کرشمہ ٭

اِعْجازِ مسیحائی (ع مذ) حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا معجزہ۔ بیمار کو تندرست کرنا۔ مُردے میں جان ڈالنا

اُعْجُوبَہ (ع۔ص) انوکھی شے۔ عجیب شے ٭

اَعْدا (ع مذ) جمع عدو کی۔ دشمن ٭

اَعْداد (ع مذ) جمع عدد کی۔ ہندسے۔ گنتی ٭

اَعْدَل (ع۔ص) بہت عدل کرنے والا۔ منصف ٭

اِعْراب (ع مذ) حروف کی حرکات زیر۔ زبر۔ پیش وغیرہ ٭

اِعْراض (ع مذ) منہ پھیرنا۔ روگردانی

اَعْراف (ع مذ) دوزخ اور جنت کے درمیان کا مقام جہاں نہ بہشت کا آرام نہ دوزخ کا عذاب ہوگا ٭

اِعْزاز (ع۔مذ) عزت دینا ٭

اَعِزَّہ (ع مذ) جمع عزیز کی) رشتہ دار۔ بھائی بند ٭

اَعْصاب (ع۔مذ) جمع عصب کی۔ پٹھے ٭

اَعْضا (ع۔مذ) جمع عضو کی۔ ہاتھ۔ پاؤں۔ بازو ٭

اَعْضا شکنی (ف۔مث) جوڑوں میں درد ہونا۔ بخار ہونے کی علامت ٭

اَعْظَم (ع۔ص) بہت بڑا ٭

اِعْلان (ع مذ) اظہار کرنا۔ ظاہر کرنا۔

اَعْلیٰ (ع۔ص) بہت بلند۔ شریف۔ بزرگ ٭

اَعْمال (ع مذ) جمع عمل کی۔ کام۔ فعل ٭

اَعْمالنامہ (ف مذ) وہ رجسٹر یا کتاب جس میں کسی شخص کے بُرے بھلے سب کام درج ہوں ٭

اَعْیان (ع مذ) بزرگ۔ اُمرا۔ وزرا ٭

(ا۔غ)

اَغْراض (ع مذ) جمع غرض کی۔ خواہشات آرزوئیں۔ مطلب ٭

اَغْذِیَہ (ع۔مث) جمع غذا کی۔ خوراک

اَغْلاط (ع۔مث) جمع غلط کی۔ بھول چوک ٭

اَغْلَب (ع۔ص) قریب گمان۔ یقیناً۔

اَغْماز (ع مذ) غمزہ۔ نخرہ ٭

اِغْماض (ع مذ) درگذر۔ چشم پوشی

اِغْوا (ع مذ) ورغلانا۔ بہکانا ٭

اَغْیار (ع۔مذ) جمع غیر کی) بیگانے ٭

(ا۔ف)

اُف (ع۔مث) چوں کرنا۔ ہائے۔ افسوس

اِفادہ (ع۔مذ) فائدہ۔ نفع ٭

اَفاغِنہ (ع۔مذ) جمع افغان کی۔ پٹھان لوگ ٭

اِفَاقہ (ع مذ) آرام۔ مرض کی کمی ÷

اُفْتَاد (ف۔ مث) مصیبت مشکل۔ فطرت۔ طرز ÷

اُفْتَاد پڑنا (ا) مشکل پڑنا۔ مصیبت پڑنا ÷

اِفْتِتَاح (ع۔ مث) کھولنا۔ شروع کرنا۔ بے نقاب کرنا

اِفْتِخَار (ع مذ) فخر کرنا۔ ناز کرنا۔ بڑائی ÷

اِفْتِرَا (ع مذ) تہمت بہتان جھوٹ

اِفْتِرَاق (ع مذ) جُدا کرنا۔ فرق ڈالنا

اَفْرَاتَفْرِی (ع۔ مث) پریشانی گڑبڑ۔ گھبراہٹ ÷

اَفْرَاد (ع۔ مذ) جمع فرد کی۔ لوگ۔ آدمی ÷

اَفْرَاسِیَاب (ف مذ) توران کے ایک بڑے بہادر بادشاہ کا نام ہے

اِفْرَاط (ع مث) کثرت زیادہ ہونا۔ حد سے بڑھ جانا ÷

اَفْرُوخْتہ (ف ص) روشن۔ جلا بُھنا

اَفْزَایِش (ف۔ مث) زیادتی کثرت۔ زیادہ ہونا ÷

اَفْزُوں (ف۔ ص) زیادہ بہت

اَفْسَانہ (ف مذ) قصہ۔ کہانی۔ سرگزشت ÷

اَفْسَر (ف مذ) تاج۔ ٹوپی۔ حاکم ÷

اَفْسُرْدَگی (ف۔ مث) اُداسی ÷

اَفْسُرْدہ (ف ص) اُداس غمگین ÷

اَفْسُوس (ف مذ) رنج۔ غم ÷

اَفْسُوں (ف مذ) جادو مکر فریب ÷

اَفْشَاں (ف مذ) پوڈر جو زینت کے لئے ماتھے پر چھڑکتے ہیں ÷

اِفْشَا (ع مذ) ظاہر کرنا۔ فاش کرنا

اَفْضَال (ع مذ) جمع فضل کی۔ بخششیں۔ نیکیاں ÷

اَفْضَل (ع۔ ص) بہت بزرگ۔ سب سے عمدہ ÷

اِفْطَار (ع) کھولنا۔ روزہ کھولنا

اَفْعَال (ع۔ مذ) جمع فعل کی۔ کام۔ عمل ÷

اَفْعِی (ع مذ) زہریلا سانپ ÷

اَفْغَان (ف مذ) پٹھان ÷

اُفُق (ع مذ) کنارہ۔ جہاں زمین و آسمان ملتے نظر آتے ہیں ÷

اَفْکَار (ع مذ) جمع فکر کی۔ غور۔ فکر۔ سوچ ÷

اَفْگَار (ف) زخمی۔ مجروح ÷

اِفْلَاس (ع مذ) ناداری۔ غریبی۔ تنگدستی ÷

اَفْلَاطُون (یونانی مذ) یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے جو ارسطو کا استاد اور سقراط کا شاگرد تھا۔

اَفْلَاک (ع مذ۔ جمع فلک کی آسمان ÷

اَفْوَاج (ع۔ مث) جمع فوج کی۔ لشکر

اَفْوَاہ (ع۔ مث) بے اصل بات۔ اُڑتی ہوئی خبر ÷

اَفْوَاہ اُڑانا (ہ) جھوٹی خبر مشہور کرنا

اَفْہَام (ع۔ مث) جمع فہم کی سمجھ۔ عقل ÷

اِفْہَام (ع۔ مذ) سمجھانا ÷

اَفْیُون (ع۔ مث) افیم ÷

(ا - ق)

اَقَارِب (ع مذ) جمع قریب کی۔ رشتہ دار لوگ ÷

اَقَالِیم (ع۔ مث) جمع اقلیم کی۔ ولایت۔ ملک ÷

اِقَامَت (ع۔ مث) ٹھیرنا۔ قیام

اِقْبَال (ع مذ) خوش نصیبی ÷

اِقْبال مَند (ف ص) خوش نصیب ۞
اِقْتِباس (ع۔ مذ) انتخاب کرنا کسی کے مضمون سے کچھ حصہ نقل کرنا
اِقْتِدا (ع۔ مذ) پیچھے چلنا۔ پیروی کرنا ۞
اِقْتِدار (ع مذ) قدرت طاقت ۞
اِقْتِران (ع مذ) قریب ہونا۔ پاس ہونا
اِقْتِصادی (ع ص) میانہ روی کے متعلق۔ کفایت شعاری کے متعلق
اِقْتِضا (ع مذ) چاہنا۔ خواہش کرنا تقاضا۔ حکم۔ ضرورت ۞
اَقْدام (ع مذ) جمع قدم کی۔ پاؤں۔ پیر
اِقْدام (ع مذ) پیش قدمی کرنا۔ آگے بڑھنا۔ پہل کرنا ۞
اَقْدَس (ع ص) بہت پاک ۞
اِقْرار (ع مذ) وعدہ۔ قول ماننا۔ تسلیم کرنا ۞
اِقْرار نامہ (ع مذ) وہ کاغذ جس پر کسی معاہدے کا اقرار لکھا جاوے ۞
اَقْرَب (ع) بہت نزدیک
اَقْرِبا (ع مذ) جمع قریب کی۔ رشتہ دار۔ قریبی ۞
اَقْساط (ع مث) جمع قسط کی اجزاء۔ حصے ۞
اَقْسام (ع مذ) جمع قسم کی۔ قسمیں طرحیں
اَقْطاب (ع) جمع قطب کی۔ سردار۔ بزرگ ۞
اَقْطار (ع مث) جمع قطر کی۔ کنارے ۞
اَقْطاع (ع۔ مذ) جمع قطع کی۔ ٹکڑے اطراف ۞
اَقَل (ع ص) بہت ہی تھوڑا۔ کم۔
اُقْلیدس (ع مذ) علم ہندسہ کی مشہور کتاب کا نام ہے ۞
اِقْلیم (ع مث) ولایت۔ ملک ۞
اَقْوال (ع مذ) جمع قول کی۔ مقولے باتیں ۞
اَقْوام (ع۔ مذ) جمع قوم کی۔ فرقے۔ گروہ ۞
اَقْوِیا (ع۔ مذ) جمع قوی کی۔ زور آور۔ طاقت ور ۞

(ا۔ ک)

اِکّا (ہ۔ مذ) اکیلا۔ تنہا۔ یکا۔ گاڑی ایک بیّی والا شمع ان ۞
اِکّا دُکّا (ہ۔ مذ) کوئی کوئی۔ ایک آدھ
اَکارَت (ہ۔ ص) بے فائدہ ۞
اَکابِر (ع۔ مذ) جمع اکبر کی۔ بزرگ۔ بڑے آدمی ۞
اَکْبَر (ع مذ) بزرگ۔ بڑا آدمی ۞
اِکْتِساب (ع مذ) کمانا۔ کام کرکے حاصل کرنا ۞
اِکْتِشاف (ع مذ) دریافت کرنا معلوم کرنا ۞
اِکْتِفا کرنا (ا) کفایت کرنا۔ کافی ہونا ۞
اَکْثَر (ع ص) بہت زیادہ۔ بارہا۔
اِکْرام (ع مذ) بخشش عطا۔ کرم کرنا
اِکْراہ (ع مذ) کراہت کرنا۔ نفرت کرنا۔ جبر۔ زبردستی ۞
اَکْرَم (ع۔ مذ) بہت بخشنے والا
اکڑ پھوں (ہ۔ مث) گھمنڈ کرنا غرور کرنا ۞
اَکڑنا (ا) سینہ اُبھارنا۔ گھمنڈ کرنا
اُکسانا (ہ) اُبھارنا۔ آمادہ کرنا
اکسپورٹ (انگ) تجارتی مال ملک سے باہر بھیجنا ۞
اَکس ریز (انگریزی مذ) عکسی ریز۔ شیشے کا ایک آلہ حال ہی میں تیار ہوا ہے جسکے ذریعے روشنی کی

لہریں جسم کے اندر داخل کر کے
اندرونی حالت کا پتہ مل سکتا ہے
اِکسِیر (ف مث) کیمیا۔ رسائن ÷
اِکلَوتا (ہ) اکیلا بیٹا۔ ایک ہی بیٹا
اَکل و شُرب (ع مذ) کھانا پینا
اَکمَل (ع ص) بہت کامل ÷
اَکناف (ع۔ مث) جمع کنف
کی۔ اطراف ÷
اَکھاڑہ (ہ۔ مذ) دنگل۔ کُشتی
لڑنے کی جگہ ÷
اَکھّڑ (ہ) بدمزاج۔ جاہل ÷
اَکھّڑپن (ہ) بدتمیزی۔ ضد ÷
اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا
(ہ) ناراضگی کی باتیں کرنا ÷

(ا۔ گ)

اُگال (ہ۔ مذ) پان کا تھوک۔
پیک ÷
اُگالدان (ہ۔ مذ) تھوکنے کا برتن
اَگر (ہ۔ مذ) ایک خوشبودار لکڑی
عُود ÷
اگزیکٹو کونسل (انگ مث)
مجلس عاملہ ÷
اگست (انگ مذ) عیسوی سن کا
آٹھواں مہینہ ÷
اُگل دینا (ہ) رنجش ظاہر کر دینا
اُگنا (ہ) پیدا ہونا۔ نکلنا ÷
اگن بوٹ (ا۔ مذ) آگ سے
چلنے والی کشتی ÷
اگنی (ہ۔ مث) آگ ÷

(ا۔ ل)

اِلّا (ع) مگر۔ لیکن ÷
اِلّا ماشاءَ اللہ (ع) مگر جو خدا
نے چاہا ÷
اَلاپ (ہ۔ مث) آواز۔ سُر۔
تان ÷
اُلاغ (ع۔ مذ) گدھا۔ خچر۔ گھوڑا
بیگار کی سواری ÷
اَلامان (ع۔ مث) پناہ۔ رحم ÷
اَلآنَ کَما کانَ (ع) اب تک
ویسا ہی ہے جیسے پہلے تھا
الارم (انگ۔ مذ) خبردار کرنا۔ گھنٹی
کی آواز ÷
اَلاِنتظارُ اَشَدُّ مِنَ الْمَوت
(ع) انتظار موت سے بھی سخت ہے
اُلانگھنا (ہ) پھلانگنا۔ کسی چیز
پر سے کود جانا ÷
اَلاؤ (ہ۔ مذ) گڑھا جس میں آگ
سلگاتے ہیں۔ پنجابی دُھوں
اَلاؤنس (انگ مذ) بھتہ ÷
اِلٰہ (ع مذ) معبود۔ خدائے تعالیٰ ÷
اِلٰہُ العالمین (ع مذ) تمام
جہان کا معبود اور خدا ÷
اَللہُ اَکبر (ع مذ) خدا سب سے بزرگ ہے
اَللہ رے (ا) بل بے تیرے
کیا کہنے ہیں ÷
اللہ کا نام لو (ا) توبہ کرو۔
خدا خدا کرو ÷
اللہ اللہ خیر صلّا (و) بس
چھٹی ہوئی۔ فراغت ہوئی ÷
اَلاہنا (ہ۔ مذ) گلہ۔ شکوہ۔ اُلاہما۔
اَلبتّہ (ع) ضرور۔ بے شک۔
لیکن۔ ہاں ÷
البم (انگ مذ) مرقع۔ تصویروں
کی کتاب ÷
البیلا (ہ۔ ص) بانکا۔ چھیلا۔ لہری
البیلی (ہ۔ ص) بانکی ÷
الپ ارسلان (مذ) خاندان
سلجوقیہ کے دوسرے بادشاہ
کا لقب ہے ÷

اِلتِباس (ع - مذ) مشکل ہونا
شک پڑنا ؛
اِلتِجا (ع مث) آرزو منت
درخواست ؛
اِلتِزام (ع مذ) ضروری ہونا
کسی چیز کو لازمی کر لینا ؛
اِلتِفات (ع مث) توجہ
مہربانی ؛
اِلتِماس (ع - مذ) چاہنا -
عرض - گذارش ؛
اَلتَمش (ف مذ) ہندوستان کے
مشہور بادشاہ شمس الدین کا نام ہے
اِلتَوا (ع مذ) دیر کسی کام کا
دوسرے وقت پر اُٹھا رکھنا ۔
اِلتِیام (ع - مذ) میل ملاپ
زخم کا بھرنا ؛
اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے
(ہ) اپنے کئے پر شرمانے کی
بجائے اُلٹا دوسرے کو ڈانٹنا
اُلٹے بانس بریلی کو (ہ) برعکس
بات - اُلٹی بات ؛
اُلٹی کھوپڑی کا (ہ) اُلٹی
سمجھ والا ؛

اُلٹی گنگا بہانا (ہ) دستور کے
خلاف کام کرنا ؛
اُلٹی مالا پھیرنا (ہ) اُلٹی
باتیں کرنا ؛
الٹی میٹم (انگ - مذ) لڑائی کی
اطلاع - اعلانِ جنگ ؛
اُلٹے ہاتھ کا داؤ (ہ) نہایت
آسان بات ؛
اُلجھانا (ہ) پھنسانا - جھگڑا ڈالنا
اُلجھنا (ہ) پھنسنا - جھگڑا کرنا ؛
اُلچنا (ہ) نالی میں سے پانی
باہر پھینکنا ؛
اِلحاد (ع مذ) دین سے پھرنا ؛
اَلحاصِل (ع - مذ) قصہ کوتاہ ؛
اَلحال (ع) اس وقت - فی الحال
اِلحاق (ع مذ) شامل کرنا - ملانا -
اَلحذر (ع مث) پناہ - بچاؤ - ڈر
اَلحفیظ (ع) خدا بچاوے - خدا
بچائے - خدا کی پناہ ؛
اَلحق (ع) حق ہے - صحیح ہے
اَلحمد (ع - مث) قرآن شریف کی
پہلی سورت کا نام ہے ؛
اَلحمدُ لِلّٰہ (ع) خدا کا شکر ہے

اَلخ (ع) الیٰ آخرہ کا مخفف ہے
آخر تک - تمام ؛
اَلخموشی نیم رضا (ع) چپ
آدھی رضامندی ہوا کرتی ہے
اِلزام (ع - مذ) بہتان تہمت -
قصور ؛
اَلسِنہ (ع - مث) جمع لسان کی
زبانیں - بولیاں ؛
اَلطاف (ع مذ) جمع لطف کی -
مہربانیاں ؛
اَلعطش (ع مث) پیاس پیاس
اَلعبد (ع - مذ) بندہ - فدوی ؛
اَلغرض (ع) قصہ کوتاہ مطلب یہ کہ
اَلغیاث (ع - مث) فریاد -
دہائی ؛
اَلف (ع - مذ) ہزار ؛
اَلف لیلہ (ع - مث) فرضی
قصوں کی ایک مشہور کتاب ؛
اَلفاظ (ع مذ) جمع لفظ کی -
بات - سخن ؛
اُلفت (ع مث) محبت پیار -
اِلقا (ع - مذ) دل پہ کوئی بات
ڈالنا - الہام ؛

اَلْقَاب (ع مذ) جمع لقب کی خطاب۔ چٹھی کا شروع ٭

اَلْقِصّہ (ع) حاصل مطلب مختصر خلاصہ ٭

اَلْکُحل (ع) شراب کا ست ٭

اَلْکٹرسٹی (انگ مث) بجلی۔ برق

اَلکسی (ہ مث) سُستی۔ کاہلی ٭

اَلّلے تلّلے (ہ) عیش وعشرت فضول خرچی ٭

اَلگنی (ہ مث) وہ ڈوری جو کمرے کے ایک طرف کپڑے لٹکانے کے لئے باندھی جاتی ٭

اَلَم (ع مذ) رنج۔ درد ٭

اَلْمَاس (ع مذ) ہیرا۔ ایک مشہور قیمتی جواہر ہے ٭

اَلْمَدد (ع مث) مدد کرو۔ سہارا دو

اَلْمُضاعَف (ع) دوگنا۔ دوچند

اَلَم نشرح کرنا (ا) مشہور کرنا بدنام کرنا ٭

اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِہِم (ع) لوگ اکثر اپنے بادشاہ کے مذہب اور طریقے پر ہوتے ہیں جیسا راجا۔ ویسی پرجا ٭

اَلْوَان (ع مذ) جمع لون کی۔ رنگ اقسام۔ طرحیں ٭

اُولُوالعَزم (ع ص) بڑے حوصلے والا۔ بہادر ٭

اُولُوالعَزمی (ع مث) بلند حوصلگی بہادری ٭

اُلّو بنانا (ہ) بے وقوف بنانا ٭

اَلْوِداع (ع مذ) رخصت۔ خدا حافظ ٭

اَلُول (ہ) کلول۔ کھیل کود ٭

اُلُوہیّت (ع مذ) خداوندی۔ خدائی ٭

اِلْہام (ع مذ) القا۔ وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے ٭

اِلْیَاس (ع مذ) ایک پیغمبر کا نام ہے ٭

الیکشن (انگ مذ) انتخاب۔ چُننا۔

اِلیکٹیڈ (انگ ص) وہ ممبر جو لوگوں کی طرف سے چُنا گیا ہو ٭

(ا ــ م)

اُم (ع مث) ماں۔ مادر ٭

اُمُّ الْاَمراض (ع مث) تمام بیماریوں کی ماں۔ بیماریوں کی جڑ

اِمَارَت (ع مث) امیری۔ سرداری۔ حکومت ٭

اِمَام (ع مذ) پیشوا۔ رہنما ٭

اِمامِ اعظم (ع مث) حضرت ابوحنیفہ اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک امام کا نام ہے ان کے پیرو حنفی کہلاتے ہیں ٭

اَمّارہ (ع ص) سرکش۔ ظالم ٭

اِمام بارہ (ا مذ) مجلس خانہ۔ تعزیہ گاہ ٭

اِمامِ غزالی (ع مذ) امام محمد کا نام ہے جو بہت بڑے صوفی اور فاضل تھے۔ بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں ٭

اِمامَت (ع مث) پیشوائی۔ نماز پڑھانا ٭

اِمامیہ (ع ص) فرقہ شیعہ ٭

اَمَان (ع مث) پناہ۔ حفاظت ٭

اَمَانت (ع مث) سپرد کی ہوئی چیز ٭

اَمانتدار (ف) امانت رکھنے والا۔ ایماندار ٭

اَماوس (ہ مذ) بیساکھ کی تیسویں

تاریخ یا قمری مہینے کا آخری دن ؛

اِمپیریل گورنمنٹ (انگ مث) شاہی حکومت ؛

اِمپیریل کونسل (انگ مث) شاہی مجلس ؛

اُمَّت (ع مث) گروہ۔ قوم ؛

اِمْتِثالِ اَمر (ع۔ مذ) امر یا حکم بجالانا ؛

اِمْتِحان (ع۔ مذ) آزمایش پڑتال ؛

اِمْتِداد (ع۔ مذ) مدّت۔ زمانے کی درازی ؛

اِمْتِزاج (ع۔ مذ) ملانا۔ آمیزش کرنا ؛

اِمْتِلا (ع مذ) قے کرنے کی حالت۔ پیٹ کا بھرنا

اِمْتِناع (ع۔ مذ) ممانعت روک رکاوٹ ؛

اِمْتِنان (ع مذ) احسان رکھنا منّت رکھنا ؛

اُمَّتی (ع، فرقہ کے آدمی ؛

اِمْتِیاز (ع۔ مذ) فرق۔ سمجھ۔ ترجیح ؛

اَمْثال (ع مث) جمع مثال کی۔ مانند۔ ہم صورت ؛

اَمْثِلَہ (ع مث) جمع مثال کی۔ مانند۔ مثال ؛

اَمْجَد (ع۔ مذ) بزرگ تر ؛

اِمْداد (ع مث) مدد حمایت

اِمْدادی (ع ص) وہ کام جس میں کسی کی مدد شامل ہو ؛

اَمْر (ع مذ) حکم۔ فرمان۔ معاملہ ؛

اُمَرا (ع مذ) جمع امیر کی دولتمند معزّز سلطنت کے ارکین ؛

اَمْرِ اضافی (ع مذ) وہ معاملہ جو بذاتِ خود نہ ہو۔ کسی دوسرے سے تعلق ہو ؛

اَمْرِ رضا (ع۔ مذ) خدا کی مرضی۔ خدا کا حکم ؛

اَمْراض (ع مذ) جمع مرض۔ بیماریاں

اَمْراضِ ذہنی (ع مذ) دماغی بیماریاں ؛

اَمْراضِ جسمانی (ع مذ) بدنی بیماریاں ؛

اَمْرِت (ہ۔ مذ) آبِ حیات ؛

اَمْرُود (ف مذ) ایک مشہور میوہ کا نام ہے ؛

اَمْرَد (ف۔ مذ) بے ریش۔ چھوکرا۔ مُنڈا (لڑکا) ؛

اَمْرِ مَعْرُوف (ع مذ) اچھے کام کرنے کا حکم ؛

اِمْروز (ف۔ مذ) آج کا دن آج ؛

اَمْر و نہی (ف مذ) حکم اور ممانعت ؛

اِمْساک (ع مذ) بخل۔ کنجوسی۔ ٹھیرنا ؛

اِمْسال (ف مذ) اس سال ؛

اَمْصار (ع۔ مذ) جمع مصر کی۔ شہر ؛

اِمْعان (ع مذ) غور و خوض ؛

اِمْکان (ع مذ) مجال۔ طاقت اختیار۔ ہوسکنا ؛

اَمَل (ع مث) اُمید ؛

اِمْلا (ع مث) لکھنا۔ تحریر کرنا

اَمْلاک (ع۔ مذ) جمع مِلک۔ جائیداد ؛

اُمَم (ع مث) جمع اُمت کی گروہ۔ قومیں ؛

اَمْن (ع - مذ) چین و آرام - صلح - حفاظت ٭

اُمَنگ (ہ - مث) خواہش تمنا

اُمنڈنا (ہ) چڑھ آنا - ہجوم کرنا

اَمْواج (ع - مث) جمع موج کی لہریں ٭

اَمْوات (ع - مث) جمع موت کی - موتیں ٭

اَمْوال (ع - مذ) جمع مال کی - مال و دولت ٭

اُمُور (ع مذ) جمع امر کی معاملات -

اُمُورِ عامہ (ع - مذ) عام معاملات ایسے امر جو کسی خاص قسم سے مخصوص نہ ہوں ٭

اُمّہات (ع - مث) جمع اُمّ کی - مائیں ٭

اُمّی (ع - ص) اَن پڑھ ٭

اُمّید (ع - مث) آس - توقع -

اُمّید بر آنا (ہ) اُمید پوری ہونا

اُمّیدوار (ف - ص) اُمید رکھنے والا - غیر مستقل ملازم

اَمیر (ع - مذ) دولتمند - سردار - حاکم ٭

اَمِیْرُالاُمَرا (ع - مذ) بہت بڑا رئیس ٭

اَمِیْرُالبَحر (ع مذ) بحری فوج کا افسر ٭

اَمِیْرُالمُومِنِین (ع مذ) مسلمانوں کا سردار ٭

اَمیر خُسرو (ع مذ) دہلی کے مشہور شاعر اور صوفی کا نام ہے جو طوطیِ ہند کے لقب سے مشہور ہیں

اَمِیری (ع - مث) دولتمندی سرداری ٭

اَمِین (ع - مذ) امانت دار ٭

(ا - ن)

اَنَابِیب (ع - مث) پوریاں ٭

اَنَابِیبِ شَعْری (ع مث) رقیق چیزوں کا اجسام میں چڑھ جانا - جیسے تیل کا بتی میں چڑھ جانا ٭

اَناپ شَناپ (ہ - مث) بے سوچے سمجھے - اوٹ پٹانگ ٭

اِناث (ع مث) عورتیں ٭

اَناجِیل (جمع انجیل کی) عیسائیوں کی مذہبی کتابیں ٭

اَنادی (س ص) ازلی ابدی

اَناڑی (ہ - ص) ناتجربہ کار - ناواقف ٭

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن (ع) تحقیق ہم اللہ ہی کے ہیں اور اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ٭

آناً فاناً (ع) فوراً - جھٹ پٹ

اَنام (ع) خلقت - موجودات

اَنانِیت (ع مث) خودی - غرور ٭

اَنبار (ف مذ) ڈھیر - تودہ ٭

اِنبِساط (ع مث) خوشی و خرمی

اَن بَن (ہ - مث) ناموافقت - رنجش ٭

اَنبوہ (ف - مذ) بھیڑ - ہجوم - اکٹھ ٭

اَنبِیا (ع - مذ) جمع نبی کی - رسول - پیغمبر ٭

اِنتباہ (ع - مذ) خبرداری - علم

اِنتخاب (ع - مذ) چننا ٭

اَنتڑی (ہ - مث) آنت - رودہ ٭

اِنْتِسَاب (ع۔ مذ) نسبت ہونا
لگاؤ۔ تعلق ٭
اِنْتِشَار (ع۔ مذ) پریشانی۔ فکر
گھبراہٹ ٭
اِنْتِظَار (ع مذ) راہ دیکھنا۔ امید ٭
اِنْتِظَام (ع مذ) بندوبست ٭
اِنْتِفَاع (ع۔ مذ) فائدہ پانا
آمدنی ٭
اِنْتِقَال (ع۔ مذ) بدلی۔ موت۔
جائداد کا ایک کے نام سے
ہٹا کر دوسرے کے نام لکھنا ٭
اِنْتِقَام (ع مذ) بدلہ لینا ٭
اِن تلوں میں تیل نہیں (ہ)
ان سے فائدہ کی امید نہیں۔
یہاں کام نہیں بنتا ٭
اِنْتِہَا (ع مث) حد۔ انجام ٭
اِنْٹروڈکشن (انگ۔ مث)
تعارف۔ تمہید ٭
اَنْجَام (ع مذ) انتہا۔ آخر۔ حد
اَنْجَام کار (ع مذ) آخر کار ٭
اِنْجر پنجر (ہ۔ مذ) اعضا۔ بازو۔
جوڑ ٭
اَنْجُم (ع مذ) جمع نجم کی۔
ستارے ٭
اِنْجِمَاد (ع۔ مذ) جماؤ۔ بستگی۔
جم جانا ٭
اَنْجُمَن (ف۔ مث) محفل۔ مجلس۔
کمیٹی ٭
اَنْجَن (ہ۔ مذ) سُرمہ۔ کاجل ٭
اِنْجَن (انگ مذ) بھاپ کی کل ٭
اِنْجِنِیئر (انگ۔ مذ) تعمیرات
کا کام جاننے والا ٭
اِنْجِیر (ف۔ مث) ایک مشہور
میوہ ہے ٭
اِنْجِیل (یونانی) وہ آسمانی کتاب
جو حضرت عیسٰیؑ پر نازل ہوئی تھی
اِنْحِرَاف (ع مذ) پھرنا۔ انکار کرنا
رُوگردانی ٭
اِنْحِصَار (ع۔ مذ) موقوف۔
منحصر ہونا۔ دارومدار ٭
اِنْحِطَاط (ع مذ) زوال۔ گرنا۔
اَنْدَاز (ف مذ) طرز۔ ڈھنگ۔
طور طریقہ ٭
اَنْدَازَہ (ف۔ مذ) جانچ۔
مقدار ٭
اَنْدَام (ع مذ) بدن۔ جسم ٭
اِنْدَر (ہ۔ مذ) مینہ برسانے والا
دیوتا ٭
اِنْدَر کا اکھاڑہ (ہ۔ مذ) راجہ اندر
کی سبھا۔ ناچنے گانے کی محفل
خوبصورت عورتوں کا مجمع ٭
اِنْدِرَاج (ع۔ مذ) درج کرنا ٭
اِنْدرائن (ع مذ) حنظل۔ کوڑتُمّا
اَنْدَرُون (ف) اندر ٭
اَنْدَرُونی (ف) اندر کا ٭
اِنْدَر پرشت (س) دہلی کا
پُرانا نام ہے ٭
اَنْدَلُس (ع۔ مذ) ملک سپین ٭
اِنْدِمَال (ع مذ) زخم کا بھرنا
اَنْدوختہ (ف مذ) جمع جتھا۔
جمع کیا ہُوا مال ٭
اَنْدوہ (ف مذ) فکر۔ رنج و غم ٭
اَنْدُوہناک (ف ص) رنجیدہ
و غمگین ٭
اَنْدھا دُھند (ہ) بلا سوچے سمجھے
اَنْدھیر (ہ۔ مذ) ظلم۔ ستم۔ آفت
اَنْدھیر کھاتا (ہ۔ مذ) بے
انصافی۔ بے عملی ٭
اَنْدھیر مچانا (ہ) ظلم کرنا۔ ستم کرنا

اندھیرے گھر کا اُجالا (ہ) اکلوتا بیٹا ٭

اندھے کی لاٹھی (ہ) لڑکا بڑھاپے کا سہارا۔ وسیلہ ٭

اَندیشہ (ف۔ مذ) خوف کھٹکا ڈر ٭

اَندیشہ ناک (ف۔ ص) خوفناک۔ پُرخطر ٭

اُنڈیلنا (ہ) گرانا۔ ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا ٭

اِنڈیا (انگ مذ) ہندوستان ٭

اِنڈین (انگ مذ) ہندوستانی ٭

آنرایبل (انگ۔ مذ) معزز۔ قابل عزّت ٭

اِنزال (ع مذ) اُترنا۔ جھڑنا

اِنس (ع۔ مذ) آدمی ٭

اِنس وجان (ع۔ مذ) انسان اور جنّ ٭

اُنس (ع۔ مذ) محبت ٭

اِنسان (ع۔ مذ) آدمی ٭

اِنسان صورت شیطان سیرت (ف) شکل آدمی والی کام شیطان والے ٭

اِنسانیت (ع۔ مث) آدمیت بھلے مانسی ٭

اِنسائیکلوپیڈیا (انگ مذ) عام معلومات کی کتاب ٭

اَنسب (ع ص) بہت مناسب ٹھیک ٭

اِنسپکٹر (انگ۔ مذ) افسر معائنہ

اِنسٹیٹیوٹ (انگ۔ مذ) درس گاہ ٭

اِنسداد (ع۔ مذ) روک تھام انتظام ٭

اِنشا (ع۔ مذ) دلی بات۔ عبارت خط ٭

اِنشاء اللہ (ع) اگر خدا نے چاہا

اِنشا پرداز (ف مذ) مضمون نگار

اِنشراح (ع۔ مذ) کھلنا۔ واضح ہونا ٭

اِنشورنس (انگ۔ مذ) یقین بیمہ کرانا ٭

اَنصار (ع۔ مذ) جمع ناصر کی۔ مددگار ٭

اِنصاف (ع۔ مذ) عدل۔ داد۔ عدالت ٭

اِنصرام (ع مذ) انتظام کرنا بندوبست ٭

اِنضباط (ع مذ) ضبط کرنا تعین

اِنضباطِ اوقات (ع مذ) ٹائم ٹیبل ٭

اِنضمام (ع۔ مذ) پیوند ہونا شامل ہونا ٭

اِنطباع (ع۔ مذ) نقش ہونا طبع ہونا۔ چھپنا ٭

اِنعام (ع مذ) نعمت عطیہ بخشش ٭

اِنعقاد (ع۔ مذ) منعقد ہونا۔ کسی جلسے وغیرہ کا ہونا ٭

اِنعکاس (ع۔ مذ) عکس پڑنا سایہ پڑنا۔ عکس ٭

اَنفاس (ع۔ مذ) جمع نفس کی۔ سانس۔ دم ٭

اِنفصال (ع۔ مذ) فیصلہ ہونا۔ مقدمہ چکانا ٭

اِنفعال (ع۔ مذ) شرمندگی۔ ندامت۔ اثر ہونا ٭

اِنفلوئنزا (انگ۔ مذ) ایک مشہور بیماری ہے۔ جو

پہلے پہل ۱۸۱۹ء میں وبا ر
کی صورت میں ہندوستان
میں پھیلی۔ وبائی نزلہ ؎
اِنْقِباض (ع۔ مذ) قبض۔ بستگی
رکاوٹ ؎
اِنْقِلاب (ع مذ) تبدیلی۔
تغیّر و تبدّل ؎
اِنْقِیاد (ع۔ مذ) فرمانبرداری
تابعداری ؎
اِنْکار (ع۔ مذ) نہ کرنا۔ نہ ماننا
مخالفت ؎
اِنْکِسار (ع۔ مذ) عاجزی۔
غرور نہ ہونا۔ خاکساری ؎
اِنْکم ٹیکس (انگ مذ) آمدنی
کا محصول ؎
اَنْگ (ہ۔ مذ) جسم۔ بدن ؎
اَنْگاروں پر لوٹنا (ہ) سخت
بے قرار ہونا ؎
اَنْگارے برسنا (ہ) بہت
گرمی پڑنا ؎
اَنْگ بھبھوت رمانا (ہ)
جسم پر خاک ملنا جوگی
بننا۔ سنیاسی بننا ؎

اَنْگبِین (ف۔ مذ) شہد ؎
اَنْگڑائی (ہ۔ مث) جسم کا خود
بخود اکڑنا۔ اکڑ ؎
اَنْگڑائی توڑنا (ہ) سستی توڑنا
انگڑائی لینا ؎
اَنْگُشت (ف۔ مث) انگلی ؎
اَنْگُشت بدنداں (ف۔ ص)
حیران ؎
اَنْگُشت شہادت (ف مث)
دائیں ہاتھ کی انگوٹھے کے
ساتھ والی انگلی ؎
اَنْگُشت نما (ف۔ ص) بدنام
عیب دار ؎
اَنْگُشتانہ (ف مذ) لوہے کی ٹوپی
جو کپڑے سیتے وقت انگلی پر
چڑھا لیتے ہیں تاکہ سوئی نہ چبھے
اَنْگُشتری (ف مث) انگوٹھی ؎
اِنْگلینڈ (انگ مذ) انگلستان
برطانیہ ؎
اُنْگلی دھرنا (ہ) عیب ظاہر
کرنا ؎
اُنْگلی اُٹھانا (ہ) کسی کی طرف
اشارہ کرنا ؎

اُنگلی پر خون لگا کے
شہیدوں میں ملنا (ہ)
کسی کام میں ذرا سا دخل
دے کر مدعی بن بیٹھنا ؎
اُنگلیوں پر نچانا (ہ) ذلیل
کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ ستانا
ہنسی اڑانا ؎
اَن گِنت (ہ) بے شمار ؎
اَنگنائی (ہ۔ مث) صحن کھلی جگہ۔
اَنگور (ف۔ مذ) داکھ۔ تاک ؎
اَن مِل (ہ) بے جوڑ۔ بے تکی ؎
اَنمول (ہ ص) بے بہا قیمتی
اَنْوار (ع مذ) جمع نور کی۔ روشنی
چمک ؎
اَنْواع (ع۔ مث) جمع نوع
کی۔ قسم۔ طرح ؎
اَنْوَر (ع ص) بہت نورانی۔
بہت روشن ؎
اَنوپ (ع۔ ص) عجیب۔
لاثانی۔ بے مثال ؎
انوکھا (ہ ص) عجیب ؎
اِنْہِدام (ع مذ) گرانا۔ مسمار کرنا
اِنْہِماک (ع مذ) بہت توجہ ہونا

مصروفیت ٭

اَنِیس (ع۔مذ) انس رکھنے والا۔ دوست۔ میر ببر علی لکھنوی کا تخلص ٭

(ا۔ و)

اَوَاخِر (ع۔مذ) جمع آخر کی انجام انتہا ٭

اَوَائِل (ع۔مذ) جمع اوّل کی ابتدا۔ شروع ٭

اَوباش (ع) بدچلن۔ آوارہ عیاش ٭

اُوپروالیاں (امث) پریاں چڑیلیں ٭

اَوتاد (ع۔مذ) اولیاء اللہ وتد کی جمع۔ یعنی میخ

اوتار (ہ۔مذ) نیک۔ مرشد خدا کا روپ ٭

اوٹ (ہ۔مث) آڑ۔ پردہ گھاٹ ٭

اَوج (ع۔مذ) بلندی۔ مرتبہ عزت ٭

اوجھل (ہ۔ص) غائب نظر سے چھپا ہوا ٭

اُوچھا (ہ۔ص) کمینہ۔ تنگ ظرف۔ ہلکا

اَودھم (ہ۔مذ) شور وغل ٭

اَوراد (ع۔مذ) جمع ورد کی۔ وظائف ٭

اَوراق (ع۔مذ) جمع ورق کی۔ تمت۔ پتے ٭

اَورنگ (ف مذ) تخت شاہی ٭

اوریَنٹل (انگ۔ص) مشرقی ٭

اَوزار (ف۔مذ) ہتھیار ٭

اَوزان (ع۔مذ) جمع وزن کی باٹ۔ پیمانے ٭

اوڑھنی (ہ۔مث) چھوٹی چادر لڑکیوں کا دوپٹہ ٭

اوس (ہ۔مث) تریل۔ شبنم ٭

اوس پڑنا (ہ) اداسی چھا جانا رونق نہ رہنا ٭

اَوسان (ہ۔مذ) ہوش وحواس۔ حوصلہ ٭

اَوسان خطا ہونا (ہ) گھبرا جانا حواس بجا نہ رہنا ٭

اَوسط (ع۔مث) درمیانی۔ برابر کی بانٹ ٭

اَوصاف (ع۔مذ) جمع وصف کی۔ خوبیاں ٭

اَوضاع (ع۔مذ) جمع وضع کی۔ طور۔ طریقے ٭

اَوقات (ع۔مذ) جمع وقت کی ٭

اَوقاف (ع۔مذ) جمع وقف کی۔ علیحدہ کی ہوئی چیزیں جیسے مسجد وغیرہ۔ جن کا کوئی مالک نہ ہو ٭

اوک (ہ۔مث) چلّو۔ لپ ٭

اُوکھلی (ہ۔مث) لکڑی یا پتھر کی کونڈی ٭

اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں کا کیا ڈر (ہ) جب خطرناک کام شروع کر دیا۔ تو پھر کیا ڈرنا۔

اُوکھلی میں سر دینا (ہ) جان بوجھ کر خطرے میں پڑنا ٭

اول (ہ) کسی عزیز کو روپیہ ادا ہونے یا کسی وعدے کے ایفا تک کسی کے حوالے کرنا

اَوّل (ع۔ص) پہلا۔ ابتدا ٭

اُوّل خویش بعدہٗ درویش (ف) پہلے اپنے بعد میں بیگانے ٭

اَوّل طعام بعدہٗ کلام (ع) پہلے کھانا پیچھے بولنا ٭

اَوْلا (ہ۔ مذ) برف کے ٹکڑے جو
مینہ کے ساتھ برستے ہیں۔
(پنجابی) گڑا ؛
اَوْلاد (ع۔ مث) جمع ولد کی۔
بیٹے بیٹیاں ؛
اَولتی (ہ۔ مث) کھپریل جہاں سے
بارش کا پانی نیچے گرتا ہے۔
چھپر کا نچلا کنارہ ؛
اُولُوالعَزم (ع۔ ص) ثابت قدم
ارادے والا۔ بلند ہمت ؛
اُولیٰ (ع۔ ص) سب سے اعلیٰ۔
بہت بہتر ؛
اَولیا (ع۔ مذ) جمع ولی کی۔
بزرگ۔ نیک۔ لوگ ؛
اَوّلین (ع۔ ص) سب سے پہلا۔ گذشتہ
اُونچا بول (ہ۔ مذ) فخر۔ غرور
کی بات ؛
اُونچا سُننا (ہ) کم سنائی دینا۔
اُونچی دُکان پھیکے پکوان
(کہاوت) مشہور دکان مگر
مال سارا خراب ؛
اُونچی ناک (ہ۔ مث) عزت ؛
اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانا
(کہاوت) معمولی سی بات کا
بہانہ مل جانا ؛
اَونے پَونے کر دینا (ہ)
تھوڑی بہت قیمت جو بھی
مل جائے لے لینا ؛
اَوہام (ہ۔ مذ) جمع وہم کی۔ فکر۔
خیالاتِ خام ؛

(ا۔ ہ)

اَہالی مَوالی (ع۔ مذ) یار دوست
نوکر چاکر۔ لاؤ لشکر ؛
اِہانت (ع۔ مث) ہتک۔
بے عزتی ؛
اِہتدا (ع مذ) ہدایت کرنا۔ رستہ
بتانا ؛
اِہتزاز (ع۔ مذ) ہوا کا چلنا۔
ہلنا ؛
اِہتمام (ع۔ مذ) بندوبست
کرنا۔ انتظام ؛
اَہرامِ مصر (ع۔ مذ) مصر کے
بڑے بڑے مینار جو دنیا کے
سات عجائبات میں شمار ہوتے ہیں
آہرن (ہ۔ مث) لوہا چاندی وغیرہ
رکھ کر کوٹنے کی آہرن۔ سندان ؛
اَہل (ع۔ ص) صاحب۔ مالک۔ لائق
اَہلُ اللہ (ع۔ مذ) اللہ والے۔
نیک لوگ ؛
اَہلِ دِل (ف۔ مذ) دل والے۔
صاف دل۔ دردمند ؛
اَہلبیت (ع مذ) گھر کے لوگ۔
رسول کریم کے خاندان کے لوگ ؛
اَہلِ حرفہ (ع مذ) دستکار۔ پیشہ ور
اَہلِ دَوَل (ف مذ) مالدار لوگ۔
دھنی۔ بادشاہ ؛
اَہلِ زبان (ف) زبان کا مالک
گھر کی زبان والا۔ زبان کا ماہر ؛
اَہلِ سخن (ف۔ مذ) شاعر ؛
اَہلِ سُنّت (ع مذ) سُنّی۔ جو
رسول کریم کے پہلے چاروں
خلیفوں کو برحق سمجھتے ہیں ؛
اَہلِ سَیف (ع مذ) تلوار والے۔
جنگجو ؛
اَہلُ الغرض مجنون (ع) مطلبی
یا غرض مند دیوانہ ہوتا ہے ؛
اَہلِ قلم (ف مذ) لکھنے والے۔
منشی۔ دفتری لوگ ؛
اَہلِ کتاب (ع مذ) ان پیغمبروں کے

پیرو جن پر کوئی کتاب اُتری ہو
عیسائی یہودی وغیرہ ٭
اَہلِ کار (ف مذ) کارِندے
منشی ۔ متصدّی ٭
اَہلِ کمیشن (ا ۔ مذ) تحقیقاتی کمیٹی
کے ممبر ٭
اَہلِ نظر (ف مذ) جانچنے والے
نقّاد ٭
اہل وعیال (ع مذ) بال بچے ٭
اَہلِ ہُنر (ا ۔ مذ) کوئی کام جاننے
والا ۔ ماہر فن ٭
اَہلیّت (ع ۔ مث) قابلیّت ٭
اَہلیہ (ع ۔ مث) بیوی ۔ عورت
زوجہ ٭
اَہم (ع ص) مشکل ۔ ضروری
اَہمیّت (ع ۔ مث) ضروری
ہونا ٭

(ا ۔ ی)

اَیاز (ف مذ) سلطان محمود غزنوی
کے غلام کا نام ہے ٭
اَیاغ (ت مذ) شراب پینے کا پیالہ
اَیال (ا ۔ مث) گھوڑے کی
گردن کے لمبے لمبے بال ٭

اَیّام (ع مذ) یوم کی جمع ۔ دِن
روز ۔ زمانہ ٭
اِیثار (ع ۔ مذ) قربانی ۔ غیر کے نفع
کو اپنے نفع پر ترجیح دینا ٭
اِیجاب وقبول (ع ۔ مذ) قول و
قرار ۔ نکاح ٭
اِیجاد (ع مث) نئی بات پیدا کرنا
ایجنٹ (انگ مذ) گماشتہ ۔ دلّال
ایجوکیشن (انگ مث) تعلیم و
تربیت ٭
ایجیٹیشن (انگ مث) تحریک ۔ جوش
ایڈریس (انگ مذ) پتہ ۔ سپاسنامہ
ایڈمیشن (انگ مث) اجازت ۔ داخلہ
ایڈیٹر (انگ مذ) اخبار نویس
ایڈیٹوریل (انگ مذ) ایڈیٹر کا
اپنا لکھا ہوا مضمون ٭
ایڈوکیٹ (انگ ۔ مذ) وکیل
مشیر قانونی ٭
ایڈیشن (انگ مذ) طبع ۔ کل جلدیں
جو ایک بار چھپتی ہیں ٭
ایڈیشنل (انگ ۔ مذ) زائد ۔
فالتو ۔ مزید ٭
ایڈیکانگ (انگ مذ) رفیق محافظ

ایڈیسن (انگ مذ) امریکہ کے
ایک بڑے موجد کا نام ہے جس نے
گراموفون ایجاد کیا ہے ٭
اِیذا (ع مث) دُکھ ۔ تکلیف ٭
اِیران (ف ۔ مذ) فارس ٭
ایروپلین (انگ مذ) ہوائی جہاز
ایرے غیرے (ہ) بے تعلق ۔
غیر ٭
اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا
شُدی (ف) اے طبیعت کی
روشنی (ہنر ۔ لیاقت) تو میرے
لئے مصیبت ہو گئی ۔ اگر کسی کی
لیاقت اُلٹا اُسکے لئے مصیبت
کا باعث بن جاوے ۔ تو اس موقعہ
پر یہ مثل بولتے ہیں
ایڑیاں رگڑنا (ہ) نہایت
مصیبت میں زندگی کاٹنا ٭
ایزد (ف) خدا کا نام ٭
ایسٹ انڈیا کمپنی (انگ مث)
انگلستان کے تاجروں کی
کمپنی یا جماعت ۔ جس نے
پہلے پہل ۱۷۵۷ء میں ہندوستان
پر قبضہ کیا ۔ اور غدر تک

حکومت کرتی رہی ٭
اِیسٹر (انگ مذ) عیسائیوں کا ایک تہوار ہے ٭
ایسوسی ایشن (انگ مث) جماعت۔ گروہ مجلس ٭
اِیشور (س مذ) خدا۔ پرمیشور ٭
ایشیا (انگ۔ مذ) مشہور برِ اعظم کا نام ہے جس میں ملک ہندوستان بھی شامل ہے ٭
اِیصال (ع۔ مذ) پہنچانا ٭
اِیفا (ع مذ) پورا کرنا۔ ادا کرنا ٭
اِیفائے وعدہ (ع۔ مذ) وعدہ پورا کرنا۔ قول پالنا ٭
ایکا (ہ۔ مذ) اتفاق۔ سازش ٭
ایکا ایکی (ہ) اچانک۔ ناگاہ ٭
ایک آنکھ نہ بھانا (ہ) پسند آنا۔ بالکل نہ بھانا ٭
ایک بارگی (ہ) ایک ہی دفعہ
ایک پنتھ دو کاج (ہ) ایک تدبیر سے دو کام ہو جانا
ایک کی دارو دو (ہ) ایک پر دو غالب آ سکتے ہیں ٭
ایکٹ (انگ۔ مذ) نقل۔ سوانگ۔ ضابطہ قانون ٭
ایکٹر (انگ مذ) تماشا کرنے والا نقل کرنے والا ٭
ایکٹرس (انگ مث) تماشہ کرنے والی عورت ٭
ایک جان دو قالب (ہ مذ) بہت پیار۔ کمال اتحاد ٭
ایک دِل ہزار داغ (ہ) ایک جان کے ساتھ ہزاروں غم ہیں ٭
ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا (ہ) کہاوت۔ کریلا ایک تو پہلے ہی کڑوا ہوتا ہے۔ اس پر اگر نیم کے درخت پر چڑھا ہوا ہو تو اور بھی زیادہ کڑوا ہوگا۔ ایسے آدمی کے واسطے بولتے ہیں جو ایک تو پہلے ہی چڑچڑے مزاج کا ہو اور پھر اس کو اور چڑایا جائے تو اور زیادہ غصے میں آجائے ٭
ایک گھاٹ اُتارنا (ہ) سب سے ایک سلوک کرنا ٭
ایک لاٹھی ہانکنا (ہ) چھوٹے بڑے کی تمیز نہ کرنا ٭
ایک مچھلی سارے جل کو گندہ کرتی ہے (ہ) ایک آدمی ساری برادری کو بدنام کرتا ہے ٭
اَیلوا (ہ۔ مذ) مصبر۔ ایک نہایت کڑوی دوائی ٭
اَیلومنیم (انگ مث) بہت ہلکی سفید سی دھات جس کے برتن بہت استعمال ہو رہے ہیں ٭
اِیما (ع مذ) اشارہ۔ اشارہ کرنا
اِیمان (ع مذ) یقین۔ دھرم ٭
اِیماندار (ع ص) قابل اعتبار
اِیمان بیچنا (ہ) دغا کرنا ٭
اَیمَن (ع ص) مبارک ٭
اِیمَن (ع ص) بے خوف۔ بے ڈر ٭
اَئمہ (ع) امام کی جمع۔ پیشوا ٭
اینٹ سے اینٹ بجانا (ہ) تباہ کرنا۔ گرانا۔ برباد کرنا۔
اینٹھنا (ہ) اکڑنا ٭
اینچا تانی (ہ۔ مث) کشمکش۔ بکھیڑا ٭
اینڈنا (ہ) غرور کرنا۔ اکڑنا ٭
اَیوان (ف مذ) مکان۔ محل

اَیوانِ تجارت (ف - مذ) ماہرینِ تجارت کی جماعت
اَیُّہَا السّامِعِین (ع) اے سننے والو! حاضرین ؂
اَیُّوب (ع - مذ) ایک پیغمبر علیہ السّلام کا نام ہے۔ جو سخت مصیبت میں بھی صابر رہے ؂
اِیہام (ع - مذ) شک میں ڈالنا۔ وہم میں ڈالنا ؂

ب

عربی - فارسی اُردو کا دُوسرا حرف - عدد اس کے دو ہیں :-

بَا (ف) ساتھ - ہمراہ - مع ؂
بَا اَثر (ف) اثر والا - رسوخ والا
بَا اِیمان (ف) دیندار - سچّا - دیانتدار ؂
بَا ایں ہمہ (ف) باوجود ان تمام باتوں کے ہوتے ہوئے
بَا اُصُول (ف) اصول والا - اصول کا پکّا - معقول ؂
بَا تَدبیر (ف) دانا - ہوشمند - ہوشیار ؂
بَا تمیز (ف) مہذّب - شائستہ سمجھدار ؂
بَا خَبر (ف - ص) واقف معلومات رکھنے والا - ہوشیار ؂
بَا ضابطہ (ف) باقاعدہ - قانون کے موافق ؂
بَا قاعِدہ (ف) قاعدہ اور دستور کے مطابق - درست ؂
بَا مُرَوَّت (ف) لحاظ والا - سخی ؂
بَا وَضع (ف) وضع والا - وضع کا پابند - مہذّب ؂
بَا وَفا (ف) قول و قرار کا سچّا بات کا پُورا ؂
بَابا نانک (ہ - مذ) پنجاب کے ایک صوفی منش فقیر کا نام ہے - جو سکھ فرقہ کا بانی ہوا ہے بہت صلح کل اور نیک بزرگ تھے
بَاب (ع - مذ) دروازہ - کتاب کا حصّہ ؂
بَابَت (ع) واسطے - نسبت ؂
بَابُل (ع - مذ) دریائے فرات کے کنارے ایک بہت مشہور شہر تھا - اس کے کھنڈرات اب بھی پائے جاتے ہیں ؂
بَات پچنا (ہ) بات پوشیدہ رکھنا - ضبط کرنا ؂
بَات پُوچھنا (ہ) خبر لینا - حال دریافت کرنا ؂
بَات کا بتنگڑ بن جانا (ہ) تھوڑی سی بات کا بڑھ جانا ؂
باتوں کا دھنی (ہ - ص) بہت باتیں کرنے والا ؂
باج (ف - مذ) خراج ؂
باج گزار (ف - مذ) رعیّت ؂
باچھیں کھل جانا (ہ) نہایت خوش ہونا ؂
بَا حُسنِ وُجُوہ (ع) اچھے

طریقے سے ٭

بادِ رفتار (ف ۔ ص) ہوا کی مانند چلنے والا ۔ تیز رفتار گھوڑا ٭

بادِ سَمُوم (ف ۔ مث) سخت زہریلی ہوا ٭

بادِ شُرط (ف ۔ مث) موافق ہوا ٭

بادِ صَبا (ف ۔ مث) صبح کی ٹھنڈی ہوا ۔ نسیم ٭

بادِ مُخالِف (ف ۔ مث) مخالف ہوا ۔ وہ ہوا جو کشتی کی مخالف سمت سے چلے ٭

بادِ مُوافِق (ف ۔ مث) وہ ہوا جو کشتی کو چلنے میں مدد دے ٭

بادِ نُما (ف ۔ مذ) ہوا کا رُخ معلوم کرنے کا آلہ ٭

بادام (ف ۔ مذ) ایک مشہور میوہ ہے ٭

بادبان (ف ۔ مذ) جہاز کا مستول ۔ پال ٭

بادشاہ (ف ۔ مذ) سلطان ۔ راجہ ۔ شاہ ۔ مالک ۔ بے پروا ٭

بادشاہت (ف ۔ مث) حکومت ۔ سلطنت ٭

بادشاہی (ف ۔ مث) حکومت ۔ بادشاہ کا ۔ عیش ٭

بادکش (ف ۔ مذ) پنکھا ٭

بادَل (ا ۔ مذ) ابر ۔ گھٹا ٭

بادل کھلنا یا پھٹنا (ہ) آسمان صاف ہونا ٭

بادَہ (ف ۔ مذ) پیالہ ۔ شراب ٭

بادۂ غفلت (ف ۔ مذ) غفلت کی شراب ۔ بے پرواہی ٭

بادہ نوش یا بادہ کش ۔ (ف ۔ مذ) شراب پینے والا شرابی ٭

بادی (ف ۔ ص) ریح پیدا کرنے والی چیز ٭

بادِیُ النّظر (ع) سرسری نظر ۔ پہلی نظر ۔ دیکھتے ہی ٭

بادیان (ف ۔ مذ) سونف ٭

بادِیہ (ع ۔ مذ) جنگل (ت) بڑا پیالہ ٭

باڈی گارڈ (انگ ۔ مذ) ذاتی محافظ ۔ رکھوالا ٭

بار (ہ ۔ مث) مرتبہ ۔ دفعہ ۔ عرصہ دیر ۔ اجازت ٭

بار (ف ۔ مذ) دفعہ ۔ بوجھ ٭

باررُوم (انگ ۔ مذ) وکیلوں کے بیٹھنے کا کمرہ ٭

باربرداری (ف ۔ مث) اسباب لے جانے کا سامان ۔ گاڑی کا کرایہ ٭

بارِخاطِر (ف ۔ مذ) ناگوار ۔ ناپسند ٭

باردار (ف) حاملہ ۔ بوجھ والا ۔ میوہ دار ٭

باردانہ (ف ۔ مذ) سوداگری کے سامان کی بوریاں ۔ صندوق وغیرہ ٭

باران (ف ۔ مذ) بارش ۔ مینہ ۔

بارانی (ف ۔ ص) وہ زمین جو بارش کے پانی سے سیراب ہو ٭

بارش (ف ۔ مث) برسات ۔ مینہ ٭

بارک (انگ ۔ مث) سپاہیوں کے رہنے کا مکان ٭

بارکَ اللہ (ع) آفرین ۔ شاباش ۔ خدا برکت دے ٭

بارکش (ف ۔ ص) بوجھ اٹھانے والا ٭

بارگاہ (ف۔ مث) عدالت۔ کچہری۔ دربار ✣
بارِ مشقّت (ف۔ مذ) محنت کا بوجھ ✣
بارہ دری (ف۔ مث) بارہ دروازوں والا مکان بیٹھک ✣
بارہا (ف) کئی دفعہ۔ بار بار ✣
بارِی تعالیٰ (ف۔ مذ) خدائے بزرگ و برتر ✣
باریاب (ف۔ مذ) کامیاب ملاقات کی اجازت پانے والا ✣
باریک (ف۔ ص) مہین۔ مشکل ✣
باریک بین (ف۔ ص) تیز فہم رموز دان۔ دانا ✣
باریکی نکالنا (ا) نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا ✣
باڑھ (ہ۔ مث) دھار۔ بہت سی بندوقوں یا توپوں کا ایک دم چلنا ✣
باڑھ مارنا (ہ) کئی توپوں کا ایک ساتھ داغنا ✣
باز (ا۔ مذ) ایک شکاری پرندہ کا نام ہے ✣
باز آنا (ا) چھوڑ دینا۔ توبہ کر لینا
بازار (ف۔ مذ) منڈی۔ دکانوں کا سلسلہ ✣
بازار گرم ہونا (ا) رونق ہونا بہت خرید و فروخت ہونا۔
بازپُرس (ف۔ مث) تحقیقات پوچھ گچھ ✣
بازگشت (ف۔ مث) واپس آنا۔ پھرنا ✣
بازُو (ف۔ مذ) کہنی سے شانے تک کا حصہ۔ پرندے کا پر ✣
بازوبند (ف۔ مذ) تعویذ۔ بازو پر باندھنے کا زیور ✣
بازی (ف۔ مث) کھیل۔ شرط۔ فریب ✣
بازی لے جانا (ا) فتح پانا غالب آ جانا ✣
بازی گر (ف۔ مذ) تماشہ کرنے والا۔ مداری ✣
بازیچہ (ف) کھیل کھلونا ✣
بازیچۂ اطفال (ف۔ مذ) بچوں کا کھیل۔ آسان بات ✣
باس (ہ۔ مث) بو ✣
باسلیقہ (ف) سلیقے دار۔ ترتیب سے کام کرنے والا
باسن (ہ۔ مذ) برتن۔ بھانڈا ✣
باسی (ہ۔ ص) رات کا بچا کھچا کھانا۔
باسی عید (ا۔ مث) عید کا دوسرا دن ✣
باسی کڑھی میں اُبال آنا (ہ) بعد از وقت جوش آنا۔
باشندہ (ف۔ مذ) رہنے والا ساکن ✣
باطل (ع۔ ص) جھوٹا۔ بے اصل ✣
باطن (ع۔ مذ) اندر دل۔ پوشیدہ
باعث (ع۔ مذ) سبب۔ وجہ ✣
باعثِ فخر و باعثِ ناز (ع۔ مذ) فخر اور ناز کا سبب ✣
باغ (ف۔ مذ) پھلواڑی۔ گلزار ✣
باغ باغ ہونا (ا) بہت خوش ہونا ✣
باغبان (ف۔ مذ) مالی ✣
باغی (ف۔ مذ) بغاوت کرنیوالا سرکش۔ مخالف ✣

باغیانہ (ف ۔ص) باغیوں کی طرح بغاوت پھیلانے والی باتیں ۔
باغیچہ (ف ۔ مذ) چھوٹا باغ ۔
بافراط (ف) افراط سے زیادہ کثرت سے ۔
باقرخانی (ت ۔ مث) روغنی روٹی جو شکر دُودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے ۔
باقی (ع ۔ مث) بچی ہوئی چیز
باک (ف ۔ مذ) ڈر ۔ خوف ۔ خطرہ
باکرہ (ع ۔ مث) کنواری لڑکی
باگ ڈھیلی کرنا (ا فعل) مختار کرنا ۔ آزادی دینا ۔
بال (ہ ۔ مذ) بچہ ۔ رُواں ۔ رونگٹا ۔ ریشہ ۔
بال آنا (ہ) شگاف پڑنا ۔
بال بال بچنا (ہ) بالکل بچ جانا ۔ صاف بچ جانا ۔
بال بیکا نہ ہونا (ہ) ذرا سا نقصان بھی نہ ہونا ۔
بال رُوم (انگ ۔ مذ) ناچ گھر
بال کی کھال کھینچنا (ہ) باریکی نکالنا ۔

بالا (ہ ۔ مذ) کان میں پہننے کا زیور ۔
بالا (ف) اُوپر کا ۔ مذکورہ ۔
بالا بالا (ف) اُوپر اُوپر ۔ پوشیدہ پوشیدہ ۔
بالاپوش (ف ۔ مذ) لحاف ۔ غلاف ۔ پلنگ پوش ۔
بالاخانہ (ف ۔ مذ) ماڑی ۔ چوبارہ
بالادست (ف ۔ص) زبردست ۔ افسر
بالانشین (ف ۔ مذ) میر مجلس کرسی نشین ۔ امیرانہ ۔
بالائی (ف) اُوپر کی ۔ سطح کی ۔ دُودھ کی ملائی ۔
بالاتفاق (ع ۔ مذ) اتفاق کے ساتھ ۔ سب کی رائے سے
بالآخر (ع) آخر کار ۔
بالاجمال (ع) } مختصر طور پر ۔
بالاختصار (ع) }
بالارادہ (ع) ارادے سے جان بوجھ کر ۔
بالائے طاق ہونا (ع) بھولنا ۔ دُور ہونا ۔
بالتخصیص (ع) خاصکر خصوصاً

بالترتیب (ع) باقاعدہ ۔ ترتیب کے ساتھ ۔
بالتصریح (ع) صاف صاف کھول کر ۔
بالتفصیل (ع) الگ الگ ۔ تفصیل کے ساتھ ۔
بالتوضیح (ع) وضاحت کے ساتھ ۔ کھول کر ۔
بالشتیہ (ع) بالشت کے برابر آدمی ۔ پست قد ۔ بونا ۔
بالطبع (ع) طبعاً ۔ فطرتاً طبیعت سے ۔
بالعکس (ع) اُلٹا ۔ برعکس ۔
بالفرض (ع) مانا ۔ تسلیم کیا ۔ فرض کرو کہ :۔
بالفعل (ع) فی الحال ۔ اب ۔
بالعموم (ع) عام طور پر ۔ اکثر ۔
بالکل (ع) تمام ۔ سب ۔ قطعی ۔
بالغ (ع ۔ص) جوان ۔ سیانا
بالغ نظر (ع ۔ص) بلند خیال ۔ عالم ۔
بالغہ (ع ۔ مث) جوان لڑکی ۔ سیانی ۔

بالمُشافہ (ع) آمنے سامنے۔ رُوبرُو ٭
بالمُقابل (ع) مقابلہ پر۔ سامنے۔
بالمُواجہ (ع) سامنے۔ موجودگی میں ٭
بالمیک (ہ۔ مذ) پرانے زمانے کے ایک مشہور ہندو شاعر کا نام ہے جس نے رامائن لکھی ہے ٭
بالیدگی (ف۔ مث) بڑھنا۔ نشوونما۔
بالین (ف۔ مث) سرہانہ۔ سرہاندی ٭
بام (ف۔ مذ) اٹاری۔ چھت کے اوپر کا حصّہ ٭
بانجھ (ہ۔ ص) وہ عورت جس کے اولاد نہ ہوتی ہو ٭
بانک (ہ۔ مذ) کٹار۔ چھری ٭
بانکا (ا۔ مذ) البیلا۔ ترچھا۔
بانکپن (ا۔ مذ) البیلاپن جوانی۔ بہادری ٭
بانکی ادا (ف۔ مث) نرالا ڈھنگ۔ معشوقانہ انداز ٭
بانگ (ف۔ مث) آواز۔ اذان۔ مُرغ کی بانگ ٭
بانو (ف۔ مث) بیوی۔ بیگم ٭
بانی (ف۔ مذ) بُنیاد رکھنے والا۔ شروع کرنے والا ٭
باوَر (ف۔ مذ) یقین۔ بھروسہ۔ اعتبار ٭
باوَرچی (ف۔ مذ) کھانا پکانے والا ٭
باوَلی (ہ۔ مث) سیڑھی دار کُنواں ٭
باہم (ف) آپس میں۔ مِل جُل کر ٭
باہمی جدال (ف) آپس کی لڑائی ٭
بائیبل (انگ۔ مث) انجیل ٭
بائیسکوپ (انگ۔ مذ) متحرک تصویروں کا تماشہ ٭
باید وشاید (ف) جیسا کہ چاہیئے
بائع (ع۔ مذ) بیچنے والا ٭
بائیں ہاتھ کا کھیل یا کرتب (ہ) بہت آسان کام ٭

(ب ۔ ب)

بَبَر (ع۔ مذ) ایک قسم کا بڑا شیر ٭
بَبُول (ہ۔ مذ) کیکر ٭
بَبُولا (ا۔ مذ) بگولا ٭

(ب ۔ پ)

بَپا (ف) قائم ٭
بِپتا (ہ۔ مث) مصیبت۔ دکھ ٭
بَپتسمہ (انگ۔ مذ) عیسائی بنانے اور پانی چھڑکنے کی رسم ٭
بِپھرنا (ہ) بگڑنا۔ جوش میں آنا

(ب ۔ ت)

بُت (ف۔ مذ) پتھر کی مورتی۔ معشوق ٭
بُت پرَست (ف) بُت کی پوجا کرنے والا ٭
بُت تراش (ف) بُت تراشنے والا۔ بُت بنانے والا ٭
بُت خانہ یا بُت کدہ۔ (ف۔ مذ) بُت رکھنے کی جگہ۔ شوالہ۔ مندر ٭
بُتا (ہ۔ مذ) فریب۔ دھوکا۔
بتدریج (ع) آہستہ آہستہ درجہ درجہ کرکے۔ درجہ وار ٭
بَتَنگڑ (ہ۔ مذ) ذرا سی بات کو

بہت بڑھا دینا۔ نہایت مبالغہ

بتّیس دانتوں میں زبان (ہ) ہر طرف سے گھرا ہوا دشمنوں کے نرغے میں ٭

بتّیسی (ہ۔ مث) دانتوں کی دونوں لڑیاں۔ کل دانت ٭

(ب۔ ٹ)

بٹ (ہ۔ مذ) تولنے کے باٹ ٭

بٹّا (ہ) تولنے کا باٹ۔ دھبّہ۔ عیب ٭

بٹّا لگنا (ہ) حرف آنا۔ بدنامی ہونا ٭

بٹّا لگانا (ہ) بدنام کرنا

بٹائی (ہ۔ مث) تقسیم

بٹوا (ہ۔ مذ) روپے پیسے رکھنے کا چھوٹا سا چمڑے کا کیسہ

بٹورنا (ہ) اکٹھا کرنا۔ سمیٹنا

بٹیر باز (ا۔ مذ) بٹیر پالنے والا۔ بٹیر لڑانے والا ٭

(ب۔ ج)

بجا (ف) درست۔ ٹھیک۔ مناسب موقع ٭

بجا آوری (ف) / **بجا لانا** (ا) } حکم کی تعمیل کرنا ٭

بجٹ (انگ۔ مذ) اندازہ۔ آمد۔ خرچ کا اندازہ ٭

بجد ہونا (ا) ضد کرنا۔ اصرار کرنا

بجز (ف) سوا۔ بغیر ٭

بجلی (ا۔ مث) برق۔ چمک۔ بادل کی چمک ٭

بجلی کی تلوار (ہ۔ مث) بجلی کے لوہے کی تلوار۔ تیز دھار کی تلوار

بجلی گرنا (ا) مصیبت آنا۔ بجلی کا شعلہ گرنا ٭

بجنسہٖ (ع) ہو بہو۔ وہی۔ سب کا سب ٭

بجھانا (ہ) آگ پر پانی ڈالنا چاندی سونا لوہا گرم کر کے پانی میں ڈالنا ٭

(ب۔ چ)

بچار (ہ۔ مث) سوچ۔ فکر۔ اندیشہ ٭

بچانا (ہ) حفاظت کرنا۔ جمع کرنا

بچاؤ (ہ۔ مذ) حفاظت۔ عذر۔ بہانہ ٭

بچپن (ہ۔ مذ) لڑکپن۔ کم سنی ٭

بچت (ہ۔ مث) بقایا۔ نفع۔ فائدہ ٭

بچن (ہ۔ مذ) قول۔ بات ٭ عہد

بچوں کا کھیل (ہ۔ مذ) آسان بات

بچھڑا (ہ۔ مذ) گوسالہ۔ گائے کا بچہ ٭

بچھڑ جانا (ہ) جدا ہونا ٭

بچھو (ہ۔ مذ) بچھوا۔ زہریلا جانور ہے۔ کژدم ٭

بچھونا (ہ۔ مذ) بستر۔ فرش ٭

(ب۔ ح)

بحال (ع) اپنی حالت پر قائم۔ برقرار ٭

بحال ہونا (ا) تندرست ہونا۔ دوبارہ کام پر لگنا ٭

بحالی (ا۔ مث) برطرفی کے بعد پھر مقرر ہونا ٭

بحث (ع۔ مث) چھان بین کرنا۔ جھگڑا۔ گفتگو ٭

بحثا بحثی (ا۔ مث) جھگڑا۔ گفتگو

بحثنا (ا) جھگڑا کرنا۔ مناظرہ کرنا۔ گفت گو کرنا ٭

بحر (ع۔ مذ) سمندر۔ شعر کا وزن ؛
بحران (ع مذ) بیماری کا زور شدّتِ مرض ؛
بحری (ع۔ص) سمندری ؛
بحور (ع مذ) جمع بحر کی۔ اوزانِ شعر ؛
بحیرہ (ع۔ مذ) چھوٹا سمندر ؛

(ب۔ خ)

بخار (ف۔ مذ) حرارت۔ تپ۔ جوش۔
بخارات (ع مذ) جمع بخار کی ؛
بخار نکالنا (ا) دل کا جوش نکالنا۔ غصّہ اُتارنا۔ حسرت نکالنا
بخاری (ا مث) غلّہ رکھنے کی کوٹھڑی
بخت (ف مذ) نصیب۔ قسمت ؛
بخت آزمائی (ف مث) قسمت آزمانا۔ کوشش کرنا۔
بختاور (ف۔ص) خوش قسمت اچھّے بخت والا ؛
بختوں جلی (ا مث) بدنصیب ؛
بختیار (ف ص) خوش نصیب ؛
بخشش (ف۔ مث) انعام۔ دَہ بانی۔ معافی ؛
بخشی (ف۔ مذ) خزانچی۔ فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے والا ؛
بخل (ع مذ) لالچ۔ طمع۔ حرص ؛
بخوبی (ف) اچھی طرح سے۔ آسانی سے
بخیر (ف) خیریت سے۔ اچھی طرح سے
بخیل (ف) کنجوس۔ تنگدل ؛
بخیلی (ف مث) تنگدلی۔ کنجوسی ؛
بخیہ (ف مذ) دوہری سلائی۔ ٹانکا۔ ٹکڑا
بخیہ اُدھیڑنا (ا) راز کھولنا ؛

(ب۔ د)

بد (ف۔ص) بُرا۔ خراب۔ شریر۔ فسادی ؛
بداخلاق (ف۔ص) بدمزاج بداطوار۔ بدتمیز ؛
بداطوار (ف۔ص) جس کے طور طریقے اچھے نہ ہوں۔ بدچلن ؛
بداصل (ف۔ص) کمذات ؛
بدامنی (ف۔ مث) فساد۔ بغاوت شورش ؛
بدانتظامی (ف۔ مث) بدعملی اندھیر۔ خرابی ؛
بداندیش (ف۔ص) دشمن۔ بُرا چاہنے والا ؛
بدباطن (ف۔ص) بددل۔ جو آدمی دل کا بُرا ہو ؛
بدبخت (ف ص) بدنصیب۔ بدقسمت
بدبو (ف۔ مث) خراب بُو۔ سڑاند ؛
بدپرہیزی (ف۔ مث) پرہیز نہ کرنا۔ بے احتیاطی ؛
بدتر (ف۔ص) بہت بُرا ؛
بدتہذیبی (ف۔ مث) تہذیب کا نہ ہونا۔ بے تمیزی ؛
بدجہا (ف) کئی درجے بہت زیادہ
بدچلن (ف۔ص) بدکار۔ بدمعاش
بدحواس (ف ص) بے عقل بے ہوش ؛
بدحال (ف۔ص) ردّی حالت والا۔ بُرا حال ؛
بدخلق (ف۔ص) بدمزاج۔ اکھڑ بدسلوک ؛
بدخوے (ف ص) بدعادت۔ بدمزاج
بدخواہ (ف ص) بُرا چاہنے والا۔ دشمن ؛
بدخواہی (ف۔ مث) دشمنی ؛
بددعا (ف مث) بُری دعا۔ کوسنا ؛
بددل (ف۔ص) ناراض۔ دل برداشتہ
بددماغ (ف ص) مغرور۔ چڑچڑا۔

بَدْدِماغی (ف۔مث) غرور۔ چڑچڑاپن ؛
بَدْدِیانَت (ف۔ص) خیانت کرنے والا۔ فریبی۔ بے اعتبار ؛
بَدْذات (ف۔ص) کمینہ۔ شریر ؛
بَدْذِہن (ف۔ص) کُند ذہن۔ خراب ذہن کا ؛
بَدْراہ (ف۔ص) بدچلن ؛
بَدْرِکاب (ف۔ص) شریر گھوڑا ؛
بَدْزَبان (ف۔ص) بُرا کہنے والا۔ گالی گلوچ دینے والا ؛
بَدْزیب (ف۔ص) ناموزوں۔ بُرا ؛
بَدْسلوکی (ف۔مث) بداخلاقی۔ بُرا سلوک کرنا ؛
بَدْشگونی (ف۔مث) نحوست۔ بُری فال ؛
بَدْشوق (ف۔ص) جسے شوق نہ ہو ؛
بَدْصُورت (ف۔ص) بُری شکل کا۔ جو خوبصورت نہ ہو ؛
بَدْطینت (ف۔ص) بُری خصلت والا ؛
بَدْظَن (ف۔ص) بُرا خیال رکھنے والا۔ بدگمان ؛
بَدْعَملی (ف۔مث) بے انتظامی۔ خرابی ؛
بَدْعُنوان (ف۔ص) بے ڈھنگا۔ گستاخ ؛

بَدْعُنوانی (ف۔مث) بے پروائی۔ گستاخی ؛
بَدْعَہد (ف۔ص) وعدہ خلاف۔ بے وفا ؛
بَدْفِعلی (ف۔مث) بدکاری۔ بدچلنی ؛
بَدْقِمار (ف۔ص) بُری چال چلنے والا ؛
بَدْکار (ف۔ص) بدچلن۔ خراب ؛
بَدْکاری (ف۔مث) بدچلنی ؛
بَدْگُمان (ف۔ص) بُرا گمان رکھنے والا۔ شکّی ؛
بَدْگُمانی (ف۔مث) بدظنّی۔ بے جا شُبہ کرنا ؛
بَدْلگام (ف۔ص) شریر گھوڑا۔ بے ادب۔ مُنہ پھٹ ؛
بَدْمِزاج (ف۔ص) غصّے والا۔ چڑچڑا ؛
بَدْمِزاجی (ف۔مث) ترش روئی۔ چڑچڑاپن ؛
بَدْمزگی (ف۔مث) بے لُطفی۔ رنجش۔ بگاڑ ؛
بَدْمَست (ف۔ص) بہت بیہوش۔ شریر ؛
بَدْمُعاش (ف۔ص) شریر۔ گُنڈا۔ بدخلق ؛
بَدْمُعاشی (ف۔مث) بدچلنی۔ شرارت ؛
بَدْمُعاملگی (ف۔مث) لین دین میں صفائی نہ رکھنا ؛
بَدْمُعاملہ (ف۔ص) لین دین کا کھوٹا ؛

بددیانت ؛
بَدْنام (ف۔ص) رُسوا۔ ذلیل ؛
بَدْنامی (ف۔مث) بے عزّتی۔ رسوائی ؛
بَدْنصیب (ف۔ص) بدقسمت۔ کمبخت ؛
بَدْنُما (ف۔ص) بدزیب۔ بدشکل ؛
بَدْنیّت (ف۔ص) جس آدمی کی نیت اچھی نہ ہو ؛
بَدْوَضع (ف۔ص) بدصورت۔ بدنما ؛
بَدْہضمی (ف۔مث) ہضم نہ ہونا۔ گرانی۔ پیٹ میں گڑبڑ ہونا ؛
بَدْشکل (ف۔ص) بدصورت۔ بھونڈا ؛
بَدَر (ف) باہر ؛
بَدْر (ع۔مذ) چودھویں رات کا چاند ؛
بَدْرَو (ف۔مث) نالی ؛
بَدْرَقہ (ف۔مذ) رہنما ؛
بَدَسْتُور (ف) قاعدے کے مطابق۔ جیسا پہلے تھا ؛
بِدْعَت (ف۔مث) دین میں کوئی نئی بات نکالنا ؛
بِدْعَتی (ف۔ص) بددین۔ فسادی ؛
بِدْکنا (ہ) گھوڑے کا ڈرنا۔ چونکنا ؛
بَدِل (ف۔مذ) دل کے ساتھ نیک نیتی سے ؛

بَدْلہ (ف۔ مذ) عوض۔ اجر ٭
بَدْلی (ف۔ مث) تبدیلی۔ بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا ٭
بَدَن (ع) جسم۔ تن ٭
بَدَن کے رونگٹے کھڑے ہونا (۱) خوف یا سردی سے بدن کے بالوں کا کھڑا ہونا۔ ڈر لگنا ٭
بَدْنا (ہ) شرط لگانا ٭
بَدَنی (ف۔ ص) جسمانی ٭
بَدْو (ع) عرب کے خانہ بدوش لوگ ٭
بَدَولت (ف) طفیل۔ ذریعے سے ٭
بِدُون (ل) سوا۔ بغیر۔ بن ٭
بَدْھنا (ہ۔ مذ) مٹی کا لوٹا ٭
بَدْھنی (ہ۔ مث) چھوٹا سا لوٹا۔ لٹیا ٭
بَدی (ف۔ مث) برائی ٭
بَدِیع (ع۔ ص) انوکھا۔ نیا۔ نو ایجاد شے ٭
بَدیسی (ہ۔ ص) باہر دوسرے دیس کا۔ غیر ٭
بَدِیہہ (ع۔ ص) بر موقع۔ برمحل۔ ظاہر ٭
بَدِیہی (ع۔ ص) روشن۔ واضح جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو ٭

(ب۔ ذ)

بذاتِ خاص (یا) خود (ع) خود۔ بہ نفسِ نفیس۔ آپ ٭
بَذاتہٖ (ع) آپ۔ خود ٭
بَذْل (ع) خرچ کرنا۔ سخاوت۔ بخشش ٭
بَذلہ سنج و بَذلہ گو (ف۔ ص) لطیفہ گو۔ خوش طبع ٭

(ب۔ ر)

بَرّ (ع۔ مذ) خشکی۔ جنگل ٭
بَر (ف) پر۔ اُوپر۔ بغل ٭
بَر (ہ۔ مذ) خاوند۔ دُولہا ٭
بُرا بھلا کہنا (ہ) ملامت کرنا۔ جھڑکنا ٭
بُرا ماننا (ہ) ناراض ہونا۔ آزردہ خاطر ہونا ٭
بَرابَر (ف۔ ص) مساوی۔ یکساں۔ ہموار ٭
بَرابَر کا (۱) ہم رتبہ۔ ہمسر۔ مقابل کا۔ جوڑ کا ٭
بَرابَری کرنا (۱) مقابلہ کرنا۔ ہمسری کرنا۔ گستاخی کرنا ٭
بَرات (ف۔ مث) حصّہ۔ نصیب سالانہ کچھ مقرر کرنا۔ جنج ٭
بَراجنا (ہ) بیٹھنا۔ رونق افروز ہونا ٭
بَرادَر (ف۔ مذ) بھائی ٭
بَرادرِ حقیقی (ف۔ مذ) سگا بھائی ٭
بَرادرِ رضاعی (ف۔ مذ) دودھ شریک بھائی ٭
بَرادر زادہ (ف۔ مذ) بھتیجا۔ بھائی کا بیٹا ٭
بَرادَری (ف۔ مث) قوم۔ ذات۔ رشتہ داری ٭
بُرادَہ (ف۔ مذ) لکڑی وغیرہ کا بُورا ٭
بَرِّ اعظم (ع۔ مذ) خشکی کا بہت بڑا ٹکڑا جس میں کئی ملک شامل ہوں ٭
بَرافروختہ (ف) رنجیدہ۔ غصّے میں ٭
بُراق (ع۔ مذ) بہشتی گھوڑا جس پر سوار ہو کر رسولِ کریم عرشِ معلّیٰ پر تشریف لے گئے تھے ٭
بَرّاق (ع۔ ص) چمکدار۔ روشن۔ ہوشیار۔ مشّاق ٭
بَرآمد (ف۔ مث) خرچ۔ دریا سے نکلی ہوئی زمین ٭
بَرآمدہ (ف۔ مذ) برانڈہ ٭
بَرآنا (۱) حاصل ہونا ٭
بَرانڈی (انگ۔ مث) ایک قسم کی انگریزی شراب ہے ٭
بَرانگیختہ (ف) اُکسایا ہوا۔ غصّہ میں ٭
بَرانچ (انگ۔ مث) شاخ۔ شعبہ ٭
بَرآورد (ف۔ مث) تنخواہ کا کاغذ ٭
بَراہِین (ع۔ مذ) برہان کی جمع۔ دلیلیں ٭
بَرأت (ع۔ مث) نجات۔ چھٹکارا۔ جُرم سے بَری ہونا ٭
بَرایا (ع۔ مث) مخلوق۔ رعایا ٭
بَرائے (ف) واسطے۔ لیے ٭
بَرباد (ف) تباہ۔ خراب ٭

بَربادی (ف ۔مث) تباہی خرابی +

بَربَط (ف ۔مث) ایک باجے کا نام ہے ۔ سارنگی +

بَرپا (ف) قائم ۔ برقرار +

بَرَت (ہ ۔ مذ) روزہ ۔ فاقہ +

برتھ ڈے (انگ ۔ مذ) سالگرہ جنم دن +

بَرتا (ہ ۔ مذ) طاقت ۔ حوصلہ +

بَرتاؤ (ہ ۔ مذ) سلوک میل جول +

بَرتری (ف ۔ مذ) بزرگی ۔ ترجیح +

برٹش (انگ ۔ ص) انگریزی +

برٹش پارلیمینٹ (انگ ۔مث) برطانیہ کی سب سے بڑی قانون ساز مجلس +

برٹش میوزیم (انگ ۔ مذ) انگلستان کا عجائب گھر +

برانچ (انگ ۔مث) شاخ ٹہنی ۔ حصہ +

بُرج (ع ۔ مذ) گنبد +

بِرج (ہ ۔ مذ) متھرا کے آس پاس کا علاقہ +

بَرجستہ (ف) بروقت ۔ بے تکلف ۔ برمحل +

بَرچھی (ہ ۔مث) چھوٹا سا بھالا ۔ نیزہ +

برحق (ف) حق پر ۔ راستی پر ٹھیک +

برخاست (ف) موقوف ۔ ختم +

برخاستگی (ف ۔مث) برطرفی ۔ موقوفی +

برخلاف (ف) برعکس ۔ مخالف

برخوردار (ف ۔ مذ) خوش نصیب ۔ بیٹا ۔ عزیز +

بَردہ (ف ۔ مذ) غلام ۔ نوکر +

بردہ فروشی (ف ۔مث) غلام بیچنا ۔ انسانوں کی تجارت +

بُردبار (ف ۔ ص) حوصلے والا ۔ برداشت کرنے والا +

برداشت (ف ۔مث) تحمل حوصلہ +

برداشتہ خاطر (ف) بیزار ۔ گھبرایا ہوا ۔ بے دل +

برزخ (ع ۔ مذ) روک ۔ وقفہ ۔ دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز ۔ مرنے سے لیکر قیامت تک کا زمانہ +

برس (ہ ۔ مذ) سال +

برسات (ہ ۔مث) بارش کا موسم ۔ بارش +

برساتی (ہ ۔مث) بارش سے بچنے کے لئے کوٹھے پر کا ہوادار کمرہ ۔ بارش کے بچاؤ کا کوٹ +

برس پڑنا (ہ) گالیاں دینا ۔ برا بھلا کہنا +

برسرپیکار (ف) لڑنے کے لئے تیار +

برسر فرزند آدم ہرچہ آید بگذرد (ف) انسان کے سر پر جو مصیبت آتی ہے ۔ گذر جاتی ہے ۔ اور وہ اسے برداشت کرتا ہے +

برسروچشم (ف) سر آنکھوں پر بڑی خوشی سے +

برش (انگ ۔ مذ) بالوں کا قلم کپڑے صاف کرنے کا برش +

بُرش (ف ۔مث) تیزی ۔ کاٹ +

برشگال (ف ۔مث) برسات

بارش +
بَرطرف (ف) علیحدہ۔ موقوف
برخاست +
برطرفی (ف۔ مث) برخاستگی
موقوفی +
بَرعکس (ف) اُلٹا۔ برخلاف۔
بَرف (ف۔ مث) پالا۔ جما
ہُوا اکھر۔ جما ہُوا پانی +
بَرفانی (ف) بہت سرد۔ جہاں
برف پڑتی ہو +
بَرق (ع۔ مث) بجلی +
بَرقانا (ہ) کسی چیز میں بجلی
داخل کرنا +
بَرقرار (ف) قائم۔ بپا +
بُرقعہ (ع۔ مذ) نقاب۔ پردہ
وہ چادر جو پردہ دار عورتیں
پہنتی ہیں +
بَرقنداز (ف۔ مذ)
بندوقچی۔ سپاہی +
بَرقی (ع۔ ص) بجلی کا +
بَرقی طاقت (ع۔ مث)
بجلی کی طاقت +
بَرکت (ع۔ مث) زیادتی

کثرت۔ نعمت +
بَرکات (ع۔ مث) جمع برکت
کی۔ نعمتیں۔ برکتیں +
بَرگ (ف۔ مذ) پتہ۔ سامان +
بَرگزیدہ (ف۔ ص) چُنا ہُوا۔
عُمدہ +
بَرگشتہ (ف۔ ص) مخالف۔
پھرا ہُوا۔ سرکش +
بَرلانا (ہ) پُورا کرنا +
بَرمحل (ف۔ ص) بروقت موقع پر
بَرمَلا (ف) سب کے سامنے۔ علانیہ
کھُلم کھلا +
بَرن (س۔ مذ) رُوپ لباس
قوم۔ ذات +
بَرنا و پیر (ف۔ مذ) جوان اور
بڈھے +
بَروادہ۔ مذ) پَودا۔ درخت +
بُرودت (ف۔ مث) سردی
خنکی۔ ٹھنڈک +
بُرہان (ع۔ مث) دلیل۔ ثبوت۔
بَرہم (ف) ناراض۔ رنجیدہ
اُلٹ پلٹ +
برہم (س۔ مذ) خدا۔ پرمیشر +

بَرہم چاری (س۔ مذ) علم
حاصل کرنے والا۔ نفسانی
خواہش کو روکنے والا +
بَرہمی (ف۔ مث) ابتری۔ گڑبڑ
بَرہنہ (ف) ننگا۔ عاری +
بَری (ع) آزاد۔ بے گناہ
خارج +
بَری الذمہ (ع) ذمہ داری
سے بچا ہُوا۔ آزاد +
بَرّی (ف) خشکی کا۔ زمین کا
بِریاں (ف) بھُنا ہُوا۔ پکا ہُوا
بَریّت (ع۔ مث) آزادی
خلاصی۔ نجات +
بَیرسٹر (انگ۔ مذ) وکیل۔
قانون دان +
بریں عقل و دانش بباید گریست
(ف) اس عقل اور سمجھ پر
رونا چاہیئے۔ یہ اس وقت
بولتے ہیں۔ جب کوئی آدمی
سخت بے سمجھی کی باتیں کرتا
ہے +
(ب۔ ڑ)
بَڑ (ہ۔ مث) گپ۔ بکواس۔
ایک درخت کا نام ہے +

بڑا بول (ہ۔ مذ) فخر۔ غرور ٭
بڑ بولا (ہ۔ مذ) زیادہ بولنے والا۔ فخر
بڑا دن (ہ۔ مذ) کرسمس ڈے
حضرت مسیح کی پیدائش کا دن ٭
بڑا گھر (ہ۔ مذ) بڑا گھر۔ قید خانہ
بڑانا (ہ) بڑ ہانکنا۔ گپیں مارنا
بڑائی (ہ۔ مث) بزرگی۔ عظمت
بڑبڑانا (ہ) چپکے چپکے بکنا
کچھ کہنا ٭
بڑ ہانکنا (ہ) بے تکی باتیں کرنا
بڑھ چلنا (ہ) اپنی حیثیت سے
زیادہ قدم رکھنا ٭
بڑی بات نہیں (ہ) کوئی
مشکل نہیں۔ آسان ہے ٭
بڑے بول کا سر نیچا (ہ)
غرور کرنے والا ذلیل ہوتا ہے ٭
بڑے میاں (ہ۔ مذ) بزرگ
بوڑھا ٭
بڑے میاں تو بڑے میاں
چھوٹے میاں سبحان اللہ
(ہ) بڑے تو خیر چھوٹے
تو ان سے بھی بڑھ
گئے ٭

(ب۔ ز)

بُز (ف۔ مث) بکری ٭
بُزدل (ف۔ ص) کمزور دل
ڈرپوک۔ کم ہمت ٭
بزدلی (ف۔ مث) کم ہمتی۔ کمزوری
بزازی (ع۔ مث) کپڑا بیچنے
کا پیشہ ٭
بزاز (ع۔ مذ) کپڑا بیچنے والا
بُزرگ (ف۔ ص) بڑا۔ عمر سیدہ
ولی۔ نیک آدمی ٭
بُزرگی (ف۔ مث) بڑائی
نیکی۔ عزت ٭
بزرگی بعقل است نہ بسال
(ف) بزرگی عقل پر موقوف
ہے نہ کہ عمر پر ٭
بُزغالہ (ف۔ مذ) بکری کا بچہ
بَزم (ف۔ مث) مجلس۔ محفل ٭
بَزم سرور (ف۔ مث) خوشی
کی مجلس ٭
بزم عالم (ف۔ مث) دنیا
کی مجلس۔ جہان ٭
بزم عزا (ف۔ مث) ماتم پرسی
کی مجلس۔ مرثیہ خوانی کی
مجلس ٭
بزم گاہ (ف۔ مث) مجلس
کی جگہ۔ مکان ٭
بزن (ف۔ فعل امر) مار۔ قتل کر
بزور (ف) زور کے ساتھ
زبردستی ٭

(ب۔ س)

بس۔ ف۔ فقط۔ کافی۔ بہت۔
بس (ہ۔ مذ) قابو۔ زور ٭
بِس (ہ۔ مث) زہر ٭
بِس کی گانٹھ (ہ۔ مث
شریر۔ کینہ ور ٭
بسا اوقات (ف) اکثر اوقات
بہت دفعہ ٭
بِساط (ع۔ مذ) بچھونا۔ شطرنج
کھیلنے کا تختہ۔ قدرت۔ مقدور ٭
بِساطی (ع۔ مذ) چھوٹی چھوٹی
چیزیں بیچنے والا دوکاندار ٭
بسانا (ہ) آباد کرنا۔ معطر کرنا
خوشبودار کرنا ٭
بُستان (ف۔ مذ) باغ۔ گلزار ٭
بستر (ف۔ مذ) بچھونا۔ فرش ٭
بسترِ مرگ (ف۔ مذ) موت کا

بستر +
بستہ (ف - مذ) بندھا ہوا جزدان۔
بسرام کرنا (ہ) ٹھیرنا۔ آرام کرنا
بسر و چشم (ف) سر آنکھوں
پر بڑی خوشی سے +
بسم اللہ (ع - مث) خدا کے
نام سے شروع۔ بہت اچھا۔
بسم اللہ کرنا (ا) شروع کرنا۔
بسم اللہ ہی غلط (ا)
ابتدا ہی غلط۔ شروع ہی سے
ٹیڑھا +
بسمل (ع ص) نیم مردہ زخمی
مضطرب +
بسنا (ہ) رہنا۔ رچنا بعطر ہونا
آباد ہونا +
بسنا (ہ) سڑنا۔ باس دینا +
بسنت (س - مث) موسم بہار
موسم بہار کا ایک تہوار +
بسنتی (س ص) زرد۔ پیلا
بسورنا (س) رونی شکل بنانا
آہستہ آہستہ رونا +
بسولی (ہ - مث) تیسی۔ بڑھئی
گھڑنے کا اوزار +

بسیرا (ہ - مذ) شب باشی۔
رہنا۔ ٹھیرنا +
بسیط (ع) وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا

(ب - ش)

بشارت (ع - مث) خوشخبری
بشاش (ع - ص) خوش و خرم
بشاشت (ع - مث) خوشی
تازگی +
بشر (ع - مذ) آدمی۔ انسان +
بشرہ (ع - مذ) چہرہ۔ پیشانی
بشیر (ع - مذ) خوشخبری دینے والا

(ب - ص)

بصر (ع - مث) نظر +
بصارت (ع - مث) بینائی
آنکھ کی روشنی +
بصد شوق (ف) بڑے شوق
سے۔ بڑی خوشی سے +
بصیرت (ع - مث) دانائی
بصیرت افروز (ع ص) باطن
کو روشن کرنے والا +
بضاعت (ع - مث)
سرمایہ۔ پونجی +

(ب - ط)

بط (ع - مث) بطخ +
بطحا (ع - مذ) مکہ معظمہ +
بطن (ع - مذ) پیٹ۔ اندر +
بطور (ف) بجائے۔ طریقہ سے

(ب - ع)

بعد (ع) پیچھے۔ آخر +
بعد (ع - مذ) دوری۔ فاصلہ
فرق +
بعد المشرقین (ع - مذ)
بہت زیادہ فرق +
بعض (ع) چند۔ کوئی +
بعید (ع - ص) دور۔ فاصلہ پر +
بعید از عقل (ف) عقل سے
دور۔ غلط +
بعینہٖ (ع) ویسا ہی۔ ہوبہو

(ب - غ)

بغاوت (ع - مث) نافرمانی
سرکشی۔ مخالفت +
بغدہ (ف - مذ) قیمہ کوٹنے کا چھرا
بغض (ع - مذ) دشمنی۔ کینہ +
بغل (ف - مث) پہلو۔ طرف
پنجابی کچھ +

بغلگیر ہونا (ا)۔ گلے ملنا

بغل میں جانا (ا) کسی چیز کا چھپ جانا +

بغلی (ا۔ص) پہلو کا کمرہ۔ گد ہلانے کا ایک طریقہ +

بغلیں بجانا (ا) کسی کے نقصان یا مصیبت پر خوش ہونا

بغلیں جھانکنا (ا) شرمندہ ہونا۔ جواب نہ بن پڑنا +

بغیر (ع) سوا۔ بجز +

(ب۔ق)

بقا (ع۔مث) زندگی۔ قیام۔ ہمیشگی

بقال (ع۔مذ) کنجڑا۔ بنیا +

بقایا (ع۔مذ) بچت۔ بچا ہوا۔ باقیماندہ +

بقراط (ی۔مذ) یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے +

بقر عید (ع۔مث) عید قربان

بقعہ (ع۔مذ) رہنے کا مکان

بقعۂ نور (ع۔مذ) نور کا گھر۔ نور کا کمرہ۔ بہت روشنی

بقول (ف) قول کے مطابق۔ کہنے کے موافق +

بقیہ (ع۔مذ) باقی۔ بچا ہوا +

(ب۔ک)

بک (انگ۔مث) کتاب +

بک سیلر (انگ) کتب فروش

بکا (ع۔مذ) رونا پیٹنا۔ فریاد +

بکاول (ف۔مذ) باورچی۔ خانساماں +

بکبکا (ا۔ص) بدمزہ۔ بے لذت

بکثرت (ع) بہت زیادہ

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی (ہ) ایک شخص ایک دن پکڑا جائے گا۔ کب تک چھپے گا +

بکھرنا (ہ) پراگندہ ہونا +

بکواس (ہ۔مث) زیادہ بولنا بے معنی باتیں کرنا +

بکھیڑا (ہ۔مذ) جھگڑا۔ کام دھندا +

(ب۔گ)

بگاڑ (ہ۔مذ) رنجش۔ ناراضگی۔ دشمنی +

بگاڑنا (ہ) خراب کرنا۔ ناراض کرنا +

بگڑنا (ہ) خراب ہونا۔ خفا ہونا۔ دشمن ہونا +

بگل (انگ۔مذ) ایک قسم کا باجہ۔ ترم +

بگلا (ہ۔مذ) پانی کا ایک مشہور جانور

بگلا بھگت (ہ۔مذ) مکار۔ فریبی

بگولا (ہ۔مذ) گردباد۔ ہوا کا چکر

(ب۔ل)

بل (انگ۔مذ) حسابی فرد۔ قانون کا ضابطہ +

بل (ہ۔مذ) زور۔ طاقت۔ مروڑ۔ پیچ +

بل بوتا (ہ۔مذ) زور طاقت +

بل نکالنا (ہ) درست کرنا۔ سزا دینا +

بلا (ا) مصیبت۔ آفت +

بلا (ا) بغیر۔ سوا +

بلا استحقاق (ف) بغیر حق کے +

بلا تامل (ع) بلا سوچے سمجھے جلدی۔ بے شک +

بلا تکلف (ا) بے تکلیف بغیر ظاہرداری کے +

بلا توقف (ا) بغیر دیر کے جلدی۔ بلا تامل +

بلا شبہ (ا) بغیر شک کے +

بلا عذر (ا) بغیر عذر کے۔ بہانہ کرنے کے بغیر +

بلا کم و کاشت (ا) پورے کا پورا۔ صحیح سالم +

بلا ناغہ (ا) روزانہ۔ مسلسل +

بلا واسطہ (ا) بغیر ذریعے اور تعلق کے۔ براہ راست +

بلا وجہ (ا) بے سبب +

بلاٹنگ پیپر (انگ۔ مذ) سیاہی چوسنے کا کاغذ۔ جاذب +

بلاغت (ع۔ مث) موقع کے مطابق گفتگو کرنا۔ سامعین کے مناسب حال بولنا +

بلاکش (ف۔ ص) مصیبت برداشت کر لینے والا +

بلاوا (ا۔ مذ) دعوت۔ طلبی +

بلائے ناگہانی (ف۔ مث) اچانک آنے والی مصیبت +

بلائے بے درماں (ف۔ مث) ایسی مصیبت جس کا کوئی علاج نہ ہو +

بلائیں لینا (ہ) قربان ہونا۔ پیار کرنا +

بلبل (ف۔ مذ۔ مث) مشہور پرندہ ہے۔ عندلیب +

بلبلا (ا۔ مذ) حباب۔ فانی۔ ناپائیدار +

بلبلانا (ہ) بے قرار ہونا، رونا۔ مضطرب ہونا +

بلطائف الحیل (ع) طرح طرح کے حیلوں سے طرح طرح کے بہانوں سے +

بلغم (ع۔ مذ) تھوک۔ کف +

بلقیس (ع۔ مث) ایک ملکہ کا نام ہے۔ جو حضرت سلیمانؑ پیغمبر کے وقت شہر سبا میں حکومت کرتی تھی۔ حضرت سلیمانؑ سے ملاقات کی۔ اور مسلمان ہو کر آپ کے نکاح میں آئی +

بلکنا (ہ) رونا۔ بے چین ہونا +

بلکہ (ف) لیکن۔ مگر +

بلند (ف۔ ص) اونچا۔ عالی +

بلند اختر (ف۔ ص) خوش نصیب ستارے والا +

بلند حوصلہ (ف۔ ص) بڑے حوصلے اور تحمل والا +

بلور (ع۔ مذ) شیشہ +

بلونا (ہ) جمے ہوئے دودھ کو ہلانا۔ پنجابی رڑکنا۔ لسی بنانا +

بلوہ (ف۔ مذ) دنگہ۔ فساد۔ بدانتظامی +

بلی (ہ۔ مث) لمبا بانس کشتی کھینے کا بانس +

بلی کے بھاگوں چھیکا ٹوٹا (ہ) اتفاقاً کوئی مراد پوری ہونا حسب مراد چیز مل گئی +

بلی کے خواب میں چھیچھڑے (ہ) ہر شخص اپنے خیال کے مطابق سوچتا ہے +

بلیک ہول (انگ۔ مذ) تنگ و اندھیری کوٹھڑی +

(ب۔ م)

بمان (ہ۔ مذ) اوڑن کھٹولہ تخت رواں +

بمب (انگ۔ مذ) خود پھٹنے والا

والا بارود کا گولہ ٭

بمنزلہ (ع) بجائے ٭

بموجب (ا) موافق۔ کسی کے کہنے یا حکم کے مطابق ٭

(ب۔ن)

بَن (ہ۔مذ) جنگل۔ صحرا ٭

بِن (ف) سوا۔ بغیر ٭

بُن (ف۔مث) بُنیاد۔ جڑ ٭

بن آئی مرنا (ا) بے گناہ مارا جانا۔ بے موت مرنا ٭

بنا (ف۔مث) بنیاد ٭

بنابریں (ف) اس بات کی بنا پر۔ اس وجہ سے ٭

بنات النعش (ع۔مث) قطب شمالی کے قریب سات ستاروں کا ایک مجموعہ ہے ٭

بنا ڈالنا (ا) بنیاد رکھنا۔ شروع کرنا ٭

بنارسی ٹھگ (ہ۔مذ) بڑا دھوکے باز۔ پکا ٹھگ ٭

بنادر (ع۔مث) جمع بندر کی۔ بندر گاہیں ٭

بناس پتی (ہ۔مث) نباتات ٭

بنام (ف) کسی کے نام پر ٭

بناؤ (ہ۔مذ) سنگار۔ بننا سجاوٹ

بناوٹ (ہ۔مث) دکھاوا۔ جھوٹ۔ فریب ٭

بن باس (ہ۔مذ) جنگل میں رہنا ٭

بن باسی (ہ۔مذ) جنگل میں رہنے والا ٭

بن پڑنا (ہ) کچھ ہو سکنا ٭

بن بن کر بگڑنا (ہ) کام ہوتے ہوتے خراب ہو جانا ٭

بن ٹھن (ہ۔مث) سنورنا۔ سنگار کرنا ٭

بنت (ع۔مث) لڑکی۔ بیٹی ٭

بنج (ہ۔مذ) بیوپار۔ تجارت ٭

بنجارا (ہ۔مذ) بیوپاری۔ پھر کر بیچنے والا ٭

بنجر (ہ) غیر آباد ٭

بندر (ف۔مث) بندرگاہ۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ٭

بندر (ہ۔مذ) مشہور جانور ہے ٭

بند (ف۔مذ) جوڑ۔ عضو۔ روک ٹھہرا ہوا ٭

بندش (ف۔مث) رکاوٹ ترتیب الفاظ ٭

بندگی (ف۔مث) عبادت پرستش۔ سلام ٭

بندوبست (ف۔مذ) انتظام۔ حدبندی ٭

بندوق (ع۔مث) گولی چلانے کا لمبا سا نالی دار اوزار ٭

بندوقچی (ا۔مذ) بندوق چلانے والا۔ سپاہی ٭

بندہ (ف۔مذ) غلام۔ نوکر۔ خاکسار۔ تابعدار ٭

بندہ پرور (ف۔مذ) آقا۔ سردار

بندۂ حرص و ہوا (ف۔مذ) لالچ کا غلام۔ بہت حریص ٭

بندی (ہ۔مث) باندی۔ لونڈی روک۔ ممانعت ٭

بندی خانہ (ف۔مذ) قید خانہ

بنظر تعمق (ف) غور کی نگاہ سے بڑے دھیان سے ٭

بنظر غور (ع) دھیان سے احتیاط سے ٭

بَنَفشہ (ف-مث) ایک خود رَو
بُوٹی جو دوائیوں میں پڑتی
ہے ٭
بَنک (انگ-مذ) روپے کے
لین دین اور امانت رکھنے
کی جگہ ٭
بَنکارنا (ہ-مذ) شور کرنا ٭
بِنولا (ہ-مذ) کپاس کا بیج ٭
بَنی آدم (ع-مذ) آدم کی اولاد
انسان ٭
بُنیاد (ف-مث) جڑ-اصل ٭

(ب-و)

بُو (ف-مث) باس-مہک ٭
بُوا (ہ-مث) بہن-آپا ٭
بُو آنا (ہ) اچھی یا بُری بو آنا
ظاہر ہونا ٭
بُوالعجب (ع-مذ) انوکھا-
عجیب آدمی - احمق ٭
بُوالہوس (ع-مذ) سخت
لالچی-حریص ٭
بُوائے سکاوٹ (انگ-مذ)
فوج اطفال ٭
بُوباس (ہ-مث) خوشبو

بُوتام (ا-مذ) بٹن ٭
بُوتیمار (ف-مذ) بگلا ٭
بُوٹی (ہ-مث) جڑی-پودا
بھنگ ٭
بوٹی (ہ-مث) گوشت کا
ٹکڑا ٭
بوٹیاں نوچنا (ہ) سخت جسمانی
سزا دینا ٭
بوجھ (ہ-مذ) وزن-بار گٹھڑی
بوجھ اُتارنا (ہ) چھٹکارا پانا-
قرض اتارنا ٭
بوجھ اُٹھانا (ہ) ذمّہ لینا کسی کا
احسان مند ہونا ٭
بوجھل (ہ-ص) بھاری وزنی
بوچھاڑ (ہ-مث) مینہ کا ہوا
کے زور سے ترچھا پڑنا-
کثرت - زیادتی ٭
بودا (ہ-ص) کمزور-پرانا-بزدل ٭
بُودار (ف-ص) بو والا جس
سے بُو آئے ٭
بُودوباش (ف-مث) سکونت
رہنا سہنا-ٹھکانا ٭
بُور کے لڈو کھائے تو

پچھتائے نہ کھائے تو
پچھتائے - ایسا کام جس کے
کرنے نہ کرنے پر افسوس ہو
یعنی کرے تو بھی پچھتائے
اور نہ کرے - تو بھی
پچھتائے ٭
بُدھ (ہ-مث) علم-عقل-
سمجھ ٭
بُورا (ہ-مذ) بُرادہ-سفوف
کھانڈ ٭
بورڈ (انگ-مذ) مجلس کمیٹی-
لکڑی کا تخت ٭
بورڈنگ ہوس (انگ-مذ)
طلبار کے رہنے اور کھانے
کی جگہ ٭
بوریا (ہ) چٹائی ٭
بوڑھا (ہ) بڑی عمر کا-بڈھا-
بُوزنہ (ف-مذ) بندر ٭
بوستاں (ف-مذ) باغ ٭
بوسیدہ (ف-ص) پُرانا-
پھٹا ہوا ٭
بُوعلی سینا (ع-مذ) ایک بڑے
مشہور حکیم کا نام ہے اُن کو

شیخ الرئیس بھی کہتے ہیں
ان کی حکمت کی کتابیں
شفا قانونچہ وغیرہ بہت
مشہور ہیں ✦
بُوقلمون (ف-ص) طرح طرح
کی۔ رنگارنگ کی ✦
بُوکھلانا (ہ) گھبرانا۔ بدحواس
ہونا ✦
بَول (ف-مذ) پیشاب ✦
بول (ہ-مذ) سخن۔ تاطعنہ۔ بولی
بول بالا ہونا (ہ) بہت نام
ہونا۔ دولت اور مرتبہ کی ترقی ہو
بول چال (ہ) بات چیت
کہنا۔ سُننا ✦
بولی (ہ-مث) زبان۔ بھاشا
طعن تشنیع۔ نیلام کی آواز ✦
بولیاں مارنا (ہ) طعنے مارنا
بُوم (ف-مذ) اُلّو ✦
بونا (ہ) چھوٹا۔ پست قد ✦
بُونا پارٹ (انگ-مذ) نپولین
بونا پارٹ۔ اٹھارہویں
صدی کا زبردست جرنیل۔
جس نے برّاعظم یورپ کا
اکثر حصہ فتح کیا۔ اور معمولی
سپاہی سے ترقی کر کے
فرانس کا بادشاہ بن گیا ✦
بُوند (ہ-مث) قطرہ ✦
بُوندا باندی (ہ) تھوڑی تھوڑی بارش

(ب-ھ)

بِہ (ف) اچھا۔ عُمدہ ✦
بَہا (ف-مذ) قیمت۔ مُول ✦
بہار (ف-مث) پھُول کھِلنے کا
موسم۔ رونق۔ جوبن ✦
بھاپ (ہ-مث) بخارات
دُھواں ✦
بھاٹ (ہ-مذ) ایک قوم کا
نام ہے جو اکثر نسب نامے یاد
رکھتی ہے۔ خوشامدی ✦
بہادُر (ف-ص) زور آور۔ جوان
بہادُری (ف-مث) جرأت
دلیری۔ طاقت ✦
بھاری (ہ-ص) وزنی بوجھل گراں
بھاری بھرکم (ہ-ص) موٹا
فربہ۔ باعزت ✦
بھاڑ میں جھونکنا (ہ) پھینکنا
ضائع کرنا۔ جلانا ✦
بھاڑے کا ٹٹّو (ہ-مذ)
کرائے کا ٹٹو۔ عادی ✦
بھاشا (ہ-مث) زبان۔ بولی
بھاگ (ہ-مذ) نصیب۔ قسمت
حصّہ۔ ٹکڑا ✦
بھاگ جاگنا (ہ) قسمت کھلنا
مراد پُوری ہونا ✦
بھاگوان (ہ-ص) بھاگ والا
خوش نصیب۔ صاحب اولاد
بھالُو (ہ-مذ) ریچھ ✦
بہانا (ہ) گرادینا۔ لُٹا دینا ✦
بھانت (ہ-مث) قسم
طرح۔ ڈھنگ ✦
بھانڈا پھوٹنا (ہ) راز ظاہر
کرنا ✦
بھان متی (ہ) بازی گر۔
تماشہ کرنے والا ✦
بہانہ (ف-مذ) عذر۔ حیلہ۔
دھوکا۔ فریب ✦
بہانہ جُو (ف-ص) بہانہ
ڈھونڈنے والا ✦
بہانہ جُوئی (ف-مث)
بہانہ تلاش کرنا ✦

بہائم (ع۔ مذ) جمع بہیمہ کی۔
چوپایہ جانور ٭
بھاؤ بتانا (ہ) حالت ظاہر
کرنا۔ اشارے کرنا ٭
بھائی بند (ہ۔ مذ)
رشتہ دار ٭
بھائی چارہ (ہ۔ مذ) برادری
بہکنا (ہ) بھٹکنا۔ بیزار ہونا
نشہ کی حالت میں شور مچانا
بھبکی (ہ۔ مث) دھمکی۔ گھرکی ٭
بھبھوت (ہ۔ مذ) راکھ
سواہ ٭
بھبھوت رمانا (ہ) بدن پر
راکھ ملنا۔ فقیر ہونا ٭
بہبودی (ف۔ مث) بہتری
اچھائی۔ ترقی ٭
بھبوکا (ہ۔ مذ) شعلہ۔ انگارہ
غضبناک۔ لال پیلا ٭
بہت (ہ۔ ص) زیادہ۔
وافر۔ کثیر ٭
بہت دور ہونا (ہ) فاصلے
پر ہونا۔ عقل نہ پہنچ سکنا ٭
بہتات (ہ۔ مث) حاصل مصدر

کثرت۔ زیادتی ٭
بہتان (ع۔ مذ) تہمت۔
الزام۔ عیب ٭
بہتر (ف۔ ص) خوب اچھا۔ عمدہ
بہتری (ف۔ مث۔ حاصل مصدر)
اچھائی۔ بھلائی ٭
بہتیرا (ہ۔ مذ) بہت۔ کافی ٭
بھتہ (ہ۔ مذ) الاؤنس۔
سفر خرچ وغیرہ ٭
بھٹہ (ہ۔ مذ) سٹا۔ مکی جوار
وغیرہ کا سٹا ٭
بھٹہ (ہ۔ مذ) اینٹیں پکانے کی بھٹی
بھٹکنا (ہ) گمراہ ہونا۔ دھوکا
کھانا۔ آوارہ پھرنا۔
بھٹیارا (ہ۔ مذ) نان بائی۔
سرائے کا خادم ٭
بھٹیار خانہ (ہ۔ مذ) سرائے ہر
کسی کے ٹھیرنے کی جگہ ٭
بھٹیاری (ہ۔ مث) بھٹیارے
کی جورو۔ سرائے والی عورت ٭
بہجت (ع۔ مث) خوشی۔
تازگی ٭
بھجن (س۔ مذ) خدا کی تعریف کے

گیت کسی بزرگ کی تعریف ٭
بہرا (ہ۔ ص) کانوں سے
معذور۔ ڈورا ٭
بھربھرا (ہ) خستہ۔ ہاتھ لگانے سے
ذرہ ذرہ ہونے والا خشک ٭
بھرپور (ہ۔ ص) پورا بھرا ہوا
بے پرواہ ٭
بھرتی (ہ۔ مث) پورا کرنا۔
سپاہی نوکر رکھنا۔ بیکار اسباب ٭
بھرتی کا شعر (ا۔ مذ) غزل کو
پورا کرنے کے واسطے بے مزہ شعر
بھرشٹ کرنا (ہ) خراب کرنا
ناپاک کرنا ٭
بہرحال (ف) ہر حالت میں
ہر طرح ٭
بہرکیف (ف) ہر حال میں
ہر طرح ٭
بھرم (ہ۔ مذ) عزت۔ آبرو
اعتبار۔ گمان ٭
بھرم جانا (ہ) عزت جانا
ساکھ جانا ٭
بھرم کھلنا (ہ) راز فاش
ہونا۔ اعتبار اٹھنا ٭

بھرمار (ہ-مث) کثرت۔ زیادتی
بھرمانا (ہ) شبہ میں ڈالنا۔ وہم میں پھنسانا +
بہروپ (س-مذ) سانگ بھرنا بھیس بدلنا +
بہروپیا (س-مذ) بھیس بدلنے والا۔ نقال +
بہرہ (ف-مذ) حصہ قسمت نصیب
بہرہ ور (ف-ص) نصیب والا حصہ دار +
بھروسا (ا-مذ) اعتبار۔ یقین۔ آسرا۔ اُمید +
بھڑاس (ا-مث) بخار۔ حسرت۔ غصہ +
بھڑاس نکالنا (ا) غصہ نکالنا رنجش ظاہر کرنا +
بھڑک (ہ-مث) چمک دمک +
بھڑک اُٹھنا (ہ) جل پڑنا غصے میں آنا +
بھڑکانا (ہ) آگ کو تیز کرنا۔ غصے میں لانا +
بھڑکے چھتے کو چھیڑنا (ہ) فسادی آدمی کو چھیڑنا +
بھُس ملانا (ہ) خرابی پیدا کرنا
بھُس میں چنگی ڈال جمالو دُور کھڑی (ہ) لڑائی کرا کر الگ ہو جانا +
بہشت (ف-مث) جنّت سورگ۔ باغ +
بہشتی (ف) بہشت کا رہنے والا مرحوم۔ ماشکی +
بھکاری (ہ-مذ) بھیک مانگنے والا۔ گداگر +
بہکانا (ا) دھوکا دینا۔ غلطی کرنا
بہکاوٹ (ا-مث) دھوکا دینا
بہکاوے میں آنا (ا) دھوکے میں آنا +
بہک اُٹھنا (ا) نشے یا بیہوشی کی حالت میں بکنا۔ کہہ دینا +
بھگت (ہ-مذ) پرہیزگار۔ نیک۔ طنزاً بدمعاش +
بھگتانا (ہ) پورا کرنا۔ جھگڑا چُکانا +
بھگوان (س-مذ) خدا تعالیٰ پرمیشور +
بھگو بھگو کر لگانا (ا) سخت لعنت ملامت کرنا +
بھگوڑا (ہ-مذ) بھاگ جانے والا ڈرپوک +
بھلا (ہ) اچھا۔ نیک۔ شریف +
بھلا کرنا (ہ) نیکی کرنا۔ اچھا سلوک کرنا +
بھلا مانس (ہ-مذ) بھلا آدمی شریف +
بھُلانا (ہ) یاد سے اُتار دینا دھوکہ دینا +
بہلانا (ہ) کھیل میں لگانا دل خوش کرنا +
بہلاوا (ا-مذ) تفریح۔ دل لگی
بہلی (ا-مث) چھوٹی سی گاڑی جسے بیل کھینچتے ہیں +
بہم (ف) ساتھ۔ آپس میں +
بھلائی (ہ-مث) نیکی۔ اچھائی
بہنا (ہ) پانی وغیرہ کا چلنا۔ برباد ہونا +
بھُننا (ہ) بریاں کرنا۔ روپیہ تڑوانا
بہم پہنچانا (ا) دستیاب ہونا ملنا +

بِھنبِھنانا (ہ) مکھیوں کے
اُڑتے وقت کی آواز +
بِھنبِھناہٹ (ہ - مث)
مکھیوں کی آواز +
بِھنڈار (ہ - مذ) گودام جمع شدہ ذخیرہ
بُھنگا (ہ - مذ) چھوٹا سا کیڑا جو
برسات میں پیدا ہوتا ہے +
بھنگڑ (ہ - مذ) بھنگ پینے والا
گپّی +
بھنگڑ خانہ (ہ - مذ) بھنگ گھوٹنے
اور پینے کی جگہ +
بَھنور (ہ - مذ) گرداب - پانی کا
چکر - غم - بلا +
بھوت (ہ - مذ) پریت -
شیطان - جن +
بُھوت اُتارنا (ہ) جن نکالنا
غصّہ اُتارنا +
بھوجن (س - مذ) کھانا طعام
کھانے کی چیز +
بھوچکّا (ہ) حیران - پریشان
بھور (ہ - مث) صبح - روشنی
نور کا تڑکا +
بھوگ (ہ - مث) کھانے کی

خواہش - ضرورت - حاجت
بھوگنا (ہ) برداشت کرنا -
سزا بھگتنا +
بُھول چُوک (ہ - مث) غلطی
خطا - گناہ +
بُھولنا (ہ) فراموش کرنا -
چوکنا - گمراہ ہونا - دھوکا کھانا
بُھولا بسرا (ہ) یاد سے اُترا
ہُوا - چُوکا ہُوا +
بھولا بھالا (ہ - ص) سیدھا
سادہ - معصُوم +
بُھول بُھلّیاں (ہ) جنتر منتر
گورکھ دھندا +
بُھولا بھٹکا (ہ) رستہ بُھولا
ہُوا گمراہ +
بُھونچال (ا - مذ) زلزلہ - لرزہ
بھونڈا (ہ - ص) بدشکل - بُرا
بھولی بھالی صورت (ہ)
پیاری صورت +
بَہُو (ہ) بیٹے کی بیوی - دلہن +
بَہی (ہ - مث) حساب کتاب
رکھنے کی کتاب یا کاپی +
بَہی کھاتا (ہ - مذ) حساب کی

کتاب - روزنامچہ +
بھیانک (ہ - ص) خوفناک
ڈراؤنا +
بھینٹ (ہ - مث) تحفہ
نذرانہ - صدقہ - قربانی +
بھینٹ چڑھانا (ہ) قربان
کرنا - نذر کرنا +
بھید (ا - مذ) پوشیدہ بات +
بھیرویں (ا - مث) ایک راگنی
کا نام ہے - جو صبح کے
وقت گائی جاتی ہے +
بھیڑ چال (ہ - مث) بلا سوچے
سمجھے کسی کے پیچھے چلنا +
بھیڑ بھاڑ (ہ - مث) بہت
بھیڑ - مجمع +
بھیس (ا - مذ) پوشاک
لباس - رُوپ +
بھیس بدلنا (ہ) سوانگ
بھرنا - لباس بدلنا +
بھیک (ا - مث) خیرات
مانگنا +
بھیگی بلّی بتانا (ہ) بہانہ کرنا
ٹالنا +

بھینی بھینی بُو (ا) لطیف بُو ہلکی ہلکی بُو ◆

بَہیمہ (ف) چارپایہ - درندہ ◆

(ب - ی)

بے (ف) بغیر - سوا ◆

بے آب وگیاہ (ف) بغیر پانی اور گھاس کے - غیر آباد جنگل ◆

بے اختیار (ف ص) بے بس مجبور - جبراً ◆

بے اَدب (ف - ص) گستاخ بے تمیز ◆

بے اصل (ف ص) بے بنیاد غلط - لغو ◆

بے اِعتنائی (ف مث) بے پرواہی - بے توجہی ◆

بے انتہا (ف ص) بیحد - بے شمار ◆

بے اندازہ (ف ص) بے حساب - بے شمار ◆

بے ایمان (ف ص) بے دین جھوٹا مکار

بے باق (ف ص) ادا شدہ جس حساب کی باقی نہ ہو ◆

بے باک (ف ص) بیخوف نڈر ◆

بے بال و پر (ف ص) بے دست و پا - بے یار ◆

بے بدل (ف ص) لاثانی بے نظیر ◆

بے بس (ف - ص) مجبور - بے اختیار ◆

بے بضاعت (ف ص) بے سروسامان - کم لیاقت ◆

بے بہا (ف - ص) بہت قیمتی بیش بہا ◆

بے بہرہ (ف ص) بے نصیب بدقسمت - محروم ◆

بے پر (ف ص) کمزور - ناتوان

بے پر کی اُڑانا (ا) غلط بات مشہور کرنا ◆

بے پردگی (ف مث) پردہ نہ رہنا - بے شرمی ◆

بے پردہ (ف) بغیر پردے کے - ظاہر - ننگا ◆

بے تاب (ف ص) ناتوان کمزور - بے چین - بے قرار ◆

بے تابی (ف مث) بیقراری گھبراہٹ ◆

بے تأمل (ف ص) بلا سوچے سمجھے ◆

بے تحاشا (ف ص) بیدھڑک اندھا دھند ◆

بے تقصیر (ف ص) بیگناہ بے جرم ◆

بے تکلف (ف) آزادانہ ظاہرداری کے بغیر ◆

بے تمیز (ف ص) بے ادب گستاخ ◆

بے توجہی (ف مث) دھیان نہ دینا - لاپرواہی ◆

بے ٹھکانا (ف) آوارہ لاپتہ

بے ثمر (ف ص) بے فائدہ

بے محل (ف ص) بے موقع ◆

بے جان (ف ص) مرا ہوا مرجھایا ہوا - کمزور ◆

بے جوڑ (ا ص) نامناسب نادرست ◆

بیچارہ (ا ص) عاجز - کنگال - بے بس ◆

بے چراغ (ا-ص) بے اولاد غیر آباد ٭
بے چوبا (ف-مث) بغیر ستونوں کے - بغیر چوبوں کے ٭
بے چین (ا-ص) بے آرام بے قرار ٭
بے چینی (ف-مث) بیقراری گھبراہٹ ٭
بے حال (ف-ص) بُرے حال والا - غریب - مفلس ٭
بے حجاب (ف-ص) بے پردہ بے شرم - بے تکلف ٭
بے حد (ف) بہت - بے شمار - زیادہ ٭
بیحرمت (ف-ص) بیعزت
بے حرمتی (ف) بے عزتی ٭
بیحساب (ف) بہت بیشمار
بے حس و حرکت (ف-ص) بے ہوش ٭
بے حمیت (ف-ص) بے غیرت - بے شرم ٭
بے حقیقت (ف-ص) بے بُنیاد - غلط ٭

بے حیا (ف-ص) بے شرم گُستاخ ٭
بے حیائی (ف) بے شرمی ٭
بے خانماں (ف-ص) بے گھر - برباد - آوارہ ٭
بے خبر (ف-ص) غافل جاہل
بے خطر (ف-ص) بیخوف نڈر
بیخوابی (ف-مث) بے چینی بے آرامی ٭
بیخود (ف) مست - آپے سے باہر - بے خبر ٭
بیخودی (ف-مث) بیہوشی مستی - از خود رفتگی ٭
بے خوف (ف-ص) نڈر دلیر
بے داغ (ف-ص) بے عیب بے گناہ ٭
بے دخل (ف-ص) جس کا کوئی دخل اور واسطہ نہ ہو ٭
بے درد (ف-ص) بے رحم سنگدل ٭
بے دردی (ف-مث) بے رحمی - ظلم ٭
بے دریغ (ف-ص)

بلا توقف - خوشی سے ٭
بے دست و پا (ف-ص) عاجز بے یار و بے مددگار ٭
بے دل (ف-ص) اُداس دل برداشتہ ٭
بیدم (ف-ص) کمزور مُردہ
بے درماں (ف-ص) لاعلاج
بے ڈھب (ا-ص) بے طرح - بے ڈھنگا ٭
بے دماغ (ا-ص) بے عقل بے سمجھ ٭
بے ربط (ف-ص) بے تعلق بے واسطہ - بے جوڑ ٭
بے رحم (ف-ص) سخت دِل - ظالم ٭
بے ریا (ف-ص) بغیر دکھلاوے کے - صاف صاف - مخلص ٭
بے زبان (ف-ص) خاموش باحیا - گونگا ٭
بے رونق (ف-ص) غیر آباد
بے روزگار (ف-ص) نکما بے ہنر
بے زر (ف-ص) غریب - مفلس - گدا ٭

بے زوال (ف ص) ہمیشہ رہنے والا۔ نہ گھٹنے والا
بے ساختہ (ف ص) بے ارادہ بلا تکلف ٭
بے سروسامان (ف ص) مسافر۔ غریب۔ مفلس ٭
بے سلیقہ (ف ص) بے تمیز
بے شعور (ف ص) بے تمیز بے عقل ٭
بے سود (ف ص) بے نفع فضول ٭
بے شک (ف) درست صحیح ٭
بے سکت (ف ص) بے طاقت۔ کمزور۔ نادار ٭
بے علم (ف ص) جاہل۔ اَن پڑھ ٭
بے صبر (ف ص) بے قرار جو آدمی صبر نہ کرے ٭
بے طرح (ا) زیادہ۔ بُری طرح
بے عزت (ا ص) ذلیل و خوار
بے عقل (ف ص) بے سمجھ بے وقوف ٭

بے عیب (ف ص) بے گناہ پاک صاف۔ ستھرا ٭
بے عدیل (ف ص) بے مثال بے نظیر ٭
بے غم (ا ص) بے فکر۔ خوش و خورم ٭
بے غیرت (ا ص) بے شرم
بیفائدہ (ا ص) بے سود بے ضرورت۔ فضول ٭
بے فیض (ف ص) کنجوس جس سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے ٭
بے قابو (ا) سرکش۔ خود مختار
بیقاعدہ (ف ص) بے جا بے ترتیب ٭
بے قصور (ف ص) بیگناہ
بیقرار (ف ص) بے چین گھبرایا ہوا ٭
بے قیاس (ف ص) بیحد بے شمار ٭
بیکار (ف ص) نکما۔ ناکارہ ٭
بیکراں (ف ص) بیکنارہ۔ بہت لمبا چوڑا ٭

بیکس (ف ص) بے یار بے مددگار ٭
بے کھٹکے (ا) بے ڈر۔ بیجھجک
بیکل (ف ص) بیقرار بے چین
بے کم و کاست (ف) بغیر کمی کے۔ پورے کا پورا۔ ٹھیک
بے گناہ (ف ص) بے قصور بے عیب ٭
بے لاگ (ا) بے تعلق۔ صاف
بے لحاظ (ف ص) بے شرم بے تمیز ٭
بے لگام (ف ص) بے قابو ٭
بے محابا (ف ص) بیخوف بے دھڑک ٭
بے مروت (ف ص) بے لحاظ طوطا چشم ٭
بے معنی (ف ص) بے مطلب لغو۔ مہمل ٭
بے منت (ف ص) بے احسان ٭
بے نصیب (ف ص) بد قسمت

بدبخت ✣
بے نظیر (ف۔ص) لاثانی
بے مثال ✣
بے نقط سنانا (ا) گالیاں
دینا۔ بُرا بھلا کہنا ✣
بے نمک (ا۔ص) بدمزہ
بے رونق ✣
بے نیاز (ف۔ص) بے پرواہ
بے نیل مرام (ف۔ص)
بے مراد۔ بغیر مطلب حاصل کئے
بے نوا (ف۔ص) بے سروسامان
غریب۔ مفلس ✣
بے وفا (ف۔ص) قول کا کچا
وعدہ پورا نہ کرنے والا ✣
بے وُقری (ف۔مث)
بے عزّتی۔ خِفّت ✣
بے وقوف (ف۔ص)
بے سمجھ۔ نادان ✣
بے ہمّت (ف۔ص)
کم حوصلہ۔ بُزدل ✣
بے ہُنر (ف۔ص) نکمّا۔ جو
کسی کام کا نہ ہو ✣
بے یار (ف۔ص) بے مددگار

اکیلا۔ تنہا ✣
بیاباں (ف۔مذ) جنگل ✣
بیاج (ہ۔مذ) سُود ✣
بیاض (ف۔مث) یادداشت
یا اشعار لکھنے کی چھوٹی سی
کاپی ✣
بیان (ا۔مذ) اظہار۔ گفتگو
قول ✣
بَیت (ع۔مث) گھر۔ خانہ۔ حویلی
بَیت (ا۔مث) شعر۔ دوہڑہ
بَیت الحرام (ع۔مذ) خانہ
کعبہ۔ مکّہ معظمہ ✣
بَیت الحُزن (ع۔مذ) غم کا
گھر۔ مصیبت کا گھر ✣
بَیت الخلا (ع۔مذ) ٹٹّی ✣
بَیت اللہ (ف۔مذ) خدا
کا گھر۔ کعبہ ✣
بَیت العتیق (ع۔مذ) پُرانا
مکان۔ قدیم گھر۔ خانہ کعبہ ✣
بَیت الغزل (ف۔مذ) غزل
کا سب سے عمدہ شعر ✣
بَیت المال (ف۔مذ)
سرکاری خزانہ ✣

بَیت المقدّس (ف۔مذ)
پاک گھر۔ یروشلم کی مسجد
کو کہتے ہیں ✣
بیٹھ جانا (ا) تباہ ہو جانا
برباد ہو جانا۔ ٹھیک آنا۔
بیٹھنا۔ سوار ہونا۔ گر پڑنا ✣
بِیج (ا۔مذ) تخم ✣
بیج مارا جانا (ا) بیج تک
نہ رہنا۔ نسل نہ بڑھنا ✣
بیج ناس کرنا (ا) برباد
کرنا۔ نیست و نابود کرنا ✣
بِیچ (ا۔مذ) درمیان۔ اندر
بیچ میں پڑنا (ا) فیصلہ
کرانا۔ صلح کرانا۔ رستے میں آنا
بیچک (ہ۔مذ) مالی کی فہرست
مع نرخ و قیمت کے ✣
بیخ (ہ۔مث) جڑ۔ اصل ✣
بیخ کنی (ف۔مث) جڑ
نکالنا۔ برباد کرنا ✣
بید (ا۔مذ) ایک درخت کا
نام ہے جس کی شاخیں بہت
لچکدار ہوتی ہیں ✣
بید مجنوں (ف۔مذ) ایک قسم کا

بید کا درخت جس کی شاخیں
نازک اور پتے باریک ہوتے
ہیں۔ ہر وقت جھکے رہنے کے
باعث یہ نام ہے ✦
بیدِ مُشک (ف۔مذ) ایک قسم کا
درخت ہے۔ جس کا عرق
نکالا جاتا ہے ✦
بیداد (ف۔مث) ظلم ستم
بے انصافی ✦
بیدادگر (ف۔مذ) ظالم۔ بے
انصاف ✦
بیدار (ف۔ص) جاگتا ہوا ✦
بیدار بخت (ف۔ص) خوش
نصیب ✦
بیدار مغز (ف۔ص) ہوشیار
سمجھ دار ✦
بیربل (ا۔مذ) اکبر کے نو رتنوں
میں سے ایک مشہور نو رتن
کا نام ہے ✦
بَیر (ہ۔مذ) دشمنی۔ رنج۔ دُکھ ✦
بَیر لینا (ہ) بدلہ لینا۔ عوض لینا
بیراگ (ہ۔مذ) ریاضت نفس
کُشی۔ فقیری ✦

بیراگی (س۔ص) جوگی۔ تارک الدنیا ✦
بیر بہوٹی (ہ۔مث) سُرخ رنگ کا
کیڑا۔ جو اکثر برسات میں پیدا
ہوتا ہے ✦
بَیرق (ف۔مذ) نشان۔ جھنڈا ✦
بیرنگ (انگ۔ص) وہ چٹھی یا
مال جس کا محصول پہلے ادا نہ
کیا گیا ہو۔ خالی۔ ناکام ✦
بیروزہ (ا۔مذ) گندہ بیروزہ ✦
بیرون (ف۔ص) باہر ✦
بیرونجات (ف۔ص) شہر سے
باہر۔ دیہات ✦
بیڑا (ہ۔مذ) کشتی۔ بہت سے جنگی
جہازوں کی قطار ✦
بیڑا پار کرنا (ہ) پار اُتارنا۔
مصیبت دُور کرنا ✦
بیڑا اُٹھانا (ہ) ذمہ لینا۔ عہد
کرنا۔ آمادہ ہونا ✦
بیڑی (ہ۔مث) لوہے کی زنجیر
جو مجرموں کو پہناتے ہیں ✦
بیڑی کٹنا (ہ) آزاد ہونا۔ رہا ہونا
بیزار (ف۔ص) بے دل۔ ناخوش
بیسن (ہ۔مذ) چنے کا آٹا ✦

بیسنی (ہ۔ص) بیسن سے بنی ہوئی ✦
بیسوا (ہ۔مث) رنڈی۔ فاحشہ ✦
بیش (ف۔ص) زیادہ ✦
بیش از بیش (ف) زیادہ
سے زیادہ ✦
بیشتر (ف) اکثر۔ زیادہ تر ✦
بیش قیمت (ف۔ص) زیادہ
قیمت والی شے۔ قیمتی ✦
بیشہ (ف۔مذ) جنگل۔ بیابان ✦
بیشی (ف۔مذ) زیادتی۔ کثرت ✦
بَیضوی (ف۔ص) انڈے کی
شکل کی چیز ✦
بَیضہ (ع۔مذ) انڈا ✦
بَیطار (ع۔مذ) گھوڑوں کا
ڈاکٹر۔ سلوتری ✦
بَیع (ع۔مذ) فروخت۔ بکری ✦
بَیع نامہ (ف۔مذ) وہ دستاویز
جو کسی چیز کی بکری پر تحریر
ہوئی ہو ✦
بَیعت (ع۔مث) مُرید ہونا
پیر یا گرو کے ہاتھ میں ہاتھ
دینا ✦
بَیعانہ (ع۔مذ) سائی۔ پیشگی

بَیگ (انگ - مذ) تھیلا +
بیگ (ف - مذ) امیر - سردار +
بیگار (ف - مذ) جبراً مفت کام
لینا - بیدلی کا کام +
بیگار ٹالنا (ف) بے دلی اور
لاپرواہی سے کام کرنا +
بیگانگی (ف - مث) بیگانہ
ہونا - غیر ہونا +
بیگانہ (ف - مذ) غیر - جو اپنا
نہ ہو - ناواقف +
بیگانگت (ف - مث)
ناواقفیت - دُوری +
بیگم (ف - مث) ملکہ - خاتون
امیرزادی +
بیگھہ (ہ - مذ) زمین کی ایک مقدار
بیل منڈھے چڑھنا (ا) اس
بلوغ کو پہنچنا - شادی ہونا
بیلچہ (ف - مذ) کدال پنجابی کی +
بیلدار (ف - مذ) سڑکوں کے
درختوں کی رکھوالی کرنے
والا +
بیلَن (ہ - مذ) لکڑی کا گول ڈنڈا
جس سے روٹی وغیرہ کو بڑھاتے ہیں +

بَیلنس (انگ - مذ) بقایا - باقی
برابری - ہموزنی +
بَیلون (انگ - مذ) غبارہ +
بِیم (ف - مذ) ڈر - خوف +
بیمار (ف - ص) مریض - دُکھی +
بیمار پُرسی (ف - مث) بیمار کا
حال پوچھنا - عیادت +
بیماری (ف - مث) مرض - دُکھ +
بیمہ (ا - مذ) ٹھیکہ - ضمانت +
بَیِّن (ف - ص) واضح - روشن +
بَین (ہ - مذ) وَین - مُردے کی خوبیاں
بیان کرکے رونا +
بِین (ہ - مث) ایک ساز کا نام
ہے جو منہ سے بجایا جاتا ہے +
بَین (ع - مذ) درمیان میں +
بین السُّطُور (ع) سطروں کے
درمیان +
بِینا (ف - ص) دیکھنے والا -
ہوشیار +
بینائی (ف - مث) نظر -
دانائی +
بِینتی (ہ - مث) درخواست عرض +
بَینڈ (انگ - مذ) انگریزی باجہ +

بینڈا (ہ - ص) ترچھا - ٹیڑھا -
اکھڑ +
بَینکر (انگ - مذ) مہاجن - روپے
کا لین دین کرنے والا +
بینگن (ہ - مذ) وتاؤں +
بِینی (ف - مث) ناک - وہ
لکڑی جو کواڑوں کو ٹھیک
بند کرنے کے واسطے درمیان
میں لگائی جاتی ہے +
بیوپار (ہ - مذ) تجارت -
لین دین +
بیُوت (ع - مذ) جمع بیت کی
گھر +
بیونت (ہ - مذ) کاٹ -
تراشش +
بیوہ (ہ - مث) وہ عورت جس
کا خاوند مر چکا ہو +
بیہودہ (ف - ص) فضول -
نکما - بے فائدہ +
بے ہودگی (ف - مث)
نالائقی - حماقت - واہیات
بات +

پ

فارسی اور اردو کا تیسرا حرف - عدد اس کے دو ہیں۔

پا (ف - مذ) پاؤں - پیر - نیچے - بنیاد ۔

پا انداز (ف - مذ) وہ موٹا سا ٹاٹ کا بُرا والا ٹکڑا جو پاؤں صاف کرنے کے لئے دروازے پر رکھا جاتا ہے ۔

پابند (ف - ص) عادی - مطیع گرفتار ۔

پابندی (ف - مث) روک - تابعداری ۔

پابوس (ف) پاؤں چومنے والا ۔

پابوسی (ف - مث) پاؤں چومنا جھکنا ۔

پابہ جولاں (ف - ص) پاؤں میں بیڑی - بے بس ۔

پابہ زنجیر (ف - ص) بے بس - مجبور - پاؤں میں زنجیر ۔

پاپیادہ (ف) پیدل - سواری کے بغیر ۔

پاپ (ہ - مذ) گناہ - جُرم ۔

پاپڑ (ہ - مذ) دال کے آٹے کی نہایت پتلی سی چپاتی ۔

پاپڑ بیلنا (ہ) مصیبت دیکھنا غریبی اور تنگی میں دن گذرنا

پاپن (ہ - مث) گنہگار عورت ۔

پاپوش (ف - مث) جُوتی ۔

پاپی (ہ - مذ) پاپ کرنے والا گنہ گار ۔

پات (ہ - مذ) پتا - ورق - ساگ

پاتال (ہ - مث) سب سے نیچے کا طبقہ - تہ ۔

پاٹ (ہ - مذ) چوڑائی - پُڑ ۔

پاٹنا (ہ) چھت ڈالنا - چھپانا - بند کرنا ۔

پاٹھ (ہ - مذ) سبق - عبادت ۔

پاٹھ شالا (ہ - مذ) مدرسہ پڑھنے کا مکان ۔

پاجامہ (ف - مذ) شلوار - زیر جامہ

پاجی (ف - مذ) کمینہ - رذیل - لُچا

پاخانہ (ف - مذ) ٹٹی

پاداش (ف - مث) بدلہ - عوض سزا ۔

پادری (ا - مذ) عیسائیوں کا پیشوا

پادشاہ (ف - مذ) سلطان - بادشاہ

پار (ا - مذ) پرلا کنارہ - دوسری طرف - پچھلا سال ۔

پارہ (ہ - مذ) ایک سفید سی بہنے والی دھات کا نام ہے سیماب ۔

پار اُتارنا (ہ) کنارے لگانا ختم کرنا ۔

پارٹ (انگ - مذ) حصہ - ٹکڑا

پارٹی (انگ - مث) گروہ الوداعی جلسہ ۔

پارچہ (ف - مذ) کپڑا ۔

پارس (ف - مذ) ایک پتھر جو لوہے سے چھو جائے تو اسے سونا بنا دیتا ہے - اکسیر ۔

پارس (ف - مذ) ملک ایران کا نام ہے ۔

پارسا (ف - ص) بزرگ - نیک ۔

پارسل (انگ۔ مذ) گٹھری۔ پلندہ +
پارسال (ف۔ مذ) پچھلے سال گذشتہ +
پارسائی (ف۔ مث) نیکی۔ بزرگی
پارسی (ف۔ مذ) ایرانی۔ آتش پرست +
پارلیمینٹ (انگ۔ مث) کسی ملک کی سب سے بڑی قانون ساز مجلس +
پارک (انگ۔ مذ) احاطہ +
پارہ (ف۔ مذ) ٹکڑا۔ سیماب +
پارہ پارہ کرنا (ف) ٹکڑے ٹکڑے کرنا +
پازیب (ف۔ مث) پاؤں میں پہننے کا ایک زیور +
پاس (ف۔ مذ) پہر۔ لحاظ۔ خاطر
پاس (ہ) قریب۔ نزدیک +
پاس (انگ۔ مذ) اجازت۔ پروانہ
پاس بُک (انگ۔ مث) بنک کے لین دین کی کتاب +
پاسا (ہ۔ مذ) پہلو۔ رُخ۔ قرعہ
پاسبان (ف۔ مذ) چوکیدار +
پاسداری (ف۔ مث) لحاظ۔ طرفداری

پاسنگ (ف۔ مذ) تھوڑا۔ ذرا سا کچھ نہیں۔ ترازو کے پلڑوں کا فرق دُور کرنے کے لئے جو ہلکا سا وزن رکھا جاتا ہے +
پاسنگ بھی نہیں (ف) محاورہ کچھ بھی نہیں +
پاشا (ف۔ مذ) حاکم۔ ترکی افسر +
پاش پاش (ف) ٹکڑے ٹکڑے +
پاک (ف۔ ص) صاف ستھرا۔ بے گناہ۔ بالکل +
پاک باز (ف۔ ص) سچّا۔ نیک نیت +
پاک دامن (ف۔ ص) نیک +
پاک دل (ف۔ ص) صاف دل۔ نیک +
پاک رہ بیباک رہ (ف) بے عیب ہو۔ اور کسی سے نہ ڈر +
پاکھر (ہ۔ مث) ترپال۔ ٹاٹ کا جھول +
پاکھنڈ (ہ۔ مذ) جھگڑا۔ دھوکا +
پاکیزگی (ف۔ مث) صفائی۔ ستھراپن +

پاکیزہ (ف۔ ص) صاف ستھرا +
پاگل (ہ۔ مذ) دیوانہ۔ سودائی۔ بے وقوف +
پاگل خانہ (ف۔ مذ) وہ جگہ جہاں پاگل رکھے جاتے ہیں +
پالا (ہ۔ مذ) سردی۔ واسطہ۔ میدان
پالا پڑنا (ہ) واسطہ پڑنا۔ برف پڑنا +
پالان (ہ۔ مذ) گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ پر حفاظت کے لئے ڈالنے کا نرم کپڑا +
پالا پوسا (ہ) پرورش کیا +
پالتو (ہ۔ ص) جو جانور گھروں میں پالے جاتے ہیں۔ گائے بکری وغیرہ +
پالتی (ہ۔ مث) چار زانو بیٹھنا پلیتھی مارنا +
پالیسی (انگ۔ مث) مصلحت۔ حکمت عملی۔ چال +
پالش (انگ۔ مذ) روغن۔ چمک۔ صفائی +
پالکی (ہ۔ مث) ڈولی +

پام (انگ ۔ مث) ہتھیلی ۔ ایک قسم کا چوڑے اور چروے پتوں والا پودا ۔

پامال (ف ۔ ص) پیروں سے رگڑا ہوا ۔ تباہ ۔ برباد ۔

پان (ہ ۔ مذ) تنبول ۔ ایک قسم کا پتہ جو اکثر کھایا جاتا ہے ۔

پانچوں انگلیاں برابر نہیں (ق) سب آدمی یکساں نہیں ۔

پانچوں انگلیاں گھی میں (ق) خوب مزے میں ۔

پان دان (ف ۔ مذ) پان رکھنے کا برتن ۔ ڈبہ ۔

پانڈو (س ۔ مذ) پانڈو کی اولاد ارجن اور باقی اس کے چار بھائی ۔

پانی (ہ ۔ مذ) جل ۔ آب ۔ نرم چمک ۔ شرم ۔

پانی پانی کرنا (ق) شرمندہ کرنا

پانی پانی ہونا (ق) شرمندہ ہونا

پانی پی پی کر کوسنا (ق) بہت کوسنا ۔ بے انتہا بددعا دینا ۔

پانی پھیرنا (ق) تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ احسان بھول جانا ۔

پانی کے مول (ق) بہت سستا

پاؤں (ہ ۔ مذ) پیر ۔ قدم ۔ چرن ۔

پاؤں اُکھڑ جانا (ہ) جگہ چھوڑ دینا ۔ شکست ہونا ۔

پاؤں بڑھانا (ہ) آگے ہونا ۔ جلدی جلدی چلنا ۔

پاؤں پسارنا (ہ) پاؤں لمبے کرنا ۔ ضد کرنا ۔

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا (ق) احتیاط کرنا ۔ ڈر ڈر کر قدم رکھنا ۔

پاؤں تلے کی زمین سرک جانا (ق) ہوش اُڑ جانا ۔ نہایت ڈرنا ۔

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا (ق) اوسان جاتے رہنا ۔

پاؤں جمانا (ق) قبضہ کرنا ۔ ہمت کرنا ۔

پاؤں رہ جانا (ق) تھک جانا ۔ مجبور ہونا ۔

پایاب (ف ۔ ص) کم گہرا پانی ۔

پائپ (انگ ۔ مذ) بنسری ۔ بین ۔ پتلی نلی ۔ تمباکو پینے کی نلی ۔

پائیدار (ف ۔ ص) مضبوط ۔ قائم ۔

پایہ (ف ۔ مذ) پیر ۔ رتبہ ۔ درجہ ۔

پایۂ تخت (ف ۔ مذ) دارالخلافہ ۔

پایۂ ثبوت کو پہنچنا (ق) ثابت ہو جانا ۔

پایۂ تکمیل کو پہنچنا (ق) مکمل ہو جانا ۔

پائمال (ف ۔ ص) پامال تباہ ۔ برباد ۔

پائینتی (ہ ۔ مث) چارپائی کا وہ حصّہ جدھر پاؤں کرکے سوتے ہیں ۔ (پ) پواندی ۔

(پ ۔ ب)

پبلشر (انگ ۔ مذ) جو کسی کتاب یا اخبار یا رسالے کو شائع کرنے والا ۔

پبلک (انگ ۔ مث) عام لوگ ۔ کل خلقت ۔ مخلوق ۔

پبلک لائف (انگ ۔ مث) کسی شخص کی زندگی کا وہ حصہ جس سے وہ عوام میں مشہور ہو ۔

پُبلک انسٹرکشن (انگ۔ مث) تعلیم عامہ ٭

پبلک پراسیکیوٹر (انگ۔ مذ) سرکاری وکیل ٭

پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ (انگ۔ مذ) سرکاری تعمیرات کا محکمہ ٭

(پ۔ پ)

پپڑ (ہ۔ مذ) چھلکا۔ کھرنڈ۔ خشک۔ پرت ٭

پپوٹا (ہ۔ مذ) آنکھ کا پردہ ٭

پپیانا (ہ) پیپ پڑنا۔ زخم پکنا

پپیہا (ہ۔ مذ) مشہور پرندہ ہے جو برسات میں پی پی کی پیاری اور درد بھری آواز سے بولتا ہے ٭

(پ۔ ت)

پُت (ہ۔ مث) عزت۔ آبرو۔ بھرم ٭

پِتا (ہ۔ مذ) باپ۔ پدر ٭

پتّا (ہ۔ مذ) برگ۔ ورق ٭

پِتّا (ہ۔ مذ) زہرہ۔ حوصلہ۔ ہمت۔ غصہ ٭

پَتال (د۔ مث) زمین کا نچلا حصہ۔ تہ ٭

پتال جنتر (ہ۔ مذ) بادام وغیرہ کا تیل نکالنے کا آلہ ٭

پت جھڑ (ہ۔ مث) پتوں کا جھڑنا۔ خزاں ٭

پترا (ہ۔ مذ) ورق۔ دھات کا ٹکڑا۔ جنتری ٭

پتلا (ہ۔ ص) رقیق۔ بہنے والا۔ نرم ٭

پُتلا (ہ۔ مذ) مورت تصویر۔ جسم ٭

پُتلی (ہ۔ مث) گڑیا۔ مٹی کی مورت۔ آنکھ کے اندر کی سیاہی۔ خوبصورت ٭

پتنگ (ہ۔ مذ) کنکوا۔ گڈی ٭

پتنگ اڑانا (ہ۔ مث) کنکوا اُڑانا

پتنگا (ہ۔ مذ) پروانہ۔ پردار کیڑا

پتھر (ہ۔ مذ) سنگ۔ چکی ٭

پتھرانا (ہ) متحیر ہو جانا۔ مرتے وقت آنکھ کی بینائی زائل ہو جانا ٭

پتھر کا دل (ا) نہایت مضبوط دل۔ سخت دل ٭

پتھر کی چھاتی (ہ۔ مث) چھاتی کا مضبوط ہونا۔ سخت دلی۔ ہمت ٭

پتھر کی لکیر (ہ۔ مث) نہ بھولنے والی بات۔ مضبوط ٭

پتھر ہونا (ہ) سخت ہونا۔ شل ہونا۔ بت ہونا۔ چپ ہونا ٭

پتھریلا (ہ۔ ص) پتھر کا بنا ہوا۔ سخت ٭

پَتی (ہ۔ مذ) شوہر۔ خاوند ٭

پَتّی (ہ۔ مث) حصہ۔ شراکت ٭

پتہ (ہ۔ مذ) نشان ٭

پتے کی بات کہنا (ہ) صحیح بات کہنا۔ چوٹ کرنا ٭

(پ۔ ٹ)

پَٹ (ہ۔ مذ) کواڑ۔ تختہ۔ ریشم ٭

پٹا (ہ۔ مذ) گلوبند۔ طوق۔ ٹھیکے کا کاغذ ٭

پٹاخا (ہ۔ مذ) پڑاکا۔ آتشبازی۔ چالاک۔ تیز۔ خوبصورت ٭

پٹاری (ہ۔ مث) بید یا بانس کی صندوقچی۔ ٹوکری ٭

پٹاش (انگ۔ مث) ایک

آتش گیر مادہ جس سے پٹاخے بنتے ہیں ٭

پٹخنا (ہ) دے مارنا۔ پچھاڑنا۔

پٹرول (انگ۔ مذ) تیل جو موٹر وغیرہ کے انجنوں میں جلتا ہے ٭

پٹکا (ہ۔ مذ) کمربند ٭

پٹواری (ہ۔ مذ) گاؤں کے رقبے پیداوار اور معاملے کا حساب کتاب رکھنے والا منشی ٭

پٹھا (ہ۔ مذ) پہلوان۔ جوان پہلوان کا شاگرد ٭

پٹھان (ا۔ مذ) افغانستان کا رہنے والا۔ مضبوط۔ بہادر ٭

پٹی (ہ۔ مث) دھجی۔ لیر۔ زخم پر مرہم وغیرہ لگا کر باندھنے کا کپڑا

پٹی پڑھانا (ہ۔ ص) بہکانا۔ ورغلانا ٭

(پ۔ ج۔ چ)

پجاری (ہ۔ مذ) پوجا کرنیوالا ٭

پچارا (ہ۔ مذ) برش۔ کوچی ٭

پچ (ہ۔ مث) طرفداری۔ ضد ٭

پچھتاوا (ہ۔ مذ) افسوس۔ شرم۔ رنج

پچھتانا (ہ) افسوس کرنا۔ پشیمان ہونا ٭

پچر (ہ۔ مث) میخ۔ روک ٭

پچکار (ہ۔ مث) پیار۔ دلاسا۔

پچکارنا (ہ) پیار کرنا۔ دلاسا دینا

پچکاری (ہ۔ مث) پانی وغیرہ پھینکنے کا آلہ۔ ہوا بھرنے کا آلہ ٭

پچکنا (ہ) سکڑنا ٭

پچھم (ہ۔ مذ) مغرب ٭

پچھواڑہ (ہ۔ مذ) مکان کی پیٹھ

پچی کاری (ہ۔ مث) جڑاؤ کام چونہ گچ کام ٭

(پ۔ خ)

پختگی (ف۔ مث) مضبوطی ٭

پختہ (ف۔ ص) مضبوط ٭

پختہ کار (ف۔ ص) تجربہ کار ٭

پختہ کرنا (ا) مضبوط کرنا۔ اچھی طرح سمجھانا ٭

(پ۔ د)

پد (ہ۔ مذ) قدم۔ پاؤں ٭

پدر (ف۔ مذ) باپ۔ پتا۔ والد ٭

پدرانہ (ف۔ ص) باپ کی مانند ٭

پدری (ف۔ ص) باپ کا موروثی

پدمنی (ہ۔ مث) نہایت خوب صورت عورت۔ ایک مشہور رانی کا نام ہے ٭

پدھارنا (ہ) تشریف لانا سدھارنا ٭

پذیر (ف فعل امر) قبول کر۔ منظور۔ قبول کرنے والا ٭

پذیرائی (ف) قبولیت ٭

(پ۔ ر)

پر (ہ۔ مذ حرف شرط) مگر۔ لیکن ٭

پر (ہ۔ مذ) پرندے کا بازو ٭

پر باندھنا (ا) مجبور کرنا۔ عاجز کرنا ٭

پر ٹوٹنا (ا) کمزور ہونا ٭

پردار (ف۔ مذ) پروالا۔ پرند

پر لگنا (ا) اترانا۔ شیخی مارنا اڑنا ٭

پر نکالنا (ا) عقل آنا۔ جوبن آنا۔ شرارتیں کرنا ٭

پر (ف۔ ص) بھرا ہوا ٭

پرا (ہ۔ مذ) قطار۔ صف۔ لائن ٭

پرات (ہ۔ مث) طشت۔ تھال ٭

پراٹھا (ہ۔مذ) روغنی روٹی ؂
پراٹسٹنٹ (انگ۔مذ)
عیسائیوں کے ایک مذہبی
فرقے کا نام ہے ؂
پراچین (ہ۔ص) بہت پرانا
قدیم ؂
پرارتھنا (ہ۔مث) دعا
التماس۔ التجا ؂
پراگندگی (ف۔مث) پریشانی
پراگندہ (ف) پریشان
بکھرا ہوا ؂
پران (ہ۔مذ) جان۔ روح۔
سانس ؂
پران لینا (ہ) جان لینا ؂
پران چھوٹنا (ہ) موت آنا
حوصلہ نہ رہنا۔ دم خشک
ہونا ؂
پُران (س۔مذ) پرانا۔ قدیم
ہندوؤں کی مذہبی کتابیں
جو تعداد میں اٹھارہ ہیں ؂
پرانا خرانٹ (ہ۔مذ) تجربہ
کار۔ چالاک ؂
پرانی (ہ) ہنڈی خراب پھٹی ہوئی

پراونس (انگ۔مذ) صوبہ
پرائیز (انگ۔مذ) انعام ؂
پرائمری (انگ ص) ابتدائی
پربت (ہ۔مذ) پہاڑ۔ کوہ ؂
پربندھ (س مذ) بندوبست انتظام ؂
پربھو (س۔مذ) مالک۔ خدا ؂
پرائی آنکھیں کام نہیں
آتیں (ل) دوسرے کی چیز
پر بھروسا نہیں کرنا چاہئیے ؂
پرائے مال پر یا حسین (ل)
پرائے مال پر شیخی مارنا ؂
پرائیویٹ (انگ۔ص) نجی
خانگی ؂
پرائیویٹ لائف (انگ۔مث)
خانگی زندگی ؂
پرتیتھ (ہ۔مث) تیسری نقل
پرت (ہ۔مذ) ورق۔ تہ۔
چھلکا۔ نقل ؂
پرتاب (س۔مذ) شان۔
عزت۔ چمک ؂
پرتاب (ف۔ص) زور سے
دور جانے والا تیر ؂
پرتال (ہ۔مث) دیکھ بھال ؂

سنبھالنا ؂
پُرتاثیر (ف۔ص) اثر سے
بھرا ہوا ؂
پُرتکلف (ف۔ص) امیرانہ
عمدہ۔ اعلےٰ ؂
پُرجوش (ف۔ص) زوردار۔
جوش والا ؂
پُرمغز (ف۔ص) پُرمعنی۔
بہت عمدہ ؂
پرتو (ف۔مذ) چمک۔ نور۔ عکس ؂
پرجا (ہ۔مث) رعایا ؂
پرچ (انگ۔مث) رکابی ؂
پرچہ (ف۔مذ) کاغذ۔ اخبار۔ ٹکڑا
پرچہ نویس (ف۔مث)
مخبر۔ جاسوس ؂
پرچھاؤں (ہ۔مذ) سایہ۔ عکس ؂
پرخاش (ف۔مث) لڑائی
رنجش ؂
پرداخت (ف۔مث) پرورش
دھیان ؂
پردہ (ف۔مذ) گھونگھٹ۔
نقاب۔ راز۔ باجے کی سُر
پردہ پوش (ف۔مذ) عیب

چھپانے والا ÷

پردہ دار (ف۔ص) پردہ رکھنے والا۔ چھپانے والا ÷

پردہ دری (ف۔مث) پردہ کھولنا۔ راز فاش کرنا ÷

پردہ رکھنا (ف) کسی کا راز چھپا رکھنا۔ پردہ کرنا ÷

پردہ ڈھانکنا (ف) کسی کے عیب چھپا لینا ÷

پردہ فاش کرنا یا کھولنا (ف) کسی کا راز ظاہر کرنا۔

پردہ نشین (ف۔ص) پردے میں بیٹھنے والی۔ پاکدامن ÷

پَردیس (ہ۔مذ) بیگانہ ملک ÷

پَردیسی (ہ۔مذ) دوسرے ملک کا۔ اجنبی۔ غریب ÷

پُرزہ (ف۔مذ) ٹکڑا۔ جز۔ مشین کے الگ الگ حصے ÷

پُرزے اڑانا (ا) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ برباد کرنا ÷

پُرزے پُرزے ہونا (ا) چور چور ہونا۔ پھٹنا۔ بیکار ہونا ÷

پرساد (س۔مذ) تبرک۔ پرشاد ÷

پُرسان (ف۔حالیہ) پوچھنے والا۔ خبر لینے والا ÷

پُرسانِ حال (ف۔مذ) حال دریافت کرنے والا۔ خبرگیر ÷

پَرستان (ف) پریوں کی جگہ۔ خوبصورتوں کے رہنے کی جگہ ÷

پَرستش (ف۔مث) عبادت۔ بندگی ÷

پرستش گاہ (ف۔مث) عبادت گاہ۔ مسجد وغیرہ ÷

پُرسش (ف۔مث) پُوچھ گچھ۔ تفتیش ÷

پُرش (ہ۔مذ) آدمی۔ انسان۔ مرد ÷

پَرشین (انگ۔مث) فارسی ÷

پَرشین ٹیچر (انگ۔مث) فارسی پڑھانے والا استاد ÷

پَرکار (ف۔مث) چکر۔ دائرہ کھینچنے کا آلہ ÷

پُرکار (ف۔ص) جڑاؤ کام سے بھرا ہوا۔ موٹا

پرکالہ (ہ۔مذ) ٹکڑا۔ چنگاری ÷

پَرکھ (ہ۔مث) پہچان۔ شناخت ÷

پَرکھنا (ہ) پہچاننا۔ دیکھنا۔ آزمانا ÷

پَرگنہ (ف۔مذ) علاقہ۔ ضلع یا حصہ ضلع ÷

پرلوک (ہ۔مذ) دوسرا جہان۔ عقبےٰ ÷

پرمٹ (انگ۔مث) اجازت ÷

پرنام (ہ۔مذ۔مث) سلام بندگی ÷

پرنٹر (انگ۔مذ) چھاپنے والا ÷

پرنس (انگ۔مذ) شاہزادہ ÷

پرنس آف ویلز (انگ۔مذ) انگلستان کا ولیعہد ÷

پرنسپل (انگ۔مذ) کسی درسگاہ کا مدرس اعلےٰ۔ اصول ÷

پُروا (ہ۔مث) پورب کی ہوا ÷

پَروان (ہ) پُورا۔ بالغ ÷

پَروان چڑھنا (ہ) پورا ہونا۔ بالغ ہونا۔ کامیاب ہونا ÷

پَروانگی (ف) اجازت ÷

پَروانہ (ف۔مذ) پردار کیڑا۔ پتنگا۔ فریفتہ ÷

پَروانہ (ف۔مذ) حکم نامہ ÷

پروبیشنر (انگ۔ مذ) اُمیدوار +
پروپرائیٹر (انگ۔ مذ) مالک +
پروپوزل (انگ۔ مذ) تجویز +
پروٹسٹ (انگ۔ مذ) صدائے احتجاج۔ مخالفت +
پروردگار (ف۔ مذ) پالنے والا۔ رب +
پروردہ (ف) پرورش کیا ہوا۔ مہربانی کیا ہوا +
پرورش (ف۔ مث) پالنا۔ مہربانی +
پروسنا (ہ) میزبانی کرنا +
پروسیشن (انگ۔ مذ) جلوس +
پروف (انگ۔ مذ) خاکہ چھاپے خانے سے نکلی ہوئی پہلی کاپی جو اصلاح کے لئے دکھائی جاتی ہے +
پروفیسر (انگ۔ مذ) استاد کالجوں میں پڑھانے والا معلم +
پروگرام (انگ۔ مذ) کسی جلسہ میلہ کھیل وغیرہ کے متعلق تمام کاموں کی ترتیب وغیرہ +

پرونوٹ (انگ۔ مذ) روپیہ کی رسید۔ اقرار نامہ +
پروہت (ہ۔ مذ) پنڈت +
پروین (ف۔ مذ) ثریّا۔ سات ستاروں کا مجموعہ +
پرہیز (ف۔ مذ) بچنا۔ احتیاط +
پرہیزگار (ف۔ ص) برائی سے بچنے والا۔ نیک۔ متقی +
پرہیزگاری (ف۔ مث) اتقا۔ بچنا +
پرے پرے (ہ) الگ الگ +
پری (ف۔ مث) اُڑنے والی عورت۔ خوبصورت +
پری پیکر (ف۔ مذ) نہایت خوبصورت +
پری زاد (ف۔ مذ) پری کا بچہ بہت خوبصورت +
پریت (ہ۔ مث) محبت پیار دوستی +
پریت (س۔ مذ) بھوت چڑیل ناپاک رُوح +

پریتم (س۔ مذ) پیارا۔ دلبر معشوق +
پریڈ (انگ۔ مث) فوجی قواعد جنگی تربیت +
پریس (انگ۔ مذ) چھاپہ خانہ دبانے کی مشین +
پریذیڈنٹ / پریسیڈنٹ (انگ۔ مذ) صدر۔ پردھان
پریشان (ف۔ ص) حیران فکرمند۔ تتّر بتّر +
پریشان حال (ف۔ ص) تنگ حال۔ غریب +
پریشان خاطر (ف۔ ص) اُداس۔ فکرمند +
پریشان دل (ف۔ ص) اُداس۔ فکرمند +
پریشانی (ف۔ مث) حیرانی فکر۔ مصیبت +
پریکٹس (انگ۔ مث) مشق مہارت +
پریکٹیکل (انگ۔ ص) عملی +
پریم (ہ۔ مذ) محبت۔ اُلفت لاڈ +

پریوں کا اکھاڑہ (ہ۔مذ) خوب صورتوں کا جلسہ ✦

پری وش (ف۔ص) پری کی طرح۔ خوبصورت ✦

(پ۔ ڑ)

پڑا (ہ) گرا ہوا۔ اُفتادہ ✦

پڑاؤ (ا۔مذ) منزل مقام سٹیشن ✦

پڑاؤ ڈالنا (ا) ٹھیر جانا۔ چھاؤنی ڈالنا ✦

پڑتال (ہ۔مث) مقابلہ جانچ۔ دیکھ بھال ✦

پڑوس (ہ۔مذ) ہمسائیگی گوانڈھ ✦

پڑوسی (ہ۔مذ) ہمسایہ ✦

(پ۔ ژ)

پژمردگی (ف۔مث) مایوسی۔ اُداسی۔ کملاہٹ ✦

پژمردہ (ف۔ص) اُداس کملایا ہوا ✦

پژمردہ خاطر (ف۔ص) اُداس دل۔ مغموم ✦

پژوہش (ف۔مث) تلاش جستجو ✦

پژوہیدہ (ف۔ص) تلاش کیا ہوا ✦

(پ۔ س)

پس (ف) پیچھے۔ بعد۔ آخرکار ✦

پس انداز (ف) بچا ہوا باقی۔ بچت ✦

پس پا ہونا (ا) واپس ہونا شکست کھانا ✦

پس خوردہ (ف۔مذ) بچا ہوا کھانے سے بچے ہوئے ٹکڑے وغیرہ ✦

پس و پیش (ف۔مث) سوچ بچار۔ فکر ✦

پس و پیش کرنا (ا) سوچ بچار کرنا۔ ٹال مٹول کرنا ✦

پسارنا (ہ) پھیلانا۔ دراز کرنا ✦

پست (ف۔ص) چھوٹا۔ نیچا کمینہ ✦

پست قد (ف۔ص) چھوٹے قد کا۔ بونا ✦

پست ہمت (ف۔ص) بزدل۔ کم حوصلہ ✦

پست ہونا (ف) ہارنا۔ مغلوب ہونا ✦

پستان (ف۔مث) چھاتی۔ چوچی ✦

پُستک (س۔مث) کتاب ✦

پستول (ا۔مذ) تمنچہ ✦

پستہ (ف۔مذ) ایک مشہور میوہ کا نام ہے۔ چھوٹا کُتا۔

پستی (ف۔مث) نیچائی۔ گہرائی۔ گھٹاؤ ✦

پسٹل (انگ۔مذ) پستول ✦

پسر (ف۔مذ) بیٹا۔ فرزند ✦

پسرزادہ (ف۔مذ) پوتا ✦

پسلی (ف۔مث) پہلو پہلو کی ہڈی ✦

پسلی پھڑکنا (ا) خبر ہونا۔ کسی شخص کی غیر حاضری میں اُس کا حال معلوم ہو جانا ✦

پس مُردن (ف) مرنے کے بعد ✦

پسنا (ہ) آٹا ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا ✦

پسند (ف۔مث) مقبول۔ منظور۔ حسب خواہش ✦

پسندیدہ (ف۔ص) پسند کیا ہوا۔ اچھا۔ عمدہ ؂

پسنہاری (ہ۔مث) آٹا پیسنے والی ؂

پسُّو (ہ۔مذ) ایک چھوٹا سا کیڑا ہوتا ہے ؂

پسیجنا (ہ) پسینا آنا۔ نرم ہونا۔ ترس آنا۔ مہربانی کرنا ؂

پسینہ (ہ۔مذ) عرق۔ نمی مسامات کے ذریعے سے جسم سے باہر نکلنے والا پانی ؂

پسینہ پسینہ ہونا (ہ) بہت پسینہ آنا۔ شرمندہ ہونا ؂

(پ۔ش)

پُشت (ف۔مث) پیٹھ۔ کمر۔ سہارا۔ مدد۔ نسل۔ خاندان ؂

پُشت بہ پُشت (ف) نسل بہ نسل۔ ہمیشہ سے ؂

پُشت پناہ (ف۔مث) مددگار۔ سہارا۔ وسیلہ ؂

پُشت دکھانا (ہ) بھاگ جانا ؂

پُشتارہ (ف۔مذ) گٹھا۔ ڈھیر ؂

پشتو (ف۔مث) افغانستان کی زبان ؂

پُشتہ (ف۔مذ) ڈھیر۔ ٹیلہ۔ چمڑا جو کتاب کی پشت پر لگایا جاتا ہے ؂

پُشتی (ف۔مث) پائداری۔ مدد۔ حفاظت ؂

پُشتیبان (ف۔مذ) مددگار۔ سہارا دینے والا ؂

پُشتینی (ف۔ص) خاندانی۔ موروثی۔ قدیمی ؂

پَشم (ف۔مث) بال۔ اُون ناقص ؂

پَشمینہ (ف۔مذ) اُونی کپڑا ؂

پشواز (ف۔مذ) وہ پوشاک جو ناچنے والی عورتیں ناچتے وقت پہنتی ہیں ؂

پَشّہ (ف۔مذ) مچھر ؂

پشیمان (ف۔ص) شرمندہ پچھتانے والا ؂

پشیمانی (ف۔مث) شرمندگی افسوس ؂

پطرس (ا۔مذ) پیٹرز ؂

(پ۔ک)

پکّا (ہ۔ص) پکایا ہوا۔ مضبوط ؂

پکا پکایا (ہ) بے محنت۔ مفت۔ درست ؂

پُکار (ہ۔مث) شور و غل۔ آواز۔ فریاد ؂

پُکارنا (ہ) بلانا۔ خبر دینا۔ فریاد کرنا ؂

پُکروانا (ہ) منادی کرا دینا۔ آگاہ کر دینا ؂

پکڑ دھکڑ (ہ۔مث) گرفتاری سختی ؂

پکڑنا (ہ) تھامنا۔ لینا۔ گرفتار کرنا۔ پھانسنا ؂

پکوان (ہ۔مذ) تلی ہوئی چیز پُوری۔ کچوری ؂

پکھروٹا (ہ۔مذ) چاندی یا سونے کا ورق ؂

پکھروٹی (ہ۔مث) پان کی گلوری جس پر چاندی سونے کے ورق لگے ہوئے ہوں ؂

پکھیرو (ہ۔مذ) پرندہ۔ اُڑنے والا ؂

پکّی (ہ۔ص) مضبوط۔ مقررہ۔ مکمل ؂

(پ ۔ گ)

پگ (ہ ۔ مذ) پاؤں ۔ پیر ۔ قدم ٭

پگاہ (ف ۔ مث) صبح ۔ فجر ٭

پگ ڈنڈی (ہ ۔ مث) چھوٹا راستہ ٭

پگڑی (ہ ۔ مث) دستار ۔ سر پہ باندھنے کا کپڑا ۔ عزت ۔ آبرو ٭

پگڑی اُتارنا (ہ) بے عزتی کرنا ٭

پگڑی اُچھالنا (ہ) مذاق کرنا ۔ ہنسی کرنا ۔ ذلیل کرنا ٭

پگلا (ہ ۔ ص) پاگل ۔ سودائی ٭

پگلانا (ہ) گرم کرنا ۔ گھلانا ۔ نرم کرنا ۔ مہربان کرنا ٭

(پ ۔ ل)

پُل (ف ۔ مذ) پانی پر سے گذرنے کی راہ ٭

پَل (ہ ۔ مث) گھڑی ۔ تھوڑا سا وقت ٭

پِل (انگ ۔ مث) دوائی کی گولی ٭

پَلّا (ہ) دامن ۔ آنچل ۔ ترازو کا پلّا ۔ سہارا ٭

پلّا بھاری ہونا (ہ) زبردست مددگار ہونا ۔ طرفدار کا زبردست ہونا ٭

پلّا چھڑانا (ہ) دامن چھڑانا ۔ قرض وغیرہ ادا کرنا ۔ پیچھا چھڑانا ٭

پِلّا (ہ ۔ مذ) کُتّے کا بچہ ٭

پلاؤ (ف ۔ مذ) گوشت اور چاولوں کا ایک لذیذ کھانا ٭

پِل پڑنا (ہ) دفعتہً حملہ کرنا ۔ یکلخت چڑھ آنا ٭

پلپلا (ہ) نرم ۔ گھلا ہوا ٭

پلٹا (ہ ۔ مذ) گردش ۔ چکر ۔ انقلاب ٭

پُلٹس (انگ ۔ مث) لُپری ۔ لیپ ٭

پلٹن (ا ۔ مث) پیادہ فوج ٭

پلڑا (ہ ۔ مذ) ترازو کا پلڑا ٭

پلڑا بھاری ہونا (ہ) طرف غالب ہونا ۔ پلّا بھاری ہونا ٭

پَلَسْتَر (انگ ۔ مذ) لیپ ۔ مرہم ۔ چُونے کا لیپ ٭

پَلک (ہ ۔ مث) مژہ ۔ آنکھ کے بال ۔ دم ۔ لحظہ ٭

پلک جھپکنا (ہ) بہت تھوڑا وقت آنکھ لگنا ۔ پلک مارنا

پُلندہ (ا ۔ مذ) بنڈل ۔ گٹھڑی پوٹلی ٭

پلنگ (ہ ۔ مذ) کھاٹ ۔ بڑی چارپائی ٭

پلنگ (ف ۔ مذ) چیتا ۔ ایک درندہ جانور ٭

پلنگ پوش (ف ۔ مذ) بسترے کی چادر ٭

پَلّو (ا ۔ مذ) دامن ۔ آنچل ٭

پَلّہ (ف ۔ مذ) پلڑا ۔ پاٹ ۔ رتبہ ٭

پلّے باندھنا (ہ) یاد رکھنا ۔ حوالے کرنا ٭

پلّے پڑنا (ہ) واسطہ پڑنا ۔ حصّے میں آنا ٭

پَلِید (ہ ۔ ص) گندہ ۔ پلید ٭

پَلِیتہ (ف ۔ مذ) بتی ۔ بارود لگا ہوا ڈورا ٭

پلیٹ (انگ ۔ مث) رکابی تھالی ٭

پلیٹ فارم (انگ ۔ مذ) چبوترا ۔ ریل پر چڑھنے اُترنے کا چبوترا ٭

پلیٹ ایر (انگ ۔ مذ) ریل کی سڑک بنانے والا افسر

عام طور پر پلیٹر بولتے ہیں ٭
پلیگ (انگ۔ مث) طاعون مشہور بیماری ہے ٭
پلین (انگ) تجویز۔ مشورہ۔ کشادہ میدان۔ صاف۔ سادہ ٭
پلیڈر (انگ۔ مذ) وکیل ٭
پمفلٹ (انگ۔ مذ) رسالہ۔ چھوٹی سی کتاب ٭
پمپ (انگ۔ مذ) پانی کا نل۔ پچکاری ٭

(پ۔ ن)

پِن (انگ۔ مذ) کاغذ نتھی کرنے کی سوئی ٭
پُن (ہ۔ مذ) دان۔ خیرات۔ بھلائی ٭
پَن (ہ۔ مذ) پانی اور پانچ کا مخفف ہے۔ جیسے پن چکی۔ پن سیری ٭
پنّا (ہ۔ مذ) سبز رنگ کا قیمتی پتھر
پناہ (ف۔ مث) امن۔ حفاظت۔ امداد ٭
پناہ گاہ (ف۔ مث) حفاظت گاہ۔ امن کی جگہ ٭

پناہ مانگنا (ہ) حفاظت چاہنا۔ فریاد کرنا ٭
پَن بھتا (ہ۔ مذ) پانی میں پکے ہوئے چاول ٭
پُنبہ (ف۔ مذ) کپاس۔ روئی ٭
پنبہ بگوش (ف۔ ص) بےخبر۔ غافل ٭
پنپنا (ہ) سنبھلنا۔ سرسبز ہونا ترقی کرنا ٭
پَنتھ (ہ۔ مذ) فرقہ۔ مذہب۔ مت ٭
پنجتن (ف۔ مذ) پنجتن پاک۔ حضرت رسول کریمؐ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت فاطمہؓ۔ حضرت حسنؓ۔ حضرت حسینؓ ٭
پنجروزہ (ف۔ ص) پانچ دن کی تھوڑے دن کی ٭
پنجشنبہ (ف۔ مذ) جمعرات ویروار
پنجر (ہ۔ مذ) ڈھانچہ۔ جسم
پنجم (ف۔ ص) پانچواں ٭
پنجہ (ف۔ مذ) چنگل۔ ہاتھ قبضہ
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا (ہ) نہایت تنگ کرنا ٭

پنچ (ہ۔ مذ) چودھری۔ فیصلہ کرنے والا ٭
پنچایت (ہ۔ مث) پنچوں کی کمیٹی۔ فیصلہ کرنے والی مجلس ٭
پَن چکّی (ہ۔ مث) پانی کے زور سے چلنے والی چکی ٭
پَند (ف۔ مث) نصیحت۔ ہدایت ٭
پندار (ف۔ مذ) غرور۔ خودپسندی
پنڈا (ہ۔ مذ) جسم۔ بدن
پنڈ چھٹنا (ہ) رہائی ہونا۔ الگ ہونا۔ ذمہ داری ہٹنا ٭
پنڈارا (ہ۔ مذ) مرہٹہ ڈاکو ٹھگ ٭
پنڈال (ہ۔ مذ) جلسہ گاہ ٭
پنڈت (س۔ مذ) عالم۔ پڑھا ہوا۔ معلم ٭
پنڈلی (ہ۔ مث) ٹخنوں سے زانو تک کا حصہ بدن ٭
پنس (انگ۔ مذ) ایک انگریزی سکے کا نام ہے جو ایک آنہ کے برابر ہوتا ہے ٭

پنساری (ہ۔مذ) دوا فروش ٭

پنسال (ا۔مث) پانی ناپنے کا پیمانہ ٭

پنسال نویس (ف) دریا۔نہر وغیرہ کے پانی کی گہرائی ناپنے والا

پنسل (انگ۔مث) سیسے کا قلم ٭

پنشن (انگ۔مث) نوکری ختم کرنے کے بعد سرکار کی طرف سے تنخواہ کا جو حصہ ملتا ہے۔ اسے پنشن کہتے ہیں۔ وظیفہ ٭

پنشن خوار (ا۔مذ) پنشن لینے والا۔ مفت خورہ ٭

پنشنر (انگ۔مذ) پنشن لینے والا

پنکھ (ہ۔مذ) بازو۔ پر ٭

پنکھڑی (ہ۔مث) پھول کی پتی۔ ورق ٭

پنگوڑا (ہ۔مذ) جھولا گہوارہ ٭

پنواڑی (ہ۔مذ) پان بیچنے والا

پنہاں (ف۔ص) پوشیدہ چھپا ہوا ٭

پنیر (ف۔مذ) نچوڑا ہوا دہی ٭

پنیری (ہ۔مث) چھوٹے چھوٹے پودے۔ ذخیرہ ٭

(پ۔ و)

پو (ہ۔مث) نور کا تڑکا۔ سویرا

پوبارہ (ا) فتح۔ جیت ٭

پو پھٹنا (ہ) صبح صادق ہونا۔ سپیدی ہونا ٭

پوپ (انگ۔مذ) بڑا پادری ٭

پوپلا (ہ۔ص) کھوکھلا جس کے دانت نہ ہوں ٭

پوت (ہ۔مذ) پتر۔ پسر۔ بیٹا

پوتر (ہ۔ص) پاک۔ صاف ٭

پوتھی (ہ۔مث) کتاب۔ پستک ٭

پوٹا (ہ۔مذ) پرندوں کا معدہ ٭

پوٹاش (انگ۔مث) آتش گیر مادہ۔ جس سے پٹاخے بنتے ہیں ٭

پوجا پاٹھ (ہ۔مث) عبادت بندگی ٭

پوچ (ہ۔ص) لچر۔ کمینہ۔ بیہودہ ٭

پوچھ (ہ۔مث) تلاش۔ پرسش۔ ضرورت ٭

پوچھ گچھ (ہ۔مث) تحقیق۔ بازپرس ٭

پوچھنا (ہ) تلاش کرنا۔ خبر لینا۔ صلاح لینا ٭

پود (ہ۔مث) نسل۔ خاندان۔ پنیری ٭

پود لگانا (ہ) پنیری لگانا۔ ایک جگہ سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا ٭

پودا (ہ۔مذ) ننھا پیڑ۔ نونہال ٭

پودینہ (ہ۔مذ) پودنہ۔ ایک قسم کی تیز بودار سبزی ٭

پوڈر (انگ۔مذ) سفوف۔ باریک پسی ہوئی چیز۔ چورن ٭

پور (ہ۔مث) گانٹھ۔ گرہ ٭

پور (ف۔مذ) پسر۔ بیٹا ٭

پورا (ہ۔ص) کامل۔ مکمل۔ کل۔ تمام۔ کافی ٭

پورا ہونا (ہ) کافی ہونا۔ ختم ہونا۔ مرجانا ٭

پورب (ہ۔مذ) مشرق ٭

پورٹ (انگ۔مث) بندرگاہ ٭

پورٹر (انگ۔مذ) قلی۔ مزدور ٭

پورنماشی (ہ۔مث) چودھویں رات ٭

پوری نہ پڑنا (ہ) گزارا نہ ہونا۔ کافی نہ ہونا ٭
پوست (ف۔ مذ) چمڑا۔ کھال۔ خشخاش کا ڈوڈا ٭
پوست کندہ (ف۔ ص) صاف۔ کھلم کھلا ٭
پوستی (ف۔ مذ) سست۔ ڈھیلا۔ بے خبر ٭
پوستین (ف۔ مذ) کھال کا کوٹ ٭
پوسٹ (انگ۔ مذ) ڈاک۔ جگہ۔ ستون ٭
پوسٹ آفس (انگ۔ مذ) ڈاک خانہ ٭
پوسٹ ماسٹر (انگ مذ) ڈاکخانہ کا افسر ٭
پوسٹ ماسٹر جنرل (انگ مذ) ڈاکخانوں کا بڑا افسر ٭
پوسٹ مین (انگ۔ مذ) چٹھی رساں۔ ڈاکیہ ٭
پوسنا (ہ) پرورش کرنا۔ پالنا
پوشاک (ف۔ مث) لباس۔ پوشش ٭
پوشش (ف۔ مث) لباس۔ پوشاک ٭
پوشیدگی (ف۔ مث) تنہائی علیحدگی ٭
پوشیدہ (ف۔ ص) چھپا ہوا علیحدہ۔ درپردہ ٭
پول (انگ۔ مذ) ستون۔ ½۵ گز کا پیمانہ ٭
پول (ف۔ مذ) پیسہ ٭
پولاد (ف۔ مذ) فولاد۔ مضبوط لوہا ٭
پولیٹیکل (انگ) ملکی۔ سیاسی ٭
پولیس (انگ مذ) انتظامیہ محکمہ۔ رکھوالی کرنے والا محکمہ ٭
پون (ہ۔ ص) تین چوتھائی ¾ ٭
پَوَن (ہ۔ مث) ہوا ٭
پونجی (ہ۔ مث) مال دولت سرمایہ ٭
پونچھنا (ا) صاف کرنا۔ جھاڑنا ٭
پونڈ (انگ مذ) اشرفی۔ ۳۹ تولے کا وزن ٭
پویہ (ا۔ مذ) گھوڑے کی درمیانی رفتار۔ دلکی۔ تیز ٭

(پ۔ ہ)

پہ (ا) پر۔ لیکن۔ مگر ٭
پہاڑ (ہ۔ مذ) پربت۔ کوہ۔ پتھروں کا بہت اونچا ٹیلا۔ مشکل ٭
پہاڑ ٹوٹنا (ہ) مصیبت پڑنا ٭
پہاڑ سے ٹکر لینا (ا) زبردست سے مقابلہ کرنا ٭
پہاڑ سی رات (ہ مث) بہت بڑی رات۔ مصیبت کی رات ٭
پہاڑ کاٹنا (ہ) مشکل کام کرنا ٭
پہاڑ ہونا (ہ) بہت مشکل ہونا ٭
پھاڑ کھانا (ہ) چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ٭
پھاڑ کھانے کو دوڑنا (ا) سخت غصے میں آنا ٭
پہاڑی (ہ مث) پہاڑ کے رہنے والا۔ چھوٹا پہاڑ۔ ایک راگنی کا نام ہے ٭
پھاگ (ہ۔ مذ) خوشی۔ انند۔ عیش۔ راگ رنگ ٭
پھاگ کھیلنا (ہ) ہولی کرنا۔

خوشی کرنا ٭

پھاگن (ہ۔مذ) پھگن۔ ہندی مہینہ ٭

پھالا (ہ۔مذ) لوہے کا نوکدار ٹکڑا جو ہل میں لگایا جاتا ہے ٭

پھاند (ہ۔مث) پھندا۔ جال۔ کود ٭

پھاندنا (ہ) کودنا۔ چھلانگنا ٭

پھانس (ہ۔مث) لکڑی کا ریشہ۔ تنکا۔ فکر۔ غم ٭

پھانسنا (ہ) پھنسانا۔ پھندے میں لانا ٭

پھانسی (ہ۔مث) پھندا گلے میں رسی ڈال کر گھونٹ کر مار ڈالنا۔ سزائے موت ٭

پھانسی ہونا (ا) پھانسی دیا جانا۔ سزائے موت ہونا

پھانک (ہ۔مث) قاش ڈلی۔ ٹکڑا ٭

پھانکنا (ہ) کوئی چیز ہتھیلی پر رکھ کر اکٹھی منہ میں ڈالنا۔ زیادہ خرچ کرنا ٭

پھاوڑا (ہ۔مذ) مٹی وغیرہ صاف کرنے کا آلہ۔ کدال ٭

پھاوڑے کا نام گل صفا نہیں جانتے (ا) جاہل۔ بے سمجھ۔ نادان ٭

پھایا یا پھاہا (ہ) گول کترا ہوا کپڑا جس پر مرہم لگا کر زخم پر رکھتے ہیں۔ مرہم ٭

پھبتی (ہ۔مث) چوٹ۔ چبھنے والی بات۔ موزون بات ٭

پھبتی اُڑانا (ہ) ہنسی اُڑانا ٭

پھبنا (ہ۔مث)۔ مناسب معلوم ہونا۔ اچھا لگنا ٭

پھبن (ہ۔مث) سجاوٹ۔ زیبائش ٭

پھپھولا (ہ۔مذ) چھالا۔ آبلہ ٭

پھپھولے پھوڑنا (ہ) دل کا ارمان نکالنا ٭

پھٹ (ہ۔مث) لعنت دھتکار ٭

پھٹ پڑنا (ہ) کہہ دینا۔ معلوم ہونا ٭

پھٹکار (ہ۔مث) لعنت۔ دھتکار ٭

پھٹکا نہ کھانا (ہ) چٹ پٹ مرجانا ٭

پھٹکڑ (ہ۔مث) الگ الگ اکیلا ٭

پھٹکڑی (ہ۔مث) ایک سفید رنگ کی دوا کا نام ہے ٭

پھٹنا (ہ) ٹکڑے ہونا۔ نکلنا ٭

پہچان (ہ۔مث) واقفیت تمیز۔ سمجھ ٭

پھُدکنا (ہ) اُچھلنا۔ کودنا خوش ہونا ٭

پھُر سے اُڑ جانا (ا) جھٹ اُڑ جانا۔ فوراً اُڑ جانا ٭

پہر (ہ۔مذ) تین گھنٹے کا وقفہ۔ دن کا چوتھا حصہ ٭

پہرا (ہ۔مذ) چوکی۔ حفاظت ٭

پہرا بٹھانا (ہ) نگرانی کرنا بند کرنا ٭

پہرا دینا (ا) حفاظت کرنا۔ نگرانی کرنا ٭

پھُرتی (ہ۔مث) چالاکی تیزی ٭

پھُرتیلا (ہ۔مث) چُست چالاک ٭

پھر جانا (ہ) لوٹنا۔ مُکرجانا ٭

قائم نہ رہنا ٭
پھرکی (ہ ۔مث) گھیرنی ۔
پھرنے والی چیز ۔سینے کی
مشین کا ایک پُرزہ جس پر
تاگا لپیٹا جاتا ہے ٭
پھرے دار (ا ۔مذ) محافظ
چوکیدار ٭
پھریرا (ہ ۔مذ) جھنڈا ۔نشان
جھنڈے کا کپڑا ٭
پھڑپھڑانا (ہ) پر مارنا ٭
پھڑک (ہ ۔مث) بیقراری
تڑپ ٭
پھڑکانا (ہ) تڑپانا ۔بیقرار
کرنا ٭
پھڑک جانا (ہ) تڑپ جانا ۔
فریفتہ ہونا ٭
پھُس پھُسا (ہ ۔ص) بدمزہ
نرم ۔ملائم ٭
پھُسلانا (ہ) دھوکا دینا ۔
بہکانا ۔رغبت دلانا ٭
پھسلنا (ہ) لڑھکنا ۔لغزش
چُوکنا ۔بہکنا ٭
پھک سے اُڑنا (ہ) یکدم
اُڑنا ۔فوراً پھٹنا ٭
پھکڑ (ہ ۔مذ) گالی گلوچ ۔
بُری باتیں ٭
پھکڑباز (ا ۔مذ) گندی باتیں
کرنے والا ۔فحش گو ٭
پھُکنا (ہ) جلنا ۔سڑنا ٭
پھُکنی (ہ ۔مث) دھونکنی ٭
پہل (ہ ۔مث) اوّل ۔شروع
ابتدا ٭
پھل (ہ ۔مذ) میوہ ۔ثمر ۔
نتیجہ ۔اجر ٭
پھل پانا (ا) نتیجہ ملنا ۔
بدلہ ملنا ٭
پھلدار (ا ۔مذ) پھل والا ۔بامراد ٭
پھلا پھُولا (ہ) بانصیب ۔
دولتمند ۔خوش ۔آباد ٭
پھُلانا (ہ) موٹا کرنا ۔مغرور کرنا ٭
پھُلجھڑی (ہ ۔مث) ایک
قسم کی آتشبازی ٭
پھُلکا (ہ ۔مذ) ہلکی سی روٹی ۔
ہلکا ۔کم وزن ٭
پھلکاری (ہ ۔مث) بیل
بُوٹے نکالنا ٭
پھلنا (ہ) پھل لگنا ۔نفع ملنا
خوش قسمت ہونا ٭
پہلو (ف ۔مذ) کروٹ ۔
طرف ۔رُخ ٭
پہلو بچانا (ا) کنارہ کرنا ٭
پہلو تہی کرنا (ا) الگ ہو جانا
چشم پوشی کرنا ۔ٹال
مٹول کرنا ٭
پہلو نکالنا (ا) تدبیر نکالنا ٭
پہلوان (ف ۔مذ) کُشتی
لڑنے والا ۔بہادر ۔دلاور ٭
پہلوانی (ف ۔مث) کُشتی
قوّت ٭
پہلے پہل (ہ) اوّل اوّل
شروع شروع ٭
پھُلیل (ا ۔مذ) خوشبودار تیل ٭
پھن (ہ ۔مذ) سانپ کی ہتھیلی ٭
پہنا (ف ۔ص) چوڑا ۔فراخ ٭
پہنانا (ہ) کپڑے بدن پر
اوڑھنا ۔آرایش کرنا ٭
پہناوا (ہ ۔مذ) پوشاک ۔لباس ٭
پہنائی (ف ۔مث) چوڑائی
وسعت ٭

پہنچ (ہ-مث) رسائی - دسترس رسید ٭
پہنچانا (ہ) بھیجنا - لے جانا ٭
پہنچا ہوا (ہ) کامل - خدارسیدہ ٭
پہنچی (ہ-مث) کلائی پر پہننے کا زیور ٭
پھند (ہ-مذ) جھوٹ فریب ٭
پھندا (ہ-مذ) جال - کمند - قابو ٭
پھندنا (ہ-مذ) تاگے یا ریشم کا پھول جو ٹوپی پر لگاتے ہیں ٭
پھندے میں پڑنا (ہ) بلا میں گرفتار ہونا ٭
پھنسانا (ہ) جال میں پکڑنا - فریب میں لانا ٭
پھنسنا (ہ) گرفتار ہونا - قابو میں آنا ٭
پھنسی (ہ-مث) چھوٹا سا پھوڑا ٭
پھنکار (ہ-مث) دم پھونک - سانپ کے دم لینے کی آواز ٭
پھوٹ (ہ-مث) بگاڑ - اختلاف - نااتفاقی ٭

پھوٹ پڑنا (ہ) جدائی ہونا مخالفت ہونا ٭
پھوٹ پھوٹ کر رونا (ہ) بہت رونا ٭
پھوٹ ڈالنا (ہ) دشمنی کرانا - جدائی کرانا ٭
پھوٹ نکلنا (ہ) بہنا - راز کھلنا ٭
پھوٹنا (ہ) ٹوٹنا - ظاہر ہونا - بہنا ٭
پھوٹی (ہ-ص) ٹوٹی ہوئی شکستہ ٭
پھوڑنا (ہ) توڑنا - ظاہر کرنا ٭
پھوس (ہ-مذ) گھاس ٭
پھول چڑھانا (ہ) قبر پر پھول رکھنا ٭
پھول چننا (ہ) پھول توڑنا مرگھٹ سے مردے کی ہڈیاں چننا ٭
پھول وہی جو مہیسر چڑھے (ہ) چیز وہی ٹھیک ہے جو کام آئے ٭
پھولا نہ سمانا (ہ) نہایت خوش ہونا ٭
پھول جانا (ہ) سوجنا - غرور کرنا ٭
پھولنا (ہ) ابھرنا - مغرور ہونا - خوش ہونا ٭
پھولنا پھلنا (ہ) سرسبز ہونا - آباد ہونا - بڑھنا ٭
پھولوں کی سیج (ہ-مث) نرم سیج - آرام کا بستر ٭
پھونک (ہ-مث) سانس وہ ہوا جو منہ کے ذریعہ سے زور سے نکالیں ٭
پھونک پھونک کر قدم رکھنا (ا) احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا - ڈر ڈر کر کام کرنا ٭
پھونک مارنا (ہ) ہوا دینا - بجھانا - جلانا ٭
پھونکنا (ہ) جلانا - آگ بھڑکانا - برباد کرنا ٭
پھوہار (ہ-مث) ہلکا مینہ ننھی ننھی بوندیں ٭
پھوہڑ (ہ-ص) بے سلیقہ بیوقوف

پھیپھڑا (ہ۔ مذ) جسم کے ایک ضروری عضو کا نام ہے جس کے ذریعہ سے سانس لیتے ہیں ٭

پھیر میں آنا (ہ) چکر میں آنا۔ گردش میں آنا ٭

پھیرا (ہ۔ مذ) دورہ۔ پھرانا۔ حلقہ ٭

پھیرنا (ہ) چکر دینا۔ واپس کرنا ٭

پھیری (ہ۔ مث) چکر۔ فقیر کا آنا جانا ٭

پھیری والا (ہ۔ مذ) گلی کوچے میں پھر کر بیچنے والا ٭

پھیرے ڈالنا (ہ) بار بار آنا ٭

پھیکا (ہ۔ ص) بدمزہ۔ بے نمک۔ اُداس۔ اُچاٹ ٭

پھیکا پڑنا (ہ) رنگ کم ہونا۔ شرمندہ ہونا ٭

پھیلاوٹ (ہ۔ مث) تقسیم حساب کا عمل ٭

پھیلنا (ہ) مشہور ہونا۔ زیادہ ہونا۔ وسیع ہونا ٭

پہیلی (ہ۔ مث) بجھارت ٭

پھینک دینا (ہ) ڈال دینا ٭ ضائع کر دینا ٭

پھینکنا (ہ) گرانا۔ دے مارنا۔ ضائع کرنا ٭

(پ۔ ی)

پئے (ف) قدم۔ نشان۔ واسطے۔ برائے ٭

پی (ہ۔ مذ) پیارا۔ خاوند ٭

پیادہ (ف۔ مذ) پیدل۔ چپراسی۔ شطرنج کا ایک مُہرہ ٭

پیار (ہ۔ مذ) محبت۔ لاڈ ٭

پیارا (ہ۔ مذ) دوست۔ عزیز۔ خوبصورت ٭

پیاری پیاری باتیں (ہ) میٹھی میٹھی باتیں ٭

پیازی (ہ۔ ص) شربتی۔ ہلکا گلابی رنگ ٭

پیاس (ہ۔ مث) پانی پینے کی خواہش۔ تمنا ٭

پیاس بجھانا (ہ) پانی پینا۔ خواہش پوری کرنا ٭

پیالہ (ف۔ مذ) کٹورا۔ کاسہ۔ جام ٭

پیام (ف۔ مذ) پیغام۔ سندیسہ ٭

پیامبر (ف۔ مذ) قاصد۔ ایلچی ٭

پیانو (انگ۔ مذ) ایک قسم کا انگریزی باجہ ہے جو ہارمونیم کی طرح بجایا جاتا ہے ٭

پیپ (ہ۔ مث) گندہ مادہ جو زخم سے نکلتا ہے ٭

پیپر (انگ۔ مذ) کاغذ۔ پرچہ۔ اخبار ٭

پیپر ویٹ (انگ۔ مذ) شیشے یا لوہے کا وزن جو کاغذوں پر رکھا جاتا ہے تاکہ ہوا سے اُڑ نہ سکیں ٭

پیت (ہ۔ مث) محبت۔ پیار ٭

پینترا (ہ۔ مذ) کُشتی میں ایک خاص داؤ کرنا ٭

پینترا بدلنا (ہ) قدم بدلنا ٭

پیٹ بھرنا (ہ) سیر ہونا۔ اکتانا ٭

پیٹ بھرے کی باتیں (ہ) دولت کی باتیں۔ تکبر کی باتیں ٭

پیٹ کاٹنا (ہ) کم کھا کر گذارہ کرنا ٭

پیٹ کا ہلکا (ہ) وہ آدمی جو بات اپنے اندر نہ رکھ سکے

کم ظرف ٭

پیر فرتوت (ف۔ص) بہت بوڑھا ٭

پیٹ پالنا (ہ) مشکل سے کما کر کھانا ٭

پیٹ کا دھندا (ہ بلا) روٹی کی فکر۔ محنت۔ مزدوری

پیٹ میں چوہے دوڑنا (ہ) بڑی گھبراہٹ ہونا۔ بھوک سے بے قرار ہونا

پیٹرن (انگ۔ مذ) سرپرست مربی۔ حامی ٭

پیٹنا (ہ) مارنا ٭

پیٹنٹ (انگ۔ص) رجسٹری شدہ۔ مستند ٭

پیٹو (ہ۔ص) بہت کھانے والا

پیٹھ (ہ۔ مث) پشت سہارا پیچھے

پیٹھ پھیرنا (ہ) پیٹھ موڑنا لڑائی سے بھاگنا ٭

پیٹھ ٹھوکنا (ہ) شاباش دینا۔ حوصلہ بڑھانا ٭

پیٹھ دکھانا (ہ) منہ موڑنا۔ لڑائی سے بھاگ جانا

پیٹھ لگنا (ہ) کشتی میں بچھڑنا۔ پڑے پڑے پیٹھ لگ جانا ٭

پیٹی (ہ۔ مث) پٹکا۔ کمر بند۔ روپیہ رکھنے کا صندوقچہ ٭

پیج (انگ۔ مذ) صفحہ ٭

پیچ (ف۔ مذ) بل۔ لپیٹ۔ جوڑی دار کیل۔ مروڑ۔ داؤ۔ دھوکا۔ فریب۔ پھندا ٭

پیچ پڑنا (ہ) سخت مشکل پیش آنا

پیچدار (ف۔ص) مشکل۔ بل دار ٭

پیچ کھانا (ا) بل کھانا۔ اندر ہی اندر غصہ کھانا ٭

پیچ لڑانا (ا) داؤ کرنا

پیچ میں آنا (ہ) پھندے میں آنا ٭

پیچ وتاب (ف۔ مذ) غم و غصہ بے چینی ٭

پیچش (ف۔ مث) مروڑ۔ درد کے ساتھ آنو آنا ٭

پیچوان (ف۔ مذ) ایک قسم کا حقہ جس کا نیچہ لچکدار ہوتا ہے

پیچھا (ہ۔ مذ) پچھلا حصہ۔ پیروی تعاقب ٭

پیچھا چھڑانا (ہ) جان بچانا چھٹکارا پانا ٭

پیچھا کرنا (ہ) دق کرنا۔ درپے ہونا ٭

پیچھے پڑنا (ہ) تنگ کرنا۔ دشمنی کرنا ٭

پیچیدگی (ف۔ مث) الجھاؤ مشکل ٭

پیچیدہ (ف۔ص) اُلجھا ہوا۔ مشکل ٭

پینچال (ف۔ مث) پرندے کا فضلہ۔ بیٹ ٭

پیدا (ف۔ص) ظاہر۔ روشن جنا ہوا ٭

پیداوار (ف۔ مث) جو کچھ کھیت میں اُگے۔ آمدنی ٭

پیدائش (ف۔ مث) پیدا ہونا۔ خلقت ٭

پیدائشی (ف۔ص) اصلی جنم کا

پے درپے (ف) لگاتار یکے بعد دیگرے ٭

پیدل (ف۔ص) پیادہ۔ پیادہ سپاہ ٭

پیڈ (انگ) جس چیز کا محصول ادا کر دیا گیا ہو۔ ادا کیا ہوا۔ تنخواہ دار ۔
پیر (ا۔ مذ) سوموار ۔
پیر (ف) بوڑھا۔ مرشد۔ رہنما۔ بزرگ ۔
پیرِ مغاں (ف۔ مذ) آتش پرستوں کا پیر۔ شراب بیچنے والا۔ بڑے حضرت ۔
پیرانہ سری (ف) بڑھاپا ۔
پیراہن (ف۔ مذ) پوشاک۔ لباس ۔
پیرایہ (ف۔ مذ) زیور زینت۔ لباس۔ طرز۔ طریقہ ۔
پیرنا (ہ) تیرنا ۔
پیرو (ف) پیچھے چلنے والا۔ مُرید ۔
پیروی (ف۔ مث) پیچھے چلنا۔ تابعداری کرنا ۔
پیرہن (ف مذ) پیراہن۔ پوشاک ۔
پیروی کرنا (ا) کسی کے پیچھے چلنا ۔
پیری (ف۔ مث) بڑھاپا۔ بزرگی۔ مُرید کرنا ۔

پیرگراف (انگ مذ) عبارت کا ٹکڑا ۔
پیڑ (ہ۔ مذ) درخت۔ پودا ۔
پیزار (ف۔ مذ) جوتی ۔
پیسہ (ہ۔ مذ) تانبے کا تین پائی کا سکہ۔ روپیہ۔ مال و دولت ۔
پیسہ اُڑانا (ہ) روپیہ برباد کرنا ۔
پیسنا (ہ) رگڑنا۔ سفوف کرنا۔ تباہ کرنا ۔
پیسنجر (انگ۔ مذ) مسافر ۔
پیسنجر ٹرین (انگ۔ مذ) جو گاڑی خاصکر مسافروں کے آنے جانے کے لئے ہو ۔
پیش (ف) سامنے۔ آگے۔ آیندہ ۔
پیش آنا (ا) آگے آنا۔ سلوک کرنا ۔
پیش بندی (ف۔ مث) کسی بات کے متعلق پہلے سے سوچ رکھنا ۔
پیش بینی (ف مث) دُور اندیشی ۔
پیش جانا (ا) قابو چلنا۔ کارگر ہونا ۔
پیش خدمت (ف۔ مذ) نوکر ۔
پیش خیمہ (ف۔ مذ) لین ڈوری ۔
پیش رو (ف۔ مذ) آگے آگے چلنے والا۔ پیر۔ راہنما ۔
پیش قبض (ف۔ مذ) خنجر۔ کٹار ۔
پیش قدمی (ف۔ مث) جرأت کرنا۔ پہل کرنا ۔
پیش نماز (ف۔ مذ) امام ۔
پیشاب (ف۔ مذ) بول۔ مُوت ۔
پیشاب خطا ہونا (ا) ڈر کے مارے مُوت نکل جانا ۔
پیشانی (ف۔ مث) ماتھا۔ قسمت۔ سرنامہ ۔
پیشتر (ف) بہت پہلے۔ پہلے ۔
پیشکار (ف۔ مذ) مسل خواں۔ مددگار ۔
پیش کش (ف۔ مذ) تحفہ۔ نذر ۔
پیشگاہ (ف۔ مث) سامنے۔ دربار۔ حاکم۔ صدر مجلس ۔
پیشگی (ف۔ مث) سائی۔ بیعانہ ۔
پیشوا (ف۔ مذ) رہنما۔ امام ۔
پیشوائی (ف۔ مث) رہبری۔ استقبال ۔

پیشہ (ف۔ مذ) ہنر۔ فن۔ کام
پیشہ ور (ف۔ مذ) کسی قسم کا کام کرنے والا ٭
پیشی (ف۔ مث) حاضری۔ تاریخ مقدمہ ٭
پیشین گوئی (ف مث) کسی بات یا واقعہ کے متعلق پہلے ہی سے کہہ دینا ٭
پیغام (ف۔ مذ) سندیسا۔ پیام ٭
پیغامبر یا پیغمبر (ف مذ) قاصد۔ نبی ٭
پیغمبری (ف مث) نبوّت خدا کا پیغام پہنچانا ٭
پیک (ہ مث) اگال۔ پان کا تھوک ٭
پَیک (ف۔ مذ) قاصد۔ ہرکارہ ٭
پَیکار (ف۔ مذ) لڑائی جنگ ٭

پیکان (ف۔ مذ) تیر کی انی۔ نیزہ کی نوک۔ برچھی کا پھل ٭
پیکٹ (انگ مذ) کسی چیز کا چھوٹا سا بنڈل ٭
پیکدان (ف۔ مذ) اگالدان تھوکنے کا برتن ٭
پَیکر (ف۔ مذ) جسم۔ صورت ٭
پیل (ف۔ مذ) ہاتھی ٭
پیلبان (ف۔ مذ) مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا ٭
پیلپایہ (ف۔ مذ) پتھر یا اینٹوں کا ستون۔ کھمبا ٭
پیل پَیکر (ف) بہت مضبوط۔ لمبا چوڑا جسم رکھنے والا ٭
پیمان (ف۔ مذ) عہد قسم۔ وعدہ
پیمانہ (ف۔ مذ) پیالہ۔ ناپنے کا آلہ۔ اندازہ ٭

پیمائش (ف۔ مث) ناپ رقبہ۔ مساحت ٭
پیندا (ہ۔ مذ) برتن کا نچلا حصّہ۔ تلا ٭
پِینک (ہ مث) نشہ کی غنودگی ٭
پینگ (ہ۔ مث) جھولا ٭
پینی (انگ مث) ولایتی سکّہ ہے جو آنے کے برابر ہوتا ہے ٭
پیوست کرنا (ا) ملانا۔ جوڑنا
پیوستہ (ف) ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ ہمیشہ ٭
پیوند (ف۔ مذ) جوڑ۔ ٹکڑا ٭
پیوند لگانا (ا) ایک درخت کی شاخ کو دوسرے کی شاخ سے جوڑنا۔ جوڑنا ٭
پَیہم (ف) متواتر۔ لگاتار ٭
پیَن (انگ مذ) ہرکارہ۔ نوکر ٭

ت

عربی کا تیسرا۔ فارسی اور اردو کا چوتھا حرف ہے عدد اسکے چار ہیں۔

(ت۔ ا)
تا (ف) تک۔ جب تک ٭

تا بکجا (ف) کہاں تک۔ کب تک ٭
تا بکے (ف) کب تک ٭

تا حال (ف) اب تک۔ اس وقت تک ٭

تاکہ (ف) اس لئے کہ ٭
تاہم (ف) تو بھی ٭
تاب (ف ۔ مث) روشنی۔ گرمی۔ طاقت ٭
تاب نہ لانا (ا) برداشت نہ کرسکنا۔ گھبرانا ٭
تاب و تواں (ف ۔ مث) طاقت ۔ حوصلہ ٭
تاباں (ف ۔ ص) چمکدار ۔ روشن ٭
تابش (ف ۔ مث) گرمی چمک ٭
تابع (ع ۔ ص) ماتحت۔ فرمانبردار ۔ پیرو ٭
تابعدار (ف) فرمانبردار ۔ مطیع ٭
تابندہ (ف ۔ ص) روشن ۔ چمکنے والا ٭
تابوت (ف ۔ مذ) مردے کی لاش رکھنے کا صندوق۔ جنازہ ٭
تاپ (ہ ۔ مذ) حرارت گرمی ٭
تاپنا (ہ) سینکنا ۔ گرم کرنا ٭
تأثر (ع مذ) اثر قبول کرنا۔ اثر رہنا ٭
تاثیر (ع ۔ مث) اثر ۔ خاصیت اثر کرنا ٭

تاج (ع ۔ مذ) شاہی ٹوپی مکٹ ٭
تاج پوشی (ف ۔ مث) دربار عام میں تاج سر پر رکھنے کی رسم ٭
تاجدار (ف ۔ مذ) بادشاہ ٭
تاجور (ف ۔ مذ) بادشاہ۔ تاج والا ٭
تاجر (ع ۔ مذ) تجارت کرنے والا ۔ بیوپاری ٭
تاخت (ف ۔ مث) لوٹ مار ٭
تاخت و تاراج کرنا (ا) تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ٭
تأخیر (ع ۔ مث) دیر ۔ ڈھیل ٭
تأدیب (ع ۔ مث) ادب سکھانا ۔ تنبیہ کرنا ٭
تار (ف ۔ ص) سیاہ ۔ اندھیرا ٭
تار (ف ۔ مذ) تاگہ ۔ ریشہ ۔ کسی دھات کا لمبا ڈورا ۔ وہ خبر جو تار کے ذریعہ سے آئے ٭
تاربرقی (ف ۔ مث) بجلی کی طاقت سے لوہے کے تار کے ذریعہ سے کوئی خبر پہنچانا ۔ خبر پہنچانے کا آلہ ٭

تارپین (انگ ۔ مذ) ایک تیل کا نام ہے جو اکثر روغن وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے ٭
تار تار کرنا (ا) پھاڑنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ٭
تارگھر (ا ۔ مذ) تار برقی کا دفتر ٭
تارا (س ۔ مذ) ستارا ۔ نجم ٭
تاراج (ف ۔ مذ) لوٹ مار ۔ غارت ٭
تارک (ع ۔ مذ) ترک کرنیوالا ۔ چھوڑنے والا ٭
تارک الدنیا (ع ۔ مذ) دنیا کو چھوڑ کر بالکل الگ تھلگ رہنے والا ۔ فقیر ۔ سادھو ٭
تارے توڑنا (ا) چالاکی کرنا ۔ ناممکن کام کر دکھانا ٭
تارے چھپکنا (ا) تارے کھلنا ۔ تاروں کا چمکنا ٭
تارے گننا (ا) رات بھر جاگنا ۔ بے قرار رہنا ٭
تاریخ (ع ۔ مث) مہینے کا کوئی دن ۔ گذشتہ حالات کا علم ٭
تاریک (ف ۔ ص) سیاہ ۔ کالا ۔ اندھیرا

تاریکی (ف۔مث) سیاہی۔ اندھیرا

تاڑنا (ہ) سمجھ جانا۔ دھمکانا ÷

تازگی (ف۔مث) طراوت۔ سرسبزی ÷

تازہ (ف۔ص) نیا۔ سبز۔ تندرست ÷

تازہ دم (ف۔ص) بے تکان۔ چُست ÷

تازہ وَلایت (ف۔ص) نو وارد۔ پردیسی ÷

تازی (ف۔ص) عربی۔ عربی گھوڑا۔ شکاری کُتا ÷

تازیانہ (ف۔مذ) چابک کوڑا

تازیانہ ہونا (ہ) تنبیہ ہونا۔

تاسّف (ع۔مذ) افسوس۔ حسرت ÷

تاک (ف۔مذ) انگور ÷

تاک (ہ۔مث) گھات۔ نشانہ۔ تاڑ ÷

تاک رکھنا (ہ) تاڑ رکھنا۔ خیال رکھنا ÷

تاک لگانا (ہ) نظر رکھنا۔ تلاش میں رہنا ÷

تاک میں رہنا (ہ) تلاش میں رہنا۔ انتظار کرنا ÷

تاکنا (ہ) غور سے دیکھنا۔ تاڑنا

تاکید (ع۔مث) بار بار کہنا۔ زور سے کہنا ÷

تال (ہ۔مث) راگ کی سُر۔ (مذ) تالاب ÷

تالا (ہ۔مذ) قفل۔ جندرہ ÷

تالاب (ہ۔مذ) تال اور آب حوض۔ چشمہ ÷

تالو سے زبان نہ لگنا (ہ) بولتے رہنا۔ خاموش نہ ہونا

تالی بجانا (ہ) ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ مخول کرنا ÷

تالی بجنا (ہ) بدنامی ہونا

تالیف (ع۔مث) جمع کرنا۔ مختلف کتابوں سے مضامین لے کر ترتیب دینا۔ دوستی پیدا کرنا ÷

تالیفِ قلوب (ع۔مث) دلوں میں اُلفت ڈالنا۔ دلجوئی کرنا ÷

تامّل (ع۔مذ) سوچنا۔ غور کرنا۔ دیر کرنا ÷

تان اُڑانا (ہ) گانا۔ الاپنا ÷

تانا (ہ۔مذ) کپڑا بُننے کے لئے لمبائی کے تار ÷

تانبا (ہ۔مذ) ایک دھات کا نام ہے ÷

تانت (ہ۔مث) ساز کا تار (سارنگی وغیرہ کا)

تان سین (ہ۔مذ) ایک مشہور گوّیے کا نام جو اکبر بادشاہ کے عہد میں ہوا ہے ÷

تانیث (ع۔مث) مؤنث ہونا (تذکیر کی ضد) ÷

تاؤ (ہ۔مذ) گرمی۔ حرارت۔ غصّہ

تاؤ دینا (ہ) گرم کرنا۔ مونچھوں کو مروڑنا ÷

تاوان (ف۔مذ) جرمانہ۔ ڈنڈ۔ بدلہ ÷

تاوقتیکہ (ف) اسوقت تک کہ جب تک کہ ÷

تاوِیل (ع۔مث) بیان کرنا۔ حیلہ۔ ہیر پھیر کر اپنے مطلب کے مطابق مطلب نکالنا۔

تائب (ع ـ مذ) توبہ کرنے والا ۔ بُرے کام چھوڑنے والا ✤
تائید (ع ـ مث) مدد ـ طرفداری ✤

(ت ـ ب)

تَب (ہ) اسوقت ـ پھر ✤
تبادلہ (ف ـ مذ) تبدیلی ـ بدلنا ✤
تبار (ع ـ مذ) خاندان ـ کُنبہ ✤
تبارک (ع ـ ص) بڑا ـ عالی
تباہ (ف ـ ص) برباد ـ خراب ـ اُجڑا ہوُا ✤
تباہی (ف ـ مث) بربادی ذلت ـ رسوائی ✤
تبخیر (ع ـ مث) پانی کے بخارات بننا ✤
تبدُّل (ع ـ مذ) بدلنا ✤
تبدیل (ع ـ مث) بدلنا پلٹنا
تبدیل ہیئت (ع ـ مث) صُورت بدلنا ـ بھیس بدلنا ✤
تبدیلی (ف ـ مث) بدلی ✤
تَبَر (ف ـ مذ) کلھاڑا ✤
تبرّا (ع ـ مذ) بیزاری ـ نفرت لعن طعن ✤
تبرُّک (ع ـ مذ) برکت والی شے پرشاد ـ بزرگوں کا عطیہ ✤
تبرُّکاً (ع) برکت کے خیال سے
تبسّم (ع ـ مذ) مُسکراہٹ ✤
تبلیغ (ع ـ مث) پہنچانا ـ عام لوگوں کو اپنے مذہب کے احکام پہنچانا ✤
تپ (ہ ـ مذ) بخار ـ گرمی ـ پرستش ✤
تپاک (ف ـ مذ) محبت اخلاص شوق ✤
تپسیا (س ـ مث) عبادت ـ بندگی ✤
تپش (ف ـ مث) گرمی حرارت
تتبُّع (ع ـ مذ) پیروی ✤
تتر بتر (ہ ـ ص) الگ الگ ـ پریشان ✤
تتلی (ہ ـ مث) تیتری
تتمّہ (ع ـ مذ) کسی چیز کا اخیر باقی ـ کتاب کا وہ حصّہ جو اخیر کتاب میں لگاتے ہیں ✤
تثلیث (ع ـ مث) تین حصّوں میں بانٹنا ـ عیسائیو کے عقیدے میں تین خدا بیٹا (حضرت مسیحؑ) اور روح القدس ✤
تثنیہ (ع ـ مذ) دُگنا ـ عربی زبان کی گرامر میں جمع کے قاعدے میں دو کے لئے الگ صیغہ ہے ـ اُسے تثنیہ کہتے ہیں ✤
تجّار (ع ـ مذ) جمع تاجر کی ـ بیوپاری لوگ ـ سوداگران ✤
تجارت (ع ـ مث) سوداگری ـ بیوپار ✤
تجاوز (ع ـ مذ) حد سے بڑھنا ـ زیادتی ✤
تجاہل عارفانہ (ع ـ مذ) جان بوجھ کر انجان بننا ✤
تجاویز (ع ـ مث) جمع تجویز کی ـ تدبیر ـ انتظام غور و فکر ✤
تجدید (ع ـ مث) نیا کرنا

نئے سرے سے کام کرنا ⋄
تجربہ (ع۔مذ) آزمائش خبر
امتحان کرنا۔ ثبوت ⋄
تجربہ کار (ف۔ص) واقف کار
ماہر۔ لائق ⋄
تجربۃً (ع) امتحان کی خاطر
آزمائش کے لئے ⋄
تجرّد (ع۔مذ) اکیلا ہونا۔
بغیر شادی کے رہنا ⋄
تجسّس (ع۔مث) جستجو
تلاش ⋄
تجلّی (ع۔مث) چمک۔ جلوہ
تجویز (ع۔مث) تدبیر سوچ
بچار۔ انتظام ⋄
تجہیز و تکفین (ع۔مث)
مُردے کو نہلا دُھلا کر
قبر میں دفن کرنا ⋄
تحائف (ع۔مذ) جمع تحفہ
کی۔ نذر۔ سوغات ⋄
تحت (ع۔مذ) نیچے۔ قابو
تحت الثریٰ (ع۔مث)
زمین کا سب سے نچلا حصّہ
تحریر (ع۔مث) دستاویز

لکھنا ⋄
تحریص (ع۔مث) حرص دلانا
لالچ دینا ⋄
تحریف (ع۔مث) بات کو
بدلنا۔ عبارت کو بدلنا ⋄
تحریک (ع۔مث) حرکت دینا
اُکسانا۔ کسی کام کے لئے
کوشش کرنا ⋄
تحسین (ع۔مث) اچھا کہنا۔
تعریف کرنا۔ آفرین ⋄
تحصیل (ع۔مث) حاصل کرنا
محصول۔ محصول داخل کرنے
کی جگہ ⋄
تحصیل حاصل (ع۔ص) بے
فائدہ۔ بے سُود ⋄
تحصیلدار (ف۔مذ) سرکاری
عُہدہ دار جو معاملہ وغیرہ
جمع کرتا ہے ⋄
تحفہ (ع۔مذ) نذر و نیاز۔ سوغات ⋄
تحقیر (ع۔مث) بے قدری
حقارت ⋄
تحقیق (ع۔مث) حقیقت
دریافت کرنا۔ کھوج

لگانا ⋄
تحقیقات (ع۔مث) تحقیق
کی جمع۔ تجربات ⋄
تحلیل (ع۔مث) حل ہونا
گُھل جانا ⋄
تحمّل (ع۔مذ) برداشت
کرنا۔ حوصلہ ⋄
تحویل (ع۔مث) سپرد کرنا۔
حوالے کرنا ⋄
تحیّر (ع۔مذ) حیرانی تعجب ⋄

(ت۔خ)

تخت (ف۔مذ) مسند۔ گدّی
بادشاہ کے بیٹھنے کی مسند ⋄
تخت پوش (ف۔مذ) تخت پر
بچھانے کی چادر۔ تخت ⋄
تختِ رواں (ف۔مذ) ہوادار
تخت۔ غبارہ ⋄
تختِ طاؤس (ف۔مذ)
شاہجہان بادشاہ کے مشہور
تخت کا نام ہے۔ جسے
نادر شاہ لوٹ کر ایران
لے گیا تھا ⋄
تخت گاہ (ف۔مث) دارالخلافہ

راجدھانی ÷

تخت نشینی (ف۔مث) تخت پر بیٹھنے کی رسم ÷

تختہ (ف۔مذ) لکڑی کا چرا ہوا چھوٹا ٹکڑا۔ کاغذ کا تاؤ ÷

تختہ اُلٹنا (ا) برباد ہونا۔ اُجڑنا ÷

تخریب (ع۔مث) خراب کرنا۔ برباد کرنا ÷

تخصیص (ع۔مث) خصوصیت ÷

تخفیف (ع۔مث) کم کرنا۔ کمی۔ گھٹانا ÷

تخلُّص (ع۔مذ) شاعر کا مختصر نام جو اشعار میں استعمال کرتا ہے ÷

تخلیہ (ع۔مذ) تنہائی۔ خلوت ÷

تخم (ع۔مذ) بیج۔ نطفہ ÷

تخم ریزی (ف۔مث) بیج بونا

تخمیناً (ع) اندازاً۔ تقریباً ÷

تخمینہ (ع۔مذ) اندازہ ÷

تخویف (ع۔مث) خوف دلانا۔ ڈرانا ÷

تخیُّل (ع۔مذ) خیال میں لانا

تدارُک (ع۔مذ) تلافی۔ بدلہ۔ تدبیر ÷

تدبُّر (ع۔مذ) دُور اندیشی ÷

تدبیر (ع۔مث) سوچ بچار۔ تجویز ÷

تدریج (ع) درجہ بدرجہ ہونا آہستہ آہستہ کام ہونا۔ درجہ بدرجہ ÷

تدریس (ع۔مث) پڑھانا۔ تعلیم ÷

تدفین (ع۔مث) دفن کرنا۔ زمین میں دبانا ÷

تدوین (ع۔مث) جمع کرنا۔ تالیف کرنا ÷

تدیُّن (ع۔مذ) دین داری ÷

تذبذب (ع۔مذ) شُبہ۔ تردّد۔ دو دِلا ہونا ÷

تذکرہ (ع۔مذ) بیان۔ ذکر۔ سوانح عمری ÷

تذکیر (ع۔مث) ضد تانیث کی مذکر ہونا۔ نر ہونا ÷

تذلیل (ع۔مث) ذِلت رُسوائی ÷

(ت۔ ر)

تر (ف۔ص) گیلا۔ بھیگا ہوا۔ تازہ۔ زیادہ۔ گھی وغیرہ سے تر۔ روغنی ÷

تروتازہ (ف۔ص) ہرا بھرا ÷

تُراب (ع۔مث) مٹی ÷

ترازو (ف۔مث) وزن کرنے کا آلہ۔ تکڑی ÷

تراش (ف۔مث) کاٹ چھانٹ۔ وضع ÷

تراشنا (ا) چھیلنا۔ مونڈنا ÷

تراکیب (ع۔مث) جمع ترکیب کی ÷

ترانہ (ف۔مذ) گیت۔ نغمہ ÷

تراوِش (ف۔مث) ٹپکاؤ۔ ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ گرنا ÷

ترائی (ا۔مث) دریا کے قریب کی زمین ÷

تُربت (ع۔مث) قبر۔ گور

تربوز (ا۔مذ) ہندوانہ۔ ایک مشہور پھل ہے ÷

تربیت (ع۔مث) پرورش۔ تعلیم ÷

ترپال (ہ۔مذ) ٹاٹ ٭

ترت (ہ) فوراً۔ اسی وقت جلدی ٭

ترتیب (ع۔مث) آراستگی ڈھنگ۔ قاعدہ ٭

ترتیب وار (ت) سلسلہ وار درجہ بدرجہ۔ باقاعدہ ٭

ترجمان (ف۔مذ) ترجمہ کرنے والا۔ ایک شخص کی بات کو دوسرے کی زبان میں بیان کرنے والا ٭

ترجمہ (ع۔مذ) ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنا ٭

ترجیح (ع۔مث) فوقیت بڑھوتری۔ فضیلت ٭

ترچھا (ہ۔ص) ٹیڑھا بانکا

ترچھی نظر (ل) ٹیڑھی نظر۔ غصے کی نظر ٭

ترحم (ع۔مذ) رحم کرنا۔ مہربانی کرنا ٭

تردد (ع۔مذ) سوچ۔ فکر۔ اندیشہ ٭

تردید (ع۔مث) دوسرے کی بات کو رد کرنا ٭

ترس (ت۔مذ) خوف۔ ڈر

ترسا (ف۔مذ) آتش پرست ٭

ترسان (ف۔حالیہ) ڈرتے ہوئے۔ ڈرتا ہوا ٭

ترسانا (ہ) للچانا۔ مطلوبہ شے نہ دینا ٭

ترسیل (ع۔مث) بھیجنا۔ ارسال۔ روانہ کرنا ٭

ترش (ف۔ص) کھٹا۔ ناراض۔ بددماغ ٭

ترش رو (ف۔مذ) ناخوش۔ چڑچڑا ٭

ترشح (ع۔مذ) قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ بوندا باندی۔ بات ظاہر ہونا

ترشی (ف۔مث) کھٹائی۔ ناراضگی ٭

ترغیب (ع۔مث) رغبت دلانا۔ شوق دلانا ٭

ترقی (ع۔مث) بڑھنا۔ بلندی۔ اضافہ ٭

ترک (ف۔مذ) تاتاری نسل سپاہی ٭

ترک (ف۔مذ) چھوڑنا۔ بھول۔ سہو ٭

ترکِ ادب (ف۔مذ) بے ادبی۔ گستاخی ٭

ترکاری (ف۔مث) سبزی (ہندو) گوشت ٭

ترکش (ف۔مذ) تیردان تیر رکھنے کا خول ٭

ترکی (ف۔مث) ترکی زبان۔ بہادری ٭

ترکی بہ ترکی جواب دینا (ا) پورا جواب دینا۔ خوب جواب دینا ٭

ترکی تمام ہونا (ا) غرور جاتے رہنا۔ گھمنڈ نہ رہنا ٭

ترکیب (ع۔مث) ملانا۔ جوڑنا۔ بناوٹ۔ تجویز ٭

ترمیم (ع۔مث) درست کرنا۔ تبدیلی کرنا ٭

ترنگ (ہ۔مث) موج۔ لہر۔ خیال۔ شیخی ٭

تری (ف۔مث) نمی (خشکی کی ضد) ٭
تریاک / تریاق (ف۔مذ) ایک دوائی کا نام ہے۔ جو زہر کے اثر کو دور کرتی ہے ٭
تریڑا (ہ۔مذ) پانی کا دھار باندھ کر کسی اونچی جگہ سے گرنا ٭
تڑاق پڑاق (ا) جلد جلد برابر مارنا۔ کسی چیز کی آواز ٭
تڑاق کھانا (ا) ٹوٹنا گھٹنا
تڑاقے کا (ا) مزیدار۔ لذیذ
تڑپ (ہ۔مث) بیقراری پھڑک۔ گرمی ٭
تڑپانا (ہ) بیقرار کرنا۔ پھڑکانا
تڑپنا۔ پھڑکنا۔ تلملانا۔
تڑکا مذ صبح سویرا ٭
تزک (ف۔مث) دھوم۔ شوکت۔ شاہی روزنامچہ ٭
تزک و احتشام (ع۔مذ) شان و شوکت ٭
تزکیہ (ع۔مذ) پاک کرنا ٭
تزلزل (ع۔مذ) زلزلہ۔ جنبش گڑبڑ ٭

تزویر (ع۔مث) مکر و فریب ٭
تزئین (ع۔مث) زینت آرائش ٭

(ت۔س)

تس (ہ) اس۔ وہ ٭
تس پر (ہ) اس پر۔ پھر بھی ٭
تساہل (ع۔مذ) سستی ٭
تسبیح (ع۔مث) خدا کی یاد۔ مالا ٭
تسبیح خواں (ع۔مذ) خدا کی یاد کرنے والا۔ مالا پھیرنے والا
تسخیر (ع۔مث) فتح کرنا۔ قابو میں لانا۔ اپنی طرف کھینچنا
تسطیر (ع) لکھنا۔ سطر بندی کرنا ٭
تسکین (ع۔مث) آرام۔ تسلی۔ دلاسا ٭
تسلسل (ع۔مذ) سلسلہ بندی۔ لڑی ٭
تسلط (ع۔مذ) غلبہ۔ حکومت قبضہ ٭
تسلی (ع۔مث) اطمینان دلاسا ٭

تسلیم (ع۔مث) ماننا۔ قبول کرنا۔ جھکنا۔ بندگی ٭
تسلیمات (ع۔مث) جمع تسلیم۔ بندگی۔ آداب ٭
تسمہ (ف۔مذ) چمڑے کا لمبا مگر کم چوڑا ٹکڑا ٭
تسمہ کھینچنا (ا) تنگ کرنا پھانسی دینا ٭
تسمہ لگا نہ رکھنا (ا) ذرا لحاظ نہ رکھنا۔ صاف گردن اڑا دینا ٭
تسمیہ (ع۔مذ) نام رکھنا ٭
تشبیہ (ع۔مث) مشابہت کسی چیز سے مثال دینا ٭
تشخیص (ع۔مث) تحقیق۔ جانچنا ٭
تشدد (ع۔مذ) سختی۔ جبر زیادتی ٭
تشدید (ع۔مث) کسی حرف کو زور سے کہنا۔ کہ دو معلوم ہوں۔ جیسے تشدد کی دال (دّ) میں ٭
تشریح (ع۔مث) اچھی طرح

بیان کرنا۔ وضاحت کرنا ٭

تشریف (ع۔ مث) بزرگی۔ شرف ٭

تشریف لانا (ا) آنے کی تکلیف کرنا ٭

تشریف لے جاؤ (ا) رخصت ہو جاؤ ٭

تشریف رکھو (ا) بیٹھو۔ ٹھیرو ٭

تشفی (ع۔ مث) تسلّی ٭

تشنگی (ف۔ مث) پیاس ٭

تشنہ (ف۔ ص) پیاسا۔ خواہشمند

تشنہ لب (ف۔ ص) پیاسا۔ بہت خواہشمند ٭

تشنیع (ع۔ مذ) بُرا بھلا کہنا۔ ملامت ٭

تشویش (ع۔ مث) پریشانی۔ فکر ٭

تشہیر (ع۔ مث) شہرت دینا۔ مشہور کرنا ٭

(ت ۔ ص)

تصادُم (ع۔ مذ) دو چیزوں کا آپس میں ٹکرانا ٭

تصانیف (ع۔ مث) جمع تصنیف کی ٭

تصاوِیر (ع۔ مث) تصویر کی جمع ٭

تصحیح (ع۔ مث) صحت کرنا۔ درست کرنا ٭

تصدّق (ع۔ مذ) صدقے دینا۔ قربان ہونا ٭

تصدِیع (ع۔ مث) دردِ سر۔ تکلیف ٭

تصدِیعہ (ع۔ مذ) تکلیف۔ دُکھ

تصدِیق (ع۔ مث) سچائی۔ ثبوت۔ سرٹیفکیٹ ٭

تصرّف (ع۔ مذ) قبضہ۔ اختیار۔ بدل دینا

تصرُّفِ بیجا (ف۔ مذ) بے موقعہ دخل دینا۔ خیانت کرنا ٭

تصرِیح (ع۔ مث) شرح۔ تشریح۔ وضاحت ٭

تصفِیہ (ع۔ مذ) صفائی۔ فیصلہ۔ صُلح ٭

تصغِیر (ع۔ مث) کم کرنا۔ چھوٹا کرنا۔ گرامر کی اصلاح میں وہ اسم جس میں چھوٹائی کے معنے پائے جاتے ہیں۔ جیسے ڈھولک ٭

تصنّع (ع۔ مذ) بناوٹ ظاہرداری ٭

تصنِیف (ع۔ مث) کوئی کتاب لکھنا۔ کتاب

تصوّر (ع۔ مذ) دھیان۔ خیال۔ ذہن میں کسی چیز کی صُورت جمانا ٭

تصوِیر (ع۔ مث) صُورت۔ مُورت۔ نقشہ ٭

تصوُّف (ع۔ مذ) دینیات وہ علم جس کے ذریعے سے دل کی صفائی اور پاکیزگی حاصل ہوتی ہے ٭

تضحِیک (ع۔ مذ) ہنسی اُڑانا۔ توہین ٭

تضرُّع (ع۔ مث) گریہ زاری۔ منّت خوشامد ٭

تضمِین (ع۔ مث) شامل کرنا۔ کسی دوسرے شاعر کے شعر پر کوئی مصرعہ یا بند لگانا

تضیِیع (ع - مث) ضائع کرنا - گنوانا ÷

تضیِیع اوقات (ع - مث) وقت ضائع کرنا - بیکار پھرنا ÷

(ت - ط)

تطَابق (ع - مذ) ایک دوسرے کے مطابق ہونا ÷

تطَاوُل (ع - مذ) ظلم - دست درازی ÷

تطبِیق (ع - مث) دو باتوں کو آپس میں مطابقت دینا ÷

تطوِیل (ع - مث) لمبا کرنا - طول دینا ÷

تطہِیر (ع - مث) پاک کرنا ÷

تظلّم (ع - مذ) فریاد کرنا ÷

(ت - ع)

تعَارُض (ع - مذ) روکنا - جھگڑا کرنا ÷

تعَارُف (ع - مذ) جان پہچان - واقفیت ÷

تعَاقُب (ع - مذ) پیچھا کرنا ÷

تعَالیٰ (ع - مذ) بہت بلند بزرگ ÷

تعَب (ع - مذ) رنج - دُکھ - تکلیف - محنت ÷

تعَاوُن (ع - مذ) مدد کرنا - مل کر کام کرنا ÷

تعبِیر (ع - مث) بیان کرنا - خواب کا مطلب بتانا ÷

تعَجُّب (ع - مذ) حیرانی ÷

تعجِیل (ع - مث) جلدی - شتابی ÷

تعدَاد (ع - مث) شمار کرنا - گنتی - مقدار ÷

تعَدِّی (ع - مث) ظلم - زیادتی - حد سے بڑھنا ÷

تعَرُّض (ع - مذ) روکنا - مزاحمت کرنا ÷

تعرِیف (ع - مث) تشریح - خوبی - کسی کی خوبیاں بیان کرنا ÷

تعزِیر (ع - مث) سزا - ڈانٹنا ÷

تعزِیراتِ ہند (ع - مث) ہندوستان کے قوانین سزا کا مجموعہ یا کتاب ÷

تعزِیہ (ع - مذ) حضرت امام حسینؓ کی یاد میں ان کے روضہ کی نقل جو عاشورہ کے دن بنائی جاتی ہے ÷

تعزِیہ دار (ف - مث) تعزیہ نکالنے والا ÷

تعزِیہ داری (ف - مث) تعزیہ نکالنا ÷

تعزِیَت (ع - مث) ماتم پرسی ÷

تعصُّب (ع - مذ) طرفداری - کسی سے مذہبی رنج رکھنا ÷

تعطِیل (ع - مث) بیکاری - چھٹی - رخصت ÷

تعظِیم (ع - مث) بزرگی - بڑا جاننا - عزت کرنا ÷

تعَفُّن (ع - مث) عفونت ہونا - بدبو ہونا ÷

تعَقُّب (ع - مذ) پیچھا کرنا ÷

تعَلُّق (ع - مذ) واسطہ - علاقہ

تعَلُّقہ (ع - مذ) علاقہ - جاگیر

تعَلُّقہ دار (ف - مذ) بڑا جاگیردار

تعَلِّی (ع - مث) بڑائی - فخر کی بات - شیخی ÷

تعلِیم (ع - مث) سکھانا - پڑھانا ÷

تعمیر (ع - مث) عمارت بنانا مکان بنانا ٭

تعمیل (ع - مث) عمل کرنا - حکم کرنا ٭

تعویذ (ع - مذ) امان - پناہ - کوئی نقش یا قرآن شریف کی آیت جو لکھ کر گلے میں ڈالتے ہیں - یا بازو پر باندھتے ہیں - قبر کا پتھر ٭

تعیّن (ع - مذ) مقرر کرنا کام پر لگانا ٭

تغافل (ع - مذ) غفلت کرنا بے پرواہی ٭

تغلّب (ع - مذ) غلبہ کرنا قبضہ کرنا ٭

تغیّر (ع - مذ) تبدیلی ٭

تغییر (ع - مث) بدلنا - تبدیل کرنا ٭

(ت - ف)

تُف (ف - مذ مث) تھوک لعنت ٭

تفاخر (ع - مذ) فخر کرنا - ڈینگ مارنا ٭

تفاوُت (ع - مذ) فرق - فاصلہ - دُوری ٭

تفتہ (ف - ص) جلا ہوا - سوختہ

تفتیح (ع - مث) کھولنا - فراخ کرنا ٭

تفتیش (ع - مث) چھان بین کرنا دریافت کرنا ٭

تفحّص (ع - مذ) غور و خوض - تفتیش ٭

تفرّج (ع - مذ) سیر و تماشا ٭

تفرقہ (ع - مذ) جدائی - علیحدگی

تفریح (ع - مث) خوشی - راحت

تفریحاً (ع) ہنسی سے مذاق سے ٭

تفریط (ع - مث) کوتاہی - کمی

تفریق (ع - مث) جدائی - فرق - منہا کرنا ٭

تفسیر (ع - مث) بیان کرنا - قرآن شریف کی شرح ٭

تفصیل (ع - مث) بیان کرنا - تشریح ٭

تفضیل (ع - مث) ترجیح - ایک چیز کو دوسری چیز سے اچھا سمجھنا ٭

تفکّر (ع - مذ) فکر - اندیشہ ٭

تُفنگ (ف - مث) بندوق - توپ ٭

تفنّن (ع - مذ) دل لگی - شغل گوناگون ہونا ٭

تفنّنِ طبع (ع - مذ) دل لگی ہنسی - مذاق ٭

تفویض (ع - مث) سپرد کرنا حوالے کرنا - سپردگی ٭

(ت - ق)

تقاضا (ع - مذ) مانگنا - طلب کرنا - خواہش کرنا ٭

تقاوی (ع - مث) وہ روپیہ جو زمینداروں کو امداد کے لئے سرکار کی طرف سے قرض دیا جاتا ہے ٭

تقدّس (ع - مذ) پاک ہونا پرہیزگاری ٭

تقدیر (ع - مث) قسمت - نصیب - مقسوم ٭

تقدیر آزمانا (ل) قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا ٭

تقدیر کا لکھا (ہ) قسمت
لیکھ ٭
تقدیری امر یا امرِ تقدیری
(ع - مذ) قدرتی بات ہونے
والی بات - وہ بات جو
اپنے بس میں نہ ہو ٭
تقدیم (ع - مث) پہل -
فوقیت - برتری ٭
تقریب (ع - مث) سبب - موقع
تقریباً (ع) اندازاً - تخمیناً ٭
تقریر (ع - مث) بیان -
لیکچر - گفتگو ٭
تقریری (ع - ص) زبانی
(ضد تحریری کی) ٭
تقریظ (ع - مث) کسی تحریر یا
کتاب پر رائے دینا - ریویو ٭
تقسیم (ع - مث) بانٹنا -
حصے کرنا ٭
تقصیر (ع - مث) کوتاہی -
کمی - قصور ٭
تقطیع (ع - مث) ٹکڑے
ٹکڑے کرنا - کسی شعر کا وزن
دریافت کرنا - کتاب کا
حجم ٭
تقلید (ع - مث) کسی کے پیچھے
چلنا - پیروی کرنا ٭
تقویت (ع - مث) طاقت -
زور - مدد - سہارا ٭
تقویم (ع - مث) جنتری -
دنوں مہینوں کا حساب ٭
تقیہ (ع - مذ) ڈر کے سبب دل
کی اصلی بات ظاہر نہ کرنا ٭

(ت - ک)

تُک (ہ - مذ) قافیہ ٭
تُک بندی (ہ - مث) تُک سے
تُک ملانا ٭
تک (ہ - مث) ترازو - تا - پاس ٭
تکا (ہ - مذ) گوشت کا ٹکڑا ٭
تکا بوٹی کرنا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے
کرنا - بانٹنا ٭
تُکا (ہ) تیر ٭
تکالیف (ع - مث) جمع تکلیف
کی - دکھ - رنج ٭
تکان (ہ - مث) تھکاوٹ ٭
تکبّر (ع - مذ) کبر کرنا - غرور کرنا
گھمنڈ کرنا ٭
تکبیر (ع - مث) اللہ اکبر کہنا -
خدا کی بزرگی بیان کرنا ٭
تکدّر (ع - مذ) میلا ہونا -
مکدر ہونا ٭
تکذیب (ع - مث) جھٹلانا -
جھوٹا کرنا ٭
تکرار (ع - مث) بار بار کہنا -
جھگڑا - بحث ٭
تکریم (ع - مث) عزت کرنا
خاطر تواضع کرنا ٭
تکفیر (ع - مث) کافر بنانا -
کفر کا فتویٰ دینا ٭
تکفین (ع - مث) کفنی پہنانا
تکلف (ع - مذ) بناوٹ
ظاہر داری - تکلیف اٹھا کر
کوئی کام کرنا ٭
تکلف کرنا (ہ) تکلیف سے
کوئی کام کرنا - آراستہ کرنا -
شرم کرنا ٭
تکلّم (ع - مذ) کلام کرنا - بات کرنا
تکلیف (ع - مث) دکھ -
رنج - محنت ٭
تکمہ (ف - مذ) گھنڈی ٭

تکمیل (ع۔مث) پورا کرنا۔ کمال کو پہنچانا ٭

تکنا (ہ) دیکھنا۔ گھورنا۔ غور سے دیکھنا ٭

تکّے لگانا (و) کباب لگانا ٭

تکیہ (ف۔مذ) سرہانہ۔ آرام کی جگہ۔ سہارا۔ بھروسہ ٭

تکیہ کرنا (و) بھروسہ کرنا۔ اعتبار کرنا ٭

تکیہ کلام (ف) کوئی لفظ جو کسی شخص کی زبان سے بار بار نکلتا ہے ٭

تکیہ لگانا (و) سہارا لگا کر بیٹھنا ٭

تگاپو (ف۔مث) دوڑ دھوپ۔ جلدی جلدی آمد و رفت کرنا۔ کوشش ٭

تگنا (ہ۔ص) تین گنا۔ سہ چند ٭

تگنی کا ناچ نچوانا (ہ) پریشان کرنا ٭

(ت۔ل)

تل (ہ۔مذ) ایک بیج جس سے تیل نکلتا ہے ٭

تل برابر (و) بہت کم۔ ذرا سا۔

تل دھرنے کو جگہ نہ ہونا۔ (ہ) بہت بھیڑ ہونا۔ کوئی جگہ نہ ہونا ٭

تلا (ہ۔مذ) جوتی کا نچلا حصّہ۔ پیندا ٭

تُلادان (ہ۔مذ) اپنے تول (وزن) کے برابر خیرات ٭

تلاش (ف۔مث) کوشش۔ ڈھونڈنا ٭

تلاش معاش (ف۔مث) روزی کی تلاش ٭

تلاشی (ف۔مث) کسی چیز کو ڈھونڈنے کے لئے گھر بار دیکھنا ٭

تلاطُم (ع۔مذ) موجیں اُٹھنا۔ جوش ٭

تلافی (ع۔مث) کمی یا نقصان کا پورا کرنا۔ بدلہ ٭

تلاوت (ع۔مث) پڑھنا۔ قرآن شریف کا مطالعہ کرنا

تلبیس (ع۔مث) دھوکا دینا۔ فریب دینا ٭

تلچھٹ (ہ۔مث) وہ چیز جو پانی کی تہ میں بیٹھ جاتی ہے گارا۔ شراب کی میل ٭

تلخ (ف۔ص) ناپسند۔ کڑوا۔ بدمزہ۔ بُرا ٭

تلخی (ف۔مث) کڑواہٹ سختی ٭

تُلسی (س۔مث) ایک پودے کا نام ہے جسے ہندو لوگ متبرک سمجھتے ہیں۔ ایک مشہور شاعر کا نام بھی ہے ٭

تلف (ع۔مذ) ہلاک ہونا۔ ضائع۔ تباہ ٭

تلفظ (ع۔مذ) کسی لفظ کا زبان سے ادا کرنا۔ لہجہ ٭

تلقین (ع۔مث) تعلیم دینا۔ سمجھانا۔ سُنانا ٭

تلک (ہ۔مذ) قشقہ۔ ٹیکا جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں۔ ہندوؤں کے ایک مشہور لیڈر کا نام ہے ٭

تلملانا (و) تڑپنا۔ بے قرار ہونا ٭

تلمیح (ع۔مث) کلام میں کسی قصّے کی طرف اشارہ کرنا ٭
تلمیذ (ع۔مذ) شاگرد ٭
تلنگا (ہ۔مذ) سپاہی ٭
تلنا (ہ) کڑاہی میں تیل یا گھی ڈال کر کوئی چیز پکانا ٭
تُلنا (ہ) تیار ہونا۔ کسی کام پر آمادہ ہونا۔ وزن ہونا۔
تلوا (ہ۔مذ) پاؤں کے نیچے کا حصّہ ٭
تلوا کھُجلانا (ہ) سفر کا شگون ہونا ٭
تلوار (ہ۔مث) لوہے کا خمدار تیز ہتھیار۔ تیغ ٭
تلوار برسنا (ہ) بہت تلوار چلنا۔ سخت لڑائی ہونا ٭
تلوار چلنا (ہ) جنگ ہونا۔ کُشت و خون ہونا ٭
تلوار سُونتنا (ہ) تلوار کھینچنا
تلوّن (ع۔مذ) رنگ بدلنا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا

(ت۔م)

تُم (ہ ضمیر مخاطب) تُو کی جمع آپ (حاضر کے لئے) ٭
تماچہ (ف۔مذ) تھپڑ ٭
تماشا (ف۔مذ) دیکھنا۔ سیر اکھاڑا۔ دل لگی۔ عجیب و غریب ٭
تماشا گاہ (ف۔مث) سیرگاہ اکھاڑے کی جگہ ٭
تماشائی (ف۔مذ) تماشا دیکھنے والا۔ سیر دیکھنے والا ٭
تماشبین (ف۔مذ) بدکار۔ آوارہ۔ عیاش ٭
تماشبینی (ف۔مث) بدکاری رنڈی بازی ٭
تمام (ع۔ص) پُورا۔ کامل ٭
تمامتر (ف) بالکل۔ محض ٭
تمام و کمال (ع۔ص) سب کا سب ٭
تمام ہونا (ا) پُورا ہونا۔ مرجانا
تمباکو (ا۔مذ) مشہور پودا ہے جس کے پتے حُقّے میں پیتے ہیں ٭
تمتّع (ع۔مذ) فائدہ اُٹھانا ٭
تمتمانا (ہ) گرم ہونا۔ گرمی یا بخار سے چہرہ سُرخ ہونا ٭
تمثیل (ع۔مث) مثال دینا۔ تشبیہ ٭
تمدّن (ع۔مذ) بود و باش۔ انتظام شہر۔ لوگوں کا اکٹھا ہو کر رہنا ٭
تمسّک (ع۔مذ) مضبوط پکڑنا اقرار نامہ ٭
تمغہ (ف۔مذ) عزّت کا نشان سونے چاندی کا میڈل جو بطور انعام دیا جاوے ٭
تمکنت (ع۔مث) شان و شوکت۔ اختیار۔ غرور ٭
تملّق (ع۔مذ) خوشامد۔ چاپلوسی ٭
تمن دار (ف۔مذ) رسالدار۔ قوم کا سردار ٭
تمنّا (ع۔مث) خواہش۔ آرزو۔ شوق ٭
تموّج (ع۔مذ) لہریں اُٹھنا۔ جوش مارنا۔ جوش ٭
تموّل (ع۔مذ) مالدار ہونا دولت مندی ٭
تمہید (ع۔مث) ابتدا۔ آغاز

کتاب کا دیباچہ ٭
تمیز (ع ۔مث) شناخت ۔
فرق ۔عقل ۔ادب ٭

(ت ۔ن)

تن (ف ۔مذ) جسم ۔بدن ٭
تن آسانی (ف ۔مث)
آرام طلبی ٭
تن پرور (ف ۔ص) آرام طلب
تن تنہا (ف) اکیلا ٭
تن من دھن (ہ ۔مذ) جسم ۔
جان اور دولت ٭
تنازع (ع ۔مذ) جھگڑا ۔
جھگڑا کرنا ٭
تنازعات (ع ۔مذ) جمع
تنازع کی) ٭
تنازعہ (ع ۔مذ) جھگڑا ٭
تناسب (ع ۔مذ) آپس میں
نسبت رکھنا ۔خوبصورتی
موافقت ٭
تناسخ (ع ۔مذ) روح کا
ایک جسم سے دوسرے جسم
میں آنا ۔جون بدلنا ٭
تناسل (ع ۔مذ) نسل بڑھانا
اولاد پیدا کرنا ٭
تناول (ع ۔مذ) کھانا نوش کرنا
طعام کھانا ٭
تنبول (ہ ۔مذ) پان ۔شادی بیاہ
کے موقعہ پر شادی والے کو جو
نقد روپیہ دیا جاتا ہے اسے
بھی تنبول کہتے ہیں ٭
تنبولن (ہ ۔مث) پان بیچنے
والی عورت ٭
تنبولی (ہ ۔مذ) پان بیچنے
والا مرد ٭
تنبیہ (ع ۔مث) آگاہ کرنا ۔
جھڑکی ۔ملامت ٭
تن تن (ہ ۔مث) ستار ۔طنبورہ
وغیرہ کی آواز ٭
تنتنی (ا ۔مث) سارنگی جیسا با
تنخواہ (ف ۔مث) مشاہرہ ۔طلب
تنخواہ دار (ف ۔مذ) ملازم ۔
نوکر ٭
تند (ف ۔ص) تیز ۔سخت ۔
غضبناک ٭
تندخو (ف ۔ص) بدمزاج
بدعادت ٭
تندرست (ف ۔ص) صحیح
سالم ۔بھلا چنگا ٭
تندرستی (ف ۔مث) صحت
سلامتی ٭
تندہی (ف ۔مث) توجہ محنت
تندی (ف ۔مث) سختی ۔تیزی
غصہ ٭
تنزل (ع ۔مذ) گھٹاؤ ۔
زوال ۔کمی ٭
تنسیخ (ع ۔مث) رد کرنا ۔
منسوخ کرنا ۔توڑنا ٭
تنصیف (ع ۔مث) نصف ۔
نصف کرنا ۔دو برابر حصوں
میں تقسیم کرنا ٭
تنفس (ع ۔مذ) سانس
لینا ۔دم لینا ٭
تنقیح (ع ۔مث) صاف کرنا ۔
خالص کرنا ۔فیصلہ ٭
تنقیہ (ع ۔مث) جلاب
لینا ۔صفائی ٭
تنک (ف ۔ص) ہلکا کمزور
نازک ٭
تنک مزاج (ف ۔ص) اوچھا

طبیعت کا۔ چڑچڑا ٭
تنکا نہ رہنا (ا) کچھ نہ رہنا۔ مفلس ہو جانا ٭
تنکے چننا (ا)، پاگل ہو جانا آوارہ پھرنا۔ ذلیل ہونا ٭
تنکے چنوانا (ا)، ذلیل کرنا۔ آوارہ کرنا۔ پاگل بنانا ٭
تنکے کا سہارا (ا)، ذرا سا سہارا۔ ذرا سا بہانہ ٭
تنکے کو پہاڑ کر دکھانا۔ (ا) ذرا سی بات کو بہت بڑا کر دینا ٭
تنگ (ف۔ص)، سکڑا ہوا کم۔ غریب۔ لاچار ٭
تنگ آنا (ا)، مجبور ہونا۔ عاجز آنا ٭
تنگ حال (ف۔ص) محتاج مفلس۔ سخت بیمار ٭
تنگ حوصلہ (ف۔ص)، کم حوصلہ۔ کم ظرف ٭
تنگ دست (ف۔ص)، غریب۔ مفلس ٭
تنگدستی (ف۔مث)، ناداری افلاس ٭
تنگدل (ف۔ص)، کنجوس۔ کم حوصلہ ٭
تنگ کرنا (ا)، دق کرنا۔ تکلیف دینا ٭
تنگ نظر (ف۔ص)، کم نظر۔ کم حوصلہ۔ اوچھا ٭
تنگی (ف۔مث)، غریبی۔ مفلسی وقت۔ سختی ٭
تنگی ہونا (ا)، کمی ہونا۔ مصیبت ہونا ٭
تن و توش (ف۔مذ) جسم بدن۔ باڑ ٭
تنور (ہ۔مذ) تندور۔ بھٹی۔ روٹی پکوانے کی جگہ ٭
تنومند (ف۔ص)، طاقتور۔ موٹا تازہ ٭
تنہا (ف۔ص)، اکیلا ٭
تنہائی (ف۔مث) علیحدگی۔ جدائی ٭

(ت ۔ و)

تو (ہ)، تب۔ پھر ٭
تو تو۔ میں میں۔ (ہ۔مث) جھگڑا۔ گالی گلوچ ٭
تواتر (ع۔مذ)، پے در پے لگاتار ٭
توارد (ع۔مذ)، دو شخصوں کو ایک ہی خیال سوجھنا ٭
تواریخ (ع۔مث)، جمع تاریخ کی۔ حالات ٭
تواضع (ع۔مث)، خاطر کرنا۔ آؤ بھگت ٭
توام (ع۔ص)، جڑواں۔ جوڑے ٭
توان (ف۔مث)، قدرت طاقت ٭
توانا (ف۔ص)، طاقتور ٭
توانگر (ف۔ص)، دولتمند ٭
توانائی (ف۔مث) طاقت قدرت ٭
توبہ (ع۔مث)، گناہ چھوڑنا ٭
توبہ کرنا (ا) آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد ٭
توبہ ہی بھلی (ا) اس سے تو توبہ ہی اچھی ہے۔ یہ کام نہ کرنا ہی اچھا ہے ٭

تَوبِیخ (ع ۔ مث) تنبیہ کرنا۔ ملامت کرنا۔ جھڑکنا ٭

توپ (ف ۔ مث) گولہ چلانے کی مشین ٭

توپچی (ف ۔ مذ) توپ سے گولہ چلانے والا ٭

توپ خانہ (ف ۔ مذ) توپوں کے رکھنے کی جگہ۔ میگزین ٭

تُوت (ع ۔ مذ) مشہور درخت ہے۔ شہتوت ٭

توجّہ (ع ۔ مث) دھیان۔ خیال۔ مہربانی ٭

توجیہہ (ع ۔ مث) وجہ بیان کرنا۔ سبب ظاہر کرنا ٭

توحید (ع ۔ مث) خدا تعالیٰ کو ایک جاننا ٭

تودہ (ف ۔ مذ) ڈھیر۔ ٹیلہ ٭

تورہ (ف ۔ مذ) خوانچہ۔ رسم۔ طریقہ ٭

تورہ پوش (ف ۔ مذ) خوان پوش ٭

تورے کا تورا چُن دیا (ا) مختلف کھانوں سے بھرا ہوا خوانچہ سامنے رکھ دیا ٭

توریت (ع ۔ مث) آسمانی کتاب جو حضرت موسےٰ پر اُتری تھی ٭

توڑ جوڑ (ہ ۔ مذ) داؤ۔ پیچ۔ ڈھنگ ٭

توڑ (ہ ۔ مذ) شکستگی۔ شگاف ٭

توڑنا (ہ) پھوڑنا۔ الگ کرنا۔ کاٹنا ٭

تُوزُک (ت ۔ مث) انتظام۔ شان و شوکت۔ بادشاہ کا خود نوشت روزنامچہ ٭

توسُّل (ع ۔ مذ) وسیلہ۔ ذریعہ۔ سفارش ٭

تَوسَن (ف ۔ مذ) گھوڑا ٭

توسیع (ع ۔ مث) وُسعت دینا۔ فراخ کرنا ٭

توشک (ت ۔ مث) نہالی۔ روئی دار بچھونا ٭

توشہ (ف ۔ مذ) کھانے پینے کی چیز۔ سفر کے لئے کھانے پینے کی چیز ٭

توشہ خانہ (ف ۔ مذ) امیروں کے کپڑے زیورات وغیرہ رکھنے کا مکان ٭

توصیف (ع ۔ مث) وصف بیان کرنا۔ تعریف کرنا ٭

توضیح (ع ۔ مث) وضاحت کرنا۔ کسی بات کو اچھی طرح بیان کرنا ٭

توفیق (ع ۔ مث) قدرت۔ ہدایت۔ مدد ٭

توقُّع (ع ۔ مث) اُمید۔ بھروسا۔

توقُّف (ع ۔ مذ) دیر۔ ڈھیل۔ سوچ ٭

توقیر (ع ۔ مث) عزّت و قدر۔ تعظیم ٭

توکُّل (ع ۔ مذ) خدا پر بھروسہ کرنا ٭

تولُّد (ع ۔ مذ) پیدائش۔ جنم ٭

تولنا (ہ) جانچنا۔ وزن کرنا ٭

تولیا (ا ۔ مذ) کھردرے کپڑے کا رومال وغیرہ۔ بدن پونچھنے کے لئے بُردار کپڑا ٭

تولید (ع ۔ مث) پیدا کرنا ٭

تونبا (ہ ۔ مذ) کدو جس کو اندر سے

خالی کر کے کشکول بنا لیتے
ہیں اور ستار میں بھی
لگاتے ہیں ÷
تُوند (ف۔مث) بڑا پیٹ ÷
تُونگر (ف۔ص) دولتمند ÷
تُونگری (ف۔مث) دولتمندی ÷
تَوَہُّم (ع۔مذ) وہم شک
و شبہ وسواس ÷
تَوہین (ع۔مث) ہتک
کرنا۔ بے عزتی کرنا ÷

(ت۔ ہ)

تہ (ف۔مث) نیچے۔ پیندا
پرت ÷
تہ بازاری (ف۔مث)
بازار کا عام محصول ÷
تہ بَند (ف۔مذ) شلوار کی
بجائے باندھنے کی چادر
تہ جمانا (ا) ایک دوسرے کے
اوپر چیزیں رکھنا ÷
تہ خانہ (ف۔مذ) زمین
کے نیچے کا مکان یا کمرہ
تہ نشین ہونا (ا) تلے بیٹھ
جانا ÷

تہ و بالا (ف) نیچے اُوپر
اُلٹ پلٹ ÷
تہ و بالا کرنا (ا) زیر و زبر کرنا
برباد کرنا ÷
تھاپ (ہ۔مث) تھپڑ۔ طبلہ
کی آواز ÷
تھامنا (ہ) پکڑنا۔ روکنا۔
سنبھالنا ÷
تھان (ہ۔مذ) جگہ۔ مقام
گھوڑا باندھنے کی جگہ ÷
تھانہ (ہ۔مذ) کوتوالی۔
پولیس کی چوکی ÷
تھانیدار (ہ۔مذ) کوتوال۔
تھانے کا بڑا افسر ÷
تھاہ (ہ۔مث) تہ۔ گہرائی۔
انجام ÷
تہائی (ہ۔مث) تیسرا حصہ ÷
تھپڑ (ہ۔مذ) طمانچہ ÷
تھپکنا (ہ) بچے کو سلانے کے
لئے ہاتھ سے آہستہ آہستہ
تھپکی لگانا ÷
تھپکی (ہ۔مث) ہاتھ سے
آہستہ آہستہ ضرب لگانا ÷

تہجُّد (ع۔مث) آدھی رات
کے بعد صبح ہونے سے
پہلے پہلے جو نماز پڑھی
جاتی ہے ÷
تہجّی (ع۔مث) ہجے کرنا
الگ الگ حروف پڑھنا۔
تہدید (ع۔مث) ڈرانا۔
دھمکانا ÷
تہذیب (ع۔مث) شائستگی
لیاقت ÷
تھرانا (ہ) کانپنا۔ لرزنا ÷
تھرتھرانا (ہ) ڈرنا۔ ڈر
سے کانپنا ÷
تھرتھراہٹ (ہ۔مث)
کپکپی۔ لرزہ ÷
تھرڈ (انگ۔ص) تیسرا۔
تھرڈ کلاس (انگ۔مث)
تیسرا درجہ۔ تیسری جماعت
معمولی۔ ردی ÷
تھرڈ پرسن (انگ۔مذ) تیسرا
آدمی۔ غیر آدمی ÷
تھرمامیٹر (انگ۔مذ) بخار
دیکھنے کا آلہ۔ حرارت معلوم

کرنے کا آلہ ٭
تھُڑدِلا (ہ۔ص) کمزور دل۔ کنجوس ٭
تھُڑنا (ہ) کم ہونا۔ ختم ہونا
تھکا ماندہ (ا۔ص) عاجز۔ تھکا ہوا ٭
تھکنا (ہ) کام کرتے کرتے عاجز ہوجانا۔ ماندہ ہوجانا
تھکانا (ہ) ماندہ کرنا۔ محنت لینا ٭
تھکن (ہ۔مث) تکان ٭
تھگلی (ہ۔مث) ٹھگڑی پیوند۔ جوڑ ٭
تھل (ہ۔مذ) خشک اور ریتلی زمین ٭
تہلکہ (ع۔مذ) شور۔ ہلاکت تباہی ٭
تہلکہ پڑنا (ا) کہرام مچنا ٭
تُہمت (ع۔مث) الزام بہتان ٭
تُہمت دھرنا (ا) عیب لگانا ٭
تُہمت کا گھر (ا) وہ کام یا چیز جس میں بدنامی کا اندیشہ ہو

تھمنا (ہ) رُکنا۔ ٹھیرنا ٭
تہنیّت (ع۔مث) مبارک باد کہنا ٭
تھوپنا (ہ) ذمے لگانا ٭
تھُوتھُو کرنا (ہ) نفرت کرنا
تھوتھنی (ہ۔مث) گھوڑے یا اونٹ کا منہ ٭
تھوتھا (ہ۔مذ) اندر سے خالی کھوکھلا ٭
تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ) ناحق شیخی بگھارنا ڈھول کی طرح اندر سے خالی مگر آواز بلند ٭
تہوّر (ع۔مذ) بہادری تُندگی
تھوڑا بہت (ہ) کسی قدر یا تھوڑا سا ٭
تھوڑا ہی (ہ) ہرگز نہیں بالکل نہیں ٭
تھوک (ہ۔مث) اکٹھا۔ ڈھیر۔ حصّہ ٭
تھوک فروش (ا۔مذ) مال بیچنے والا ٭
تھُوک کر چاٹنا (ہ) اقرار سے پھر جانا ٭
تھُوکنا (ہ) منہ کا لعاب پھینکنا۔ لعنت کرنا ٭
تھوہر (ہ۔مذ) ایک کانٹے دار زہریلا پودا ہے جس کے پتوں سے دودھ بھی نکلتا ہے ٭
تھِیٹر (انگ۔مذ) تماشا گاہ ناچ گھر ٭
تھینکس (انگ۔مذ) شکریہ مہربانی ٭
تھینکس ادا کرنا (ا) شکریہ ادا کرنا ٭
تھیوری (انگ۔مث) اصول۔ خیال ٭
تہیّہ (ع۔مذ) ارادہ۔ تیاری
تہی مغز (ف۔ص) خالی دماغ۔ بے عقل ٭

(ت۔ی)

تیّار (ع۔ص) آمادہ۔ پورا موٹا تازہ ٭
تیّار کرنا (ا) آمادہ کرنا۔ پورا کرنا۔ بنانا۔ پکانا ٭

تیّار ہونا (ا) آمادہ ہونا۔ پکنا۔ ختم ہونا ٭
تیاگنا (س) چھوڑنا۔ ترک کرنا ٭
تیاری (ا۔مث) آمادگی۔ سامان وغیرہ مکمل کرنا ٭
تیر (ف۔مذ) ناوک۔ پیکان۔ سیدھا ٭
تیر اندازی (ف۔مث) تیر مارنا۔
تیر انداز (ف۔مذ) تیر مارنے والا
تیر بہدف (ف۔ص) ٹھیک بیٹھنے والا۔ نہ چوکنے والا ٭
تیر حکمی (ف۔ص) شرطی تیر۔ کبھی نہ چوکنے والا ٭
تیر تکے پر گزارہ کرنا (ا) دربدر پھر کر گزارہ کرنا ٭
تیراک (ہ۔مذ) تیرنے والا ٭
تیرتھ (ہ۔مذ) گھاٹ۔ پاک جگہ
تیرگی (ف۔مث) سیاہی۔ اندھیرا ٭
تیرہ (ف۔ص) سیاہ۔ کالا ٭
تیز (ف۔ص) دھار دار۔ تلخ۔ چالاک۔ شریر۔ سخت۔ گراں ٭

تیز آب (ف۔مذ) تیز عرق۔ ایسڈ ٭
تیز رفتار (ف۔ص) جلدی۔ جلدی چلنے والا ٭
تیز کرنا (ا) دھار درست کرنا۔ خفا کرنا ٭
تیز مزاج (ف۔ص) غصّے والا۔ تند مزاج ٭
تیزی (ف۔مث) سختی۔ غصّہ۔ جلدی ٭
تیس مار خاں (ا۔مث) طنزاً۔ بہادر آدمی ٭
تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (ا) دو آدمیوں کے درمیان تیسرا آدمی بُرا معلوم ہوتا ہے ٭
تیشہ (ف۔مذ) لکڑی گھڑنے کا اوزار ٭
تیغ (ف۔مث) تلوار ٭
تیغا کرنا (ا) بند کرنا۔ اینٹ پتھر سے چن دینا ٭
تیقن (ع۔مذ) یقین۔ اعتبار۔
تیکھا (ہ۔ص) تیز۔ ترچھا۔ بانکا۔ چالاک ٭
تیکھی (ہ۔ص) ترچھی۔ بانکی۔
تیکھی چتون (ہ۔مث) ترچھی نظر ٭
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو (ا) معاملہ کو غور سے دیکھو۔
تیل نکال لینا (ہ) روغن نکالنا۔ سخت محنت لینا ٭
تیلی کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس (ہ) غریب اور نادار آدمی کو گھر میں بھی دکھ ہے ٭
تیلیا (ہ۔ص) تیل کے رنگ کا ٭
تیماردار (ف۔مذ) بیمار کا علاج کرانے والا۔ ہمدرد
تیمارداری (ف۔مث) بیمار کی خبر گیری کرنا۔ دوا درمن کرنا ٭
تیمم (ع۔مذ) پانی نہ ہونے یا بیماری کی حالت میں پاک و صاف مٹی پر ہاتھ مار کر نماز کے لئے طہارت کرنا۔
تین پانچ کرنا (ا) تکرار کرنا ٭

تین حرف بھیجنا (ا) لعنت بھیجنا ✦
تین کلانے (ہ۔مذ) ناکہ بندی ✦
تین میں نہ تیرہ میں (ہ) کچھ پرسش نہیں۔ ذرا عزّت نہیں۔ کسی شمار میں نہیں ✦
تیندوا (ہ۔مذ) چیتا ✦
تیور (ہ۔مذ) بینائی۔ نظر ✦
تیور بدلنا (ہ) بے مروّت ہونا ✦
تیور بگڑنا (ہ) نگاہ بگڑنا۔ غصّے ہونا ✦
تیوری (ہ۔مث) ماتھے پر بل ڈالنا ✦
تیوری چڑھانا (ہ) غصّے ہونا
تیوہار (ہ۔مذ) عید۔ جشن ✦
تیئیں (ہ۔حرف) واسطے۔ لئے

ٹ

اُردو کا پانچواں حرف عدد چار سو ہیں :-

(ٹ - ا)

ٹاپ (ہ۔مث) سُم گھوڑے کے سُموں کی آواز ✦
ٹاپنا (ہ) گھوڑے کا اگلے پَیر زمین پر مارنا۔ بے چین ہونا ✦
ٹاپو (ہ۔مذ) جزیرہ ✦
ٹاٹ (ہ۔مذ) سن یا مونج کا بنا ہوا فرش ✦
ٹاٹ باف (ا) ٹاٹ بُننے والا ✦
ٹاکی (انگ۔مث) سنیما کی وہ فلم جس میں گفتگو بھی سنائی دیتی ہے بولتی چالتی تصویریں
ٹال (ہ) لکڑیوں کی دکان۔ بہانہ ✦
ٹال مٹول (ہ۔مث) حیلہ بہانہ
ٹالنا (ہ) بہانہ کرنا۔ ملتوی کرنا۔
ٹانٹ (ہ۔مث) کھوپڑی۔ چندیا ✦
ٹانٹ گنجی ہونا (ہ) سر پر بال نہ ہونا۔ نادار ہو جانا ✦
ٹانک (ہ۔مث) حصّہ۔ اندازہ
ٹانک (انگ۔ص) مقوّی طاقت دینے والی دوائی ✦
ٹانک ایسڈ (انگ) مقوی ست
ٹانکا (ہ۔مذ) تند۔ پا۔ سیون۔ دھات جوڑنے کا مصالحہ ✦
ٹانکنا (ہ) سینا۔ نتھی کرنا۔ شامل کرنا ✦
ٹانکا اُدھیڑنا (ہ) سلائی کھولنا۔ راز فاش کرنا ✦
ٹانگ اڑانا (ہ) دخل دینا ✦
ٹانگ پسار کر سونا (ہ) ٹانگیں لمبی کر کے سونا۔ بیفکر ہو کر سونا ✦
ٹانگنا (ہ) لٹکانا۔ پھانسی دینا۔
ٹانگیں رہ جانا۔ (ہ) تھک جانا ✦

ٹائپ (انگ۔ مذ) لوہے کے
ڈھلے ہوئے حروف۔
طرز۔ روش ٭
ٹائپ رائیٹر (انگ۔ مذ)
چھٹیاں چھاپنے کی مشین ٭
ٹائپسٹ (انگ ص) ٹائپ
کرنے والا ٭
ٹائیٹل (انگ۔ مذ) سرورق
خطاب ٭
ٹائیٹل پیج (انگ مذ) سرورق
ٹائر (انگ۔ مث) موٹر سائیکل
وغیرہ کے پہیوں پر چڑھانے
کا ربڑ ٭
ٹائم (انگ۔ مذ) وقت ٭
ٹائم ٹیبل (انگ۔ مذ)
نقشہ تقسیم اوقات ٭
ٹائم سرور (انگ ص)
ابن الوقت ٭
ٹاؤن (انگ۔ مذ) قصبہ ٭
ٹاؤن ہال (انگ۔ مذ)
کمیٹی گھر ٭
ٹائیں ٹائیں (ہ) بکواس ٭
ٹائیں ٹائیں فش (ہ) باتیں

بہت اور نتیجہ کچھ نہ ٭

(ٹ۔ ب)

ٹب (انگ۔ مذ) نہانے کا بہت
بڑا برتن ٭
ٹبّر (ہ۔ مذ) کنبہ۔ بیوی۔ بچے ٭
ٹپ (ہ۔ مث) بگھی ٹانگے
کا سائبان ٭
ٹپّا (ہ) کود پھاند۔ گیت ٭
ٹپ ٹپ (ہ) لگاتار آنسوؤں
کے گرنے کی آواز ٭
ٹپس لڑانا (ہ) مطلب نکالنے
کے لئے ڈھنگ نکالنا ٭
ٹپکا (ہ۔ مذ) بارش کا قطرہ۔ پکا
ہوا آم جو خود بخود گرے ٭
ٹپکانا (ہ) قطرہ قطرہ گرانا ٭
ٹپکنا (ہ) قطرہ قطرہ گرنا۔ رسنا
معلوم ہونا ٭

(ٹ۔ ٹ)

ٹٹول (ہ۔ مث) تلاش ٭
ٹٹولنا (ہ) تلاش کرنا۔ معلوم کرنا
ہاتھ سے چھونا ٭
ٹٹی (ہ۔ مث) گھانس پھونس
سے بندھی ہوئی چک۔ اوٹ
پردہ۔ پاخانہ ٭
ٹٹی کی آڑ میں شکار کھیلنا
(ا) چھپ کر کام کرنا ٭
ٹُچّا (ہ۔ مذ) کم حوصلہ۔ اوچھا۔
لُچّا ٭
ٹخ ٹخ (مث) گھوڑے کے
چلانے کی آواز ٭
ٹخنا (ہ۔ مث) گٹا ٭
ٹڈا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا
کیڑا۔ جھنگا ٭
ٹڈی (ہ۔ مث) ٹڈی (پنجابی
مکڑی) جو فصلوں کو
نقصان پہنچاتی ہے ٭
ٹڈی دل (ہ۔ مذ) ٹڈیوں
کا گروہ ٭
ٹر (ہ۔ مث) مینڈک کی آواز
عید کے بعد کا میلہ۔ شیخی ٭
ٹرٹر (ہ۔ مث) بک بک
گستاخی ٭
ٹرکانا (ہ) ٹالنا۔ بہانہ بنانا ٭
ٹرالی (انگ۔ مث) ٹھیلا جو
ریل کی سڑک پر چلاتے ہیں ٭
ٹرّانا (ہ) مینڈک کا بولنا۔

شور کرنا ٭
ٹرانسپورٹ (انگ) بار برداری
جہاز۔ جلاوطن کرنا ٭
ٹرانسفر (انگ۔مث) تبدیلی
ٹرن (انگ۔مث) باری
نوبت ٭
ٹریڈ (انگ۔مث) تجارت ٭
ٹریڈ مارک (انگ۔مذ)
تجارتی نشان ٭
ٹریژری (انگ) خزانہ ٭
ٹریس (انگ) خاکہ کھوج
نشان ٭
ٹرین (انگ۔مث) گاڑی ٭
ٹرینڈ (انگ ص) تربیت یافتہ
واقف کار۔ تجربہ کار ٭
ٹریننگ (انگ) تعلیم تربیت
ٹریننگ سکول (انگ مذ)
وہ مدرسہ جہاں کسی فن کی
تعلیم دی جائے ٭
ٹریننگ کلاس (انگ مث)
وہ جماعت جسے کسی
فن (مثلاً استادی)
کی تعلیم دی جائے ٭

ٹسر (ہ۔مذ) کچا ریشم ٭
ٹس سے مس نہ ہونا (ہ)
ذرا نہ سرکنا۔ جنبش نہ کرنا ٭
ٹسوے بہانا (ہ) جھوٹا رونا
رونا ٭
ٹفن (انگ مذ) ناشتہ ٭
ٹفن باسکٹ (انگ۔مث)
ناشتہ رکھنے کی ٹوکری ٭
ٹفن کیریر (انگ مذ) وہ برتن
جس میں ٹفن اٹھا کر لے
جائیں ٭
ٹک (ہ) ذرا۔ کچھ ٭
ٹکا سا جواب دینا (ہ) صاف
جواب دے دینا۔ کورا
جواب ٭
ٹکانا (ہ) سہارا لینا۔ ٹھیرانا ٭
ٹکٹ (انگ۔مذ) پاس۔
اجازت کا پروانہ۔ ڈاک خانہ
کا ٹکٹ۔ ریل کا ٹکٹ ٭
ٹکٹکی (ہ۔مث) گھورنا۔ برابر
دیکھتے رہنا ٭
ٹکٹکی باندھنا (ہ) تاکنا۔
غور سے دیکھنا ٭

ٹکر (ہ۔مث) دھکا۔ صدمہ
دو چیزوں کا آپس میں
لڑ جانا۔ مقابلہ۔ برابری ٭
ٹکر مارنا (ہ) سر مارنا۔ کوشش
کرنا۔ دکھاوے کی نماز پڑھنا ٭
ٹکرانا (ہ) ٹکر کھانا۔ لڑ جانا ٭
ٹکر گدا (ا۔ص) ٹکڑے
مانگنے والا فقیر۔ بھکاری ٭
ٹکڑا (ہ۔مذ) حصہ۔ پرزہ۔
روٹی کا نوالہ ٭
ٹکڑا مانگنا (ہ) گدائی کرنا ٭
ٹکڑوں پر پڑنا (ہ) دوسروں
کی کمائی میں سے کھانا۔
مفت کی روٹیاں کھانا ٭
ٹکڑے اڑانا (ہ) پرزے
پرزے کرنا۔ پھاڑنا ٭
ٹکڑے اڑنا (ہ) پاش
پاش ہونا ٭
ٹکڑے توڑنا (ہ) مفت
کی روٹی کھانا ٭
ٹکس (انگ۔مذ) محصول ٭
ٹکسال (ہ۔مث) روپیہ
پیسہ بنانے کا کارخانہ ٭

ٹکسالی (ہ۔ مذ) ٹکسال کا دارو غہ کھرا۔ اصل +
ٹکسالی زبان (ا) مانی ہوئی زبان +
ٹکنا (ہ) ٹھیرنا۔ قیام کرنا +
ٹکور (ہ۔ مث) چوٹ سینکنا۔
ٹکورنا (ہ) پوٹلی سے سینکنا۔
ٹکے گز کی چال (ا) کفایت شعاری سے وقت گزارنا
ٹلنا (ہ) جگہ سے ہٹنا۔ بہانے سے چلا جانا +
ٹل جانا (ہ) بے جگہ ہونا۔ سرک جانا۔ علیحدہ ہونا
ٹمٹمانا (ہ) تھوڑی تھوڑی روشنی دینا۔ موت کے قریب ہونا +
ٹن (ہ۔ مث) گھنٹے کی آواز +
ٹن (انگ۔ مذ) ۲۸ من کا وزن +
ٹن (انگ۔ مذ) ٹین +
ٹنٹا (ہ) جھگڑا۔ تکرار +
ٹنچن (انگ) تیار۔ لیس +
ٹنڈ (ہ) کٹا ہوا ہاتھ۔ یا شاخ +

ٹینڈر (انگ۔ مذ) ٹھیکہ لینے کی درخواست پیش کرنا +
ٹنگنا (ہ) لٹکانا۔ پھانسی پر چڑھانا +
ٹوپ (ہ۔ مذ) بڑی ٹوپی +
ٹوپی (ہ۔ مث) تاج۔ کُلاہ۔ ٹکٹ۔ بندوق کا پٹاخہ +
ٹوپی اُچھالنا (ہ) خوشی میں کودنا +
ٹوپی اُچھلنا (ہ) بے حد خوشی ہونا۔ بے عزتی ہونا +
ٹوپی والا (ہ) فرنگی۔ انگریزی ٹوپی پہنے ہوئے +
ٹوٹ پڑنا (ہ) گر پڑنا۔ حملہ کرنا۔ پل پڑنا +
ٹوٹ کر گرنا (ہ) چاروں طرف سے حملہ کرنا +
ٹوٹا پھوٹا (ہ۔ ص) شکستہ۔ ٹوٹا ہوا +
ٹوٹا (ہ۔ مذ) ٹکڑا۔ نقصان +
ٹوٹا پڑنا (ہ) کمی ہونا۔ نقصان ہونا +
ٹوٹکا (ہ۔ مذ) ٹونا۔ افسون جادو +

ٹوٹنا (ہ) شکستہ ہونا۔ حملہ کرنا۔ الگ ہونا +
ٹور (انگ۔ مذ) دورہ +
ٹورنامنٹ (انگ۔ مذ) کھیلوں کا مقابلہ +
ٹوڈی (انگ۔ مذ) سرکار پرست خوشامدی +
ٹوک (ہ۔ مث) روک ممانعت +
ٹوکری ڈھونا (ہ) قلی کا کام کرنا۔ ادنٰے کام کرنا +
ٹوکنا (ہ) روکنا۔ منع کرنا +
ٹول (انگ۔ مذ) ہتھیار +
ٹولی (انگ۔ مذ) ایک قسم کا کپڑا +
ٹولا (ہ۔ مذ) محلّہ۔ کوچہ۔ روڑا +
ٹولی (ہ۔ مث) گروہ۔ جماعت +
ٹوم (ہ۔ مث) گہنا۔ زیور +
ٹوم چھلّا (ہ۔ مذ) چھوٹا موٹا گہنا +
ٹون (انگ۔ مث) طریقہ۔ لہجہ +
ٹونا (ہ۔ مذ) جادو +
ٹوہ (ہ۔ مث) تلاش۔ کھوج۔ دیکھ بھال +
ٹوہ رکھنا (ہ) خیال رکھنا۔ خبر

رکھنا ٭
ٹوہ میں رہنا (ہ) تلاش میں
رہنا۔ کسی کے عیب نکالنا۔
ٹوہنا (ہ) ٹٹولنا۔ کھوج لگانا
ٹھاٹ (ہ۔ مذ) انداز۔ طریقہ
شان و شوکت۔ سامان ٭
ٹھاڑ (ہ۔ مذ) کبوتر خانہ ٭
ٹھاکر (ہ) دیوتا۔ سردار۔ مالک ٭
ٹھاکر دوارہ (ہ۔ مذ) مندر ٭
ٹھانسنا (ہ) خوب بھرنا۔
ٹھونسنا ٭
ٹھاننا (ہ) پکا ارادہ کرلینا
منصوبہ باندھنا ٭
ٹھپا (ہ۔ مذ) چھاپنے کا
آلہ۔ نشان۔ مہر ٭
ٹھٹ (ہ۔ مذ) اکٹھ۔ بھیڑ۔ ہجوم
ٹھٹھا (ہ۔ مذ) مخول۔ ہنسی
آسان کام ٭
ٹھٹھا اڑانا (ہ) مذاق
اڑانا۔ احمق بنانا ٭
ٹھٹھا کرنا (ہ) تمسخر کرنا۔
ہنسی اڑانا ٭
ٹھٹھرنا (ہ) سردی کے باعث

بے حس ہونا۔ اکڑنا ٭
ٹھٹکنا (ہ) رک جانا۔ ٹھیر
جانا۔ تامل کرنا ٭
ٹھٹھول (ہ۔ ص) خوش طبعی۔
ہنسی۔ مذاق ٭
ٹھٹھے میں اڑانا (ہ) ہنسی
میں اڑانا۔ مسخرا بنانا ٭
ٹھڈی (ہ۔ مث) ٹھوڑی۔
بھنے ہوئے سخت دانے ٭
ٹھسنا (ہ) بھرنا۔ سمانا۔
بمشکل آنا ٭
ٹھسوانا (ہ۔ متعدی) بھروانا
ٹھکانا (ہ۔ مذ) جگہ۔ مقام
گھر۔ اعتبار ٭
ٹھکانا کرنا (ہ) ٹھیرنا۔ رہنا۔
ٹھکانے کی بات (ہ) معقول
بات۔ ٹھیک بات ٭
ٹھکانے لگانا (ہ) تسلی دینا۔
انجام پر پہنچانا۔ مار ڈالنا۔
روزگار کرا دینا ٭
ٹھکانے لگنا (ہ) مراد کو
پہنچنا۔ ختم ہونا۔ مرنا ٭
ٹھکرانا (ہ) ٹھوکر مارنا۔ پامال

کرنا ٭
ٹھگ (ہ۔ مذ) دغا باز۔
چور۔ رہزن ٭
ٹھگنا (ہ) دھوکا دینا۔ لوٹ لینا
ٹھگی (ہ۔ مث) راہزنی ٭
ٹہل (ہ۔ مث) خدمت۔
سیوا۔ چہل قدمی۔ سیر ٭
ٹہلنا (ہ) آہستہ آہستہ پھرنا۔
سیر کرنا ٭
ٹھلیا (ہ۔ مث) چھوٹا سا
گھڑا۔ مٹی کا برتن ٭
ٹھمری (ہ۔ مث) دو بول
کا گیت ٭
ٹھمک (ہ۔ مث) نازکی
چال۔ نخرے سے چلنا ٭
ٹھنڈا (ہ۔ ص) سرد۔ چپ ٭
ٹھنڈا پڑنا (ہ) سرد ہونا۔
غصہ کم ہونا ٭
ٹھنڈا سانس (ہ) آہ ٭
ٹھنڈا ہونا (ہ) سرد ہونا۔
غصہ مرجانا۔ خوش ہونا۔
مرجانا ٭
ٹھنڈک (ہ۔ مث) سردی۔ خوشی

ٹھنڈک پڑنا (ہ) گرمی کم ہونا دِل کو آرام پہنچنا۔ اطمینان ہونا۔ غصّہ کم ہونا ٭

ٹھنڈے ٹھنڈے چلنا (ہ) سویرے اور ٹھنڈے وقت سفر کرنا۔ آرام سے چلنا ٭

ٹھنڈے سانس بھرنا (ہ) افسوس کرنا ٭

ٹھِنگنا (ہ۔ ص) پست قد۔ بَونا

ٹھوڑِی (ہ۔ مث) ٹھوڈی زنخدان ٭

ٹھوس (ہ۔ ص) بھاری سخت۔ بھدّا ٭

ٹھوک بجا کر (ہ) کھرا کھوٹا دیکھ کر۔ اطمینان کرکے

ٹھوکر (ہ۔ مث) پاؤں کی ٹکّر۔ لات ٭

ٹھوکر کھانا (ہ) گر پڑنا۔ دھکّا کھانا۔ چوکنا ٭

ٹھوکر لگانا (ہ) لات مارنا

ٹھوکر لگنا (ہ) صدمہ پہنچنا ٭

ٹھوکروں پر پڑنا (ہ) حقارت اور ذلّت سے رہنا ٭

ٹھونگنا (ہ) کیل وغیرہ کا گاڑنا مارنا ٭

ٹھونسنا (ہ) دبا کر بھرنا۔ گھُسیڑنا

ٹھیٹ (ہ۔ ص) خاص۔ اصلی روزمرّہ کی بولی ٭

ٹھَہرانا (ہ) روکنا۔ مکان میں اُتارنا۔ تجویز کرنا۔ نرخ مقرر کرنا ٭

ٹھیرنا (ہ) رُکنا۔ تھمنا۔ قیام کرنا منصوبہ ہونا ٭

ٹھیس (ہ۔ مث) صدمہ۔ ضرب۔ ٹکّر ٭

ٹھیس لگنا (ہ) ٹھوکر لگنا۔ ہلکا سا صدمہ پہنچنا ٭

ٹھیک بنانا (ہ) سزا دینا۔ مارنا

ٹھیک ٹھاک (ہ) تیار۔ دُرست۔ موزوں ٭

ٹھیکہ (ہ۔ مذ) کرایہ۔ اُجرت۔ اجارہ۔ کوئی کام کسی خاص رقم اور میعاد پر ختم کردینے کی ذمّہ داری لینا ٭

ٹھیکرا (ہ۔ مذ) مٹّی کے برتن کا ٹکڑا ٭

ٹھیکری (ہ۔ مث) مٹّی کا توا مٹّی کے برتن کا چھوٹا سا ٹکڑا

ٹھیکے دار (ہ۔ مذ) وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہُوا ہو ٭

ٹھیلا (ہ۔ مذ) دھکّا۔ ایک قسم کی گاڑی جسے ہاتھ سے دھکیل کر لے جاتے ہیں ٭

ٹھیلنا (ہ) دھکیلنا ٭

ٹھینگا (ہ۔ مذ) انگوٹھا۔ لاٹھی۔ سونٹا ٭

ٹھینگا باجنا (ہ) رسوائی ہونا فساد ہونا ٭

ٹیپ (ہ۔ مث) مسدّس کی تیسری بیت ٭

ٹیپ ٹاپ (ہ۔ مث) تکلّف۔ سجاوٹ ٭

ٹی (انگ۔ مث) چاء ٭

ٹی پارٹی (انگ۔ مث) کھانے پینے کا مختصر سا جلسہ جس میں چائے اور تھوڑی مٹھائی وغیرہ ہو ٭

ٹیچر (انگ۔ مذ) اُستاد۔ معلّم ٭

ٹیڑھا (ہ ص) ترچھا۔ بانکا۔ مخالف
اکھڑ۔ سخت۔ بد مزاج
ٹیڑھا ہونا (ہ) کج ہونا۔ خفا
ہونا۔ بگڑنا ٭
ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا۔
(ہ) غصے کی نظر سے دیکھنا
ترچھی نظر سے دیکھنا ٭
ٹیڑھی سنانا (ہ) برا بھلا کہنا۔
ٹیڑھی کھیر (ہ) مشکل کام ٭
ٹیس (ہ۔ مث) درد۔ تکلیف و
ٹیک (ہ مث) سہارا۔ کھمبا
ٹیکا (ہ۔ مذ) تانک نشتر یا سوئی
سے جسم میں کوئی دوائی

داخل کرنا۔ جیسے چیچک
وغیرہ کا ٹیکا ٭
ٹیکنا (ہ) رکھنا۔ سہارا لینا
ٹیلی فون (انگ مذ) ایک آلہ
ہے جس کے ذریعہ سے دور دور
کے مقامات سے بھی گفتگو کر سکتے ہیں
ٹیلی گراف (انگ مذ) تار برقی
کے ذریعہ سے خبر بھیجنے کا آلہ ٭
ٹیلی گرام (انگ۔ مث) وہ
خبر جو تار برقی کے ذریعے
سے آئے۔ تار ٭
ٹیم (انگ مث) گروہ۔ منڈلی
کھلاڑیوں کی جماعت ٭

ٹین (ہ۔ مث) طوطے کی آواز
جو خوف کے مارے دفعتاً
نکل جاتی ہے ٭
ٹینٹوا (ہ۔ مذ) گلا۔ حلق ٭
ٹینٹوا دبانا (ہ) گردن دبانا۔
گلا گھونٹنا ٭
ٹینس (انگ۔ مث) انگریزی
طرز کا ایک کھیل ہے جو
درمیان میں جالی تان کر
ہلکے ہلکے گیندوں سے کھیلتے ہیں
ٹینس کورٹ (انگ۔ مذ)
ٹینس کھیلنے کا میدان ٭
ٹیکس (انگ۔ مذ) محصول ٭

ث

عربی کا چوتھا فارسی کا پانچواں اور اردو کا چھٹا حرف ہے۔ عدد اسکے پانچسو ہیں۔

ثابت (ع۔ص) پورا۔ سارا۔
درست۔ مضبوط۔ وہ ستارہ
جو گردش نہ کرے ٭
ثابت ہونا (ل) تحقیق ہونا
پورا ہونا ٭
ثابت قدم (ع ص) مستقل

مزاج۔ پکا ٭
ثاقب (ع۔ مذ) روشن۔ چمکدار
ثالث (ع۔ مذ) تیسرا۔ پنچ
فیصلہ کرنے والا ٭
ثالثی (ہ۔ مث) پنچایت۔ فیصلہ
ثانی (ع۔ص) دوسرا۔ نظیر

مانند ٭
ثانیہ (ع۔ مذ) سیکنڈ۔ پل۔
لحظہ ٭
ثبات (ع۔ مذ) قیام۔ قرار۔
مضبوطی ٭
ثبت (ع۔ مذ) تحریر۔ نقش۔

مُہر ۔

ثبت کرنا (ا) درج کرنا۔ لکھنا۔ مُہر لگانا ۔

ثبوت (ع۔ مذ) دلیل گواہی ۔

ثروت (ع۔ مث) دولت اختیار ۔

ثریٰ (ع۔ مذ) زمین کے نیچے کی مٹی ۔

ثُریّا (ع۔ مذ) پروین۔ جُھمکا ۔

ثُریّا جاہ (ع۔ ص) بلند مرتبہ

ثقالت (ع۔ مث) گرانی بوجھ۔ سختی ۔

ثِقل (ع۔ مذ) گرانی۔ بوجھ ۔

ثِقہ (ع۔ مذ) معتبر آدمی۔ قابل اعتبار ۔

ثقیل (ع۔ ص) بھاری وزنی۔ دیر ہضم ۔

ثُلث (ع۔ مذ) تیسرا حصّہ ۔

ثمر (ع۔ مذ) پھل۔ میوہ۔ دولت۔ اولاد ۔

ثمرہ (ع۔ مذ) پھل۔ نتیجہ۔ انجام۔ بدلہ ۔

ثنا (ع۔ مث) تعریف۔ صفت۔ حمد ۔

ثنا خواں (ف۔ مذ) مدّاح تعریف کرنے والا ۔

ثنا گر (ف۔ مذ) تعریف کرنیوالا ۔

ثواب (ع۔ مذ) بدلہ۔ نیک۔ کام کی جزا۔ نیکی ۔

ثوابِ عظیم (ع۔ مذ) بہت بڑی نیکی۔ بڑا اجر ۔

ثوابت (ع۔ مذ) جمع ثابت کی۔ ایک جگہ قائم رہنے والے ستارے ۔

ج

عربی کا پانچواں فارسی کا چھٹا اور اُردو کا ساتواں حرف عدد اس کے تین ہیں ۔

جا (ف۔ مث) جگہ۔ موقع ۔

جا بجا (ف) ہر موقع پر۔ ہر جگہ ۔

جا ضرور (ف۔ مذ) ٹٹی پاخانہ ۔

جانشین (ف۔ مذ) ولی عہد قائم مقام ۔

جانماز (ف۔ مذ) نماز پڑھنے کا فرش ۔

جابر (ع۔ ص) جبر کرنیوالا ظالم۔ بااختیار ۔

جاپ (ہ۔ مذ) وظیفہ پاٹھ

جاترا (ہ۔ مث) زیارت

جاتری (ہ۔ مث) تیرتھ کو جانے والا۔ زائر ۔

جاتی (ہ۔ مث) قوم ۔

جاٹ (ہ۔ مذ) کاشتکار ہندو قوم کا نام ہے ۔

جاجم (ت۔ مث) چھپا ہوا فرش (جازم)

جادو (ف۔ مذ) ٹونا۔ سحر۔ منتر ۔

جادو چلنا (ا) منتر کا اثر ہونا

جادُو کا پُتلا (ا) آٹے وغیرہ کی مورت جو جادو کا اثر دکھانے کے لئیے بنائی جاتی ہے۔ معشوق۔ جادوگر ❖

جادُوگر (ف۔ مذ) جادو کرنے والا۔ ساحر۔ چالاک ❖

جادُوگرنی (ا۔ مث) ساحرہ جادو کرنے والی عورت ❖

جادُوگری (ف۔ مث) ساحری

جادُو وہ جو سر پر چڑھ کر بولے (ا) بات وہ جو خود بخود ظاہر ہو جائے چھپانے والا خود ظاہر کر دے ❖

جادہ (ع۔ مذ) چھوٹا سا رستہ ❖

جادہ پیما (ف) رستہ چلنے والا ❖

جاذِب (ع۔ ص) جذب کرنیوالا کھینچنے والا۔ سیاہی چوس

جاذِبہ (ع۔ مذ) کشش کرنے والی قوت ❖

جارُوب (ف۔ مث) جھاڑو بہاری ❖

جارُوب کش (ف۔ مذ) جھاڑو دینے والا۔ خاکروب ❖

جارُوب کشی (ف) جھاڑو دینا

جاری (ع۔ ص) بہتا ہوا۔ رواں نافذ ❖

جاڑا (ہ۔ مذ) سردی۔ سردی کا موسم ❖

جاسُوس (ع۔ مذ) بھیدی مخبر ❖

جاسُوسی (ہ۔ مث) مخبری ❖

جاکٹ (ہ۔ مث) واسکٹ۔ کرتی ❖

جاگنا (ہ) ہوشیار ہونا۔ بیدار ہونا۔

جاگیر (ف۔ مث) وہ زمین یا گاؤں جو بادشاہ کی طرف سے عطا ہو ❖

جاگیردار (ف۔ مذ) جاگیر کا مالک۔ رئیس ❖

جال (ف۔ مذ) پھندا۔ فریب دھوکا ❖

جال بچھانا (ہ) جال پھیلانا فریب کرنا ❖

جال ڈالنا (ہ) دریا میں جال ڈالنا۔ یا جال بچھانا۔ فریب یا دھوکے میں لانا ❖

جالا (ہ۔ مذ) لکڑی کا کنڈا ہوا یا

جالی (ہ۔ مث) خانے دار چھیدوں والا کپڑا۔ لوہے کے تار کی جالی ❖

جالینُوس (یونانی۔ مذ) یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے ❖

جام (ف۔ مذ) پیالہ۔ گلاس۔ پیمانہ

جامِ جم یا جمشید (ف۔ مذ) جمشید بادشاہِ ایران کے عہد میں ایران کے حکیموں نے ایک پیالہ بنایا تھا۔ جس کے ذریعے ساتوں آسمانوں کا حال معلوم ہوتا تھا۔ اسی کو جامِ جہاں نما بھی کہتے ہیں ❖

جامِ جہاں نما (ف۔ مذ) جامِ جم ❖

جامِ صحت پینا (ا) کسی عزیز دوست یا بڑے آدمی کی صحت یابی پر جامِ شراب یا شربت پینا ❖

جامد (ع۔ ص) جما ہوا۔ پتھر گرامر میں وہ لفظ جو نہ خود کسی دوسرے لفظ سے ہے

اور نہ کوئی اور لفظ اس سے بنے ؛

جامع (ع۔ص) جمع کرنے والا تمام۔ شامل ؛

جامع مسجد (ع۔مث) بڑی مسجد۔ جمعہ مسجد ؛

جامن (ہ۔مذ) اودے رنگ کا ترش میوہ ہے۔ جموں ؛

جامہ (ف۔مذ) کپڑا۔ پوشاک لباس ؛

جامہ سے باہر ہونا (ا) خوشی یا غصہ کی حالت میں آپے سے باہر ہونا۔

جامہ میں پھولا نہ سمانا (ا) نہایت خوش ہونا۔

جان (ہ۔مث) واقفیت۔ پہچان ؛

جان بوجھ کر (ہ) ارادتاً ؛

جان پہچان (ہ۔مث) واقفیت۔ صاحب سلامت۔ واقفیت

جان (ف۔مث) روح۔ جی۔ زندگی ؛

جان باز (ف۔ص) جان پر کھیلنے والا۔ دلیر۔ بہادر ؛

جان بازی (ف۔مث) دلیری بہادری ؛

جان بچی لاکھوں پائے (ل) جیتا رہنا بڑی دولت ہے ؛

جان بخشی (ف۔مث) معافی نجات ؛

جان بر ہونا (ا) جان سلامت لے جانا۔ زندہ رہنا ؛

جاں بلب (ف۔ص) مرنے کے قریب ؛

جان پہ بننا (ا) جان کا خطرہ میں ہونا۔ نہایت تکلیف ہونا ؛

جان پر کھیلنا (ا) زندگی خطرے میں ڈالنا ؛

جان جوکھوں (ا) خطرہ اندیشہ۔ ہلاکت ؛

جان توڑ کر (ا) سخت محنت کرکے ؛

جان دار (ف۔ص) حیوان طاقت ور۔ مضبوط ؛

جان دینا (ا) مرنا۔ جان فدا کرنا۔ بے حد بخل کرنا ؛

جان ستاں (ف۔ص) جان لینے والا۔ دکھ دینے والا ؛

جان ستانی (ف) جان لینا۔

جان فشانی کرنا (ا) جان نثاری کرنا۔ کوشش کرنا۔ سخت محنت کرنا ؛

جانکاہ (ف۔ص) جان گھٹانے والا۔ سخت تکلیف دہ ؛

جان کنی (ف۔مث) نزع۔ جان نکلنے کی حالت ؛

جان کھونا (ا) جان دینا۔ مرنا ؛

جان کے برابر (ا) بہت عزیز

جان کے لالے پڑنا (ا) زندگی سے ناامید ہونا

جان میں جان آنا (ا) تسلی ہونا۔ خوشی ہونا ؛

جان نثار (ف۔ص) جان قربان کرنے والا۔ خیر خواہ ؛

جان نثاری (ف۔مث) خیر خواہی۔ جفاکشی ؛

جان ہے تو جہان ہے

دل، زندگی کے ساتھ دنیا کا مزہ ہے ۔

جانا (ہ) روانہ ہونا۔ چلنا۔ ضائع ہونا۔ داخل ہونا۔ جیسے اندر جانا ۔

جاناں (ف۔ مذ) پیارا۔ یار۔ معشوق ۔

جانب (ع۔ مث) طرف۔ سمت۔ رُخ۔ پہلو ۔

جانبدار (ف۔ ص) طرفدار۔ مددگار۔ ساتھی ۔

جانبداری (ف۔ مث) طرفداری۔ رعایت ۔

جانبین (ع) طرفین دونو طرفیں۔ دونوں فریق ۔

جانچ (ہ۔ مث) قیاس۔ اندازہ اٹکل۔ پڑتال ۔

جانچنا (ہ) پڑتالنا۔ پہچاننا۔ اندازہ کرنا ۔

جاننا (ہ) واقف ہونا۔ تمیز کرنا

جانور (ف۔ مذ) حیوان۔ جاندار۔ ڈھور۔ بے سمجھ ۔

جانی (ف۔ مث) جان کا۔ محبوب۔ پیارا ۔

جانی دشمن (ف۔ مذ) جان کا دشمن۔ سخت دشمن ۔

جانی دوست (ف۔ مذ) دلی دوست ۔

جانے دو (محاورہ) خیال نہ کرو۔ معاف کرو ۔

جاوِید (ف۔ ص) ہمیشہ۔ سدا ۔

جاہ (ف۔ مث) رتبہ۔ عزت۔ شان ۔

جاہ و جلال (ف۔ مذ) شان و شوکت۔ رعب ۔

جاہ و حشم (ف۔ مذ) لاؤلشکر۔ شان و شوکت ۔

جاہل (ع۔ ص) مورکھ۔ اَن پڑھ وحشی۔ گستاخ ۔

جائے (ف۔ مث) جگہ۔ مقام

جائے اُستاد خالیست (ف) اُستاد کی جگہ پھر بھی خالی ہے اگر کوئی آدمی اچھی بات یا تجویز بتائے۔ تو اُس وقت بولتے ہیں ۔

جائے تنگ است و مرداں بسیار (ف) جگہ تھوڑی ہے اور لوگ زیادہ۔ تنگ جگہ میں بہت سے آدمی ہیں ۔

جائے ضرور (ف۔ مذ) پاخانہ۔

جائداد (ف۔ مث) ملکیت۔ جاگیر۔ مال۔ اسباب ۔

جائدادِ منقولہ (ف۔ مث) وہ چیزیں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں جیسے روپیہ پیسہ زیورات وغیرہ ۔

جائدادِ غیر منقولہ (ف۔ مث) وہ جائداد یا اسباب۔ جو دوسری جگہ نہ لیجا یا جاسکے جیسے زمین، مکان ۔

جائز (ع۔ ص) بجا۔ درست۔ مناسب۔ جس کام کی مذہب میں اجازت ہو ۔

جائز رکھنا (ا) مناسب سمجھنا۔ حلال جاننا ۔

جائزہ (ع۔ مذ) پڑتال۔ مقابلہ۔ حاضری۔ گنتی ۔

جائزہ لینا (ا) پڑتالنا ۔

جائنٹ (انگ۔ مذ) مشترک
شامل۔ مددگار ٭
جائنٹ مجسٹریٹ (انگ مذ)
مددگار۔ مجسٹریٹ ٭
جائنٹ سکرٹری (انگ مذ)
معاون سکرٹری ٭
جبر (ع۔ مذ) زیادتی سختی ظلم ٭
جبراً (ع) جبر کے ساتھ زیادتی
سے۔ زبردستی ٭
جبر و مقابلہ (ع۔ مذ) فن
ریاضی کی ایک شاخ کا نام ہے ٭
جبرئیل (ع۔ مذ) ایک مشہور
فرشتے کا نام ہے جو پیغمبروں
کی طرف خدا کے احکام پہنچایا
کرتے تھے ٭
جبروت (ع۔ مث) بزرگی
تکبر۔ جلال ٭
جبری (ع۔ ص) لازمی ٭
جبڑا (ہ) کلّہ ٭
جبلّت (ع۔ مث) فطرت
پیدائش ٭
جبلّی (ع۔ ص) فطری۔ پیدائشی
جنم کی ٭

جُبن (ع۔ مذ) بزدلی۔ کم ہمتی ٭
جُبّہ (ع۔ مذ) چوغہ ٭
جبہ (ع۔ مذ) ماتھا۔ پیشانی ٭
جبہ سائی (ع۔ مث) ماتھا رگڑنا
منت سماجت کرنا ٭
جبین (ع۔ مث) ماتھا۔ پیشانی
جَپ (ہ۔ مث) جپنا۔ پوجا
پاٹھ کرنا ٭
جَپ جی (ہ۔ مث) سکھوں
کی ایک مقدس کتاب کا نام
جسے ہر روز بطور وظیفہ
پڑھتے ہیں ٭
جَپنا (ہ) مالا پھیرنا۔ یاد کرنا۔
جُتانا (ہ) بتانا۔ آگاہ کرنا۔
یاد دلانا ٭
جِتانا (ہ) فتح دلانا۔ غالب کرانا۔
جُتن (ہ۔ مذ) کوشش علاج
چارہ۔ تجویز ٭
جُتنا (ہ) بیلوں وغیرہ کا ہل
یا گاڑی میں لگنا ٭
جتنی چادر دیکھئے اُتنے
ہی پاؤں پھیلائیے۔ آمدنی
کے مطابق خرچ کرنا چاہیئے۔

حیثیت کے مطابق کام
کرنا چاہیئے ٭
جتنے منہ اُتنی باتیں (ہ)
ہر آدمی کی رائے الگ
الگ ہوتی ہے ٭
جتّھا (ہ۔ مذ) گروہ۔ جماعت ٭
جَتی (ہ۔ ص) خواہش نفسانی
کو روکنے والا۔ زاہد۔ نیک۔
پاک صاف ٭
جَتی سَتی (ہ۔ ص) نیک پارسا۔
جٹّا (ہ۔ مث) گندھے ہوئے
بال۔ چوٹی۔ لمبے لمبے بال ٭
جٹا دھاری (ہ۔ ص) لمبے
لمبے بالوں والا۔ جوگی۔
سنیاسی ٭
جٹھانی (ہ۔ مث) خاوند کے
بڑے بھائی کی بیوی ٭
جُثّہ (ع۔ مذ) جسم۔ تن۔
بدن۔ لوتھ ٭
جج (انگ۔ مذ) منصف ٭
ججمان (ہ۔ مذ) وہ آدمی جس
سے برہمن۔ نائی وغیرہ کچھ
لینے کا حق رکھتے ہیں ٭

جچنا (ہ) اندازہ ہونا۔ عزت ہونا۔

جچا تُلا (ہ) ٹھیک۔ درست۔ معقول ؎

جَدّ (ع۔ مذ) دادا ؎

جِد (ع۔ مث) کوشش محنت ؎

جِد و جَہد (ع۔ مث) کوشش دوڑ دھوپ۔ محنت ؎

جُدا (ف۔ ص) الگ علیحدہ مختلف ؎

جُداگانہ (ف) علیحدہ۔ الگ ؎

جُدائی (ف۔ مث) علیحدگی مفارقت۔ وچھوڑا ؎

جَدَل (ع۔ مث) لڑائی جنگ ؎

جَدوَل (ع۔ مث) صفحے پر تحریر کے چاروں طرف سرخ یا سیاہ خط۔ نہر۔ نالی ؎

جِدھر (ہ) جس طرف۔ جہاں

جَدی (ع۔ مذ) آسمان کے بُرجوں میں سے ایک بُرج کا نام ہے ؎

جَدّی (ع۔ ص) باپ دادا کی۔ آبائی۔ پشتی ؎

جَدید (ع۔ ص) نیا۔ تازہ ؎

جُذام (ع) کوڑھ۔ ایک بیماری کا نام ہے ؎

جَذب (ع۔ مذ) کشش کھینچ ؎

جَذبات (ع۔ مذ) جمع جذبہ کی قدرتی خواہشات۔ ولولے ؎

جَذبہ (ع۔ مذ) جوش دل شوق ولولہ۔ حالت ؎

جَذر (ع۔ مذ) گھٹاؤ ؎

جَرّ (ع۔ مذ) کشش۔ کسرہ زیر ؎

جرِّ ثقیل (ع۔ مذ) وہ علم جس کے ذریعے سے بھاری بھاری اشیاء آسانی سے اُٹھائی جا سکیں چرخیوں وغیرہ کا علم

جُرّاب (ع۔ مث) موزہ۔

جُرأت (ع۔ مث) دلیری مردانگی۔ شجاعت ؎

جَرّاح (ع۔ مذ) چیرا دینے والا۔ سرجن۔ زخموں کا علاج کرنے والا ؎

جَراحت (ع۔ مث) زخم۔ گھاؤ ؎

جَرّاحی (ع۔ مث) چیر پھاڑ۔ ڈاکٹری ؎

جَرّار (ع۔ ص) بھاری لشکر۔ انبوہ کثیر ؎

جرائم (ع۔ مذ) جمع جرم کی گناہ۔ پاپ۔ عیب ؎

جرائم پیشہ (ف۔ ص) وہ شخص یا قوم جس کا کام جرم کرنا ہو ؎

جَرح (ع) زخم۔ اعتراض۔ گرفت۔ عذر ؎

جَرس (ع۔ مذ) گھڑیال گھنٹہ ؎

جِرم (ع۔ مذ) جسم تن لطیف اشے ؎

جُرم (ع۔ مذ) گناہ۔ پاپ ؎

جُرمانہ (ف۔ مذ) ڈنڈ۔ تاوان ؎

جَرّی (ع۔ ص) دلیر۔ بہادر ؎

جَرَیان (ع۔ مذ) بہاؤ۔ روانی۔ جاری ہونا ؎

جَریب (ع۔ مث) ایک پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے۔ لاٹھی ؎

جَریب کش (ف۔ مذ) جریب کھینچنے والا۔ زمین ناپنے والا ؎

جَرِیْدَہ (ع۔ مس) اکیلا۔ تنہا۔ دفتر۔ اخبار ✤

جَرِیْمانہ (ف۔ مذ) جُرمانہ ✤

جَڑ (ہ۔ مث) اصل۔ بنیاد۔ بنا

جَڑ اُکھیڑنا (ہ) بنیاد نکالنا۔ مٹانا ✤

جَڑ کاٹنا (ہ) برباد کرنا۔ تباہ کرنا

جڑاؤ (ہ۔ مذ) جواہرات سے جڑا ہوا ✤

جَڑنا (ہ) لگانا۔ پچی کرنا۔ ملانا ✤

جُڑنا (ہ) لگنا۔ پیوند ہونا۔ ملنا

جُز (ع) حصہ۔ ٹکڑا۔ سوا۔ علاوہ

جَزا (ع۔ مث) نیکی کا بدلہ۔ پھل

جَزائے خَیر (ع۔ مث) نیک بدلہ

جَزائر (ع۔ مذ) جمع جزیرہ کی۔ ٹاپو ✤

جَزاکَ اللہ (ع) خدا تجھے اس کی جزا دے ✤

جَزْر (ع۔ مذ) اُتار۔ بھاٹا۔

جَزْر و مدّ (ع۔ مذ) چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ ✤

جَزْم (ع۔ مذ) مضبوط۔ پکا۔ ہ کا نشان جیسے جزم کی زبر

جُزو (ع۔ مذ) حصہ۔ پارہ۔ ٹکڑا۔ ۸ ورق کا مجموعہ ✤

جُزوِ بدن ہونا (ا) بدن کا حصہ ہو جانا۔ بدن سے مل جانا۔ ہضم ہو جانا ✤

جُزبندی (ف۔ مث) کتاب کے اجزا کو باہم سینا ✤

جُزدان (ف۔ مذ) بستہ۔ کتابوں کا تھیلہ ✤

جُزرس (ف۔ ص) کفایت شعار۔ کم خرچ ✤

جُزرسی (ف۔ مث) کفایت شعاری ✤

جُزوِ کُل (ع۔ مذ) تمام۔ بالکل۔ پورا ✤

جُزوِی (ع۔ ص) معمولی تھوڑا سا

جُزوِیات (ع۔ مذ) چھوٹی چھوٹی باتیں ✤

جَزِیرہ (ع۔ مذ) ٹاپو ✤

جَزِیرہ نُما (ف۔ مذ) وہ قطعہ زمین جس کے تین طرف پانی ہو ✤

جِزْیَہ (ع۔ مذ) محصول۔ خراج۔ ٹیکس ✤

جَسْ (ہ۔ مذ) شہرت۔ نیکنامی ✤

جس کی لاٹھی اُسکی بھینس (ا) زبردست ہی مالک ہے ✤

جَسامَت (ع۔ مث) لمبائی چوڑائی۔ ڈیل ڈول ✤

جَسْت (ہ۔ مذ) ایک دھات کا نام ہے ✤

جَسْت (ف۔ مث) چوکڑی۔ چھلانگ ✤

جَسْت بھرنا (ا) چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا ✤

جُستجو (ف۔ مث) تلاش۔ ڈھونڈ ڈھانڈ ✤

جِسْم (ع۔ مذ) بدن۔ تن۔ پنڈا۔

جِسْمانی (ع۔ ص) جسم سے متعلق۔ جسم کا ✤

جِسْمی (ع۔ ص) جسم کا۔ ذاتی ✤

جَسِیْم (ع۔ ص) موٹا۔ بڑے جسم والا ✤

جَشْن (ف۔ مذ) خوشی۔ خوشی کی مجلس۔ عید ✤

جشن منانا (ا) خوشی کرنا۔ راگ رنگ کی مجلس قائم کرنا ٭

جعل (ع۔ مذ) بناوٹ۔ جھوٹ دھوکا ٭

جعل ساز (ف۔ مذ) فریبی۔ دھوکا دینے والا ٭

جعل سازی (ف۔ مث) جھوٹے دستخط کرنا۔ فریب کرنا ٭

جعلی (ع۔ ص) بناوٹی۔ نقلی۔ جھوٹی ٭

جغرافیہ (یونانی۔ مذ) زمین کا بیان ٭

جفا (ف۔ مث) زیادتی۔ ظلم۔ سختی ٭

جفاکشی (ف۔ مث) محنتی ٭

جفت (ف۔ مذ) جوڑا جوڑا وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو جائے ٭

جکڑ بند (ہ) کسا ہوا۔ بندھا ہوا

جکڑنا (ہ) کس کر باندھنا سخت ہونا ٭

جگ (ہ۔ مذ) زمانہ دنیا۔ جہان ٭

جگ ہنسائی (ہ۔ مث) ذلت۔ بدنامی ٭

جگ (انگ۔ مذ) لوٹا۔ کروا ٭

جگ (ہ۔ مذ) زمانہ۔ عہد۔ وقت ٭

جگ جگ (ہ) ہمیشہ۔ سدا ٭

جگالی (ہ۔ مث) حیوانات کا معدے سے چارہ نکال نکال کر چبا کر دوبارہ کھانا ٭

جگانا (ہ) بیدار کرنا۔ خبردار کرنا۔ اکسانا ٭

جگت (ہ۔ مذ) جہان۔ دنیا ٭

جگت گرو (ہ۔ مذ) تمام جہان کا استاد مانا ہوا ٭

جگت (ہ۔ مث) حکمت۔ جتن۔ لطیفہ۔ چٹک ٭

جگت باز (ا۔ مذ) لطیفہ گو ٭

جگر (ف۔ مذ) کلیجا۔ مغز۔ گودا۔ ہمت۔ شجاعت۔ قدرت۔ طاقت ٭

جگر بند (ف۔ مذ) فرزند۔ بیٹا ٭

جگر گوشہ (ف۔ مذ) فرزند۔ بیٹا ٭

جگمگانا (ہ) چمکنا۔ روشن ہونا ٭

جگمگاہٹ (ہ۔ مث) چمک دمک۔ روشنی۔ رونق ٭

جگمگ جگمگ کرنا (ہ) چمکنا روشن ہونا ٭

جگنو (ہ۔ مذ) ٹنڈانا۔ ایک چھوٹا سا اڑنے والا کیڑا جس کے جسم سے رات کے وقت روشنی نکلتی ہے ٭

جگہ (ہ۔ مث) ٹھکانا۔ مقام۔ موقع۔ گنجائش ٭

جل (ہ۔ مذ) فریب۔ دھوکا۔ مکر ٭

جل دینا (ہ) ٹھگنا۔ جھانسا دینا ٭

جل (ہ۔ مذ) پانی۔ آب ٭

جل ترنگ (ہ۔ مذ) ایک قسم کے باجے کا نام ہے۔ جو پیالیوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے ٭

جل تھل (ہ) زمین جو پانی سے ڈھک جاتی ہے بکثرت بارش ٭

جلا (ع۔ مث) صفائی۔ آب۔ صیقل۔ چمک ٭

جلا دینا (ا) رونق دینا۔ چمکانا ٭

جلاب (ا۔ مذ) دست آور دوا ٭

جلا بھنا (ہ۔ ص) جلا ہوا۔ ٹرٹل ٭

جلاد (ع۔ مذ) گردن مارنے والا ظالم۔ بے رحم ٭

جَلّادِ فَلَک (ع۔ مذ) منگل (ایک ستارے کا نام ہے)
جَلادَت (ع۔ مث) بہادری شجاعت۔ پُھرتی ٭
جَلّادی (ا۔ مث) ظلم بیرحمی ٭
جَلال (ع۔ مذ) بزرگی عظمت شان و شوکت۔ غضب و غصّہ سختی ٭
جَلانا (ہ) آگ لگانا۔ پھونکنا بھڑکانا۔ غصّہ دلانا۔ چھیڑنا۔
جِلانا (ہ) زندہ کرنا۔ تازہ کرنا ٭
جلا وطن (ع۔ ص) وطن سے نکالا ہوا۔ پردیس میں ٭
جَلا وَطنی (ع۔ مث) دیس نکالا
جُلاہا (ا۔ مذ) کپڑا بننے والا (جولاہا۔ پاولی)۔ احمق ٭
جِلد (ع۔ مث) کھال۔ چمڑا۔ کتاب کی سلائی وغیرہ ٭
جِلدساز (ف۔ مذ) کتاب کی جلد باندھنے والا ٭
جَلد (ع) فوراً۔ جلدی۔ شتاب۔ جھٹ پٹ ٭
جَلدباز (ف۔ ص) تیز۔ شتاب کار۔ جلدی کرنے والا ٭
جَلدی (ع۔ مث) شتابی سُرعت۔ ترت پھرت ٭
جَلسہ (ع۔ مذ) اجلاس۔ محفل۔ انجمن۔ ضیافت۔ راگ رنگ کی محفل ٭
جَل مرنا (ہ) حسد کرنا ٭
جَلَن (ہ۔ مث) سوزش۔ تپش ٭
جَلنا (ہ) آگ لگنا۔ روشن ہونا ناراض ہونا۔ غم کھانا۔ سوکھ جانا۔ (پودے وغیرہ کا) ٭
جُلنا (ہ) ملنا۔ ملاقات کرنا ٭
جَلَندَر (ہ۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے ٭
جِلَو (ت۔ مث) باگ۔ ہمراہی ہمرکابی ٭
جِلَوخانہ (ف۔ مذ) صحن۔ چوک ڈیوڑھی ٭
جُلُوس (ع۔ مذ) بیٹھنا۔ تخت نشینی۔ بادشاہوں کی سواری کسی کی عزت یا کسی بات کے پرچار کے لئے اکٹھا ہوکر بازاروں میں پھرنا۔
جَلوَہ (ع۔ مذ) نمودار ہونا۔ نظارہ دیدار۔ رونق۔ نور ٭
جلوہ گر ہونا (ف) ظاہر ہونا۔ رونق بخشنا۔ تشریف لانا۔
جَلی (ع۔ ص) روشن۔ ظاہر۔ واضح۔ موٹا لکھا ہوا ٭
جلے پھپھولے پھوڑنا۔ (ہ) بدلہ لینا۔ حسد نکالنا۔ دلی حسرت نکالنا ٭
جلی کٹی (ہ۔ مث) دشمنی کی باتیں
جَلِیس (ع۔ مذ) ہمنشین ساتھی۔ رفیق ٭
جَلِیل (ع۔ ص) بزرگ۔ بڑا۔ اعلےٰ ٭
جَلِیلُ القَدر (ع۔ ص) عالی مرتبہ
جَم (ف۔ مذ) جمشید (ایران کا ایک مشہور بادشاہ گذرا ہے)
جم جاہ (ف۔ مذ) بڑے مرتبے والا ٭
جَم دُوت (ہ۔ مذ) ملک الموت ٭
جَماد (ع۔ مذ) بیجان چیزیں پتھر۔ دھات وغیرہ ٭
جَمادات (ع۔ مذ) جمع جماد کی

جمادی الاوّل (ع - مذ) پانچواں قمری مہینہ ✦
جمادی الآخر یا جمادی الثانی (ع - مذ) چھٹا قمری مہینہ ✦
جماعت (ع - مث) گروہ فریق - مجلس - نمازیوں کی قطار ✦
جمال (ع - مذ) حسن - خوبصورتی
جمانا (ہ) منجمد کرنا - ٹھیرانا - پیوستہ کرنا - بٹھانا - جیسے کسی بات کا دل میں جمانا ✦
جم جم (ل) نت نت ہمیشہ ضرور ✦
جمشید (ف - مذ) ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے ✦
جمع (ع - مذ) اکٹھا - میزان پونجی ✦
جمع بندی (ف مث) فرد لگان
جمعدار (ف - مذ) جماعت کا افسر - حوالدار ✦
جمعداری (ف مث) سرداری افسری ✦
جمعرات (ف مث) پنجشنبہ خمیس - دیروار ✦
جمعہ (ع - مذ) لشکر - نماز جمعہ چھٹی کا دن ✦
جمعیت (ع مث) اکٹھا ہونا انبوہ - اطمینان - تسلی - بے فکری ✦
جمِّ غفیر (ع - مذ) انبوہ کثیر بھیڑ بھاڑ ✦
جمگھٹ (ہ - مذ) بھیڑ بھاڑ مجمع
جمگھٹا (ہ - مذ) بھیڑ بھاڑ ✦
جمل (ع - مذ) حروف ابجد کے اعداد کا حساب ✦
جملگی (ف - مث) تمام سب کل - تمامی ✦
جملہ (ع ص) تمام - سب - فقرہ - کلام ✦
جملہ معترضہ (ع - مذ) وہ جملہ جو کلام میں تقویت یا دعا کے طور پر آتا ہے - ذکر میں ذکر ✦
جمنا (ہ) اکٹھا ہونا - قائم ہونا بیٹھ جانا - اطمینان ہونا ایک مشہور دریا کا نام بھی ہے
جمہور (ع - مذ) عام لوگ سب
جمہوری سلطنت (ع مث) وہ سلطنت جس میں بادشاہ خود مختار نہ ہو - بلکہ تمام رعایا کے ہر قسم کے لوگ حکومت میں شریک ہوں ✦
جمیع (ع - مذ) تمام سب کل ✦
جمیل (ع ص) خوبصورت حسین ✦
جمیلہ (ع ص) خوبصورت عورت ✦
جن (ع - مذ) بھوت - پریت - آسیب - سرکش - زور آور ✦
جن اُتارنا (ل) آسیب دُور کرنا - غصہ کم کرنا ✦
جن چڑھنا (ل) طیش آنا - آسیب کا اثر ہونا ✦
جنا (ہ) آدمی شخص جنا ہوا ✦
جننا (ہ) بچہ دینا ✦
جناب (ع - مذ مث) آستانہ حضرت - آپ ✦
جناب عالی (ع) خداوند نعمت
جنات (ع - مذ) جن کی جمع
جنازہ (ع - مذ) لاش - تابوت

جَنَانا (ہ) بچہ دِلوانا۔ پیدا کرنا
جُنبِش (ف۔مث) حرکت
چال۔ ہلنا جُلنا ٭
جَنبَہ (ع۔مث) طرفداری
رعایت ٭
جَنّت (ع۔مث) باغ بہشت
جَنّت نظیر (ع) جنت جیسا
جَنتر (س۔مذ) جادو ٹوٹکا۔ اوزار
جَنتر مَنتر (س۔مذ) جادوگری
ٹوٹکا۔ فریب بازی۔
رصدگاہ ٭
جَنتری (ہ۔مث) سونے چاندی
کے تار کھینچنے کا آلہ۔ پترا۔
سال کا حساب ٭
جَنّتی (ع۔ص) بہشتی۔ نیک آدمی
جَنٹل (انگ۔ص) شریف۔ نرم
جَنٹلمین (انگ۔مذ) شریف
آدمی۔ مہذّب ٭
جِنجَال (ع۔مذ) آفت۔
مصیبت۔ بکھیڑا ٭
جِنجال میں پڑنا (ا) بلا میں
پڑنا۔ مشکل میں پڑنا ٭
جَنرل (انگ) عام۔ بڑا
سپہ سالار ٭
جَنرل مرچنٹ (انگ۔مذ)
عام اشیا کا تاجر۔ تمام اشیا
کا تاجر ٭
جَنرل سکرٹری (انگ۔مذ)
بڑا سکتر ٭
جِنس (ع۔مث) چیز۔ اسباب
اناج۔ قسم ٭
جِنس وار (ف) تفصیل وار
الگ الگ ٭
جِنسیّت (ع۔مث) ہم قسم
ہونا۔ یکساں ہونا ٭
جَنکشن (انگ۔مذ) وہ مقام
جہاں ریل کی دو یا زیادہ
شاخیں آکر ملتی ہوں ٭
جَنگ (ف۔مث) لڑائی
رن۔ دشمنی ٭
جنگ آزمودہ (ف۔ص)
تجربہ کار سپاہی۔ لڑائی
کی گھاتوں سے واقف ٭
جنگ آور (ف۔ص) لڑنے والا
جنگجو (ف۔ص) لڑاکا۔ جھگڑالو
بہادر ٭
جنگِ زرگری (ف۔مث)
جھوٹ موٹ کی لڑائی ٭
جنگ و جدل (ف۔مذ)
دنگہ۔ فساد ٭
جَنگل (ف۔مذ) بیابان۔
جھاڑی۔ بنجر۔ ویران۔
درختوں کی کثرت ٭
جنگل میں منگل ہونا (ا)
ویرانے میں رونق ہونا ٭
جنگل میں مور ناچا کس نے
دیکھا (ا) اگر مسافری میں
دولت ہوئی تو کس کام کی ٭
جنگلا (ا۔مذ) کٹہرا۔ باڑ۔ احاطہ
جنگلی (ا۔ص) جنگل کا۔ وحشی
بے تمیز ٭
جُنگی (ف۔مذ) سپاہی۔ بہادر
فوجی۔ بڑا۔ فراخ ٭
جنگی جہاز (ف۔مذ) لڑائی کا جہاز
جنگی لاٹ (ا) فوج کا سب
سے بڑا افسر ٭
جنم (ہ۔مذ) پیدائش۔ نسل۔ زندگی
جنم اشٹمی (ہ۔مذ) کرشن جی
کی پیدائش کا دن ٭

جنم بھوم (ہ۔ وطن۔ جائے پیدائش
جنم پتری (ہ۔ مث) زائچہ۔ وہ کاغذ جس پر بچے کی پیدائش سے لے کر موت تک کے حالات ستاروں کے حساب سے لکھے جاتے ہیں ۔
جنم دِن (ہ۔ مذ) پیدائش کا دن۔ سالگرہ کا دن ۔
جنوب (ع۔ مث) دکھن۔ شمال کی ضد ۔
جُنون (ع۔ مذ) سودا۔ دیوانگی خبط ۔
جنون چڑھنا (ل) دیوانہ ہونا۔ غصہ چڑھنا ۔
جنونی (ع۔ ص) پاگل بیعقل ۔
جُنَید (ع۔ مذ) ایک مشہور صوفی کا نام ہے جو بغداد کے رہنے والے تھے ۔
جَنِین (ع۔ مذ) وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو ۔
جَنیو (ہ۔ مذ) زُنّار (پنجابی جنجو) وہ تاگا جو اہل ہنود گلے میں ڈالے رہتے ہیں ۔

جُو (ف۔ مث) نہر ۔
جَو (ف۔ مذ) ایک قسم کا غلّہ ہے جس سے شراب بھی بنتی ہے۔ تھوڑا۔ ذرا ۔
جَو فروش گندم نما (ف) گیہوں دکھا کر جو بیچنے والا۔ دغا باز ۔
جَو کوب (ف۔ ص) موٹا موٹا کُٹا ہوا ۔
جُوا (ہ۔ مذ) وہ لکڑی جو گاڑی کے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے۔ قمار۔ شرط بازی ۔
جُوا کھیلنا (ہ) پاسہ پھینکنا۔ داؤں لگانا ۔
جواب (ع۔ مذ) سوال کی ضد۔ اُتر۔ پاسخ۔ مقابل۔ برابر۔ مثل۔ مانند۔ انکار۔ تردید ۔
جوابُ الجواب (ع۔ مذ) جواب کا جواب ۔
جواب باصَواب (ع۔ مذ) درست جواب۔ معقول جواب ۔

جواب پانا (ل) برطرف ہونا۔ سزا ملنا ۔
جواب دعوٰی (ع۔ مذ) مدعا علیہ کا تحریری جواب ۔
جوابدِہ (ف۔ مذ) ذمہ وار ۔
جواب طلب کرنا (ل) مواخذہ کرنا۔ سبب پوچھنا ۔
جواب دِہی (ف۔ مث) ذمہ واری ۔
جواب دینا (ل) اتر دینا۔ رد کرنا۔ معزول کرنا۔ انکار کرنا۔ چھوڑنا ۔
جواب ملنا (ل) انکار ہونا۔ موقوف ہونا۔ بدلہ ملنا ۔
جُوار (ہ۔ مث) ایک قسم کا غلّہ ۔
جُوار بھاٹا (ہ۔ مذ) سمندر کا اُتار چڑھاؤ ۔
جُوارِش (معرب مث) مرکب ہاضم دوائی ۔
جُواری (ہ۔ مذ) جُوا کھیلنے والا ۔
جواز (ع۔ مث) جائز ہونا۔ اجازت ۔
جُوالا (س۔ مذ) شعلہ۔ آگ۔ حرارت ۔

جوالامکھی (ہ۔مذ) آتش فشاں پہاڑ ❖

جوان (ف۔ص) نوعمر۔ مضبوط۔ دلیر ❖

جوان بخت (ف۔ص) خوش قسمت۔ اقبال مند ❖

جوانمرد (ف۔ص) بہادر۔ بلند حوصلہ۔ سخی ❖

جوانمردی (ف۔مث) شجاعت بہادری۔ ہمت۔ فیاضی ❖

جوان مرگ (ف۔ص) بے جوانی

جوانا مرگ (ف۔ص) مرنیوالا

جوانی (ف۔مث) شباب اوائل عمری۔ بلوغت ❖

جوانی دیوانی (ف) جوانی کے زور میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے۔ کچھ نہیں سوجھتا ❖

جوانی ڈھلنا (ا) جوانی سے اُترنا۔ جوبن نہ رہنا ❖

جوانی کا عالم (ا۔مذ) شباب کا وقت۔ حالت جوانی

جوانی کی نیند (ا۔مث) بےخبری کی نیند ❖

جوانب (ع۔مث) جمع جانب کی۔ اطراف ❖

جواہر (ع۔مذ) جوہر کی جمع قیمتی پتھر۔ گوہر ❖

جواہرات (ع۔مذ) جوہر کی جمع الجمع۔ قیمتی پتھر ❖

جواہر خانہ (ف۔مذ) زیور خانہ توشہ خانہ ❖

جواہر نگار (ف۔ص) جڑاؤ خوشخط ❖

جوبن (ہ۔مذ) بلوغت آغاز جوانی۔ خوبصورتی حسن وجمال

جوبن پر آنا (ہ) بہار پر آنا۔ جوانی کا آغاز ہونا ❖

جوبن پھٹ پڑنا (ہ) حسن میں زیادتی ہونا ❖

جوبن ڈھلنا (ہ) جوانی کا عالم نہ رہنا۔ رونق نہ رہنا۔

جوت (ہ۔مث) روشنی۔ اُجالا۔ شعلہ ❖

جوُت (ہ۔مذ) بڑا جوتا۔ نقصان۔

جوتار (ہ۔مذ) کاشتکار ❖

جوُتا (ہ۔مذ) پاپوش (ا)

جوُتا اُٹھانا (ہ) گستاخی کرنا۔ جوتا مارنے کا ارادہ کرنا۔ تابعداری کرنا ❖

جوُتا برسنا (ہ) خوب جوتیاں پڑنا ❖

جوُتا لگنا (ہ) جوتی لگنا۔ شرمندگی ہونا ❖

جوُتی (ہ۔مث) پاپوش ❖

جوُتی پیزار (ا۔مث) مار پیٹ۔ لڑائی ❖

جوُتیاں چٹخاتے پھرنا (ہ) آوارہ گردی کرنا۔ نکما پھرنا

جوُتیاں سیدھی کرنا (ا) عزت کرنا ❖

جوُتیاں کھانا (ہ) جوتیوں سے پٹنا۔ طعنے سہنا خفت اُٹھانا ❖

جوُتیاں گانٹھنا (ہ) حقیر پیشہ کرنا۔ ذلیل کام کرنا ❖

جوُتیوں کا صدقہ (ا۔محاورہ) آپ کی بدولت۔ آپ کی جوتیوں کے طفیل ❖

جوُتیوں میں دال بٹنا (ہ)

لڑائی جھگڑا ہونا۔ آپس
میں پھوٹ پڑنا ٭
جوتش (ہ۔مث) ستاروں کا
علم۔ رمل ٭
جوتشی (ہ۔مذ) نجومی۔ رمّال ٭
جوتنا (ہ) بیلوں کو گاڑی میں
لگانا۔ ہل چلانا ٭
جُود (ع۔مذ) بخشش۔ سخاوت
جُودت (ع۔مث) ذہن کی
تیزی۔ ذکاوت ٭
جوڈیشل (انگ۔مذ) عدالت
کے متعلق۔ حاکمانہ۔ فوجداری
جَور (ع۔مذ) ظلم۔ ستم۔ سختی۔
بے رحمی ٭
جورُو (ہ۔مث) بیوی۔ استری
جورُو کا مزدور (ا۔مذ) زن
مُرید۔ بیوی کا غلام ٭
جوڑ (ہ۔مذ) گانٹھ۔ پیوند۔ میزان۔
داؤ پیچ۔ برابر۔ جواب ٭
جوڑ بند (ہ۔مذ) عضو۔ جوڑ
جوڑ توڑ (ہ۔مذ) داؤں۔ پیچ۔
چال۔ فریب ٭
جوڑ توڑ کرنا (ہ) تدبیر کرنا۔

سازش کرنا ٭
جوڑا (ہ۔مذ) جفت۔ دو۔
نر مادہ۔ برابر کا۔ ساتھی۔
پوشاک۔ جُوتی ٭
جوڑا بڑھانا (ہ) کپڑے اُتارنا ٭
جوڑنا (ہ) ملانا۔ گانٹھنا۔ جمع
کرنا۔ بنانا۔ میزان کرنا ٭
جوڑواں (ہ۔ص) توام۔ وہ
دو بچے جو ایک ساتھ پیدا
ہوئے ہوں ٭
جوڑی (ہ۔مث) دو۔ جفت
ساتھی۔ نر مادہ۔ میاں بیوی
طبلے۔ مُگدر ٭
جوڑی دار (ا۔مذ) ساتھی ٭
جوڑی ہلانا (ہ) مُگدر ہلانا ٭
جَوز (ع۔مذ) اخروٹ۔ ناریل ٭
جَوزا (ع۔مذ) آسمان کے
تیسرے بُرج کا نام ہے ٭
جوش (ف۔مذ) اُبال۔ تحریک
غصہ۔ زیادتی۔ شوق ٭
جوش مارنا (ہ) اُبلنا۔ کھولنا۔
زیادتی ہونا ٭
جوش میں آنا (ہ) طیش میں آنا

چڑھنا۔ طغیانی پر آنا۔
اُبلنا ٭
جوشاندہ (ف۔مذ) جوش دی
ہوئی دوا۔ کاڑھا ٭
جَوق (ت۔مذ) گروہ۔ انبوہ۔
غول ٭
جَوق در جَوق (ت) گروہ
در گروہ۔ بہت بہت سے ٭
جوکھم (ہ) ڈر۔ خوف۔ قیمتی
اشیاء۔ نقصان ٭
جوکھوں (ہ۔مث) خطرہ۔
اندیشہ۔ قیمتی شے ٭
جوکھوں میں پڑنا (ہ) خطرہ
میں پڑنا ٭
جوکھوں میں ڈالنا (ہ) مصیبت
میں ڈالنا ٭
جوگ (ہ۔مذ) میل۔ ملاپ۔
ریاضت۔ زہد۔ مناسب۔ لائق
جوگا (ہ۔ص) لائق۔ قابل۔
موزوں ٭
جوگن (ہ۔مث) جوگی کی بیوی
فقیرنی ٭
جو گرجتے ہیں وہ برستے

نہیں (ہ) بہت بولنے والے سے کوئی کام نہیں ہوتا ٭

جوگی (ہ۔مذ) سنیاسی۔ بہنارو فقیر۔ بیراگی ٭

جوگیا (ہ۔ص) گیروا رنگ۔ ایک راگ کا نام بھی ہے ٭

جولاں (ف۔مث) بیڑی زنجیر

جولان (ع۔مذ) گھوڑے کی دوڑ۔ کود پھاند ٭

جولانگاہ (ف۔مث) دوڑ کا میدان

جولانی (ع۔مث) تیزی چالاکی جوش جوانی۔ تیز فہمی ٭

جون (انگ۔مذ) انگریزی چھٹے مہینے کا نام ہے ٭

جوں (ا) مانند۔ مثل ٭

جوں (ہ۔مث) وہ کیڑا جو بالوں میں پڑتا ہے ٭

جون (ہ۔مث) جنم۔ پیدائش

جون بدلنا (ہ) ایک جسم سے دوسرے جسم میں جانا۔ آواگون۔ تناسخ ٭

جون پوری کرنا (ہ) دن پورے کرنا۔ تکلیف سے وقت گذرنا

جوں توں (ہ) جس طرح ہو سکا بہر صورت ٭

جوں توں کر کے (ہ) مشکل سے خدا خدا کر کے ٭

جوں جوں (ہ) جس قدر۔ جتنا

جونک (ہ۔مث) وہ پانی کا کیڑا جو گندا خون نکالنے کے لئے انسان کے جسم پر لگاتے ہیں۔ (پنجابی جَلَم) ٭

جوں کا توں (ہ) پورا۔ تمام ویسے کا ویسا ٭

جونہی (ہ) جس وقت۔ فوراً ٭

جوہر (معرب گوہر۔مذ) قیمتی پتھر لعل۔ زمرد وغیرہ۔ ہنر۔ لیاقت۔ کمال۔ عمدگی خوبی ٭

جوہر دکھانا (ا) ہنر دکھانا۔ لیاقت ظاہر کرنا ٭

جوہر کھلنا (ا) لیاقت معلوم ہونا۔ ہنر ظاہر ہونا ٭

جوہری (ع۔مذ) جوہر بیچنے والا۔ پرکھنے والا ٭

جوہڑ (ہ۔مذ) بارانی تالاب۔ چھپڑ ٭

جویا (ف۔مذ) ڈھونڈنے والا

جوئندہ (ف۔مذ) تلاش کرنے والا

جوئندہ یابندہ (ف) تلاش کرنے والا پالیتا ہے ٭

جوئے خانہ (ف۔مذ) قمار خانہ وہ جگہ جہاں جوا کھیلا جائے

جہات (ع۔مث) جمع جہت کی۔ طرف۔ جانب ٭

جہاد (ع۔مذ) کوشش کرنا۔ دین کی حمایت میں لڑنا۔

جہادِ اصغر (ع۔مذ) کفار سے لڑنا ٭

جہادِ اکبر (ع۔مذ) نفس کشی۔ ریاضت ٭

جھاڑ (ہ۔مذ) کانٹے دار چھوٹا درخت۔ فانوس۔ ایک قسم کی آتشبازی ٭

جھاڑ جھنکار (ہ) گھنا اور خاردار پودا۔ بہت سی شاخوں والا درخت ٭

جھاڑ پھونک (ہ۔مث) آسیب دور کرنے کے لئے منتر

جھاڑپونچھ (ہ۔مث) صفائی جھاڑنا۔ پونچھنا ٭
جھاڑن (ہ۔مذ) جھاڑنے کا کپڑا۔ ڈسٹر ٭
جھاڑنا (ہ) صاف کرنا۔ پونچھنا بھاری دینا۔ تنبیہ کرنا۔
جھاڑو (ہ۔مث) بہادری ٭
جھاڑو پھیرنا (ہ) صفائی کرنا تباہ کرنا۔ کچھ نہ چھوڑنا ٭
جھاز (ع۔مذ) بہت بڑی ناو
جھازی (ع۔مذ) ملاح۔ جھاز کا۔ سمندری ٭
جھازی کتا (ا) شکاری کتا تازی کتا ٭
جھاگ (ہ۔مث) کف جھگ ٭
جھاگ لانا (ہ) غصے کے مارے منہ سے تھوک اُڑانا ٭
جھال (ہ۔مث) تیزی۔ موج نہر یا دریا کی لہر ٭
جہالت (ع۔مث) بے علمی۔ بیوقوفی۔ اکھڑپن ٭
جھالر (ہ۔مث) آنچل۔ پھندنا حاشیہ۔ کنارہ ٭

جہاں (ہ۔مذ) لوگ۔ زمین ملک۔ دنیا ٭
جہاں پناہ (ف۔مذ) بادشاہ سلطان ٭
جہانبانی (ف۔مث) حکومت کرنا۔ سلطنت کرنا ٭
جہانداری (ف۔مث) بادشاہی
جہاندیدہ (ف۔مذ) تجربہ کار تمام جہان میں پھرا ہوا آدمی ٭
جہاں تک (ہ) جب تک۔ حتے الوسع ٭
جھانپ (ہ۔مذ) بانس کا ٹوکرا۔ پردہ ٭
جھانپنا (ہ) چھپانا۔ ڈھانکنا منڈھنا ٭
جھانسا (ہ۔مذ) دھوکا۔ فریب دغا ٭
جھانسا دینا (ہ) دھوکا دینا جُل دینا ٭
جھانسے میں آنا (ہ) دم میں آنا۔ فریب میں آنا ٭
جھانک (ہ۔مث) نظر۔ تاک

جھانکنا (ہ) چھپ کر دیکھنا۔ تکنا ٭
جہانگیری (ہ۔مث) بادشاہی
جھپاک (ہ۔مث) جلدی۔ شتابی
جھپٹ (ہ۔مث) جلدی کا حملہ۔ چھلانگ ٭
جھپٹا (ہ۔مذ) حملہ۔ جست۔ چنگل مارنا ٭
جھپٹنا (ہ) حملہ کرنا۔ چھیننا ٭
جھپکنا (ہ) آنکھوں کا بند ہونا شرمندہ ہونا۔ ڈرنا ٭
جھپکی (ہ۔مث) نیند۔ غنودگی ٭
جھپیٹ (ہ۔مث) صدمہ۔ دوڑ۔ بھوت پریت کا سایہ ٭
جھپیٹ میں آنا (ہ) بھاگنے والے کی ٹھوکر سے گرنا۔ صدمہ پہنچنا ٭
جہت (ع۔مث) طرف۔ جانب ٭
جھٹ (ہ) فوراً ٭
جھٹ پٹ (ہ) فوراً۔ ترت پھرت ٭
جھٹ پٹا (ہ۔مذ) صبح یا شام کی تاریکی۔ دونوں وقت ملے

سورج غروب ہونے کا وقت ٭

جھٹکا (ہ۔ مذ) دھکا۔ صدمہ۔ جانور کو ایک ہی دفعہ تلوار سے مار دینا ٭

جھٹکا دینا (ہ) صدمہ دینا۔ ہلانا ٭

جھٹکا کھانا (ہ) صدمہ اٹھانا ٭

جھٹکنا (ہ) جھاڑنا۔ کپڑے کو زور سے ہلانا۔ دھکا دینا ٭

جھٹکے کا مال (ہ) چوری کا مال۔ ڈاکے کا مال ٭

جھٹلانا (ہ) جھوٹا ثابت کرنا۔ باطل کرنا ٭

جھجھر (ہ۔ مث) مٹی کی بڑی سی صراحی ٭

جھجک (ہ۔ مث) خوف۔ ڈر ٭

جھجکنا (ہ) ڈرنا۔ خوف کھانا ٭

جھد (ہ۔ مث) کوشش۔ طاقت ٭

جھرمٹ (ہ۔ مذ) بھیڑ۔ انبوہ ٭

جھرنا (ہ۔ مذ) آبشار۔ پانی کی چادر ٭

جھرنا (ہ) ٹپکنا۔ برسنا ٭

جھُرنا (ہ) کمزور ہونا۔ گھٹنا۔ پنجابی کھیتی یا نقصان کی شکایت کرنا

جھروکا (ہ۔ مذ) کھڑکی۔ دریچہ۔ سیر گاہ ٭

جھری (ہ۔ مث) درز۔ شگاف ٭

جھُرّی (ہ۔ مث) شکن۔ سلوٹ جو بڑھاپے کے باعث آدمی کے چہرے پر پڑ جاتی ہے ٭

جھریاں (ہ۔ مث) جھری کی جمع ٭

جھڑ (ہ۔ مث) جھڑی۔ متواتر بارش۔ قفل کا گھڑکا ٭

جھڑ بدلی (ہ۔ مث) ساون کی بدلی ٭

جھڑپ (ہ۔ مث) تیزی۔ گرمی۔ غصہ۔ دو چیزوں کا آپس میں ٹکرانا۔ تکرار ٭

جھڑکنا (ہ) ملامت کرنا۔ دھمکانا۔ جھاڑنا ٭

جھڑکیاں (ہ۔ مث) گھرکیاں ٭

جھڑنا (ہ) گرنا۔ کچھ بچنا۔ نفع ہونا ٭

جھڑوانا (ہ) درخت سے پھل گروانا۔ صاف کرانا۔ دم کرانا ٭

جھڑی (ہ۔ مث) تھوڑی تھوڑی لگاتار بارش ٭

جھڑی لگنا (ہ) متواتر مینہ برسنا ٭

جھک (ہ۔ مث) بکواس۔ بےہودہ گوئی ٭

جھک مارنا (ہ) بیہودہ بکنا۔ بے فائدہ گفتگو کرنا ٭

جھکانا (ہ) خم دینا۔ نیچا کرنا۔ نرم کرنا ٭

جھکاؤ (ہ۔ مذ) خمیدگی۔ خم۔ توجہ۔ خیال ٭

جھکّڑ (ا۔ مذ) سخت ہوا۔ معمولی آندھی ٭

جھکنا (ہ) خمیدہ ہونا۔ مائل ہونا

جھگڑا (ہ۔ مذ) دنگا۔ فساد۔ فتنہ۔ تکرار ٭

جھگڑا پاک ہونا (ہ) فساد دور ہونا۔ صفائی ہونا۔ موت آنا ٭

جھگڑا چکانا (ہ) فیصلہ کر لینا۔ قرض ادا ہونا ٭

جھگڑالو (ہ۔ مذ) فسادی۔ لڑاک۔

جھگڑنا (ہ) لڑنا۔ فساد کرنا۔ تکرار کرنا۔ زیادہ مانگنا۔ ضد کرنا ٭
جہل (ع۔مث) جہالت۔ بے وقوفی ٭
جھل (ہ۔مث) غصہ۔ خفگی۔ حسد ٭
جھلّا (ہ۔مذ) بدمزاج۔ غصے والا ٭
جھلانا (ہ) جھونکے دینا ٭
جھلّانا (ہ) غصہ ہونا۔ طیش میں آنا ٭
جھلڑ (ہ۔مذ) گروہ۔ غول۔ جتھا ٭
جھلسا (ہ۔مذ) آگ کا شعلہ ٭
جھلسنا (ہ) جلنا۔ آگ لگانا ٭
جھلک (ہ۔مث) روشنی۔ چمک۔ جلوہ ٭
جھلکنا (ہ) چمکنا۔ جلوہ دکھانا
جھلملانا (ہ) جھلکنا۔ ٹمٹمانا ٭
جھلنا (ہ) ہوا کرنا۔ مکھیاں اُڑانا ٭
جھلّی (ہ۔مث) باریک چمڑا یا پوست
جھمکا (ہ۔مذ) گچھا۔ پردیں۔ (سات ستارے) کانوں میں پہننے کا ایک زیور بھی ہوتا ہے ٭

جھمیلا (ہ۔مذ) بکھیڑا۔ جھگڑا ٭
جھنجھلانا (ہ) غصے ہونا۔ بُرا ماننا
جھنجھوڑنا (ہ) کسی کو پکڑ کر ہلانا جگانا ٭
جھنڈ (ہ۔مذ) گروہ۔ بہت سے اکٹھے درخت ٭
جھنڈ کے جھنڈ (ہ) گروہ کے گروہ۔ ٹھٹ کے ٹھٹ ٭
جھنڈا (ہ۔مذ) علم۔ نشان ٭
جھنڈا گاڑنا (ہ) قبضہ جمانا۔ نشان کھڑا کرنا ٭
جھنڈے تلے کی دوستی (ہ) تھوڑے دن کی آشنائی اتفاقی دوستی ٭
جھنکار (ہ۔مث) زنجیر وغیرہ کی آواز
جہنم (ع۔مذ) دوزخ۔ نرگ ٭
جہنم میں جائے (ا) دفع ہو دور ہو چولھے میں جائے ٭
جہنمی (ف۔ص) دوزخی ٭
جھوٹ بولنا (ہ) غلط کہنا۔ سچ کو چھپانا ٭
جھوٹ کا پتلا (ہ) بہت جھوٹ بولنے والا ٭

جھوٹ کے پل باندھنا (ہ) بہت جھوٹ بولنا ٭
جھوٹ موٹ (ہ) غلط۔ مخول سے ٭
جھوٹا (ہ۔ص) جھوٹ بولنے والا۔ زور سے ہلانا ٭
جھوٹا پڑنا (ہ) جھوٹا ثابت ہونا۔ وعدہ خلافی کرنا ٭
جھوٹی قسم (ا) غلط قسم ٭
جھوٹی گواہی (ا۔مث) واقعہ نہ معلوم ہونے کے باوجود اُس کی گواہی دینا ٭
جھوٹی نالش (ا) جھوٹا دعوےٰ
جھونکا (ہ۔مذ) ہوا کی ایک لہر۔ غنودگی ٭
جھونکنا (ہ) ڈالنا۔ خطرہ میں ڈالنا ٭
جھول (ہ۔مذ) کپڑے کے شکن۔ ملمع ٭
جھول نکالنا (ہ) پرندوں کا بچے نکالنا ٭
جھولی (ہ۔مذ) سردی سے محفوظ رکھنے کے لئے حیوانات کے

اُوپر ڈالنے کا کپڑا ٭
جھُولا (ہ۔مذ) جھولنے کی رسی ٭
جھولا (ہ۔مذ) تھیلہ ٭
جھُولنا (ہ) جھُونٹنا پینگ چڑھانا
جھولی (ہ۔مث) تھیلی۔گودی ٭
جھُوم جھوم کر (ہ) لہرا کر۔
کثرت سے ٭
جھُومنا (ہ) مُستی سے جھُونٹنا
سر ہلانا ٭
جھونپڑا (ہ۔مذ) چھپر کا گھر ٭
جھونکے (ہ۔مذ) ہوا کا چلنا
جھیپنا (ہ) کترانا۔شرمانا
جہیز (ع۔مذ) سامان۔داج
جھیل (ہ۔مث) پانی کا بہت
بڑا ٹکڑا جو چاروں طرف سے
خشکی سے گھِرا ہُوا ہو ٭
جھیلنا (ہ) برداشت کرنا۔سہنا
جھینگر (ہ) ایک قسم کا کیڑا
ہے۔جو کتابیں کپڑے وغیرہ
کھا جاتا ہے ٭
جَے (ہ۔مث) فتح۔خوشی ٭
جی (ہ) جناب۔درست ہاں
جی (ہ۔مذ) روح دِل ٭

جی آنا (ہ) دل آنا۔عاشق ہونا
جی اُٹھنا (ہ) زندہ ہونا۔
بیزار ہونا ٭
جی اُچاٹ ہونا (ہ) دل نہ
لگنا ٭
جی اُکتا جانا (ہ) گھبرا جانا
جی بھر آنا (ہ) ترس آنا۔آنسو
بھر آنا ٭
جی بہلنا (ہ) دل خوش ہونا
جی بہلانا (ہ) دل خوش کرنا
جی پر کھیلنا (ہ) جان جوکھوں
میں ڈالنا۔جان دے دینا
جی جلانا (ہ) دُکھ دینا ٭
جی جلنا (ہ) دُکھ ہونا۔غصہ آنا
جی چاہنا (ہ) دل للچانا۔
خواہش ہونا ٭
جی چُرانا (ہ) کام سے کترانا
جی چھُوٹنا (ہ) نا اُمید ہونا
ہمت ہارنا ٭
جی چھوڑنا (ہ) ہمت ہارنا ٭
جی سے جانا (ہ) مرنا۔جان
سے گذرنا ٭
جی کڑا کرنا (ہ) دل سخت کرنا

جی کھول کر (ہ) دل بھر کر۔
خاطر خواہ ٭
جی کی جی میں رہنا (ہ) ارمان
رہنا۔حسرت نہ نکلنا ٭
جی گھبرانا (ہ) دل نہ لگنا۔
بیزار ہونا ٭
جی لبھانا (ہ) دل موہ لینا ٭
جی لڑانا (ہ) بڑی توجہ دینا ٭
جی لگانا (ہ) دھیان دینا۔
محبت کرنا ٭
جی للچانا (ہ) خواہش ہونا۔
جی متلانا (ہ) قے آنے کے
آثار ہونا ٭
جی میں آنا (ہ) دل میں خیال
آنا ٭
جی میں جی آنا (ہ) دم میں
دم آنا۔تسلی ہونا ٭
جی میں رکھنا (ہ) چھپا رکھنا
عداوت رکھنا ٭
جی ہارنا (ہ) ہمت ہارنا ٭
جِیا (ہ) جی۔دل ٭
جیالوجی (انگ) زمین کے
طبقوں کا علم ٭

جَیب (ع - مذ) کیسہ ۔ گریبان ؛
جَیب خرچ (ا) روٹی کپڑے کے علاوہ روزانہ خرچ
جَیب کترا (ا) جیب کترنے والا ۔ اُچکا ؛
جیتا جاگتا (ہ) تندرست ۔ صحیح سلامت ؛
جیتنا (ہ) فتح پانا ؛
جیتے جی (ہ) عمر بھر زندگی تک ؛
جیتی مکھی نگلنا (ہ) جان بوجھ کر دکھ اُٹھانا ؛
جیٹھ (ہ - مذ) خاوند کا بڑا بھائی بساکھ سے اگلا مہینہ ؛
جیٹھانی (ہ - مث) جیٹھ کی بیوی ؛

جَیّد (ع - ص) بھاری ۔ زبردست نیک ؛
جیسا کرو گے ویسا بھرو گے (ہ) نیکی کا بدلہ نیک ۔ بدی کا بد ؛
جیسا راجہ ویسی پرجا (ہ) رعیت اپنے بادشاہ کے طریقے پر ہوتی ہے ؛
جیسا کہ (ہ) جس طرح کہ ۔ مثلاً ؛
جیسے بنے (ہ) جسطرح بھی ہو سکے
جیسے کو تیسا (ہ) جسطرح کا آدمی ویسا ہی اس سے سلوک
جیسی رُوح ویسے فرشتے (ہ) نیک کے ساتھ نیک بُرے کے ساتھ بُرا ؛

جیفہ (ع - مث) ہڈی ۔ مُردار ؛
جیل (انگ - مذ) قید خانہ ؛
جیلر (انگ - مذ) قید خانہ کا داروغہ
جَین (ہ - مذ) ہندو مذہب کے ایک فرقے کا نام ہے ؛
جینا (ہ) زندگی ۔ زندہ رہنا ۔
جیو آتما (ہ - مذ) جی جان ؛
جیُوری (انگ - مث) جج مقدمات فیصل کرنے میں رائے دینے والے پنچ ؛
جیومیٹری (انگ - مث) مساحت ۔ علم ہندسہ ؛
جیتے ہو (ہ) فتح ہو ۔ بول بالا ہو ؛

چ

فارسی کا ساتواں اور اُردو کا آٹھواں حرف ۔ مذ ۔ اسکے تین ہیں ۔

(چ ۔ ا)
چابک (ف - مذ) کوڑا ۔ تازیانہ چست ۔ چالاک ؛
چابک دست (ف - ص) پھرتیلا

چالاک ۔ کاریگر ؛
چابک سوار (ف - مذ) شاہسوار ۔ تیز
چابی (ہ - مث) تالی ۔ کنجی

چاپلوسی (ف - مث) خوشامد
چاٹ (ہ - مث) چسکا ۔ عادت
چاٹ لگنا (ہ) چسکا پڑنا ۔ شوق ہونا ؛

چاٹنا (ہ) زبان کے ساتھ کھانے کی چیز کو اُٹھانا۔ چٹ کرنا

چادر (ف۔مث) اوڑھنا بڑا دوپٹہ ٭

چادر اُتارنا (ا) بے عزت کرنا ٭

چادر چڑھانا (ا) کسی قبر پر غلاف یا پھولوں کی چادر ڈالنا

چادر دیکھ کے پاؤں پھیلانا (ا) جتنی طاقت ہو اتنا ہی کام کرنا ٭

چار آئینہ (ف۔مذ) لوہے کے چمکدار چار ٹکڑے جو سپاہی میدان جنگ میں جسم کی حفاظت کے لئے سینہ پیٹھ اور دونوں پہلوؤں پر باندھتے ہیں ایک قسم کا زرہ بکتر

چار پایہ (ف۔مذ) چار پاؤں والا جانور۔ ڈنگر ٭

چار پائی (ا۔مث) کھاٹ چھوٹا پلنگ ٭

چار پائی سے پیٹھ لگنا۔ (ا) پڑے پڑے بیمار کی پیٹھ میں زخم ہو جانا۔ چار پائی سے اُٹھ نہ سکنا ٭

چارج (انگ۔مذ) فرض سپردگی الزام قیمت ٭

چار جامہ (ف۔مذ) گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالنے کا گدی دار کپڑا ٭

چار چاند لگنا (ا) عزت زیادہ ہونا۔ حسن بڑھنا ٭

چار حرف بھیجنا (ا) لعنت کرنا ٭

چار دانگ (ف۔ص) تمام دنیا میں۔ چاروں طرف ٭

چار دن کی بہار (ا) تھوڑے دنوں کی رونق ٭

چار دن کی چاندنی (ا۔مث) تھوڑے دنوں کا عیش

چار دیواری (ا۔مث) فصیل احاطہ ٭

چار گھونٹ (ا۔مث) چاروں طرف ٭

چار گُنا (ا۔ص) چار حصے زیادہ۔ چوگنا ٭

چار یار (ف) رسول خدا کے چار دوست یعنی حضرت ابو بکر صدیق رضہ حضرت عمر رضہ حضرت عثمان رضہ اور حضرت علی رضہ ٭

چارا (ہ۔مذ) گھاس۔ جانوروں کی خوراک ٭

چارہ نا چار (ف) مجبوراً ٭

چارہ (ف) علاج۔ تدبیر ٭

چارہ جوئی (ف۔مث) تدبیر کرنا۔ کوشش کرنا ٭

چارہ ساز (ف۔ص) کام بنانے والا۔ خدا ٭

چارہ گر (ف۔مذ) علاج کرنے والا۔ طبیب ٭

چاشت (ف۔مذ) صبح پہلا پہر۔ صبح کا کھانا ٭

چاشنی (ف۔مث) مٹھاس ذائقہ۔

چاق (ف۔ص) چست و چالاک

چاق چوبند (ا۔ص) تندرست چست۔ پھرتیلا ٭

چاقو (ف۔مذ) کارد۔ قلم تراش۔

چاک (انگ۔مث) کھریا مٹی ٭

چاک (ف) پھٹا ہوا ؛
چاک کرنا (ا) پھاڑنا۔ پرزے کرنا ؛
چاکر (ف۔ مذ) نوکر۔ ملازم۔ خدمت گار ؛
چاکری (ف۔ مث) نوکری۔ خدمت
چال (ہ۔ مث) رفتار۔ حرکت طور۔ طریق۔ مکر فریب ؛
چال چلن (ہ۔ مذ) عادت طور۔ طریق ؛
چال چلنا (ہ) فریب دینا ؛
چال ڈھال (ہ۔ مث) طرز۔ طریقہ ؛
چالاک (ف۔ ص) چست ہوشیار
چالاکی (ف۔ مث) تیزی۔ پھرتی۔ چستی ؛
چالاکی کرنا (ا) چال چلنا ؛ دھوکا دینا ؛
چالان (ہ۔ مذ) ملزم کو عدالت میں بھیجنا۔ روپے کی رسید ؛
چالیسواں (ہ۔ ص) چہلم چالیس دن کے بعد مُردے کی فاتحہ ؛
چام (ہ۔ مذ) چمڑا۔ کھال ؛

چام کے دام (ہ) چمڑے کے روپے۔ نظام سقّے کا سکّہ
چام کے دام چلانا (ہ) جبراً کام لینا ؛
چاند (ہ۔ مذ) قمر۔ چندرمان۔ خوبصورت۔ بیٹا ؛
چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی (ہ) اچھا بُرا کہنے سے بُرا نہیں ہوجاتا ؛
چاند چڑھنا (ہ) پہلے دن کا چاند دکھائی دینا۔ مہینہ ختم ہونا۔ خوشی ہونا ؛
چاند سا مُکھڑا (ہ) بہت خوبصورت چہرہ ؛
چاند کا کھیت کرنا (ہ) چاند کا ہالہ بنانا۔ چاند نکلنا ؛
چاند گرہن (ہ۔ مذ) چاند کا گہنا زمین کے سائے کے سبب چاند کا سیاہ ہوجانا ؛
چاندماری (ہ۔ مث) نشانہ بازی کی مشق ؛
چاندنی (ہ۔ مث) چاند کی روشنی۔ سفید چادر جو دری وغیرہ پر بچھائی جاتی ہے ؛
چاندنی چھٹکنا (ہ) چاند کی روشنی کا پھیلنا ؛
چاندی (ہ۔ مث) سفید دھات جس سے روپیہ بنتا ہے دولت۔ کامیابی۔ فائدہ ؛
چاندی ہونا (ہ) بہت فائدہ ہونا
چانڈو خانہ (ا۔ مث) بھنگڑ خانہ
چانسلر (انگ مذ) یونیورسٹی کا بڑا عہدے دار ؛
چاؤ (ہ۔ مث) شوق۔ تمنا۔ لاڈ
چاہ (ہ۔ مذ) خواہش۔ تمنا
چاہ (ف۔ مذ) کنواں ؛
چاہِ بابل (ف۔ مذ) بابل کا وہ کنواں جس میں پرانے خیال کے مطابق ہاروت ماروت دو فرشتے خدا کے حکم سے قید ہیں ؛
چاہِ زنخداں یا چاہِ ذقن (ف) ٹھوڑی کا گڑھا ؛
چاہ کُن را چاہ درپیش (ف) بُرے کام کرنے والے کو اپنی بُرائی کا نتیجہ مل جاتا ہے جیسا کام ویسا نتیجہ
چاہِ نخشب (ف۔ مذ) ترکستان کے

شہر نخشب کا کنواں جس سے حکیم ابن مقنع کا مصنوعی چاند نکلا کرتا تھا

چاہت (ہ۔مث) خواہش طلب۔ پیار ؛

چاہنا (ہ) خواہش کرنا۔ مانگنا پیار کرنا۔ پسند کرنا ؛

چاہیتا (ہ۔ص) بہت پیارا پسندیدہ ؛

چاہی (ف۔ص) ایسی زمین جسکو کنوئیں کے ذریعے سے پانی دیا جاوے ؛

چاہیتی (ہ۔ص) لاڈلی پیاری

چائے (ف۔مث) ایک پہاڑی پودے کی پتیاں جنہیں اُبال کر پیتے ہیں

چبا چبا کر باتیں کرنا۔ (ہ) تکلف سے باتیں کرنا ؛

چبانا (ہ) دانتوں سے پیسنا۔ جگالی کرنا ؛

چبُوترا (ہ۔مذ) بیٹھنے کے لئے اُونچی جگہ ؛

چَپ (ف۔ص) بایاں کھبا

چپ و راست (ف۔ظ) سیدھے کھبے۔ اِدھر اُدھر ؛

چُپ چاپ (ہ) خاموشی سے۔ بلا اطلاع ؛

چُپ سادھنا (ہ) خاموشی اختیار کرنا ؛

چُپ ہونا (ہ) جواب نہ دے سکنا ؛

چپاتی (ہ۔مث) روٹی پھلکا

چپٹی (ہ۔مث) چوڑی۔ چوڑی اور پتلی لکڑی ؛

چپچپا (ہ) لیسدار ؛

چپراس (ا۔مث) سپاہی یا ملازم کی پیٹی ؛

چپڑاسی (ا۔مذ) پیادہ سپاہی۔ ملازم ؛

چُپڑنا (ہ) گھی یا تیل لگانا۔

چُپڑی (ہ۔ص) گھی لگی ہوئی روٹی ؛

چُپڑی اور دو دو (ا) اچھی چیز اور زیادہ ؛

چپقلش (ف۔مث) لڑائی جھگڑا

چُپکا (ہ۔ص) خاموش ؛

چپکانا (ہ) لیسدار چیز سے جوڑنا چسپان کرنا ؛

چپکنا (ہ) جڑنا۔ الجھنا ؛

چپنی (ہ۔مث) ہانڈی کا ڈھکنا۔ گھٹنے کی ہڈی ؛

چپو (ہ۔مذ) کشتی کھینے کی ڈانڈ

چپیڑ (ہ۔مث) دھول۔ چپا ؛

چِت (ہ۔ص) پیٹھ کے بل ؛

چت گرانا (ہ) پچھاڑنا ؛

چت لیٹنا (ہ) پیٹھ کے بل لیٹنا ؛

چِت (ہ۔مث) خیال۔ دھیان۔ سمجھ ؛

چتا (ہ۔مث) لاش کے جلانے کے لئے لکڑیوں کا ڈھیر

چُترائی (ہ۔مث) چالاکی۔ ہوشیاری ؛

چتکبرا (ہ۔ص) سفید اور سیاہ دھبوں والا۔ ابلق ؛

چِتون (ہ۔مث) نظر۔ تیوری

چھٹ پٹ (ہ) اسی وقت فوراً ؛

چٹ منگنی پٹ بیاہ (ہ) خیال آتے ہی کام کر چھوڑنا

چِٹ (ہ۔مث) کاغذ کا ٹکڑا
چٹاخ (ہ) لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز۔ انگلی چٹخنے کی آواز ٭
چٹاخ پٹاخ (ہ) تڑاق پڑاق متواتر۔ لگاتار ٭
چٹاخا (ہ۔مذ) لکڑی ٹوٹنے کی آواز۔ شدّت ٭
چٹان (ہ۔مث) لمبا چوڑا پتھر۔ پتھریلی زمین ٭
چٹانا (ہ) بیمار یا بچے کو کوئی چیز کھلانا۔ رشوت دینا ٭
چٹائی (ہ۔مث) کھجور کے پتوں کا فرش۔ بوریا ٭
چٹ پٹا (ہ) مسالحدار۔ مزیدار ٭
چٹخارا (ہ۔مذ) کسی اچھی چیز کھاتے وقت زبان سے جو آواز نکلتی ہے۔ مزہ ٭
چٹخارے دار (ہ) مزے دار ٭
چٹخارے لینا (ہ) مزے لینا
چٹخانا (ہ) انگلیوں سے آواز نکالنا۔ کسی چیز کو دیوار یا زمین پر دے مارنا ٭

چٹخنا (ہ) کلی کا کھلنا ٭
چٹخنی (ہ) کواڑوں کو بند کرنے کے لئے لوہے یا لکڑی کی بلّی ٭
چٹ کر جانا (ہ) کھا جانا۔ اڑا جانا ٭
چُٹکلا (ہ۔مذ) لطیفہ۔ مزیدار بات
چٹکنا (ہ) چٹخنا ٭
چُٹکی (ہ۔مث) دو انگلیوں سے گوشت کو دبانا ٭
چُٹکی بجانا (ہ) انگوٹھے اور انگلی سے آواز نکالنا ٭
چُٹکی بجانے میں (ہ) فوراً۔ ذرا سی دیر میں ٭
چُٹکی بھرنا (ہ) گوشت پکڑ کر دبانا
چٹکیوں میں اُڑانا (ہ) باتوں میں اُڑانا ٭
چٹنی (ہ۔مث) مصالحہ دار کھٹی چیز۔ جو عام طور پر کھانے کے بعد چکھتے ہیں ٭
چٹورا (ہ۔ص) کھاؤ۔ جسے زبان کا چسکا ہو ٭
چٹورپن (ہ۔مذ) زبان کا چسکا

چِٹھا (ہ۔مذ) روزانہ حساب کا کاغذ قبض الوصول ٭
چِٹھی (ہ۔مث) خط، رقعہ۔ ہُنڈی۔ رسید ٭
چٹھی رساں (ا۔مذ) ڈاکیا۔ چٹھیاں پہنچانے والا ٭
چٹی (ہ۔مث) تاوان۔ جُرمانہ رشوت ٭
چٹیل (ہ۔ص) صاف میدان ٭
چِچڑی (ہ۔مث) ایک خون چوسنے والے کیڑے کا نام جو اکثر گائے بھینس کے جسم پر چمٹا رہتا ہے ٭
چچوڑنا (ہ) چوسنا ٭
چچیرا (ہ۔ص) چچازاد ٭
چُڈھی (ہ۔مث) پیٹھ کی سواری ٭
چڈھی چڑھانا (ہ) پیٹھ پر سواری دینا ٭
چڈ اگل خیرو (ا۔ص) مسخرا۔ احمق ٭
چراغ (ف۔مذ) دِیا۔ لیمپ۔ لڑکا۔ بیٹا ٭
چراغ بڑھانا (ہ) دیا بجھانا ٭

چراغ گل کرنا (ہ) دیا بجھانا ٭

چراغ پا ہونا (ا) گھوڑے کا الف ہونا۔ غصے ہونا ٭

چراغ تلے اندھیرا (ہ) دوسروں کو فائدہ پہنچانا۔ آپ اور اپنوں کو محروم رکھنا ٭

چراغ جلے (ا) شام کے وقت۔

چراغدان (ف۔مذ) دیوٹ ٭

چراغ دکھانا (ا) روشنی دکھانا

چراغ سحری (ف۔ص) بجھنے کے قریب۔ بہت بوڑھا مرنے کے نزدیک ٭

چراغ سے چراغ جلتا ہے (ا) ایک کو دوسرے سے فیض پہنچتا ہے ٭

چراغ گل پگڑی غائب (ا) موقع ملتے ہی مال اُڑایا

چراغ گور (ف۔مذ) وہ دیا جو قبر پر جلایا جائے ٭

چراغ لے کر ڈھونڈنا (ا) بہت محنت سے تلاش کرنا

چراغاں (ف۔مذ) بہت سے چراغوں کا اکٹھا جلانا۔ روشنی

چراغی (ف۔مث) کسی مزار پر چراغ جلانے کے لئے جو کچھ دیا جائے ٭

چراکارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی (ف) عقلمند ایسا کام کیوں کرے جسکے بعد پچھتانا پڑے ٭

چراگاہ (ف۔مث) مویشی چرانے کی جگہ۔ سبزہ زار ٭

چرانا (ا) جانوروں کو جنگل میں چرانا۔ بیوقوف بنانا۔

چُرانا (ہ) چوری کرنا۔ چھپانا

چرائی (ہ۔مث) چرانے کی اُجرت ٭

چَرب (ف۔ص) چکنا ٭

چرب زبان (ف۔ص) چاپلوس۔ خوشامدی ٭

چَربہ (ف۔مذ) خاکہ۔ کسی تصویر کی پوری نقل ٭

چَربہ اُتارنا (ا) ہُوبہُو نقل کرنا

چَربی (ف۔مث) چکنائی۔ موٹائی

چَرچ (انگ۔مذ) گرجا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ ٭

چرچا (ہ۔مذ) شُہرت۔ گفتگو۔ ذکر ٭

چرچا ہونا (ہ) شہرت ہونا۔ ذکر ہونا ٭

چرخ (ف۔مذ) پھرنے والا آسمان۔ فلک ٭

چرخ اخضری (ف۔مذ) نیلا آسمان ٭

چرخ چنبری (ف۔مذ) پھرنے والا آسمان ٭

چرخ گردُوں (ف۔مذ) پھرنے والا آسمان ٭

چرخہ (ف۔مذ) سوت کاتنے کا آلہ

چَرس (ہ۔مذ) ایک قسم کا نشہ ہے۔ جسے تمباکو میں رکھ کر پیتے ہیں ٭

چَرسا (ہ۔مذ) چمڑے کا ڈول گائے بھینس کا چمڑا ٭

چَرسا بھر زمین (ا) تھوڑی سی زمین ٭

چِرک (ف۔مذ) میل کچیل گندگی۔ پیپ ٭

چَرکا (ا۔مذ) زخم۔ داغ ٭

چرکا لگانا (ا) زخم لگانا۔ داغ لگانا ٭
چرکیں (ف ص) میلا غلیظ۔
چرم (ف۔ مذ) چمڑا۔ دھوڑی ٭
چرمی (ف ص) چمڑے کا ٭
چرن (س۔ مذ) پاؤں۔ قدم ٭
چرن لینا (ہ) قدموں کو ہاتھ لگانا ٭
چرندہ (ف۔ مذ) چرنے چگنے والا حیوان ٭
چڑھ (ہ۔ مث) غصہ۔ نفرت
چڑانا (ہ) غصہ دلانا۔ کسی کی نقل کر کے خفا کرنا ٭
چڑچڑا (ہ ص) بدمزاج۔ بدخو
چڑنا (ہ) غصے ہونا ٭
چڑھانا (ہ) اوپر لے جانا۔ پی جانا۔ لادنا ٭
چڑھاؤ (ہ) طوفان۔ جوش زیادتی ٭
چڑھاوا (ہ۔ مذ) نذر۔ نیاز
چڑھائی (ہ۔ مث) حملہ۔ دھاوا۔ اونچائی ٭
چڑھنا (ہ) اوپر جانا۔ بلند ہونا زور پر آنا۔ مہنگا ہونا ٭
چڑی مار (ہ ص) پرندے پکڑنے والا۔ شکاری ٭
چڑیا خانہ (ہ۔ مذ) چڑیا گھر جہاں ہر قسم کے جانور رکھے جائیں
چڑیل (ہ۔ مث) ڈائن۔ بدصورت
چسپاں (ف ص) چمٹا ہوا چپکا ہوا ٭
چسپاں کرنا (ا) چپکانا۔ موقع پر لگانا ٭
چست (اُ ص) چالاک۔ پھرتیلا ٭
چستی (ف۔ مث) چالاکی۔ ہوشیاری۔ تیزی ٭
چسکا (ہ۔ مذ) عادت۔ مزہ۔ ذوق۔ شوق ٭
چسکا پڑنا (ہ) کسی چیز کی عادت پڑنا ٭
چسنی (ہ۔ مث) دودھ کی شیشی جس کے منہ پر ربڑ ہوتی ہے ٭
چشتی (ف ص) چشت کا رہنے والا۔ خواجہ معین الدین۔ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ ٭
چشتیہ (ف۔ مذ) صوفیوں کے ایک گروہ کا نام ہے ٭
چشم (ف۔ مث) آنکھ۔ آس۔ اُمید
چشم بد دور (ف) بُری نظر نہ لگے۔ بُری نظر دور رہے ٭
چشم براہ (ف) منتظر ٭
چشم پوشی (ف۔ مث) درگذر کسی کی غلطی دیکھ کر خیال نہ کرنا ٭
چشم پرنم (ف) آنسو بھری آنکھ
چشم دید (ف ص) آنکھوں سے دیکھا ہوا۔ صحیح۔ ٹھیک ٭
چشم نمائی (ف۔ مث) تنبیہ ملامت ٭
چشم و چراغ (ف۔ مذ) نور بیٹا
چشمک (ف۔ مث) شکر رنجی آنکھ کا اشارہ ٭
چشمہ (ف۔ مذ) پانی کا منبع تالاب۔ عینک ٭
چشمۂ حیوان (ف مذ) آبحیات کا چشمہ ٭
چغتائی (ف ص) مغلیہ خاندان کا

چُغد (ف - مذ) اُلو - بُوم ٭
چُغل (ف - مذ) چغلی کرنے والا
چُغل خور (ف - مذ) چغلی کرنے والا
چُغلی (ف - مث) گلہ - کسی کی
بُرائی کرنا ٭
چِق (ت - مث) بانس یا سرکنڈے
کی تیلیوں کا پردہ - چلمن ٭
چقماق (ت - مذ) ایک پتھر -
جس کے دو ٹکڑوں کو آپس میں
ٹکرانے سے آگ نکلتی ہے
چقندر (ف - مذ) شلغم کی قسم کی
ایک جڑ جس سے کھانڈ بھی بنتی ہے
چک (ہ - مذ) قطعہ زمین گاؤں
چک بندی (ہ مث) زمین
کی حد بندی ٭
چک (انگ - مذ) ہنڈی روپیہ
ملنے کی رسید جو کسی بنک
کے نام ہو ٭
چکا چوند (ہ - مث) تیز روشنی
کے سبب آنکھوں کا چندھیانا
تعجب - حیرت ٭
چُکانا (ہ) ختم کرنا فیصلہ کرنا
قیمت مقررہ کرنا ٭

چکّر (ہ - مذ) حلقہ - دائرہ - بھنور
چکّر آنا (ہ) سر گھومنا - غش آنا
چکّر لگانا (ہ) گھومنا - پھرنا
چکّر میں آنا (ہ) مصیبت
میں پھنسنا ٭
چکرانا (ہ) چکر کھانا - گھبرانا
چکلا (ہ) چوڑا - رنڈیوں کے
رہنے کا مقام ٭
چکما (ہ - مذ) فریب دھوکا نقصان
چکما دینا (ہ) فریب دینا نقصان
پہنچانا ٭
چکما کھانا (ہ) دھوکا کھانا -
چکن (ف - مث) ایک قسم کا
کاڑھا ہوا کپڑا ٭
چکنا (ہ - ص) روغنی - چربی دار
چمکدار ٭
چکنا چپڑا (ہ - ص) صاف ستھرا
خوش پوش ٭
چکنا دیکھ پھسل پڑے (ہ)
دولت یا حسن دیکھ کر ریجھ گئے
چکنا گھڑا (ہ - مذ) جس پر کوئی
شے اثر نہ کرے - بے شرم ٭
چکنا (ہ) ختم ہونا فیصلہ ہونا -

چکنا چُور (ہ) ٹکڑے ٹکڑے
تھکا ماندہ ٭
چکناہٹ (ہ - مث) چکنائی
چمک ٭
چکنی چُپڑی باتیں (ہ)
خوشامد کی باتیں ٭
چکنی ڈلی (ہ - مث) چھالیا سپاری
چکور (ہ - مث) پہاڑی تیتر - کبک ٭
چکھانا (ہ) ذائقہ دکھانا - کھلانا
چکھنا (ہ) مزہ دیکھنا - لذت اُٹھانا
چکی پیسنا (ہ) مصیبت بھگتنا -
آٹا پیسنا ٭
چکّی جھونا (ہ) دُکھڑا بیان کرنا
چُگانا (ہ) پرندوں کو دانہ کھلانا
چُگنا (ہ) پرندوں کا دانہ کھانا
چل بسے (ہ) مر گئے ٭
چل بسنا (ہ) دنیا سے جانا
مرنا ٭
چل نکلنا (ہ) رواں ہونا -
بڑھ جانا ٭
چلا چلی (ہ - مث) سفر کی تیاری
اور شور عام - موت ٭
چلّانا (ہ) شور مچانا - چیخنا ٭

فریاد کرنا ٭

چلانا (ہ) ہانکنا۔ کام جاری کرنا۔ ہلانا ٭

چلاؤ (ہ۔ص) چلتا کام۔ معمولی ٭

چُلاؤ (ف۔مذ) بغیر گوشت کے پکے ہوئے چاول ٭

چُلبلا (ہ۔ص) بے آرام۔ شوخ۔ زندہ دل ٭

چُلبلاہٹ (ہ۔مث) بے آرامی۔ شوخی ٭

چلتا (ہ۔ص) جاری۔ رواں۔ رواجی ٭

چلتا پُرزہ (ہ۔مذ) بڑا چالاک ٭

چلتر (ہ۔ص) فریب۔ مکر ٭

چلتر بازی (ہ۔مث) چالاکی فریب

چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا (ہ) کسی ہوتے کام میں رکاوٹ ڈالنا ٭

چلچلانا (ہ) زخم وغیرہ کا درد کرنا

چلچلاتی دھوپ (ہ) سخت دھوپ

چل چلاؤ (ہ۔مذ) چلا چلی۔ کوچ۔ سفر ٭

چلغوزہ (ف۔مذ) ایک مشہور میوہ ہے ٭

چلم (ف۔مث) آگ تمباکو رکھنے کا برتن ٭

چلم پینا (ا) حقہ پینا۔ تمباکو پینا

چلمیں بھرنا (ا) خدمت کرنا

چلمچی (ف۔مث) ہاتھ دھونے کا برتن ٭

چلمن (مث) چک۔ تیلیوں کا پردہ

چلن (ہ۔مذ) چال۔ طریقہ۔ دستور۔ برتاؤ ٭

چلن ہار (ہ۔ص) مسافر۔ فنا ہونے والا ٭

چلنا (ہ) حرکت کرنا۔ جانا۔ رواج پانا ٭

چُلّو (ہ۔مذ) لپ۔ ہتھیلی ایسی حالت میں کہ اس میں پانی آجائے

چلوؤں رونا (ہ) بہت رونا

چِلّہ (ف۔مذ) چالیس دن کا عمل۔ وہ جگہ جہاں کسی شخص نے چالیس دن عمل کیا ہو۔ کمان کا تانتا ٭

چلّہ چڑھانا (ہ) کمان پر تیر رکھ کر مارنے کو تیار ہونا

چلیپا (ف۔ص) خمدار۔ گھونگر والے۔ سُولی ٭

چُمار (ہ۔مذ) موچی۔ چمڑا ٹھیک کرنے والا۔ کمینہ ٭

چماروں کو عرش پر بھی بیگار (ا) غریبوں کے لئے ہر جگہ مصیبت ہے ٭

چمپت ہونا (ہ) اُڑ جانا۔ رخصت ہونا ٭

چمٹانا (ہ) چپکانا۔ لگانا ٭

چمٹنا (ہ) پیچھے پڑنا۔ چپکنا ٭

چمڑا (ہ۔مذ) چرم۔ کھال۔ ادھوڑی ٭

چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (ہ) کھال اُتر جائے پر پیسہ نہ جائے ٭

چمک (ہ۔مث) روشنی۔ بھڑک

چمکدار (ہ۔ص) چمکنے والا روشن ٭

چمک دمک (ہ۔مث) بھڑک۔ زیب و زینت ٭

چمکارا (ہ) روشنی۔ جھلک ٭

چُمکارنا (ہ) پیار کرنا۔ دلاسہ دینا ؛
چمکانا (ہ) روشن کرنا۔ رگڑ کر
صاف کرنا ؛
چمکنا (ہ) روشنی دینا۔ مشہور
ہونا۔ ترقی پکڑنا ؛
چمگادڑ (ہ۔مث) چام چھچی شپرہ ؛
چمن (ف۔مذ) باغ ؛
چمنی (ا۔مث) لمپ کیلئے
شیشے کا برتن دھواں نکالنے
کے لئے لوہے یا اینٹوں
سے تیار کیا ہوا نل ؛
چُننا (ہ) اکٹھا کرنا۔ دیوار بنانا
پسند کرنا ؛
چنار (ف۔مذ) ایک درخت کا
نام جسکی پتیاں سُرخ ہوتی ہیں ؛
چُناں (ف) ایسا ؛
چُنانچہ (ف) اس طرح جیسا کہ
مثلاً ؛
چُنائی (ہ۔مث) دیوار کی تعمیر
چُننے کا کام ؛
چُنبل (ا۔مث) ایک بیماری
کا نام ہے جس میں خارش
بہت ہوتی ہے ؛

چنبیلی (ہ۔مث) مشہور پھولدار
پودے کا نام ہے ؛
چنتا (ہ۔مث) فکر۔ اندیشہ ؛
چند (ف) کچھ۔ تھوڑے سے ؛
چند بار (ا) کئی دفعہ ؛
چند روزہ (ف) تھوڑے دنوں
کا۔ ناپائدار ؛
چندر (ہ۔مذ) چاند ؛
چنداں (ف) اتنی۔ اس قدر ؛
چندر بنسی (ہ) ایک مشہور ہندو
خاندان کا نام ہے جس
میں سے کورو اور پانڈو تھے
چندرما (ہ۔مذ) چاند ؛
چندن (س۔مذ) صندل ؛
چندہ (ف۔مذ) کسی رفاہ عام
کے کام کے لئے لوگوں سے
تھوڑا تھوڑا روپیہ اکٹھا کرنا
اخبار یا رسالے کی قیمت ؛
چُندھا (ہ) وہ آدمی جس کی
آنکھیں روشنی کے سامنے
نہ کُھل سکیں ؛
چنڈال (ہ۔ص) کمینہ۔ بدنصیب ؛
چنڈو (ہ۔مذ) ایک نشہ ہے ؛

چنڈول (ہ۔مذ) ایک خوش آواز
پرندے کا نام ہے ؛
چنگ (ف۔مث) ایک
باجے کا نام ہے ؛
چَنگ (ف۔مذ) پنجہ ؛
چنگا (ہ۔ص) تندرست۔ اچھا
چنگاری (ہ۔مث) آگ کا
ذرہ سا ٹکڑا۔ انگاری ؛
چنگاری ڈالنا (ہ) فساد کرانا
آگ لگانا ؛
چنگل (ف۔مذ) جانور کا
پنجہ۔ ہاتھ ؛
چنگھاڑنا (ہ) ہاتھی کا گرجنا ؛
چُنگی (ہ۔مث) چنگی محصول ؛
چنگیر (ہ۔مث) پھولوں کی ٹوکری ؛
چنگیز (ہ۔مذ) ایک ظالم بادشاہ
کا نام ہے ؛
چوالیس (ہ) چالیس اور چار ؛
چُوانا (ہ) ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ
ڈالنا ؛
چوب (ف۔مث) عمارتی لکڑی
شامیانے کا ستون ؛
چَوبارہ (ہ۔مذ) دوسری منزل کا

کوٹھا۔ ماڑی ✦

چوبچّہ (ا۔مذ) چھوٹا سا حوض۔ گندے پانی کا گڑھا ✦

چوبدار (ف۔ص) عصا بردار۔ شاہی دربار کا نقیب ✦

چوبدستی (ف۔مث) چھڑی ✦

چوبی (ف۔ص) لکڑی کا بنا ہوا

چوپایہ (ف۔مذ) چار پیروں والا۔ جانور ✦

چوپال (ہ۔مث) ڈیرہ۔ بیٹھک ✦

چوپٹ (ہ) کھلا۔ تباہ ویران ✦

چوپٹ کرنا (ہ) تباہ کرنا۔ اجاڑنا

چوپڑ (ہ۔مث) چوسر۔ ایک مشہور کھیل ہے ✦

چوتھ (ہ۔مث) چوتھا حصہ۔ خراج جو مرہٹے لیتے تھے

چوتھائی (ہ۔مث) چوتھا حصہ ✦

چوتھے پانچویں (ہ) کبھی کبھی ✦

چوٹ (ہ۔مث) ضرب۔ دُکھ۔ نقصان ✦

چوٹ آنا (ہ) صدمہ پہنچنا۔

چوٹ کرنا (ہ) طعنہ دینا۔

چوٹ لگنا (ہ) صدمہ پہنچنا۔ محبّت ہونا ✦

چوٹّا (ہ۔ص) چور اُچکا ✦

چوٹی (ہ۔مث) پہاڑ کی سب سے اُونچی جگہ ✦

چوٹی کا (ہ) سب سے عمدہ اوّل درجے کا ✦

چوچلا (ہ) ناز نخرہ۔ لاڈ پیار ✦

چوچند (ا۔ص) چار گُنا ✦

چوچی (ہ۔مث) چھاتی۔ پستان ✦

چودس (ہ۔مث) چاند کی چودھویں

چودھری (ہ۔مذ) سردار۔ نمبردار ✦

چور (ہ۔مذ) چوٹا۔ دزد۔ جھوٹا ✦

چور بیٹھنا (ہ) بدگمانی ہونا ✦

چور اور چتر (ہ) چور بھی اور شاہد بھی ✦

چور دروازہ (ا۔مذ) پوشیدہ رستہ

چور راستہ (ہ۔مذ) چور رستہ

چور کی داڑھی میں تنکا (ہ) چور خود بخود پہچانا جاتا ہے

چُور (ہ) ریزہ ریزہ۔ بدمست ✦

چُورا کرنا (ہ) ریزہ ریزہ کرنا

چوراہا (ہ) چورستہ ✦

چورس (ہ۔ص) چوکور۔ مربعہ ✦

چُورن (ہ۔مذ) بدہضمی کے لئے سفوف۔ پھکّی ✦

چورنگ (ا۔ص) تلوار کا وار جس سے مخالف کے چار ٹکڑے ہو جاویں۔ تلوار کا وار

چوری چوری (ہ) چھپے چھپے ✦

چوڑا (ہ۔ص) کھلا۔ فراخ ✦

چوڑائی (ہ۔مث) عرض۔ فراخی

چُوڑی (ہ۔مث) عورتوں کے پہننے کا زیور۔ کیل وغیرہ کے پیچ ✦

چُوڑی دار پاجامہ (ا) تنگ پاجامہ ✦

چُوڑیاں پہننا (ہ) عورت بننا۔ زنانہ مزاج بننا ✦

چُوزہ (ا۔مذ) مُرغی کا بچّہ۔ نوجوان لڑکی لڑکا ✦

چُوسر (ہ) چوپڑ۔ مشہور کھیل ہے ✦

چُوسنا (ہ) ہونٹوں کے ذریعے سے پینا کھانا۔ جذب کرنا ✦

چُوک (ہ۔مث) بھول۔ خطا ✦

چَوک (ہ۔مذ) وہ بڑا بازار

جہاں چار راستے آ کر ملتے
ہوں ؛
چوکڑی بھرنا (ہ) ہرن کا اچھلنا
چوکڑی بھول جانا ۔ (ہ)
گھبرا جانا ؛
چوکس (ہ۔ص) خبردار۔ چوکنّا۔
چوکسی (ہ۔مث) خبرداری۔ نگہبانی
چوکنّا (ہ۔ص) ہوشیار۔ خبردار
چوکور (ہ۔ص) مربع۔ چورس ؛
چوکھا (ہ۔ص) اچھا۔ کھرا ؛
چوکھٹ (ہ۔مث) دہلیز ؛
چوکھٹا (ہ۔مذ) آئینہ یا تصویر
کا فریم ؛
چوکی (ہ۔مث) چھوٹا سا تخت۔
کرسی۔ پہرا ؛
چوکی بٹھانا (ہ) پہرا بٹھانا۔
چوکیدار (ا۔مذ) نگہبان۔ پاسبان۔
چوگان (ف۔مذ) گیند بلّا۔ ایک
مشہور کھیل جو گھوڑے پر
چڑھ کر کھیلتے ہیں۔ پولو ؛
چوگرد (ا) چاروں طرف ؛
چوگنا (ہ۔ص) چار گنا ؛
چوگھرا (ہ۔مذ) چار خانوں والا
بکس ؛
چُول (ہ۔مث) لوہے یا لکڑی
کا سرا۔ جو سوراخ میں رہتا
ہے۔ جوڑ ؛
چُولیں ڈھیلی ہونا (ہ) پہلا زور
نہ رہنا۔ کمزور ہونا ؛
چولا (ہ۔مذ) جسم۔ کرتہ ؛
چولا بدلنا (ہ) ایک جسم سے
دوسرے جسم میں جانا ؛
چُولھا (ہ۔مذ) ہانڈی وغیرہ پکانے
کی جگہ۔ آتش دان ؛
چُولھے میں جائے (ہ) آگ
لگے۔ خاک میں جائے ؛
چولی (ہ۔مث) کرتے کا دامن
سے اُوپر کا حصّہ ؛
چولی دامن کا ساتھ (ا)
لازمی ساتھ۔ ایسا ساتھ جو
ٹوٹ نہ سکے ؛
چُومنا (ہ) پیار کرنا۔ بوسہ دینا
چومنزلا (ا) چار منزلوں والا مکان۔
چومیخا کرنا (ا) چت لٹا کر
ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ دینا
چُوں نہ کرنا (ہ) اُف نہ کرنا۔
انکار نہ کرنا۔ بالکل نہ بولنا۔
چوّن (ہ) پچّاس اور چار ۵۴
چُونا (ہ۔مذ) سفیدی۔ قلعی ؛
چونچ (ہ۔مث) پرندے کا
مُنہ۔ نوک۔ سرا ؛
چونچال (ہ۔ص) ہوشیار۔ چالاک ؛
چونچلا (ہ۔مذ) ناز و نخرہ ؛
چوندھیانا (ہ) تیز روشنی کے
سامنے آنکھیں نہ کھُل سکنا
گھبرا جانا ؛
چونک (ہ) ہوشیار ہونا۔
حیران ہونا ؛
چونک اُٹھنا (ہ) چوکنّا ہو جانا۔
اچانک گھبرا کر اُٹھنا۔
گھبرا جانا ؛
چونکنا (ہ) جاگنا۔ گھبرانا۔
چونکہ (ف) اسلئے کہ۔ کیونکہ ؛
چُون و چرا (ف۔مث) بحث
تکرار۔ گفتگو ؛
چوہان (ہ۔مذ) راجپوتوں کی
ایک گوت ہے ؛
چوہٹّا (ہ۔مذ) چوک۔ وہ جگہ
جہاں چاروں طرف دکانیں ہوں

چہ (ف) کیا ؛

چہ خوش (ف) کیا خوب واہ واہ ؛

چھاپ (ہ - مث) مہر۔ نشان ؛

چھاپا (ہ - مذ) ٹھپہ - مہر۔ چھاپہ خانہ ؛

چھاپہ مارنا (ہ) رات کو دشمن پر حملہ کرنا۔ شبخون ؛

چھاپنا (ہ) مہر لگانا۔ کتاب طبع کرنا ؛

چھاپہ خانہ (ا - مذ) وہ جگہ جہاں کتابوں وغیرہ کی چھپائی کا کام ہوتا ہے

چھاتہ (ہ - مذ) چھتری ؛

چھاتی (ہ - مث) سینہ۔ حوصلہ پستان ؛

چھاتی پر سانپ لوٹنا۔ (ہ) صدمہ گزرنا۔ افسوس آنا

چھاتی پر مونگ دلنا (ہ) کسی کے سامنے کوئی کام کر کے اسے جلانا۔ دکھ دینا رشک دلانا ؛

چھاتی پکڑ کر رہ جانا (ہ) سخت رنج و غم کے باعث دل ہی دل میں افسوس کرنا۔ بول نہ سکنا ؛

چھاتی پھٹنا (ہ) سخت صدمہ گزرنا۔ حسد کرنا ؛

چھاتی پیٹنا (ہ) رونا پیٹنا حسد کرنا ؛

چھاتی جلانا (ہ) رنج دینا۔ دکھ پہنچانا ؛

چھاتی جلنا (ہ) سوزش ہونا دل جلنا ؛

چھاتی دھڑکنا (ہ) خوف سے کانپنا ؛

چھاتی سے لگانا (ہ) پیار کرنا۔ دلاسہ دینا ؛

چھاتی مسوسنا (ہ) دل پکڑ کر رہ جانا۔ افسوس کرنا ؛

چھاتی نکال کر چلنا (ہ) اکڑ کر چلنا ؛

چھاج (ہ) غلہ پھٹکنے کا اوزار

چھاج سی داڑھی (ہ) بہت بڑی اور چوڑی داڑھی

چہار (ف) چار ؛

چہار چند (ف - ص) چوگنا ؛

چہار شنبہ (ف - مذ) بدھوار ؛

چہارم (ف) چوتھا ؛

چھاگل (ہ - مث) مشک جو پانی لانے کو جاتی ہے

چھال (ہ - مث) پوست چھلکا

چھالا (ہ - مذ) آبلہ ؛

چھالیا (ہ - مث) سپاری ؛

چھان بین (ا - مث) دریافت تحقیق۔ تفتیش ؛

چھانا (ہ) ہجوم کر آنا۔ گھرنا ؛

چھانٹ (ہ - مث) کترن چُھٹن

چھانٹنا (ہ) انتخاب کرنا چننا صاف کرنا۔ مختصر کرنا ؛

چھان مارنا (ہ) ڈھونڈھ لینا چپہ چپہ دیکھ لینا ؛

چھاننا (ہ) صاف کرنا چھلنی میں سے آٹا یا کوئی پسی ہوئی چیز نکالنا ؛

چھاؤں (ہ - مث) سایہ ؛

چھاؤنی (ہ - مث) فوج کے رہنے کی جگہ

چھائیاں (ہ - مث) آدمی کے چہرہ پر کے سیاہ داغ ؛

چھب (ہ - مث) انداز۔

آرائش ؛

چھبیلا (ہ۔ص) خوب صورت رنگیلا ؛

چھپانا (ہ) پوشیدہ کرنا۔ ڈھانکنا

چھپائی (ہ۔مث) چھاپنے کی اُجرت۔ چھاپنے کا کام

چھپّر (ہ۔مذ) گھانس پھونس کی چھت ؛

چھپّر پھاڑ کر دینا (ہ) غیب سے دینا۔ گھر بیٹھے دینا ؛

چھپر کھٹ (ہ۔مذ) پلنگ مسہری

چھپکلی (ہ۔مث) کرلی ؛

چھپّن (ہ) پچّاس اور چھ ٥٦

چُھپنا (ہ) پوشیدہ ہونا۔ آنکھ چُرانا چاند سورج کا غروب ہونا

چھپنا (ہ) مہر لگنا۔ کتاب وغیرہ کا طبع ہونا ؛

چھتا (ہ۔مذ) مکھیوں اور بھڑوں کا گھر ؛

چھتر (ہ۔مذ) بڑی چھتری

چھتری (ہ۔مث) دھوپ بارش سے بچاؤ کے لئے چھوٹا سا چھاتہ ؛

چُھٹ (ہ) سوا۔ چھُٹا ہوا ؛

چُھٹ بھیّا (ہ) ادنےٰ آدمی چھوٹے دوکاندار ؛

چُھٹکارا (ہ۔مذ) خلاصی فرصت۔ رہائی ؛

چُھٹنا (ہ) آزاد ہونا۔ کُھل جانا باقی رہ جانا ؛

چھٹنا (ہ) چُنا جانا۔ صاف ہونا

چُھٹّی (ہ۔مث) رخصت رہائی اجازت ؛

چھٹی (ہ۔مث) بچّے کی پیدائش سے چھٹے روز کی رسم ؛

چھٹی کا دُودھ یاد آنا (ہ) مصیبت میں آرام کی یاد آنا

چھجّا (ہ۔مذ) مکان کا آگے بڑھا ہوا حصّہ ؛

چہ جائیکہ (ف) کہاں یہ بات کہ

چُھچھا (ہ۔ص) نہایت شوخ رنگ کا

چہچہا (ہ) پرندوں کا بولنا ؛

چہچہانا (ہ) چہکنا۔ خوشی سے بولنا

چھچھورا (ہ۔ص) کمینہ۔ بچّوں کی طرح حرکتیں کرنے والا ؛

چھچھوراپن (ہ۔مذ) کمینہ پن ؛

بچپن ؛

چھچھوندر (ہ۔مذ) ایک قسم کا چُوہا ہے ؛

چھدام (ہ۔مذ) دمڑی پیسہ ؛

چھدنا (ہ) سوراخ ہونا ؛

چھرّا (ہ۔مذ) چھوٹی گولی ؛

چُھرا (ہ۔مذ) بڑا چاقو۔ بڑی چھری

چہرہ (ہ۔مذ) مکھڑا۔ صورت

چہرہ اُترنا (ہ) مرجھا جانا۔ کمزور ہونا ؛

چہرہ بنانا (ہ) مُنہ بگاڑنا ؛

چہرہ تمتمانا (ہ) کسی وجہ سے چہرہ سُرخ ہونا ؛

چہرہ شاہی (ا۔مذ) سرکاری سکّہ

چہرہ مُہرہ (ا۔مذ) شکل صورت

چُھری بھلی نہ کٹاری (ہ) نقصان دینے والی چیز چھوٹی ہو یا بڑی کوئی بھی اچھی نہیں ؛

چُھری پھیرنا (ہ) ذبح کرنا قتل کرنا۔ ظلم کرنا ؛

چھریرا (ہ۔ص) ہلکا پھُلکا ؛

چُھڑانا (ہ) آزاد کرنا۔ رہا کرنا ؛

ترک کرانا ✤

چھڑکاؤ (ہ۔مذ) پانی چھڑکنا ✤

چھڑکنا (ہ) پانی ڈالنا۔ تر کرنا ✤

چھڑنا (ہ) شروع ہونا ✤

چھڑنا (ہ) اوکھلی میں کوٹ کر صاف کرنا ✤

چھڑوانا (ہ) رہائی دلوانا ✤

چھڑی (ہ۔مث) ہاتھ میں پکڑنے کی لکڑی ✤

چھکے چھوٹنا (ہ) گھبرا جانا ✤

چھل (ہ۔ز) مکر فریب ✤

چھل بل (ہ۔مذ) چالاکی۔ شوخی۔ فریب ✤

چُہل (ہ۔مث) دل لگی۔ مذاق۔ ہنسی ✤

چِہل (ف۔ص) چالیس ✤

چِہل قدمی (ف۔مث) ٹہلنا پھرنا

چھلا (ہ۔مذ) حلقہ چاندی وغیرہ کی بغیر نگینہ کے انگشتری ✤

چھلانگ (ہ۔مث) کود جست ✤

چھلاوہ (ہ۔مث) بھوت کا سایہ۔ آسیب ✤

چہل پہل (ہ۔مث) رونق۔ خوشی ✤

چھلکا (ہ۔مذ) پوست۔ کھال ✤

چھلکنا ہوا (ہ) لبالب بھرا ہوا۔ لبوں سے بہتا ہوا ✤

چھلکنا (ہ) کناروں سے باہر نکلنا ✤

چہلم (ف۔مذ) چالیسواں مردے کی چالیسویں کی رسم ✤

چھلنی (ہ۔مث) آٹا وغیرہ چھاننے کا آلہ۔ غربال ✤

چھلنی ہونا (ہ) سوراخ سوراخ ہو جانا۔ تیروں سے چھدنا ✤

چھم چھم (ہ۔مث) مینہ کے برسنے کی آواز ✤

چہ میگوئیاں (ف) اعتراض۔ نکتہ چینی۔ ملامت ✤

چھاننا (ہ) صاف کرنا۔ چھلنی میں سے نکالنا ✤

چھنگا (ہ۔ص) چھ انگلیوں والا

چھنگلی (ہ۔مث) سب سے چھوٹی انگلی۔ چھچی ✤

چھو کرنا (ہ) دم کرنا۔ پھونکنا

چھومنتر (ہ۔مذ) کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ جادو کرنا ✤

چھوہارا (ہ۔مذ) خرما۔ سوکھی کھجور

چھوانا (ہ) ساتھ لگانا۔ مس کرنا

چھوت (ہ۔مث) چھونا۔ پرہیز۔ پلیدی ✤

چھوٹا منہ بڑی بات (ہ) اپنی لیاقت اور طاقت سے زیادہ بات کرنا ✤

چھوٹنا (ہ) آزاد ہونا۔ کھلنا۔ چلنا ✤

چھوچھک (ہ۔مث) چھٹی زچہ خانہ کی ایک رسم ✤

چھوچھو (ہ۔مث) دایہ کھلائی

چھوڑنا (ہ) رہا کرنا۔ کھول دینا

چھوکرا (ہ۔مذ) لڑکا۔ ناتجربہ کار

چھونا (ہ) ہاتھ لگانا ✤

چہیتا (ہ۔ص) پیارا۔ عزیز ✤

چہیتی (ہ۔ص) پیاری معشوقہ ✤

چھیدنا (ہ) سوراخ کرنا ✤

چھیڑ (ہ۔مث) ہنسی مذاق ✤

چھیڑ چھاڑ (ہ۔مث) ہنسی مذاق بات چیت۔ لڑائی جھگڑا ✤

چھیڑ خوانی (ہ۔مث) ٹھٹھا مخول ✤

چھیڑنا (ہ) مذاق کرنا۔ ہنسی کرنا۔

تنگ کرنا ٭

چھیلا (ہ۔ص) بانکا۔ جوان ٭

چھیلنا (ہ) کھال اُتارنا چاقو سے تراشنا۔ کھرچنا ٭

چھینٹ (ہ۔مث) قطرہ۔ بوند چھپا ہوا۔ رنگدار کپڑا ٭

چھینٹا (ہ) پانی کا چلو ہلکی بارش

چھینٹا دینا (ہ) پانی چھڑکنا۔ رنگنا ٭

چھینک (ہ۔مث) نچھ ٭

چھینکتے ہی ناک کٹی (ہ) بدشگونی ہوتے ہی نقصان ہو گیا

چھینکنا (ہ) ناک سے سلسلاہٹ کے باعث زور سے آواز نکلنا

چھیننا (ہ) زبردستی لے لینا ٭

چیپ (ہ۔مث) لیس۔ پیپ ٭

چیپ دار (ہ۔ص) لیسدار ٭

چیتا (ہ۔مذ) ایک درندے کا نام ہے

چیتھڑا (ہ۔مذ) کپڑے کا ٹکڑا۔

چیتھڑے لگنا (ہ) نہایت مفلسی ہونا ٭

چیچک (ف۔مث) ماتا۔ سیتلا مشہور بیماری ہے ٭

چیچک رُو (ف۔ص) وہ آدمی جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں ٭

چیخ (ہ۔مث) فریاد۔ درد یا تکلیف سے جو آواز بے اختیار نکلتی ہے اسے بھی چیخ کہتے ہیں

چیخ اُٹھنا (ہ) چلا اُٹھنا ٭

چیدہ (ف۔ص) چنا ہوا ٭

چیدہ چیدہ (ف) اچھے اچھے عمدہ عمدہ ٭

چیر (ہ۔مذ) زخم شگاف درز

چیرا (ہ۔مذ) زخم کا چیرنا ٭

چیرا دینا (ہ) زخم چیرنا۔ اپریشن

چیر پھاڑ (ہ۔مث) چیرنے پھاڑنے کا کام ٭

چیرنا (ہ) پھاڑنا ٭

چیرہ (ف۔مذ) ظلم۔ زیادتی ٭

چیرہ دست (ف۔ص) ظالم۔ زبردست

چیرہ دستی (ف) ظلم۔ زبردستی ٭

چیئر (انگ) کرسی ٭

چیئرمین (انگ۔مذ) میر مجلس۔ پریذیڈنٹ

چیئرز (انگ۔مث) خوشی سے تالی بجانا۔ خوشی کا نعرہ ٭

چیڑ (ہ۔مذ) ایک درخت کا نام ہے

چیز (ف۔مث) شے۔ اسباب

چیز بست (ف۔مث) اسباب مال ٭

چیستان (ف۔مث) پہیلی بجھارت ٭

چیف (انگ۔ص) بڑا۔ اعلےٰ۔ سردار ٭

چیف جسٹس (انگ۔مذ) عدالت عالیہ کا سب سے بڑا جج ٭

چیف سکرٹری (انگ۔مذ) بڑا سکتر

چیف کورٹ (انگ۔مث) بڑی عدالت ٭

چیفس کالج (انگ۔مذ) وہ درس گاہ جہاں بڑے بڑے امیروں اور رئیسوں کے لڑکے تعلیم پاتے ہیں ٭

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں (ہ) فضول خرچ کے پاس کہاں روپیہ ہوتا ہے ٭

چیلا (ہ۔مذ) مرید۔ پیرو ٭

چیمبر آف کامرس (انگ) مجلس تجارت ٭

چین (انگ مث) زنجیر ۔
چَین (ہ۔مذ) آرام سکھ ۔
چِین (ہ۔مث) شکن۔بل ۔
چین بجبیں ہونا (ا) ماتھے پر بل ڈالنا۔غصے ہونا ۔

چِیں (ہ۔مث) چڑیا کی آواز ۔
چیں بولنا (ہ) عاجز آنا۔ہارنا
چیونٹا (ہ۔مذ) کیڑا۔بڑی چیونٹی
چیونٹی (ہ۔مث) کیڑی۔مور ۔
چیونٹی کو پَر لگنا (ہ) موت قریب ہونا ۔

چینی (ہ۔مث) چین کی مٹی کا۔چین کا رہنے والا۔ کھانڈ۔شکر ۔

ح

عربی کا چھٹا۔فارسی کا آٹھواں اُردو کا نواں حرف عدد اسکے آٹھ ہیں ۔

حاتم (ع۔مذ) عرب کے ایک مشہور سخی کا نام ہے سخی ۔
حاتم کی گور پر لات مارنا (ا) حاتم سے بڑھ کر سخاوت کرنا
حاجب (ع۔مذ) نگہبان ۔
حاجت (ع۔مث) ضرورت خواہش ۔
حاجت روائی (ا۔مث) کسی کی حاجت پوری کرنا ۔
حاجتمند (ف۔ص) محتاج غریب
حاجی (ع۔مذ) وہ آدمی جو حج کر آیا ہو ۔
حادِث (ع۔ص) فانی مٹ جانے والی شے ۔

حادِثہ (ع۔مذ) صدمہ رنج واقعہ
حاذق (ع۔مث) ماہر تجربہ کار
حارِج (ع۔ص) حرج کرنیوالا رکاوٹ ڈالنے والا ۔
حارّہ (ع۔مذ) سخت گرم ۔
حاسد (ع۔مذ) حسد کرنے والا دشمن ۔
حاشا (ع) ہرگز نہیں۔پناہ
حاشا وکلّا (ع) توبہ توبہ ہرگز نہیں ۔
حاشیہ (ع۔مذ) کنارہ۔گوٹ کتاب کی اصل عبارت کے باہر صفحے کی خالی جگہ پر جو مشکلات کی شرح لکھی جاتی ہے۔ اسے بھی حاشیہ کہتے ہیں ۔

حاشیہ آرائی (ف مث) اپنی طرف سے بات میں اضافہ کرنا
حاشیہ چڑھانا (ا) بات کو بڑھا کر بیان کرنا شرح کرنا۔
حاشیہ نشین (ف۔مذ) اردگرد بیٹھنے والے لوگ۔خوشامدی
حاصل (ع۔مذ) خلاصہ آمدنی فائدہ۔پیداوار ۔
حاصل جمع (ع۔مذ) میزان ۔
حاصل کلام (ع) خلاصہ مطلب القصہ ۔
حاضر (ع۔ص) موجود۔تیار
حاضر باش (ف۔مذ) ہمیشہ حاضر

رہنے والا ٭
حاضر باشی (ف۔مث) حاضری
موجودگی۔ حاضر رہنا ٭
حاضِر جواب (ع۔ص) موقعہ
پر خوب جواب دینے والا۔
فوراً اچھا جواب دینے والا ٭
حاضِری (ع۔مث) موجودگی
صبح کا کھانا ٭
حاضری لینا (ا) گنتی کرنا۔
نام پُکارنا ٭
حافِظ (ع۔مذ) حفاظت کرنیوالا
وہ آدمی جسے قرآن شریف
یاد ہو ٭
حافظہ (ع۔مذ) یاد رکھنے کی قوت
حاکم (ع۔مذ) حکومت کرنیوالا
افسر ٭
حاکمِ وقت (ع۔مذ) اسوقت
کا حاکم ٭
حاکِمانہ (ع۔ص) حاکم کی طرح
حال (ع۔مذ) حالت کیفیت۔
موجودہ زمانہ ٭
حالانکہ (ف) باوجودیکہ ٭
حال سے بیحال ہونا (ا)
غریب۔ ہو جانا ٭
حالات (ع۔مذ) جمع حال کی
حالت (ع۔مث) کیفیت
حال۔ صورت ٭
حالتِ نزع (ع۔مث) دم
توڑنے کی حالت ٭
حالی (ع) خواجہ الطاف حسین
صاحب پانی پتی کا تخلص ٭
حالیہ (ع۔مذ) وہ اسم جو کسی شے
کی حالت بیان کرے ٭
حامد (ع۔مذ) تعریف کرنیوالا
حامِل (ع۔مذ) بوجھ اُٹھانیوالا
حامِلہ (ع۔مث) وہ عورت جس
کے پیٹ میں بچہ ہو ٭
حامی (ع۔مذ) مددگار ٭
حامی بھرنا (ا) ہمت کرنا۔ ہاں
کرنا۔ مدد کے لئے تیار ہونا
حاوی (ع۔ص) قابو رکھنے والا
ماہر۔ کامل ٭
حائل (ع۔ص) روک۔ آڑ۔
بیچ میں آنے والا ٭
حُب (ع۔مث) محبت۔
پیار۔ دوستی ٭
حُبُّ الوطن (ع۔مث) وطن
کی محبت ٭
حَب (ع۔مث) گولی۔ دانہ ٭
حُباب (ع۔مذ) پانی کا بُلبلہ ٭
حَبس (ع۔مث) قید۔ گھُمس ٭
حبس بیجا (ث) کسی کو زبردستی
کسی مکان میں بند کردینا۔
حبس دوام (ف) ہمیشہ کی قید ٭
حبس دوام العبور دریائے
شور (ف) ہمیشہ کے لئے کالے
پانی کی سزا ٭
حبشی (ع۔مذ) ملک حبش (افریقہ)
کا رہنے والا۔ کالا ٭
حُبوب (ع۔مث) جمع حب کی
دانے گولیاں ٭
حَبّہ (ع۔مذ) دانہ۔ ذرا سا ٭
حَبیب (ع۔مذ) دوست پیارا۔
حتّیٰ (ع) یہاں تک جبتک ٭
حتّی الامکان (ع) جہاں تک
ہوسکے ٭
حتّی المقدور (ع) جہاں تک ہوسکے
حتّی الوسع (ع) جہاں تک
ہوسکے۔ جسقدر طاقت ہو ٭

حج (ع - مذ) عبادت کی نیت سے بیت اللہ (کعبہ) کے طواف کا ارادہ کرنا ٭

حجاب (ع - مذ) پردہ - شرم ٭

حجاز (ع - مذ) ملک عرب کا ایک حصہ ٭

حجازی (ع - مذ) ملک عرب کا باشندہ ٭

حجام (ع - مذ) نائی ٭

حجامت (ع - مث) سر منڈانا خط بنوانا ٭

حجامت بنانا (و) سر مونڈنا گت بنانا ٭

حجامت بننا (و) برا حال ہونا گت بننا ٭

حجت (ع - مث) دلیل - ثبوت - جھگڑا ٭

حجتی (ا - مذ) جھگڑالو ٭

حجر (ع - مذ) پتھر ٭

حجر اسود (ع - مذ) وہ سیاہ پتھر جو کعبہ کے دروازے پر رکھا ہے - حاجی لوگ اسے بوسہ دیتے ہیں ٭

حجرہ (ع - مذ) کوٹھڑی - عبادت کی جگہ ٭

حجم (ع - مث) موٹائی - ضخامت ٭

حد (ع - مث) کنارہ - انتہا ٭

حد اعتدال (ع - مث) میانہ روی کی حد ٭

حد سے بڑھنا (و) اپنی حیثیت سے بڑھ کر چلنا - قابو میں نہ رہنا

حد کرنا (و) انتہا کر دینا - اس سے زیادہ نہ ہو سکنا ٭

حد معینہ (ع - مث) مقررہ حد ٭

حدود (ع - مث) جمع حد کی ٭

حدود اربعہ (ع - مث) چاروں حدیں - چاروں طرفیں ٭

حدی (ع - مث) گیت جو عرب شتربان گاتے ہیں ٭

حدیث (ع - مث) بات - پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ کا قول یا فعل ٭

حدیقہ (ع - مذ) باغ - چمن ٭

حذر (ع - مذ) پرہیز - ڈر ٭

حذف (ع - مذ) دور کرنا کوئی حرف چھوڑ دینا ٭

حذاقت (ع - مذ) دانائی - عقلمندی

حرارت (ع - مذ) گرمی - تپش - بخار

حرارت غریزی (ع - مذ) وہ گرمی جو انسان کے جسم میں پائی جاتی ہے ٭

حراست (ع - مذ) نگرانی - حوالات

حرام (ع - ص) ناجائز - پلید ٭

حرام خور (ف - مذ) مردار کھانیوالا بے وفا - مفت خورا ٭

حرام کرنا (ا) خراب کرنا - تلخ کرنا

حرام موت مرنا (ا) خودکشی کرنا ٭

حرامی (ع - مذ) چور - شریر ولد الزنا ٭

حرب (ع - مث) لڑائی ٭

حرب گاہ (ف - مث) لڑائی کا میدان ٭

حربہ (ع - مذ) ہتھیار - ذریعہ ٭

حرج (ع - مذ) نقصان - کمی

حرز (ع - مذ) حفاظت - پناہ تعویذ ٭

حرز بازو (ف - مذ) تعویذ جو حفاظت کے لئے بازو سے باندھتے ہیں ٭

حِرص (ع - مث) لالچ - لوبھ - خواہش ٭

حَرف (ع - مذ) کسی زبان کی مفرد آوازیں - جن کے ملے بغیر کوئی کلمہ نہ بنے - ا - ب - ت حروفِ تہجی ٭

حرف آنا (ا) عیب لگنا - الزام آنا ٭

حرف شناس (ف) معمولی پڑھا ہوا ٭

حرف گیری (ف - مث) عیب پکڑنا ٭

حِرفت (ع - مث) پیشہ - کام - ہُنر ٭

حِرفہ (ع - مذ) کاریگری - کسب ٭

حَرکت (ع - مث) ہلنا - چال - زیر زبر - بے جا کام ٭

حرکت مذبوحی (ع - مث) بے فائدہ حرکت ٭

حَرکات (ع - مث) جمع حرکت کی

حرکات و سکنات (ع - مث) چال ڈھال - ناز و انداز ٭

حَرم (ع - مذ) کعبہ کی چار دیواری - بیوی ٭

حرم سرائے (ع - مث) عورتوں کے رہنے کا مکان ٭

حرماں (ع - مث) نا اُمیدی - مایوسی ٭

حِرماں نصیب (ع - ص) بدنصیب - مایُوس ٭

حُرمت (ع - مث) عزّت - بزرگی ٭

حُرُوف (ع - مث) جمع حرف کی

حَریر (ع - مذ) ریشم ٭

حَریص (ع - ص) لالچی ٭

حَریف (ع - مذ) ہم پیشہ - دشمن - مقابل کا آدمی ٭

حِزب (ع - مذ) گروہ ٭

حُزن (ع - مذ) اندوہ - غم - فکر ٭

حَزیں (ع - ص) غمگین - فکرمند ٭

حِس (ع - مث) حواس خمسہ (دیکھنا سونگھنا وغیرہ) میں سے کسی ایک قوت کے ذریعے سے کسی بات کا جاننا - قوت ٭

حِساب (ع - مذ) گنتی - شمار - گنتی کا علم - نرخ ٭

حِسابِ دوستاں در دل (ف) دوستوں کا حساب دل میں ٭

حِساب دینا (ہ) حساب سمجھانا - ذمہ دار ہونا ٭

حِساب کتاب (ع - مذ) لین دین - میل ملاپ ٭

حَسَب (ع - مذ) بزرگی - شرافت - خاندان ٭

حَسْب (ع) موافق - مطابق -

حسبِ ارشاد (ع) فرمان کے مطابق ٭

حسبِ توفیق (ع) حیثیت کے مطابق - جتنی طاقت ہو ٭

حسبِ حال (ع) حال کے موافق ٭

حسبِ ذیل (ع) نیچے لکھے ہوئے کے مطابق ٭

حسبِ عادت (ع) عادت اور قاعدہ کے موافق ٭

حسبِ معمول (ع) دستور کے مطابق ٭

حسبِ منشا (ع) خواہش کے مطابق ٭

حسب نسب (ع - مذ) خاندان

حَسَد (ع - مذ) کسی کی نعمت کا زوال چاہنا - کینہ - بغض ٭

حُسرت (ع۔مث) افسوس۔ ارمان

حُسن (ع۔مذ) خوبی۔ عمدگی۔ خوبصورتی ؛

حُسنِ اتفاق (ع) اتفاق کی خوبی۔ اچھا اتفاق ؛

حُسنِ اخلاق (ع) اچھا برتاؤ

حُسنِ بیان (ع) کسی بات کو عمدگی سے بیان کرنا ؛

حُسنِ تدبیر (ع۔مث) تدبیر کی خوبی۔ عمدہ تدبیر ؛

حُسنِ خدمت (ع) اچھی خدمت کرنا ؛

حُسنِ دلفریب (ف) دل کو موہ لینے والی خوبصورتی ؛

حُسنِ طلب (ع۔مذ) اچھے طریقے سے مانگنا ؛

حُسنِ ظن (ع۔مذ) نیک گمان ؛

حُسنِ کلام (ع۔مذ) عمدہ گفتگو کلام کی خوبی ؛

حُسنِ گلوسوز (ف۔مذ) حسن شیریں۔ بہت خوبصورتی

حُسنِ معاشرت (ع) رہنے سہنے کا عمدہ طریق ؛

حَسَن (ع۔مذ) عمدہ حضرت علیؑ کے فرزند کا نام مبارک ؛

حِسّیات (ع۔مث) جمع حس کی

حَسِین (ع۔ص) خوبصورت

حُسَین (ع) حضرت علیؓ کے فرزند کا نام مبارک جنھوں نے کربلا میں شہادت پائی ؛

حَشر (ع۔مذ) قیامت۔ شور و غل

حشر برپا کرنا (ا) فساد مچانا

حَشَرات (ع۔مذ) زمین میں رہنے والے کیڑے ؛

حشرات الارض (ع۔مذ) زمین میں رہنے والے کیڑے جو اکثر برسات میں نکل آتے ہیں ؛

حَشمت (ع۔مث) دبدبہ شان۔ لاؤ لشکر ؛

حِصار (ع۔مذ) قلعہ۔ احاطہ

حصارِ حصین (ع۔مذ) مضبوط قلعہ ؛

حصارِ عافیت (ع۔مذ) آرام اور سکھ کا قلعہ ؛

حِصَص (ع۔مذ) جمع حصہ کی۔ حصے ؛

حصُول (ع۔مذ) حاصل۔ فائدہ۔

حِصّہ (ع۔مذ) ٹکڑا۔ بانٹ ؛

حَضَر (ع۔مذ) موجود۔ گھر پر ہونا (سفر کی ضد) ؛

حَضرت (ع۔مذ) درگاہ۔ عزت کے لئے بڑے لوگوں کے نام کے ساتھ بولتے ہیں ؛

حُضُور (ع۔مذ) جناب۔ عزت کے لئے بولتے ہیں موجودگی مجلس۔ دربار ؛

حَظ (ع۔مذ) لطف۔ مزہ ؛

حظائظ (ع۔مذ) جمع حظ کی۔ مزے

حفاظت (ع۔مث) پناہ بچاؤ۔ نگرانی۔ رکھوالی ؛

حِفظ (ع) یاد۔ ازبر۔ حفاظت ؛

حفظانِ صحت (ع۔مذ) تندرستی کی حفاظت ؛

حفظِ ماتقدم (ع۔مذ) کسی آنے والی بات کا پہلے ہی سے بندوبست کرنا ؛

حفظِ مراتب (ع۔مذ) مرتبہ کا لحاظ کرنا ؛

خفِ نظر (ع) نظر بد دور رہے
چشم بد دور ٭
حق (ع - مذ) خدا - سچ - درست
قرض - صلہ - بدلہ - حصّہ ٭
حق بحقدار رسید (ف) حق
والے کو اپنا حق مل گیا ٭
حق بجانب (ف - مذ) سچائی
پر - سچّا ٭
حق پرست (ف - مذ) خدا پرست
حق پسند (ف - مذ) حق گو
پسند کرنے والا - عادل ٭
حق تلفی (ع - مث) کسی کا
حق مارنا - بے انصافی ٭
حق دار (ف - ص) حق رکھنے والا
حق رسی (ف - مث) حق کو پہنچنا
حق رفاقت (ع - مث)
ساتھ کا حق - دوستی کا حق
حق شفعہ (ع - مذ) حق ہمسایگی
حق شناس (ف - مذ) منصف
قدردان ٭
حق نمک (ف - مذ) نمک
کھانے کا حق - ملازمت کا حق
حقّا (ع) حق کی قسم ٭

حقارت (ع - مث) خواری
ذلّت - نفرت ٭
حقوق (ع - مذ) جمع حق کی ٭
حقوق دیرینہ (ف - مذ)
پرانے حقوق ٭
حقوق وراثت (ع - مذ)
وراثت کے حق - کسی شخص
کے وارث ہونے کا حق ٭
حقیر (ع - ص) ادنےٰ - چھوٹا
ذلیل ٭
حقیقت (ع - مث) اصلیت
اصل حال ٭
حقیقی (ع - ص) اصلی - سگا ٭
حکّام (ع - مذ) جمع حاکم کی - افسر
حکایت (ع - مذ) کہانی -
قصّہ - بات ٭
حکم (ع - مذ) فیصلہ کرنیوالا - پنچ
حکم (ع - مذ) فرمان - پروانہ - اجازت
حکم انداز (ف - مذ) ایسا تیر
انداز جس کا نشانہ خطا نہ کرے
حکم بردار (ف - مذ) فرمانبردار
تابع ٭
حکم حاکم مرگ مفاجات (ف)

افسر کا حکم ناگہانی موت کی
طرح یکلخت جاری ہو جاتا
ہے - اور ماننا پڑتا ہے ٭
حکمرانی (ف - مث) حکم چلانا
بادشاہت ٭
حکمنامہ (ف - مذ) پروانہ - فرمان
حکمت (ع - مث) دانائی
راز - تدبیر ٭
حکمت ایزدی (ع - مث)
خدا کی حکمت - خدائی راز ٭
حکمت بالغہ (ع - مث) کامل حکمت
حکمت کاملہ } خدائی حکمت
حکمت عملی (ع - مث)
چالاکی - دوراندیشی - پالیسی ٭
حکمت نظری (ع - مث)
اصول - علم ٭
حکومت (ع - مث) سلطنت
حکمرانی - راج ٭
حکمی (ع - ص) بیخطا - شرطی ٭
حکیم (ع - مذ) حکمت کرنے والا -
ڈاکٹر - دانا ٭
حل (ع - مذ) کھولنا - مشکل کو
آسان کرنا ٭

حلال (ع - ص) درست - جائز - شرع کے مطابق ۰

حلال خور (ف - ص) حلال کھانے والا ۰

حلال خور (ا - مذ) مردار کھانے والا - بھنگی ۰

حَلاوت (ع - مث) مٹھاس شیرینی ۰

حَلَف (ع - مذ) قسم - سوگند

حلفاً (ع) قسم کے ساتھ - قسمیہ

حلق (ع - مذ) گلا - ٹینٹوا - زبان

حَلقہ (ع - مذ) احاطہ - کڑا - بالی - علاقہ ۰

حلقہ بگوش (ف - مذ) غلام نوکر

حلم (ف - مذ) نرمی - برداشت - بُردباری ۰

حَلوا (ع - مذ) میٹھا - شیرینی - نرم

حلوائے بے دُود (ف - مذ) میٹھے میوے ۰

حلوا خوردن را روئے بایدا (ف) کسی عزت یا فائدہ حاصل کرنے کے لئے لیاقت ہونی چاہیئے ۰

حلول کرنا (ا) داخل ہونا ۰

حَلیم (ع - ص) متحمل - بردبار - نرم ۰

حَلیمُ الطّبع (ع - ص) جس کی طبیعت اور مزاج نرم ہو - منکسر المزاج ۰

حُلیہ (ع - مذ) صورت - رنگ و روپ ۰

حَماقت (ع - مث) بے عقلی بے وقوفی ۰

حَمّال (ع - مذ) بہت بوجھ اُٹھانے والا - پانڈی ۰

حمّام (ع - مذ) نہانے کی جگہ

حِمایت (ع - مث) امداد طرفداری ۰

حِمایتی (ا - مذ) مددگار - طرفدار

حَمائل (ع - مث) گلے میں ڈالنے کی چیز - چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف ۰

حَمد (ع - مث) خدا کی تعریف

حمل (ع - مذ) بوجھ - پیٹ - گربھ

حَملہ (ع - مذ) دھاوا - چڑھائی چوٹ ۰

حملہ آور (ف - مذ) دھاوا کرنے والا ۰

حَمیّت (ع - مث) غیرت - ننگ

حَمیدہ (ع - ص) تعریف کیا ہوا - پسندیدہ ۰

حِنا (ع - مث) مہندی ۰

حِنا مالیدہ (ف - ص) مہندی لگا ہوا ۰

حِنظل (ع - مذ) اندرائن - کوڑ

حَنفی (ع - مذ) امام ابو حنیفہ رح کا پیرو ۰

حَوّاری (ع - مذ) حضرت عیسےٰ کی جماعت - مسیح علیہ السلام کے دوست - مددگار ۰

حَوادث (ع - مذ) (جمع حادثہ کی) واقعات - صدمے ۰

حَواس (ع - مذ) ہوش - اوسان - سمجھ ۰

حَواس باختہ (ا - ص) گھبرایا ہوا

حَواس خمسہ (ع) پانچ طاقتیں یعنے دیکھنا - سونگھنا - چکھنا - ٹٹولنا - اور سننا ۰

حَواصِل (ع - مث) ایک سفید

آبی پرندے کا نام ہے ٭
حوالات (ع-مث) قید-
نگرانی - مجرم کو سزا سے پہلے
بند رکھنے کا مکان ٭
حوالہ (ع-مذ) سپردگی - پتہ - نشان
حُور (ع-مث) خوبصورت
عورت - وہ عورتیں جو بہشت
میں نیک مردوں کو ملیں گی ٭
حوصلہ (ع-مذ) جرأت دلیری
برداشت - پرندے کا پپوٹہ ٭
حوصلہ افزائی (ف-مث)
دل بڑھانا - پیٹھ ٹھونکنا -
حوصلہ نکالنا (ا) ارمان پورا کرنا
حوض (ع) تالاب ٭
حیا (ع-مث) شرم - غیرت -
لحاظ ٭
حیادار (ف) غیرت مند-
شرم والا ٭
حیات (ع-مث) زندگی جینا
حیات مستعار (ع-مث)
چند دن کی زندگی ٭
حیثیت (ع-مث) بساط
طاقت ٭
حیثیت عرفی (ع-مث)
ظاہری عزت - اعتبار ٭
حیران (ع-ص) ہکا بکا - پریشان
حیرانی (ا-مث) پریشانی تعجب
حیرت (ع-مث) حیرانی
تعجب ٭
حیرت انگیز (ف-ص) حیرانی
پیدا کرنے والی بات ٭
حیرت زدہ (ف-مذ) حیران
حیف (ع-مذ) افسوس دریغ
حیلہ (ع-مذ) بہانہ - مکر - کوشش ٭
حین (ع-مذ) زمانہ - وقت ٭
حین حیات (ع-مذ) زندگی
میں - عمر میں - زندگی کا زمانہ
حیوان (ع-مذ) جاندار - بیوقوف
حیوان مطلق (ع-مذ)
جانور - جاہل ٭
حیوان ناطق (ع-مذ)
بولنے والا حیوان - انسان ٭
حیوانی (ع-ص) نفسانی ٭
حیوانیت (ع-ص) نادانی
بے وقوفی ٭

خ

عربی کا ساتواں فارسی کا نواں - اردو کا دسواں حرف عدد اسکے ۶۰۰ ہیں

خاتِم (ع-مذ) ختم کرنے والا-
خاتَم (ع-مث) انگشتری - مہر
خاتِمہ (ع-مذ) انجام - اخیر
موت ٭
خاتمہ بالخیر (ع-مذ) انجام
سلامتی سے ہو - نیک انجام
خاتون (ت-مث) بی بی
بیوی - بیگم ٭
خادِم (ع-مذ) خدمت
کرنے والا - نوکر ٭
خار (ف-مذ) کانٹا ٭
خارپشت (ف-مذ) جنگلی چوہا

خاردار (ف۔ص) کانٹے دار
خار گزرنا (ا) بُرا لگنا۔ کھٹکنا
خارا (ف۔ص) سخت۔ سیاہ پتھر
خارِج (ع۔مذ) نکلا ہُوا۔ علیحدہ
خارجی (ع۔مذ) بے ایمان
خارِش (ف۔مث) کھجلی
خاشاک (ف۔مذ) کوڑا کرکٹ
خاص (ف۔ص) ذاتی۔ اپنا
صرف۔ عمدہ
خاص بردار (ف۔مذ) سپاہی
جو شاہی سواری کے آگے
بندوقیں لے کر چلتے ہیں
خاص تراش (ف۔مذ) بادشاہ
یا امیروں کا نائی
خاص و عام (ع۔ص) امیر
و غریب۔ چھوٹے بڑے
خاصا (ا۔مذ) اچھا۔ درمیانی
خاصّہ (ع۔ص) خصلت۔ عادت
خاصیّت (ع۔مث) طبیعت
خصلت۔ اثر
خاطِر (ع۔مذ) دل
خاطر (ا۔مث) دھیان۔ لحاظ
واسطے۔ خوشی۔ آؤ بھگت

خاطر جمع (ع۔مث) تسلی۔ اطمینان
خاطر خواہ (ف) حسب منشا۔ کافی
خاطر داری (ف۔مث) تواضع
آؤ بھگت
خاطر میں نہ لانا (ہ) پروا نہ
کرنا۔ بات نہ پوچھنا
خاطِف (ع۔ص) چندھیانے
والی۔ بینائی لے جانے والی
خاقان (ت۔مذ) بڑا بادشاہ
ترکستان کے بادشاہوں
کا لقب
خاک (ف۔مث) مٹی۔ زمین
کچھ نہیں
خاک اُڑانا (ا) آوارہ پھرنا۔
بدنام کرنا
خاک چھاننا (ا) تباہ ہونا۔
ذلیل ہونا۔ بہت تلاش کرنا
خاک میں ملنا (ا) اُجڑنا
خراب ہونا
خاک ہونا (ا) کچھ نہ ہونا۔
مٹی ہونا۔ مٹنا
خاکروب (ف۔مذ) بھنگی۔ مہتر
خاکسار (ف۔مذ) عاجز۔ بندہ

خاکساری (ف۔مث)
عاجزی۔ غریبی۔ غرور نہ ہونا
خاکِستر (ف۔مث) راکھ۔ بھوبل
خاکہ (ف۔مذ) ڈھانچہ۔ نقشہ
خاکہ اُڑانا (ا) بدنام کرنا۔
نقل کرنا
خاکی (ف۔ص) خاک کا۔ مٹی
کا بنا ہوا۔ مٹی کے رنگ کا
خال (ع۔مذ) تل۔ سیاہ نقطہ
جو چہرے پر ہوتا ہے
خال خال (ا) کوئی کوئی۔
اکا دکا
خالِص (ع۔ص) صاف۔ کھرا
خالِصہ (ع۔ص) خالص۔
سرکاری زمین۔ سکھ۔ سردار
خالِق (ع۔مذ) پیدا کرنے
والا۔ خدا
خالو (ا۔مذ) ماسڑ۔ ماسی کا خاوند
خالہ (ع۔مث) ماسی
خالہ جی کا گھر (ا) آسان بات
خالی (ع۔ص) جس کے اندر
کچھ نہ ہو
خالی (ا۔ص) صرف۔ اکیلا۔ بیکار

خام (ف۔ص) کچّا۔ ناتجربہ کار ÷
خام خیالی (ف۔مث) غلط خیال۔ وہم ÷
خاموش (ف۔ص) چُپ ÷
خاموشی (ف۔مث) چُپ۔ سکوت ÷
خامہ (ف۔مذ) قلم ÷
خامہ دوزبان (ف۔مذ) قلم
خامی (ف۔مث) کمی۔ ناتجربہ کاری
خان (ف۔مذ) سردار۔ رئیس ÷
خاندان (ف۔مذ) گھرانا۔ قبیلہ
خاندانی (ف۔ص) بڑے گھر کا شریف گھر کا۔ شریف۔ نجیب ÷
خانساماں (ف۔مذ) داروغہ خدمت گار ÷
خانقاہ (ف۔مث) فقیروں کے رہنے کی جگہ۔ مزار ÷
خانگی (ف۔ص) گھر کا۔ نج کا
خانم (ف۔مث) بیگم۔ بیوی ÷
خانماں (ف۔مذ) گھر کا اسباب
خانماں خراب (ف۔ص) برباد۔ تباہ ÷
خانوادہ (ف۔مذ) خاندان فقیروں کا سلسلہ ÷

خانہ (ف۔مذ) گھر۔ مکان۔ جگہ
خانہ بدوش (ف۔ص) آوارہ جس کا کوئی خاص ٹھکانا نہ ہو۔ وہ لوگ جو ایک جگہ نہیں رہتے ہمیشہ چلتے پھرتے رہتے ہیں
خانہ پُری (ف۔مث) نقشہ بھرنا۔ کاغذی کاروائی ÷
خانہ جنگی (ف۔مث) آپس کی لڑائی۔ جھگڑا ÷
خانہ خراب (ف۔ص) تباہ و برباد۔ رنڈوا۔ آوارہ ÷
خانہ داری (ف۔مث) گھربار کا کام کاج ÷
خانہ زاد (ف۔ص) گھرجم غلام
خانہ نشین (ف۔مذ) گھر میں بیٹھنے والا۔ بیکار ÷
خاوند (ف۔مذ) مالک۔ شوہر۔ گھر والا ÷
خائف (ع۔مذ) ڈرنے والا
خائن (ع۔مذ) خیانت کرنے والا بد دیانت ÷
خُباثت (ع۔مث) پلیدی شرارت ÷

خُبث (ع۔مث) گندگی۔ پلیدی ÷
خَبر (ع۔مث) اطلاع۔ علم۔ پتہ۔ نشان ÷
خَبردار (ف۔ص) ہوشیار۔ واقف کار۔ ہرگز ÷
خَبر رساں (ف۔مذ) قاصد خبر پہنچانے والا ÷
خَبرگیری (ف۔مث) خبر لینا مدد کرنا ÷
خَبر لینا (ا) مدد کرنا۔ پوچھنا۔ مارنا۔ سزا دینا ÷
خَبط (ع۔مذ) سودا۔ جنون ÷
خَبطی (ا۔ص) سودائی ÷
خَبیث (ع۔مذ) بُرا۔ خراب۔ ناپاک ÷
خَبیر (ع۔مذ) خبر دینے والا۔ خبر رکھنے والا ÷
خَتم (ع۔مذ) اخیر۔ بس
خَتم ہونا (ا) پورا ہونا۔ تمام ہونا ÷
خَتنہ (ع۔مذ) سُنّت مسلمان بچوں کے عضو تناسل کا

زائد حصہ کاٹنے کی رسم ؞
خجالت (ع۔ مث) شرمندگی ؞
خجستہ (ف۔ ص) مبارک ؞
خُدا (ف۔ مذ) مالک۔ آقا۔ اللہ
خُداپرست (ف۔ ص) عابد
خدا کی پوجا کرنے والا ؞
خُداترس (ف۔ ص) خدا سے
ڈرنے والا۔ رحمدل ؞
خُداحافظ (ف) اللہ بیلی
اللہ کے حوالے ؞
خُداخدا کر کے (ا) مشکل
کے ساتھ ؞
خُداداد (ف) خدا کی دی ہوئی
عطیہ ؞
خُدارسیدہ (ف۔ ص)
خدا کو پہنچا ہؤا۔ ولی۔ نیک ؞
خُدا گنجے کو ناخن نہ دے۔
(ا) کسی کمینہ آدمی کو کوئی
اختیار نہ ملے ؞
خُدالگتی (ا۔ مث) سچی۔
انصاف کی ؞
خُدانخواستہ (ف) خدا نہ
کرے۔ ایسا نہ ہو ؞

خُدّام (ع۔ مذ) نوکر۔ چاکر۔ خادم ؞
خُداواسطے کی دشمنی (ا)
ناحق کی دشمنی۔ مفت کا بیر ؞
خُداوند (ف۔ مذ) مالک۔ آقا ؞
خَدشہ (ف۔ مذ) اندیشہ۔ فکر۔ خوف
خِدمت (ع۔ مث) ٹہل۔
سیوا۔ نوکری ؞
خدمتگار (ف۔ مذ) خادم۔ نوکر
خدمت گزار (ف۔ مذ) بڑی
خدمت کرنے والا ؞
خَدنگ (ف۔ مذ) تیر ؞
خُدیو (ف۔ مذ) خداوند مصر
کے بادشاہوں کا لقب ؞
خَر (ف۔ مذ) گدھا۔ بیوقوف ؞
خَردماغ (ف۔ ص) بیوقوف ؞
خَرِ عیسےٰ (ف۔ مذ) حضرت
عیسےٰ کی سواری کا گدھا ؞
خَرمستی (ف۔ مث) گدھے
کی سی مستی۔ شہوت پرستی ؞
خراب (ف۔ ص) بُرا۔ نکمّا۔
ویران۔ تباہ ؞
خرابات (ع۔ مث) شراب خانہ
جوئے خانہ ؞

خَرابہ (ف۔ مذ) کھنڈر۔
ویران مکان ؞
خَرابی (ف۔ مث) بربادی۔ مشکل ؞
خراٹے لینا (ا) بے خبر سونا ؞
خراج (ع۔ مذ) محصول۔ لگان ؞
خَراش (ف۔ مث) کھجلی۔ رگڑ ؞
خُرافات (ع۔ مث) بیہودہ باتیں
خرام (ف۔ مذ) ناز سے چلنا ؞
خراماں خراماں (ا) مٹک
مٹک کر۔ ناز و انداز سے ؞
خُرانٹ (ا۔ ص) تجربہ کار۔
چالاک ؞
خرچ (ا۔ مذ) لاگت۔ روپیہ ؞
خُورد (ف۔ ص) چھوٹا۔ کم ؞
خُوردبین (ف۔ مث) چھوٹی
چیز کو بڑا کر کے دکھانے والا
شیشہ یا آلہ ؞
خوردسال (ف۔ ص) کم عمر
بچہ ؞
خِرد (ف۔ مث) عقل۔ سمجھ ؞
خِردمند (ف۔ مذ) عقلمند۔ دانا
خُردہ (ف۔ مذ) ٹکڑا۔ ریزہ ؞
خُردہ فروش (ف۔ مذ) بساطی

پرچون بیچنے والا ٭

خرس (ف۔ مذ) ریچھ ٭

خرقہ (ع۔ مذ) گدڑی فقیروں کا لباس ٭

خرقہ پوش (ع ف۔ مذ) درویش فقیر ٭

خرگوش (ف۔ مذ) مشہور جانور ہے۔ سیڑ ٭

خرم (ف۔ ص) خوش۔ سرسبز

خرما (ف۔ مذ) کھجور ٭

خرمست (ف۔ مذ) بدمست بے پرواہ ٭

خرمستی (ف۔ مث) بے پرواہی ٭

خرمن (ف۔ مذ) کھلواڑہ۔ غلے کا انبار ٭

خرمہرہ (ف۔ مذ) کوڑی ٭

خروس (ف۔ مذ) مرغ ٭

خروش (ف۔ مذ) جوش۔ شور ٭

خرید (ف۔ مث) مول قیمت مول لینا ٭

خرید و فروخت (ف۔ مث) لین دین۔ سودا لینا دینا ٭

خریدار (ف۔ مذ) مول لینے والا گاہک۔ چاہنے والا۔ عاشق

خریطہ (ع۔ مث) تھیلی ٭

خریف (ع۔ مث) ساونی

خزاں (ف۔ مث) وہ موسم جس میں پتے وغیرہ جھڑ جاتے ہیں ٭

خزانچی (ف۔ مذ) خزانہ رکھنے والا ٭

خزانہ (ف۔ مذ) روپیہ رکھنے کی جگہ۔ بنک۔ ذخیرہ ٭

خزف (ع۔ مث) ٹھیکری ٭

خزینہ (ف۔ مذ) خزانہ ٭

خس (ف۔ مذ) سوکھی گھاس پھوس ٭

خس کم جہاں پاک (ف) کوڑا دور ہوا۔ یہ نالائق بھی دفع ہوا۔ کوئی برا آدمی چلا جائے یا مرجائے تو اسوقت بولتے ہیں ٭

خس و خاشاک (ف۔ مذ) کوڑا کرکٹ ٭

خسارہ (ع۔ مذ) نقصان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا ٭

خستہ (ف۔ ص) زخمی رنجیدہ۔ ذلیل ٭

خستہ جگر (ف۔ ص) زخمی جگر والا

خستہ حال (ف) بدحال۔ غریب۔ نادار ٭

خستہ دل (ف) زخمی دل والا۔ عاشق ٭

خسر (ف۔ مذ) بیوی کا باپ یا خاوند کا باپ۔ سسر ٭

خسرو (ف) سیاوش کے بیٹے کا نام ہے۔ دلی کے مشہور فارسی شاعر حضرت امیر خسرو ٭

خسرہ (ا۔ مذ) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست۔ چیچک کے قسم کی ایک بیماری ہے ٭

خسوف (ع۔ مذ) چاند گرہن

خبیث (ع۔ ص) کمینہ۔ اوچھا

خشت (ف۔ مث) اینٹ

خشخاش (ف۔ مث) پوست کے دانے ٭

خشک (ف۔ ص) سوکھا۔ روکھا

خشک سالی (ف۔ مث) کال۔ قحط

خشکی (ف-مث) زمین۔ سوکھا
پن۔ گرمی ٭
خشم (ع-مذ) غصہ۔ تیزی ٭
خشونت (ع-مث) سختی ٭
خصلت (ع-مث) عادت
طبیعت ٭
خصائل (ع-مذ) جمع خصلت کی
خصم (ع-مذ) دشمن۔ مالک
خاوند ٭
خصوصا (ع-مث) خاص ٭
خصوصیت (ع-مث) خاص
بات۔ ذاتی بات ٭
خصومت (ع-مث) دشمنی۔
فساد ٭
خضاب (ع-مذ) رنگ وسمہ ٭
خضر (ع-مذ) ایک پیغمبر کا نام
ہے۔ رہبر۔ رہنما ٭
خط (ع-مذ) لکیر۔ تحریر۔ چھٹی ٭
خط استوا (ع-مذ) فرضی
خط جو زمین کے درمیان
میں شرقاً غرباً کھنچا ہوا
مانا گیا ہے ٭
خط بنانا (ا) حجامت بنانا

خط بنوانا (ا) بال منڈوانا
چہرہ بنوانا ٭
رَدیفِ اعداد (ع) وہ لفظ جو عددوں کے بعد آتے ہے جیسے چار راس بیل۔ یا دو مہار شتر میں راس اور مہار ÷
رَدیف وار (ف) ترتیب وار ÷
رَذالت (ع۔ مث) کمینگی۔ بد ذاتی ÷
رَذائل (ع۔ مذ) رذیلت کی جمع

کمینگیاں ❊
رذیل (ع ۔ص) کمینہ ❊
رز (ف ۔ مذ) انگور ❊
رزّاق (ع ۔مذ) بہت رزق دینے والا ۔ خدا ❊
رزّاق مطلق (ع مذ) خدا تعالےٰ
رزرو (انگ ص) مخصوص محفوظ ❊
رزلٹ (انگ مذ) نتیجہ انجام
رزق (ع ۔ مذ) روزی کھانا
رزم (ع ۔مث) لڑائی ❊
رزم گاہ (ف ۔مث) میدان جنگ ❊
رزمیہ (ع ۔ص) وہ نظم جس میں جنگ کا حال بیان کیا ہوا ہو
رس (ہ ۔مث) شیرہ ۔ شیرینی لذت ۔ ست ۔ نچوڑ ❊
رس بھری (ہ ۔ص) رس والی مزیدار رسیلے والی (آنکھیں)
رسا (ف ۔ص) پہنچنے والا ۔
رسالت (ع ۔مث) پیغمبری
رسالدار (ف ۔مذ) رسالہ کا افسر
رسالہ (ع ۔ مذ) چھوٹی سی کتاب فوج کا دستہ ❊
رسائل (ع ۔مذ) جمع رسالہ کی
رسائن (س ۔مث) اکسیر ❊
رسائی (ف ۔مث) پہنچ ۔ دخل ۔ میل ۔ ملاپ ❊
رستم (ف ۔ مذ) ایران کے مشہور بہادر پہلوان کا نام ہے ❊
رستہ (ف ۔ مذ) راہ ۔ سڑک ۔ طریقہ ۔ رواج ❊
رسد (ف ۔مث) خوراک کا ذخیرہ ۔ راہ
رسد رسانی (ف ۔مث) غلہ وغیرہ پہنچانے کا کام ❊
رسم و رواج (ف مذ) طور دستور ❊
رسمی (ف ۔ص) معمولی ۔ رواجی
رسنا (ہ) ٹپکنا ۔ چونا ۔ بہنا
رسوا (ف ۔ص) ذلیل ۔ خوار بدنام ❊
رسوائی (ف ۔مث) بری ذلت
رسوخ (ع ۔مذ) میل ملاپ لحاظ ۔ اعتبار ❊
رسول (ع ۔ مذ) بھیجا ہوا ۔ پیغمبر ۔ ایلچی ❊
رسولی (ہ ۔مث) گلٹی ❊
رسوم (ع ۔مث) جمع رسم کی جات
رسومات (ع ۔مث) رسم کی جمع الجمع ❊
رسوئی (ہ ۔مث) کھانا ۔ باورچی خانہ
رسی ڈھیلی چھوڑنا (ہ) آزادی دینا ۔ خود مختار کرنا ۔ خیال نہ کرنا ❊
رسی دراز ہونا (ہ) مہلت ملنا ۔ زیادہ عمر پانا ❊
رسید (ف ۔مث) پہنچ ۔ رسائی کسی چیز کی وصولی کی تحریر ❊
رسیلا (ہ ۔ مذ) رس بھرا ۔ مزیدار بانکا ❊
رسیلی (ہ ۔مث) بانکی ❊
رشتہ (ہ ۔ مذ) تاگا ۔ تعلق ۔ قرابت
رشتہ دار (ف ۔ مذ) قرابت دار ۔ برادری کا آدمی ❊
رشتہ داری (ف ۔مث) قرابت نزدیکی ۔ برابری ❊
رشک (ف ۔ مذ) ریس ۔ حسد ۔ جلن ❊
رشوت (ع ۔مث) نا جائز رقم

لینا - چٹی ۔

رِشوت ستانی (ف - مث) رشوت لینا ۔

رِشی (ہ - مذ) خدا پرست - سادھو - بزرگ ۔

رشید (ع - مث) اچھا نیک ہدایت یافتہ ۔

رَصد (ع - مث) ستاروں کی گردش دیکھنے کا مینار چبوترہ

رَصدگاہ (ف - مث) جنتر منتر ستاروں کی گردش دیکھنے کا مینار ۔

رِضا (ع - مث) اجازت - خوشی - مرضی ۔

رَضامند (ف - ص) راضی خوش - متفق ۔

رَضامندی (ف - مث) خوشی - مرضی ۔

رِضاعت (ع - مث) دودھ پلانا

رِضاعی (ع - ص) ہمشیر دودھ شریک ۔

رِضوان (ع - مذ) بہشت کا دربان ۔

رَطب (ع - ص) تر و تازہ ۔

رَطبُ اللسان (ع - مذ) شیریں زبان - کسی کی تعریف میں شیریں زبانی سے کام لینے والا

رَطب و یابس (ع - ص) خشک و تر - بری بھلی - ہر چیز ۔

رَطل (ع - مذ) شراب کا پیالہ آدھ سیر کا پیمانہ ۔

رَطل گراں (ف - مذ) بڑا پیالہ

رُطوبت (ع - مث) تری - نمی

رِعایا (ع - مث) زیر فرمان ماتحت لوگ

رِعایا پروری (ف - مث) رعیت کا خیال رکھنا - رعیت پر مہربانی کرنا ۔

رِعایت (ع - مث) لحاظ - مہربانی کسی چیز کی قیمت میں کمی کرنا

رِعایتی (ع - ص) رعایت کے ساتھ لحاظ کیا گیا ۔

رُعب (ع - مذ) ڈر - دبدبہ - شان و شوکت ۔

رُعب داب (ع - مذ) شان و شوکت - جاہ و جلال ۔

رَعد (ع - مذ) بجلی کی کڑک

رَعشہ (ع - مذ) کپکپی - لرزہ -

رَعنا (ع - ص) بانکا - رنگیلا - خوبصورت ۔

رَعنائی (ع - مث) طرحداری بانکپن - چالاکی ۔

رُعونت (ع - مث) غرور گھمنڈ -

رَعیت (ع - مث) ماتحت خلقت - لوگ ۔

رَغبت (ع - مث) خواہش چاہ - توجہ - میلان ۔

رَف (انگ - ص) ناصاف - نامکمل مسودہ ۔

رِفاقت (ع - مث) ہمراہی ساتھ

رِفاہ (ع - مث) آرام - لوگوں کی بہتری ۔

رفاہ عامہ (ع - مث) عام لوگوں کی بہتری اور آرام ۔

رفتار (ف - مث) چال - روش ۔

رفتار گفتار (ف - مث) چال ڈھال

رفتگاں (ف - ص) گذرے ہوئے لوگ ۔

رَفتہ (ف) گذشتہ - گذرا ہوا

رَفتہ رَفتہ (ف) آہستہ آہستہ

رَفع (ع۔ مذ) اُٹھانا۔ بلند کرنا۔ چھوڑنا ٭
رِفعت (ع۔ مث) بلندی ٭
رُفقا (ع۔ مذ) جمع رفیق کی۔ ساتھی۔ دوست ٭
رَفو (ف۔ مذ) کپڑے کے سوراخ کو تاگے سے بند کرنا۔ ٹانکا لگانا ٭
رفو چکّر ہونا (ا) چل دینا۔ بھاگ جانا ٭
رفو کرنا (ا) سوراخ بند کرنا ٭
رفوگر (ف۔ مذ) رفو کرنیوالا
رفیع (ع۔ ص) بلند ٭
رفیعُ الشّان (ع۔ ص) بہت بلند شان والا ٭
رَفیق (ع۔ مذ) ساتھی۔ دوست شریکِ کار ٭
رِقابت (ع۔ مث) دشمنی ٭
رَقبہ (ع۔ مث) احاطہ۔ پیمایش
رِقّت (ع۔ مث) نرمی دل بھر آنا۔ ترس آنا۔ رحم آنا ٭
رِقّت آمیز (ف۔ ص) درد بھری
رَقص (ع۔ مذ) ناچنا ٭
رقص و سرود (ع۔ مذ) گانا۔ بجانا۔ ناچ رنگ ٭
رُقعہ (ع۔ مذ) پُرزہ۔ چٹھی ٭
رَقم (ع۔ مث) لکھنا۔ تحریر۔ روپیہ پیسہ چالاک آدمی ہوشیار
رَقم طراز (ع۔ مذ) لکھنے والا کاتب ٭
رَقیب (ع۔ مذ) ایک معشوق یا کسی چیز کے کئی عاشق لو خواہشمند۔ ایک دوسرے کے رقیب کہلاتے ہیں دشمن۔ حریف۔ مخالف ٭
رَقیق (ع۔ ص) پتلا۔ نرم ٭
رقیق القلب (ع۔ ص) نرم دل۔ رحمدل ٭
رَقیمہ (ع۔ مذ) رقعہ لکھا ہوا چٹھی ٭
رِکاب (ع۔ مث) سوار کے پاؤں رکھنے کے لئے لوہے کا بڑا سا حلقہ جو گھوڑے کی زین کے دونوں طرف لٹکتا رہتا ہے
رکابی (ف) چھوٹی تھالی ٭
رکابی مذہب (ف۔ ص) ہرجائی جس کا کوئی خاص مذہب نہ ہو ٭
رُکاو (ہ۔ مذ) بندش۔ روک ٹھہراؤ ٭
رُکاوٹ (ہ۔ مث) روک ٹوک۔ بند کرنا ٭
رَکشا (س۔ مث) نگہبانی۔ رکھوالی۔ ایک قسم کی گاڑی ٭
رَکعت (ع۔ مث) نماز کا ایک جزو ٭
رُکن (ع۔ مذ) تھم۔ ممبر ٭
رُکنیت (ع۔ مث) ممبری ٭
رُکنا (ہ) ٹھیرنا۔ بند ہونا ٭
رُکوع (ع۔ مذ) جھکنا۔ نماز کا ایک رکن ہے ٭
رُکھائی (ہ۔ مث) روکھا پن بد خلقی ٭
رکھ رکھاو (ہ۔ مذ) دیکھ بھال۔ حفاظت ٭
رکھنا (ہ) دھرنا۔ بچانا۔ جمع کرنا ٭
رکھوالا (ہ۔ مذ) حفاظت کرنیوالا ٭
رکھوالی (ہ۔ مث) حفاظت نگہبانی
رَگ (ف۔ مث) خون کی نالی نس۔ ریشہ۔ ذات۔ اصل ٭

رگ و ریشہ (ف - مذ) رگ پٹھا
اصل نسل ✣
رگڑ (ہ - مث) خفیف سا زخم دو
چیزوں کے آپس میں ٹکرانے
سے جو نشان پڑ جائے ✣
رگڑا (ہ - مذ) پیسنا - بھنگ کا
گھوٹا - نقصان ✣
رگڑنا (ہ) پیسنا گھوٹنا نقصان
پہنچانا ✣
رگ وید (س - مذ) چار ویدوں
میں سے پہلا وید ✣
رم (ف - مذ) بھاگڑ - جدائی ✣
رِم (انگ - مذ) کاغذ کے
بیس دستوں کا بنڈل ✣
رمّال (ع - مذ) رمل جاننے
والا - نجومی ✣
رمانا (ہ) رچانا - بہانا - پھرانا ✣
رم جھم (ہ - مث) ہلکی ہلکی بارش
بارش کی آواز ✣
رمز (ع - مث) بھید - پوشیدہ
بات - ادا - اشارہ - نوک جھوک
رمز شناس (ف - ص) رمز
پہچاننے والا - ادا جاننے والا ✣

رمضان (ع - مذ) ہجری سال کا
نواں مہینہ جس میں مسلمان
روزے رکھتے ہیں ✣
رمق (ع - مث) آخری دم -
تھوڑی سی جان ✣
رمل (ع - مذ) نجوم - جفر ✣
رموز (ع - مذ) جمع رمز کی -
ادائیں - بھید ✣
رن (ہ - مذ) جنگ - لڑائی معرکہ
رن پڑنا (ہ) جنگ ہونا ✣
رن (انگ - مث) دوڑ -
کرکٹ کی دوڑ ✣
رنج (ف - مذ) دکھ درد بیماری
رنج و محن (ف - مذ) دکھ درد
تکلیف ✣
رنجش (ف - مث) ناراضگی رنجیدگی
رنجور (ف - ص) بیمار ✣
رنجیدگی (ف - مث) رنجش
ناراضگی ✣
رنجیدہ (ف - ص) ناراض -
غمگین ✣
رنجیدہ خاطر (ف - ص) ناخوش
رند (ف - مذ) آزاد - بے رسم و رواج

اور مذہب کا پابند نہ ہو ✣
رندانہ (ف - ص) رندوں کی
طرح - آزادانہ ✣
رندہ (ف - مذ) لکڑی چھیلنے
کا ہتھیار ✣
رندی (ف - مث) اوباشی
رندوں کا کام ✣
رنڈاپا (ہ - مذ) بیوگی ✣
رنڈوا (ہ - مذ) وہ مرد جس
کی بیوی مر گئی ہو ✣
رنڈی (ہ - مث) کسبی عورت -
فاحشہ ✣
رنگ (ف - مذ) روپ رنگت -
حال - خوشی ✣
رنگ آمیزی (ف - مث)
رنگ ملانا - عبارت آرائی کسی
بات کو بڑھا کر بیان کرنا ✣
رنگ بدلنا (ا) ڈھنگ بدلنا -
رنگ اڑانا - حال بدلنا ✣
رنگت (ہ - مث) رنگ روپ ✣
رنگ پھیکا ہونا (ا) رنگ
اڑنا - رنگ فق ہونا شرم سے
چہرے کا رنگ اڑ جانا ✣

رنگ رَلیاں (ا۔مث) عیش و عشرت ؛
رنگ رُوپ (ا۔مذ) چمک چہرہ مُہرا ؛
رنگ ریز (ف۔مذ) کپڑے رنگنے والا ؛
رنگ فق ہونا (ا) رنگ اُڑنا پھیکا پڑنا ؛
رنگ ساز (ف۔مذ) نیلگر۔ نیلاری ؛
رنگ لانا (ا) تماشا دکھلانا۔ بُرا نتیجہ نکلنا ؛
رنگروٹ (انگ۔مذ) نیا بھرتی شدہ سپاہی ؛
رنگ میں بھنگ ڈالنا (ا) مزا خراب کرنا ؛
رنگیلا (ہ۔ص) بانکا۔ زندہ دل خوش باش ؛
رنگین (ف۔ص) رنگدار۔ رنگا ہُوا ؛
رنگین مزاج (ف) خوش مزاج زندہ دل ؛
رنگینی (ف۔مث) خوش مزاجی آرایش

رَو (ا۔مث) بہاؤ۔ دھار خیال ؛
رُو (ف۔مذ) چہرہ۔ مُکھڑا۔ وجہ سامنا۔ رعایت ؛
رُوپوش (ف۔ص) پوشیدہ۔ چھپا ہُوا۔ مفرور ؛
رُوسیاہ (ف۔ص) گنہ گار ذلیل ؛
رُوسیاہی (ف۔مث) گنہ گاری بدنامی ؛
رُوشناس (ف۔ص) واقف جان پہچان ؛
رُوکش (ف۔ص) شرمندہ کرنے والا۔ مانند۔ مشابہ ؛
رُوگرداں (ف۔ص) منہ پھیرنے والا۔ اُلٹا ہُوا ؛
رُونمائی (ف۔مث) منہ لگنی منہ دکھائی ؛
رَوا (ع۔ص) جائز۔ درست جاری ؛
رَوادار (ف۔ص) خیر خواہ۔ طرفدار۔ قبول کرنے والا ؛
رَواداری (ف۔مث) جائز رکھنا۔ اچھا سلوک ؛
رَوا رکھنا (ا) جائز رکھنا۔ ماننا

رِواج (ع۔مذ) عام دستور۔ رسم۔ قاعدہ ؛
رواج دینا (ا) جاری کرنا رسم ڈالنا ؛
رُواں (ہ۔مذ) جسم پر کا باریک بال۔ رونگٹا ؛
رَواں (ف۔حالیہ) چلتا ہُوا۔ بہتا ہُوا۔ جاری ؛
رَواں ہونا (ا) چل نکلنا چل پڑنا
رَوانگی (ف۔مث) چلنا۔ چالان۔ ارسال ؛
روانہ ہونا (ا) چل پڑنا مرجانا بھیجا جانا ؛
رَوانی (ف۔مث) بہاؤ تیزی ؛
رِوایت (ع۔مث) بیان ذکر ؛
روباہ (ف۔مث) لومڑی ؛
روباہ مزاج (ف۔ص) کمزور۔ بزدل ؛
رُوبرو (ف) سامنے۔ منہ در منہ ؛
رُوبکار (ف۔مذ) پیشی۔ عدالت کا حکم ؛
رُوبکاری (ف۔مث) مقدمہ

پیشی ؛
رُوپ (ہ۔ مذ) رنگ۔ شکل۔ صورت ؛
رُوپ بدلنا (ہ) بھیس بدلنا
رُوپ بگاڑنا (ہ) بے رونق کرنا۔ بدصورت کرنا ؛
رُوٹھنا (ہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا
روٹی (ہ۔ مث) پُھلکا چپاتی روزی ؛
روٹی کا مارا (ہ) بُھوکا کنگال
روٹیاں توڑنا (ہ) مفت کی روٹیاں کھانا ؛
روٹیوں پر پڑنا (ہ) دوسرے کی روٹی پر رہنا۔ دوسرے کی کمائی کھانا ؛
رُوح (ع۔ مث) جان۔ ست عطر۔ دل۔ من ؛
رُوح افزا (ف۔ ص) جان بخش۔ رُوح کو تازہ کرنے والی شے ؛
رُوح القدس (ع۔ مذ) حضرت جبرائیلؑ۔ پاک روح ؛
رُوح اللہ (ع۔ مذ) حضرت عیسٰےؑ کا لقب ؛
رُوح پرواز کرنا (ہ) جان نکلنا
رُوح پرور (ف۔ ص) روح فزا۔ جان بخش ؛
رُوح کھینچنا (ہ) ست نکالنا۔ عطر نکالنا۔ جان لینا ؛
رُوحانی (ع۔ ص) رُوح کے متعلق۔ پاک صاف۔ مقدس ؛
رُوداد (ف۔ مث) کیفیت کارروائی ؛
رُودبار (ف۔ مث) پانی کا وہ بڑا قطعہ جو دو سمندروں کو ملاتا ہے۔ جیسے رودبارِ انگلستان ؛
روڈ (انگ۔ مث) سڑک۔ شارعِ عام ؛
رُورعایت (ف۔ مث) لحاظ طرفداری ؛
روڑا اٹکانا (ہ) چلتے کام میں رکاوٹ ڈالنا ؛
روز (ف۔ مذ) دن۔ وار۔ ہمیشہ۔ سدا ؛
روزافزوں (ف۔ ص) دن بدن۔ زیادہ ؛
روز بروز (ف۔ ص) ہر روز دن بدن ؛
روزِ حشر / روزِ قیامت (ف۔ مذ) اُٹھنے کا دن۔ قیامت کا دن ؛
روزِ روشن (ف۔ مذ) دن دہاڑے عین دن میں ؛
روزِ شمار (ف۔ مذ) حساب کتاب کا دن۔ قیامت کا دن ؛
روزانہ (ف۔ ص) ہر روز ؛
روزگار (ف۔ مذ) زمانہ دنیا جہان۔ نوکری۔ پیشہ ؛
روزمرّہ (ف۔ مذ) ہر روز ہمیشہ
روزنامچہ (ف۔ مذ) ڈائری۔ بہی کھاتہ ؛
روزنامہ (ف۔ مذ) اخبار ؛
روزن (ف۔ مذ) روشندان موری۔ سوراخ ؛
روزہ (ف۔ مذ) فاقہ۔ برت۔ صبح صادق سے دن غروب ہوتے تک کچھ نہ کھانا ؛
روزہ دار (ف۔ ص) روزہ رکھنے

والا۔ فاقہ کرنے والا ٭

روزہ کھولنا (ہ) دن غروب ہوتے پر کچھ کھانا۔ روزہ افطار کرنا ٭

روزی (ف۔ مث) خوراک رزق۔ روزگار ٭

روزی رساں (ف۔ مذ) روزی پہنچانے والا۔ خدا پروردگار

روزینہ (ف۔ مذ) روزمرہ کا خرچ۔ وظیفہ۔ پنشن ٭

روشن (ف۔ ص) چمکدار۔ صاف

روشن دان (ف مذ) روشنی کے لئے سوراخ۔ روزن یا کھڑکی

روشن ضمیر (ف ص) صاف دل دانا۔ عاقل ٭

روشنائی (ف مث) نور۔ لکھنے کی سیاہی ٭

روشنی (ف۔ مث) چمک نور۔ بینائی ٭

روضہ (ع۔ مذ) باغ۔ مزار۔ کسی بزرگ کا مقبرہ ٭

روضہ رضواں (ع۔ مذ) باغ بہشت۔ فردوس ٭

روغن (ف۔ مذ) تیل۔ گھی وغیرہ وارنش۔ چمک دمک ٭

روغن زرد (ف مذ) گھی ٭

روغن سیاہ (ف) تیل ٭

روغنی (ف) چکنا۔ چپڑا ہوا وارنش کیا ہوا ٭

روک (ہ۔ مث) ممانعت بندش۔ انسداد ٭

روک تھام (ہ۔ مث) بندش کسی بات کو بند کرنا ٭

روک ٹوک (ہ۔ مث) رکاوٹ ممانعت ٭

روکڑ (ہ۔ مث) روپیہ پیسہ نقدی ٭

روکڑ بہی (ہ۔ مث) نقدی کے حساب کتاب کی بہی ٭

روکھا (ہ۔ ص) خشک۔ بے مزہ۔ سادہ۔ بدخلق۔ سخت مزاج

روکھا سوکھا (ہ۔ ص) کھانا جیسا بھی ہو۔ برا بھلا ٭

روگ (ہ۔ مذ) بیماری۔ غم فکر

روگ لگنا (ہ) کوئی بیماری لگنا عادت پڑنا ٭

رول (انگ۔ مذ) قاعدہ۔ دستور قانون۔ مسطر ٭

رولر (انگ۔ مذ) مسطر۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا ٭

رول (انگ۔ مذ) فہرست ٭

رول کال (انگ۔ مث) حاضری بلانا۔ حاضری لینا ٭

رول نمبر (انگ۔ مذ) فہرست کا نمبر۔ ترتیب کا نمبر ٭

روم (ع۔ مذ) براعظم ایشیا کے ایک ملک کا نام ہے ٭

روم (انگ۔ مذ) کمرہ۔ جگہ ٭

رومال (ف۔ مذ) منہ پونچھنے کا کپڑا۔ تولیہ ٭

رومالی (ف۔ مث) اوڑھنی پہلوانوں کا تکون لنگوٹہ ٭

رومالی ہاتھ (ہ۔ مذ) صفائی کے ہاتھ۔ ہلکے ہاتھ ٭

رومن کیریکٹر (انگ۔ مذ) رومن حروف ٭

رومن کیتھولک (انگ۔ مذ) عیسائیوں کے ایک فرقے کا نام ہے ٭

رونا (ہ) آنسو بہانا۔ غم کرنا۔ گلہ شکایت کرنا۔ کڑھنا۔ دُکھڑا ٭

روندنا (ہ) پاؤں تلے خراب کرنا۔ برباد کرنا ٭

رَونق (ع۔مث) چہل پہل چمک دمک۔ جوبن۔ آرائش دُھوم دھام ٭

رَونق افروز (ف۔ص) رونق بڑھانے والا ٭

رونق افروز ہونا (ہ) شامل ہونا۔ آنا ٭

رَونق افزا (ف۔ص) مد تشریف آور۔ رونق بڑھانے والا ٭

رونق وار (ف۔ص) چہل پہل والا۔ آباد۔ چمکدار ٭

رونگٹا (ہ۔مذ) جسم کے باریک باریک بال۔ رُواں ٭

رونگٹے کھڑے ہونا (ہ) خوف کے باعث جسم کے بال کھڑے ہوجانا۔ ڈرنا۔

رُوئے (ف۔مذ) رُخ۔ دھیان۔ توجّہ ٭

رُوئے سخن (ف مذ) بات کا رُخ۔ خطاب ٭

روئے زمین (ف مذ) تمام زمین۔ تمام جہان ٭

رؤیا (ف۔مذ) سپنا۔ خواب

رؤیائے صادقہ (ف مذ) سچا سپنا۔ ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کی ایک کتاب کا نام بھی ہے

رؤیتِ ہلال (ع۔مث) پہلی رات کا چاند نظر آنا ٭

رُوداد (ف۔مث) کارروائی کیفیّت ٭

روئیدگی (ف۔مث) اُگنا ٭

رَوِیّہ (ف۔مذ) سلوک برتاؤ چال چلن ٭

رَہ (ف مث) راہ۔ رستہ ٭

رہا سہا (ہ۔ص) باقی رہا ہوا بچا کھچا ٭

رِہا (ف۔ص) خلاصی یافتہ چھوٹا ہوا ٭

رِہائی (ف۔مث) خلاصی۔ نجات۔ چھٹکارا ٭

رہائش (ف۔مث) رہنا۔ ٹھکانا۔ سکونت ٭

رہبر (ف۔مذ) رہنما۔ ہادی ٭

رہبری (ف۔مث) ہدایت رہنمائی ٭

رہٹ (ہ۔مث) کنوئیں کا چرخ ٭

رہ رہ کر (ف) ٹھہر ٹھہر کر۔ بار بار ٭

رہرو (ف۔مذ) مسافر۔ راہ گیر ٭

رہزن (ف مذ) لٹیرا قزاق ڈاکو ٭

رہزنی (ف۔مث) لوٹ مار ڈاکہ ٭

رہگذر (ف مث) رستہ شارع عام

رہگیر (ف۔مذ) مسافر ٭

رہن (ع۔مذ) گروی گہنے ٭

رہن نامہ (ف۔مذ) وہ تحریر جو رہن رکھنے کے متعلق اشٹام پر لکھی جائے ٭

رہنما (ف۔مذ) رستہ دکھانیوالا۔ ہدایت کرنے والا ٭

رہنمائی (ف۔مث) رستہ دکھانا۔ ہدایت کرنا ٭

رہوار (ف ۔ص) گھوڑا ÷

ریا (ع ۔مث) دکھاوا ۔ بناوٹ بے اصل ÷

ریاکار (ف ۔ص) جس کا ظاہر باطن ایک نہ ہو ۔ دکھاوے کے لئے کام کرنے والا ۔ منافق ۔ زمانہ ساز ÷

ریاکاری (ف ۔مث) منافقت زمانہ سازی ۔ مکاری ÷

ریاح (ع ۔مث) ریح بعد کی ہوا ÷

ریاحین (ع ۔مث) جمع ریحان کی ۔ نیازبو ۔ مشک بیری ÷

ریاست (ع ۔مث) سرداری امیری ۔ کسی راجہ یا نواب کا ملک ÷

ریاض (ع ۔مذ) بہت سے باغ ۔ محنت ÷

ریاضت (ع ۔مث) سخت محنت ۔ عبادت ÷

ریاضت کش (ف ۔ص) بہت زہد و عبادت کرنے والا ۔ محنتی ÷

ریاضی (ع ۔مث) حساب الجبرا ۔ جیومیٹری وغیرہ علوم ÷

ریاضی دان (ف ۔مذ) علم ریاضی جاننے والا ÷

ریت (ہ ۔مث) پتھروں کے ذرات ۔ ریگ ÷

ریتلا (ہ ۔ص) ریت والا علاقہ ÷

ریت (ہ ۔مث) رسم ۔ رواج ÷

ریتی (ہ ۔مث) ریتلی زمین ۔ دریا کے کنارے کی زمین ۔ لوہا وغیرہ رگڑنے کا اوزار ÷

ریٹ (انگ ۔مذ) نرخ ۔ کر ÷

ریجھنا (ہ) خوش ہونا ۔ فریفتہ ہونا

ریحان (ع ۔مث) نیازبو ۔ مشک بیری ÷

ریختہ (ف ۔ص) گرا ہوا ۔ پختہ کیا ہوا ۔ چونے سے چنا ہوا ۔ اردو زبان ÷

ریڈر (انگ ۔مذ) پڑھنے والا ۔ مسلخوان ÷

ریڈنگ روم (انگ ۔مذ) اخبارات وغیرہ پڑھنے کا کمرہ ÷

ریڈیم (انگ ۔مذ) ایک نہایت قیمتی جوہر ہے جس سے روشنی کی شعاعیں نکلتی ہیں ÷

ریڈیو (انگ ۔مذ) ایک آلہ جس کے ذریعے دور دور کی آوازیں وائرلیس کے ذریعہ سنی جاتی ہیں

ریڑھ (ہ ۔مث) پیٹھ کی جوڑ دار لمبی ہڈی ÷

ریزش (ف ۔مث) زکام نزلہ ÷

ریزگاری (ا ۔مث) پرچون روپے کے حصے ÷

ریزولیوشن (انگ ۔مذ) تجویز ÷

ریزہ (ف ۔مذ) ٹکڑا ۔ پرزہ ÷

ریزہ ریزہ کرنا (ل) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ÷

ریزیڈنٹ (انگ ۔مذ) ساکن وہ سرکاری عہدیدار جو ریاست میں رہتا ہو ÷

ریزیڈنسی (انگ ۔مث) وہ جگہ جہاں ریزیڈنٹ رہتا ہو ۔

رئیس (ع ۔مذ) امیر ۔ دولتمند سردار ÷

ریس (ہ ۔مث) مقابلہ ۔ رشک ÷

ریسماں (ف۔مث) رسّی ڈوری ÷
ریش (ف۔مث) داڑھی ÷
ریش قاضی (ف۔مث) بھنگ یا شراب چھاننے کی صافی ÷
ریشم (ا۔مذ) پٹ۔ ٹسر ÷
ریشمی (اص) ریشم سے بنا ہوا
ریشہ (ف۔مذ) تاگا۔ باریک نس ÷
ریشہ دار (ف۔ص) وہ چیز جس میں سے تاگے سے نکلیں ÷
ریفارم (انگ۔مث) اِصلاح درستی ÷
ریفارمر (انگ۔مذ) اِصلاح کرنے والا۔ قوم کی خامیاں دُور کرنے والا ÷
ریفارمیٹری (انگ۔مث) وُہ جگہ جہاں جرائم پیشہ اقوام کو رکھ کر ان کی اصلاح کی جاتی ہے۔ تادیب گاہ ÷
ریفرشمنٹ (انگ۔مث) تفریح تفریحاً کچھ کھانا ÷
ریفرشمنٹ رُوم (انگ۔مذ) وہ جگہ جہاں تفریح کے لئے چائے وغیرہ پی جائے ÷
ریکارڈ (انگ۔مذ) یادداشت
ریکارڈ کیپر (انگ۔مذ) دفتر کا منشی جو پُرانی یادداشتوں کا محافظ ہوتا ہے ÷
ریگارڈ (انگ۔مذ) قدر۔ لحاظ۔ عزّت ÷
ریکھا (ہ۔مث) لکیر۔ ہاتھ کی لکیر۔ قسمت۔ تقدیر ÷
ریگ (ف۔مث) ریت ÷
ریگ رواں (ف۔مث) آندھی وغیرہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والی ریت ÷
ریگستان (ف۔مذ) ریتلا ملک ÷
ریگ مال (ف۔مذ) وہ کاغذ جس پر ریت لگی ہوتی ہے لوہا۔ لکڑی وغیرہ صاف کرنے کے کام آتا ہے ÷
ریل (ہ۔مث) دھکّا ÷
ریل پیل (ہ۔مث) دھکم دھکا بھرمار ÷
ریل (انگ۔مث) پھرکی جس پر تاگا لپیٹا ہوا ہوتا ہے ÷
ریل (انگ۔مث) گاڑی ÷
ریلوے (انگ۔مث) ریل کی سڑک۔ ریل کا محکمہ ÷
ریمارک (انگ۔مذ) رائے خیال ÷
ریمانڈ (انگ۔مذ) مزید تفتیش کے لئے پولیس کا عدالت سے مُہلت طلب کرنا ÷
ریمائنڈر (انگ۔مذ) یاددہانی کی چِٹھی ÷
رَین (ہ۔مث) رات۔ شب ÷
رینڈیر (انگ۔مذ) بارہ سنگھا ÷
رینگنا (ہ) کیڑوں کا چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا ÷
ریوٹر (انگ۔مذ) اخباروں کو خبر پہنچانے والا محکمہ ÷
ریوڑ (ہ۔مذ) گلّہ ÷
ریوڑی کے پھیر میں آنا (ا) کسی لالچ کے سبب مصیبت میں پڑنا ÷
ریویو (انگ۔مذ) کتاب وغیرہ کے متعلق رائے

ریونیو (انگ۔ مذ) لگان۔ معاملہ۔ تحصیل ؛ ریونیو آفیسر (انگ۔ مذ) افسر مال ؛

ز

عربی کا گیارھواں فارسی کا تیرھواں اردو کا سولھواں حرف، عدد اس کے سات ہیں:۔

زاد (ف۔ مذ) جنا ہوا۔ توشہ رستے کا خرچ ؛

زاد بوم (ف۔ مث) جائے پیدائش۔ وطن ؛

زادِ راہ (ف۔ مذ) سفر خرچ توشہ ؛

زار (ف۔ مذ) فریاد۔ نالہ۔ لاغر کمزور۔ جگہ۔ مقام ؛

زار زار رونا (ا) بہت رونا۔

زار و نزار (ف) دُبلا۔ پتلا۔ لاغر۔

زاری (ف۔ مث) رونا۔ فریاد۔

زاغ (ف۔ مذ) کوا ؛

زال (ف۔ ص) بوڑھا۔ سفید بالوں والا۔ رستم کے باپ کا نام ہے ؛

زانو (ف۔ مذ) گھٹنا۔ گوڈا ؛

زانی (ع۔ مذ) زنا کرنے والا۔ بدکار ؛

زاویہ (ع۔ مذ) کونہ۔ گوشہ ؛

زاہد (ع۔ مذ) زہد کرنے والا۔ عابد ؛

زائچہ (ف۔ مذ) جنم پتری ؛

زائد (ع۔ ص) زیادہ۔ فضول ؛

زائر (ع۔ مذ) زیارت کرنے والا ؛

زائل (ع۔ مذ) کم ہونے والا۔ مٹنے والا ؛

زبان (ف۔ مث) جیبھ۔ بول چال۔ گفتگو۔ وعدہ۔ قول قرار ؛

زبان آور (ف۔ ص) بہت بولنے والا۔ خوش بیان ؛

زبان بندی (ف۔ مث) تقریر کی اجازت نہ ہونا ؛

زبان پھیرنا (ا) اقرار سے پھرنا ؛

زبان چلنا (ا) گالیاں دینا۔ لوگوں پر زبان کا اثر ہونا ؛

زبان حال (ف۔ مث) موجودہ حالت کیفیت ؛

زبان دان (ف۔ مذ) کسی زبان کو اچھی طرح سے جاننے والا ؛

زبان دراز (ف۔ ص) گستاخ منہ پھٹ۔ گالی دینے والا ؛

زبان درازی (ف۔ مث) زیادتی۔ گالی گلوچ ؛

زبان زد ہونا (ا) مشہور ہونا۔ پھیلنا ؛

زبان سنبھالنا (ا) سوچ کر بات کرنا۔ خاموش رہنا ؛

زبان کھولنا (ا) بُرا بھلا کہنا جو منہ میں آئے۔ کہہ دینا۔ زبان درازی کرنا ؛

زبان نکالنا (ا) زبان کاٹنا۔ گالی دینا ؛
زبان ہلانا (ا) بات کرنا۔ سوال کرنا ؛
زبانی (ف۔ص) منہ سے کہی ہوئی بات۔ سُنی سنائی ؛
زبانی امتحان (ف۔مذ) گفتگو کے ذریعہ سے امتحان ہونا ؛
زبانی جمع خرچ (ف۔مذ) محض باتیں ہی باتیں ؛
زبانی حساب (ف۔مذ) تقریری حساب۔ ذہنی حساب ؛
زُبدہ (ع۔ص) چُنا ہوا۔ منتخب ؛
زَبر (ف۔مث) اُونچا۔ غالب وہ حرکت جو حرف کے اوپر ہوتی ہے اور الف کی آواز دیتی ہے ؛
زَبَرجَد (ع۔مذ) ایک قسم کا قیمتی پتھر ؛
زَبَردَست (ف۔ص) غالب زور والا۔ بڑا لائق۔ ظالم ؛
زَبَردستی (ف۔مث) زیادتی
جبر ظلم۔ ناحق ؛
زَبُور (ع۔مث) وہ کتاب جو حضرت داؤد پیغمبر پر نازل ہوئی تھی
زَبُون (ف۔ص) عاجز ذلیل رُسوا۔ بُرا ؛
زَٹل (ہ۔مث) گپ بیہودہ بات۔
زَٹلی (ہ۔ص) گپ مارنے والا بکواسی ؛
زَجر (ع۔مث) روکنا تنبیہ کرنا۔ دھمکی ؛
زَجر و توبیخ (ع۔مث) لعنت ملامت۔ تنبیہ ؛
زَچ (ہ۔ص) تنگ۔ مجبور۔ عاجز ؛
زَچ کرنا (ا) تنگ کرنا عاجز کرنا ؛
زَچّہ (ف۔مث) وہ عورت جس نے نیا نیا بچہ جنا ہو ؛
زچہ خانہ (ف۔مذ) زچہ کا گھر ؛
زُحَل (ع۔مذ) سنیچر۔ ایک ستارے کا نام ہے ؛
زَحمت (ع۔مث) تکلیف
دُکھ ؛
زَخّار (ع۔ص) پانی سے بھرا ہوا ؛
زَخم (ع۔مذ) چوٹ۔ گھاؤ نقصان ؛
زخم بھرنا (ا) گھاؤ اچھا ہونا
زخم پر نمک چھڑکنا (ا) دُکھی کو اور دُکھ دینا۔ مرے کو مارنا ؛
زخم کاری (ف۔مذ) گہرا زخم مہلک زخم ؛
زخم ہرا ہونا (ا) زخم تازہ ہونا گذشتہ صدمہ یاد آنا ؛
زخمی (ف۔ص) چوٹ کھایا ہوا۔ گھائل۔ مجروح ؛
زَد (ف۔مث) نشانہ۔ مار چوٹ۔ نقصان ؛
زد پر ہونا (ا) نشانے پر ہونا مار پر ہونا ؛
زد پڑنا (ا) نقصان ہونا ؛
زد و کوب (ف۔مث) مار پیٹ
زدہ (ف) مارا ہوا۔ یعنے مصیبت زدہ ؛

زَر (ف۔ مذ) مال و دولت۔ سونا
زرِ باقی (ف۔ مذ) باقی ماندہ روپیہ ÷
زَرِ بفت / زر باف (ف۔ مذ) زری کمخواب ÷
زرِ بیعانہ (ف۔ مذ) پیشگی سائی ÷
زرِ پیشگی (ف۔ مذ) وہ روپیہ جو کسی کام کے لئے پہلے ہی دے دیا جاوے ÷
زر خرید (ف۔ ص) اپنے روپے سے خریدی ہوئی چیز ÷
زر خیز (ف۔ ص) عمدہ پیداوار کی زمین۔ اچھی زمین ÷
زردار (ف۔ ص) امیر۔ دولت مند ÷
زر دوزی (ف۔ مث) کامدانی
زر دوست (ف۔ ص) روپیہ کو عزیز رکھنے والا بخیل ÷
زرِ رہن (ف۔ مذ) گروی کا روپیہ ÷
زرِ قلب (ف۔ مذ) کھوٹا روپیہ
زرگر (ف۔ مذ) سنار ÷

زرِ لگان (ف۔ مذ) سرکاری محصول کا روپیہ۔ زرِ معاملہ ÷
زرِ منافع (ف۔ مذ) نفع کا روپیہ ÷
زرِ نقد (ف۔ مذ) نقد روپیہ روک روپیہ ÷
زرنگار (ف۔ ص) سنہری منقش
زراعت (ع۔ مث) کھیتی باڑی
زراعت پیشہ (ف۔ مذ) اپنے ہاتھ سے زراعت کرنے والا۔ کاشتکار ÷
زرد (ف۔ ص) پیلا ÷
زرد پڑنا (ا) کمزور ہونا پھیکا ہونا
زرد رُو (ف۔ ص) شرمندہ۔ خوف کے سبب جس کا چہرہ زرد ہو ÷
زرتشت (ف۔ مذ) آتش پرستوں کے پیغمبر کا نام ہے ÷
زرع (ع۔ مث) کھیتی ÷
زرق برق (ف۔ ص) بھڑکدار ٹیپ ٹاپ ÷
زِرہ (ف۔ مث) بکتر۔ لڑائی میں پہننے کی لوہے کی کڑیوں سے بنی ہوئی پوشاک ÷

زرہ پوش (ف۔ مذ) زرہ پہنے ہوئے سپاہی ÷
زری (ف۔ مث) سونے کے تار سے بُنا ہوا کپڑا ÷
زرّیں (ف۔ ص) سونے کا سنہری ÷
زِشت (ف۔ ص) بُرا بھونڈا
زشت رو (ف۔ ص) بدشکل ÷
زعفران (ع۔ مث) کیسر زرد رنگ کا خوشبودار پھول ÷
زعفرانی (ع۔ ص) کیسری زرد۔ پیلا ÷
زُعم (ع۔ مذ) گمان۔ خیال ÷
زَغن (ف۔ مذ) چیل۔ ال ÷
زغند (ف۔ مث) چھلانگ چوکڑی۔ جست ÷
زفاف (ع۔ مث) شادی کی پہلی رات ÷
زقّوم (ع۔ مث) تھوہر نہایت کڑوا پودا ہے ÷
زک (ا۔ مث) ہار۔ شکست شرمندگی۔ نقصان ÷
زک اُٹھانا (ا) شرمندگی اُٹھانا

نقصان اُٹھانا ٭
زک دینا (۱) ہرانا۔ شکست دینا۔
زک کھانا (۱) شرمندگی اُٹھانا
ہارنا ٭
زکام (ع۔ مذ) نزلہ۔ سردی۔
ریزش ٭
زکوٰۃ (ع۔ مث) مال کا چالیسواں
حصہ جو مسلمان لوگ ہر سال
غریبوں کو دیتے ہیں۔ صدقہ
زُلال (ع۔ ص) صاف اور
میٹھا پانی ٭
زلزلہ (ع۔ مذ) بھونچال لرزہ
ہل چل ٭
زلزلہ پڑنا (۱) بھونچال آنا
ہل چل پڑنا ٭
زُلف (ع۔ مث) کاکل گیسو
لمبے بال ٭
زُلیخا (ع۔ مث) عزیز مصر کی
بیوی کا نام جو حضرت
یوسفؑ پیغمبر پر عاشق
ہوگئی تھی ٭
زمام (ع۔ مث) باگ ڈور ٭
زمانہ (ف۔ مذ) وقت۔ مدت
دنیا۔ جہان۔ عہد حکومت ٭
زمانہ دیکھنا (۱) تجربہ حاصل کرنا
زمانہ ساز (ف ص) چالاک
خود غرض ٭
زمانہ سازی (ف۔ مث)
دنیاداری۔ چالاکی۔ خوشامد ٭
زمانہ موافق ہونا (۱) قسمت
اچھی ہونا ٭
زُمُرّد (ع۔ مذ) ایک سبز رنگ
کا قیمتی پتھر ٭
زمردیں (ف ص) سبز۔
زُمرہ (ع۔ مذ) گروہ۔ جماعت ٭
زمزم (ع۔ مذ) کعبہ شریف
کے قریب ایک کنواں ہے ٭
زمزمہ (ع۔ مذ) گیت نغمہ ٭
زمزمی (ع۔ مث) چاہ زمزم
کا پانی رکھنے کا چھوٹا سا
ٹین کا برتن ٭
زمستان (ف۔ مذ) سردی کا
موسم۔ جاڑا ٭
زمہریر (ع۔ مذ) سخت سرد
ہوا کا کرّہ ٭
زمین (ف۔ مث) دھرتی۔ بھوم
خطہ ٭
زمین آسمان کا فرق (۱)
بہت بڑا فرق ٭
زمین آسمان کے قلابے
ملانا (۱) بہت باتیں بنانا۔
شیخی مارنا ٭
زمین بوس ہونا (۱) زمین
چومنا۔ حاضر خدمت ہونا۔
زمین دوز (ف ص) زمین
کے نیچے۔ دھسا ہوا ٭
زمین دیکھنا (۱) قے کرنا۔
زمین میں گڑ جانا (۱) نہایت
شرمندہ ہونا۔ دھس جانا۔
زمیندار (ف۔ مذ) کسان
زمین کا مالک ٭
زن (ف۔ مث) عورت۔
بیوی۔ زوجہ ٭
زن منکوحہ (ف مث) نکاح
والی عورت۔ بیوی ٭
زنا (ف۔ مذ) اپنی بیوی کے سوا
غیر عورت سے ہمبستری کرنا۔
زنّاٹا (ہ۔ مذ) تیزی کیساتھ جانا
زُنّار (ف۔ مذ) جنجیو ٭

زنان (ف مث) جمع زن کی عورتیں ٭
زنان خانہ (ف مذ) عورتوں کے رہنے کا مکان ٭
زنانہ (ف۔ مذ) ہیجڑا۔ عورتوں کی طرح حرکتیں کرنے والا۔ وہ حصہ مکان جس میں عورتیں رہتی ہوں ٭
زنبور (ف مذ) بھڑ۔ ڈِہموں ٭
زنبیل (ع۔ مث) بھیک مانگنے کی جھولی ٭
زنجیر (ف مث) کنڈی۔ سنگلی لڑی۔ سلسلہ ٭
زنخدان (ف۔ مث) ٹھوڑی ذقن ٭
زندان (ف۔ مث) قید خانہ
زندگی (ف۔ مث) حیاتی۔ جینا زیست ٭
زندگی تلخ ہونا (ا) جینے کا کچھ مزہ نہ رہنا ٭
زندگی سے ہاتھ دھونا۔ جینے کی اُمید نہ رہنا ٭
زندہ (ف۔ ص) جیتا جاگتا۔ تازہ ٭
زندہ باش (ف۔ دعا) خوش رہو۔ مرحبا ٭
زندہ در گور (ف) جیتے جی قبر میں۔ بڑھاپے یا مصیبت کے سبب مُردوں کی طرح ٭
زندہ دل (ف ص) خوش باش۔ ظریف ٭
زندہ دلی (ف مث) دل لگی مذاق۔ ظرافت ٭
زنگ (ف مذ) لوہے کا میل ٭
زنگ آلود (ف ص) زنگ لگا ہوا۔ کُند ٭
زنگار (ف۔ مذ) نیلا تھوتھا۔ تانبے کا کساؤ ٭
زنگولہ (ف۔ مذ) گھنٹی۔ جرس ٭
زنگی (ف ص) کالے رنگ کا۔
زنہار (ف) پناہ۔ بچاؤ۔ بالکل خبردار ٭
زوال (ع۔ مذ) گھٹنا۔ کم ہونا
زوال پذیر (ف ص) گھٹنے والی شے۔ نہ رہنے والی شے ٭
زوال کا وقت (ا) دن ڈھلنے کا وقت۔ ظہر پیشین ٭
زوائد (ع۔ مث) جمع زائد کی۔ زیادہ ٭
زوج (ع۔ مذ) جوڑا۔ خاوند ٭
زوجہ (ع۔ مث) بیوی ٭
زود (ف) جلدی ٭
زود رنج (ف ص) جلدی رنج ہونے والا۔ تیز مزاج ٭
زود فہم (ف ص) جلد سمجھنے والا۔ ذہین۔ عقلمند ٭
زود ہضم (ف ص) وہ خوراک جو جلد ہضم ہو جاوے ٭
زور (ع۔ مذ) دھوکا۔ مکر۔ فریب ٭
زور (ف۔ مذ) طاقت۔ غلبہ۔ کثرت ٭
زور آزمائی (ف مث) طاقت آزمانا۔ کوشش کرنا ٭
زور آور (ف۔ ص) طاقتور۔ غالب ٭
زور بازو (ف۔ مذ) بازو کی طاقت۔ اپنی طاقت ٭
زور چلنا (ا) بس چلنا۔ قابو چلنا
زوردار (ف ص) طاقت ور۔

زبردست +

زور دینا (ا) دباؤ ڈالنا۔ مجبور کرنا +

زور شور (ف مذ) تیزی۔ چڑھاؤ

زورِ قلم (ف مذ) تحریر کا زور۔ زوردار عبارت +

زور لگانا (ا) طاقت لگانا۔ کوشش کرنا۔ ہمت کرنا

زوروں پر ہونا (ا) جوش میں ہونا۔ طغیانی ہونا طاقت میں ہونا +

زِہ (ف مث) شاباش آفرین کمان کا چلّہ۔ کنارہ۔ بچہ جننا +

زُہد (ع۔ مذ) عبادت۔ خدا کی یاد +

زَہر (ف مذ) بس۔ وہ چیز جس کے کھانے سے آدمی مرجائے نہایت کڑوی چیز۔ بُرا۔ قاتل +

زہر اُگلنا (ا) کسی کے متعلق سخت بُرا کہنا۔ غصہ نکالنا

زہر آلود (ف۔ ص) زہریلا۔ زہر سے بھرا ہوا +

زہر دار (ف ص) بس بھرا۔ زہریلا

زہر قاتل } **زہر ہلاہل** } (ف مذ) مار ڈالنے والا زہر۔ مہلک +

زہر کے گھونٹ پینا (ا) غصّے کو مجبوراً ضبط کرنا۔ اندر ہی اندر کُڑھنا +

زہر کی گانٹھ (ا) شریر +

زہر مار کرنا (ا) ٹھونسنا بیدلی سے کھانا +

زہر مُہرہ (ف۔ مذ) تریاق +

زُہرہ (ف۔ مث) ایک ستارے کا نام ہے +

زُہرہ جبیں (ف ص) خوبصورت حسین +

زُہرہ (ف مذ) پتّا۔ دلیری۔ حوصلہ

زُہرہ آب ہونا (ا) خوف طاری ہونا۔ رُعب بیٹھنا +

زہریلا (ا۔ ص) زہردار۔ بس بھرا۔ شریر +

زیادتی (ف۔ مث) کثرت۔ افراط۔ ظلم۔ غلبہ +

زیادتی کرنا (ا) سختی کرنا۔ زبردستی کرنا +

زیادہ (ف۔ ص) بہت۔ فالتو

زیادہ کرنا (ا) بڑھانا +

زیادہ گو (ف۔ مذ) بہت بولنے والا۔ جھوٹا +

زِیارت (ف۔ مذ) کسی بزرگ کا دیکھنا۔ کسی بزرگ کے مزار پر جانا +

زیارت گاہ (ف۔ مث) متبرک مقام جہاں لوگ زیارت کے لئے جائیں +

زِیان (ف مذ) نقصان۔ گھاٹا۔

زیب (ف۔ مث) آرائش سنگار۔ رونق +

زیب دینا (ا) اچھا لگنا۔ خوشنما ہونا

زیب و زینت (ف۔ مث) سجاوٹ۔ بناؤ سنگار +

زیبا (ف۔ ص) خوشنما۔ موزون مناسب +

زیبائش (ف۔ مث) سجاوٹ۔ زینت +

زیتون (ع۔ مث) ایک درخت کا نام ہے جس کا تیل مشہور ہے۔

زَید (ع۔ مذ) ایک فرضی نام +

زِیر (ف۔ مث) دھیمی آواز +

نیچا سُر ۔
زیر و بم (ف - مذ) نیچا اُونچا سُر ۔
زیر (ف - مذ) نیچے ۔
زیر انداز (ف - مذ) فرش - دری - غالیچہ ۔
زیر بار (ف - ص) بوجھ تلے قرضدار ۔
زیر بند (ف - مذ) گھوڑے کا تنگ ۔
زیر تجویز } (ف) غور میں - سوچا جا رہا ہے ۔
زیر غور }
زیر حکومت (ف) ماتحت ۔
زیر حراست (ف) نظر بند - زیر نگرانی ۔

زیر دست (ف - مذ) کمزور - غریب - ماتحت ۔
زیر سایہ (ف) پناہ میں - قریب - نزدیک ۔
زیر نگین (ف) زیر حکومت - ماتحت ۔
زیر و زبر کرنا (ا) تباہ کرنا - تہ و بالا کرنا ۔
زیرہ (ف - مذ) ایک خوشبودار بیج کا نام ہے ۔
زیرک (ف - ص) دانا ۔
زیرکی (ف - مث) دانائی - عقلمندی ۔
زیریں (ف - ص) نچلا ۔

زلیست (ف - مث) زندگی - جینا ۔
زین (ف - مث) گھوڑے کی کاٹھی ۔
زین پوش (ف - مذ) زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ۔
زین کسنا (ا) کاٹھی رکھنا ۔
زینت (ف - مث) سجاوٹ - آراستگی ۔
زینہ (ف - مذ) لکڑی کی سیڑھی - نردبان ۔
زینہار (ف) ہرگز - کبھی - بالکل ۔
زیور (ف - مذ) گہنا - زینت - بناؤ سنگار ۔

ژ

ژاژ (ف - مذ) بیہودہ بات ۔
ژاژخا (ف - ص) بیہودہ گو - بکواسی ۔
ژالہ (ف - مذ) اولا - گڑا ۔
ژالہ باری (ف - مث) اولے پڑنا ۔
ژند (ف - مث) آتش پرستوں کی آسمانی کتاب کا نام ہے ۔
ژولیدہ (ف - ص) پریشان - درہم برہم ۔
ژولیدہ حال (ف - ص) خستہ حال - پریشان حال ۔
ژیان (ف - ص) غضبناک - خشمناک ۔

س

عربی کا بارھواں، فارسی کا پندرھواں اور اُردو کا اٹھارھواں حرف علاوہ اس کے ساتھ ہیں

سا (ن) مانند۔ جیسا +

سَابِق (ع۔ص) پہلا۔ اگلا۔ گذشتہ +

سَابِقَہ (ع۔ص) پہلا۔ گذشتہ زمانے کا +

سابقہ پڑنا (ن) واسطہ پڑنا کام پڑنا +

سَابِقِین (ع۔مذ) جمع سابق کی۔ اگلے لوگ +

ساتھ (ہ۔مذ) ہمراہ۔ ساجھا

ساتھ دینا (ہ) رفاقت کرنا۔ مدد دینا +

ساتھ کا کھیلا (ہ۔مذ) بچپن کا دوست۔ لنگوٹیا +

ساتھی (ہ۔مذ) ہمراہی۔ شریک +

ساجھا (ہ۔مذ) سانجھ۔ شراکت حصّہ +

سَاچَق (ف۔مث) مہندی کی رسم۔ (پ) وری سوئی +

سَاحِر (ع۔مذ) جادوگر +

سَاحِرہ (ع۔مذ) جادوگرنی +

ساحت (ع) میدان +

سَاحِل (ع۔مذ) سمندر کا کنارہ +

ساخت (ف۔مث) بناوٹ گھڑت +

ساختہ (ف۔ص) بنائی ہوئی۔

ساختہ پرداختہ (ف) کیا ہُوا بنایا ہُوا +

سادات (ع۔مذ) جمع سیّد کی +

سادگی (ف۔مث) بے تکلفی صفائی۔ سیدھاپن +

سادہ (ف۔ص) صاف۔ بھولا بھالا۔ بے وقوف +

سادہ دلی (ف۔مث) صاف دلی +

سادہ لوح (ف۔ص) بیوقوف بے سمجھ +

سادھنا (ہ) اختیار کرنا۔ عادت ڈالنا +

سادھو (ہ۔مذ) فقیر۔ نیک بھلا مانس +

سادی (ہ۔مث) سیدھی بغیر کام کے۔ صاف +

ساربان (ف۔مذ) اُونٹ چلانے والا۔ شتربان +

سارجنٹ (انگ مذ) حوالدار پولیس کا عہدے دار +

سارٹیفکیٹ (انگ۔مذ) سند۔ تصدیق +

سارس (ہ۔مذ) لمبی ٹانگوں والا پانی کا جانور۔ کلنگ +

سارق (ع۔مذ) چور +

سارنگی (ہ۔مث) ایک مشہور باجہ ہے +

سارِی (ع۔ص) جاری اثر کرنے والا +

ساز (ف۔مذ) سامان۔ اسباب۔

باجہ ۔
ساز باز کرنا (ا) کسی سے مل جانا۔ ہمراز ہونا ۔
سازش (ف۔ مث) اتفاق کسی کے خلاف مشورہ کرنا
ساز و سامان (ف۔ مذ) مال۔ اسباب۔ تیاری ۔
سازندہ (ف۔ مذ) باجہ بجانیوالا
ساس (ہ۔ مث) بیوی کی ماں۔ خوش دامن۔ خاوند کی ماں ۔
ساعت (ع۔ مث) گھڑی۔ پل۔ وقت دیکھنے کی گھڑی
ساعد (ع۔ مث) کلائی ۔
ساعی (ع۔ مذ) سعی کرنے والا۔ کوشش کرنے والا ۔
ساغر (ع۔ مذ) پیالہ۔ جام۔ شراب کا پیالہ ۔
ساغر چلنا (ا) شراب کا دور چلنا
ساق (ع۔ مث) پنڈلی یا ساگ وغیرہ کا ڈنٹھل ۔
ساقط (ع۔ مذ) گرنے والا۔ ابتر۔ رد
ساقی (ع۔ مذ) پلانے والا۔ شراب پلانے والا ۔

ساکت (ع۔ مذ) خاموش۔ چپ چاپ ۔
ساکن (ع۔ مذ) ٹھیرا ہوا۔ رہنے والا ۔
ساکنین (ع۔ مذ) رہنے والے ساکن کی جمع ۔
ساکھ (ہ۔ مث) اعتبار۔ بھرم ۔
ساگ (ہ۔ مذ) سبزی۔ ترکاری ۔
ساگ پات (ہ۔ مذ) ترکاری ۔
ساگر (ہ۔ مذ) سمندر۔ بحر ۔
ساگو دانہ (ف۔ مذ) سابودانہ جو بیمار کو بطور غذا کھلایا جاتا ہے ۔
ساگوان / سال (ہ۔ مث) ایک قسم کی لکڑی ہے جس سے میز کرسیاں بنتی ہیں ۔
سال (ع۔ مذ) برس۔ عمر ۔
سال بسال (ف) ہر سال ۔
سال گرہ (ف۔ مث) جنم دن ۔
سالار (ف۔ مذ) سردار۔ افسر ۔
سالار جنگ (ف۔ مذ) سپہ سالار ۔
سالانہ (ف۔ ص) ہر سال کے بعد۔ ہر سال ۔
سالک (ع۔ مذ) چلنے والا۔

خدا دوست۔ فقیر ۔
سالم (ع۔ ص) پورا۔ تمام۔ سارا۔
سالن (ہ۔ مذ) گوشت وغیرہ پکا ہوا۔ بھاجی ۔
سامان (ف۔ مذ) اسباب۔ تیاری۔ ہتھیار ۔
سامری (ع۔ مث) ایک شخص کا نام جس نے حضرت موسیٰ کے زمانے میں سونے کا بچھڑا بنا کر اس کی پوجا کرائی تھی ۔
سامع (ع۔ مذ) سننے والا۔ حاضر ہونیوالا
سامعین (ع۔ مذ) جمع سامع کی۔ سننے والے۔ حاضرین مجلس
سامعہ (ع۔ مث) سننے کی قوت ۔
سامنا (ہ۔ مذ) مقابلہ۔ برابری۔ آگا ۔
سامنا کرنا (ہ) مقابلہ کرنا۔ جنگ کرنا ۔
سامنے آنا (ہ) مقابل ہونا۔ آگے آنا ۔
سامنے کی بات (ہ) موجودگی کی بات۔ کل کی بات ۔

سامنے ہونا (ہ) روبرو ہونا۔ مقابل ہونا۔ گستاخی کرنا۔

سان (ہ۔مث) دھار تیز کرنے کی پتھری وغیرہ ÷

سان پر چڑھانا (ہ) تیز کرنا تیار کرنا ÷

سانپ (ہ۔مذ) ناگ۔ کیڑا سپ ÷

سانجھ (ہ۔مث) شراکت۔ ساتھ۔ حصّہ ÷

سانچ (ہ۔مذ) سچ ÷

سانچ کو آنچ نہیں (ہ) سچائی کا کچھ نقصان نہیں ہوتا ÷

سانچا (ہ۔مذ) سچّا۔ سچّا۔ ڈھالنے کا اوزار ÷

سانحہ (ع۔مذ) واقعہ۔ حادثہ

سانحہ ہوش رُبا (ف) دردناک واقعہ ÷

سانڈ (ہ۔مذ) نر بیل یا نر گھوڑا جو نسل کشی کے لئے ہو ÷

سانڈنی (ہ۔مث) اونٹنی۔ ناقہ

سانس (ہ۔مذ۔مث) دم۔ پھونک

سانس پھولنا (ہ) دم چڑھنا تھک جانا ÷

سانس ٹوٹنا (ہ) دم ٹوٹنا

سانس لینا (ہ) دم لینا۔ سستانا۔ آرام کرنا ÷

سانسا (ہ۔مذ) فکر۔ اندیشہ ÷

سانسی (ہ۔ص) خانہ بدوش جرائم پیشہ ÷

سانگ (ہ۔مذ) نقل۔ بھیس بدلنا ÷

سان گمان (ہ۔مذ) خواب و خیال۔ فکر ÷

سانولا (ہ۔ص) سیاہی مائل پیارا۔ محبوب ÷

ساون (ہ۔مذ) ہندی سال کا پانچواں مہینہ۔ برسات کا مہینہ ÷

ساونی (ہ۔مذ) کی جوار باجرہ کی فصل ÷

ساہوکار (ا۔مذ) روپیہ قرض دینے والا ÷

سائبان (ف۔مذ) شامیانہ۔ تنبو

سائڈ (انگ۔مث) طرف۔ پہلو ÷

سائڈ کار (انگ۔مث) موٹر سائیکل کے ساتھ دوسرے بیٹھنے کی جگہ ÷

سائر (ع۔مذ) پھرنے والا۔ تمام ÷

سائر خرچ (ا۔مذ) دفتر کا متفرق خرچ۔ کنٹنجنٹ ÷

سائز (انگ۔مذ) حجم۔ قد ÷

سائیس (ا۔مذ) گھوڑے کا نگہبان ÷

سائل (ع۔مذ) سوال کرنیوالا۔ درخواست کرنے والا ÷

سائن (انگ۔مذ) نشان ÷

سائن بورڈ (انگ۔مذ) نشان کی تختی۔ وہ تختہ جس پر دکان وغیرہ کا پتہ لکھا ہوا ہو ÷

سائنٹیفک (انگ۔ص) قدرتی

سائنس (انگ۔مذ) علم۔ علم طبعی ÷

سائنس روم (انگ۔مذ) علم طبعی کا کمرہ ÷

سائیں سائیں کرنا (ہ) ہوا کا چلنا۔ خوفناک معلوم ہونا۔

سایہ (ف۔مذ) چھاؤں۔ پناہ۔ حفاظت۔ جن بھوت ÷

سایہ پڑنا (ا) عکس پڑنا۔ پرچھاویں

پڑنا - رُعب پڑنا ؞

سایہ دار (ف - ص) چھاؤں والا درخت ؞

سایہ ہونا (ا) مہربانی ہونا آسیب زدہ ہونا ؞

سائے سے بھاگنا (ا) نفرت کرنا - ڈرنا ؞

سائے میں آنا (ا) پناہ میں آنا ؞

سَب (ہ) تمام - کُل - پُورا

سبابہ (ع - مث) انگشت شہادت

سَب آرڈنیٹ (انگ مذ) ماتحت ؞

سب کو ایک لاٹھی ہانکنا (ا) سب سے ایک سا سلوک کرنا

سَب (انگ ص) چھوٹا ؞

سَب انسپکٹر (انگ - مذ) چھوٹا انسپکٹر ؞

سب اوور سیر (انگ مذ) کام کی نگرانی کرنے والا - چھوٹا افسر ؞

سب ڈویژن (انگ مذ) ضلع کا ایک حصّہ ؞

سَب آفس (انگ مذ) چھوٹا دفتر - ڈاک خانہ ؞

سَب رجسٹرار (انگ مذ) رجسٹرار کا نائب ؞

سَب پوسٹماسٹر (انگ مذ) سب آفس کا بڑا ڈاک منشی ؞

سَبَب (ع - مذ) وجہ - ذریعہ علّت - باعث ؞

سُبحان (ع - مذ) پاک مقدس

سُبحان اللہ (ع) خدا پاک ہے - واہ واہ - خوب ؞

سُبحہ (ع - مث) تسبیح - مالا

سبز (ف ص) ہرا - تازہ ؞

سبز باغ دکھانا (ا) بڑی بڑی اُمیدیں دلانا - فریب میں لانا - جھوٹے وعدے کرنا

سبز قدم (ف ص) منحوس - نامبارک ؞

سبزہ (ف - مذ) ہریاول سبزی

سبزہ زار (ف - مذ) چراگاہ گھاس کا تختہ ؞

سبزی (ف - مث) ترکاری ہریاول - بھنگ ؞

سبزی فروش (ف) سبزی بیچنے والا ؞

سَب سکرائبر (انگ - مذ) چندہ دینے والا ؞

سِبط (ع - مذ) اولاد ؞

سَبع (ع - ص) سات ؞

سَبق (ع - مذ) درس تعلیم

سبق پڑھانا (ا) تعلیم دینا - تنبیہ کرنا ؞

سَبقت (ع - مث) فوقیت آگے بڑھنا - بڑائی ؞

سَبقت لیجانا (ا) دوسرے سے بڑھ جانا جیت لینا -

سُبک (ف - ص) ہلکا - نازک - لطیف ؞

سُبک دست (ف ص) پھرتیلا

سُبکدوش (ف - ص) فارغ بری الذمہ ؞

سُبک سر (ف - ص) کم حوصلہ اوچھا ؞

سُبکی (ف - مث) خفّت ہلکا پن - بے عزتی ؞

سُبُو (ف - مذ) گھڑا - مٹکا ؞

سبُوچہ (ف۔ مذ) چھوٹا گھڑا ÷
سبھا (ہ۔ مث) مجلس کمیٹی۔ انجمن ÷
سبھاپتی (ہ۔ مذ) صدر مجلس پردھان ÷
سُبھاؤ (ہ۔ مذ) عادت۔ برتاؤ
سبیل (ع۔ مث) راہ۔ طریقہ صورت۔ ذریعہ ÷
سبیل لگانا (و۔ مث) پانی پلانا۔ پیاؤ لگانا ÷
سَپاٹ (ہ۔ ص) یکساں ہموار
سپاٹ (انگ۔ مث) انگریزی طرز کی زین ÷
سَپاٹا (ہ۔ مذ) جھپٹ دوڑ سیر ÷
سِپارہ (ف۔ مذ) حصۂ قرآن شریف کا پارہ ÷
سُپاری (ہ۔ مث) چھالیا ÷
سِپاس (ف۔ مذ) شکریہ ÷
سِپاس گزاری (ف۔ مث) شکریہ ادا کرنا ÷
سپاس نامہ (ف۔ مث) تحریری شکریہ۔ ایڈریس ÷

سپاہ (ف۔ مث) فوج۔ لشکر ÷
سِپاہ گری (ف۔ مث) سپاہی کا کام۔ بہادری ÷
سِپاہی (ف۔ مذ) لشکری۔ فوجی ملازم۔ پولیس کا ملازم ÷
سِپاہی آدمی (ا۔ ص) سادہ۔ ہر کام اپنے ہاتھ سے کرنیوالا۔ مستعد ÷
سپاہیانہ (ف۔ ص) سپاہیوں کی طرح۔ بہادرانہ۔ سادہ۔
سِپَر (ف۔ مث) ڈھال ÷
سِپَر ڈالنا (ا) عاجز ہونا۔ شکست ماننا ÷
سِپَر ہونا (ا) سامنے آنا۔ آڑے آنا ÷
سُپُرد کرنا (ا) سونپنا۔ حوالے کرنا ÷
سُپُردگی (ف۔ مث) حوالگی۔ حراست ÷
سُپرنٹنڈنٹ (انگ۔ مذ) منتظم۔ نگران۔ داروغہ ÷
سُپَروائزر (انگ۔ مذ) نگرانی کرنے والا ÷
سپریم کورٹ (انگ۔ مث) عدالت شاہی ÷

سَپلیمنٹ (انگ۔ مذ) ضمیمہ ÷
سپلیمنٹری ریڈر (انگ۔ مذ) وہ کتاب جو مقررہ کتاب کے علاوہ زائد پڑھائی جاوے بطور ضمیمہ ÷
سَپنا (ہ۔ مذ) خواب۔ رؤیا ÷
سَپَند (ف۔ مذ) ہرمل ÷
سَپوت (ہ۔ مذ) لائق بیٹا ÷
سپولیا (ہ۔ مذ) سانپ کا تازہ نکلا ہوا بچہ ÷
سِپہ (ف۔ مث) سپاہ۔ فوج لشکر ÷
سِپہ سالار (ف۔ مذ) فوج کا سردار ÷
سَپیچ (انگ۔ مث) تقریر ÷
سَپید (ف۔ ص) سفید۔ چٹا۔ صاف ÷
سُپیریر (انگ۔ ص) عمدہ۔ اعلیٰ ÷
سَپیشل (انگ۔ ص) خاص ÷
سَپیشل کیس (انگ۔ مذ) خاص حالت۔ خاص معاملہ ÷
سَپیشل ٹرین (انگ۔ مث) وہ گاڑی جو کسی خاص شخص کے لئے ہو۔ جیسے گورنر صاحب

کی سپیشل یا کسی خاص ضرورت
کے لئے چلائی جائے ٭
سَت (ہ۔مذ) سات۔ سچ ٭
سَت بچن (ہ۔مذ) ٹھیک درست
ست جُگ (ہ۔مذ) سب سے
پہلا زمانہ۔ سچا زمانہ ٭
سَتار (ف۔مث) ایک قسم کا
تاروں والا باجہ ٭
سَتّار (ع۔ص) عیب ڈھانکنے
والا۔ خدا ٭
ستارہ (ف۔مذ) تارہ۔ نجم۔
قِسمت۔ بخت ٭
ستارہ بلند ہونا (ا) قسمت
اچھی ہونا ٭
ستارہ چمکنا (ا) نصیبہ جاگنا
قِسمت کھلنا ٭
ستارہ شناس (ف۔مذ) نجومی ٭
سِتارۂ ہند (ا۔مذ) ایک
سرکاری خطاب ہے ٭
سُتانا (ہ) تنگ کرنا ٭
ستاون (ہ۔ص) ۵۷ پچاس
اور سات ٭
ستائش (ف۔مث) تعریف
حمد ثنا ٭
سَتر (ع۔مذ) پردے کی جگہ پردہ
شرمگاہ ٭
ستّرا بہتّرا (ہ۔ص) بہت بوڑھا
وہ شخص جس کی بڑھاپے کے
سبب عقل جاتی رہے ٭
سِتم (ف۔مذ) ظلم۔ دکھ۔ تکلیف ٭
سِتم ایجاد (ف۔مذ) ظلم کی بنیاد
رکھنے والا۔ معشوق ٭
سِتم توڑنا (ا) ظلم کرنا۔ ستانا
سِتم ڈھانا (ا) ستم توڑنا۔ ظلم کرنا
سِتم رسیدہ (ف۔ص) مظلوم
ستایا ہوا ٭
ستم زدہ (ف۔ص) ظلم کا
مارا۔ مظلوم ٭
سِتم شعار (ف۔مذ) ظالم۔ جابر ٭
سِتم ظریف (ف۔مذ) ہنسی ہنسی
میں ظلم کرنے والا ٭
ستم گار (ف۔مذ) ظالم ٭
سِتمبر (انگ۔مذ) انگریزی نواں
مہینہ ٭
سُتون (ف۔مذ) تھم۔ بھنار۔ رکن ٭
ستودہ (ف۔ص) عمدہ۔ پسندیدہ ٭
ستودہ صفات (ف۔ص)
نیک اطوار ٭
سُتھرا (ہ۔ص) صاف عمدہ
پاک ٭
ستی (ہ۔ص) ست والی۔ وہ
عورت جو اپنے مردہ خاوند
کے ساتھ چتا میں بیٹھ کر زندہ
جل جائے۔ اس طرح جل جانے کی رسم
سَتیاناس (ہ۔مذ) تباہی
بربادی ٭
سَتیاناس کرنا (ہ) تباہ کرنا
برباد کرنا ٭
سِتیزہ (ف۔مث) لڑائی۔ جنگ
ستیہ آگرہ (ہ۔مذ) خاموش مقابلہ
سَٹ پٹانا (ہ) گھبرا جانا۔
فکرمند ہونا ٭
سٹ (انگ۔مذ) کچھ چیزوں کا
مجموعہ۔ جوڑا ٭
سِٹ سٹینڈ (انگ۔مث)
اُٹھ۔ بیٹھ ٭
سٹاف (انگ۔مذ) عملہ ٭
سٹاک (انگ۔مذ) ذخیرہ ٭
سٹاک رجسٹر (انگ۔مذ) وہ

کتاب جس میں اشیائے موجودہ درج ہوں ❖
سٹامپ (انگ۔ مذ) ٹکٹ۔ اشٹام ❖
سٹیپ (انگ مذ) قدم ❖
سٹرائیک (انگ مذ) ہڑتال۔ کام بند کرنا ❖
سٹک (انگ مث) چھڑی۔ ہاکی کھیلنے کا ڈنڈا ❖
سٹوڈنٹ (انگ مذ) طالب علم
سٹور (انگ۔ مذ) ذخیرہ ❖
سٹی (انگ۔ مذ) شہر ❖
سٹی (ہ۔ مث) عقل و ہوش ❖
سٹی بھولنا (ہ) ہوش گم ہونا
سٹیٹ (انگ مث) ریاست حکومت ❖
سٹیشن (انگ۔ مذ) مقام۔ گاڑی کے ٹھیرنے کی جگہ ❖
سٹیشنری (انگ مث) کاغذ قلم دوات وغیرہ اشیاء ❖
سٹینڈرڈ (انگ۔ مذ) معیار۔ درجہ ❖
سٹیل (انگ مث) فولاد ❖

سٹیم (انگ مث) بھاپ ❖
سٹیم انجن (انگ مذ) وہ کل جو بھاپ کے زور سے چلتی ہو ❖
سٹیمر (انگ۔ مذ) بھاپ سے چلنے والا جہاز ❖
سج دھج (ہ۔ مث) بناؤ سنگار ❖
سجادہ (ع۔ مذ) مصلےٰ۔ گدی ❖
سجادہ نشین (ف۔ مذ) گدی نشین۔ سجادہ نشین ❖
سجاوٹ (ہ۔ مث) آرائش۔ زینت ❖
سجدہ (ع۔ مذ) سر جھکانا۔ بندگی ماتھا ٹیکنا ❖
سجدہ گاہ (ف مث) سجدہ کرنے کی جگہ۔ مسجد ❖
سجع (ف۔ ص) مقفہ۔ موزون کلام ❖
سجع گو (ف۔ مذ) مقفہ کلام کہنے والا ❖
سجن (ہ۔ مذ) دوست معشوق ❖
سجنا (ہ) موزون ہونا۔ اچھا لگنا ❖
سجھانا (ہ) جتانا۔ یاد دلانا ❖

سجھنا (ہ) یاد آنا۔ خیال میں آنا ❖
سجی (ہ۔ مث) کھار ❖
سجیلا (ہ۔ ص) خوبصورت۔ بانکا ❖
سچ (ہ۔ مذ) درست۔ ٹھیک۔ بے شک ❖
سچ مچ (ہ۔ مذ) واقعی۔ ہو بہو یقیناً ❖
سچا (ہ۔ مذ) سچ بولنے والا۔ کھرا۔ درست ❖
سچیت (ہ۔ ص) ہوشیار ❖
سحاب (ع مذ) بادل ابر گھٹا ❖
سحر (ع۔ مذ) جادو ❖
سحر (ع۔ مث) فجر۔ نور کا تڑکا ❖
سحر بیاں (ع۔ ص) مؤثر تقریر کرنے والا ❖
سحور (ع۔ مث) صبح سے پہلے کھانے کا وقت۔ روزہ رکھنے کا وقت ❖
سحری (ع مث) صبح کا کھانا ❖
سخا (ع۔ مث) سخاوت۔ بخشش۔ دان ❖

سخاوت (ع۔ مث) بخشش ؛

سخت (ف۔ ص) مضبوط۔ کڑا۔ بے رحم۔ بدمزاج۔ بہت ؛

سخت جان (ف۔ ص) سنگ دل۔ جس کی جان مشکل سے نکلے ؛

سخت سُست کہنا (ا) بُرا بھلا کہنا ؛

سختی (ف۔ مث) زیادتی۔ بدسلوکی۔ مصیبت ؛

سخن (ف۔ مذ) بات۔ گفتگو۔ شعر ؛

سخن پرور (ف) اپنی بات پر قائم رہنے والا۔ ضدی ؛

سخن چین (ف۔ مذ) چغل خور ؛

سخندان (ف۔ مذ) شاعر ؛

سخن ساز (ف۔ مذ) شاعر۔ مکار ؛

سخن سازی (ف۔ مث) باتیں بنانا۔ مکاری ؛

سخن سنج (ف۔ ص) شعر کی قدر کرنے والا ؛

سخن شناس (ف۔ ص) سخن کا قدر دان ؛

سخن فہم (ف۔ ص) کلام کو سمجھنے والا۔ قدر کرنے والا ؛

سخن گو (ف۔ مذ) شاعر ؛

سخنور (ف۔ مذ) شاعر ؛

سخی (ع۔ مذ) بخشش کرنے والا۔ فیاض ؛

سد (ف۔ مث) روک۔ دیوار۔ پردہ ؛

سدِ راہ ہونا (ا) روک ہو جانا۔ مانع آنا ؛

سدِ سکندری (ف۔ مث) سکندر کی بنائی ہوئی مشہور دیوار جو قوم یاجوج کے حملوں کو روکنے کیلئے بنائی گئی تھی ؛

سدا (ف) ہمیشہ۔ نت ؛

سدابرت (ہ۔ مذ) لنگر ؛

سدابہار (ف۔ ص) ہمیشہ تروتازہ ؛

سداسُہاگن (ا۔ مث) ہمیشہ سرسبز۔ ایک بوٹی ہوتی ہے ؛

سِدرہ (ع۔ مث) بیری کا درخت جو ساتویں آسمان پر ہے ؛

سِدرۃ المنتہیٰ (ع۔ مث) ساتویں آسمان پر بیری کا درخت کہ اس سے آگے کوئی نہیں جا سکتا ؛

سُدّہ (ع۔ مذ) گرہ۔ انتڑیوں کا غلیظ مواد جو سخت ہو کر قبض کر دیتا ہے ؛

سُدھ (ہ۔ مث) سمجھ ؛

سِدھارنا (ہ) روانہ ہونا۔ دنیا سے رخصت ہونا ؛

سِدھانا (ہ) سکھانا۔ جانور کو تعلیم دینا ؛

سُدھرنا (ہ) درست ہونا۔ ٹھیک ہونا ؛

سڈول (ہ۔ ص) خوبصورت۔ اچھے ڈول کا ؛

سڈیشن (انگ۔ مث) بغاوت ؛

سَر (انگ۔ مذ) جناب۔ ایک سرکاری خطاب ؛

سَر (ہ) تالاب ؛

سِر (ا۔ مذ) کلہ۔ کھوپڑی ؛

سُر (ہ۔ مث) تال۔ آواز۔ راگ ؛

سُر مِلانا (ہ) آواز مِلانا۔ موافقت کرنا ✦

سُر مِلنا (ہ) آواز مِل جانا۔ اتفاق ہونا ✦

سر اُٹھانا (ہ) سر اُبھارنا۔ فساد مچانا۔ مخالفت کرنا ✦

سر آنکھوں پر (ا) شوق سے خوشی سے ✦

سر پر سوار ہونا (ا) پیچھا نہ چھوڑنا۔ تنگ کرنا ✦

سر پر رکھنا (ا) اپنے سر پر بوجھ لینا۔ عزّت کرنا ✦

سر پھرا (ہ۔ص) بددماغ۔ بے پروا ✦

سر پھرنا (ہ) سر چکرانا۔ دماغ میں فتور آنا ✦

سر پھوڑنا (ا) سر توڑنا۔ لڑنا جھگڑنا ✦

سر جھکانا (ہ) انکساری کرنا۔ مان لینا۔ شرم سے سر نیچا کرنا

سر تسلیم خم ہے (ا) راضی ہیں۔ مان لیا ہے ✦

سر دُھننا (ہ) سر ہلانا۔ وجد میں آنا ✦

سر دینا (ہ) سر قربان کرنا۔ جان دینا ✦

سہرا ہونا (ہ) نیک نامی ہونا۔ عزت ہونا ✦

سر کرنا (ہ) فتح کرنا ✦

سر کھانا (ہ) بکواس کرنا ✦

سر کھجانا (ہ) شامت آنا۔ مار کھانے کو جی چاہنا ✦

سر کے ساتھ ہے (ہ) جان کے ساتھ ہے ✦

سَرِ اجلاس (ف) بھری مجلس میں ✦

سَرِ بازار (ف) عام شاہراہ پر۔ عام لوگوں کے سامنے ✦

سرِ بام (ف) چھت پہ کوٹھے پر ✦

سَر بستہ (ف۔ص) پوشیدہ ✦

سَر بسر (ف) تمام۔ بالکل برابر ✦

سَر بفلک (ف۔ص) بہت بلند ✦

سَر بگریبان (ف۔ص) گریبان میں سر جھکائے ✦

سَر بلند (ف۔ص) ممتاز۔ معزّز ✦

سَر بمُہر (ف۔ص) بند۔ مُہر لگا ہوا ✦

سَر پرست (ف۔مذ) ولی۔ نگہبان ✦

سَر پنچ (ا۔مذ) چودھری ✦

سَر پوش (ف۔مذ) ڈھکنا۔ ڈھکنے والا برتن ✦

سَر تاج (ف۔مذ) آقا۔ خاوند۔ مالک ✦

سَر حد (ف۔مث) کنارہ۔ ملک کی حد کے ساتھ والا علاقہ۔

سَر دست (ف) اس وقت۔ فی الحال ✦

سَر راہ (ف) رستے پر ✦

سَر رشتہ (ف۔مذ) محکمہ ✦

سَر زمین (ف۔مث) خطّہ۔ ولایت۔ زمین ✦

سَر سبز (ف۔ص) تروتازہ۔ آباد ✦

سَر شام (ف) شام ہوتے ہی ✦

سَر افراز (ف۔ص) سربلند معزز ✦

سَر فراز کرنا (ا) عزّت بخشنا ✦

سَرکش (ف۔ص) بے وفا باغی۔ نافرمان ✦

سَرکشی (ف۔مث) بے فرمانی۔

بغاوت ٭
سَرکوبی (ف۔ مث) سر کچلنا۔ سزا ٭
سَرگُذشت (ف۔ مث) واقعہ۔ ماجرا۔ بیتی ٭
سَرگِراں (ف۔ ص) مخمور۔ ناراض ٭
سَرگرداں (ف۔ ص) پریشان آزردہ ٭
سَرگرم (ف۔ ص) پُرجوش مستعد
سَرگرمی (ف۔ مث) جوش ٭
سَرگروہ (ف۔ مذ) گروہ کا سردار سرغنہ ٭
سَرگوشی (ف۔ مث) کانا پھوسی۔ برائی ٭
سَرِ مُو (ف) بال برابر۔ ذرا بھر ٭
سَرنگوں (ف۔ ص) شرمندہ ٭
سَرنوشت (ف۔ مث) تقدیر کا لکھا۔ قسمت ٭
سَروسامان (ف۔ مذ) ضروری اسباب ٭
سَروکار (ف۔ مذ) تعلق و واسطہ
سُراب (ف۔ مذ) دھوکا۔ بے اصل ٭
سَراپ (ہ۔ مذ) بددعا۔ کوسنا
سَراپا (ف۔ مذ) سر سے پاؤں تک۔ وہ نظم جس میں محبوب کے سر سے پاؤں تک ہر عضو کی الگ الگ تعریف ہو ٭
سِراج (ع۔ مذ) دیا۔ لیمپ ٭
سَراسَر (ف) تمام۔ بالکل ٭
سَراسِیمہ (ف۔ ص) گھبرایا ہُوا بے قرار ٭
سَراسیمگی (ف۔ مث) پریشانی گھبراہٹ ٭
سُراغ (ت۔ مذ) پتہ۔ نشان کھوج ٭
سُراغ رساں (ف۔ مذ) کھوج نکالنے والا ٭
سرآمد (ف۔ ص) سردار برگزیدہ۔ کامل ٭
سَرانجام (ف۔ مذ) آخر کار انتظام ٭
سَراندیپ (ہ۔ مذ) جزیرہ لنکا
سَرایت کرنا (ا) گھسنا۔ اثر کرنا ٭
سَربَراہ (ف۔ مذ) انتظام کرنے والا ٭
سَرپَٹ (ہ۔ ص) گھوڑے کی تیز رفتاری۔ تیز ٭
سَرپیچ (ف۔ مذ) پگڑی ٭
سُرت (ہ۔ مث) ہوش عقل۔ سمجھ ٭
سُرتا (ہ۔ ص) ہوشیار ٭
سَرتابی (ف۔ مث) سرپھیرنا نافرمانی ٭
سَرجَن (انگ۔ مذ) جرّاح ڈاکٹر ٭
سُرجَن (ص۔ مذ) معزز آدمی۔ شریف ٭
سَرچشمہ (ف۔ مذ) منبع۔ نکلنے کی جگہ ٭
سُرخاب (ف۔ مذ) پانی کے ایک جانور کا نام ہے ٭
سُرخاب کا پر لگنا (ا) کوئی انوکھی بات ہونا۔ غرور ہونا ٭
سُرخ رُو (ف۔ ص) کامیاب۔ خوش و خرم ٭
سُرخ رُو ہونا (ا) کامیاب ہونا۔ بری الذمہ ہونا ٭

سُرخ رُوئی (ف ۔ مث) عزت کامیابی ۔

سَرد (ف ۔ ص) ٹھنڈا ۔ بے رونق ۔

سَرد بازاری (ف ۔ مث) خرید و فروخت کم ہونا ۔ بازار مندا ہونا ۔

سَرد و گرم زمانہ (ف ۔ مذ) زمانے کی اونچ نیچ ۔ برا بھلا زمانہ ۔

سَرد مِہر (ف ۔ ص) بے وفا ۔ سخت دِل ۔ بے محبّت ۔

سَرد مِہری (ف ۔ مث) بے پرواہی ۔ بے وفائی ۔

سَرد ہونا (ا) ٹھنڈا ہونا ۔ ماند پڑنا ۔ مر جانا ۔

سَرد آبہ (ف ۔ مذ) تہ خانہ ۔ ٹھنڈے پانی کی جگہ ۔

سَرداری (ف ۔ مث) بزرگی ۔ عزت ۔ حکومت ۔

سَردست (ف) فی الحال ۔ اس وقت ۔

سَرزد ہونا (ا) صادر ہونا ۔ واقع ہونا ۔

سَرزَنِش (ف ۔ مث) تنبیہ ۔ ملامت ۔

سَرزور (ف ۔ ص) سرکش ۔ نافرمان ۔

سَرزنی (ف ۔ مث) سر مارنا ۔ کوشش کرنا ۔

سَرس (ہ ۔ مذ) سرینہ ۔ مشہور درخت ہے ۔

سَرسام (ف ۔ مذ) ایک بیماری کا نام ہے ۔

سَرسَراہٹ (ہ ۔ مث) سرسر کی آواز ۔

سَرسَری (ف ۔ مث) مختصر طور پر ۔ غور کے بغیر ۔ اوپری ۔

سَرشار (ف ۔ ص) مست ۔ بھرا ہوا ۔

سَرِشت (ع ۔ مث) فطرت ۔ نیچر ۔ طبیعت ۔ عادت ۔ خمیر ۔

سَرِشک (ف ۔ مذ) آنسو ۔ قطرہ ۔

سَرطان (ف ۔ مذ) کیکڑا ۔ ایک برج کا نام ہے ۔

سُرعت (ع ۔ مث) تیزی ۔ جلدی ۔

سَرغنہ (ف ۔ مذ) سردار ۔ لیڈر ۔

سَرقہ (ع ۔ مذ) چوری ۔

سَرکار (ف ۔ مث) حکومت ۔ دربار شاہی ۔ آقا ۔

سَرکاری (ف ۔ ص) سرکار کا حکومت کا ۔

سَر کرنا (ا) فتح کرنا ۔

سَرکل (انگ ۔ ص) حلقہ ۔ علاقہ ۔ دائرہ ۔

سَرگلر (انگ ۔ مذ) گشتی چٹھی ۔

سَرکنا (ہ) کھسکنا ۔ آہستہ سے چلا جانا ۔

سَرکنڈا (ہ ۔ مذ) کانا ۔ نَے ۔

سِرکہ (ف ۔ مذ) انگور یا گنّے کا سڑا ہوا شیرہ ۔ ترش عرق ۔

سُرگ (ہ ۔ مذ) بہشت ۔

سُرگباش (ہ ۔ مذ) مرحوم ۔ جنتی ۔

سَرما (ف ۔ مذ) سردی کا موسم جاڑا ۔

سَرمائی (ف ۔ ص) جاڑے کا ۔

سَرمایہ (ف ۔ مذ) پونجی ۔ مال و دولت ۔

سَرمایہ دار (ف ۔ مذ) دولتمند ۔

سَرمد (ع ۔ ص) ہمیشہ ۔

سَرمدی (ع) ہمیشہ کا ۔

سُرمہ (ف ۔ مذ) کاجل ÷

سُرنگ (ہ ۔ مذ) زمین کے اندر کا رستہ ۔ نقب ÷

سَرو (ف ۔ مذ) ایک سیدھے قد کا درخت ہے صنوبر ÷

سَروقد (ف ۔ ص) لمبا اونچا جوان ۔ خوبصورت ÷

سَرور (ف ۔ مذ) سردار بزرگ ÷

سُرود (ع ۔ مذ) راگ ۔ سماع ÷

سُرور (ع ۔ مذ) مزا ۔ مستی لطف ÷

سُروشِ غیب (ف) غیب کا فرشتہ ÷

سَروس (انگ ۔ مث) ملازمت ۔ خدمت ÷

سَروِس بُک (انگ ۔ مث) وہ کتاب جس میں ملازم کی ترقی تنزلی رخصت وغیرہ ضروری باتیں درج کیجاتی ہیں

سَرویَر (انگ ۔ مذ) پیمائش کرنیوالا

سَرہنگ (ف ۔ مذ) فوج کا سردار ۔ بہادر ÷

سَریر (ع ۔ مذ) تخت ÷

سَریر آرا (ف مذ) تخت کو زینت دینے والا ÷

سَریر (ہ ۔ مذ) جسم ۔ پنڈا ۔

سَریش (ف ۔ مث) ایک لیسدار چیز جس سے لکڑی کو جوڑتے ہیں ÷

سَریع (ع ۔ ص) تیز ۔ جلدی کرنے والا ۔ شتاب ÷

سَریع الاُثر (ع ۔ ص) جلدی اثر کرنے والی چیز ÷

سَریع الاعتقاد (ع ۔ ص) جلدی مان لینے والا ÷

سَریع السیر (ع ۔ ص) جلد جلد چلنے والا ÷

سَریع الفہم (ع ۔ ص) تیز فہم ۔ جلد سمجھنے والا ÷

سُریلا (ہ ۔ مذ) اچھی سُر والا اچھی آواز والا ۔ میٹھا ÷

سُریلی (ہ ۔ مث) میٹھی اچھی آواز ÷

سُرین (ف ۔ مذ) چوتڑ ÷

سڑا ہوا (ہ ۔ ص) پڑا پڑا گل گیا ہوا ۔ بگڑا ہوا ۔ جلا بھنا ۔ بدمزاج

سڑانڈ (ہ ۔ مث) بدبو ÷

سڑک (ہ ۔ مث) رستہ ۔ شارع عام ÷

سڑنا (ہ) گلنا ۔ خراب ہونا ÷

سڑی (ہ ص) پاگل ۔ سودائی

سڑیل (ہ ۔ ص) بدمزاج ÷

سزا (ف ۔ مث) جرم کا بدلہ ۔ لائق ۔ مناسب ÷

سزاوار (ف ص) لائق ۔ واجب

سزایاب (ف ۔ ص) سزا پائے ہوئے ÷

سُست (ف ۔ ص) ڈھیلا ۔ کمزور ÷

سسنا (ہ ۔ مذ) کم قیمت

سستانا (ہ) دم لینا آرام کرنا ÷

سُستی (ف ۔ مث) کمزوری ڈھیلاپن ۔ نحوست ÷

سُستی کرنا (ہ) بے پرواہی کرنا ۔

سُسر (ہ ۔ مذ) بیوی کا باپ ۔ خسرا ÷

سُسرال (ہ۔ مذ) ساس
سُسر کا گھر ٭
سِسکنا (ہ) ہچکیاں لینا۔
مشکل سے دم لینا۔ مرنے
کے قریب ہونا ٭
سِسکی (ہ۔ مث) ہچکی جو
کے باعث ہچکی کے ساتھ رونا
سِشن (انگ۔ مث) جلاس
عدالت فوجداری ٭
سِشن جج (انگ۔ مذ)
سنگین مقدمات فیصل
کرنے والا۔ حاکم ٭
سَطح (ع۔ مث) ہر چیز کا اوپر
کا حصہ ٭
سَطحِ مُرتفع (ع۔ مث) بلند سطح
سَطر (ع۔ مث) لکیر۔ قطار۔
لکھنا ٭
سَطوت (ع۔ مث) دبدبہ
شان و شوکت۔ رُعب داب ٭
سُطور (ع۔ مث) جمع سطر کی
سَعادت (ع۔ مث) نیکی۔
خوش بختی ٭
سَعادتِ دارین (ع۔ مث)
دونوں جہانوں کی نیک بختی ٭
سَعادتمند (ف) نیک بخت فرمانبردار
سَعادت مندی (ف۔ مث)
نیک بختی۔ اطاعت ٭
سَعد (ع۔ مذ) نیک۔ مبارک ٭
سَعدین (ع۔ مذ) دو مبارک
ستارے ٭
سَعی (ع۔ مث) کوشش ٭
سَعید (ع۔ ص) نیک۔ مبارک۔
سَفارت (ع۔ مث) وکالت
ایلچی گری ٭
سَفارش (ف۔ مث) کسی کے
واسطے اس کی بہتری کے
لیئے کچھ کہنا۔ مدد۔ سہارا ٭
سَفّاک (ع۔ ص) ظالم۔ قاتل ٭
سَفّاکی (ف) ظلم۔ خونریزی ٭
سِفال (ع۔ مث) ٹھیکری۔
مٹی کا برتن ٭
سَفر (ع۔ مذ) کوچ۔ روانگی۔
مسافری ٭
سَفر کرنا (ا) باہر جانا۔ کوچ
کرنا۔ مر جانا ٭
سَفرنامہ (ف۔ مذ) سفر کے حالات
کی کتاب ٭
سُفرہ (ع۔ مذ) دسترخوان ٭
سُفری (ف۔ ص) سفر کا اسباب۔
سِفلہ (ع) کمینہ۔ اوچھا ٭
سَفوف (ف۔ مذ) باریک
پسی ہوئی چیز ٭
سُفید (ف۔ ص) چٹا۔ گورا۔
صاف ٭
سُفید و سیاہ (ف۔ ص) نیکی
بدی۔ ہر بات ٭
سُفیدی (ف۔ مث) چٹاپن۔
قلعی ٭
سَفیر (ع۔ مذ) ایلچی ٭
سَفینہ (ع۔ مذ) کشتی۔ ناؤ۔
سَفیہ (ع۔ ص) کمینہ۔ اوچھا ٭
سَقّا (ع۔ مذ) پانی پلانے والا
ماشکی ٭
سَقاوہ (ا۔ مذ) پانی کا چھوٹا
سا حوض ٭
سَقَر (ع۔ مذ) دوزخ ٭
سُقراط (ی۔ مذ) یونان کے
ایک بہت بڑے حکیم کا نام ہے
جو افلاطون کا اُستاد تھا ٭

سُقُف (ف ۔مث) چھت ۔ چھت کا اندرونی حصّہ ٭
سُقم (ع ۔مذ) بیماری ۔خامی ۔ کمی ٭
سَقیم (ع ۔مذ) بیمار ٭
سَقیمُ الحال (ع ۔مذ) مفلس غریب ۔کنگال ٭
سکالر (انگ ۔مذ) فاضل عالم ٭
سکالرشپ (انگ ۔مذ) وظیفہ ۔
سُکّان (ع ۔مذ) رہنے والے باشندے ٭
سکاوٹ (انگ ۔مذ) دیکھ بھال کرنے والا ۔خادم ٭
سکت (ہ ۔مث) طاقت زور ۔
سکتّر (ا ۔مذ) سیکرٹری میرمنشی
سکتہ (ع ۔مذ) بیہوشی غشی ٭
سکتہ کا عالم (ا) بیحس و حرکت ہونا ۔خاموشی ٭
سُکر (ع ۔مذ) مستی ۔نشہ ٭
سکرات (ع ۔مث) جان کنی کی شدت ۔نزع کی تکلیف ۔
سیکرٹری (انگ ۔مذ) سکتّر ۔ میرمنشی ٭

سکڑنا (ہ) سردی کے سبب سمٹنا ۔ٹھٹھرنا ٭
سکشا (ہ ۔مث) تعلیم ۔درس ٭
سِکندر (ی ۔مذ) یونان کے مشہور بادشاہ کا نام ہے ٭
سُکوت (ع ۔مث) خاموشی ٭
سکول (انگ ۔مذ) مدرسہ مکتب ٭
سکون (ع ۔مذ) قرار ۔آرام ۔ اطمینان ٭
سکونت (ع ۔مث) ٹھہرنا بود و باش ۔رہائش ٭
سُکھ (ہ ۔مذ) آرام ۔چین ٭
سِکّہ (ع ۔مذ) شاہی مُہر ۔روپیہ پیسہ جو ملک میں چلتا ہے ٭
سکّہ بیٹھنا (ا) رعب بیٹھنا ٭
سکھانا (ہ) تعلیم دینا ۔تربیت کرنا
سکھی (ہ ۔مث) ساتھی ۔یار ۔ سہیلی ٭
سکیل (انگ ۔مذ) پیمانہ ٭
سگ (ف ۔مذ) کتّا ٭
سگِ تازی (ف ۔مذ) شکاری کتّا ٭
سگنل (انگ ۔مذ) نشان اشارہ ٭

سگنیلر (انگ ۔مذ) تار بابو ٭
سُگھڑ (ہ ۔ص) خوش سلیقہ ۔ تمیز والی ٭
سِل (ع ۔مذ) پھیپھڑوں کی بیماری ٭
سِل (ہ ۔مث) اینٹ ٭
سَلاح (ع ۔مذ) لڑائی کے ہتھیار
سَلاح بند (ف ۔ص) مسلح ہتھیار بند ۔ تیار ٭
سَلاح خانہ (ف ۔مذ) وہ جگہ جہاں ہتھیار جمع رہیں ٭
سَلاخ (ا ۔مث) لوہے کی لمبی گول سیخ ٭
سَلاست (ع ۔مث) روانی آسانی ۔سادگی ٭
سَلاسِل (ع ۔مث) جمع سلسلہ کی ۔ زنجیریں ٭
سَلاطین (ع ۔مذ) جمع سلطان کی ۔ بادشاہ ٭
سلام (ع ۔مذ) آداب تسلیم بندگی ٭
سلام ہے (ا) معاف کرو ۔چھوڑو ٭

سلامت (ع ۔ص) محفوظ تندرست ٭
سلامت روی و باز آئی (ف ۔ دعا) خیریت سے جاؤ اور واپس آؤ ٭
سلامتی (ف ۔ مث) آرام تندرستی ۔ حفاظت ٭
سلامی (ا ۔ مث) تعظیم توپوں یا بندوقوں سے پیشوائی کرنا
سلب (ع ۔ص) لے جانا نیست ہونا ۔ نہ رہنا ٭
سلجھنا (ہ) کھلنا ۔ آسان ہونا مشکل امر کا فیصلہ ہونا ٭
سلجھانا (ہ) پیچیدہ اور مشکل معاملہ کو طے کرنا ۔ آسان کرنا ٭
سلح (ع ۔ مذ) لڑائی کا ہتھیار
سلح پوش (ف ۔ص) ہتھیار بند
سلسلہ (ع ۔ مذ) زنجیر ۔ قطار ٭
سلسلہ وار (ف ۔ص) ترتیب وار
سلطان (ع ۔ مذ) بادشاہ ٭
سلطانہ (ع ۔ مث) بادشاہ عورت
سلطنت (ع ۔ مث) حکومت بادشاہی ٭

سلف (انگ) خود ۔ بذات خود
سلف رسپکٹ (انگ ۔ مث) خود داری ٭
سلف گورنمنٹ (انگ ۔ مث) سوراج ۔ حکومت ۔ خود اختیاری ٭
سلف (ف ۔ مذ) سودا لین دین
سلفا (ا ۔ مذ) چرس ۔ تمباکو ٭
سلک (ع ۔ مث) لڑی قطار ۔
سلک (انگ ۔ مذ) ریشم ٭
سلگانا (ہ) آگ جلانا ۔ روشن
سلگنا (ہ) روشن ہونا آگ کا جلنا
سلوتری (ہ ۔ مذ) گھوڑوں کا ڈاکٹر
سلوٹ (ہ ۔ مث) شکن ۔ بل ٭
سلوک (ع ۔ مذ) برتاؤ ۔ دوستی محبت ٭
سلیبس (انگ ۔ مذ) خلاصہ پڑھائی کی ترتیب وغیرہ ٭
سلیپر (انگ ۔ مذ) بن ایڑیوں کی جوتی ۔ شہتیر ٭
سلیٹ (انگ ۔ مث) پتھر کی تختی ٭
سلیس (ع ۔ص) آسان ۔ عام فہم

سلیقہ (ع ۔ مذ) تمیز ۔ سمجھ کام کا ڈھنگ ٭
سلیم (ع ۔ص) درست ٹھیک بردبار ٭
سلیم الطبع (ع ۔ص) اچھی طبیعت کا آدمی ۔ نرم طبیعت کا آدمی ٭
سلیمان (ع ۔ مذ) ایک پیغمبر کا نام ہے ۔ جن کے ماتحت جن ۔ پری ۔ دیو وغیرہ تھے ٭
سم (ہ ۔ مذ) گھوڑے کے ناخن
سمّ (ع ۔ مذ) زہر ٭
سم الفار (ع ۔ مذ) سنکھیا ٭
سم قاتل (ع ۔ مذ) مار ڈالنے والا زہر ٭
سما (ع ۔ مذ) آسمان ۔ فلک ٭
سماں (ہ ۔ مذ) وقت ۔ نظارہ
سماں باندھنا (ہ) لطف پیدا کرنا ٭
سماج (ہ ۔ مث) انجمن ۔ کمیٹی ٭
سماجت (ہ ۔ مث) منت عاجزی ٭
سمادھ (ہ ۔ مث) سنت و فقیر کی مڑھی

سَماع (ع۔ مذ) راگ سننا بھنتا
سَماعت (ع۔ مث) سننا
مقدمہ کی شنوائی ؛
سَماعی (ع۔ ص) روایتی۔
سُنا سُنایا ؛
سَمانا (ہ) پورا آنا۔ کھپنا ؛
سَماوی (ع۔ ص) آسمانی فلکی
سَمائی (ہ۔ مث) گنجائش ؛
سَمبدھی (ہ۔ ص) رشتہ دار۔
تعلق دار۔ قبیلہ ؛
سِمَت (ع۔ مث) طرف ؛
سِمتُ الراس (ع۔ مث)
سر کی طرف۔ بلندی ؛
سِمٹنا (ہ) اکٹھا ہونا۔ سکڑنا ؛
سمجھ (ہ۔ مث) عقل۔ شعور ؛
سمجھ پر پتھر پڑیں (ہ) ایسی
عقل پر افسوس ؛
سمجھ دار (ا۔ ص) عقلمند۔ دانا ؛
سَمع (ع۔ مذ) راگ سننا۔ سننا
سَمع خراشی (ف۔ مث) کان
کھانا۔ بکواس کرنا ؛
سَمَن (ف۔ مث) چنبیلی ؛
سَمَن (انگ۔ مذ) طلبی۔ پروانہ
طلبی ؛
سَمَند (ف۔ مذ) گھوڑا ؛
سَمُندر (ہ۔ مذ) ساگر۔ بحر ؛
سَمَندر (ف۔ مذ) ایک کیڑے
کا نام ہے۔ جو آگ کے
اندر پیدا ہوتا ہے ؛
سَمُور (ع۔ مذ) پشم والی کھال ؛
سَمُوم (ع۔ مث) زہریلی ہوا
سخت گرم ہوا ؛
سَمیت (ہ) مع۔ ساتھ ؛
سَمیٹ (ہ۔ مث) اکٹھا کرنا۔
سمیٹنا (ہ) اکٹھا کرنا۔ اُٹھانا ؛
سَمیع (ع۔ ص) سننے والا۔
خدا کا نام ہے ؛
سِنّ (ع۔ مذ) سال۔ عمر ؛
سنّ بلوغ (ع۔ مذ) جوانی
کی عمر۔ سمجھ کی عمر ؛
سِنّ شعور (ع۔ مذ) تمیز کی عمر۔ جوانی
سِنّ رسیدہ (ف۔ ص) بوڑھا
سَن (ہ۔ مث) ایک پودے کا
نام ہے۔ جس کی چھال سے
بوریاں وغیرہ بنتی ہیں ؛
سُنّ (ہ۔ ص) بے حس ؛
سَنّاٹا (ہ۔ مذ) حیرت۔ سکتے کا
عالم۔ چُپ چاپ۔
خوف ؛
سَنّاٹے میں آنا (ہ) ڈر جانا
خوف کھانا ؛
سُنار (ہ۔ مذ) سونے کا کام
کرنے والا۔ زرگر ؛
سِنان (ف۔ مث) برچھی۔
بھالا۔ نیزہ ؛
سُنانا (ہ) کان میں ڈالنا۔
گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا ؛
سُنبل (ع۔ مذ) ایک خوشبودار
گھاس ہے ؛
سَنبوسہ (ف۔ مذ) سموسا ؛
سُنبہ (ف۔ مذ) لوہے میں
سوراخ کرنے کا اوزار ؛
سنبھالا لینا (ہ) موت سے
پہلے ذرا افاقہ معلوم ہونا ؛
سنبھالنا (ہ) تھامنا۔ روکنا ؛
سَنبھلنا (ہ) ہوش میں آنا۔
ٹھہرنا۔ درست ہونا ؛
سَنت (ہ۔ مذ) فقیر۔ سادھو
سُنّت (ع۔ مث) طریقہ۔ قاعدہ

پیغمبر اسلام کا قول و فعل ÷
سُنتان (ہ۔ مذ) اولاد۔ بال بچے
سَنتری (انگ مذ) پہرہ دار ÷
سَنتوکھ (ہ۔ مذ) توکل۔ صبر
سَنٹر (انگ مذ) مرکز۔ درمیانی
جگہ ÷
سَنٹرل (انگ ص) درمیانی
بڑی ÷
سَنٹی میٹر (انگ) ایک پیمانہ ہے
سَنجاف (ا۔ مث) جھالر۔ کنارہ
سنجوگ (ہ۔ مذ) میل ملاپ
اتفاقی ملاقات ÷
سَنجیدگی (ف۔ مث) متانت
پختہ کاری۔ عقلمندی ÷
سَنجیدہ (ف۔ ص) متین فہمیدہ
جچا تُلا آدمی ÷
سَنَد (ع۔ مث) دلیل۔ ثبوت
دستاویز۔ سرٹیفکیٹ ÷
سَندان (ف۔ مث) آہرن ÷
سُندر (ہ۔ ص) خوبصورت
حسین ÷
سَندیسا (ہ۔ مذ) پیغام ÷
سَنڈے (انگ مذ) اتوار ÷

سِنڈیکیٹ (انگ) مجلس۔
کمیٹی ÷
سَنسار (ہ۔ مذ) جگ جہان ÷
سُنسان (ہ۔ مذ) ویران۔ غیر آباد
سَنسکرت (س مث) ہندوستان
کی قدیم زبان جس میں وید
لکھے ہوئے ہیں ÷
سَنسناہٹ (ہ۔ مث) سَن سَن
کی آواز۔ غشی ÷
سنکرانت (ہ۔ مث) ہندی
مہینے کا پہلا دِن ÷
سنکونا (ہ۔ مذ) ایک درخت
ہے۔ جس کی چھال کے سفوف
سے کونین تیار ہوتی
ہے ÷
سَنکھ (ہ۔ مذ) ناقوس۔ ناد ÷
سَنکھیا (ہ۔ مث) زہر۔ سم الفار
سَنگ (ف۔ مذ) پتھر۔ سخت ÷
سَنگِ اَسود (ف۔ مذ) وہ پتھر
جو کعبہ شریف کے در پر
رکھا ہوا ہے ÷
سنگ آمد و سخت آمد (ف)
مصیبت آئی۔ اور بُری طرح

آئی۔ چھٹکارا ممکن
نہیں ÷
سَنگ پُشت (ف۔ مذ) کچھوا
سنگتراش (ف۔ مذ) پتھر کا کام
کرنے والا ÷
سَنگ دِل (ف۔ ص) سخت
دل۔ ظالم۔ بے رحم ÷
سَنگ ریزہ (ف۔ مذ) پتھر
کے ٹکڑے۔ کنکر ÷
سَنگسار کرنا (ا) پتھر مار مار کر
مار دینا۔ اسلام میں زنا
کی سزا ÷
سنگلاخ (ف۔ ص) سخت
پتھریلی ÷
سَنگِ لوح (ف۔ مذ) مزار کا
پتھر۔ جس پر مُردے کا نام
وغیرہ لکھا ہوتا ہے ÷
سَنگِ مزار (ف مذ) قبر کا پتھر ÷
سَنگ (ہ۔ مذ) ہمراہ۔ ساتھ ÷
سنگار (ہ۔ مذ) سجاوٹ۔ آراستگی
سَنگت (ہ۔ مث) ہمراہی
دوستی۔ شراکت ÷
سِنگوٹی (ہ۔ مث) رتی یا سُرخ

کیڑا جو بیلوں کے سینگوں کے گرد لپیٹتے ہیں ٭
سِنگھ (ہ۔ مذ) شیر۔ بہادر۔ راجپوتوں اور سکھوں کے نام کے ساتھ عام طور پر آتا ہے
سِنگھاسَن (ہ۔ مذ) شاہی تخت
سَنگی (ہ۔ مذ) ساتھی ٭
سَنگِین (ف۔ص) بھاری سخت ایک قسم کا ہتھیار ہے ٭
سَنگِین جُرم (ف۔ مذ) بڑا بھاری جُرم۔ سخت جُرم ٭
سَنگِین سزا (ف۔ مث) بڑی سخت سزا ٭
سَنْوارنا (ہ) درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ سجانا ٭
سَنْوَرنا (ہ) درست ہونا۔ ٹھیک ہونا ٭
سَنہ (ف۔ مذ) سال۔ برس ٭
سُنہری (ہ۔ص) سونے کے رنگ کا۔ سونے کا بنا ہُوا ٭
سُن ہو جانا (ہ) ٹھٹھر جانا۔ بے حس و حرکت ہونا ٭
سُنّی (ع۔ مذ) مسلمانوں کا وہ

بڑا گروہ جو چاروں خلیفوں کو برحق جانتا ہے۔ اہل سنت والجماعت ٭
سَنیاسی (ہ۔ مذ) جوگی۔ فقیر ٭
سَنیچر (ہ۔ مذ) ہفتہ۔ ساتواں ستارہ
سِنیما (انگ۔ مذ) تماشا جس میں چلتی پھرتی تصویریں دکھائی جاتی ہیں ٭
سُو (ف۔ مث) طرف۔ جانب ٭
سُو بسُو (ف) ہر طرف ٭
سُوء (ع۔ص) بُرا ٭
سَوا (ہ۔ص) ایک چوتھائی زیادہ۔ زیادہ ٭
سِوا (ہ) بغیر۔ علاوہ ٭
سَواد (ہ۔ مذ) مزہ۔ لطف۔ فرحت ٭
سَواد (ع۔ مذ) اردگرد شہر کے نزدیک ٭
سَوار (ف۔ مذ) گھوڑے وغیرہ پر چڑھا ہُوا ٭
سُوال (ع۔ مذ) مانگنا۔ پوچھنا درخواست ٭
سُوامی (ہ۔ مذ) بزرگ۔ آقا مالک۔ خاوند ٭

سَوانح (ع۔ مذ) سانحہ کی جمع۔ واقعات۔ حادثات ٭
سَوانحعُمری (ا۔ مذ) عمر بھر کے حالات۔ حالات زندگی ٭
سُوانگ (ہ۔ مذ) سانگ بھروپ ٭
سِوائے (ہ) اسکے سوا اس کے علاوہ ٭
سَوایا (ہ۔ص) زیادہ ٭
سُوت (ہ۔ مذ) روئی کا تار۔ کاتی ہوئی رُوئی ٭
سُوتی (ہ۔ص) سُوت سے بنا ہُوا ٭
سوتیلا (ہ۔ص) سوکن کا بیٹا۔
سُوٹ (انگ۔ مذ) کوٹ۔ پتلون۔ ایک ہی کپڑے اور رنگ کا کُرتہ اور پاجامہ ٭
سُوٹڈ بُوٹڈ (انگ۔ص) سُوٹ بُوٹ پہنے ہوئے۔ جنٹلمین خوش پوش ٭
سُوجن (ہ۔ مث) ورم ٭
سُوجنا (ہ) ورم ہونا۔ جسم میں گندہ مادہ ایک جگہ اکٹھا ہو جانا ٭

سُوجھ (ہ۔مث) سمجھ۔عقل ؛
سُوجھنا (ہ) معلوم ہونا۔دکھائی دینا۔سوچ میں آنا ؛
سُوجی (ہ۔مث) رَوا ؛
سوچ (ہ۔مث) غور۔فکر۔دھیان
سوچ بچار (ہ۔مذ) غور و فکر سوچنا ؛
سوچنا (ہ) غور کرنا۔فکر کرنا ؛
سوخت (ف۔مث) سوزش جلن ؛
سوختہ (ف۔ص) جلا ہُوا افسردہ ؛
سُود (ف۔مذ) فائدہ۔نفع بیاج
سُود در سُود (ف) بیاج کو اصل زر کے ساتھ ملا کر بیاج لگانا ؛
سُود مند (ف۔ص) فائدہ مند
سَودا (ع۔مذ) سیاہ جنون دیوانگی۔عشق۔خیال ؛
سَودا (ف۔مذ) خرید و فروخت
سودا سُلف (ا۔مذ) چیزیں جو بازار سے خریدی جاویں چیز بست ؛

سَوداگر (ف۔مذ) بیوپاری تاجر ؛
سَودائی (ع۔ص) پاگل۔احمق۔بیوقوف ؛
سَوداوی (ع۔ص) جس کے مزاج میں سودا زیادہ ہو ؛
سُودی (ف۔ص) وہ روپیہ جو سود پر لیا دیا جاوے ؛
سوڈا (انگ۔مذ) کھار۔سجّی ؛
سوڈا واٹر (انگ۔مذ) سوڈے والا پانی ؛
سُوربیر (ہ۔ص) بڑا بہادر ؛
سُوَر (ہ۔مذ) خنزیر۔خوک۔شریر آدمی ؛
سُوراج (س۔مذ) اپنا راج۔ہوم رول ؛
سُوراخ (ف۔مذ) چھید۔رخنہ۔موری ؛
سُورج (ہ۔مذ) آفتاب۔خورشید۔دُھوپ ؛
سُورج کو چراغ دکھانا (و) عقلمند کو عقل سکھانا۔بیہودہ کام کرنا ؛
سُورگ (ہ۔مذ) بہشت ؛

سُورما (ہ۔ص) دلیر۔بہادر ؛
سوز (ف۔مذ) جلن۔دُکھ۔درد
سوزش (ف۔مث) جلن تکلیف ؛
سوزن (ف۔مث) سُوئی ؛
سوزنی (ف۔مث) چادر۔چاندنی ؛
سوسائٹی (انگ۔مث) انجمن۔کمیٹی۔مجلس ؛
سُوسمار (ف۔مذ) گوہ۔مشہور جانور ہے ؛
سوسَن (ف۔مث) نیلے رنگ کا ایک مشہور پھول ہے ؛
سوسنی (ف۔ص) آسمانی۔نیلگوں ؛
سوشل (انگ۔ص) ملاپ رکھنے والا۔سوسائٹی کے متعلق متمدّن ؛
سوشلسٹ (انگ۔مذ) مساوات کا قائل ؛
سوغات (ف۔مث) تحفہ۔عمدہ چیز ؛
سُوکھا (ہ۔ص) خشک۔رُوکھا

سُوکھنا (ہ) خشک ہونا۔ تری نہ رہنا ٭
سوگ (ف۔مذ) ماتم۔غم ٭
سوگوار (ف۔مذ) غمگین۔ ماتمی۔مغموم ٭
سَوگند (ف۔مث) قسم۔قول ٭
سوگی (ہ۔ص) غمگین ٭
سُول (ہ۔مذ) کانٹا۔درد چُبھن ٭
سول (انگ۔مذ) تلا۔تلوا۔ واحد۔اکیلا ٭
سول ایجنٹ (انگ۔مذ) کسی چیز کا واحد ایجنٹ ٭
سِول (انگ۔ص) مہذب خلیق۔انتظام کے متعلق ٭
سِول سَرجن (انگ۔مذ) ضلع کے ہسپتالوں کا افسر ٭
سِول سَروِس (انگ۔مث) سول کی ملازمت ٭
سِول لِسٹ (انگ۔مث) وہ فہرست جس میں تمام ملازمین سول درج ہوتے ہیں ٭

سِول سٹیشن (انگ۔مذ) کچہریاں اور افسروں کی رہنے کی کوٹھیاں ٭
سُولی (ہ۔مث) دار۔پھانسی ٭
سُوم (ف۔ص) تیسرا ٭
سونا (ہ) آرام کرنا۔نیند کرنا ٭
سونا (ہ۔مذ) مشہور قیمتی دھات
سُونا (ہ۔ص) ویران۔غیر آباد ٭
سوندھی (ہ۔مث) خوشبودار
سُونڈ (ہ۔مذ) ہاتھی کا خرطوم ناک ٭
سَونف (ا۔مث) ایک مشہور دوا کا نام ہے۔بادیان ٭
سُونگھنا (ہ) بُولینا ٭
سونے کی چڑیا (ہ) دولتمند نایاب چیز۔بہت زرخیز ملک ٭
سونے پہ سُہاگہ (ہ) زیادہ زینت کا سبب۔زیادہ چمکنا ٭
سُونی (ہ۔ص) ویران ٭
سُوہان (ف۔مذ) ریتی۔ رگڑنے کا ہتھیار ٭
سُوہانِ رُوح (ف۔مث) رُوح

کو گھلانے والی بات یا وغیرہ
سُوَیدا (ع۔مذ) سیاہ نکتہ۔ داغ دل ٭
سَوَیرا (ہ۔مذ) صبح۔پہلا وقت ٭
سُوَیمبر (ہ۔مذ) ہندوؤں کے پہلے زمانے کی رسم جس میں لڑکی اپنا خاوند خود چُنتی تھی ٭
سِہ (ف۔ص) تین ٭
سِہ چند (ف۔ص) تین گُنا ٭
سِہ روزہ (ف۔ص) ہر تین روز کے بعد نکلنے والا اخبار وغیرہ ٭
سِہ شنبہ (ف۔مذ) منگلوار ٭
سِہ ماہی (ف۔ص) ہر تین ماہ کے بعد ٭
سُہانا (ہ۔ص) پسند۔مرغوب عُمدہ ٭
سَہارا (ہ۔مذ) تکیہ۔آسرا۔ بھروسا۔مدد ٭
سَہارا دینا (ہ) مدد کرنا۔تھامنا
سُہاگ (ہ۔مذ) خوشحالی۔ عورت کے لئے خاوند کی زندگی کا زمانہ ٭

سُہاگا (ہ۔ مذ) ایک قسم کی کھار جو سونا چاندی پگھلانے کے کام آتی ہے ؛
سُہاگن (ہ۔ مث) خوش نصیب سہاگ والی ؛
سہج (ہ۔ مذ) آہستہ۔ آسان
سہج پکے سو میٹھا ہو (ہ) جو کام آہستہ آہستہ ہو وہ ٹھیک ہوتا ہے ؛
سَہل (ف۔ ص) آسان ؛
سہل انگاری (ف۔ مث) آرام طلبی۔ سستی ؛
سہم (ف۔ مذ) ڈر۔ خوف ؛
سہم جانا (ا) ڈر جانا ؛
سہمنا (ا) ڈرنا۔ خوف کھانا
سہو (ع۔ مذ) غلطی۔ بھول چوک ؛
سہوًا (ع) غلطی سے ؛
سُہولت (ف۔ مث) آسانی آرام ؛
سُہیل (ع۔ مذ) ایک مشہور چمکدار ستارے کا نام ہے
سہیلی (ہ۔ مث) ساتھ رہنے والی۔ ہمجولی۔ سکھی ؛
سی (ف۔ ص) تیس ۳۰ ؛
سی پارہ (ف۔ مذ) قرآن کا تیسواں حصہ۔ قرآن کا پارہ ؛
سَیّاح (ع۔ مذ) سیاحت کرنے والا۔ سیر کرنے والا ؛
سیاحت (ع۔ مث) ملکوں میں پھرنا۔ سیر ؛
سیادت (ع۔ مث) سرداری بزرگی ؛
سَیّارہ (ع۔ مذ) گردش کرنے والا۔ متحرک ستارہ ؛
سیاست (ع۔ مث) حکومت انتظامِ ملک۔ رعب و داب تنبیہ ؛
سیاسی (ع۔ ص) سیاست کے متعلق۔ ملکی ؛
سِیاق (ع۔ مذ) چلانا۔ ربطِ مضمون ؛
سیاق و سباق عبارت (ع) مضمون کا ربط۔ عبارت کی روانی ؛
سَیّال (ع۔ ص) بہنے والا مادہ پتلی چیز ؛
سَیّاں (ہ۔ مذ) پیا۔ محبوب۔ خاوند ؛
سیانا (ہ۔ ص) عقلمند۔ سمجھدار ؛
سیاہ (ف۔ ص) کالا۔ برا ؛
سیاہ پوش ہونا (ا) ماتمی لباس پہننا۔ سوگ کرنا ؛
سیاہ دل (ف۔ ص) بد دل برا آدمی ؛
سیاہ کار (ف۔ ص) بدکار۔ گنہگار ؛
سیاہہ (ف۔ مذ) بہی کھاتہ۔ روزنامچہ ؛
سیاہی (ف۔ مث) اندھیرا۔ کالا رنگ۔ روشنائی ؛
سیاہی چوس (ا۔ مذ) سیاہی جذب کرنے والا کاغذ ؛
سیب (ف۔ مذ) ایک خوشنما میٹھے میوے کا نام ہے ؛
سیتا (س۔ مث) راجہ رامچندر کی بیوی کا نام ہے ؛
سیتلا (ہ۔ مث) چیچک۔ ماتا۔
سلیٹ (انگ۔ مث) جگہ نوشت

سیٹھ (ہ۔ مذ) بڑا دولت مند۔
بیوپاری ٭
سیٹی (ہ۔ مث) باریک آواز
باریک آواز اور خاص نشان
کی آواز نکالنے کا آلہ ٭
سیج (ہ۔ مث) بستر۔ بچھونا۔
سیخ (ف۔ مث) لوہے کی سلاخ
سیخ پا ہونا (ا) گھوڑے کا
الف ہونا۔ گھوڑے کا پچھلے
دو پیروں پر سیدھا کھڑا ہونا
سیّد (ع۔ مذ) بزرگ۔ سردار
پیغمبر اسلام کی دختر
کی اولاد ٭
سیدھ (ہ۔ مث) نشانے پر
سامنے کی طرف ٭
سیدھا (ہ۔ مذ) ٹھیک۔ درست
آسان۔ سامنے۔ دائیں ٭
سیدھا سادھا (ہ۔ص)
بھولا بھالا۔ آسان ٭
سیدھیاں سنانا (ہ) صاف
صاف کہنا۔ گالیاں دینا ٭
سیر (ع۔ مث) پھرنا۔ ہواخوری
تفریح۔ چہل قدمی ٭

سیرگاہ (ف۔ مث) سیر کی جگہ
بارونق جگہ ٭
سیر (ع۔ مذ) لہسن ٭
سیر (ف۔ص) رجا ہوا۔ پیٹ
بھرا۔ بیزار ٭
سیرچشم (ف۔ص) قانع۔ غیر
طامع۔ آسودہ حال ٭
سیرحاصل (ف۔ص) زرخیز
اچھی پیداوار کی زمین ٭
سیر ہونا (ا) پیٹ بھر جانا
بیزار ہونا۔ اُچاٹ ہونا ٭
سیراب (ف۔ص) شاداب
سرسبز ٭
سِیَر (ع۔ مث) جمع سیرت کی
عادات۔ تاریخ ٭
سیرت (ع۔ مث) عادت
خو۔ خصلت۔ سوانح عمری ٭
سیری (ف۔ مث) اطمینان
آسودگی ٭
سیڑھی (ہ۔ مث) زینہ۔ پوڑی
درجہ ٭
سیس (ہ۔ مذ) ماتھا۔ سر ٭
سیسہ (ہ۔ مذ) ایک دھات کا

نام ہے ٭
سیف (ع۔ مث) تلوار
تیغ ٭
سیف (انگ۔ص) محفوظ۔
لوہے کی پیٹی ٭
سیفٹی (انگ۔ مث) حفاظت
سیکرٹری (انگ۔ مذ) سکتر۔
منشی ٭
سیکنڈ (انگ۔ص) دقیقہ۔ دوسرا
سیکھ (ہ۔ مث) پند۔ نصیحت
سیل (ہ۔ مث) تری۔ نمی۔
ٹھنڈ ٭
سَیل (ع۔ مذ) بہاؤ۔ طغیانی۔
لہر ٭
سیلاب (ف۔ مذ) پانی کا
چڑھاؤ۔ طغیانی ٭
سیلانی (ا۔ص) چلنے پھرنے
والا آدمی ٭
سیم (ف۔ مث) چاندی۔ روپیہ
سیماب (ف۔ مذ) پارہ
سیم تن (ف۔ص) چاندی سا
جسم رکھنے والا۔ چٹا۔ گورا
معشوق ٭

سیم تن (ف۔ص) چٹا گورا۔ معشوق ۔

سیمرغ (ف۔ مذ) ایک قاف آور پرندے کا نام ہے ۔

سیمنٹ (انگ۔ مذ) چونہ۔ جس سے فرش وغیرہ کی ٹیپ یا پلستر کرتے ہیں ۔

سین (انگ۔ مذ) نظارہ ۔

سینا (ہ) کپڑے کے ٹانکے لگانا ۔

سینا (س۔ مث) فوج لشکر۔

سیناپتی (س۔ مذ) سپہ سالار۔

سینا (ہ) پرندوں کا انڈوں پر بیٹھنا

سینٹری (انگ۔ مث) صفائی کے متعلق ۔

سینٹری انسپکٹر (انگ۔ مذ) داروغہ صفائی ۔

سینری (انگ۔ مث) منظر ۔

سینکنا (ہ) آگ تاپنا۔ گرم کرنا۔

سینگ (ہ۔ مذ) چوپائے کے سر کی شاخ ۔

سینگ سمانا (ہ) پناہ ملنا۔ آرام ملنا۔ گذر اوقات ہونا ۔

سینہ (ف۔ مذ) چھاتی ۔

سینہ بند (ف۔ مذ) انگیا ۔

سینہ بسینہ (ف) ایک سینے سے دوسرے سینے میں۔ وہ راز یا بات جو خاندان میں ایک دوسرے کو بتاتے آویں ۔

سینہ زور (ف۔ص) زبردست۔ سرکش ۔

سینہ زوری (ف۔ مث) زبردستی ۔

سینہ سپر (ف) مقابل ہوکر تیار۔ خم ٹھونک کر ۔

ش

عربی کا تیرھواں، فارسی کا سولھواں اور اُردو کا اُنیسواں حرف۔ عدد اسکے تین سو ہیں۔

شاباش (ف) مخفف شاد باش، خوش رہو۔ آفرین ۔

شاپ (انگ۔ مث) دکان۔

شاپ کیپر (انگ۔ مذ) دکاندار۔

شاخ (ف۔ مث) ٹہنی ۔

شاخ زعفران (ف۔ص) انوکھی۔ عجیب ۔

شاخ نکالنا (ا) نئی بات نکالنا۔ حجت نکالنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا ۔

شاخسانہ (ف۔ مذ) فتنہ۔ فساد۔ نقص ۔

شاد (ف۔ص) خوش ۔

شاداب (ف۔ص) سرسبز ہرابھرا ۔

شادی (ف ـ مث) خوشی بیاہ ٭
شادیٔ مرگ (ف ـ مث) بہت زیادہ
خوشی کے باعث موت ٭
شادیانہ (ف ـ مذ) خوشی کا
نقارہ ـ مبارک باد ٭
شاذ (ع ـ ص) نادر ـ انوکھا
شاذ و نادر (ع) کبھی کبھی ـ
کوئی کوئی ٭
شارح (ع ـ مذ) شرح کرنے والا
شارع (ع ـ مذ) بڑا رستہ ـ سڑک
شریعت کا بانی ٭
شارعِ عام (ع ـ مذ) گذرگاہ
شاہراہ ٭
شاستر (س ـ مذ) ہندوؤں کے
مذہبی قواعد کی کتاب ٭
شاسترارتھ (س ـ مذ) مناظرہ
بحث ٭
شاستری (ہ ـ مذ) پنڈت
فاضل ٭
شاطر (ع ـ مذ) شطرنج کھیلنے
والا ـ چالاک ـ عیار ٭
شاعر (ع ـ مذ) شعر کہنے والا
ناظم ٭

شاعرانہ باتیں (ا ـ مث)
شاعروں کی سی باتیں ـ مبالغہ
بے حقیقت باتیں ٭
شاعری (ع ـ مث) شعر
کہنے کا فن ٭
شاغل (ع ـ ص) مصروف ٭
شافع (ع ـ مذ) شفاعت
کرنے والا ـ سفارشی ٭
شافعی (ع ـ مذ) اہل سنت
میں امام شافعی کی پیروی
کرنے والا ٭
شافی (ع ـ ص) شفا بخشنے والا
شافیٔ مطلق (ع ـ مذ) خدا تعالےٰ
شاق (ع ـ ص) ناگوار ـ برا
دشوار ٭
شاق گزرنا (ا) برا لگنا ـ بار ہونا
شاقہ (ع ـ ص) سخت مشکل ـ
دشوار ٭
شاکر (ع ـ ص) شکر کرنے والا
شاکی (ع ـ ص) شکایت کرنے
والا ـ فریادی ٭
شاگرد (ف) طالب علم ـ استاد
سے سیکھنے والا ٭

شاگرد پیشہ (ا ـ مذ) نچ کا کام
کرنے والے ـ نوکر چاکر ٭
شال (ف ـ مث) اون کی چادر
پشمینے کی چادر ٭
شام (ف ـ مث) سورج ڈوبنے
کا وقت ـ مغرب کا وقت ٭
شامِ غریباں (ف ـ مث)
مصیبت کی شام ـ مفلسی
کی رات ـ مایوسی اور تنہائی
کی شام ٭
شام و سحر (ف ـ مث) صبح
شام ـ ہر وقت ٭
شامت (ع ـ مث) بدقسمتی
نحوست ـ آفت ٭
شامتِ اعمال (ع ـ مث)
گناہوں کی سزا ـ کرتوتوں
کا بدلہ ٭
شامت کا مارا (ا) آفت کا
مارا ـ بدنصیب ٭
شامل (ع ـ ص) ملا ہوا ـ اکٹھا
شریک ٭
شاملات (ا ـ مث)
مشترکہ حصہ ٭

شامّہ (ع۔ مث) سونگھنے کی قوّت ٭
شامی (ع۔ ص) ملک شام کا رہنے والا ٭
شامیانہ (ف۔ مذ) تنبو۔ سائبان
شان (ع۔ مث) دبدبہ۔ مرتبہ عزّت ٭
شاندار (ف۔ ص) خوشنما عمدہ۔ ذی عزّت ٭
شان و شوکت (ع۔ مث) رعب داب۔ دبدبہ ٭
شانہ (ف۔ مذ) مونڈھا۔ کندھا کنگھی ٭
شاہ (ف۔ مذ) بزرگ۔ بڑا۔ بادشاہ
شاہ پر (ف۔ مذ) پرندے کا بڑا پر۔ بڑی بڑی مونچھیں ٭
شاہراہ (ف۔ مذ) شارع عام سڑک ٭
شاہنائی (ف۔ مذ) بگل۔ نفیری
شاہانہ (ف۔ ص) بادشاہوں کی مانند۔ بڑی شان و شوکت سے۔ اعلےٰ ٭
شاہد (ع۔ مذ) گواہ معشوق حسین ٭
شاہد حقیقی (ع۔ مذ) خدا تعالےٰ
شاہنشاہ (ف۔ مذ) بڑا بادشاہ سلطان۔ قیصر ٭
شاہی (ف۔ ص) بادشاہی حکومت۔ سرکاری۔ رعایا
شاہین (ف۔ مذ) ایک شکاری پرند۔ ترازو کی ڈنڈی ٭
شایان (ف۔ ص) لائق زیبا مناسب ٭
شائبہ (ع۔ مذ) شک و شبہ احتمال ٭
شاید (ف) غالباً ممکن۔ مناسب زیبا ٭
شائستگی (ف۔ مث) تہذیب لیاقت ٭
شائستہ (ف۔ ص) مہذّب باتمیز۔ خوش اخلاق ٭
شائع (ع۔ ص) پھیلا ہوا ظاہر۔ شہرت ٭
شائق (ع۔ ص) شوق رکھنے والا۔ طلب گار ٭
شب (ف۔ مث) رات ٭
شب باش (ف۔ مذ) رات رہنے والا ٭
شب برات (ف۔ مث) ماہِ شعبان کی پندرھویں رات خوشی کی رات ٭
شب بیدار (ف۔ ص) رات کو جاگنے والا۔ عابد۔ نیک ٭
شب تار (ف۔ مث) اندھیری رات ٭
شب خون (ف۔ مذ) چھاپہ ڈاکہ ٭
شب دیجور (ف۔ مث) اندھیری رات ٭
شب دیز (ف۔ مذ) مشکی گھوڑا
شبستان (ف۔ مذ) رات کے سونے کا کمرہ۔ یا مکان ٭
شب قدر (ف۔ مث) ماہ رمضان کی ستائیسویں رات۔ عزت اور بزرگی والی رات
شباب (ع۔ مذ) جوانی۔ ابتدا
شباب آور (ف۔ ص) جوانی لانے والی شے ٭
شبنم (ف۔ مث) اوس ٭

شُبہ (ف۔ مذ۔ ع) شک۔ گمان ٭
شَبِینہ (ع۔ ص) رات کا۔ باسی ٭
شِبیہ (ع۔ مث) شکل و صورت تصویر ٭
شپاشپ (ف) متواتر۔ پے در پے ٭
شَپَّر (ف۔ مث) چمگادڑ ٭
شتاب (ف) فوراً۔ جلد ٭
شُتر (ف۔ مذ) اونٹ ٭
شُتربان (ف۔ مذ) ساربان اونٹ چلانے والا ٭
شُتر بے مہار (ف۔ ص) آزاد آوارہ ٭
شُتر غمزہ (ف۔ مذ) فضول چوچلے۔ بیجا ناز ٭
شُتر کینہ (ف۔ ص) سخت دشمنی رکھنے والا۔ سخت کینہ ور ٭
شُتر مرغ (ف۔ مذ) ایک بڑے قد کا پرند جو افریقہ میں پایا جاتا ہے ٭
شُتری (ف۔ ص) اُونٹ کے رنگ کا ٭
شُجاع (ع۔ ص) بہادر۔ دلیر
شُجاعت (ع۔ مث) بہادری دلیری ٭
شجر (ع۔ مذ) درخت ٭
شجرۂ نسب (ع۔ مذ) خاندانی سلسلہ ٭
شحنہ (ع۔ مذ) کوتوال ٭
شخص (ع۔ مذ) انسان۔ آدمی بدن ٭
شخصی (ع۔ ص) ذاتی۔ ایک شخص کی ٭
شخصی حکومت (ع۔ مث) وہ حکومت جس میں رعایا کو کچھ دخل نہ ہو ٭
شخصیّت (ع۔ مث) بزرگی وقار ٭
شُدہ (ف) آغاز۔ شروع ٭
شُد بُد (ع۔ مث) حرف شناسی
شدّ و مدّ (ع۔ مث) بڑے زور شور سے۔ دھوم دھام ٭
شدّاد (ع۔ مذ) ایک ظالم بادشاہ کا نام ہے جس نے بہشت بنوائی تھی ٭
شدائد (ع۔ مث) جمع شدّت کی۔ سختیاں ٭
شدّت (ع۔ مث) سختی۔ زیادتی۔ تیزی ٭
شُدنی (ف۔ ص) ہونیوالی بات ٭
شُدہ (ف۔ ص) صاف۔ خالص۔ پاک ٭
شُدہ شُدہ (ف) ہوتے ہوتے آہستہ آہستہ ٭
شدید (ع۔ ص) سخت۔ مشکل ٭
شذرات (ع۔ مذ) ٹکڑے مختلف باتیں ٭
شر (ع۔ مذ) فساد۔ شرارت بدی ٭
شراب (ف۔ مث) نشہ لانے والی پینے کی چیز ٭
شراب خانہ (ف۔ مذ) شراب کی دکان۔ میکدہ ٭
شرابی (ف۔ ص) شراب پینے والا۔ مست۔ عیّاش ٭
شرابی کبابی (ف۔ ص) عیّاش۔ بدمعاش ٭
شرابور (ف۔ ص) پانی سے لتھڑ پتھڑ۔ بھیگا ہوا ٭

شَرار (ع۔ مذ) آگ کا انگارہ
شَرارت (ع۔ مث) فساد۔ بدی ٭
شَرافت (ع۔ مث) انسانیت تہذیب ٭
شِراکت (ف۔ مث) حصّہ سانجھ
شَرائط (ع۔ مث) جمع شرط کی۔ قول و قرار ٭
شَرائین (ع۔ مث) شریان کی جمع۔ خون کی رگیں ٭
شَربت (ع۔ مذ) پینے کی چیز میٹھی چیز ٭
شَربتی (ا۔ ص) شربت کے رنگ کا
شَرح (ع۔ مث) کسی بات کو کھول کر بیان کرنا تفسیر در۔ نرخ ٭
شَرر (ع۔ مذ) آگ کی چنگاری
شَرط (ع۔ مث) عہد قول بازی
شَرط باندھنا (ا) بازی بدھنا
شَرطیہ (ع۔ ص) شرطی ٭
شُرط (ع۔ ص) موافق ہوا۔
شَرع (ع۔ مث) مذہب اسلام کے قوانین۔ سیدھا راستہ

شَرعاً (ع۔ ص) شرع کی رو سے مذہباً ٭
شَرعی (ع۔ ص) مذہبی ٭
شَرف (ع۔ مذ) بزرگی۔ عزّت عمدگی ٭
شَرف یاب (ف۔ ص) عزّ یافتہ۔ بزرگی پانے والا ٭
شَرف ہونا (ا) فخر حاصل ہونا عزّت ملنا ٭
شَرق (ع۔ مذ) آفتاب نکلنے کی جگہ۔ مشرق ٭
شَرقی (ع۔ ص) مشرقی۔ مشرق کی طرف کا ٭
شِرک (ع۔ مذ) خدا کی ذات میں کسی کو شریک کرنا۔ شمولیت ٭
شُرکا (ع۔ مذ) جمع شریک کی ٭
شَرکت (ع۔ مث) شمولیت شامل ہونا ٭
شَرم (ف۔ مث) حیا۔ عزّت غیرت ٭
شَرم رکھنا (ا) عزّت رکھنا ٭
شَرمگاہ (ف۔ مث) پردہ کی جگہ۔ ستر ٭

شَرمانا (ا) حیا کرنا۔ شرمندہ ہونا
شَرمسار (ف۔ ص) شرمندہ ٭
شَرمساری (ف۔ مث) ندامت ٭
شَرمندگی (ف۔ مث) شرمساری ندامت ٭
شَرمیلا (ا۔ ص) شرم والا حیادار
شُروع (ع۔ مذ) ابتدا۔ آغاز
شِریان (ع۔ مث) وہ نالی جو خون کو دل سے جسم میں پھیلاتی ہے
شَریعت (ع۔ مث) دین کے قانون۔ مذہب ٭
شَریف (ع۔ ص) بزرگ۔ بھلامانس۔ مہذّب ٭
شَریفہ (ف۔ مذ) ایک میٹھے پھل کا نام ہے ٭
شَریک (ع۔ ص) ساتھی۔ مددگار۔ حصّہ دار ٭
شِست (ف۔ مث) نشانہ۔ انگوٹھا ٭
شِست لگانا (ا) نشانہ باندھنا۔ تاک لگانا ٭
شُستہ (ف۔ ص) پاک۔ صاف

شَش (ف۔ص) چھ ✦

شَش پہلو (اص) چھ طرفوں والی چیز ✦

شَش جہت (ف۔مث) چھ طرفیں۔ تمام دُنیا ✦

شَش و پنج (ف۔مذ) سوچ بچار۔ فکر اندیشہ ✦

شَشدر (ف۔ص) حیران پریشان ✦

شُصت (ف۔ص) ساٹھ۔ ۶۰

شَطرنج (ف۔مث) ایک مشہور کھیل کا نام ہے جو ۳۲ مُہروں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے

شَطرنجی (ف۔مث) دری فرش

شِعار (ع۔مذ) طریقہ۔ طرز۔ عادت ✦

شُعاع (ع۔مث) کرن۔ نور کی لہر ✦

شَعبان (ع۔مذ) قمری سال کا آٹھواں مہینہ ✦

شُعبدہ (ع۔مذ) جادو۔ بازی۔ دھوکا ✦

شعبدہ باز (ف۔مذ) بازیگر۔ مداری۔ مکّار ✦

شعبدہ بازی (ف۔مث) مکّاری۔ بازیگری ✦

شُعبہ (ع۔مذ) حصّہ۔ شاخ ✦

شِعر (ع۔مذ) بیت۔ فرد۔ نظم ✦

شِعر گوئی (ف۔مث) شعر کہنا۔ نظم لکھنا ✦

شُعَرا (ع۔مذ) جمع شاعر کی ✦

شُعلہ (ع۔مذ) چمک۔ روشنی۔ آگ کی لپیٹ ✦

شُعلہ جوّالہ (ع۔مذ) گرد اگرد پھرنے والا شعلہ۔ بنیٹی کا چکّر ✦

شُعلہ رُو (ف۔مذ) نہایت خوبصورت ✦

شُعور (ع۔مذ) سمجھ۔ عقل۔ تمیز ✦

شَغال (ع۔مذ) گیدڑ ✦

شَغَب (ع۔مذ) شوروغل ✦

شُغل (ع۔مذ) کام کاج۔ دل لگی۔ دھیان ✦

شِفا (ع۔مث) صحت۔ تندرستی

شِفاخانہ (ف۔مذ) ہسپتال۔ علاج کرانے کی جگہ ✦

شِفاعت (ع۔مث) سفارش۔ گنہ گاروں کے گناہ معاف کرانے کی سفارش ✦

شفّاف (ع۔ص) نہایت صاف۔ جس کے آرپار نظر آسکے ✦

شفتالو (ف۔مذ) آڑو ✦

شُفعہ (ع۔مذ) ہمسائیگی کا حق

شَفق (ع۔مث) شام کی سُرخی

شفق پھولنا (ا) شام کی سُرخی کا نمودار ہونا ✦

شَفقت (ع۔مث) مہربانی۔ رحم۔ محبت ✦

شَفیع (ع۔مذ) شفاعت کرنے والا ✦

شَفیق (ع۔ص) مہربان۔ مُحب ✦

شَقّ (ع۔ص) پھٹا ہوا ✦

شق ہونا (ا) پھٹنا۔ شگاف پڑنا ✦

شِقّ (ع۔مث) نصف۔ حصّہ۔ قسم ✦

شقاوت (ع۔مث) بدبختی

شقی (ع ص) بدبخت۔ سیاہ دل ٭

شقیقہ (ع۔ مذ) آدھے سر کا درد

شک (ع۔ مذ) شبہ۔ گمان ٭

شکار (ف۔ مذ) حیوان کا مارنا پکڑنا۔ شکار کیا ہوا جانور۔ مفت کا مال ٭

شکار بند (ف۔ مذ) شکار باندھنے کا تسمہ۔ فتراک ٭

شکار کرنا (ا) کسی جانور کو مارنا۔ پھنسانا۔ قابو میں لانا ٭

شکارگاہ (ف۔ مث) جنگل۔ شکار کی جگہ ٭

شکار ہونا (ا) پکڑا جانا۔ قابو میں آنا۔ عاشق ہونا ٭

شکاری (ف۔ مذ) شکار کھیلنے والا۔ صیّاد ٭

شکایت (ع۔ مث) گلہ۔ شکوہ۔ تکلیف۔ بیماری۔ فریاد ٭

شکتی (س۔ مث) بل۔ زور۔ طاقت ٭

شکر (ع۔ مذ) احسان ماننا ٭

شکر گذار (ف ص) احسان مند۔ شاکر ٭

شکّر (ف۔ مث) کھانڈ۔ چینی

شکّر تری (ف۔ مث) کھانڈ۔ بورا ٭

شکر رنجی (ف۔ مث) معمولی سی رنجش۔ اَن بن ٭

شکرانہ (ا۔ مذ) شکریہ۔ احسان ٭

شکرم (انگ۔ مث) ایک قسم کی گاڑی ٭

شکرہ (ف۔ مذ) باز کی قسم کا ایک شکاری پرندہ ٭

شکست (ف۔ مث) ہار۔ زک۔ نقصان ٭

شکست فاش (ف۔ مث) کھلی اور صاف شکست ٭

شکست و ریخت (ف۔ مث) ٹوٹ پھوٹ۔ گرنا پڑنا ٭

شکستگی (ف۔ مث) ٹوٹ پھوٹ۔ پھوٹنا ٭

شکستہ (ف۔ ص) ٹوٹا ہوا۔ گھسیٹ کر لکھا ہوا خط ٭

شکستہ حال (ف ص) مصیبت زدہ۔ غریب ٭

شکستہ خاطر (ف۔ ص) رنجیدہ دل۔ غمگین ٭

شکل (ع۔ مث) صورت۔ ڈھنگ۔ طرز ٭

شکل بگاڑنا (ا) خاکہ کھینچنا۔ چہرہ بگاڑنا ٭

شکل و شباہت (ع۔ مث) شکل و صورت ٭

شکل و شمائل (ع۔ مث) شکل و صورت۔ رنگ روپ ٭

شکم (ف۔ مذ) پیٹ ٭

شکم پرور (ف ص) پیٹو۔ کھاؤ۔ خودغرض ٭

شکمی (ف۔ ص) پیٹ کا۔ مادرزاد ٭

شکن (ف۔ مذ) سلوٹ۔ جھری ٭

شکنجہ (ف۔ مذ) کتابیں جلد کرنے کا آلہ۔ دبانے کا آلہ

شکوک (ع۔ مذ) جمع شک کی۔ گمان۔ شبہ ٭

شکوہ (ف۔ مث) شان شوکت ٭

شکوہ (ف۔ مذ) شکایت۔ گلہ ٭

شکیب (ف۔ مذ) صبر ٭

شکیل (ع-ص) شکل و صورت والا-خوبصورت ٭

شکیلہ (ع-مث) خوبصورت عورت ٭

شگاف (ف-مذ) دراڑ جھری ٭

شگاف کرنا (ا) چیرنا ٭

شگفت (ف-مث) تعجب حیرانی ٭

شگفتگی (ف-مث) خوشی فرحت-شادابی ٭

شگفتہ (ف-ص) کھلا ہوا خوش و خرم-تازہ ٭

شگفتہ خاطر (ف-مذ) خوش دل-خوش مزاج ٭

شگفتہ رو (ف-مذ) ہنس مکھ

شگن (ف-مذ) فال لینا-رسم

شگوفہ (ف-مذ) غنچہ-بن کھلی کلی ٭

شگوفہ چھوٹنا (ا) پھول کھلنا کوئی انوکھی بات نکلنا فتنہ اٹھنا

شگوفہ چھوڑنا (ا) نئی اور عجیب بات بیان کرنا ٭

شگون (ف-مذ) شگن فال لینا رسم ٭

شل (ع-ص) سُست اپاہج

شلغم (ف-مذ) مشہور ترکاری ہے-گونگلو ٭

شلنگ (انگ-مذ) انگریزی سکہ جو تقریباً ۲ر آنے کے برابر ہوتا ہے ٭

شلوار (ف-مث) پاجامہ ٭

شلوک (ہ-مذ) بیت-شعر ٭

شمار (ف-مذ) گنتی ٭

شمار کنندہ (ف-مذ) گنتی کرنے والا ٭

شمال (ع-مث) دایاں ہاتھ اُتر ٭

شمالی (ع-ص) شمال کی جانب کا-اُتر کا ٭

شمائل (ع-مذ) عادتیں خصلتیں

شمر (ع-مذ) یزید کے ایک افسر کا نام جس نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا تھا ٭

شمس (ع-مذ) سورج ٭

شمسی (ع-ص) آفتابی سورج کا

شمشاد (ف-مذ) سرو کی قسم کا ایک سیدھے قد کا درخت ہے ٭

شمشیر (ف-مث) تلوار ٭

شمشیر بکف (ف-ص) ہاتھ میں تلوار لئے-تیار ٭

شمع (ع-مث) بتی-موم بتی ٭

شمعدان (ف-مذ) بتی رکھنے کی طشتری وغیرہ ٭

شمع رو (ف-ص) نورانی چہرے والا معشوق-خوبصورت

شملہ (ف-مذ) پگڑی کا طرہ پنجاب کا مشہور پہاڑی شہر ٭

شمول (ع-مذ) شامل سمیت

شمولیت (ع-مث) ساتھ شراکت ٭

شمہ (ع-مذ) ذرا سی خوشبو ذرہ-برابر-کم ٭

شمیم (ع-مث) خوشبو-مہک ٭

شناخت (ف-مث) پہچان-تمیز-واقفیت ٭

شناسا (ف-مذ) واقف قدردان

شناسائی (ف-مث) واقفیت جان پہچان ٭

شناور (ف-مذ) تیراک ٭

شُنبہ (ف ۔ مذ) ہفتہ ۔ سنیچر ؛
شنگرف / شنجرف (مذ) پارے اور گندھک سے تیار کی ہوئی سُرخ رنگ کی چیز
شُنوائی (ف ۔ مث) سماعت دادرسی ؛
شَنیع (ع ۔ ص) بُرا ۔ معیوب ؛
شَنیعہ (ع ۔ ص) بُرے فعل ۔ خراب باتیں ؛
شوّال (ع ۔ مذ) قمری سال کا دسواں مہینہ ۔ عید کا مہینہ
شوالا (ہ ۔ مذ) مندر ؛
شُوخ (ف ۔ ص) گستاخ ۔ تیز
شوخ چشم (ف ۔ مذ) گستاخ بے حیا ؛
شوخ چشمی (ف ۔ مث) بے ادبی ۔ شرارت بیحیائی ؛
شوخی (ف ۔ مث) شرارت دلیری ۔ بے ادبی ۔ تیزی ؛
شُودر (ہ ۔ مذ) نیچی ذات خدمت گار ؛
شور (ف ۔ مذ) غوغا ۔ شہرت ؛
شور و شر (ف ۔ مذ) لڑائی ۔ دنگا ۔ فساد ؛
شور (ف ۔ مذ) نمک کھار ۔ وہ زمین جو شور کے سبب کاشت کے قابل نہ ہو ؛
شور بخت (ف ۔ ص) بدبخت بدنصیب ؛
شورش (ف ۔ مث) فساد ہنگامہ ۔ بلوہ ؛
شوربا (ف ۔ مذ) پکے ہوئے گوشت کا پانی ؛
شور بور (ف ۔ ص) بھیگے ہوئے تربتر ؛
شورہ پشت (ف ص) نافرمان فسادی ؛
شوریّت (ا ۔ مث) نمکینی ۔ کھاری
شوریدہ (ف ۔ ص) دیوانہ ۔ آوارہ ۔ پریشان ؛
شوریدہ حال (ف ص) پریشان حال ۔ آوارہ حال ؛
شُوریٰ (ع ۔ مذ) مشورہ ۔ مشاورت صلاح ؛
شوشہ (ف ۔ مذ) نئی جھگڑے کی بات ۔ شگوفہ ؛
شوشہ چھوڑنا (ا) فساد کی بات چھیڑنا ۔ نئی بات نکالنا ؛
شَوق (ع ۔ مذ) خواہش ۔ آرزو محبت ۔ سرگرمی ؛
شوقین (ا ۔ مذ) شوق رکھنے والا ۔ رنگین مزاج ۔ عیاش
شوقیہ (ع ۔ ص) شوق سے ؛
شوکت (ع ۔ مث) شان ۔ دبدبہ ۔ رعب ؛
شُوم (ع ۔ ص) بدبخت ۔ منحوس ۔ کنجوس ؛
شُومی (ع ۔ مث) بدنصیبی ۔ نحوست
شومیٔ طالع (ع ۔ مث) ستارے کی نحوست ۔ بدنصیبی ؛
شوہر (ف ۔ مذ) خاوند ۔ مالک ؛
شہ (ف ۔ مذ) بادشاہ ۔ سلطان ۔
شہپر (ف ۔ مذ) بڑے پروں والا پرندہ ۔ پرندے کا بڑا پر ؛
شہ دینا (ا) شطرنج میں بادشاہ کو کشت دینا ؛
شہ رگ (ف ۔ مث) بڑی رگ
شہزادہ (ف ۔ مذ) بادشاہ کا بیٹا
شہ زور (ف ۔ ص) بڑے زور والا

شہسوار (ف۔ مذ) بڑا مشاق سوار

شہ نشین (ف۔ مث) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ ؛

شہاب (ف۔ مذ) ایک چمکدار ستارہ جو آتشبازی کے انار کی طرح تیزی سے چلتا ہوا معلوم ہوتا ہے ؛

شہاب ثاقب (ف۔ مذ) چمکدار ستارہ جو رات کو ٹوٹتا ہے

شہادت (ع۔ مث) گواہی ثبوت۔ خدا کی راہ میں شہید ہونا ؛

شہامت (ع۔ مث) دلیری بہادری ؛

شہانہ (ف۔ ص) شاہانہ ؛

شہد (ع۔ مذ) ماکھی۔ انگبین بہت میٹھی چیز ؛

شُہدا (ع۔ مذ) جمع شہید کی

شُہدا (و۔ مذ) بدمعاش۔ لچا

شہر (ع۔ مذ) مہینہ۔ ماہ

شہر (ف۔ مذ) نگر۔ بڑی آبادی

شہر آشوب (ف۔ مذ) وہ نظم جس میں کسی شہر کے اُجڑنے کا ذکر ہو ؛

شہر بدر کرنا (ا) جلاوطن کرنا شہر سے نکالنا ؛

شہر پناہ (ف۔ مث) فصیل۔ چاردیواری ؛

شہر خاموشاں (ف۔ مذ) قبرستان۔

شہریار (ف۔ مذ) حاکم۔ بادشاہ

شُہرت (ع۔ مث) مشہوری عزت۔ دُھوم ؛

شُہرہ (ع۔ مذ) دُھوم۔ آوازہ ؛

شہرۂ آفاق (ع۔ ص) زمانے بھر میں مشہور ؛

شہری (ف۔ ص) شہر کا رہنے والا۔ مہذّب ؛

شہنائی (ف۔ مث) بڑی بنسری۔ نفیری ؛

شہنشاہی (ف۔ مث) بادشاہی

شہوت (ع۔ مث) خواہش۔ مردانہ خواہش۔ نفسانی خواہش ؛

شہوت انگیز (ف۔ ص) شہوت بڑھانے والی شے ؛

شہوت پرست (ف۔ ص) عیاش۔ تماش بین ؛

شہید (ع۔ مذ) مذہب کی خاطر جان دینے والا ؛

شے (ع۔ مث) چیز۔ بات ؛

شیاطین (ع۔ مث) جمع شیطان کی ؛

شیٹ (انگ۔ مذ) تختہ کاغذ چادر ؛

شیخ (ع۔ مذ) بزرگ۔ عالم۔ بوڑھا

شیخ چلی (ا) بیوقوف۔ پاگل۔ ایک بیوقوف کا فرضی نام ؛

شیخی (و۔ مث) گھمنڈ۔ لاف زنی ؛

شیخی بگھارنا (ا) غرور کرنا شیخی کی ڈینگ مارنا ؛

شیخی خورا (و۔ مذ) بڑبولا۔ گھمنڈی ؛

شیخی کِرکِری ہونا (ا) غرور نکلنا۔ بات بگڑنا ؛

شیدا (ف۔ مذ) فریفتہ۔ قربان عاشق ؛

شیدائی (ف۔ مذ) فدا ہونے والا۔ عاشق ؛

شیر (ف ۔ مذ) دودھ ٭
شیرازی (ف ۔ مذ) شیراز (ملک فارس) کا رہنے والا ٭
شیرازہ (ف ۔ مذ) کتاب کی سلائی ۔ انتظام ٭
شیرازہ بکھرنا (ا) انتظام نہ رہنا ۔ بے اتفاقی ہونا
شیرخوار (ف ۔ ص) دودھ پیتا بچہ ۔ بچہ ٭
شیرخشت (ف ۔ مث) ایک سفید سی دوائی جو اکثر بچوں کو مسہل کے طور پر دیتے ہیں
شیرفروش (ف ۔ ص) دودھ بیچنے والا ٭
شیرگرم (ف ۔ ص) تھوڑا سا گرم ۔ تازہ ٭
شیرمال (ف ۔ مذ) میدے کی روغنی روٹی ٭
شیر و شکر (ف ۔ ص) ایک جان
شیر و شکر ہونا (ا) بہت ملاپ ہونا ۔ گہری دوستی ہونا ۔ ایک ہو جانا ٭

شیر (ف ۔ مذ) جنگل کا مشہور طاقتور درندہ ۔ اسد ۔ بگھیلا ۔ شینہ ٭
شیر خدا (ف ۔ مذ) حضرت علیؓ کا لقب ٭
شیر قالین (ف ۔ مذ) بزدل گھر میں بیٹھ کر بہادری کی ڈینگ مارنے والا ٭
شیر مرد (ف ۔ مذ) بہادر ۔ دلیر ٭
شیر ہونا (ا) زبردست ہونا ۔ تیز ہونا ۔ غصے ہونا ٭
شیئر (انگ ۔ مذ) حصہ ٭
شیئر ہولڈر (انگ ۔ مذ) حصہ دار ۔ پتی دار ۔ شریک ٭
شیرہ (ف ۔ مذ) چاشنی ۔ قوام شربت ٭
شیریں (ف ۔ ص) میٹھا ۔ لذیذ
شیریں زبان (ف ۔ ص) میٹھی زبان والا ۔ خوش بیان ۔ خلیق
شیرینی (ف ۔ مث) مٹھاس ۔ لذت ۔ مٹھائی ٭
شیش محل (ف ۔ مذ) وہ مکان جس کی دیواروں پر چاروں طرف شیشے لگے ہوئے ہوں ٭

شیشہ (ف ۔ مذ) آئینہ ۔ کانچ ٭
شیشہ ساعت (ف ۔ مذ) ریت گھڑی ٭
شیشہ گر (ف ۔ مذ) شیشہ بنانے والا ٭
شیشے میں اتارنا (ا) قابو میں لانا ۔ جن بھوت کو قابو کرنا ٭
شیطان (ع ۔ مذ) باغی ۔ سرکش ۔ خبیث ۔ شریر ۔ گمراہ کرنے والا ٭
شیطان کی آنت (ا ۔ مث) بہت لمبی چیز ۔ نہ ختم ہونے والی بات ٭
شیطانی (ا ۔ ص) شیطان کا ۔ شرارت ٭
شیطنت (ع ۔ مث) شرارت ۔ فتنہ ۔ فساد ٭
شیعہ (ع ۔ مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کا طرفدار ہے اور باقی صحابہ کا مخالف
شیفتہ (ف ۔ مذ) فدا ۔ شیدائی ۔ عاشق ٭

شیفتگی (ف۔ مذ) مدہوشی حیرانی
شین (ف۔ مذ) شور ٭

شیون (ف۔ مذ) نوحہ۔ نالہ
آہ وزاری ٭

شیوہ (ف۔ مذ) طرز۔ طریقہ
دستور۔ ناز۔ کرشمہ ٭

ص

عربی کا چودھواں، فارسی کا سترھواں اور اُردو کا بیسواں حرف۔ عدد اس کے نوّے ہیں

صابر (ع۔ ص) صبر کرنے والا۔
بُردبار ٭
صابن (ع۔ مذ) کپڑا دھونے
صابون اور نہانے کی چیز
صابن کے مول پڑنا (د)
کثرت سے جوتیاں پڑنا
صاحب (ع۔ مذ) دوست
یار۔ مالک۔ آقا جناب ٭
صاحب اختیار (ع۔ ص)
حاکم۔ خودمختار ٭
صاحبِ اقبال (ع۔ ص)
خوش نصیب۔ قسمت والا
صاحب بہادر (ف۔ مذ)
انگریز حکام کا لقب۔ انگریز
صاحب تدبیر (ع۔ مذ)
مدبر۔ ہوشیار۔ تجربہ کار
صاحب تمیز (ف۔ ص) تہذیب
تمیز والا۔ عقلمند۔ ہنرمند
صاحبِ جاگیر (ف۔ مذ) جاگیردار
جس کو سرکار کی طرف سے
جاگیر ملی ہو ٭
صاحبِ جائداد (ف۔ مذ)
جائداد والا۔ زمیندار۔
مالک مکان ٭
صاحب جمال (ع۔ ص) خوبصورت
صاحبِ حیثیت (ع۔ مذ)
دولتمند۔ صاحب جائداد ٭
صاحبِ خانہ (ف۔ مذ) میزبان
صاحب دل (ف۔ ص) نیک
متقی۔ خداشناس۔ پرہیزگار
صاحب زادہ (ف۔ مذ) شریف
زادہ۔ لڑکا۔ بیٹا ٭
صاحب سلامت (امذ) باہمی
سلام بندگی۔ جان پہچان
روشناسی ٭
صاحبِ عالم (ا۔ مذ) شہزادگانِ
دہلی کا لقب تھا ٭
صاحبِ فراش (ف۔ مذ)
وہ بیمار جو بستر سے نہ اُٹھ سکے
صاحب قران (ع۔ مذ)
وہ شخص جس کی پیدائش کے
وقت زہرہ اور مشتری ایک
گھر میں ہوں۔ بہت خوش
نصیب ٭
صاحبِ کمال (ع۔ ص)
ماہر استاد۔ ولی ٭
صاحبان (ف۔ مذ) صاحب
کی جمع۔ شرفا ٭
صاحبہ (ع۔ مث) صاحب
کی مؤنث۔ عورت کے نام
کے ساتھ بولتے ہیں ٭

صاد کرنا (ا) تصدیق کرنا۔ منظور کرنا ÷
صادِر (ع) نکلنے والا جاری ہونے والا ÷
صادِر ہونا (ا) حکم جاری ہونا کوئی غلطی وغیرہ واقع ہونا نازل ہونا ÷
صادق (ع ص) سچا مخلص ولی ÷
صادق القول (ع ص) بات کا سچا۔ عہد کا پکا ÷
صاعقہ (ع مث) بجلی۔ برق۔ بے ہوشی ÷
صاف (ف ص) ستھرا۔ پاک خالص۔ واضح۔ ٹھیک کورا۔ بے روک ÷
صاف باطن (ع ص) صاف دل۔ بے کینہ ÷
صاف جواب (ف مذ) بالکل انکار ÷
صاف دل (ف ص) بے کینہ۔ بے ریا ÷
صاف صاف (ف ص) بے لاگ۔ کھری کھری ÷
صاف نکل جانا (ا) بالکل بچ کر نکل جانا ÷
صافہ (ف مذ) سر پر باندھنے کا دوپٹہ ÷
صافی (ف مث) دست مال چھاننے کا کپڑا ÷
صالح (ع مذ) نیک پارسا
صالحہ (ع مث) نیک عورت
صانع (ع مذ) بنانے والا کاریگر ÷
صانع حقیقی (ع مذ) اصلی بنانے والا۔ خدا ÷
صانع مطلق (ع مذ) خدا تعالےٰ
صائب (ع ص) پہنچنے والا درست۔ ٹھیک ÷
صائم (ع مذ) روزہ رکھنے والا
صبا (ع مث) مشرق کی طرف سے چلنے والی ہوا صبح کی ٹھنڈی ہوا ÷
صباح (ع مث) صبح۔ نور کا تڑکا ÷
صبح (ع مث) فجر۔ نور کا تڑکا ÷
صبحدم (ف مذ) صبح سویرے
صبح صادق (ع مث) پو پھٹی۔ نور کا تڑکا ÷
صبح کاذب (ف ص) پوہ پھٹنے سے پہلے کچھ روشنی معلوم ہوتی ہے۔ اور پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اس روشنی کو صبح کاذب کہتے ہیں ÷
صبر (ع مذ) تحمل۔ برداشت خاموشی۔ شکر ÷
صبر جمیل (ع مذ) عمدہ صبر اچھا صبر ÷
صبر کرنا (ا) سہارنا۔ خاموش رہنا۔ ٹھیرنا ÷
صبوحی (ع مث) وہ شراب جو صبح کے وقت پی جاوے
صبوحی کش (ف مذ) صبح سویرے شراب پینے والے ÷
صبیح (ع ص) گورا چٹا خوبصورت ÷
صحابہ (ع مذ) دوست یار۔

رسول خدا کے دوست ٭
صَحَابی (ع-مذ) وہ شخص جس نے
رسول خدا کو دیکھا ہو ٭
صَحَائِف (ع-مذ) جمع صحیفہ
کی- رسالے- کتابیں ٭
صُحبَت (ع-مث) ہمنشینی
دوستی مجلس- ہم بستری ٭
صُحبت یافتہ (ف-ص)
شائستہ- مہذب ٭
صِحّت (ع-مث) تندرستی
صِحّت بخش (ف-ص) شفا
دینے والی شئے- تندرست کرنیوالی
صِحّت نامہ (ف-مذ) غلطیوں
کی فہرست- صحت دستی ٭
صَحرا (ع-مذ) جنگل- ریگستان
صَحرائی (ع-ص) ریگستانی- جنگلی
صَحرائے اعظم (ع-مذ) افریقہ
کا بڑا ریگستان ٭
صَحن (ع-مذ) انگنائی (وسط)
صَحنَک (ع-مث) تھال
پرات ٭
صَحیح (ع-ص) درست ٹھیک ٭
صَحیح الدماغ (ع-ص) جس کا
دماغ اور عقل درست ہو ٭
صَحیح النَسب (ع-ص) درست
نسل کا- خاندانی- شریف ٭
صَحیح سالم (ع-ص) پورا-
ٹھیک- تندرست ٭
صَحیح سلامت (ع) پورا
صحیح سالم- تندرست ٭
صَحیفہ (ع-مذ) چھوٹی سی
کتاب- رسالہ ٭
صَد (ف-ص) سو-۱۰۰ ٭
صَد آفرین (ف) بہت شاباش
صَد برگ (ف-مذ) گیندا-
مشہور پھول ہے ٭
صَدا (ع-مث) آواز- گونج
فقیر کی آواز ٭
صَدارت (ع-مث) پریذیڈنسی
صدر نشینی ٭
صَداقت (ع-مث) سچائی
حقیقت- خلوص ٭
صَدر (ع-مذ) سینہ- محکمہ کا ہیڈ
کوارٹر- پریذیڈنٹ- سبھاپتی
صَدر بازار (ف) چھاؤنی
کا بڑا بازار ٭
صَدرُ الصُّدُور (ع-مذ) اعلیٰ
درجہ کا منصف- شاہی
گھر کا محافظ ٭
صَدر مجلس (ع-مذ) پریذیڈنٹ
سبھاپتی ٭
صَدر مقام (ع-مذ) بڑے
حاکم کے رہنے کی جگہ ٭
صَدر نشین (ف-مذ) کرسی
نشین- میر مجلس ٭
صَدر ہر جا کہ نشیند صدر است
(ف) حاکم یا بڑا آدمی جہاں
بیٹھ جائے وہی اعلیٰ جگہ ہے
صَدری (ع-مث) مرزئی- سوئٹر
صَدَف (ع-مث) سیپ
صِدق (ع-مذ) سچائی- خلوص
صِدقِ دل سے (ف)
تہ دل سے- صاف دلی سے
صَدقہ (ع-مذ) خیرات-
طفیل- بدولت ٭
صَدقہ دینا (ا) خیرات کرنا
قربان کرنا ٭
صَدقے میں (ا) طفیل
سے- اس کی بدولت ٭

صدقے ہونا (ا) قربان ہونا
جان دینا ✦
صدمہ (ع-مذ) دھکا۔ ٹکر
رنج وغم۔ حادثہ۔ نقصان ✦
صدمات (ع-مذ) جمع صدمہ کی
صدمہ اٹھانا (م) نقصان اٹھانا
کسی کی موت کا رنج سہنا ✦
صدمۂ جانکاہ (ف-مث)
سخت صدمہ ✦
صدور (ع-مذ) جاری وقوع
صدورِ حکم (ع-مذ) حکم کا
جاری ہونا ✦
صدہا (ف-ص) سینکڑوں
صدی (ف-مث) سو سال
کا عرصہ۔ سینکڑا ✦
صِدّیق (ع-ص) نہایت سچا
وفادار۔ رسول کریم صلعم کے
خلیفہ اوّل۔ حضرت ابوبکرؓ
کا لقب ہے ✦
صراحت (ع-مث) وضاحت
تشریح۔ ظاہر ✦
صراحتاً (ع) صاف صاف
کھلم کھلا ✦

صُراحی (ع-مث) پانی یا شراب
رکھنے کا لمبی گردن والا
برتن ✦
صُراحی دار گردن (ف-مث)
لمبی معشوقانہ گردن خوبصورت گردن
صِراط (ع-مث) رستہ ✦
صراطِ مستقیم (ع-ص) سیدھا رستہ
صرّاف (ع-مذ) سونا۔ چاندی
پرکھنے والا۔ زیورات کا
لین دین کرنے والا ✦
صرصر (ع-مث) تیز ہوا آندھی ✦
صرع (ع-مث) مرگی ✦
صِرف (ع-مذ) تنہا۔ اکیلا ✦
صَرف (ع-مذ) خرچ ✦
صَرف کرنا (ا) خرچ کرنا ✦
صَرف نحو (ع-مث) گرامر۔
قواعد زبان ✦
صَرفہ (ع-مذ) کفایت شعاری
کنجوسی ✦
صریح (ع-ص) صاف ظاہر
آشکارا ✦
صریحاً (ع) صاف طور پر۔ ظاہراً
صریر (ع-مث) قلم چلنے کی آواز

صَعب (ع-ص) مشکل کٹھن
دشوار ✦
صعب گذار (ف-ص) کٹھن رستہ
تکلیف دہ رستہ ✦
صعبُ المرور (ع-ص) دشوار
گذار۔ کٹھن ✦
صعوبت (ع-مث) مشکل۔
سختی ✦
صُعود (ع-مذ) اوپر چڑھنا بلندی
صِغر (ع-مذ) چھوٹائی۔ خوردی ✦
صِغرِ سن (ع-ص) کم عمر ✦
صغیر (ع-ص) چھوٹا کم عمر ✦
صغیر و کبیر (ع-مذ) چھوٹے
بڑے تمام ✦
صف (ع-مث) قطار۔ لائن ✦
صف آرائی (ف-مث) صفیں
بنانا۔ جنگ آزمائی ✦
صف بستہ (ف-ص) قطار
باندھ کر۔ آراستہ ✦
صف شکن (ف-ص) قطاریں
توڑ دینے والا۔ جنگجو۔ بہادر
صفا (ع-ص) پاک صاف۔
ہموار۔ کھرا ✦

صفاچٹ (ا۔ص) بالکل صاف منڈا ہوا ؛
صفاصفا (ا) بے نشان۔ برباد
صفات (ع۔مث) جمع صفت کی۔ تعریف۔ خوبی ؛
صفاتی (ع۔ص) صفات کے متعلق۔ عارضی ؛
صفائی (ا۔مث) صاف ہونا ستھراپن۔ سچائی۔ جھاڑ پونچھ۔ بربادی۔ تباہی ؛
صفت (ع۔مث) تعریف خوبی۔ چیز کا بیان ؛
صفحہ (ع۔مذ) ورق کی ایک طرف۔ منہ ؛
صفحۂ ہستی (ف۔مذ) دنیا جہان
صفحات (ع۔مذ) جمع صفحہ کی
صفر (ع۔مذ) قمری سال کا دوسرا مہینہ ؛
صفر (ع۔مذ) خالی۔ زیرو۔ کچھ نہیں ؛
صفرا (ع۔مذ) گرمی۔ ایک خلط کا نام ہے ؛
صفراوی (ع۔ص) گرمی والا

صفراوی مزاج (ا۔ص) گرم مزاج والا آدمی ؛
صفیر (ع۔مث) پرندوں کی آواز ؛
صلا (ع۔مث) آواز۔ پکار ؛
صلائے عام (ع۔مث) عام دعوت۔ عام اجازت ؛
صلابت (ع۔مث) سختی۔ زور۔ مضبوطی ؛
صلاح (ع۔مث) مشورہ۔ نیکی۔ اچھائی ؛
صلاح کار (ف۔مذ) مشیر۔ مشورہ دینے والا ؛
صلاحیت (ع۔مث) بھلائی بہتری۔ لیاقت۔ درستی۔ نرمی ؛
صلب (ع۔مذ) پیٹھ۔ پشت نسل۔ اولاد ؛
صلبی (ع۔ص) حقیقی۔ اپنے نطفہ کا بیٹا ؛
صلح (ع۔مث) دوستی۔ اتحاد رنج دور کر کے راضی ہو جانا
صلح کل (ع۔ص) وہ آدمی جو سب سے صلح رکھے ؛

صلح نامہ (ف۔مذ) راضی نامہ صلح کی تحریر ؛
صلِّ علیٰ (ع۔مذ) پیغمبر اسلام کے نام بولنے یا سننے پر بولتے ہیں۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ ؛
صلوات (ع۔مث) رحمتیں برکتیں۔ سلام ؛
صلواتیں سنانا (ا) گالیاں دینا ؛
صلوٰۃ (ع۔مث) نماز۔ دعا درود ؛
صلہ (ع۔مذ) بدلہ۔ انعام۔ ہدیہ ؛
صلیب (ع۔مث) سولی۔ دار ؛
صم (ع۔ص) بہرا (ڈورا) ؛
صمٌّ بکمٌ (ع۔ص) گونگا۔ بہرا۔ ناموش ؛
صمصام (ع۔مث) تیز تلوار ؛
صمیم (ع۔ص) پختہ۔ پکا ؛
صمیم قلب (ع۔مذ) پختہ دل پکا ارادہ ؛
صنادید (ع۔مذ) جمع صندید بزرگ ؛

صَنّاع (ع۔ مذ) بہت بڑا کاریگر +
صِناعت (ع۔ مث) ہُنر۔ کاریگری +
صَنائع (ع۔ مذ) کاریگریاں +
صَنائع بدائع (ع۔ مذ) نظم میں ظاہر کیے ہوئے عجیب نکات +
صَندَل (ع۔ مذ) چندن۔ ایک خوشبودار لکڑی +
صَندُوق (ع۔ مذ) لکڑی کا بکس۔ تابوت +
صَندُوقچہ (ع۔ مذ) چھوٹا بکس +
صَنعَت (ع۔ مث) کاریگری۔ ہُنر۔ پیشہ +
صَنعَتی (ع۔ مذ) صنعت کے متعلق
صَنعَتی تعلیم (ع۔ مث) کسی پیشہ یا ہُنر کی تعلیم +
صِنف (ع۔ مث) قسم۔ جنس۔ نوع
صِنفِ نازک (ع۔ مث) عورتیں +
صَنَم (ع۔ مذ) بُت۔ معشوق +
صَنَم خانہ (ف۔ مذ) بُتکدہ۔ دَیر +
صَنَوبَر (ع۔ مذ) ایک بہت سیدھے قد کے درخت کا نام ہے

صَواب (ع۔ مذ) سمت۔ راست۔ بہتری +
صَوابدِید (ف) بہتری۔ بھلائی +
صُوبجات (ع۔ مذ) صُوبہ کی جمع +
صُوبہ (ع۔ مذ) ملک کا وہ حصّہ جس میں کئی ضلعے شامل ہوں
صُوبہ دار (ف۔ مذ) صُوبے کا حاکمِ اعلیٰ۔ گورنر۔ ایک فوجی عہدہ
صَوت (ع۔ مث) آواز۔ صدا۔ ندا +
صُوَر (ع۔ مث) جمع صورت کی +
صُور (ع۔ مذ) بگل۔ نفیری +
صُورِ اسرافیل (ع۔ مذ) وہ آواز یا بگل جو قیامت کو اسرافیل فرشتہ بجائے گا +
صُورَت (ع۔ مث) شکل۔ مکھڑا۔ تصویر۔ حالت۔ تدبیر۔ ڈھنگ +
صُورَت پَرَست (ف۔ ص) بُت پرست۔ حسن پرست ظاہر پرست +

صُوری (ع۔ ص) ظاہری +
صُوف (ع۔ مث) اُون۔ موٹے کپڑے دوات میں ڈالنے کا چیتھڑا
صُوفی (ع۔ مذ) نیک آدمی صاف دل +
صُوفی صافی (ع۔ مذ) صاف دل۔ فقیر +
صُوفیانہ (ف۔ ص) سادہ۔ بے تکلف +
صَولَت (ع۔ مث) رعب داب۔ حملہ +
صَوم (ع۔ مذ) روزہ۔ برت +
صَوم و صَلوٰۃ (ع۔ مث) نماز روزہ +
صَومَعہ (ع۔ مذ) عبادت خانہ۔ حُجرہ +
صَہبا (ع۔ مث) لال شراب انگوری شراب +
صَیّاد (ع۔ مذ) شکاری +
صِیام (ع۔ مذ) جمع صوم کی۔ روزے +
صِیانَت (ع۔ مث) حفاظت نگرانی +
صَید (ع۔ مذ) شکار۔ شکار کردہ

جانور ؛
صَید گاہ (ف۔ مث) شکارگاہ
جنگل ؛

صِیغہ (ع۔ مذ) محکمہ۔ شعبہ ؛
صِیغۂ تعلیم (ع۔ مذ) محکمہ تعلیم
صَیقل (ع۔ مث) جِلا۔ صفائی

چمک ؛
صَیقل کرنا (ا) صاف کرنا۔
چمکانا ؛

ض

عربی کا پندرھواں فارسی کا اٹھارھواں اور اردو کا اکیسواں حرف۔ اسکے عدد آٹھ سو ہیں

ضابِط (ع۔ ص) منتظم۔ مدبّر۔ حاکم
ضابِطہ (ع۔ مذ) قاعدہ۔ قانون
انتظام ؛
ضابطہ دیوانی (ا۔ مذ) لین
دین کے قوانین ؛
ضابطہ فوجداری (ا۔ مذ)
مجرموں کی سزا کے قوانین
ضامِن (ع۔ مذ) ذمّہ دار ؛
ضائع (ع۔ ص) بے فائدہ
اکارت۔ خراب ؛
ضَبط (ع۔ مذ) انتظام۔ حفاظت
قبضے میں کرنا۔ روکنا ؛
ضبطِ اوقات (ع۔ مذ) وقت
کی حفاظت۔ پابندی ؛
ضَبطی (ا۔ مث) قُرقی ؛
ضَبطی جائداد (ا۔ مث) جائداد

کا قرق ہونا ؛
ضحّاک (ع۔ مذ) ایک ظالم
بادشاہ کا نام ہے ؛
ضَخامت (ع۔ مث) موٹائی
حجم۔ جسامت ؛
ضَخیم (ع۔ ص) بڑے حجم والی
لمبی۔ چوڑی ؛
ضِد (ع۔ مث) خلاف۔ دشمنی
عداوت۔ ہٹ ؛
ضِدّی (ا۔ ص) ضد کرنے والا
ہٹ کرنے والا ؛
ضِدَّین (ع۔ ص) دو مخالف
چیزیں۔ جیسے روشنی
اور اندھیرا ؛
ضَرب (ع۔ مث) مار۔ چوٹ
دھکا۔ ضُرب۔ ٹھیس ؛

ضَربُ المَثل (ع۔ مث) کہاوت
ضربُ المثل ہونا (ا) مشہور ہونا
ضَربِ خفیف (ع۔ مث)
معمولی چوٹ ؛
ضربِ شدید (ع۔ مث)
سخت چوٹ ؛
ضَرَر (ع۔ مذ) نقصان۔ تکلیف
ضرر رسانی (ف۔ مث) نقصان
پہنچانا ؛
ضررِ خفیف (ع۔ مث) ہلکا
سا نقصان ؛
ضررِ شدید (ع۔ مث) سخت
نقصان ؛
ضُرور (ع۔ ص) لازم۔ فرض۔ ٹھیک
ضُرورت (ع۔ مث) حاجت
درکار۔ غرض ؛

ضرورت مند (ف-ص) حاجتمند- مفلس ♦
ضرورتاً (ع) مجبوراً- ضرورت کے سبب ♦
ضروری (ا-ص) لازمی- واجبی ♦
ضروریات (ا-بث) ضرورت کی چیزیں- ضروری کام ♦
ضعف (ع-مذ) کمزوری- بڑھاپا
ضعفِ بصارت (ع-مذ) نظر کی کمزوری ♦
ضعفِ بصر (ع-مذ) نظر کی کمزوری ♦
ضعفِ جگر (ف-مذ) جگر کی ناطاقتی
ضِعف (ع-مث) دوچند- دوگنا
ضعیف (ع-ص) کمزور- بوڑھا
ضعیفُ الاعتقاد (ع-ص) کمزور ایمان والا ♦
ضعیفُ العمر (ع-ص) بوڑھا کمزور ♦
ضعیفی (ع-مث) بڑھاپا- کمزوری
ضلالت (ع-مث) گمراہی
ضِلع (ع-مذ) طرف- حصّہ- ضلع کے حاکم کا صدر مقام ♦

ضلع دار (ف-مذ) ڈپٹی کمشنر- محکمہ نہر کا افسر جو پانی وغیرہ کا حساب لگاتا ہے ♦
ضمّ (ع-مذ) ملانا- شامل کرنا- پیش ♦
ضماد (ع-مذ) لیپ ♦
ضمانت (ع-مث) ذمہ داری
ضمانت نامہ (ف-مذ) ضمانت کی تحریر ♦
ضمانتی (ا-مذ) ضامن- ذمہ دار
ضمائر (ع-مث) جمع ضمیر کی ♦
ضِمن (ع-مذ) ذیل- سلسلہ میں- متعلق ♦
ضمناً (ع) اشارۃً ♦
ضمیر (ع-مث) دل- جی- پوشیدہ- گرامر میں وہ لفظ جو کسی نام کی بجائے بولا جائے تاکہ نام بار بار نہ آئے ♦
ضمیمہ (ع-مذ) زائد- پرچہ- تتمہ ♦
ضو (ع-مث) روشنی- لہر- کرن
ضو افگن (ف-ص) روشنی ڈالنے والا- جلوہ گر ♦
ضو فشاں (ف-ص) نور پھیلانے والا- چمکنے والا ♦
ضوابط (ع-مذ) جمع ضابطہ کی- قوانین ♦
ضِیا (ع-مث) روشنی- چمک ♦
ضیافت (ع-مث) مہمانی- دعوت
ضیغم (ع-مذ) پھاڑنے والا شیر ببر ♦
ضَیف (ع-مذ) مہمان ♦
ضِیق (ع-مث) تنگ ♦
ضِیق النفس (ع-مذ) سانس کی تنگی سے آنا- دمہ کی بیماری
ضیوف (ع-مذ) جمع ضیف کی- مہمان ♦

ط

عربی کا سولہواں، فارسی کا انیسواں- اُردو کا بائیسواں حرف- عدد اسکے نو ہیں

طاری (ع-ص) چھا جانے والا- غالب آنے والا ♦

طاس (ع۔ مذ) طشت۔ دریا کی زمین ٭

طاعت (ع۔ مث) عبادت فرمانبرداری ٭

طاعون (ع۔ مذ) پلیگ۔ گلٹی والی متعدی بیماری ٭

طاق (ع۔ مذ) آلہ۔ واحد۔ یکتا۔ ماہر ٭

طاقِ نسیاں پر رکھنا (ف) بھلا دینا۔ یاد نہ رکھنا

طاقت (ع۔ مث) زور۔ جرأت۔ حکومت ٭

طاقتور (ف۔ ص) مضبوط۔ زور آور۔ زبردست ٭

طاقچہ (ف۔ مذ) چھوٹا سا آلہ ٭

طالب (ع۔ مذ) طلب کرنے والا۔ تلاش کرنے والا

طالبِ علم (ع۔ مذ) علم حاصل کرنیوالا

طالبِ دنیا (ع۔ مذ) مال و دولت تلاش کرنے والا ٭

طالع (ع۔ مذ) ستارہ۔ قسمت۔ نصیب

طالع شناس (ف۔ مذ) جوتشی۔ نجومی ٭

طامع (ع۔ ص) طمع رکھنے والا لالچی۔ حریص ٭

طاؤس (ع۔ مذ) مور۔ ایک تار والا باجہ جو مور کی شکل کا ہوتا ہے

طاہر (ع۔ ص) پاک ٭

طائر (ع۔ مذ) اُڑنے والا پرندہ

طائفہ (ع۔ مذ) گروہ۔ فرقہ۔ تماشا رنڈی اور اُسکے ساتھی ٭

طِبّ (ع۔ مث) حکمت۔ ڈاکٹری جسم کے علاج کا علم ٭

طبابت (ع۔ مث) حکمت۔ ڈاکٹری ٭

طبّاخ (ع۔ مذ) باورچی۔ کھانا پکانے والا ٭

طباشیر (ع۔ مث) ایک سفید سی دوائی ہے۔ سفیدی ٭

طباق (ع۔ مذ) تھال ٭

طبائع (ع۔ مث) جمع طبیعت کی

طبع (ع۔ مث) مزاج۔ عادت۔ خو۔ چھاپنا ٭

طبع آزمائی (ف۔ مث) طبیعت کا آزمانا۔ کوشش کرنا ٭

طبعزاد (ف۔ ص) اپنی پیدا کی ہوئی بات۔ اورجنل ٭

طبع ہونا (ا) کتاب کا چھپنا۔

طبعی (ع۔ ص) طبیعت کا۔ فطرتی۔ قدرتی ٭

طبعی میلان (ف۔ مذ) قدرتی رغبت ٭

طبق (ع۔ مذ) تھالی۔ رکابی برابر۔ ملک۔ خطّہ۔ پرت ٭

طبقات (ع۔ مذ) جمع طبقہ کی حصے۔ خطّے ٭

طبقہ (ع۔ مذ) درجہ۔ تہ۔ پرت۔ گروہ ٭

طبل (ف۔ مذ) ڈھول ٭

طبلِ تہی (ف۔ مذ) خالی ڈھول صرف دکھاوا ہی دکھاوا ٭

طبلہ (ف۔ مذ) ایک رُخ کی ڈھولک ٭

طِبّی (ع۔ ص) طِب کا۔ یونانی علاج کے متعلق ٭

طِبّیہ (ع۔ ص) طِب کے متعلق ٭

طبیب (ع۔ مذ) طب جاننے والا۔ حکیم۔ ڈاکٹر

طبیعت (ع۔ مث) مزاج

نفرت۔ عداوت۔ سبھاؤ ٭

طَبیعَت آنا (ا) دل آنا۔ عاشق ہونا ٭

طَبیعَتِ ثانیہ (ع۔مث) عادت جو پختہ ہو کر طبیعت بن جاتی ہے ٭

طَبیعَت لڑانا (ا) ذہن لڑانا توجہ دینا۔ سوچنا ٭

طَبیعَت لگنا (ا) دل لگنا۔ جی لگنا ٭

طَبیعی (ع۔ص) سائینسدان ٭

طَپَنچہ (ف۔مذ) پستول ٭

طِحَال (ع۔مث) تلی ٭

طَرّار (ع۔ص) چالاک۔ جیب کترا۔ زبان دراز ٭

طَرّاری (ع۔مث) تیزی۔ چالاکی۔ لن ترانی ٭

طَراوَت (ع۔مث) تازگی ٭

طَرَب (ع۔مث) خوشی۔ فرحت ٭

طَرَب انگیز (ف۔ص) فرحت بخش۔ خوش کن ٭

طَرح (ع۔مث) بنیاد۔ ڈھنگ طرز۔ مصرع جو غزل لکھنے کے لئے دیا جاوے ٭

طَرحدار (ف۔ص) رنگیلا۔ بانکا ٭

طَرح ڈالنا (ا) بنیاد رکھنا۔ تدبیر کرنا ٭

طَرز (ع۔مذ) طور۔ طریقہ۔ انداز۔ طریق بیان ٭

طَرزِ تحریر (ع۔مذ) لکھنے کا ڈھنگ۔ لکھنے کا انداز ٭

طَرزِ گفتگو (ف۔مذ) بات چیت کرنے کی طرز۔ لہجہ ٭

طَرزِ مُعاشرت (ع۔مذ) رہنے سہنے کا طریقہ ٭

طَرَف (ع۔مث) جانب۔ سمت ٭

طَرَفِ ثانی (ع۔مث) دوسرا گروہ۔ مقابل کی جانب ٭

طَرَفدار (ف۔ص) حمایتی مددگار۔ ساتھی ٭

طَرَفداری (ف۔مث) لحاظ پاسداری۔ حمایت ٭

طُرفہ (ع۔مذ) عجیب۔ تاٹکو ٭

طُرفۃ العین (ع) آنکھ جھپکنے کی دیر۔ ذرا سی دیر ٭

طَرَفَین (ع۔مث) دونو طرفیں دونوں گروہ ٭

طُرّہ (ع۔مذ) زلف۔ پگڑی کا طرہ۔ زیادتی۔ علاوہ۔ انوکھی بات ٭

طُرّہ یہ ہے (ا) زیادتی یہ ہے انوکھی بات یہ ہے ٭

طَریق (ع۔مذ) رستہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ مذہب۔ قاعدہ۔ دستور ٭

طَریقت (ع۔مذ) راستہ۔ مذہب دل کا صاف کرنا ٭

طَریقہ (ع۔مذ) قاعدہ۔ دستور۔ طرز۔ ڈھنگ ٭

طَشت (ع۔مذ) بڑا تھال ٭

طَشت از بام (ف) ظاہر عیاں۔ مشہور ٭

طَشتری (ا۔مث) رکابی۔ تھالی ٭

طَعام (ع۔مذ) کھانا۔ غذا ٭

طُعمہ (ع۔مذ) طعام خوراک ٭

طَعن (ع۔مذ) طعنہ۔ طنز ٭

طَعن و تشنیع (ع۔مث) طعنہ دینا۔ برا بھلا کہنا ٭

طَعنہ (ع۔مذ) طنز۔ بولی ٭

طَعنہ زنی (ف۔مث) طنزاً چبھتی بات کہنا۔ چھیڑنا ٭

طُغرا (ت۔ مذ) پیچیدہ خط۔ شاہی مُہر ⁘

طُغیانی (ع۔ مث) حد سے بڑھنا۔ دریا کا چڑھاؤ۔ زیادتی ⁘

طِفل (ع۔ مذ) لڑکا۔ بچہ۔

طِفلِ مکتب (ع۔ مذ) ناتجربہ کار۔ نو آموز۔ بچہ ⁘

طِفلانہ (ع۔ ص) بچوں کی سی

طِفلی (ع۔ مث) بچپن۔ لڑکپن ⁘

طُفولیت (ع۔ مث) بچپن لڑکپن ⁘

طُفیل (ع۔ مذ) ذریعہ۔ وسیلہ بدولت ⁘

طُفَیلی (ف۔ ص) وہ آدمی جو دوسرے کے صدقے کھانا اڑائے

طِلا (ع۔ مذ) سونا۔ زر۔ مالش کا تیل ⁘

طُلّاب (ع۔ مذ) طالب کی جمع۔ طالب علم ⁘

طَلاق (ع۔ مث) عورت کا نکاح کی قید سے آزاد ہونا

طَلاق دینا (عورت کو آزاد کرنا۔ چھوڑنا ⁘

طَلاق نامہ (ف۔ مذ) طلاق حاصل کرنے کی تحریر ⁘

طَلاقت (ع۔ مذ) تیز بیانی فصاحت ⁘

طِلائی (ف۔ ص) سونے کی چیز۔ سنہری ⁘

طِلایہ (ف۔ مذ) رات کو پہرہ دینے والا۔ فوج کا دستہ۔

طَلَب (ع۔ مث) تلاش چاہ۔ تنخواہ ⁘

طَلبگار (ف۔ ص) چاہنے والا خواہشمند ⁘

طَلبانہ (ف۔ مذ) گواہ وغیرہ کے طلب کرنے کی فیس ⁘

طُلَبا (ع۔ مذ) طالب علم کی جمع۔ طالب علم ⁘

طَلَبہ (ع۔ مذ) جمع۔ طالب علم ⁘

طَلبی (ف۔ مث) بلاوا طلب حاضری کا حکم ⁘

طِلِسم (ی۔ مذ) جادو کا تماشہ حیران کرنے والی بات ⁘

طِلِسمات (ا۔ مذ) طلسم کی جمع

طَلعت (ع۔ مث) دیدار۔ چہرہ۔ صورت ⁘

طُلوع (ع۔ مذ) نکلنا۔ بلند ہونا

طَمانچہ (ا۔ مذ) تھپڑ ⁘

طَمانیت (ع۔ مث) تسکین تسلی۔ دل جمعی ⁘

طُمطراق (ف۔ مذ) کروفر۔ شان و شوکت ⁘

طَمَع (ع۔ مث) لالچ۔ حرص۔ چاہ ⁘

طَناب (ع۔ مث) تنبو کی رسی۔ ڈوری ⁘

طنابیں (ا۔ مث) رسیاں۔ ڈوریاں ⁘

طنبُورہ (ع۔ مذ) تار دار ایک ساز ہے۔ جس میں تونبا لگایا جاتا ہے ⁘

طَنز (ع۔ مث) طعن۔ طعنہ۔ تشنیع

طَنزاً (ع) طنز سے۔ حقارت سے ⁘

طَنطَنہ (ع۔ مذ) طنبور کی آواز رُعب داب۔ تمکنت۔ آن بان ⁘

طَواف (ع۔ مذ) گرد پھرنا کسی کے

جگہ کے گرد پھرنا ٭
طُوالَت (ع۔مث) لمبائی۔
زیادتی ٭
طَوائِف (ع۔مذ) طائفہ کی جمع
ناچنے والی عورت ٭
طَوائِفُ المُلوکی (ع۔مث)
آپس کی نااتفاقی۔ گڑبڑ۔
بدانتظامی ٭
طُوبیٰ (ع۔مذ) بہشت کے ایک
درخت کا نام ہے ٭
طُور (ع۔مذ) ایک پہاڑی کا نام
جس پر حضرت موسیٰ نے خدا
سے باتیں کیں ٭
طَور (ع۔مذ) طریقہ۔ طرز چال
عادت ٭
طُوس (ع۔مذ) خراسان کے
ایک مشہور شہر کا نام۔ فردوسی
شاعر یہیں کا رہنے والا تھا
طوطا چشم (ف۔ص) بے وفا
بے مروّت ٭
طوطا چشمی (ف۔مث) بیوفائی
طوطے اُڑنا (ا) اوسان خطا
ہونا۔ گھبرا جانا ٭

طُوطی بولنا (ا) دھوم ہونا
زمانے کا موافق ہونا۔ اقبال
ہونا ٭
طوعاً و کرہاً (ع) چار و ناچار
مجبوراً ٭
طُوفان (ع۔مذ) چڑھاؤ۔
طغیانی۔ آندھی۔ غضب۔
ہنگامہ۔ واویلا۔ شور ٭
طُوفان اُٹھانا (ا) بہتان لگانا
فساد کھڑا کرنا۔ شور مچانا ٭
طُوفان باندھنا (ا) الزام لگانا
طُوفانِ نُوح (ع۔مذ) وہ
بڑا طوفان جو حضرت نوح پیغمبر
کے زمانے میں آیا تھا ٭
طَوق (ع۔مذ) حلقہ۔ گردن
بند۔ پٹہ ٭
طُول (ع۔مذ) لمبائی۔ درازی
طُولِ اَمل (ع۔مذ) اُمید کی
درازی۔ لالچ ٭
طُولِ بلد (ع۔مذ) نصف النہار
سے کسی شہر کا فاصلہ ٭
طُول پکڑنا (ا) لمبا ہونا۔ بڑھنا
طُول دینا (ا) لمبا کرنا۔ معاملہ

بڑھانا ٭
طُولِ کلام (ع۔مذ) بات کو
بڑھانا ٭
طُولاً (ع) لمبائی میں ٭
طُولانی (ع۔ص) لمبا۔ رسا ٭
طُومار (ع۔مذ) ڈھیر۔ بڑا لمبا
خط۔ کاغذات کا مُٹھا۔ بہتان ٭
طُویل (ع۔ص) لمبا۔ دراز ٭
طَویلہ (ع۔مذ) اصطبل۔ گھوڑوں
کا تھان ٭
طَہارت (ع۔مث) پاکی صفائی
طَہور (ع۔ص) پاک صاف ٭
طے کرنا (ا) فیصلہ کرنا۔ ختم کرنا
سفر کی منزل ختم کرنا ٭
طَیّار (ع۔ص) آمادہ۔ تیار
مستعد ٭
طَیر (ع۔مذ) اُڑنے والا۔
پرند ٭
طَیَران (ع) اُڑنا ٭
طَیش (ع۔مذ) غصہ۔ جوش۔ قہر
طَیش دلانا (ا) بھڑکانا۔ غصہ دلانا
طَیش میں آنا (ا) غصے میں
بھرنا۔ جوش میں آنا ٭

طین (ع۔مث) مٹی ÷

طینت (ع۔مث) پیدائش۔ فطرت۔ عادت ÷

طیور (ع۔مذ) جمع طائر کی۔ پرندے ÷

ظ

عربی کا سترھواں، فارسی کا بیسواں اور اردو کا تئیسواں حرف، عدد اسکے نوسو ہیں :-

ظالم (ع۔مذ) ظلم کرنے والا۔ ستانے والا ÷

ظالمانہ (ف۔ص) ظالم کی طرح۔ ظلم کی ÷

ظاہر (ع۔ص) روشن۔ عیاں کھلا ہوا ÷

ظاہر بیں (ف۔مذ) ظاہر دار

ظاہر پرست (ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا ÷

ظاہر داری (ف۔مث) دکھاوا نمائش ÷

ظاہر و باطن (ع۔مذ) برابر

ظاہری (ف۔ص) دکھاوے کا۔ اوپر کا ÷

ظرافت (ع۔مذ) خوش دلی۔ مزاق ÷

ظرف (ع۔مذ) برتن۔ حوصلہ ÷

ظروف (ع۔مذ) جمع ظرف کی۔ برتن۔ بھانڈے ÷

ظریف (ع۔مذ) لطیفہ گو۔ خوش طبع ÷

ظفر (ع۔مث) فتح مندی۔ جیت۔ کامیابی ÷

ظفر موج (ف۔ص) فتح مند کامیاب ÷

ظل (ع۔مذ) سایہ ÷

ظل اللہ (ع۔مذ) خدا کا سایہ بادشاہ ÷

ظل الٰہی (ع۔مذ) خدا کا سایہ بادشاہ ÷

ظلم (ع۔مذ) زیادتی۔ سختی۔ بے انصافی ÷

ظلم توڑنا (ا) ستم ڈھانا۔ بے انصافی کرنا ÷

ظلم ڈھانا (ا) زیادتی کرنا۔ بڑی سختی کرنا ÷

ظلم رسیدہ (ف۔ص) جس پر ظلم ہوا ہو۔ مظلوم ÷

ظلمات (ع۔مث) اندھیرا۔ تاریکی۔ وہ سمندر جس میں چشمہ آبحیات خیال کیا جاتا ہے

ظلمت (ع۔مث) سیاہی اندھیرا ÷

ظن (ع۔مذ) گمان۔ وہم خیال ÷

ظن غالب (ع۔مذ) یقین زیادہ خیال ÷

ظنی (ع۔ص) خیالی۔ وہمی۔ غیر حقیقی ÷

ظہر (ع۔مذ) پیشیں۔ پیشیں کی نماز ÷

ظہر (ع۔مث) پیٹھ۔ پشت۔

ظَہری (ع) پیٹھ پر لکھا ہوا۔
ظُہُور (ع۔مذ) ظاہر ہونا۔ انکشاف

ظُہُورات (ع۔مذ) قدرت کے ظہور۔ قدرت کے نظارے

ظُہُور پذیر (ف۔ص) ظاہر ہونا۔ پیش آنا ؛

ع

عربی کا اٹھارہواں، فارسی کا اکیسواں اور اُردو کا چوبیسواں حرف۔ عدد اس کے ستّر ہیں۔

عَابِد (ع۔مذ) عبادت کرنیوالا پُجاری ؛

عاج (ع۔مذ) ہاتھی دانت ؛

عَاجِز (ع۔ص) رہا ہوا۔ کمزور۔ مایوس۔ لاجواب ؛

عاجز آنا (ا) تنگ آنا۔ مایوس ہونا

عاجزی (ا۔مث) انکساری۔ منت سماجت ؛

عَاجِل (ع۔ص) جلدی آنیوالا

عاد (ع۔مذ) بہت پرانے زمانے کی ایک قوم کا نام ہے۔ تقسیم کنندہ ؛

عادِ اعظم (ع۔مذ) وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا پورا تقسیم کر سکے ؛

عَادات (ع۔مث) جمع عادت کی ؛

عَادَت (ع۔مث) خصلت۔ خو۔ طریقہ۔ لت ؛

عادتاً (ع) عادت سے ؛

عَادِل (ع۔ص) انصاف کرنیوالا

عَادی (ا۔ص) خوگر۔ جس کو کسی بات کی عادت ہو ؛

عار (ع۔مث) شرم۔ غیرت ؛

عَارِض (ع۔مث) رخسار۔ گال۔ پیش آنے والا ؛

عارِضِ سیمیں (ع۔مذ) چاندی کے سے رخسار۔ خوبصورت چہرہ ؛

عَارِضَہ (ع۔مذ) مرض۔ روگ۔ دُکھ ؛

عَارِضی (ع۔ص) غیر مستقل۔ چند روزہ ؛

عَاری (ع۔ص) ننگا۔ خالی ؛

عَارِیتاً (ع) عارضی طور پر کچھ دنوں کے لئے ؛

عَازِم (ع۔مذ) ارادہ رکھنے والا۔ تیار ؛

عاشِق (ع۔مذ) عشق رکھنے والا۔ فریفتہ۔ چاہنے والا۔

عاشِق مزاج (ع۔ص) حُسن پرست ؛

عاشِقانہ (ف۔ص) عاشقوں کی سی بات ؛

عاشِقی (ا۔مث) محبت۔ یارانہ

عَاشُور (ع۔مذ) محرم کی دسویں تاریخ ؛

عَاصِی (ع۔مذ) گنہ گار ؛

عَاطِفَت (ع۔مث) آرام۔ سُکھ۔ مہربانی۔ توجہ ؛

عَافِیَت (ع۔مث) آرام۔ سکھ

سلامتی ؞

عاق (ع۔ص) نافرمان۔ سرکش۔

عاق کرنا (ا) بیٹے کو حقوق سے الگ کرنا ؞

عاقبت (ع۔مث) انجام۔ خاتمہ۔ آخرت ؞

عاقبت اندیش (ف۔ص) عاقل۔ دُور اندیش۔ انجام سوچنے والا ؞

عاقبت کے بورے سمیٹنا (ا) مُدّت تک جینا۔ لالچ کے لیے قیامت تک جینا ؞

عاقل (ع۔مذ) عقلمند۔ سیانا۔

عالِم (ع۔مذ) علم جاننے والا۔ لائق۔

عالِمُ الغیب (ع۔مذ) غیب کا عِلم رکھنے والا۔ خدا ؞

عالِمِ باعمل (ع۔مذ) وہ عالم جو عمل بھی کرتا ہو ؞

عالَم (ع۔مذ) حالت۔ کیفیت۔ جہان ؞

عالَمِ ارواح (ع۔مذ) روحوں کا جہان۔ وہ جہان جہاں رُوحیں رہتی ہوں ؞

عالَمِ اسباب (ع۔مذ) دنیا جہان۔ جہاں کے سب کام ذرائع سے ہوتے ہیں ؞

عالَمِ بالا (ف۔مذ) آسمان۔ عرش۔

عالَمگیر (ف۔مذ) تمام عالم میں چھایا ہوا۔ عام۔ اورنگزیب کا لقب ؞

عالَمِ محسُوسات (ع۔مذ) محسوسات کی دنیا۔ محسوس ہونے والی اشیاء کی دُنیا ؞

عَالی (ع۔ص) بلند۔ اُونچا۔ بڑا۔

عَالی جاہ (ف۔ص) بڑے رتبے والا۔

عَالی خاندان (ف۔مذ) بڑے گھر کا۔ امیر زادہ۔ بڑا گھرانا ؞

عَالی دِماغ (ع۔ص) بڑا دانا۔ عقلمند ؞

عَالی شان (ع۔ص) بڑی شان والا۔ عُمدہ ؞

عَالی ظرف (ع۔ص) بلند حوصلہ ؞

عَالی ہمّت (ع۔ص) بڑی ہمّت والا۔ بلند حوصلہ۔ سخی ؞

عَالی ہمّتی (ع۔مث) بلند حوصلگی۔ جرأت۔ دلیری ؞

عالِیہ (ع۔ص) بلند۔ بڑی۔ بزرگ ؞

عَام (ع۔ص) پھیلا ہوا۔ معمولی۔ رواجی۔ سب آدمی ؞

عام فہم (ع۔ص) آسان۔ سہل ؞

عامِل (ع۔مذ) عمل کرنے والا۔ حاکم۔ منتر پڑھنے والا ؞

عامّہ (ع۔ص) مشہور۔ عام ؞

عامّۃ النّاس (ع) عام لوگ ؞

عامی (ف۔مذ) ادنےٰ۔ بازاری ؞

عائِد (ع۔مذ) پھرنے والا۔ واپس آنے والا ؞

عائد ہونا (ا) فرض پڑنا۔ لگنا ؞

عَبا (ع۔مذ) گودڑی۔ جُبّہ۔ ایک قسم کی پوشاک ؞

عِباد (ع۔مذ) جمع عبد کی۔ بندے ؞

عِبادت (ع۔مث) بندگی۔ پرستش ؞

عِبادت خانہ / عبادت گاہ (ف۔مذ) مسجد۔ عبادت کرنے کی جگہ ؞

عِبارت (ع۔ مث) تحریر۔ مضمون۔ مراد ۞

عبارت آرائی (ف۔ مث) مضمون کو سنوار کر لکھنا۔ عمدہ عبارت لکھنا ۞

عبّاس (ع۔ مذ) رسول کریم صلعم کے چچا کا نام ہے ۞

عبّاسی (ع۔ ص) حضرت عباسؓ کے خاندان کا ۞

عَبَث (ع۔ ص) فضول۔ بے فائدہ۔ رائگاں ۞

عَبد (ع۔ مذ) بندہ۔ غلام ۞

عِبرانی (ع۔ مث) اہل کنعان کی زبان۔ اسی زبان میں حضرت موسیٰؑ پر توریت نازل ہوئی تھی ۞

عِبرت (ع۔ مث) نصیحت پکڑنا۔ خوف ۞

عبرت انگیز (ف۔ ص) ایسی بات جس سے انسان کو خوف آئے یا نصیحت پکڑے ۞

عبودیت (ع۔ مث) بندگی۔ غلامی۔ اطاعت ۞

عُبُور (ع۔ مث) دریا سے پار اُترنا۔ گزرنا۔ مطالعہ ۞

عَبِیر (ع۔ مذ) مشک۔ خوشبو ۞

عِتاب (ع۔ مذ) تنبیہ۔ غصہ۔ ملامت ۞

عَجائِب (ع۔ مذ) جمع عجیب کی ۞

عجائب خانہ (ف۔ مذ) عجائب گھر ۞

عجائبات (ع۔ مذ) عجائب کی جمع۔ انوکھی چیزیں ۞

عُجاب (ع۔ ص) انوکھا۔ نرالا۔ عمدہ ۞

عُجب (ع۔ مذ) غرور۔ گھمنڈ ۞

عِجز (ع۔ مذ) کمزوری۔ ناتوانی۔ انکسار۔ غریبی۔ منت سماجت

عجلت (ع۔ مث) جلدی۔ شتابی۔ پھرتی ۞

عجم (ع۔ مذ) گونگا۔ عرب کے سوا باقی تمام ملک۔ ایران۔ فارس ۞

عجمی (ع۔ مذ) غیر عرب۔ ایرانی زبان وغیرہ ۞

عجوبہ (ع۔ مذ) انوکھی چیز ۞

عجیب (ع۔ ص) انوکھا۔ عمدہ۔ قابل تعریف ۞

عجیب و غریب (ع۔ ص) نرالا۔ انوکھا ۞

عدالت (ع۔ مث) انصاف۔ عدل۔ کچہری ۞

عدالتِ خفیفہ (ع۔ مث) چھوٹی کچہری ۞

عدالتِ دیوانی (ف۔ مث) وہ کچہری جہاں لین دین کے مقدمے طے ہوتے ہیں ۞

عدالتِ فوجداری (ف۔ مث) وہ کچہری جہاں چوری چکاری قتل وغیرہ کے مقدمات طے ہوتے ہیں ۞

عدالتِ عالیہ (ع۔ مث) ہائی کورٹ۔ بڑی عدالت ۞

عدالتِ ماتحت (ع۔ مث) چھوٹی عدالت۔ نچلی عدالت ۞

عداوت (ع۔ مث) دشمنی۔ کینہ۔ مخالفت ۞

عداوت نکالنا (ف) دشمنی کا بدلہ لینا ۞

عدت (ع۔ مث) وہ مدت

جس میں بیوہ یا مطلقہ عورت نکاح نہیں کر سکتی ٭

عَدَد (ع۔ مذ) گنتی۔ شمار۔ نمبر ہندسہ ٭

عَدل (ع۔ مذ) انصاف ٭

عَدل گستر (ف۔ ص) انصاف پھیلانے والا۔ عادل ٭

عَدَم (ع۔ مذ) نیستی۔ نہیں۔ نفی ٭

عَدَم پیروی (ف۔ مث) پیروی نہ کرنا۔ غیر حاضری مقدمہ

عَدَم تعمیل (ع۔ مث) تعمیل نہ کرنا۔ سمن نہ لینا ٭

عَدَم توجہی (ع۔ مث) بے پرواہی۔ بے احتیاطی ٭

عَدَم موجودگی (ف۔ مث) غیر حاضری۔ موجود نہ ہونا

عَدَن (ع۔ مذ) مشہور بندرگاہ ہے

عَدُو (ع۔ مذ) دشمن ٭

عُدُول (ع۔ مذ) روگردانی۔ نہ ماننا ٭

عُدُول حُکمی (ع۔ مث) حکم نہ ماننا۔ سرکشی ٭

عَدِیل (ع۔ ص) مانند۔ یکساں۔ برابر ٭

عَدِیم (ع۔ ص) نایاب۔ نیست۔ نفی ٭

عَدِیمُ الفُرصتی (ع۔ مث) فرصت نہ ہونا۔ مشغولیت۔ مصروفیت ٭

عَذاب (ع۔ مذ) تکلیف۔ اذیت۔ دکھ۔ گناہوں کی سزا۔ روگ ٭

عَذاب مول لینا (ا) روگ خریدنا۔ دردِ سر مول لینا ٭

عَذابُ النّار (ع۔ مذ) آگ کا عذاب۔ دوزخ کا عذاب ٭

عِذار (ع۔ مذ) گال۔ رخسار ٭

عُذر (ع۔ مذ) بہانہ۔ معافی ٭

عُذرِ بیجا (ف۔ مذ) فضول بہانہ

عُذر خواہی (ف۔ مث) معافی چاہنا

عُذر داری (ف۔ مث) اعتراض۔ حجت ٭

عُذرِ لنگ (ف۔ مذ) فضول بہانہ۔ بے جا حجت ٭

عِراق (ع۔ مذ) دریائے دجلہ کے کنارے کا ایک میسوپوٹیمیا ٭

عَرَب (ع۔ مذ) ایک مشہور ملک ہے۔ عرب کا رہنے والا

عَربَدہ (ع۔ مذ) لڑائی جھگڑا فتنہ ٭

عَرَبی (ع۔ ص) عرب کا۔ عرب کی زبان ٭

عُرس (ع۔ مذ) بزرگوں کی سالانہ فاتحہ۔ میلہ ٭

عَرش (ع۔ مذ) آٹھواں آسمان۔ آسمان ٭

عَرش آشیانی (ف۔ مذ) مرحوم ٭

عَرشِ بریں } **عَرشِ معلّٰی** } (ع۔ مذ) سب سے اونچا آسمان۔

عَرش پر چڑھانا (ا) بہت تعریف کرنا ٭

عَرش کا تارا (ا۔ مذ) بڑے درجے والا ٭

عَرش کے تارے توڑنا (ا) بڑا کام کرنا۔ اپنی بساط سے بڑھ کر ہاتھ مارنا۔ کوئی عجیب کام کرنا ٭

عَرشہ (ع۔ مذ) جہاز کی سب سے اوپر کھلی چھت ٭

عَرصہ (ع۔ مذ) مدت۔ وقت زمانہ۔ میدان ٭

عُرصہ تنگ ہونا (ا) میدان تنگ ہونا۔ وقت کم ہونا

عَرض (ع۔ مذ) بیان۔ التماس درخواست۔ چوڑائی ۔

عَرضِ حال (ع) حالت کا اظہار۔ بیان ۔

عَرض داشت (ف۔ مث) درخواست۔ گذارش ۔

عَرضی (مث) تحریری درخواست۔

عَرضی نویس (ف۔ مذ) عرضیاں لکھنے والا۔ منشی ۔

عُرف (ع۔ مذ) پہچان مشہور نام

عَرفات (ع۔ مذ) مکہ شریف سے ۱۲ میل کے فاصلے پر ایک میدان ہے جہاں تمام حاجی حج کے دن اکٹھے ہوتے ہیں ۔

عِرفان (ع۔ مذ) پہچان خدا کی معرفت ۔

عُرفی (ع۔ص) معمولی۔ اکبر کے زمانے کے ایک مشہور فارسی شاعر کا تخلص ہے جس کا نام جمال الدین (شیرازی) تھا

عَرَق (ع۔ مذ) پسینہ۔ سنچوڑ۔ کشید کیا ہوا پانی ۔

عَرَق ریزی (ف۔ مث) پسینہ بہانا۔ سخت محنت ۔

عَرَق کھینچنا (ا) کسی چیز کا پانی بخارات کے ذریعہ سے کھینچنا طاقت کھینچ لینا ۔

عُرُوج (ع۔ مذ) بلندی اونچائی ترقی ۔

عُرُوس (ع۔ مث) دُلہن ۔

عُریاں (ع۔ص) ننگا۔ برہنہ ۔

عَریضہ (ع۔ مذ) رقعہ۔ چٹھی ۔

عَریضہ نویس (ف۔ مذ) خط لکھنے والا ۔

عَریض (ع۔ص) چوڑا۔ وسیع ۔

عِزّ (ع۔ مث) شرف۔ بزرگی۔ عزت ۔

عَزّوجَلّ (ع۔ص) بزرگ و برتر۔ غالب ۔

عِزّوشان (ع۔ مث) شان اور بزرگی ۔

عِزّ و وقار (ع۔ مذ) عزت اور بزرگی۔ شرف ۔

عَزا (ع۔ مذ) ماتم ۔

عزادار (ف۔ص) سوگوار۔ ماتم کرنے والا ۔

عَزازیل (ع۔ مذ) شیطان۔ ابلیس ۔

عِزّت (ع۔ مث) آبرو۔ بزرگی۔ شان ۔

عِزّت دار (ف۔ مذ) عزت والا۔ ذی رتبہ ۔

عِزرائیل (ع۔ مذ) موت کا فرشتہ ۔

عَزل (ع۔ مذ) کنارہ۔ الگ کرنا۔ موقوفی ۔

عُزلت (ع۔ مث) تنہائی خلوت ۔

عَزم (ع۔ مذ) ارادہ ۔

عَزم بالجزم (ع۔ مذ) پکا ارادہ ۔

عَزیز (ع۔ص) پیارا۔ رشتہ دار ۔

عَزیز رکھنا (ا) عزت کرنا۔ دوست جاننا ۔

عَزیمت (ع۔ مث) ارادہ قصد۔ نیت ۔

عَساکر (ع۔ مذ) جمع عسکر کی۔ فوجیں۔ لشکر ۔

عُسرت (ع۔مث) تنگی۔ مفلسی ٭
عَسکر (ع۔مذ) لشکر۔ فوج
عَسل (ع۔مذ) شہد۔ ماکھی
عِشا (ع۔مث) رات کی نماز
سوتے وقت کی نماز ٭
عَشا (ع۔مث) رات کا کھانا
ڈنر ٭
عُشاق (ع۔مذ) جمع عاشق کی
عُشبہ (ع۔مذ) ایک مصفّی خون
دوائی کا نام ہے ٭
عَشر (ع۔ص) دس ٭
عُشر (ع۔ص) دسواں ٭
عُشر عشیر (ع۔ص) سوواں حصہ
ذرا سا ٭
عِشرت (ع۔مث) خوشی عیش
مزا ٭
عِشرت خانہ (ف۔مذ) عیش
و آرام کا گھر۔ مقام ٭
عَشَرہ (ع۔مذ) دسواں محرم
کی دسویں تاریخ ٭
عَش عَش کرنا (ا) واہ واہ
کرنا۔ آفریں کرنا ٭
عِشق (ع۔مذ) بہت محبت پیار

سودا ٭
عِشق اللہ (ع۔مذ) خدا کی محبت
عِشق پیچہ (ف۔مذ) ایک بیل
کا نام ہے ٭
عِشق حقیقی (ع۔مذ) اصلی
محبت۔ خدا کی محبت ٭
عِشق مجازی (ع۔مذ) جھوٹا
عشق۔ دنیاوی عشق ٭
عِشوہ (ع۔مذ) ناز نخرہ۔ کرشمہ ٭
عِشوہ گر (ف۔مذ) معشوق ٭
عِشقیّہ (ع۔ص) وہ نظم یا کلام
جس میں عشق کا بیان ہو ٭
عَصا (ع۔مذ) سونٹا۔ لاٹھی سہارا
عَصائے پیری (ف۔مذ)
بڑھاپے کا سہارا۔ بیٹا ٭
عَصائے موسیٰ (ع) وہ
عصا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام
کے پاس تھا۔ زمین پر ڈالنے
سے اژدہا بن جاتا تھا ٭
عَصبیّت (ع۔مث) مذہبی
طرفداری ٭
عَصر (ع۔مذ) زمانہ ٭
عَصرِ حاضر (ع۔مذ) موجودہ زمانہ ٭

عِصمت (ع۔مث) بےگناہی
زنانہ عزت۔ پارسائی ٭
عِصمت بی بی است از
بے چارگی (ف۔ک) لاچاری
کے سبب پرہیزگار رہے
اس آدمی کے متعلق بولتے ہیں
جو گناہ کرنے کی تو طاقت
ہی نہ رکھتا ہو اور پرہیزگار بنے
عِصیاں (ع۔مذ) گناہ۔ پاپ
قصور ٭
عُضلہ (ع۔مذ) جوڑ بند۔ پٹھہ ٭
عُضلات (ع۔مذ) جسم کے
پٹھے ٭
عُضو (ع۔مذ) بازو جسم کا حصہ
عَطا (ع۔مث) انعام بخشش
عطائے تو بہ لقائے تو
(ف) آپ کا دیا آپ کے
سر اوپر تصدق ہے یعنی آپ
کی چیز آپ کو مبارک رہے
عَطّار (ع۔مذ) عطر بیچنے والا
عُطارد (ع۔مذ) بدھ ستارا
دبیر فلک ٭
عَطائی (ا۔ص) عطا شدہ بغیر

کسب کیے حاصل کیا ہوا ؛
عِطر (ع۔مذ) خوشبو۔ مہک۔ خلاصہ۔ نچوڑ ؛
عِطردان (ف۔مذ) عطر رکھنے کی شیشی یا برتن ؛
عِطریات (ع۔مذ) جمع عطر کی ؛
عَطسہ (ع۔مذ) چھینک ؛
عَطش (ع۔مث) پیاس ؛
عَطف (ع۔مذ) پھیرنا۔ موڑنا۔ توجہ کرنا ؛
عَطیہ (ع۔مذ) بخشش۔ انعام ؛
عَظم (ع۔مذ) ہڈی ؛
عَظمت (ع۔مث) بزرگی۔ بڑائی۔ قدر ؛
عُظمیٰ (ع۔مث) بڑی۔ بزرگ ؛
عَظیم (ع۔ص) بڑا۔ بزرگ۔ نہایت ؛
عَظیم الشان (ع۔ص) بڑے شان والا۔ بہت بڑا ؛
عِفّت (ع۔مث) پارسائی۔ پرہیزگاری ؛
عِفریت (ع۔مذ) جن۔ بھوت

عَفو (ع۔مذ) معافی۔ درگزر۔ بخشش ؛
عُفونت (ع۔مث) بدبو۔ گندگی ؛
عَفیف (ع۔ص) پاکباز۔ پرہیزگار ؛
عَفیفہ (ع۔مث) نیک عورت۔ پرہیزگار عورت ؛
عُقاب (ع۔مذ) ایک بلند پرواز پرندہ کا نام ہے ؛
عَقائد (ع۔مذ) جمع عقیدہ کی ؛
عَقب (ع۔مذ) پیچھے۔ پیٹھ پیچھے ؛
عُقبیٰ (ع۔مذ) آخرت۔ دوسرا جہان ؛
عَقد (ع۔مذ) نکاح۔ گانٹھ۔ قول و اقرار ؛
عَقد کرنا (ا) نکاح کرنا۔ شادی کرنا ؛
عُقدہ (ع۔مذ) مشکل۔ گرہ ؛
عُقدہ کشائی (ف۔مث) مشکل حل کرنا۔ مشکل آسان کرنا ؛
عَقرب (ع۔مذ) بچھو ؛

عَقل (ع۔مث) سمجھ۔ فہم ؛
عَقلِ انسانی (ع۔مث) انسان کی وہ قوت فہم جس سے وہ باقی اشیاء پر غالب ہے ؛
عَقلِ حیوانی (ع۔مث) حیوانات کی فطرت میں جو سمجھ ہے وہ عقل حیوانی ہے ؛
عَقلِ سلیم (ع۔مث) پوری عقل۔ فہم رسا ؛
عَقل کا پورا (ا۔مذ) بیوقوف۔ احمق ؛
عَقلِ کُل (ع۔مذ) پوری عقل حضرت جبرائیلؑ سے مراد ہوتی ہے ؛
عَقل کے ناخن لو (ا) سمجھ کی بات کرو۔ ہوش میں آؤ ؛
عُقلا (ع۔مذ) جمع عاقل کی۔ دانا ؛
عَقلمند (ف۔ص) دانا۔ سیانا ؛
عَقلمندی (ف۔مث) سمجھ۔ دانائی ؛
عَقلی (ع۔ص) عقل کی۔ سمجھ کی ؛
عُقول (ع۔مث) جمع عقل کی ؛

عُقُوبت (ع) سزا - دُکھ ٭
عَقِیدَت (ع - مث) ایمان ٭
عَقِیدَتمند (ف - مذ) عقیدت رکھنے والا ٭
عَقِیدَہ (ع - مذ) یقین ایمان ٭
عَقِیق (ع - مذ) ایک سُرخ رنگ کا پتھر ٭
عَقِیقَہ (ع مذ) لڑکے کی پیدایش سے ساتویں دن اس کے سر کے بال منڈوانے اور خیرات کرنے کی رسم ٭
عَقِیل (ع - مذ) دانا عقلمند ذکی ٭
عَقِیم (ع ص) بانجھ عورت
عَقِیمَہ (ع ص) وہ عورت جس کے بچہ نہ ہوتا ہو ٭
عَکس (ع - مذ) پرتو سایہ ضد - خلاف ٭
عَکسِی (ا ص) عکس کی عکس سے لی ہوئی ٭
عِلَاج (ع - مذ) دوا درمن تدبیر
عِلَاج مُعَالجہ (ع مذ) دوا دارو
عِلاقہ (ع مذ) تعلق - واسطہ ٭

ضلع - جاگیر ٭
عَلَالَت (ع - مث) بیماری ٭
عَلّام (ع - مذ) بہت جاننے والا خدا
عَلّامُ الغُیُوب (ع - مذ) غیب کی باتیں جاننے والا - خدا
عَلَامات (ع - مث) نشانیاں ٭
عَلَامَت (ع - مث) نشانی پتہ - اشارہ ٭
عَلّامَہ (ع - مذ) بہت علم جاننے والا - فاضل ٭
عَلّامَہ دہر (ع - مذ) تمام زمانے کا فاضل - بہت بڑا عالم ٭
عَلَانیَہ (ع) ظاہرا کھلم کھلا - صاف ٭
عِلَاوہ (ع) سوا - جز - زیادہ ٭
عِلَاوہ ازیں (ف) اسکے سوا
عِلَاوہ بریں (ف) اس پر زیادہ
عَلَائق (ع - مذ) جمع علاقہ کی تعلقات ٭
عِلّت (ع - مث) سبب وجہ بیماری - بُری عادت ٭
عِلّتُ العِلَل (ع - مث) تمام علتوں کی علت ٭

عِلّت صُوری (ع - مث) صورت کا سبب ظاہری سبب ٭
عِلّتِ غائی (ع - مث) اصلی وجہ حقیقی سبب ٭
عِلّت و مَعلُول (ع - مذ) سبب اور اس کا نتیجہ ٭
عَلَف (ع - مذ) گھاس ٭
عِلَل (ع - مث) جمع علت کی - اسباب ٭
عَلَم (ع - مذ) جھنڈا ٭
عَلَم بردار (ف - مذ) جھنڈا اٹھانے والا - پیش پیش - دعویدار ٭
عَلَم ہونا (ل) ظاہر ہو جانا ٭
عِلم (ع - مذ) دانش - دانائی واقفیت ٭
عِلمِ ادب (ع - مذ) انشا پردازی کا علم - علم معانی ٭
عِلمِ الٰہی (ع - مذ) خدا تعالیٰ کی معرفت اور ایسے امور کا علم جو خارجی وجود کے لیئے مادہ کے محتاج نہیں ٭
عِلمُ اللِّسان (ع - مذ) زبان کا علم
عِلمِ ہَیئت (ع - مذ) آسمان کی

شکلوں ستاروں اور اُن کی حرکات و بساطت کا علم۔ علم نجوم ؛

عُلَماء (ع۔ مذ) جمع عالم کی۔ فاضل لوگ ؛

عِلْمی (ع۔ ص) علم کے متعلق۔

عِلْمِیَّت (ع۔ مث) علم ہونا۔ لیاقت ؛

عُلُو (ع۔ مث) بلندی۔ برتری

عُلُوِّ ہمّت (ع۔ مث) بلند ہمتی

عُلُوم مشرقی (ع۔ مذ) سنسکرت فارسی۔ عربی وغیرہ ؛

عُلُوم مغربی (ع۔ مذ) یورپ کے علوم۔ سائنس وغیرہ ؛

عُلُومِ مروّجہ (ع۔ مذ) وہ علوم جو رواج میں ہوں جو پڑھائے جاتے ہوں ؛

عَلَوی (ع۔ مذ) حضرت علی کی اولاد سے

عُلْوی (ع۔ مذ) اعلٰے درجہ کا آسمانی فرشتہ ؛

عَلی (ع۔ مذ) پیغمبر اسلام کے چوتھے خلیفہ کا نام ہے جو آپ کے داماد بھی تھے

عَلیٰ (ع) اوپر۔ پہ۔ بالا ؛

عَلَی الاتّصال (ع) متواتر۔ لپے درپے ؛

عَلَی الحِساب (ع) پیشگی کے طور پر کچھ دینا۔ چلتے حساب میں ؛

عَلَی الخُصُوص (ع) خاص کر ؛

عَلَی الدّوام (ع) ہمیشہ ہمیشہ کے لیئے ؛

عَلَی الصّباح (ع) صبح سویرے

عَلَی العُمُوم (ع) عام طور پر ؛

عَلیٰ ہٰذا القیاس (ع) اسی طرح۔ اسی پر قیاس۔ یونہی ؛

عَلیحدگی (ع ف۔ مث) جدائی خلوت۔ تنہائی ؛

عَلیحدہ (ع۔ ص) الگ جدا تنہائی میں ؛

عَلِیل (ع۔ ص) بیمار ؛

عَلِیم (ع۔ ص) جاننے والا۔ خدا۔

عَلَیہِ الرّحمۃ (ع۔ دعا) اُس پر خدا کی رحمت ہو ؛

عَلَیہِ السّلام (ع دعا) اُس پر سلام ہو۔ اُس پر خدا کی مہربانی ہو ؛

عِلّیّین (ع۔ مث) آٹھواں آسمان۔ بہشت ؛

عَم (ع۔ مذ) چچا ؛

عَمزادہ (ف ۔ مذ) چچیرا بھائی ؛

عِمارت (ع۔ مث) تعمیر۔ مکان۔ آبادی ؛

عَماری (ع۔ مث) ہاتھی کے اوپر کا ہودج ؛

عُمّال (ع۔ مذ) جمع عامل کی۔ حاکم۔ وصول کرنے والے ؛

عَمامہ (ع۔ مذ) پگڑی۔ صافہ ؛

عَمائِد (ع۔ مذ) جمع عمدہ کی۔ تھم۔ رکن۔ امرا ؛

عَمداً (ع) جان بوجھ کر ؛

عُمدگی (ا مث) اچھائی۔ خوبی ؛

عُمدہ (ع ص) اچھا۔ خوب۔ نفیس۔ نیک ؛

عُمدۃُ المُلک (ع۔ مذ) اگلے زمانے میں مسلمان بادشاہوں کی طرف سے امرا کا خطاب ہوتا تھا

عُمر (ع۔ مث) سن سال۔ عرصہ۔ مدت ؛

عُمر رسیدہ (ف ص) بوڑھا ؛

عُمرِ طبعی (ع۔ مث) پوری عمر۔ اصلی عمر۔ قدرتی عمر ؎

عُمرِ قید (ا۔ مث) تمام عمر کی قید

عُمرِ نُوح (ع۔ مث) بہت بڑی عمر ؎

عُمق (ع۔ مذ) گہرائی ؎

عَمل (ع۔ مذ) کام۔ فعل۔ حکم ماننا۔ حکومت۔ جادو۔ وظیفہ

عَملداری (ف۔ مث) حکومت

عَمل دخل (ع۔ مذ) حکومت اختیار ؎

عَمل درآمد (ف۔ مذ) کارروائی کرنا۔ عمل میں لانا ؎

عَملہ (ع۔ مذ) کارکن لوگ۔ اہلکار۔ سٹاف ؎

عَملی (ع۔ ص) عمل کا۔ کام کرنے کے متعلق ؎

عَملی جامہ پہنانا (ا) عمل میں لانا۔ کام کرنا ؎

عَمُود (ع۔ مذ) تھم ستون۔ زاویہ قائمہ بناتا ہوا کھڑا خط ؎

عُمُوم (ع۔ مذ) عام ہونا۔ بہت بیشتر ؎

عَمیم (ع۔ ص) عام۔ پورا۔ سب میں شامل ؎

عَمیق (ع۔ ص) گہرا ؎

عُنّاب (ع۔ مذ) ایک سُرخ رنگ کا ولایتی بیر ؎

عُنّابی (ف۔ ص) عناب کے رنگ کا ؎

عِناد (ع۔ مذ) رنج۔ دُشمنی۔ کینہ ؎

عَنادِل (ع۔ مذ۔ مث) عندلیب کی جمع۔ بُلبل ؎

عَناصِر (ع۔ مذ) جمع عنصر کی۔ جزو۔ مٹی۔ پانی۔ آگ۔ ہوا۔

عِنان (ع۔ مث) باگ۔ لگام۔ ڈور ؎

عِنایات (ع۔ مث) مہربانیاں۔

عِنایت (ع۔ مث) مہربانی احسان ؎

عِنَب (ع۔ مذ) انگور ؎

عَنبر (ع۔ مذ) خوشبو ؎

عَنبریں (ف۔ ص) خوشبودار ؎

عِند (ع) نزدیک۔ پاس ؎

عِندُ الطلب (ع) جس وقت مانگا گیا ؎

عِند الملاقات (ع) ملاقات کے وقت ؎

عِند الوقوع (ع) واقعہ ہونے کے وقت ؎

عَندلیب (ع۔ مذ۔ مث) بُلبل ؎

عِندیہ (ع۔ مذ) رائے۔ منشا۔ ارادہ

عِندیہ معلوم کرنا (ا) رائے لینا۔ منشا دریافت کرنا ؎

عُنصُر (ع۔ مذ) جزو۔ اصل۔ بنیاد ؎

عُنفوان (ع۔ مذ) آغاز جوانی ابتدا ؎

عُنقا (ع۔ مذ) ایک خیالی پرندہ نایاب شے ؎

عُنقا (ا) غائب ہونا۔ مشکل ہونا۔ کمیاب ہونا ؎

عَنقریب (ع) جلدی۔ نزدیک ہی ؎

عَنکبوت (ع۔ مث) مکڑی ؎

عَنیف (ع۔ ص) تیز۔ سخت ؎

عَوارض (ع۔ مذ) جمع عارضہ کی۔ بیماریاں ؎

عَوَاطِف (ع۔ مث) جمع عاطفہ کی۔ توجہات۔ مہربانیاں ٭
عَوَام (ع۔ مذ) عام لوگ ٭
عَوَامُ النّاس (ع۔ مذ) عام لوگ۔ پبلک ٭
عَوَامِل (ع۔ مذ) جمع عامل کی حاکم ٭
عَوَائب (ع۔ مذ) عیب کی جمع
عَود (ع۔ مذ) واپسی لوٹنا پھرنا۔
عَود کرنا (ل) پھر آنا ٭
عُود (ع۔ مذ) ایک خوشبودار سیاہ لکڑی ٭
عُود سوز (ف۔ مذ) عود جلانے کی انگیٹھی ٭
عَورت (ع۔ مث) نار استری بیوی ٭
عِوَض (ع۔ مذ) بدلہ۔ اجرت تاوان ٭
عِوضانہ (ا۔ مذ) بدلہ۔ معاوضہ
عِوضی (ع۔ ص) قائم مقام ٭
عَون (ع۔ مذ) مدد ٭
عَہد (ع۔ مذ) زمانہ۔ وقت قول۔ اقرار۔ قسم ٭

عَہدِ حکومت (ع۔ مذ) حکومت زمانہ ٭
عَہد شکنی (ف۔ مث) وعدہ خلافی ٭
عَہد نامہ (ف۔ مذ) تحریری اقرار نامہ ٭
عَہد و پیماں (ف۔ مذ) قول قرار۔ وعدہ ٭
عُہدہ (ع۔ مذ) ذمہ۔ ضمانت افسری ٭
عُہدہ برآ ہونا (ل) فرض ادا کر دینا۔ سبکدوش ہونا ٭
عُہدہ دار (ف۔ مذ) افسر۔ منصب دار ٭
عِیادت (ع۔ مث) بیمار پرسی
عِیاذاً باللہ (ع) خدا کی پناہ
عَیّار (ع۔ مذ) مکار۔ فریبی۔ بڑا چالاک ٭
عَیّاری (ف۔ مث) فریب۔ دغا۔ چالاکی ٭
عَیّاش (ع۔ ص) عیش کرنے والا۔ بدچلن ٭
عَیّاشی (ا۔ مث) بدچلنی۔ اوباشی ٭

عَیَال (ع۔ مذ) اولاد۔ فرزند
عَیَال دار (ف۔ مذ) بال بچوں والا۔ ٹبر والا ٭
عَیَاں (ع۔ ص) ظاہر۔ کھلا ہوا
عَیب (ع۔ مذ) برائی۔ گناہ نقص ٭
عَیب پوش (ف۔ ص) عیب ڈھانکنے والا۔ لوگوں کے عیب چھپانے والا ٭
عَیب پوشی (ف۔ مث) پردہ پوشی۔ لوگوں کے عیب چھپانا
عَیب جُو (ف۔ ص) عیب نکالنے والا۔ لوگوں کے عیب تلاش کرنے والا ٭
عَیب دار (ف۔ ص) ناقص عیب والا ٭
عِید (ع۔ مث) خوشی۔ تہوار ٭
عِید الاضحیٰ (ع۔ مث) قربانی والی عید ٭
عِید الفطر (ع۔ مث) رمضان والی عید ٭
عِید کا چاند (ا۔ مذ) عید کے مہینے کا چاند۔ مدت کے بعد

ملنے والا آدمی ٭

عید کا چاند ہونا (ا) کم نظر آنا۔ بڑی مدت اور آرزو کے بعد ملنا ٭

عیدگاہ (ف۔مث) عید کی نماز پڑھنے کی جگہ ٭

عیدی (ا۔مث) عید کا انعام۔ بچوں کا عید کا خرچ ٭

عیسائی (ف۔مث) حضرت عیسےٰؑ کے ماننے والے ٭

عیسوی (عبرانی۔ص) وہ سن جو حضرت عیسیٰؑ کی پیدایش سے شروع ہوتا ہے انگریزی سن ٭

عیسیٰؑ (عبرانی۔مذ) ایک مشہور پیغمبر علیہ السلام کا نام ہے جو حضرت مریمؑ کے پیٹ سے پیدا ہوئے تھے۔ ان کے پیرو عیسائی کہلاتے ہیں ٭

عَیش (ع۔مذ) آرام۔ سکھ۔ نفس پرستی ٭

عَیش و عشرت (ع۔مذ) خوشی خرمی۔ آرام۔ سکھ۔ نفسانی خوشی ٭

عَین (ع۔ص) ٹھیک ٭

عَین (ع۔مذ) چشمہ۔ آنکھ ٭

عَین الیقین (ع۔مذ) آنکھوں سے دیکھ کر یقین کرنا ٭

عَینک (ف۔مث) آنکھ کا چشمہ ٭

غ

عربی کا انیسواں، فارسی کا بائیسواں اور اردو کا پچیسواں حرف۔ اسکے عدد ایک ہزار ہیں ٭

غار (ع۔مذ) گڑھا۔ کھڈ ٭

غارت (ع۔مث) لوٹ گھسوٹ تباہ و برباد۔ اجاڑ ٭

غارت گر (ف۔مذ) تباہ کرنے والا۔ لوٹنے والا ٭

غارت گری (ف۔مث) تباہی۔ تاخت و تاراج

غارت ہونا (ا) تباہ ہونا اجڑنا۔ ضائع ہونا ٭

غازہ (ف۔مذ) گلگونہ۔ پوڈر۔ بٹنا ٭

غازی (ع۔مذ) دین کے لئے لڑنے والا۔ بہادر ٭

غاشیہ (ع۔مذ) پالان ٭

غاصب (ع۔ص) چھین لینے والا ٭

غافل (ع۔ص) غفلت کرنے والا۔ بے پروا ٭

غالب (ع۔ص) زبردست ٭

غالباً (ع۔) ضرور۔ پکا خیال گمان ہے ٭

غالیچہ (ف۔مذ) قالین ٭

غائب (ع۔ص) غیر حاضر۔ پوشیدہ ٭

غائبانہ (ف۔) بن دیکھے۔ پیٹھ پیچھے ٭

غایت (ع۔مث) انتہا۔ انجام۔ بے حد ٭

غایت درجہ (ع) بے حد۔ اخیر درجہ۔ انتہا ٭
غُبار (ع۔ مذ) گرد۔ باریک مٹی۔ کدورت۔ رنج ٭
غُبار آلُودہ (ف۔ ص) گرد سے بھرا ہوُا ٭
غُبارِ خاطر (ع۔ مذ) رنج ٭
غُبار رکھنا (ا) دل میں رنج اور میل رکھنا ٭
غُبار نکالنا (ا) دشمنی کا نکالنا۔ بدلہ لینا ٭
غُبارہ (ا۔ مذ) اُڑن کھٹولا ٭
غبغب (ع۔ مث) ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوُا گوشت ٭
غَبن (ع۔ مذ) کسی کی چیز دبا لینا۔ خیانت ٭
غَبن کرنا (ا) خورد بُرد کرنا۔ خیانت کرنا ٭
غَبی (ع۔ ص) کم عقل۔ کُند ذہن ٭
غَپ (ہ۔ مث) گپ ٭
غپ شپ (ہ۔ مث) گپ شپ۔ بیہودہ بات ٭

غَٹ (ا۔ مذ) گروہ۔ جتھا ٭
غٹرغوں (ہ۔ مث) کبوتر کے بولنے کی آواز ٭
غَدّار (ع۔ ص) باغی۔ سرکش۔ بے وفا ٭
غَدّاری (ا۔ مث) بے وفائی۔ سرکشی۔ بغاوت ٭
غَدر (ع۔ مذ) بے وفائی۔ عہد شکنی۔ بغاوت ٭
غَدِیر (ع۔ مذ) گڑھا۔ تالاب ٭
غذا (ع۔ مث) خوراک کھانا ٭
غذائیّت (ع۔ مث) غذا کا مادہ ہونا
غرارہ (ف۔ مذ) حلق میں پانی ڈال کر کلی کرنا ٭
غُرّانا (ا) غصّے کی آواز نکالنا گھرکنا ٭
غَرائب (ع۔ مذ) جمع غریب کی۔ عجیب باتیں ٭
غَرب (ع۔ مذ) سورج کا چھپنا۔ مغرب ٭
غُربا (ع۔ مذ) جمع غریب کی۔ مفلس۔ نادار ٭
غربال (ع۔ مث) چھلنی ٭

غُربت (ع۔ مث) مسافری مفلسی ٭
غَربی (ع۔ ص) مغرب کا۔ پچھم کا ٭
غَرَض (ع۔ مذ) مطلب۔ خواہش مُدّعا ٭
غَرَضمند (ف۔ ص) مطلبی۔ ضرورت مند ٭
غرض و غایت (ع۔ مث) وجہ۔ سبب۔ مُدّعا۔ ضرورت ٭
غرضیکہ (ف) مطلب یہ۔ قصّہ کوتاہ ٭
غُرفہ (ع۔ مذ) دریچہ۔ کھڑکی ٭
غَرق (ع۔ مذ) ڈوبا ہوُا ٭
غرقاب (ف۔ ص) پانی میں ڈوبا ہوُا ٭
غُروب (ع۔ مذ) ڈوبنا۔ سورج کا چھپنا ٭
غُرور (ع۔ مذ) گھمنڈ۔ فخر۔ بڑائی ٭
غُرّہ (ع۔ مذ) غرور۔ گھمنڈ ٭
غریب (ع۔ مذ) مسافر۔ اجنبی۔ مفلس ٭

غریب الوطن (ع۔ مذ) مسافر
پردیسی ۞
غریب پرور (ف۔ ص) بندہ
نواز۔ جناب عالی ۞
غریب خانہ (ف۔ مذ) انکسار
کے لئے اپنے گھر کے
واسطے بولتے ہیں ۞
غریب نواز (ف۔ ص) غریبوں
پر مہربانی کرنے والا جناب
غریبی (ا۔ مث) مسافری
افلاس۔ تنگدستی ۞
غریزی (ع۔ مث) اصلی
طبعی ۞
غریق (ع۔ ص) ڈوبا ہوا
غریق رحمت (ع۔ ص) خدا
کی مہربانی میں ڈوبا ہوا
مرحوم ۞
غزال (ع۔ مذ) ہرن ۞
غزل (ع۔ مث) وہ نظم جس میں
عشق، ہجر وصال وغیرہ کا ذکر ہو
غزلخواں (ف۔ مذ) غزل
پڑھنے والا ۞
غسال (ع۔ مذ) نہلانے والا
مردہ شو ۞
غسالہ (ع۔ مث) وہ عورت جو
مردہ عورتوں کو غسل دے ۞
غسل (ع۔ مذ) نہانا۔ اشنان
بدن کو دھونا ۞
غسل صحت (ع۔ مذ) بیماری سے
صحت پانے کے بعد پہلا غسل
غسل میت (ع۔ مذ) مرے
کو نہلانا ۞
غش (ع۔ مذ) بیہوش ۞
غش کھانا (ا) بے ہوش ہو
جانا ۞
غشی (ع۔ مث) بے ہوشی
بے خبری ۞
غصب (ع۔ مذ) چھیننا
زبردستی لے لینا ۞
غصب کرنا (ا) زبردستی
لے لینا۔ دبا رکھنا ۞
غصہ (ع۔ مذ) رنج۔ خفگی ۞
غصہ پینا (ا) ضبط کرنا۔ جوش
روکنا۔ صبر کرنا ۞
غصہ نکالنا (ا) ناراض ہونا
غصیل (ع۔ ص) غصے والا
بدمزاج ۞
غضب (ع۔ مذ) غصہ۔ قہر
ظلم۔ آفت ۞
غضب آلود (ف۔ ص) غصہ
میں۔ خشمگیں ۞
غضب الٰہی (ا۔ مذ) خدا کا قہر
آسمانی بلا ۞
غضب توڑنا (ا) ظلم ڈھانا ۞
غضب ڈھانا (ا) ستم کرنا
کوئی انوکھا کام کرنا ۞
غضب کا (ا) حد درجے
کا۔ بہت ۞
غضبناک (ف۔ ص) خشمگیں
غصے میں۔ خفا ۞
غفار (ع۔ ص) بہت بخشنے
والا۔ خدا ۞
غفلت (ع۔ مث) بے پروائی
بے خبری ۞
غفلت کیش (ف۔ مذ) غافل
بے پروا ۞
غفور (ع۔ ص) بخشنے والا۔ خدا
غفور الرحیم (ع۔ ص) بخشنے
اور رحم کرنے والا۔ خدا تعالیٰ

غُضَنفَر (ع ۔ ص) بہت بڑا ۔ کثیر ٭
غُل (ف ۔ مذ) شور ۔ غوغا ۔ فریاد ٭
غُل غپاڑہ (ا ۔ مذ) واویلا ۔ شور غوغا ٭
غِلاظت (ع ۔ مث) گندگی ٭
غِلاف (ع ۔ مذ) پردہ ۔ میان ۔ خول ۔ رضائی وغیرہ کا اوپر کا کپڑا ٭
غُلام (ع ۔ مذ) خادم ۔ نوکر ٭
غُلام بے دام (ف ۔ مذ) مفت کا نوکر ٭
غُلامانہ (ف ۔ ص) غلاموں کی طرح ٭
غُلامی (ف ۔ مث) فرمانبرداری ۔ قید ۔ نوکری ٭
غَلَبہ (ع ۔ مذ) زور ۔ زبردستی ۔ زیادتی ۔ حملہ ٭
غَلَبہ کرنا (ا) حملہ کرنا ۔ قبضہ کرنا
غَلَط (ع ۔ ص) نادرست ۔ خطا ۔ جھوٹا ٭
غَلَطُ العامہ (ع ۔ مذ) وہ غلط بات جو عام ہو جائے ٭

غَلَط فہمی (ف ۔ مث) بھول ۔ خطا ۔ بات یا مطلب غلط سمجھنا ٭
غَلَط نامہ (ف ۔ مذ) غلطیوں کی فہرست ٭
غَلطاں (ف ۔ ص) لوٹتا ہوا ۔ چکراتا ہوا ٭
غَلطاں و پیچاں (ف) پیچ و تاب میں ۔ فکرمند ٭
غُلغُلہ (ف ۔ مذ) غل ۔ شور ۔ شہرہ ۔ دبدبہ ٭
غِلماں (ع ۔ مذ) نوعمر لڑکے جو جنت میں ہونگے ٭
غُلُو (ع ۔ مذ) حد سے بڑھ جانا ۔
غُلُولہ (ف ۔ مذ) گولی ۔ غُلّہ ٭
غَلّہ (ع ۔ مذ) اناج ٭
غَلِیظ (ع ۔ ص) بہت میلا ۔ گندا ۔ گاڑھا ٭
غُلیل (ا ۔ مث) غلولہ مارنے کی کمان ٭
غَم (ع ۔ مذ) رنج ۔ فکر ۔ افسوس ۔ سوگ ٭
غم اندوز (ف ۔ ص) غمناک ٭

غم خوار (ف ۔ ص) ہمدرد ۔ دکھ کا ساتھی ٭
غمخواری (ف ۔ مث) ہمدردی ۔ خیر خواہی ٭
غم دیدہ (ف ۔ ص) دُکھی ۔ مصیبت زدہ ٭
غم غَلَط کرنا (ا) دل بہلانا ۔ غم دور کرنا ٭
غم کھانا (ا) دُکھ اُٹھانا ۔ افسوس کرنا ٭
غَمگسار (ف ۔ ص) غمخوار ۔ ہمدرد ٭
غمگین (ف ۔ ص) غم سے پُر ۔ رنجیدہ ۔ اُداس ٭
غَمّاز (ع ۔ ص) چُغل خور ٭
غَمّازی (ع ۔ مث) چغلخوری ۔ بدگوئی ٭
غَمزہ (ع ۔ مذ) کرشمہ ۔ ناز ۔ انداز ۔ نخرہ ٭
غمی (ا ۔ مث) رنج ۔ دُکھ ۔ ماتم ۔ سوگ ٭
غِنا (ع ۔ مذ) توانگری ۔ بے پروائی ۔ بے نیازی ٭

غُنچہ (ف۔ مذ) کلی ٭
غُنچہ دَہَن (ف۔ ص) باریک منہ والا۔ معشوق ٭
غُنچۂ ناشِگفتہ (ف۔ مذ) بن کھلی کلی ٭
غُنڈا (ا۔ مذ) لُچّا۔ لفنگا۔ بدمعاش ٭
غُنُودگی (ف۔ مث) اُونگھ۔ ہلکی ہلکی نیند آنا ٭
غُنّہ (ف۔ مذ) ناک سے آواز نکالنے والا ٭
غَنی (ع۔ ص) دولتمند۔ بےنیاز ٭
غَنیم (ع۔ مذ) دشمن۔ لٹیرا ٭
غَنیمت (ع۔ مث) لوٹ کا مال۔ اچھا۔ عمدہ۔ بہتر ٭
غَنیمت جاننا (ا) بہتر سمجھنا قدر کرنا ٭
غَوّاص (ع۔ مذ) غوطہ خور ٭
غَوامِض (ع۔ مذ) باریکیاں۔ نکتے۔ بھید ٭
غَوث (ع۔ مذ) فریاد کو پہنچنے والا۔ بڑا ولی ٭
غَور (ع۔ مذ) سوچ۔ فکر۔ دھیان ٭
غَور و پَرداخت (ف۔ مث) دیکھ بھال۔ خبرگیری ٭
غَور طَلَب (ع) سوچنے کے قابل ٭
غوطہ (ا۔ مذ) ڈبکی۔ سوچ ٭
غوطہ لگانا (ا) ڈبکی لگانا۔ سوچنا
غوطہ خور (ف۔ مذ) ڈبکی لگانیوالا
غوطہ دینا (ا) پانی میں ڈبکی دینا ٭
غوغا (ف۔ مذ) شور۔ غل۔ ہجوم شہرہ ٭
غُوک (ف۔ مذ) مینڈک ٭
غُول (ف۔ مذ) جمعیت۔ اکٹھ۔ جتھ ٭
غُوں غاں (ا۔ مث) شیرخوار بچے کی آواز ٭
غِیاث (ع۔ مث) فریاد ٭
غَیب (ع۔ مذ) وہ چیز جو حواس خمسہ سے معلوم نہ ہو۔ پوشیدہ مخفی ٭
غَیب داں (ف۔ مذ) غیب کی باتیں جاننے والا ٭
غِیبَت (ع۔ مث) پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔ گلہ ٭
غَیبَت (ع۔ مذ) غیرحاضری عدم موجودگی ٭
غَیر (ع) بیگانہ۔ دوسرا۔ سوا ٭
غَیر آباد (ف۔ ص) جو آباد نہ ہو۔ ویران ٭
غَیر حاضِر (ع۔ ص) جو حاضر اور موجود نہ ہو ٭
غَیر فانی (ع۔ ص) نہ مٹنے والا۔ ہمیشہ رہنے والا ٭
غَیر مانُوس (ع۔ ص) ناواقف۔ جو لفظ پہلے کبھی نہ سُنا ہو ٭
غَیر مُتّحِد (ع۔ ص) جن میں اتحاد نہ ہو۔ الگ الگ ٭
غَیر مُتَرَقّبہ (ع) وہ چیز جس کے ملنے کی اُمید نہ ہو۔ بڑی چیز
غَیر مُستَقِل (ع۔ ص) عارضی چند روزہ ٭
غَیر مُعتَبَر (ع۔ ص) جو اعتبار کے لائق نہ ہو ٭
غَیر مَعرُوف (ع۔ ص) نامشہور
غَیر مَعمُولی (ع۔ ص) خاص بات جو عام نہ ہو ٭
غَیر مُفید (ع۔ ص) جو فائدہ مند نہ ہو ٭
غَیر مُمکِن (ع۔ ص) دشوار۔ محال۔

نہیں ہو سکتا ؂

غیر منقولہ (ع ۔ ص) وہ جائداد جو دوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے ۔ جیسے زمین ؂

غیر منکوحہ (ع ۔ ص) بے نکاحی بیوی ؂

غیر موروثی (ع ۔ ص) جو چیز ورثہ میں نہ آئے ؂

غیر واجب (ع ۔ ص) ناجائز خلاف دستور ؂

غیر مہذب (ع ۔ ص) ناشائستہ اکھڑ ؂

غیرت (ع ۔ مث) شرم و حیا رشک ؂

غیرتِ چمن (ف ۔ مذ) رشکِ گلزار ۔ معشوق ؂

غیرتِ حور (ع ۔ مذ) جس کو دیکھ کر حور کو بھی رشک آئے نہایت حسین ؂

غیرتِ ماہ (ف ۔ مذ) چاند سے زیادہ خوبصورت ؂

غیرت مند (ف ۔ ص) باحیا شرم والا ؂

غیریت (ع ۔ مث) بیگانگی ۔ دوئی ؂

غیظ (ع ۔ مذ) غصہ ۔ غضب ؂

غیظ و غضب (ع ۔ مذ) غصہ و قہر عتاب ؂

غیور (ع ۔ ص) غیرت مند ؂

ف

عربی کا بیسواں[۲۰] فارسی کا تیئسواں[۲۳] اور اردو کا چھبیسواں[۲۶] حرف ہے ۔ عدد اسکے اسّی[۸۰] ہیں ۔

فاتح (ع ۔ مذ) فتح کرنے والا

فاتحہ (ع ۔ مث) قرآن شریف کی پہلی سورۃ کا نام ہے ۔ مردے کی روح کو کچھ پڑھ کر بخشنا

فاتحہ پڑھنا (ا) سورۃ فاتحہ وغیرہ پڑھ کر مردے کی روح کو ثواب پہنچانا ۔ مایوس ہونا ۔ ہاتھ اٹھا لینا ؂

فاتر العقل (ع ۔ ص) بے عقل دیوانہ ؂

فاجر (ع ۔ مذ) بدکار ۔ بدچلن ؂

فاجرہ (ع ۔ مث) بدچلن عورت بدکار عورت ؂

فاحش (ع ۔ ص) بدکار ۔ قابلِ شرم ؂

فاحشہ (ع ۔ مث) بدکار عورت ؂

فاختہ (ع ۔ مث) کبوتر کی قسم کا خاکی رنگ کا پرندہ ہے

فاختہ اڑانا (ا) مزے اڑانا

فاخر (ع ۔ ص) فخر کرنے والا ؂

فاخرہ (ع ۔ ص) قیمتی ۔ عمدہ ؂

فارس (ف ۔ مذ) ایران ؂

فارسی (ف ۔ مث) ملک ایران کی زبان ؂

فارغ (ع ۔ ص) آزاد ۔ آسودہ ؂

فارغ البال (ع ۔ ص) بے فکر آسودہ حال ؂

فارغ التحصیل (ع ۔ص) جو شخص علم حاصل کر کے فارغ ہو چکا ہو۔ عالم۔ فاضل ٭

فارم (انگ ۔ مذ) نقشہ۔ چھپا ہوا نمونہ۔ کھیت ٭

فارن (انگ ۔ص) غیر ملک کا۔ بدیسی ٭

فارن کنٹری (انگ ۔ مث) غیر ملک ٭

فارن گڈز (انگ مث) بدیسی مال ٭

فارورڈ (انگ) آگے آگے چلنا۔

فاروق (ع ۔ مذ) فرق کرنے والا۔ صاف گو۔ حضرت عمرؓ کا لقب ٭

فاسٹ (انگ ۔ص) تیز۔ پکا ٭

فاسد (ع ۔ص) خساری۔ شریر۔ جھگڑالو ٭

فاسفورس (انگ ۔ مذ) ایک قسم کا جوہر ہے۔ اگر اسے کھلی ہوا میں رکھیں تو جل اٹھتا ہے ٭

فاسق (ع ۔ص) جھوٹا۔ گنہگار ٭

فاش (ف ۔ص) ظاہر۔ کھلا۔ صریح ٭

فاصل (ع ۔ص) جدا کرنے والا

فاصلہ (ع ۔ مذ) دوری۔ مسافت ٭

فاضل (ع ۔ مذ) بڑا عالم۔ لائق۔ زائد ٭

فاضل اجل (ع ۔ص) بڑا فاضل۔ بہت بڑا عالم ٭

فاطمہ (ع ۔ مث) حضرت رسول کریم کی بیٹی کا نام ہے جو حضرت علی کے نکاح میں آئی تھیں ٭

فاعل (ع ۔ مذ) کام کرنے والا

فاقہ (ع ۔ مذ) بھوک۔ روٹی نہ کھانا ٭

فاقہ کرنا (ف) بھوکا رہنا۔ کھانا نہ کھانا ٭

فاقہ کش (ف ۔ مذ) بھوکا رہنے والا۔ کنگال ٭

فاقہ کشی (ف ۔ مث) بھوکا رہنا۔ مفلسی ٭

فاقہ مست (ف ۔ مذ) فاقے میں بھی بے پروا رہنے والا

فاقہ مستی (ف ۔ مث) تنگی میں بھی عیش ٭

فال (ع ۔ مث) شگون۔ غیب کی بات ٭

فال گو (ف ۔ مذ) فال بتلانے والا۔

فالنامہ (ف ۔ مذ) وہ کتاب جس میں شگون دیکھتے ہیں ٭

فالتو (ص) ضرورت سے زیادہ۔ زائد ٭

فالج (ع ۔ مذ) ادھرنگ (ایک بیماری) ٭

فالسہ (ف ۔ مذ) اودے رنگ کا چھوٹے بیر کے برابر ایک پھل ہوتا ہے ٭

فالیز (ف ۔ مث) خربوزے وغیرہ کا کھیت ٭

فام (ف ۔ مذ) رنگ ٭

فانوس (ف ۔ مذ) بڑی قندیل ٭

فانہ (ف ۔ مذ) لکڑی کی درز بھرنے کے لئے لکڑی کی پتلے منہ والی چاپٹی۔ پچر ٭

فانی (ع ۔ص) فنا ہونے والا۔ مٹنے والی شے۔ ناپائدار ٭

فائدہ (ع ۔ مذ) نفع۔ سود۔ حاصل۔ آمدنی ٭

فائر مین (انگ ۔ مذ) انجن میں کوئلے

جھوٹ بکنے والا ٭

فائر بریگیڈ (انگ ۔ مذ) آگ بجھانے والا گروہ ٭

فائز (ع ۔ص) پہنچنے والا ٭

فائز المرام (ع ۔ص) مراد کو پہنچنے والا ۔ بامراد ٭

فائق (ع ۔ص) فوقیت رکھنے والا ۔ ممتاز ٭

فائل (انگ ۔ مذ) نتھی کرنا ۔ شامل کرنا ٭

فائل بک (انگ ۔ مث) وہ چھوٹے چھوٹے پرزوں والی کتاب جس میں کاغذات چسپاں کئے جاتے ہیں ٭

فائل کرنا (ا) کاغذ شامل کرنا نتھی کرنا ۔ شامل مثل کرنا ٭

فائن (انگ ۔ مذ) جرمانہ ۔ عمدہ نفیس ٭

فائن ڈے (انگ ۔ مذ) اچھا دن ۔ ٹھنڈا دن ٭

فائنل (انگ ۔ص) آخری ٭

فبہا (ع) خوب ۔ بہتر ۔ اچھا ۔

فتّاح (ع ۔ص) کھولنے والا خدا کا نام ٭

فتّان (ع ۔ص) فتنہ پیدا کرنے والی ۔ (آنکھ)

فتح (ع ۔ مث) کھولنا ۔ جیت ٭

فتح کرنا (ا) جیتنا ۔ سر کرنا لے لینا ٭

فتح مند (ف ۔ص) کامیاب ٭

فتحنامہ (ف ۔ مذ) وہ تحریر جس میں کسی فتح کی خوشی اور حالات لکھے جائیں ٭

فتح وظفر (ع ۔ مث) کامیابی

فتحیاب (ف ۔ص) کامیاب ٭

فتحیابی (ف ۔ مث) کامیابی ۔ فتح مندی ٭

فتراک (ف ۔ مذ) شکار بند ٭

فتنہ (ع ۔ مذ) فساد ۔ جھگڑا ۔ شرارت ٭

فتنہ انگیز (ف ۔ص) شریر ۔ فسادی ٭

فتنہ پرداز (ف ۔ص) فسادی شریر ٭

فتنہ زا (ف ۔ص) فتنہ پیدا کرنے والا ۔ معشوق کی آنکھ ٭

فتوح (ع ۔ مث) فتح کی جمع ٭

فتوح (ا) تنخواہ کے علاوہ آمدنی اوپر کی آمدنی ٭

فتوحات (ع ۔ مث) فتح کی جمع کامیابیاں ۔ جیت ٭

فتوحی (ع ۔ مث) صدری واسکٹ ٭

فتور (ع ۔ مذ) خرابی ۔ فساد ۔ نقص ٭

فتور ڈالنا (ا) خرابی مچانا جھگڑا پیدا کرنا ٭

فتویٰ (ع ۔ مذ) حکم ۔ شرعی فیصلہ

فتیلہ (ع ۔ مذ) بتی ۔ پلیتا ٭

فٹ (انگ ۔ مذ) بارہ انچ کا پیمانہ ۔ پاؤں ٭

فٹ بال (انگ ۔ مث) مشہور کھیل ہے ٭

فٹ پاتھ (انگ ۔ مذ) پگڈنڈی ٭

فٹ نوٹ (انگ ۔ مذ) متن سے باہر کتاب کے نچلے حصے پر لکھا ہوا حاشیہ ٭

فٹن (انگ ۔ مث) چھتری گاڑی

فجر (ع ۔ مث) صبح ۔ سویرا (ا)

صبح کی نماز ٭
فُجور (ع۔ مذ) گناہ۔ بدکاری
زنا ٭
فُحش (ع۔ مذ) بُری۔ بیہودہ
گالی۔ بدزبان ٭
فخر (ع۔ مذ) ناز۔ گھمنڈ۔ غرور۔
بزرگی ٭
فخریہ (ع) فخر کے ساتھ ناز
کے ساتھ ٭
فِدا (ع۔ مں) قربان۔ صدقے
عاشق ٭
فِدا ہونا (ا) قربان ہونا۔ فریفتہ
ہونا ٭
فِدائی (ع مذ) عاشق۔ جاں نثار
فِدوی (ع۔ مذ) جاں نثار۔ نوکر
بندہ ٭
فِدیہ (ع۔ مذ) نقد معاوضہ
خون بہا ٭
فُرات (ع مذ) ایک دریا کا نام ہے
فراٹا (ا۔ مذ) کسی چیز کے اُڑنے
یا تیز چلنے کی آواز ٭
فراٹے لینا (ا) خوب دوڑنا
بہت تیز چلنا۔ ہوا میں اُڑنا ٭

فراخ (ع۔ ص) چوڑا۔ وسیع ٭
فراخ حوصلہ (ع۔ ص) بڑے
حوصلہ والا ٭
فراخ دل (ف۔ ص) بڑے دل
والا۔ سخی ٭
فَراخی (ف۔ مث) چوڑائی۔ وسعت
فِرار (ع۔ مذ) بھاگنا ٭
فِرار ہونا (ا) بھاگ جانا۔
روپوش ہونا ٭
فرّار (ع۔ ص) بھاگنے والا
روپوش ٭
فراری (ف۔ مث) روپوش
بھگوڑا ٭
فراست (ع۔ مث) دانائی
سمجھ۔ تیز فہمی ٭
فرّاش (ع۔ مذ) فرش۔ بستر
بچھانے والا ٭
فِراغ (ع۔ مذ) فرصت۔ مہلت
فَراغت (ع۔ مث) فرصت
رہائی۔ چھٹکارا۔ اطمینان ٭
فَراغت پانا (ا) فرصت ملنا
نجات پانا ٭
فراق (ع۔ مذ) جُدائی ٭

فراک کوٹ (انگ۔ مذ) لمبا کوٹ ٭
فراموش (ف۔ ص) بھولا ہوا۔
بھول ٭
فراموش گار (ف۔ ص) بھلا دینے والا
فراموشی (ف۔ مث) بھول جانا
سہو۔ خطا ٭
فرامین (ع۔ مذ) جمع فرمان کی
احکام ٭
فرانس (انگ۔ مذ) یورپ کا
ایک مشہور ملک ہے ٭
فرانسیسی (انگ۔ مذ) فرانس کا
رہنے والا ٭
فِراواں (ف۔ ص) زیادہ۔ کثیر ٭
فراوانی (ف۔ مث) کثرت۔
زیادتی۔ بہتات ٭
فراہم (ف) اکٹھا۔ جمع ٭
فراہم کرنا (ا) جمع کرنا۔ مہیا
کرنا ٭
فَراہمی (ف۔ مث) جمع کرنا۔
مہیا کرنا۔ اکٹھ ٭
فرائض (ع۔ مذ) جمع فرض کی
ذمہ داریاں ٭
فَربہ (ف۔ ص) موٹا ٭

فربہ اندام (ف۔ص) بھاری جسم کا ؛

فربہی (ف۔ مث) موٹاپا ؛

فربہی چیزے دگر آماس چیزے دیگر است (ف۔ مثل) موٹاپا اور چیز ہے اور سوجن (ورم) اور چیز ہے

فرتوت (ف۔ص) بہت بوڑھا بے عقل ؛

فرجام (ف۔ مذ) انجام۔ اخیر ؛

فرحت (ع۔ مث) خوشی۔ تازگی ؛

فرحت افزا (ف۔ص) خوشی کو زیادہ کرنے والی ؛

فرحت بخش (ف۔ص) خوشی بخشنے والی بات ؛

فرخ (ف۔ص) مبارک ؛

فرخندہ (ف۔ص) مبارک ؛

فرخندہ بخت (ف۔ص) خوش نصیب۔ نیک اختر ؛

فرد (ع۔ مث) واحد۔ یکتا۔ ایک شعر۔ ایک آدمی کا کاغذ ؛

فردِ بشر (ع۔ مذ) آدمی۔ شخص واحد ؛

فردِ واحد (ع۔ مذ) ایک آدمی بے مثال ؛

فردا (ف) کل۔ آئندہ۔ قیامت ؛

فرداً فرداً (ع) ایک ایک کرکے جدا جدا۔ الگ الگ ؛

فردوس (ع۔ مذ) باغ بہشت ؛

فردوس مکانی (ف۔ مذ) مرحوم بابر بادشاہ کا لقب ؛

فردوس منزلت (ع۔ مذ) مرحوم

فردوسی (ف۔ مذ) طوس کے مشہور شاعر کا نام جس نے شاہنامہ لکھا ہے ؛

فرزانگی (ف۔ مث) دانائی۔ عقل ؛

فرزانہ (ف۔ص) عاقل حکیم۔ دانا

فرزند (ف۔ مذ) بیٹا۔ لڑکا ؛

فرزندِ ارجمند (ف۔ مذ) لائق بیٹا

فرزیں (ف۔ مذ) دانا۔ عاقل ؛

فرس (ع۔ مذ) گھوڑا ؛

فرستادہ (ف۔ مث) بھیجا ہوا۔ قاصد۔ ایلچی ؛

فرسٹ (انگ۔ص) اوّل۔ پہلا ؛

فرسٹ کلاس (انگ۔ص) اوّل درجہ۔ عمدہ۔ ریل کا اوّل درجہ ؛

فرسٹ گریڈ (انگ۔ص) عمدہ اوّل درجے کا ؛

فرسنگ (ف۔ مذ) تین میل کی مسافت۔ کوس ؛

فرسودہ (ف۔ص) پرانا خراب بوسیدہ ؛

فرش (ف۔ مذ) بستر۔ بچھونا۔ دری۔ غالیچہ ؛

فرش فروش (ف۔ مذ) بچھونا بستر ؛

فرشتگاں (ف۔ مذ) فرشتہ کی جمع

فرشتوں کو خبر نہ ہونا (ا) بالکل خبر نہ ہونا ؛

فرشتہ (ف۔ مذ) بھیجا ہوا۔ نور سے پیدا شدہ مخلوق۔ بہت نیک ؛

فرشی (ف۔ص) فرش کے متعلق ؛

فرشی سلام (ف۔ مذ) بہت جھک کر سلام کرنا ؛

فرصت (ع۔ مث) مہلت۔

فراغت ٭
فرصت پانا (ا) وقت پانا
مہلت پانا - رہائی پانا ٭
فرض (ع - مذ) ضروری امر
ضروری ڈیوٹی - حاکم کا حکم
ذمہ واری ٭
فرض عین (ع - مذ) ہر شخص
کا ذاتی فرض ٭
فرض کفایہ (ع - مذ) وہ فرض
جو جماعت یا کنبہ میں سے
ایک شخص کے ادا کرنے سے
سب کے سر سے اُتر جائے
فرضاً (ا) بالفرض - فرض کیا ٭
فرض ادا کرنا (ا) خدا کا حکم بجا
لانا - اپنی ڈیوٹی پوری کرنا ٭
فرضی (ف - ص) بناوٹی -
خیالی - ضروری ٭
فرط (ع - مث) زیادتی - کثرت ٭
فرطِ محبت (ع - مث) محبت
کی زیادتی - بہت پیار ٭
فرع (ع - مث) شاخ - ٹہنی
فرعون (ع - مذ) حضرت موسیٰ
علیہ السلام کے زمانے کا مصر کا
بادشاہ - بہت مغرور ٭
فرعونیت (ع - مث) غرور
گھمنڈ ٭
فرغل (ع - مذ) لبادا - روئی
دار چوغہ ٭
فرفر (ا) جلدی جلدی ٭
فرق (ع - مذ) فاصلہ اختلاف -
تمیز - جدائی ٭
فُرقان (ع - مذ) قرآن شریف ٭
فُرقت (ع - مث) جُدائی
ہجر ٭
فُرقت زدہ (ف - ص) جدائی
کا مارا - مہجور ٭
فرقہ (ع - مذ) گروہ - جماعت
فریق ٭
فرقہ بندی (ف - مث) فرقہ
بنانا - الگ الگ جماعتیں بنانا
فرلانگ (انگ - مذ) میل کا
آٹھواں حصّہ ٭
فرلو (انگ - مث) لمبی رعایتی
رخصت ٭
فرم (انگ - مث) کوٹھی - تجارت
کارخانہ ٭
فرمان (ف - مذ) حکم ٭
فرماں بردار (ف - ص)
تابع - نوکر - غلام ٭
فرماں پذیر (ف - ص) حکم قبول
کرنے والے - رعایا ٭
فرماں روا (ف - مذ) حاکم - بادشاہ
فرمانروائی (ف - مث) بادشاہی
حکومت ٭
فرمائش (ف - مث) کسی کام
کے لئے کہنا - طلب ٭
فرمائشی (ف - ص) کہہ کر بنوائی
ہوئی چیز - اچھی - عمدہ ٭
فرنٹ (انگ - ص) مخالفت
سامنے ہونا ٭
فرنٹ (ا) بگڑ جانا - ناراض
ہو جانا ٭
فرنچ (انگ - مذ) فرانس کا
باشندہ یا زبان ٭
فرنگ (ف - مذ) انگریز ٭
فرنگستان (ف - مذ) یورپ -
ولایت ٭
فرنگی (ف - مذ) یورپین انگریز
فرنی (ف - مث) دودھ اور

چاولوں کے آٹے سے بنائی ہوئی کھیر ◆
فرنیچر (انگ۔ مذ) سامان آرایش میز۔ کرسیاں ◆
فرنیچر ہاؤس (انگ مذ) فرنیچر کی دکان ◆
فرو (ف) نیچے۔ کم ◆
فروتنی (ف۔ مث) عاجزی انکساری ◆
فرو کرنا (ا) کم کرنا۔ دبانا۔ بجھانا ◆
فرومایہ (ف۔ ص) کمینہ۔ کم ظرف ◆
فرو ہونا (ا) کم ہونا ◆
فروٹ (انگ مذ) میوہ پھل ◆
فروخت (ف۔ مث) بکری ◆
فروخت کرنا (ا) بیچنا
فرود (ف) نیچے اترنا۔ ٹھیرنا ◆
فرودگاہ (ف۔ مث) ٹھیرنے کی جگہ ◆
فروری (انگ مذ) انگریزی سال کا دوسرا مہینہ ◆
فروشندہ (ف مذ) بیچنے والا

فرُوع (ع۔ مث) جمع فرع کی شاخیں۔ چھوٹی چھوٹی باتیں
فروغ (ف۔ مذ) روشنی۔ چمک۔ رونق ◆
فروکش ہونا (ا) اُترنا۔ مقام کرنا ◆
فروگُذاشت (ف۔ مث) سہو بھول چوک۔ کمی ◆
فروماندگی (ف مث) عاجزی۔ مفلسی ◆
فرومانده (ف۔ ص) عاجز۔ مفلس ◆
فرہاد (ف۔ مذ) ایک مشہور سنگ تراش کا نام ہے جو شیریں پر عاشق تھا ◆
فرہنگ (ف۔ مث) دانائی لغات ◆
فری (انگ ص) آزاد۔ مفت ◆
فریاد (ف۔ مث) آہ و پکار۔ شور و غل ◆
فریادرس (ف۔ مذ) فریاد کو پہنچنے والا ◆
فریادرسی (ف مث) انصاف کرنا ◆

فریاد کناں (ف۔ حالیہ) فریاد کرتا ہوا ◆
فریادی (ف۔ مذ) فریاد کرنے والا
فریب (ف۔ مذ) دھوکا ◆
فریب خوردہ (ف) دھوکے میں آیا ہوا ◆
فریب دہی (ف۔ مث) دھوکا دینا ◆
فریبی (ف۔ مذ) دھوکا دینے والا۔ مکار ◆
فرید (ع۔ ص) بے مثال۔ لاثانی ◆
فریدوں (ف مذ) ایران کے ایک مشہور قدیم بادشاہ کا نام ہے ◆
فریفتہ (ف۔ ص) عاشق۔ شیدا۔
فریق (ع۔ مذ) گروہ۔ جماعت۔ فرقہ ◆
فریقین (ع۔ مذ) دونوں فریق دونوں گروہ ◆
فریم (انگ۔ مذ) چوکھٹا تصویر یا نقشے کا چوکھٹا ◆

فِزِکس (انگ۔ مث) علم سائنس کی ایک شاخ جس میں ہوا برق۔ کہربائی طاقت وغیرہ سے بحث ہوتی ہے ❖
فزُوں (ف۔ ص) زیادہ۔ بڑھا ہوا ❖
فزیالوجی (انگ۔ مث) انسانی بدن کی ساخت کا علم ❖
فَساد (ع۔ مذ) جھگڑا۔ لڑائی ❖
فسادی (ف۔ مذ) شریر۔ فتنہ انگیز ❖
فسانہ (ف۔ مذ) بناوٹی قصہ ❖
فسخ (ع۔ مذ) توڑنا۔ منسوخ کرنا
فِسق (ع۔ مذ) بدکاری گناہ ❖
فِسق و فجور (ع۔ مذ) گناہ بدکاری ❖
فسُوں (ف۔ مذ) جادو منتر۔ ٹونا ❖
فسُوں ساز (ف۔ مذ) جادوگر۔ معشوق ❖
فشار (ف) قبر کی تنگی قبر کا دبانا ❖
فشردہ (ف۔ ص) نچوڑا ہوا ❖

فَصَاحَت (ع۔ مث) خوش بیانی ❖
فَصّاد (ع۔ مذ) فصد کھولنے والا۔ جرّاح ❖
فُصحا (ع۔ مذ) جمع فصیح کی خوش بیان لوگ ❖
فَصد (ع۔ مذ) رگ سے خون نکالنا ❖
فَصد کھُلوانا (ا) رگ سے خون نکلوانا ❖
فَصل (ع۔ مث) موسم۔ رُت کتاب کا حصہ۔ پیداوار اناج ❖
فَصلِ بہار (ف۔ مث) بہار کا موسم۔ پھولوں کا موسم ❖
فَصلِ خریف (ع۔ مث) ساونی
فصلِ ربیع (ع۔ مث) اساڑھی
فُصُول (ع۔ مث) جمع فصل کی
فَصِیح (ع۔ ص) خوش بیان ❖
فَصِیل (ع۔ مث) شہر پناہ۔ چار دیواری
فِضا (ع۔ مث) وسعت کشادگی بہار۔ رونق ❖
فَضائل (ع۔ مذ) جمع فضیلت کی۔ خوبیاں۔ کمالات ❖

فضل (ع۔ مذ) خوبی۔ ہنر۔ لیاقت ❖
فُضلا (ع۔ مذ) جمع فاضل کی۔ عالم۔ بزرگ ❖
فُضلہ (ع۔ مذ) بچا ہوا۔ پھوگ ❖
فُضُول (ع۔ ص) زیادہ کثیر۔ بے فائدہ ❖
فُضُول خرچ (ف۔ ص) زیادہ اور بے فائدہ خرچ کرنے والا ❖
فُضُول خرچی (ف۔ مث) زیادہ خرچ کرنا۔ اسراف ❖
فُضُول گو (ف۔ ص) بکواسی ❖
فَضِیحَت (ع۔ مث) ذلت۔ رسوائی۔ دھتکار ❖
فضیحتی کرنا (ا) بدنامی کرنا رسوائی کرنا ❖
فَضِیلَت (ع۔ مث) بزرگی کمال۔ ہنر ❖
فِطرَت (ع۔ مث) پیدائش خمیر۔ اصل ❖
فِطرتاً (ع) قدرتاً۔ طبعاً ❖
فِطرتی (ع۔ ص) قدرتی۔ پیدائشی

اصلی ٭

فطرہ (ع ۔ مذ) رمضان کی عید کا صدقہ ٭

فعل (ع ۔ مذ) کام ۔ عمل ۔ کرتوت ٭

فعلِ ناجائز (ع ۔ مذ) وہ فعل جو مذہبًا درست نہ ہو ٭

فعلِ ناشائستہ (ع ۔ مذ) بُرا فعل ۔ ناپسندیدہ کام ٭

فعلاً (ع) فعل کے لحاظ سے

فغاں (ف ۔ مذ) فریاد ۔ آہ و زاری ۔ شور ٭

فغفور (ف ۔ مذ) چین کے بادشاہوں کا لقب ٭

فق ہونا (ا) چہرے کا رنگ اُڑنا ٭

فقدان (ع ۔ مذ) گم ہونا ۔ کھو جانا ۔ کمی ٭

فقر (ع ۔ مذ) درویشی ۔ فقیری ٭

فقر و فاقہ (ع ۔ مذ) تنگی ۔ ترشی ۔ مفلسی ٭

فقرا (ع ۔ مذ) جمع فقیر کی ۔ درویش ٭

فقرہ (ع ۔ مذ) عبارت کا ٹکڑا

فقرہ بتانا (ا) دم دینا ۔ دھوکا دینا ٭

فقرہ چلنا (ا) جھوٹی بات کا کارگر ہونا ٭

فقط (ع) محض ۔ بس ۔ صرف ٭

فقہ (ع ۔ مث) سمجھ ۔ علم ۔ علمِ دین ٭

فقہا (ع ۔ مذ) جمع فقیہ کی ۔ عالمِ دین ۔ سمجھدار ٭

فقیر (ع ۔ مذ) درویش ۔ گدا ۔ غریب ٭

فقیرانہ (ف) فقیروں کی طرح ۔ غریبانہ ۔ سادہ ۔ معمولی ٭

فقیری (ع ۔ مث) درویشی ۔ غریبی ۔ گدائی ٭

فقیہ (ع ۔ مذ) علم فقہ جاننے والا ۔ فاضل ۔ عالمِ دین ٭

فک (ع ۔ مث) علیحدہ کرنا ۔ توڑنا ۔ چھوڑنا ٭

فک الرہن (ع ۔ مذ) رہن رکھی ہوئی چیز کو چھڑانا ٭

فکر (ع ۔ مذ ۔ مث) سوچ ۔ غور ۔ اندیشہ ۔ ڈر ٭

فکرِ معاش (ع ۔ مذ) روزی کی فکر ٭

فکرمند (ف ۔ ص) سوچ میں ۔ غمگین ۔ اُداس ٭

فکرمندی (ف ۔ مث) سوچ ۔ خیال ۔ اندیشہ ٭

فکس (انگ ۔ ص) گاڑنا ۔ مقررہ ۔ فیصلہ شدہ ٭

فگار (ف ۔ ص) زخمی ۔ گھائل ٭

فلاح (ع ۔ مث) آسودگی ۔ بھلائی ۔ رہائی ۔ نجات ٭

فلاح (ع ۔ مذ) کسان ۔ کاشتکار ۔

فلاحت (ع ۔ مث) زراعت ۔ کھیتی باڑی ٭

فلاسفر (ع ۔ مذ) علم فلسفہ جاننے والا ۔ عقلمند ٭

فلاسفہ (ع ۔ مذ) جمع فلسفی کی ۔ حکیم ۔ دانشمند ٭

فلاسفی (انگ ۔ مث) علم فلسفہ ۔ حکمت ۔ دانائی ٭

فلاطُول (ی ۔ مذ) یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ہے ٭

فلاکت (ع۔ مذ) افلاس تنگدستی ؛

فلاکت زدہ (ف۔ ص) مصیبت کا مارا۔ بدبخت۔ کنگال ؛

فُلاں (ع۔ مذ) شخص کوئی کسی ؛

فُلانا (ا۔ مذ) وہ آدمی ؛

فِلزات (ع۔ مث) پگھلنے والی دھاتیں ؛

فَلس (ع۔ مذ) پیسہ ؛

فَلسفہ (ع۔ مذ) حکمت دانائی موجودات کا علم ؛

فَلسفی (ع۔ مذ) علم فلسفہ جاننے والا ؛

فَلالین (انگ۔ مث) ایک قسم کا نرم کپڑا ؛

فُل سکیپ (انگ۔ مذ) ایک قسم کا ولایتی کاغذ جو عموماً ۸½ ۱۳ انچ ہوتا ہے ؛

فِلفِل (ع۔ مث) کالی مرچ

فَلک (ع۔ مذ) آسمان ؛

فلک پر چڑھنا (ا) بہت تعریف کرنا ؛

فلکی (ع۔ ص) آسمانی ؛

فِلم (انگ۔ مث) کسی قصّہ کے متعلق بے شمار تصاویر کا باریک فیتہ جو سینما میں دکھایا جاتا ہے ؛

فلوس (ع۔ مذ) جمع فلس پیسہ

فَلیتہ (ا۔ مذ) موٹی بتی ؛

فَم (ع۔ مذ) منہ۔ مُکھ ؛

فمِ معدہ (ع۔ مذ) معدہ کا منہ معدہ کا سوراخ ؛

فَن (ع۔ مذ) ہنر۔ گُن۔ مکر ؛

فنِ تعمیر (ع۔ مذ) عمارت بنانے کا ہنر ؛

فنِ جرّاحی (ع۔ مذ) چیرنے پھاڑنے کا علم ؛

فنِ حرب (ع۔ مذ) لڑائی کا ہنر۔ فن جنگ ؛

فَنا (ع۔ مث) نیستی۔ موت نیست ؛

فنا فی اللہ (ع۔ مذ) خدا کی ذات میں فنا ہو جانا ؛

فنانس (انگ۔ مذ) آمدنی۔ خزانہ ؛

فنانشل (انگ۔ ص) صیغہ مال آمدنی کے متعلق ؛

فُندق (ع۔ مث) بیر کی طرح کا سرخ رنگ کا میوہ معشوق کے پاؤں کی انگلی کا مہندی لگا ہوا سرا ؛

فنڈ (انگ۔ مذ) سرمایہ۔ جمع پونجی ؛

فُنون (ع۔ مذ) جمع فن کی۔ ہنر ؛

فوّارہ (ع۔ مذ) پچکاری۔ پھوہارا ؛

فواکہ (ع۔ مذ) جمع فاکہ میوہ جات ؛

فوائد (ع۔ مذ) جمع فائدہ کی ؛

فوت (ع۔ مث) موت۔ انتقال۔ نیست ہونا ؛

فوت ہونا (ا) مرنا۔ گم ہونا نہ رہنا ؛

فوٹو (انگ۔ مذ) عکسی تصویر ؛

فوٹو گرافر (انگ۔ مذ) تصویر لینے والا۔ تصویر بنانے والا ؛

فوٹو گرافی (انگ۔ مث) تصویر لینے کا فن ؛

فوج (ع۔ مث) گروہ۔ لشکر سپاہ ۔
فوجداری (ف۔ مث) وہ عدالت جس میں لڑائی دنگے کے مقدمات فیصلہ ہوتے ہوں
فوج کشی (ف۔ مث) سپاہ لے کر چڑھائی کرنا۔ حملہ ۔
فوجی (ف۔ ص) فوج کا۔ جنگی سپاہی ۔
فوراً (ع) اسی وقت ۔
فورٹ (انگ۔ مذ) قلعہ۔ گڑھ
فوق (ع۔ ص) اوپر۔ پر۔ زیادہ ۔
فوق البھڑک (ا۔ ص) بھڑک دار۔ چمکیلا ۔
فوق العادت (ع) عادت سے بڑھ کر۔ غیر معمولی ۔
فوقانی (ع۔ ص) اوپر کا۔ بالائی ۔
فوقیت (ع۔ مث) بڑائی۔ برتری۔ بزرگی ۔
فول (انگ۔ ص) بے وقوف احمق ۔

فولاد (ف۔ مذ) اعلےٰ قسم کا لوہا۔ مضبوط ۔
فولادی (ف۔ ص) فولاد کا بنا ہوا۔ مضبوط ۔
فہرست (ف۔ مث) چیزوں یا ناموں کی تفصیل۔ لسٹ
فہم (ع۔ مث) سمجھ۔ عقل۔ دانائی ۔
فہمائش (ف۔ مث) ہدایت سمجھانا ۔
فہمیدہ (ف۔ ص) سمجھ دار۔ ہوشیار ۔
فہو المراد (ع) یہی مراد ہے۔ یہی مطلب ہے ۔
فہیم (ع۔ ص) سمجھدار۔ ہوشیار۔
فی (ع۔ حرف جر) میں۔ ہر ایک ۔
فی البدیہہ (ع) فوراً۔ برموقعہ
فی الجملہ (ع) القصہ۔ مختصر ۔
فی الحال (ع) اس وقت۔ ابھی ۔
فی الحقیقت (ع) اصل میں ۔
فی الفور (ع) اسی وقت۔ فوراً ۔
فی المثل (ع) کہاوت کے طور

پر۔ تمثیلاً ۔
فی الواقع (ع) درحقیقت۔ واقعی ۔
فی امان اللہ (ع) اللہ کے حوالے ۔
فی زمانہ (ع) آج کل ۔
فی سبیل اللہ (ع) خدا کے رستے میں ۔
فی صدی (ف) فی سینکڑا ۔
فی نفسہٖ (ع) اپنی ذات میں۔ خود ۔
فیّاض (ع۔ ص) بہت سخی ۔
فیاضانہ (ع۔ ص) سخیوں کی طرح۔ کھلے دل سے ۔
فیّاضی (ع۔ مث) سخاوت ۔
فیتہ (پ۔ مذ) کنارہ۔ کور۔ گوٹہ ۔
فیر کرنا (ا) بندوق چلانا۔ گولی چلانا ۔
فیروزہ (ف) ایک سبز اور نیلگوں رنگ کا جوہر ۔
فیس (انگ مث) محنتانہ اجرت ۔

فیس کورٹ (انگ ۔ مث) عدالت کا ٹکٹ جو درخواست پر لگاتے ہیں ۔ محنتانہ ✦

فیشن (انگ ۔ مذ) طرز ۔ ڈھنگ رواج ✦

فَیصَل (ع ۔ مذ) طے فیصلہ ✦

فَیصَل کرنا (ا) مقدمہ طے کرنا ۔ فیصلہ کرنا ✦

فَیصَلہ (ع ۔ مذ) نتیجہ ۔ مقدمے کا خاتمہ ۔ حکم ✦

فَیصَلہ کُن (ف ص) آخری بات آخری حکم ✦

فَیض (ع ۔ مذ) بخشش ۔ نفع نیکی ✦

فَیض رساں (ف ص) فائدہ پہنچانے والا ✦

فَیضِ عام (ع ۔ مذ) عام مہربانی ۔ عام سخاوت ✦

فَیضی (ع ۔ مذ) اکبر کے زمانے کے مشہور شاعر ابوالفیض کا تخلص ✦

فیل (انگ ۔ ص) ناکامیاب ✦

فِیل (ف ۔ مذ) ہاتھی ✦

فِیلبان (ف ۔ مذ) مہاوت ✦

فِیلخانہ (ف ۔ مذ) ہاتھیوں کا طویلہ ✦

فَیلسُوف (ع ۔ مذ) دانشمند حکیم ✦

فیلو (انگ ۔ مذ) یونیورسٹی کا ممبر ✦

فیملی (انگ ۔ مذ) خاندان ۔ ٹبر ✦

فینسی (انگ ص) نفیس ۔ عمدہ ✦

ق

عربی کا اکیسواں فارسی کا چوبیسواں اور اردو کا ستائیسواں حرف عدد اسکے سو ہیں ۔

قا (ا ۔ مذ) کوّے کی آواز ۔ کائیں کائیں ✦

قاب (ت ۔ مث) رکابی ✦

قاب قوسین (ع مذ) نہایت قریب ۔ دو کمان کا فاصلہ ✦

قابض (ع ۔ مذ) قبضہ کرنے والا ۔ قبض کرنے والی شے ✦

قابِل (ع ص) لائق ۔ ہوشیار مناسب ✦

قابِل ادا (ع ص) ادا کرنے کے لائق ۔ باقی ✦

قابِل اعتبار (ع ص) اعتبار کے لائق ۔ معتبر ✦

قابِل دید (ف ص) دیکھنے کے لائق ۔ عمدہ ✦

قابِل ذِکر (ع ص) ذکر کرنے کے لائق ۔ اچھی بات ✦

قابِل سماعت (ع ص) سننے کے لائق ۔ توجہ کے قابل ✦

قابِل غور (ع ص) سوچنے کے لائق ✦

قابِل قدر (ع ص) قابل عزت ۔ لائق ۔ عمدہ ✦

قابِل نکاح (ع ص) بالغ ۔

شادی کے لائق ✧
قابلہ (ع - مث) لائق عورت ✧
قابلیت (ع - مث) لیاقت
استعداد - سمجھ ✧
قابو (ت - مذ) زور - طاقت
اختیار ✧
قابو پانا (ا) اختیار پانا ✧
قابو چڑھنا (ا) بس میں آنا
ہتھے چڑھنا ✧
قابو ہونا (ا) قبضہ ہونا بس
ہونا ✧
قاتل (ع - مذ) قتل کرنے والا
جلاد - خونی ✧
قاجار (ت - مذ) ایران کا شاہی
خاندان ✧
قادر (ع - ص) قدرت رکھنے والا
غالب - خدا کا نام ✧
قادر انداز (ف - مذ) مشاق -
تیر انداز ✧
قادرِ مطلق (ع - مذ) خدا تعالےٰ
پوری قدرت والا ✧
قادری (ع - ص) فقراء کے ایک
سلسلہ کا نام ہے جو حضرت
عبدالقادر گیلانی کی طرف
منسوب ہے ✧
قارورہ (ع - مذ) پیشاب - بول ✧
قارورہ ملنا (ا) طبیعت ملنا
موافقت ہونا ✧
قارون (ع - مذ) حضرت موسیٰ
کے چچا زاد بھائی کا نام ہے
جو بڑا دولت مند - کنجوس
اور بخیل تھا ✧
قاری (ع - مذ) پڑھنے والا
قاز (ت - مث) کونج - راج
ہنس ✧
قاسم (ع - مذ) تقسیم کرنے والا ✧
قاش (ت - مث) پھانک - ڈلی ✧
قاصد (ع - مذ) پیغام لانے
والا - ایلچی ✧
قاصر (ع - ص) کمی کرنے والا
قصور کرنے والا ✧
قاضی (ع - مذ) حکم کرنے والا
جج - منصف ✧
قاضی الحاجات (ع - مذ) حاجت
روا - خدا تعالےٰ ✧
قاضی القضاۃ (ع - مذ) بڑا
قاضی ✧
قاطع (ع - ص) کاٹنے والا ✧
قاعدہ (ع - مذ) بنیاد - دستور
رواج ✧
قاعدہ کلیہ (ع - مذ) عام قاعدہ ✧
قاعدہ کی بات (ا - مث)
عام دستور ✧
قاف (ع - مذ) ایک پہاڑ کا
نام ہے جہاں پریوں کا
رہنا خیال کیا جاتا ہے ✧
قافلہ (ع - مذ) گروہ - کارواں ✧
قافلہ سالار (ف - مذ) گروہ کا
سردار ✧
قافیہ (ع - مذ) شعر میں ردیف
سے پہلا لفظ - تک ✧
قافیہ بندی (ف - مث) تک
بندی ✧
قافیہ پیمائی (ف - مث) صرف
تک جوڑنا - اور مضمون کا
خیال نہ کرنا ✧
قافیہ تنگ کرنا (ا) عاجز کرنا -
حیران پریشان کرنا ✧
قافیہ تنگ ہونا (ا) عاجز ہونا

فق ہونا ٭
قافیہ مِلانا (ا) تنگ سے تنگ
جوڑنا۔ یارانہ گانٹھنا ٭
قاق (ف۔ مذ) دُبلا۔ کمزور
کاٹھنا ٭
قاقُم (ف۔ مذ) ایک قسم کا نیولا
جس کی کھال گرم ہوتی ہے
امیر لوگ پہنتے ہیں ٭
قال (ع۔ مذ) گفتگو۔ بات چیت
قالِب (ع۔ مذ) ڈھانچا۔ پنجر
جسم ٭
قالِب بدلنا (ا) دوسرا جسم
اختیار کرنا۔ چولا بدلنا ٭
قالِین (ت۔ مذ) غالیچہ۔ فرش
قامت (ع۔ مذ) قد ٭
قانِع (ع۔ ص) قناعت کرنے
والا۔ صابر ٭
قانُون (ع۔ مذ) قاعدہ۔ دستور
ضابطہ ٭
قانون چھانٹنا (ا) خواہ مخواہ
حجت نکالنا۔ بحث کرنا
قانُون دان (ف۔ مذ) قانون
جاننے والا۔ وکیل ٭

قانُون دانی (ف۔ مث) قانونی
واقفیت۔ قانون جاننا
قانُونگو (ف۔ مذ) پٹواریوں کا
افسر ٭
قانُوناً (ع) قانون کے لحاظ
سے۔ قانون کی رُو سے ٭
قانُونی (ا ص) قانون جاننے
والا۔ جھگڑالو ٭
قاہِر (ع۔ ص) قہر کرنے والا
زبردست ٭
قاہِرہ (ع۔ ص) مصر کا دارالخلافہ
زبردست ٭
قائِل (ع۔ ص) کہنے والا۔
اپنا قصور ماننے والا۔ ہار
ماننے والا ٭
قائِل کرنا (ا) لاجواب کرنا
منوانا ٭
قائِل ہونا (ا) مان لینا۔ تسلیم کرنا
قائِم (ع۔ ص) کھڑا رہنے والا
مضبوط۔ مقرر۔ سیدھا۔
قائم بالذّات (ع۔ ص) جو چیز
بذاتِ خود قائم ہو۔ خدا تعالےٰ ٭
قائِم مقام (ع۔ مذ) عوض۔ نائب

قَبا (ع۔ مث) ایک قسم کا چکن
یا کوٹ ٭
قَباحت (ع۔ مث) خرابی۔
دِقّت۔ مشکل ٭
قَبالہ (ع۔ مذ) تمسک۔ ملکیت
کی سند ٭
قَبائِل (ع۔ مذ) قبیلہ کی جمع۔
گروہ۔ خاندان ٭
قُبح (ع۔ مث) بُرائی۔ عیب ٭
قَبر (ع۔ مث) گور۔ تربت
مزار ٭
قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا
(ا) مرنے کے قریب ہونا
نہایت بڈھا ٭
قَبرستان (ف۔ مذ) گورستان
مقبرہ ٭
قَبض (ع۔ مث) سکیڑ۔ پاخانہ
نہ آنا۔ قابو۔ بس ٭
قَبضُ الوُصول (ع۔ مذ) تنخواہ
وغیرہ کی رسید کا رجسٹر ٭
قَبضہ (ع۔ مذ) قابو۔ غلبہ۔
دستہ۔ موٹھ ٭
قَبضہ کرنا (ا) اپنے تصرف میں

لانا۔ چھین لینا ✦
قَبْل (ع) پہلے ✦
قبل از مرگ واویلا (ف) موت سے پہلے ہی شور۔ وقت سے پہلے ہی بول اُٹھنا ✦
قَبْل ازیں (ف) اس سے پہلے
قِبَل (ع۔مث) طرف۔ جانب
قِبْلہ (ع۔مذ) وہ سمت جدھر منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ جناب۔ حضور ✦
قبلہ رُو (ف۔مذ) قبلہ کی طرف منہ کر کے۔ قبلہ کی سمت ✦
قِبلۂ عالم (ع۔مذ) جہاں پناہ۔ بزرگ ✦
قِبلۂ کونین (ع۔مذ) دونوں جہانوں کا قبلہ۔ تمام جہان کا بزرگ
قِبلہ گاہ (ف۔مذ) باپ۔ والد
قبلہ نما (ف۔مذ) وہ آلہ جس سے قبلہ کا رُخ معلوم ہو۔ کمپاس
قِبلہ و کعبہ (ع۔مذ) عزت کے لئے۔ والد یا کسی بزرگ کے واسطے بولتے ہیں ✦
قبُور (ع۔مث) جمع قبر کی ✦

قبُول (ع۔مذ) منظور۔ تسلیم۔ پسند ✦
قبول صُورت (ا۔ص) خوبصورت۔ دل پسند ✦
قبُولنا (ا) منظور کرنا۔ اقرار کرنا۔
قبولیّت (ا۔مث) منظوری۔ دعا کا قبول ہونا ✦
قُبّہ (ع۔مذ) گنبد۔ کلس ✦
قبیح (ع۔ص) بُرا۔ بدشکل۔ نامناسب ✦
قَبِیل (ع۔مذ) قسم۔ جنس۔ خاندان ✦
قَبِیلہ (ع۔مذ) فرقہ۔ خاندان۔ بیوی۔ بچے ✦
قِتال (ع۔مذ) لڑائی۔ جنگ ✦
قتل (ع۔مذ) خون۔ کسی ہتھیار سے مار ڈالنا ✦
قتلِ عام (ع۔مذ) سب کو بلاتمیز قتل کرنا ✦
قتلِ عمد (ع۔مذ) جان بوجھ کر مار ڈالنا ✦
قتیل (ع۔ص) کشتہ۔ مقتول ✦
قحبہ (ع۔مث) فاحشہ عورت۔ کسبی عورت ✦

قحط (ع۔مذ) کال۔ خشک سالی۔ کمی ✦
قحط زدہ (ف۔ص) کال کا مارا ہوا۔ وہ علاقہ جہاں قحط ہو
قد (ع۔مذ) جسم کی لمبائی۔ اونچائی ✦
قدِ آدم (ع۔مذ) آدمی کے قد کے برابر ✦
قد آور (ف۔ص) لمبا اونچا جوان ✦
قد و قامت (ع۔مذ) جسامت ✦
قدامت (ع۔مث) پرانا ہونا۔ زمانہ گذشتہ ✦
قدامت پسند (ف۔ص) وُہ آدمی جو پرانے رسم و رواج کو پسند کرتا ہو ✦
قدح (ع۔مذ) پیالہ۔ شراب کا پیالہ ✦
قدح کش (ف۔مذ) شرابی ✦
قدر (ع۔مث) قدرت۔ طاقت۔ بزرگی۔ عزت ✦
قدر دان (ف۔مذ) قدر جاننے والا۔ عزت کرنے والا ✦
قدر دانی (ف۔مث) عزت۔ آبرو

ہنر شناسی ❖
قدر کرنا (ا) عزت کرنا ❖
قدر و منزلت (ع۔مث) عزت و توقیر ❖
قدرت (ع۔مث) طاقت۔ زور۔ حوصلہ۔ خدائی طاقت ❖
قدرت حاصل کرنا (ا) طاقت حاصل کرنا۔ حوصلہ پانا ❖
قدرت کاملہ (ع۔مث) پوری طاقت۔ خدائی قدرت ❖
قدرتی (ف۔ص) طبعی۔ اصلی۔ بے ساختہ ❖
قدرے (ف۔ص) تھوڑا سا ❖
قدس (ع۔ص) پاک پاکیزگی
قدسی (ع۔ص) پاک۔ فرشتہ۔ نیک آدمی ❖
قدغن (ت۔مث) تاکید۔ روک ٹوک۔ منع ❖
قدم (ع۔مذ) پرانا پن ❖
قدم (ع۔مذ) پاؤں۔ پیر چلتے وقت دونوں پیروں کا فاصلہ ❖
قدم اکھڑنا (ا) پاؤں نہ جمنا۔ ٹھہر نہ سکنا۔ ہارنا ❖
قدم بڑھانا (ا) آگے ہونا ترقی کرنا ❖
قدم بوس ہونا (ا) عزت کے لئے پاؤں چومنا ❖
قدم بوسی (ف۔مث) پاؤں چومنا۔ بندگی۔ سلام ❖
قدم بھاری ہونا (ا) منحوس قدم ہونا ❖
قدم چومنا (ا) عزت کرنا پاؤں چومنا ❖
قدم رکھنا (ا) چلنا۔ پاؤں رکھنا۔ دخل دینا کام شروع کرنا
قدم رنجہ فرمانا (ا) تشریف لانا۔ آنا ❖
قدم قدم پر (ا) چپہ چپہ پر ❖
قدم لینا (ا) پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ پاؤں چومنا ❖
قدما (ع۔مذ) قدیم کی جمع۔ اگلے لوگ۔ بزرگ ❖
قدمچہ (ف۔مذ) پاخانہ کا چبوترہ
قدموں سے لگے رہنا (ا) پاؤں پڑنا۔ ساتھ رہنا ❖
قدوم (ع۔مذ) جمع قدم کی ❖
قدیر (ع۔ص) قدرت والا۔ غالب۔ خدا کا نام ❖
قدیم (ع۔ص) پرانا گذشتہ زمانے کا ❖
قدیمہ (ع۔ص) پرانی۔ اگلی ❖
قدیم الایام (ع) بہت پرانا زمانہ۔ بہت مدت ❖
قدیمی (ع۔ص) پرانا۔ ہمیشہ کا
قرابت (ع۔مث) نزدیکی۔ رشتہ ❖
قرابت داری (ف۔مث) رشتہ داری۔ برادری ❖
قرابتی (اِس) رشتہ دار۔ اپنا۔
قرابین (ف۔مث) ایک قسم کی چھوٹی بندوق ❖
قرأت (ع۔مث) تلفظ۔ پڑھنا
قرار (ع۔مذ) ٹھہراؤ۔ سکون۔ استقلال۔ آرام۔ قول ❖
قرار پانا (ا) مقرر ہونا فیصلہ ہونا ❖
قرارداد (ف۔مث) تجویز۔ عہد۔ فیصلہ ❖

قرار دینا (ا) مقرر کرنا۔ تجویز کرنا ٭

قرارِ واقعی (ع) ٹھیک پوری جیسا کہ چاہیئے ٭

قِران (ع۔مذ) نزدیکی دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ٭

قِرانُ السّعدَین (ع۔مذ) دو نیک ستاروں کا اکٹھا ہونا ٭

قُرآن (ع۔مذ) کلام الٰہی مسلمانوں کی مذہبی کتاب جو رسولِ خدا پر نازل ہوئی ٭

قرآن اُٹھانا (ا) قرآن کی قسم اُٹھانا ٭

قَراوُل (ت۔مذ) بندوقچی ٭

قُرب (ع۔مذ) نزدیکی۔ رشتہ

قُرب و جوار (ع) آس پاس اردگرد ٭

قُربان (ع۔مذ) صدقہ۔ صدقے ہونا ٭

قُربان جانا (ا) صدقے ہونا جان دینا ٭

قُربان کرنا (ا) نثار کرنا وارنا

قُربان گاہ (ف مث) مقتل۔ قربان کرنے کی جگہ ٭

قُربانی (ف۔مث) ذبح کرنا قتل ٭

قُربَت (ع۔مث) نزدیکی۔ رشتہ

قُرّۃُ العَین (ع۔مذ) آنکھوں کی ٹھنڈک۔ بیٹا ٭

قُرحہ (ع۔مذ) ناسور۔ وہ زخم جس میں پیپ پڑ جائے ٭

قُرص (ع۔مذ) ٹکیا۔ گول ٭

قرض (ع۔مذ) اُدھار دینا ٭

قرض اُٹھانا (ا) اُدھار لینا۔

قرضِ حَسَنہ (ع۔مذ) بلا سود کے قرض لینا۔ دینا ٭

قرض خواہ (ف۔مذ) لین دار اُدھار دینے والا ٭

قرض دار (ف۔مذ) دیندار۔ اُدھار لینے والا ٭

قرضہ (ع۔مذ) اُدھار دینا ٭

قِرطاس (ع۔مذ) کاغذ ٭

قُرعہ (ع۔مذ) پانسہ ٭

قُرعہ اندازی (ف۔مث) پانسہ پھینکنا۔ فال نکالنا ٭

قُرق (ف۔مث) ضبطی۔ روک۔ حفاظت ٭

قُرقی (ا۔مث) مال کی ضبطی ٭

قِرمزی (ع۔ص) سُرخ۔ لال ٭

قَرن (ع۔مذ) ستاروں کا ملاپ پچاس سال کا عرصہ بہت مدت

قَرَنبیق (ع۔مذ) زرق کھینچنے کا بھبکا ٭

قَرَنفُل (ع۔مذ) لونگ ٭

قرولی (ا) شکاری چاقو۔ بڑا چاقو ٭

قَریب (ع) نزدیک ٭

قَریبُ الاِختتام (ع۔ص) ختم ہونے کے قریب۔ خاتمہ ہونے والا

قَریبُ المرگ (ف۔ص) مرنے کے نزدیک۔ سخت بیمار ٭

قریباً (ع) اندازاً۔ لگ بھگ ٭

قُریش (ع۔مذ) عرب کے ایک مشہور باعزت قبیلے کا لقب ہے ٭

قُریشی (ع۔مذ) قبیلہ قریش کا آدمی ٭

قَرین (ع۔ص) نزدیک ٭

قرینِ قیاس (ع۔ص) قیاس کے مطابق۔ ممکن ٭

قرینِ مصلحت (ع۔ص) بہتر۔ اچھا ٭
قرینہ (ع۔مذ) سلیقہ۔ جوڑ۔ قیاس ٭
قزّاق (ت۔مذ) لٹیرا۔ ڈاکو ٭
قزّاقِ اجل (ع۔مذ) موت کا فرشتہ ٭
قزّاقی (ت۔مث) ڈاکہ۔ لوٹ مار
قزلباش (ف۔مذ) مغلوں کی ایک قوم۔ سپاہی ٭
قساوت (ع۔مث) سخت دلی۔ بے رحمی ٭
قسائی (ا۔مذ) بوچڑ۔ گوشت فروش ظالم ٭
قسط (ع۔مث) حصّہ۔ بُرشت (روپیہ وغیرہ کی) ٭
قَسَم (ع۔مذ) عہد۔ سوگند۔ سونہہ
قسم توڑنا (ا) وعدہ خلافی کرنا قول توڑنا ٭
قسم کھانا (ا) سوگند کھانا۔ عہد کرنا۔ قول کرنا ٭
قِسم (ع۔مث) جنس۔ نوع۔ طرح۔ ڈھنگ ٭
قسم وار (ف) جنس وار۔ الگ الگ

قِسمت (ع۔مث) حصّہ نصیب بخت۔ کمشنری ٭
قسمت آزمائی (ف۔مث) تدبیر آزمانا۔ کوشش کرنا ٭
قسمت بگڑنا (ا) نصیب اُلٹ جانا
قسمت پھوٹنا (ا) بُرے دن آنا ٭
قسمت جاگنا (ا) اچھے دن آنا
قسمت کا پھیر (ا۔مذ) بدبختی۔
قسمت کا دھنی (ا۔ص) خوش نصیب ٭
قسمت کا ہیٹا (ا۔ص) بدنصیب
قسمت کھلنا (ا) نصیب جاگنا
قسمیہ (ع) قسم کھاکر ٭
قشقہ (ف۔مذ) تلک ٹیکا ٭
قصّاب (ع۔مذ) بوچڑ۔ قصائی
قصاص (ع۔مذ) خون کا بدلہ انتقام ٭
قصاص لینا (ا) خون کا بدلہ لینا
قصائی (ا۔مذ) قصاب۔ بوچڑ
قصائد (ع۔مذ) قصیدہ کی جمع
قصبات (ع۔مذ) قصبے۔ چھوٹے شہر ٭

قصباتی (ا۔ص) قصبہ کا ٭
قصبہ (ع۔مذ) چھوٹا شہر۔ نگری ٭
قصد (ع۔مذ) ارادہ۔ نیّت ٭
قصد کرنا (ا) ارادہ کرنا۔ نیّت کرنا ٭
قصداً (ع۔ص) جان بوجھ کر
قصر (ع۔مذ) محل۔ مکان ٭
قصور (ع۔مذ) کمی۔ خطا۔ غلطی ٭
قصوروار (ف۔ص) خطاوار۔ گنہگار ٭
قصّہ (ع۔مذ) کہانی۔ فسانہ ٭
قصّہ پاک کرنا (ا) جھگڑا طے کرنا ٭
قصّہ تمام کرنا (ا) کام ختم کرنا
قصّہ خوان (ف۔مذ) کہانی بیان کرنے والا ٭
قصّہ کوتاہ (ف) الغرض حاصل مطلب ٭
قصّہ کہانی (ا۔مث) حکایت افسانہ ٭
قصّہ مختصر (ع) قصّہ کوتاہ۔ الحاصل ٭
قصیدہ (ع۔مذ) کسی بادشاہ یا امیر

وغیرہ کی تعریف کے اشعار ؛
قضا (ع - مث) خدا کا حکم۔ مرضی موت ؛
قضارا (ف) اتفاقاً ؛
قضا کا مارا (ا - ص) جس کی موت آئی ہوئی ہو۔ بدنصیب مصیبت کا مارا ؛
قضا و قدر (ع - مذ) خدا کا حکم ازل کا حکم ؛
قضا کرنا (ا) نماز کا وقت گذار دینا۔ فوت ہونا ؛
قضائے الٰہی (ع - مث) خدا کی مرضی ؛
قضائے حاجت (ع - مذ) حاجت کا رفع کرنا۔ پاخانہ پھرنا
قضائے مُبرم (ع - مذ) نہ ٹلنے والا حکم ؛
قُضات (ع مذ) قاضی کی جمع ؛
قضایا (ع - مذ) جمع قضیہ کی - جھگڑے ؛
قضیہ (ع - مذ) بحث۔ جھگڑا ٹنٹا ؛
قط (ع - مذ) قلم کی نوک۔ کاٹنا۔

قطار (ع مث) صف۔ لائن سلسلہ ؛
قُطب (ع - مذ) قطب تارا۔ ولی اللہ ؛
قُطب از جانہ جُنبد (ف) قطب اپنی جگہ سے نہیں ہلتا۔ وہ آدمی جس پر کوئی اثر نہ ہو ؛
قُطب نما (ف - مذ) گھڑی کی طرح ایک چھوٹا سا گول آلہ ہوتا ہے جس کی سوئی ہمیشہ قطب یعنے شمال کی طرف رہتی ہے ؛
قُطبی (ف - ص) قطب کا ؛
قُطبین (ع - مذ) دونوں قطب شمالی اور جنوبی ؛
قُطر (ع - مذ) وہ خط مستقیم جو دائرے کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دے ؛
قَطرہ (ع - مذ) پانی کی بوند ؛
قَطع (ع - مذ) تراش۔ بیونت ؛
قَطع و بُرید (ف - مث) کاٹ چھانٹ ؛
قَطع تعلق (ع - مذ) واسطہ رکھنا۔ الگ ہونا ؛

قطع کرنا (ا) کاٹنا۔ چھوڑنا ؛
قطع کلام (ع - مذ) بات کاٹنا ؛
قطع نظر (ع) چھوڑ کر۔ اس کے سوا ؛
قَطعاً (ع) بالکل ؛
قِطعات (ع - مذ) جمع قطعہ کی - ٹکڑے ؛
قِطعہ (ع - مذ) حصّہ۔ ٹکڑا۔ خطّہ۔ نظم کی ایک قسم ؛
قِطعہ بند (ف - مذ) وہ بیت جن کے ساتھ دوسرے بیت ملائے بغیر مطلب پورا نہ ہو ؛
قَطعی (ا) ضرور۔ بالکل بیشک آخری ؛
قَعر (ع - مذ) گہرائی - تہ ؛
قَعرِ مذلّت (ع - مذ) ذلّت کا گڑھا۔ رسوائی ؛
قَفا (ع - مث) دھول دھپا ؛
قَفس (ف - مذ) پنجرا ؛
قَفسِ عنصری (ف - مذ) جسم۔ بدن ؛
قُفل (ع - مذ) تالا - جندرا ؛
قفل لگانا (ا) بند کرنا۔ قبضہ کرنا

قُفلی (ا۔مث) قلفی ٭
قُقنُس یا قُقنُوس (ی۔مذ) ایک خوشرنگ اور خوش آواز پرندے کا نام ہے
قُل (ع) کہو۔ بولو۔ قرآن شریف کی آخری سورتیں۔ فاتحہ ختم
قُل ہُوَاللہ پڑھنا (ا) تباہ حال ہونا ٭
قَلابازی (ا۔مث) کرتب۔ کھیل ٭
قُلّابہ (ع۔مذ) کانٹا۔ کنڈا ٭
قَلّاش (ت۔ص) بھوکا ننگا لُچّا لفنگا ٭
قُلانچ (ا۔مث) چھلانگ چوکڑی ٭
قُلانچیں بھرنا (ا) چھلانگیں مارنا
قَلب (ع۔مذ) دل۔ من۔ اُلٹا کھوٹا ٭
قُلبہ (ع۔مذ) ہل ٭
قُلبہ رانی (ف۔مث) ہل چلانا۔ ہل جوتنا ٭
قَلبی (ع۔ص) دلی۔ جانی ٭
قِلّت (ع۔مث) کمی۔ تنگی ٭
قُلزُم (ع۔مذ) سمندر۔ بحیرہ قلزم ٭
قَلع (ع۔مذ) گرانا۔ جڑ سے نکالنا
قَلع قمع (ع۔مذ) مسمار کرنا۔ توڑنا پھوڑنا ٭
قِلعہ (ع۔مذ) کوٹ۔ گڑھ۔ محفوظ عمارت ٭
قِلعہ دار (ف۔مذ) قلعہ کا افسر
قِلعہ شکن (ف۔ص) قلعہ توڑنے والی بھاری توپ ٭
قلعی (ع۔مث) رانگا۔ چمک دمک۔ روغن ٭
قلعی کھلنا (ا) اصلی حال معلوم ہونا۔ بھانڈا پھوٹنا ٭
قلعی گر (ف۔مذ) برتن قلعی کرنے والا ٭
قُلفی (ا۔مث) قفلی ٭
قَلَق (ا۔مذ) رنج۔ غم اندوہ بے چینی ٭
قلق ہونا (ا) رنج ہونا۔ افسوس ہونا ٭
قُلقُل (ع۔مث) صراحی میں سے شراب کے نکلنے کی آواز
قَلَم (ع۔مذ) لکھنی۔ کلک ٭
قلم برداشتہ لکھنا (ف) بے سوچے جلدی جلدی لکھنا
قلم انداز کرنا (ا) چھوڑ دینا۔ نہ لکھنا ٭
قلم بند کرنا (ا) لکھنا۔ درج کرنا
قلم تراش (ف۔مذ) چاقو ٭
قلمدان (ف۔مذ) قلم دوات رکھنے کا صندوقچہ ٭
قلمرو (ف۔مث) حکومت۔ ملک
قلم کار (ف۔مذ) نقاش۔ منبت کار ٭
قلمکاری (ا۔مث) مصوری رنگسازی ٭
قلم کرنا (ا) کاٹنا ٭
قلم لگانا (ا) پیوند لگانا
قلماقنی (ا۔مث) ترکی شاہی حرم سرا میں پہرہ دینے والی عورت ٭
قلمی (ع۔ص) دستی لکھا ہوا تحریر ٭
قلمی ہے (ا) لکھا جاتا ہے حکم ہے
قلمی آم (ا۔مذ) پیوندی آم ٭
قلمی شورہ (ا۔مذ) صاف کیا ہوا

شورہ ٭

قلندر (ع۔ مذ) آزاد آدمی۔ بے غیرت۔ ریچھ بندر والا ٭

قلندری (ا۔ مث) آزادی فقیری ٭

قُلوب (ع۔ مذ) جمع قلب کی۔ دِل ٭

قُلّہ (ع۔ مث) پہاڑ کی چوٹی ٭

قلاقند (ا۔ مث) ایک قسم کی مٹھائی ٭

قُلی (ت۔ مذ) مزدور۔ محنتی۔ بار بردار ٭

قلیاں (ف۔ مذ) حقّہ۔ کلی ٭

قلِیل (ع۔ ص) تھوڑا۔ کم ٭

قلیہ (ع۔ مذ) بغیر سبزی کے پکا ہوا گوشت ٭

قُم (ع۔ امر) اُٹھ۔ کھڑا ہو ٭

قُم باذنِ اللہ (ع) اللہ کے حکم سے اُٹھ ٭

قُم باذنی (ع۔ مذ) میرے حکم سے اُٹھ ٭

قُمار (ع۔ مذ) جوا ٭

قمار بازی (ف۔ مث) جُوا کھیلنا۔ جُوا ٭

قمار خانہ (ف۔ مذ) جُوا کھیلنے کا مکان ٭

قماش (ع۔ مذ) مال و متاع طرح۔ ڈھنگ ٭

قمچی (ت۔ مث) چھڑی۔ ہنٹر۔ تازیانہ ٭

قمر (ع۔ مذ) چاند ٭

قمری (ع۔ ص) چاند کا ٭

قُمری (ع۔ مث) فاختہ کی قسم کا ایک مشہور جانور ہے

قمع (ع۔ مذ) جڑ سے اکھاڑنا توڑنا پھوڑنا ٭

قُمقمہ (ع۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی قندیل ٭

قمیص (ع۔ مذ) کُرتہ ٭

قنات (ت۔ مث) کپڑے کا پردہ جو خیمے کے گرد لگاتے ہیں ٭

قنادیل (ع۔ مث) قندیل کی جمع ٭

قناعت (ع۔ مث) تھوڑی چیز پر گزارہ کرنا۔ صبر کفایت شعاری ٭

قند (ع۔ مث) شکر۔ کھانڈ ٭

قندِ مکرّر (ف۔ مث) دو دفعہ صاف کی ہوئی کھانڈ ٭

قندیل (ع۔ مث) چھوٹا سا فانوس۔ قمقمہ۔ بلب ٭

قُویٰ (ع۔ مذ) قوت کی جمع طاقتیں ٭

قواعد (ع) قاعدہ کی جمع۔ دستور طریقے۔ گرامر۔ سپاہیوں کی ورزش ٭

قواعد دان (ف۔ ص) قواعد جاننے والا۔ ٹرینڈ۔ گرامر جاننے والا ٭

قوّال (ع۔ مذ) کلاونت۔ گویّا۔ ڈوم ٭

قوّالی (ع۔ مث) صوفیوں کی مجلس کا گانا ٭

قوام (ع۔ مذ) چاشنی۔ شیرہ۔ پت ٭

قوانین (ع۔ مذ) قانون کی جمع۔

قُوت (ع۔مث) کھانا۔ خوراک ٭

قُوت لایموت (ع۔مث) اتنی خوراک جس سے زندگی قائم رہ سکے ٭

قُوّت (ع۔مث) طاقت۔ زور۔ دولت۔ حس ٭

قُوّتِ ارادی (ع۔مث) ارادہ کی طاقت۔ ارادہ پر قائم رہنے کی طاقت ٭

قُوّتِ باصرہ (ع۔مث) بینائی ٭

قُوّتِ جاذبہ (ع۔مث) جذب کرنے اور چوس لینے کی طاقت کشش ٭

قُوّتِ جسمانی (ع۔مث) بدنی طاقت ٭

قُوّتِ حافظہ (ع۔مث) یادرکھنے کی طاقت ٭

قُوّتِ دافعہ (ع۔مث) دفع کرنے اور مقابلہ کرنے کی طاقت ٭

قُوّتِ ذائقہ (ع۔مث) چکھنے کی قوّت ٭

قُوّتِ سامعہ (ع۔مث) سننے کی طاقت ٭

قُوّتِ شامّہ (ع۔مث) سونگھنے کی قوّت ٭

قُوّتِ لامسہ (ع۔مث) چھونے اور ٹٹولنے کی قوّت ٭

قورمہ (ت۔مذ) بھنا ہوا گوشت

قوس (ع۔مث) کمان۔ دائرہ کا حصّہ ٭

قوسِ قُزح (ع۔مث) وہ کمان جو بادلوں میں مختلف رنگوں سے بنی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ دھنک۔ پینگ ٭

قَوسین (ع۔ت) دو کمانیں دوابرو ٭

قَول (ع۔مذ) بات۔ کہاوت۔ اقرار۔ عہد ٭

قول سے پھرنا (ا) وعدہ خلافی کرنا ٭

قولِ قرار (ع۔مذ) اقرار۔ عہد و پیمان ٭

قول کا پورا (ا۔ص) بات کا پکّا ٭

قولِ مرداں جاں دارد (ف) مردوں کی بات پکّی ہوتی ہے ٭

قول و فعل (ع۔مذ) گفتار و کردار۔ چال چلن ٭

قول ہارنا (ا) زبان دینا عہد کرنا ٭

قولنج (ع۔مذ) پیٹ کی ایک بیماری ہے ٭

قَوم (ع۔مث) گروہ۔ فرقہ۔ ذات ٭

قوم پرست (ف۔ص) قوم کا خیرخواہ ٭

قَومہ (ع۔مذ) نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا ٭

قومی (ع۔ص) قوم کا۔ ملکی۔ وطنی ٭

قومیّت (ع۔مث) ایک ذات۔ نسل ٭

قَوی (ع۔ص) زبردست قوت والا۔ مضبوط۔ زورآور ٭

قوی جُثّہ (ع ص) مضبوط جسم کا ٭

قوی ہیکل (ع ص) قد آور زور آور ٭

قہّار (ع ص) بہت قہر کرنے والا - غالب - خدا کا نام ٭

قہر (ع - مذ) زبردستی غضب جوش مصیبت ٭

قہرِ الٰہی (ع - مذ) خدا کا غضب آسمانی بلا ٭

قہر درویش بر جانِ درویش (ف) غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر ٭

قہر کرنا (ا) غضب کرنا - بُرا کرنا ٭

قہر ہے (ا) غضب ہے آفت ہے ٭

قہقہہ (ع - مذ) آواز سے ہنسنا

قہقہہ اُڑانا (ا) ہنسی اُڑانا احمق بنانا ٭

قہقہہ مارنا (ا) ٹھٹھا مارنا - کھلکھلا کر ہنسنا ٭

قہوہ (ع - مذ) کافی - چائے کی قسم کی چیز جسے اُبال کر پیتے ہیں ٭

قہوہ خانہ (ف - مذ) قہوہ پینے اور تفریح کی جگہ ٭

قے (ع - مث) اُلٹی - متلی ٭

قے کرنا (ا) اُلٹی کرنا - اُگلنا

قیاس (ع - مذ) خیال - سوچ رائے - اندازہ ٭

قیاساً (ع) اندازاً - تخمیناً ٭

قیاس کرنا (ا) اندازہ لگانا خیال کرنا - تسلیم کرنا ٭

قیاسی (ع ص) خیالی - ذہنی ٭

قیافہ (ع - مذ) فال - قیاس - تمیز - شناخت ٭

قیافہ شناس (ف ص) جوتشی ٭

قیام (ع - مذ) ٹھہراؤ - سکونت پائداری ٭

قیام پذیر (ف ص) ٹھہرا ہُوا - مقیم - دیرپا ٭

قیام کرنا (ا) ٹھہرنا - اُترنا ٭

قیامت (ع - مث) کھڑا ہونا وہ دن جب تمام مُردے اُٹھ کھڑے ہونگے (روزِ حساب) غضب قہر - واویلا - ہلچل ٭

قیامت اُٹھانا (ا) شور مچانا - فتنہ برپا کرنا ٭

قیامت توڑنا (ا) آفت برپا کرنا - شور کرنا ٭

قیامت خیز (ف ص) آفت برپا کرنے والا - غضب ڈھانے والا ٭

قیامت ڈھانا (ا) ظلم کرنا غضب کرنا ٭

قیامت لانا (ا) مصیبت لانا - بلا میں پھنسانا ٭

قید (ع - مث) بند - اسیری ممانعت ٭

قید بامشقت (ف - مث) قید جس میں محنت بھی کرنی پڑے ٭

قید بلا مشقت (ا - مث) وہ قید جس میں محنت نہ کرنی پڑے - قید محض

قید تنہائی (ا - مث) اکیلے میں

کی قید۔ سخت قید ۞
قَید خانہ (ف۔ مذ) جیل خانہ زنداں ۞
قَید فرنگ (ف۔ مث) اہل فرنگ کی قید۔ سخت قید ۞
قید کرنا (ا) جیل میں ڈالنا گرفتار کرنا ۞
قَید لگانا (ا) شرط لگانا محدود کرنا۔ پابند کرنا ۞
قَید محض (ع۔ مث) صرف قید۔ قید بلا مشقت ۞
قَیدی (ع۔ ص) بندھا ہوا اسیر۔ مجرم ۞

قَیس (ع۔ مذ) لیلےٰ کے عاشق مجنون کا نام ۞
قَیصر (ع۔ مذ) شہنشاہ سلطان ۞
قَیطُون (ع۔ مذ) زری اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری ۞
قِیف (ت۔ مذ) بوتلوں میں عرق وغیرہ ڈالنے کا برتن چھلنی ۞
قِیل وقال (ع۔ مث) گفتگو بات چیت۔ تکرار ۞
قَیلُولہ (ع۔ مذ) دوپہر کا سونا ۞
قِیمت (ع۔ مث) دام۔ رقم۔ لاگت ۞
قِیمتی (ع۔ مث) زیادہ قیمت کا

عُمدہ۔ نفیس ۞
قِیمہ (ع۔ مذ) کٹا ہوا گوشت ۞
قِیمہ کرنا (ا) ٹکڑے کرنا۔ پُرزے اُڑانا ۞
قَینچی (ا۔ مث) کترنے کا آلہ مقراض ۞
قینچی کی طرح زبان چلنا (ا) فر فر زبان چلنا۔ بہت بولنا
قُیُود (ع۔ مث) جمع قید کی۔ پابندیاں ۞
قُیُودِ مذاہب (ع۔ مث) مذہبی پابندیاں اور رکاوٹیں ۞

ک

عربی کا بائیسواں [۲۲] فارسی کا پچیسواں [۲۵] اور اُردو کا اٹھائیسواں حرف [۲۸] عدد اسکے بیس [۲۰] ہیں

کا (ہ) حرف اضافت ۞
کابُل (ف۔ مذ) افغانستان کے دار الخلافہ کا نام ہے ۞
کابُلی (ف۔ ص) کابل کا

رہنے والا ۞
کاپی (انگ۔ مث) نقل۔ مسودہ۔ جلد۔ نسخہ ۞
کاپی رائٹ (انگ۔ مذ) حق تصنیف و تالیف ۞

کاپی نویس (ا۔ مذ) کاتب خوشنویس ۞
کاتب (ع۔ مذ) لکھنے والا خوشنویس ۞
کاتک (ہ۔ مذ) ہندی سال کا

ساتواں مہینہ ◆
کاتنا (ہ) چرخے کے ذریعے سے روئی کے تاگے بنانا ◆
کاٹ (ہ۔مث) کٹاؤ ◆
کاٹ چھانٹ (ہ۔مث) چیر پھاڑ۔ ریزہ ◆
کاٹ کرنا (ہ) زخم کرنا۔ چھیلنا
کاٹ کھانا (ہ) ڈسنا۔ ڈنگ مارنا
کاٹا (ہ) کاٹا ہوا۔ زخم۔ چوٹ ◆
کاٹنا (ہ) تراشنا۔ چیرنا۔ چھانٹنا طے کرنا ◆
کاٹنے کو دوڑنا (ہ) گھرکیاں دینا۔ اُجاڑ معلوم دینا ◆
کاٹو تو لہو نہیں (ہ) خوف کے مارے جسم کا زرد اور سرد ہو جانا ◆
کاٹھ (ہ۔مذ) لکڑی۔ چوب ◆
کاٹھ کا اُلّو (ہ۔مذ) احمق نادان محض بے وقوف ◆
کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی (ہ) فریب بار بار نہیں چل سکتا ◆
کاج (ہ۔مذ) کام دھندا۔

کاجل (ہ۔مذ) چراغ کا دھواں جو آنکھوں میں لگاتے ہیں ◆
کاخ (ف۔مذ) محل۔ ایوان اونچی عمارت ◆
کاذب (ع۔ص) جھوٹا۔ دروغگو ◆
کار (ف۔مذ) کام۔ عمل۔ کرتوت
کار آزمودہ (ف۔ص) تجربہ کار ◆
کار آمد (ف۔ص) کام کا۔ فائدہ مند ◆
کاروبار (ف۔مذ) کام کاج بنج۔ بیوپار ◆
کاروباری آدمی (ا۔مذ) کام کاج کرنے والا۔ بیوپاری ◆
کاربند (ف۔ص) تعمیل کرنے والا۔ عمل کرنے والا ◆
کاربراری (ف۔مث) مطلب نکالنا۔ کام نکالنا ◆
کارپرداز (ف۔مذ) گماشتہ کارندہ۔ مہتمم ◆
کارپوریشن (انگ۔مث) کمیٹی ◆
کار ثواب (ف۔مذ) نیک کام۔ بھلائی کا کام ◆
کارچوبی (ف۔مث) گلکاری

کشیدہ کاری ◆
کارخانہ (ف۔مذ) کام کرنے کی جگہ ◆
کارِ خیر (ف۔مذ) ثواب کا کام بھلائی کا کام ◆
کاروار (ف۔ص) منصب دار۔ مختار ◆
کارروائی (ف۔مث) کام چلانا کام نکالنا۔ روئداد ◆
کارزار (ف۔مث) لڑائی جنگ ◆
کارساز (ف۔ص) کام بنانے والا۔ سنوارنے والا۔ خدا ◆
کارفرما (ف۔مذ) حاکم۔ بادشاہ ◆
کارکن (ف۔مذ) بہت کام کرنے والا۔ ہوشیار۔ محنتی ◆
کارگاہ (ف۔مث) کارخانہ۔ کھڈی ◆
کارگر (ف۔ص) اثر کرنے والا فائدہ مند ◆
کارگر ہونا (و) مؤثر ہونا۔ فائدہ مند ہونا ◆
کارگذاری (ف۔مث) فرض ادا کرنا۔ کام کرنا ◆

کارنامہ (ف ۔ مذ) تواریخ ۔ قصہ
بہادری کا کام ٭
کاربانک (انگ ص) کوئلے کا
کاربانک ایسڈ (انگ ۔ مذ)
کوئلہ کا تیزاب ٭
کاربائڈ (انگ مذ) ایک قسم
کا پتھر جس سے جلنے والی
گیس پیدا ہوتی ہے ٭
کاربن (انگ ۔ مذ) کوئلہ ٭
کاربن پیپر (انگ مذ) سیاہ
مصالحہ دار کاغذ جس سے
چٹھیات وغیرہ کی کئی
نقلیں تیار ہوجاتی ہیں ٭
کارتوس (ا ۔ مذ) بارود کی
بھری ہوئی نلی جو بندوق
میں رکھ کر سر کرتے ہیں ٭
کارد (ف مذ) چاقو ۔ چھری ٭
کارڈ (انگ مذ) پتا ۔ کاٹ ٭
کارڈ بورڈ (انگ مذ) گتا ٭
کارسپانڈنس (انگ مث)
خط و کتابت ٭
کارسپانڈنٹ (انگ مذ)
نامہ نگار ٭

کارستانی (ا ۔ مث) چالاکی
اُستادی ٭
کارک (انگ مذ) ڈاٹ ۔ بوتل
وغیرہ بند کرنے کی چیز ٭
کارن (ہ ۔ مذ) سبب ۔ وجہ
کارندہ (ف ۔ ص) کام کرنے
والا ۔ سربراہ ٭
کارواں (ف ۔ مذ) قافلہ ٭
کارواں سرائے (ف مث)
قافلہ اُترنے کی سرائے ٭
کاری (ف ۔ ص) کارگر ۔ مہلک
سخت ۔ بھاری ٭
کاریگر (ف ۔ مذ) ہنرمند اُستاد
ہوشیار ٭
کاریگری (ف ۔ مث) ہنرمندی
ہوشیاری ٭
کاڑھنا (ہ) جوش دینا ۔ سوئی
کا کام کرنا ٭
کاسد (ع ۔ ص) کھوٹا ٭
کاسنی (ف ۔ ص) ایک دوائی
کا نام ہے ٭
کاسہ (ف ۔ مذ) پیالہ ٭
کاسہ گدائی (ف مذ) کچکول ٭

کاسہ لیس (ف ص) خوشامدی
چاپلوس ٭
کاش (ف) خدا کرے ۔ خواہش ٭
کاشانہ (ف ۔ مذ) جھونپڑا ۔
آشیانہ ٭
کاشت (ف ۔ مث) کھیتی
زراعت ٭
کاشتکار (ف مذ) کسان مزارع
کاشتکاری (ف ۔ مث)
زراعت کھیتی باڑی ٭
کاشف (ع ۔ ص) ظاہر کرنے
والا ۔ کھولنے والا ٭
کاشکے (ف) کاش (تمنا کیلئے)
کاغذ (ع مذ) پتر ۔ ورق ٭
کاغذ کے گھوڑے دوڑانا
(ا) جابجا خط بھیجنا ۔ ہر طرف
درخواستیں بھیجنا ٭
کاغذ کی ناؤ (ا ۔ مث) ناپائدار
چیز ۔ کمزور ٭
کاغذات (ع ۔ مذ) کاغذ کی جمع
کاغذی (ع ۔ ص) کاغذ کا بنا
ہوا ۔ کمزور ٭
کاغذی بادام (ف مذ) باریک

چھلکے والے بادام ٭

کاغذی ثبوت (ا۔مذ) تحریری ثبوت ٭

کافر (ع۔مذ) خدا کا مُنکر۔ بیدین۔ معشوق ٭

کافرِ نعمت (ع۔مذ) ناشکرا احسان فراموش ٭

کافُور (ع۔مذ) ایک خوشبودار سفید چیز جو کھُلی ہوا میں رکھنے سے اُڑ جاتی ہے ٭

کافُور ہونا (ا) دُور ہونا۔ ہوا ہونا۔ چل دینا ٭

کافُوری (ع۔ص) کافور کا بنا ہُوا ٭

کافُوری شمع (ا۔مث) کافور کی بنی ہوئی شمع ٭

کافی (ع۔ص) کفایت کرنے والا۔ بہت۔ حسب ضرورت

کافی (انگ۔مث) قہوہ ٭

کاک (انگ۔مذ) کارک ڈاٹ

کاکریزی (ف۔مذ) قرمزی رنگ ٭

کاکُل (ف۔مث) زلف گیسو لمبے بال ٭

کاکُلِ پیچاں (ف۔ص) خمدار زلفیں ٭

کال (ہ۔مذ) قحط۔ خشک سالی۔ کمی۔ قلت۔ سیاہ ٭

کال کوٹھڑی (ہ۔مث) اندھیری کوٹھڑی ٭

کالا (ہ۔ص) سیاہ۔ کالے رنگ کا آدمی ٭

کالا آدمی (ا۔مذ) ہندوستانی آدمی ٭

کالا پانی (ہ۔مذ) جزائر انڈمان جہاں عمر قیدی بھیجے جاتے ہیں۔ دیس نکالا ٭

کالا مُنہ (ہ) رُوسیاہ۔ پرے ہٹ

کَالْاَنْعَام (ع۔ص) چوپایوں کی طرح

کالبُد (ف۔مذ) جسم۔ تن۔ قالب

کالج (انگ۔مذ) مدرسہ ٭

کالجئیٹ (انگ۔ص) کالج کا طالب علم ٭

کالر (انگ۔مذ) پٹا۔ طوق۔ گلوبند کرتے یا کوٹ وغیرہ کا زائد کپڑا جو گریبان کے اوپر مڑا ہوا ہوتا ہے

کالرا (انگ۔مذ) ہیضہ ٭

کالک (ہ۔مث) سیاہی عیب

کالم (انگ۔مذ) جدول۔ قطار صفحے کا حصہ ٭

کالی زبان (ا۔مث) کالی جیبھ۔ بددعا ٭

کالی کلوٹی (ص) نہایت سیاہ دہ

کالی گھٹا (ہ۔مث) گول مرچ

کالی مرچ (ہ۔مث) گول مرچ۔ فلفل سیاہ ٭

کالے پانی بھیجنا (ہ) جلاوطن کرنا۔ عبور دریائے شور کرنا

کالے کوسوں (ہ۔مذ) بہت دور

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا (ہ) زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی ٭

کام (ف۔مذ) حلق۔ مُنہ۔ مراد۔ مطلب ٭

کام (ا۔مذ) فعل۔ عمل۔ کرتوت ٭

کام بگڑنا (ا) کام خراب ہو جانا

کام بنانا (ا) مطلب نکالنا

کام بن جانا (ا) کامیابی ہونا حسب مطلب بات ہو جانا.

کام تمام کرنا (ا) خاتمہ کرنا
مار ڈالنا ٭
کام تمام ہونا (ا) کام ختم
ہونا۔ مرجانا ٭
کام چلانا (ا) مطلب براری
کرنا۔ کارروائی کرنا ٭
کام چور (ا۔ص) سست۔ کاہل
کام دار (ا۔ص) زردوزی کا
کام کیا ہوا ٭
کام دیو (ہ۔مذ) نفسانی خواہش
کام سے کام ہونا (ا) اپنے
ہی مطلب سے مطلب ہونا ٭
کام کاج (ا۔مذ) کام دھندا
کاروبار ٭
کامران (ف۔ص) خوش نصیب
اقبال مند ٭
کامرانی (ف۔مث) خوش نصیبی ٭
کامگار (ف۔ص) فتحمند۔ خوش نصیب
کامل (ع۔ص) پورا۔ تمام۔
ماہر استاد۔ خدارسیدہ ٭
کامنی (ہ۔مث) خوبصورت
عورت۔ حسینہ ٭
کامیاب (ف۔ص) فتحمند۔ کامگار

مرادوند ٭
کامیابی (ف۔مث) فتح۔ مرادوندی ٭
کان (ف۔مث) کان۔ معدن ٭
کانِ ملاحت (ف۔ص) سانولا
سلونا۔ معشوق ٭
کان (ہ۔مذ) گوش۔ سننے کا
عضو (رکن) ٭
کان بھرنا (ہ) چغلی کھانا۔
بدظن کرنا ٭
کان پر جوں نہ چلنا (ہ)
کسی بات کا اثر نہ ہونا ٭
کان پڑی آواز سنائی نہ دینا
(ہ) بہت شور ہونا ٭
کان پکڑنا (ہ) کان مروڑنا
استاد ماننا۔ توبہ کرنا ٭
کان دھرنا (ہ) توجہ دینا
غور سے سننا ٭
کان رکھنا (ہ) دھیان دے کر سننا
کان کاٹنا (ہ) فریب دینا
سبقت لے جانا ٭
کان کا کچا (ہ۔ص) بلا سوچے
سمجھے اعتبار کر لینے والا۔
بہکاوے میں جلد آنے والا۔

کان کھانا (ہ) شور کرنا۔ بکواس
کرنا۔ دق کرنا ٭
کان کھڑا ہونا (ہ) ہوشیار ہونا
چوکنا ہونا ٭
کان کھولنا (ہ) تنبیہ کرنا۔
متوجہ کرنا ٭
کان لگانا (ہ) دھیان دے کر سننا
کان مروڑنا (ہ) کان کھینچنا۔
سزا دینا ٭
کان میں پھونکنا (ہ) کان میں
کچھ کہنا۔ بہکانا ٭
کان میں رکھنا (ہ) یاد رکھنا ٭
کان ہونا (ہ) خبردار ہونا۔
نصیحت ہونا۔ چارپائی وغیرہ
میں ٹیڑھ ہونا ٭
کاناپھوسی (ہ۔مث) سرگوشی
کان میں باتیں کرنا ٭
کانپ اٹھنا (ہ) خوف سے
لرز جانا۔ ڈر جانا ٭
کانپنا (ہ) لرزنا۔ ڈرنا۔ خوف
کھانا ٭
کانٹا (ہ۔مذ) سوا۔ خار۔ کنڈا
کانٹا سا کھٹکنا (ہ) ناگوار گزرنا

کانٹا نکلنا (ہ) تکلیف دُور ہونا

کانٹوں پر لوٹنا (ہ) تڑپنا۔ بیقرار رہنا ٭

کانٹے بونا (ہ) اپنے یا کسی کے حق میں بُرا کہنا ٭

کانجی ہاؤس (انگ۔ مذ) بگڑا ہوا ہے۔ لاوارث جانوروں کے بند کرنے کا سرکاری باڑا۔

کانچ (ہ۔ مذ) شیشہ۔ کچ ٭

کاندھا (ہ۔ مذ) مونڈھا۔ کندھا

کاندھا دینا (ہ) جنازے کے نیچے کندھا دینا ٭

کانسٹیبل (انگ۔ مذ) پولیس کا سپاہی۔ سنتری ٭

کانسہ (ہ۔ مذ) پیالہ۔ کاسہ ٭

کانسی (ہ۔ مث) کاہنہ۔ تانبے اور قلعی وغیرہ سے بنی ہوئی دھات

کانشنس (انگ۔ مذ) ضمیر۔ نفس۔ پاک ٭

کانفرنس (انگ۔ مث) صلاح مشورے کی کمیٹی ٭

کانفیڈنشل (انگ۔ ص) پوشیدہ

کانگرس (انگ۔ مث) مجلس۔ ہندوستان کی قومی مجلس ٭

کانگڑی (ہ۔ مث) مٹی کی چھوٹی سی انگیٹھی ٭

کانووکیشن (انگ۔ مث) جلسہ تقسیم اسناد ٭

کانوں پر ہاتھ دھرنا (ہ) صاف انکار کرنا ٭

کاوش (ف۔ مث) کھودنا۔ تلاش۔ دشمنی ٭

کاوک یا کاواک (ف۔ ص) کھوکھلا۔ خالی ٭

کاوہ (ف۔ مذ) ایک لوہار کا نام ہے جس نے ضحاک کے خلاف شورش کی تھی ٭

کاہ (ف۔ مث) گھاس۔ تنکا۔

کاہش (ف۔ مث) گھٹاؤ۔ کمی۔ لاغری ٭

کاہل (ع۔ ص) سست۔ آلسی۔ ڈھیلا

کاہل وجود (ف۔ ص) سست آدمی۔ آرام طلب ٭

کاہلی (ہ۔ مث) سستی ٭

کاہو (ف۔ مذ) ایک قسم کی دوا ہے

کاہی (ہ۔ مث) سیاہی۔ کیس

زنگ ٭

کاہے کو (ہ) کیوں۔ کس لئے۔

کاہیدہ (ف۔ ص) گھٹا ہوا۔ لاغر

کائی (ہ۔ مث) سبزی جو پانی پر آجاتی ہے ٭

کایا (ہ۔ مث) جسم۔ تن۔ قالب ٭

کایا پلٹ (ہ۔ ص) ادل بدل۔ تناسخ

کایا پلٹنا (ہ) صُورت بدلنا۔ ہیئت بدلنا ٭

کائستھ (ہ۔ مذ) ایک ہندو ذات کا نام ہے۔ کایستھ ٭

کائنات (ع۔ مث) دنیا۔ مخلوقات ٭

کُب (ہ۔ مذ) خم۔ جھکاؤ ٭

کَب (ہ) کس وقت۔ کس گھڑی ٭

کب کا (ہ) بڑی دیر کا۔ مدت کا

کباب (ع۔ مذ) سیخ پر بھنا ہوا قیمہ۔ کڑھائی میں تلے ہوئے کباب۔ جلا ہوا ٭

کبار (ع۔ مذ) کبیر کی جمع۔ بزرگ آدمی ٭

کباڑی (ہ۔ مذ) ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا ٭

کبت (ہ۔مذ) شعر۔بیت۔ ہندی نظم ÷
کبد (ع۔مذ) جگر۔کلیجہ ÷
کبر (ع۔مذ) غرور۔گھمنڈ۔بزرگی
کبر (ع۔مذ) بڑھاپا۔پیری ÷
کبرسن (ع۔ص) بوڑھا۔عمر رسیدہ
کبریٰ (ع۔مث) بہت بڑی
کبریا (ع۔مذ) بزرگی۔خدا تعالےٰ کا نام ÷
کبریت (ع۔مث) گندھک
کبریت احمر (ع۔مث) لال گندھک ÷
کبڑا (ہ۔ص) خمیدہ پشت۔ جس کی کمر جھکی ہوئی ہو ÷
کبڑاپن (ہ۔مذ) ٹیڑھ۔خمیدگی
کبک (ف۔مذ) چکور ÷
کبک دری (ف۔مذ) پہاڑی چکور
کبوتربازی (ف۔مث) کبوتر اڑانا
کبوترخانہ (ف۔مذ) ڈربا۔مسافرخانہ
کبود (ف۔مذ) نیلا رنگ ÷
کبودی (ف۔ص) نیلگوں۔آسمانی
کبھی (ہ) کسی نہ کسی وقت۔ کسی وقت ÷

کبھی تولہ کبھی ماشہ (ا) دم میں کچھ دم میں کچھ۔متلون مزاج
کبھی کبھار (ہ) وقت۔بے وقت بھولے چوکے۔کبھی کبھی ÷
کبیدہ (ف۔ص) رنجیدہ۔غمگین ÷
کبیدہ خاطر (ا۔ص) رنجیدہ دل ÷
کبیر (ع۔مذ) بڑا بزرگ (ہ) ایک ہندو موحد کا نام ہے ÷
کبیرپنتھی (ہ۔مذ) بھگت کبیر کے پیرو ÷
کپ (ہ۔مذ) بھوسے کا برج نما پلا ÷
کپا (ہ۔مذ) چمڑے کا پھولا ہوا تنگ منہ کا برتن۔موٹا پھولا ہوا
کپاس (ہ۔مث) بنولوں سمیت روئی۔پھٹی ÷
کپتان (انگ۔مذ) لشکر کا سردار۔جہاز کا حکمران ÷
کپٹی (س۔ص) دغاباز۔فریبی ÷
کپڑا (ہ۔مذ) پارچہ۔لتا۔لباس ÷
کپڑوں میں نہ سمانا (ا) خوشی سے پھول جانا ÷
کپڑے اتارنا (ہ) کپڑے بدلنا

چھیننا۔بے عزت کرنا ÷
کپکپی (ہ۔مث) تھرتھراہٹ رعشہ۔لرزہ ÷
کپوت (ہ۔مذ) نالائق بیٹا۔ نافرمان بیٹا ÷
کتا (ہ) کتنا ÷
کتاب (ع۔مث) پستک پوتھی۔رسالہ ÷
کتاب آسمانی (ف۔مث) خدا کا کلام۔جیسے قرآن شریف ÷
کتاب فروش (ف۔مذ) کتابیں بیچنے والا ÷
کتاب کا کیڑا (ا۔مذ) وہ آدمی جو ہر وقت مطالعہ میں رہے ÷
کتاب ہدیٰ (ع۔مث) ہدایت کرنیوالی کتاب۔قرآن شریف
کتابت (ع۔مث) تحریر۔لکھائی
کتابہ (ع۔مذ) کتبہ۔مسجد یا مقبرے وغیرہ کے دروازے پر جو عبارت لکھی جاتی ہے ÷
کتابی (ع۔ص) کتاب کا۔تحریری ÷
کتان (ف۔مذ) ایک قسم کا باریک کپڑا جسکے متعلق خیال ہے

که چاندنی میں ٹکڑے ٹکڑے
ہو جاتا ہے ؛
کُتُب (ع ۔مث) جمع کتاب کی
کُتُب خانہ (ف ۔مذ) لائبریری
کُتُب فروش (ف ۔مذ) کتابیں بیچنے والا
کُتبہ (ع ۔مذ) کتابہ ؛
کُتَر (ہ ۔مث) دھجی ۔ کپڑے کی
چھانٹ ؛
کُتر بیونت (ہ ۔) کانٹ چھانٹ
کُترن (ہ ۔مث) چھانٹن ۔ دھجی
کُترنا (ہ) قینچی سے چھانٹنا
کِتف (ع ۔مذ) کندھا ۔ شانہ ؛
کِتنا (ہ) کس قدر ۔ زیادہ ؛
کتھا (ہ ۔مث) وعظ ۔ اپدیش ۔
نصیحت ؛
کتّھا (ہ ۔مذ) پان کا ایک جز ہے
کُتّے خسّی کرنا (ہ) ادنے ملازمت
کرنا ۔ بے فائدہ کام کرنا ؛
کُتّے کی موت مرنا (ہ)
نہایت ذلت سے مرنا ؛
کَتیرا (ہ ۔مذ) ایک قسم کا گوند
کٹ جانا (ہ) ٹکڑے ہو جانا
جدا ہونا ۔ شرمندہ ہونا

کٹ مرنا (ہ) لڑ مرنا ۔ آپس میں
کُشت و خون کرنا ؛
کَٹّا (ہ ۔ص) سخت ۔ مضبوط ۔ موٹا تازہ
کٹار (ہ ۔مذ) خنجر ؛
کٹاری (ہ ۔مث) چھوٹا خنجر ۔
چھری ؛
کٹائی (ہ ۔مث) فصل کا کٹنا ؛
کٹک (ہ ۔مذ) لشکر ۔ فوج ۔ سپاہ
کٹنا (ہ) ٹکڑے ہونا ۔ شرمندہ ہونا ۔
کٹواں (ہ ۔ص) تراشا ہوا ؛
کٹوتی (ہ ۔مث) منہائی ۔ کمشن ؛
کٹورا (ہ ۔مذ) پیالہ ؛
کٹھ پتلی (ہ ۔مث) کاٹھ کی
مورتی ۔ بے بس ۔ بے اختیار
کُٹھالی (ہ ۔مث) چاندی سونا
پگھلانے کی پیالی ؛
کٹہرا (ہ ۔مذ) جنگلا ۔ چھجا ؛
کٹھل (ہ ۔مذ) ایک پھل کا نام ہے
کٹھن (ہ ۔ص) مشکل ۔ دشوار ۔ کڑی ؛
کُٹیا (ہ ۔مث) جھونپڑی ؛
کثافت (ع ۔مث) گاڑھا پن ۔
گندگی ۔ موٹاپن ؛
کثرت (ع ۔مث) زیادتی ۔ بہتات

کثرتِ رائے (ع ۔مث)
رائے کی زیادتی ۔ نصف
سے زیادہ رائیں ؛
کَثیر (ع ۔ص) بہت زیادہ ؛
کثیر العیال (ع ۔ص) بہت
بال بچوں والا ؛
کثیر الاولاد (ع ۔ص) بہت
بال بچوں والا ؛
کثیر التعداد (ع ۔ص) بہت
تعداد میں ۔ بے حد ؛
کثیر المشاغل (ع ۔ص) بہت
کام والا آدمی ۔ مصروف ؛
کثیر المصارف (ع ۔ص)
بہت خرچ والا ؛
کثیر المنفعت (ع ۔ص)
بہت فائدہ بخش ؛
کَثیف (ع ۔ص) گاڑھا ۔
غلیظ ۔ ناپاک ؛
کج (ف ۔ص) ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔ بانکا
کج اخلاق (ف ۔ص) بدخلق ۔
اکھڑ ؛
کج ادا (ف ۔ص) بے وفا ۔ بے مروت
کج ادائی (ف ۔مث) بے وفائی

بے مروّتی ۔
کج بحث (ف۔ص) اُلٹی اُلٹی دلیلیں دینے والا۔ جھگڑالو ۔
کج رفتار (ف۔ص) ٹیڑھی چال چلنے والا ۔
کج فہم (ف۔ص) اُلٹی سمجھ کا کوڑ مغز ۔
کج کلاہ (ف۔ص) بانکا۔ ترچھا
کج کلاہی (ف۔مث) بانکپن ۔
کجا (ف) کہاں ۔
کجاوہ (ف۔مذ) کچاوہ۔ محمل ۔
کجک (ف۔مذ) آنکس ۔
کجکول (ف۔مذ) کاسہ گدائی کشکول ۔
کج مج زبان (ف۔مذ) وہ شخص جو صاف نہ بول سکے انکسار کے لئے اپنے واسطے بولتے ہیں
کجی (ف۔مث) ٹیڑھاپن خمیدگی ۔
کچا (ہ۔ص) خام۔ جو پکا ہوا نہ ہو۔ کچی اینٹوں کا۔ ناتجربہ کار ۔
کچا پکا (ہ۔ص) آدھا پکا۔ کچھ کچا۔ کچھ پکا ۔

کچکول (ا۔مذ) کشکول ۔
کچلا (ہ۔مذ) ایک زہریلے پھل کا نام ہے ۔
کچل ڈالنا (ہ) پیس ڈالنا۔ روند ڈالنا ۔
کچلنا (ہ) مسلنا۔ پائمال کرنا۔ مارنا
کچور (ہ۔مذ) ہلدی کی قسم کی ایک دوا ہے ۔
کچوری (ہ۔مث) ماش کی دال کی پوری ۔
کچومر (ہ۔مذ) ایک قسم کا اچار ۔
کچومر نکالنا (ہ) کچلنا۔ قیمہ کرنا خوب مارنا ۔
کچھ (ہ۔ص) ذرا۔ کسی قدر۔ تھوڑا بہت ۔
کچھ سے کچھ (ہ) حالت بدل جانا۔ دگرگوں ہونا
کچھ کھانا (ہ) زہر کھانا ۔
کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان (ا) صلح کے لئے دونوں طرف کو جھکنا چاہیئے
کچھ نہ پوچھو (ہ) کہنے کے قابل نہیں
کچھ نہ نکلا (ہ) نالائق ہوا

خراب نکلا ۔
کچھ نہیں (ہ) کوئی بات نہیں ذرا نہیں ۔
کچھ نہیں گیا (ہ) کوئی نقصان نہیں ہوا۔ ابھی وقت ہے ۔
کچھ ہو (ہ) کچھ پروا نہیں جو ہو سو ہو ۔
کچھ ہے (ہ) کوئی بات ہے کوئی سبب ہے ۔
کچھار (ہ۔مذ) دریا کے قریب کی زمین۔ نرسل کا جنگل ۔
کچہری (ہ۔مث) عدالت۔ بارگاہ۔ دربار ۔
کچھوا (ہ۔مذ) کچھ۔ سنگ پشت ۔
کچی اسامی (ا۔مث) عارضی جگہ۔ کچا آدمی ۔
کچی پیشی (ا۔مث) مقدمہ کی پہلی پیشی ۔
کحّال (ع۔مذ) آنکھوں کا حکیم
کحل (ع۔مذ) سُرمہ۔ انجن
کحل الجواہر (ع۔مذ) وہ سرمہ جس میں جواہرات پڑے ہوئے ہوں ۔

کدّ (ع۔مث) جدوجہد۔ ضد ہٹ

کدّ و کاوش (ف۔مث) جستجو۔ تلاش ٭

کدخدا و کتخدا (ف۔مث) گھر والا۔ خاوند۔ گاؤں کا نمبردار

کدخدائی (ف۔مث) شادی۔ بیاہ ٭

کُدال (ہ۔مث) کہی کسّی۔ زمین کھودنے کا آلہ ٭

کدّو (ف۔مذ) ایک قسم کی ترکاری

کدّو کش (ف۔مذ) کدّو رگڑنے کا آلہ ٭

کدورت (ع۔مث) میل غبار۔ رنج۔ بغض ٭

کدہ (ف۔مذ) جگہ۔ مقام۔ خانہ

کدھر (ہ) کہاں۔ کس طرف ٭

کڈھب (ہ۔ص) بے ڈھب بے طور۔ بُری طرح ٭

کذّاب (ع۔مذ) بہت جھوٹ بولنے والا ٭

کذب (ع۔مذ) جھوٹ بہتان

کر (ف۔ص) بہرہ۔ ڈورا ٭

کرّ و فر (ف۔مذ) شان و شوکت ٹھاٹ

کرّار (ع۔ص) بھگا دینے والا حضرت علیؓ کا لقب ٭

کرام (ع۔مذ) کریم کی جمع۔ سخی لوگ ٭

کرامات (ع۔مث) بزرگیاں معجزے۔ کرشمے ٭

کراماً کاتبین (ع۔مذ) دو فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں

کراماتی (ہ۔ص) کرامت دکھانے والا

کرامت (ع۔مث) اعجاز کرشمہ۔ بزرگی۔ انوکھا پن

کرانی (ا۔مذ) عیسائی ٭

کراہت (ع۔مث) نفرت بیزاری ٭

کراہنا (ہ) درد سے آہ آہ کرنا۔ چلّانا ٭

کراہیت (ع۔مث) نفرت ٭

کرایہ (ف۔مذ) بھاڑا۔ مزدوری مکان میں رہنے کا معاوضہ

کرایہ دار (ف۔مذ) کرایہ کے مکان میں رہنے والا ٭

کرایہ نامہ (ف۔مذ) کرائے کا اقرار نامہ ٭

کرب (ع۔مذ) غم و اندوہ دکھ درد ٭

کربلا (ع۔مث) رنج و آفت کا مقام ٭

کرپا (ہ۔مث) مہربانی عنایت کرم ٭

کرتا دھرتا (ہ۔مذ) مختار۔ تمام کام کرنے والا ٭

کرتار (ہ۔مذ) خالق۔ خدا ٭

کرتب (ہ۔مذ) کام۔ فعل ٭

کرتب کی بدیا (ہ) عملی ہنر

کرتوت (ہ۔مذ مث) کام۔ فعل۔ چالاکی۔ فریب۔ بُرا کام ٭

کرتہ (ف۔مذ) قمیص ٭

کُرتی (ا۔مث) بغیر آستین کے چھوٹا کرتہ ٭

کرتے کی بدیا (ہ) عمل کی بات کام کے متعلق ٭

کرچ (ہ۔مث) ایک قسم کی لمبی تلوار ٭

کرخت (ف۔ص) سخت۔ کڑا

کردار (ف مذ) طرز۔ طریق کام
عمل۔ رویّہ ÷
کردگار (ف مذ) خالق۔ خدا تعالےٰ
کردنی (ف ص) کرنے کے لائق اعمال
کردنی خویش آمدنی پیش
(ف) اپنا کیا اپنے آگے آتا ہے
کردہ (ف) کیا ہوا۔ عمل میں
لایا ہوا۔ آزمودہ ÷
کرسٹل (انگ مذ) قلم۔ ڈلی
جیسے قلمی شورہ ÷
کرسچین (انگ مذ) عیسائی ÷
کرسمس ڈے (انگ مذ) بڑا
دن۔ حضرت مسیح کی پیدائش
کا دن۔ ۲۵ دسمبر ÷
کرسی (ع مث) چوکی۔ چھوٹا
تخت۔ عمارت کی سطح جو عام زمین
سے اونچی رکھی جاتی ہے۔
پشت۔ خاندان۔ درجہ ÷
کرسی نامہ (ف مذ) شجرہ نسب ÷
کرسی نشین (ف مذ) کرسی پر
بیٹھنے والا۔ درباری۔ معزز ÷
کرشمہ (ف مذ) آنکھ کا اشارہ
غمزہ۔ ناز۔ انوکھی بات ÷

کرشن (ہ مذ) کنھیا جی ÷
کرکٹ (انگ مث) گیند بلا
مشہور انگریزی کھیل ÷
کرکرا (ہ ص) ریتلا ÷
کرکرا کرنا (ہ) خراب کرنا۔ بدمزہ کرنا
کرکری ہونا (ہ) ذلت ہونا
خواری ہونا ÷
کرگہ (ہ مث) کھڈی ÷
کرم (ع مذ) بزرگی۔ سخاوت
عنایت ÷
کرم کرنا (ا) مہربانی کرنا ÷
کرم (ف مذ) کیڑا ÷
کرم پیلہ (ف مذ) ریشم کا کیڑا
کرم (ہ مذ) کام۔ فعل ÷
کرم بھوگ (ہ مذ) کرموں کا
پھل۔ کئے کا نتیجہ ÷
کرمکِ شب تاب (ف مذ)
جگنو ÷
کرن (ہ مث) سورج کی شعاع
کرن (ہ مذ) کان ÷
کرنڈی (انگ مث) ایک قسم
کا ٹسر کا بنا ہوا کپڑا ÷
کرنسی آفس (انگ مذ) نوٹوں

کے روپے بدلنے کا دفتر
کرنل (انگ مذ) کرنیل۔
فوج کا اعلےٰ افسر ÷
کرنی (ہ مث) فعل۔ کام ÷
کرنی بھرنی (ہ مث) جیسا
کام ویسا انجام۔ کئے کی سزا
کرنیل (انگ مذ) کرنل۔
فوج کا افسر ÷
کروا (ہ مذ) بدھنا۔ آفتابہ
کروبی (ع مذ) اعلےٰ درجے کا فرشتہ
کروبیاں (ف مذ) فرشتے
کروٹ (ہ مث) پہلو۔
پاسا۔ طرف ÷
کروٹ بدلنا (ہ) ایک پہلو
سے دوسرے پہلو پر لیٹنا
زمانہ کا پھرنا ÷
کروٹ لینا (ہ) پہلو بدلنا۔
رخ بدلنا ÷
کروڑپتی (ہ ص) بڑا بھاری
مالدار ÷
کرہ (ع مذ) گنبد۔ گولا ÷
کرہ ارض (ع مذ) زمین کا
گولا۔ تمام زمین ÷

کِریا (ہ۔ مث) کام۔ تجہیز و تکفین ٭
کریپ (انگ مث) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا ٭
کُرید (ہ۔ مث) کوشش۔ کاوش۔ چھان بین۔ تلاش
کُریدنا (ہ) لکڑی وغیرہ سے مٹی ہٹانا۔ مُرغ کا چونچ سے کھودنا۔ معلوم کرنا ٭
کریل (ہ۔ مذ) کری ٭
کریلا (ہ۔ مذ) ایک مشہور سبزی جو کڑوی ہوتی ہے ٭
کریلا اور نیم چڑھا (ہ) ایک تو پہلے ہی بدمزاج تھا۔ اس پر دوسری مخالف بات نے اور اضافہ دیا ٭
کَریم (ع مذ) بخشنے والا۔ سخی۔ مہربان
کریمی (ع۔ مث) فیاضی۔ عنایت۔ مہربانی ٭
کَرِیہ (ع ص) بُرا۔ مکروہ۔ گھناونا
کریہ الصّوت (ع ص) بدآواز
کریہ منظر (ع ص) بدشکل۔ بدصورت
کڑا (ہ ص) سخت۔ کٹھن۔ مشکل ٭
کڑاڑا (ہ۔ مذ) دریا کا اونچا کنارہ ٭

کڑاکا (ہ۔ مذ) سخت۔ شدت کا۔ فاقہ ٭
کڑاکے کا (ہ) سخت شدت کا۔
کڑاہ (ہ۔ مذ) حلوا۔ لوہے کا بڑا سا برتن جس میں کچوریاں وغیرہ تلتے ہیں ٭
کڑاہی (ہ۔ مث) چھوٹا کڑاہ تر حلوا ٭
کڑک (ہ۔ مث) بجلی کی آواز۔ خوفناک آواز ٭
کُڑکا (ہ۔ مذ) کڑاکا۔ بجلی کی آواز
کڑکڑاتا (ہ) سخت۔ زور کا ٭
کُڑکُڑانا (ہ) مُرغی کا بولنا ٭
کڑکنا (ہ) چٹکنا۔ تڑخنا۔ گرجنا بجلی کی آواز کا نکلنا ٭
کڑوا (ہ۔ مذ) تلخ۔ تیز۔ بدمزاج
کڑواہٹ (ہ۔ مث) تلخی ٭
کڑوی (ہ۔ ص) تلخ۔ کوڑی ٭
کڑوی نگاہ (ا۔ مث) غصے کی نظر
کُڑھنا (ہ) رنجیدہ ہونا۔ افسوس کرنا
کڑھنا (ہ) دودھ وغیرہ اُبل کر گاڑھا ہونا
کڑھی (ہ۔ مث) ایک قسم کا سالن ہے جو بیسن اور دہی سے بنتا ہے ٭
کڑھی کا سا اُبال (ہ) جلد دور ہو جانے والا غصہ یا جوش ٭
کڑی (ہ۔ ص) سخت۔ درشت۔ بڑی۔ تیز۔ ناگوار۔ حلقہ۔ چھلا ٭
کڑی اُٹھانا (ہ) سختی جھیلنا سخت بات سہنا ٭
کڑی بات (ہ۔ مث) سخت بات۔ بُری بات ٭
کڑی جھیلنا (ہ) سختی اٹھانا ٭
کڑی سنانا (ہ) سخت بات کہنا ٭
کڑی منزل (ہ۔ مث) دشوار گذار رستہ۔ کٹھن رستہ
کڑیل جوان (ہ۔ ص) قدآور جوان۔ گرانڈیل جوان ٭
کَژدُم (ف۔ مذ) بچھو ٭
کَس (ف) کوئی۔ مرد۔ آدمی ٭
کس نمی پرسد کہ بھیا کون ہو (ا) مفلسی میں کوئی کسی کی بات نہیں پوچھتا ٭
کس و ناکس (ف) ہر چھوٹا بڑا خاص و عام ٭
کَس (ہ۔ مذ) زور سہل ٭

کِس (ہ) کون ٭
کِس باغ کی مُولی ہے (ا) کیا حقیقت ہے۔ یعنی کسی شمار میں نہیں ٭
کِس برتے پہ تتّا پانی (ہ) کس حوصلے پر یہ بات کرتے ہو
کِس حساب میں ہے (ا) کون پوچھتا ہے؟ ٭
کِس درد کی دوا ہے (ا) کس کام کا ہے ٭
کِس شمار میں ہے (ا) کس حساب میں ہے ٭
کِس مرض کی دوا ہے (ا) کس کام کا ہے ٭
کِس مُنہ سے (ا) کس زبان سے۔ کس عزّت پر ٭
کِس نیند سوتا ہے (ا) کس غفلت میں ہے ٭
کَسا (ہ۔ص) کھنچا ہوا۔ تنا ہوا
کَساکَسایا (ہ۔ص) درست تیار ٭
کَساد (ع بمث) بِکری نہ ہونا
کَساد بازاری (ف بمث) بکری کا نہ ہونا۔ بازار مندا ہونا ٭

کَسالا (ہ۔مذ) تکلیف۔ دُکھ مصیبت ٭
کَسالت (ع بمث) سستی کاہلی
کِسان (ہ۔مذ) کاشتکار ٭
کَسب (ع۔مذ) کمانا۔ ہنر۔ پیشہ
کَسبی (ع۔مذ) ہنر والا۔ بازاری عورت ٭
کَستُوری (ہ بمث) مشک نافہ
کَسر (ع۔مث) ٹوٹ پھوٹ ٹکڑا۔ کمی ٭
کَسر باقی نہ چھوڑنا (ا) کمی نہ کرنا
کَسرشان (ف۔بمث) عزّت کے خلاف ٭
کَسرات (ا بمث) کٹوتیاں ٭
کَسرت (ا بمث) ورزش ریاضت
کَسرتی (اص) ورزشی ٭
کَسرہ (ع۔مذ) زیر ٭
کِسریٰ (ع۔مذ) عجم کے بادشاہوں کا لقب۔ نوشیرواں کا نام ٭
کَسک (ہ بمث) ٹیس خلش ٭
کَسگر (ا) کاسہ گر۔ کوزہ گر۔ کمہار ٭
کَسَل (ع۔مذ) سستی تھکان کمزوری
کَسلمند (اص) علیل۔ بیمار۔ ماندہ

کَسنا (ہ) کھینچنا۔ تاننا ٭
کِسوَت (ع بمث) لباس پوشاک
کَسَوٹی (ہ بمث) سونا پرکھنے کی وٹی۔ محک جانچ۔ امتحان
کَسَوٹی پر لگانا (ہ) آزمانا۔ پرکھنا
کُسُور (ع بمث) کسر کی جمع ٹکڑے ٭
کُسُوف (ع۔مذ) سورج گرہن ٭
کِسے (ہ) کوئی شخص ٭
کَسے باشد (ف) خواہ کوئی ہو
کِسی (ہ) کوئی چیز۔ آدمی وغیرہ معشوق ٭
کِسی کا گھر جلے کوئی تاپے (ہ) کسی کا تو نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے ٭
کَسیرا (ہ۔مذ) ٹھٹھرا۔ ٹھٹھیا
کَسِیس (ہ بمث) کاہی ٭
کَسیلا (ہ۔ص) تلخ ٭
کَش (ف) کشیدن سے فعل امر حقّہ کا گھونٹ ٭
کَش مکش (ف بمث) کھینچا تانی لڑائی جھگڑا ٭
کُشادگی (ف بمث) فراخی ٭

وسعت ۔ چوڑائی ÷
کُشادہ (ف ص) چوڑا ۔ مزاج ÷
کُشادہ پیشانی (ف ص) ہنس مکھ
کُشادہ دل (ف ص) فراخ دل
سخی ÷
کشّاف (ع ص) بہت کھولنے
والا ÷
کَشاکش (ف ۔ مث) کھینچا
تانی ۔ آمد و رفت ۔ تکلیف ÷
کشاں کشاں (ف ص) کھینچتے
کھینچتے ۔ گھسیٹتے گھسیٹتے
کَشاورز (ف ۔ مذ) کسان ۔ دہقان
کُشت (ف ۔ مذ) قتل ۔ خون ÷
کُشت و خون (ف مذ) خونریزی
کِشت (ف مث) کھیتی ۔ زراعت
کِشت زار (ف ۔ مث) کھیت
کھیتی ÷
کِشتکار (ف مذ) کاشتکار ۔ کسان
کُشتہ (ف ۔ مذ) قتل کیا ہوا
شہید ۔ عاشق ÷
کُشتہ کرنا (ا) قتل کرنا ۔ دھات
کا مارنا ÷
کُشتہ ہونا (ا) قتل ہونا ۔ عاشق
ہونا ۔ کسی پر مرنا ÷
کَشتی (ف ۔ مث) ناؤ ۔ بیڑی ۔
سینی ۔ تھال ÷
کَشتی بان (ف ۔ مذ) ملّاح ÷
کُشتی (ف ۔ مث) دو پہلوانوں
کی لڑائی ÷
کَشٹ (ہ ۔ مذ) دُکھ ۔ تنگی ۔ مصیبت
کَشِش (ف ۔ مث) جذب ۔
دلربائی ۔ ناز ۔ رغبت ÷
کشش ثقل (ف مث) وہ قوت
جس سے زمین اشیا کو اپنی
طرف کھینچتی ہے ÷
کشش مقناطیسی (ف مث)
وہ طاقت جس سے مقناطیس
لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے
کَشف (ع ۔ مذ) کھولنا ۔ ظاہر
کرنا ۔ الہام ۔ کرامات ÷
کشف و کرامات (ع ۔ مث)
کرامتیں ۔ اعجاز ÷
کشکول (ف ۔ مذ) کاسہ گدائی
کِشمِش (ف ۔ مث) داکھ ۔ سوکھے
ہوئے انگور ÷
کشمیر (ہ ۔ مذ) پنجاب کا شمو
سرسبز علاقہ ÷
کِشور (ف مث) ملک ۔ ولایت
کشور کُشا (ف ۔ مذ) ملک فتح
کرنے والا ۔ بادشاہ ÷
کَشیدگی (ف ۔ مث) رنجش ۔ ملال
کَشیدہ (ف ص) کھنچا ہوا ۔ اٹھا
ہوا ۔ رنجیدہ ۔ کاڑھا ہوا
کشیدہ خاطر (ف ص) ناراض
رنجیدہ دل ÷
کَشیدہ کاڑھنا (ا) سوئی کا
کام کرنا ÷
کَعب (ع ۔ مذ) ٹخنہ ۔ پاسہ ÷
کَعبتین (ع ۔ مذ) جوئے
اور چوسر کے پانسے ÷
کَعبہ (ع ۔ مذ) بیت اللہ ۔ قبلہ ÷
کَف (ع ۔ مذ) ہتھیلی ۔ تھوک
جھاگ ÷
کفِ افسوس مَلنا (ا) ازحد پچھتانا
افسوس کرنا ÷
کفِ پا (ف ۔ مذ) پاؤں کا تلوا ÷
کفِ دست (ف ۔ مذ) ہاتھ
کی ہتھیلی ÷
کف لانا (ا) جھاگ لانا ÷

غصّے ہونا ٭

کُفّار (ع۔ مذ) کافر کی جمع۔ خدا کے منکر۔ بے دین ٭

کفّارہ (ع۔ مذ) گناہ یا خطا کا بدلہ ٭

کفاف (ع۔ مذ) روزمرّہ کا خرچ۔ روٹی کپڑا ٭

کفالت (ع۔ مث) ضمانت۔ ذمّہ داری ٭

کِفایت (ع۔ ف) کافی ہونا۔ بچت۔ کم خرچی ٭

کِفایت شعار (ع ص) کم خرچ کرنے والا۔ جزرس ٭

کِفایت شعاری (ا مث) جُزرسی۔ کم خرچی ٭

کفچہ (ف۔ مذ) بڑا چمچہ۔ کفگیر۔ سانپ کا پھن ٭

کُفر (ع۔ مذ) ناشکراپن۔ بے دینی۔ انکارِ خدا ٭

کُفرانِ نعمت (ع۔ مذ) احسان فراموشی۔ نمک حرامی ٭

کَفش (ف۔ مث) جوتی۔ پاپوش ٭

کفش دوز (ف۔ مذ) موچی ٭

کفگیر (ف۔ مذ) کفچہ۔ بڑا چمچہ ٭

کَفَن (ع۔ مذ) مُردے کی چادر ٭

کفن پھاڑ کر بولنا (ا) دفعتاً بول اُٹھنا۔ خوفناک آواز سے بولنا ٭

کَفَن چور (ف۔ ص) کفن چرانے والا۔ بدذات ٭

کفنانا (ا) کفن پہنانا ٭

کَفنی (ف۔ مث) وہ کپڑا جسے مُردے کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ وہ چادر جو فقیر لوگ درمیان سے چیر کر پہن لیتے ہیں ٭

کُفو (ع۔ مذ) ہم ذات ہم قوم خاندان ٭

کفیل (ع۔ مذ) ذمہ دار۔ ضامن ٭

کُک (انگ۔ مذ) باورچی ٭

ککڑی (ہ۔ مث) تر ٭

کَل (ہ۔ مث) مشین۔ پرزہ۔ عضو

کلدار (ا۔ مذ) انگریزی روپیہ ٭

کَل مروڑنا (ہ) کل گھمانا۔ برگشتہ کرنا۔ ایک طرف سے ہٹا کر دوسری طرف لگانا ٭

کُل (ہ۔ مث) آرام۔ سکھ چین ٭

کل آنا (ہ) چین پڑنا۔ آرام ملنا ٭

کل پڑنا (ہ) چین پڑنا۔ اطمینان ہونا

کل نہ پڑنا (ہ) تڑپنا۔ آرام نہ ملنا ٭

کَل (ہ۔ مذ) گزرا ہوا دن آنے والا دن ٭

کل کی بات (ہ۔ مث) تھوڑے عرصے کا ذکر ٭

کُل (ع۔ ص) تمام۔ سب۔ پورا۔ جملہ ٭

کلابازی (ا۔ مث) پلٹی لگانا

کلاجنگ (ا۔ مث) کُشتی کا ایک داؤ ہے ٭

کلّا (ا۔ مذ) رخسارہ۔ گال۔ جبڑا

کلّا پھُلانا (ہ) گال پھلانا ٭

کلّا دراز (ا۔ ص) زبان دراز۔ لڑاکا ٭

کلابتون (ت۔ مذ) سونے چاندی کی تاروں کی ڈوری ٭

کلابتونی (ف۔ ص) کلابتون کا بنا ہوا ٭

کلاس (انگ۔ مث) جماعت۔

درجہ۔ جنس ؎

کلاس فیلو (انگ۔ مذ) ہم جماعت

کُلاغ (ف۔ مذ) کوّا ؎

کلاک (انگ۔ مذ) بڑی گھڑی ؎

کلال (ہ۔ مذ) شراب بیچنے والا۔ مے فروش ؎

کلال خانہ (ا۔ مذ) شراب خانہ

کلام (ع۔ مذ) سخن۔ بات۔ شعر۔ نظم ؎

کلامُ اللہ (ع۔ مذ) قرآن شریف

کلامُ الملوک ملوکُ الکلام (ع) بادشاہ کا سخن تمام سخنوں سے اعلےٰ ہے ؎

کلام ہونا (ا) اعتراض ہونا بولنے کی حاجت ہونا ؎

کلاں (ف۔ ص) بڑا لمبا ؎

کُلانچ (ا۔ مث) چھلانگ۔ چوکڑی

کُلانچ بھرنا (ا) چوکڑی بھرنا چھلانگ مارنا ؎

کلاونت (ہ۔ مذ) گویّا۔ ڈوم ؎

کُلاہ (ف۔ مذ) ٹوپی۔ تاج ؎

کلائی (ہ۔ مث) پہنچا۔ پہونچی

کُلب (ع۔ مذ) کتّا ؎

کلب (انگ۔ مذ) مجلس۔ جماعت۔ سوسائٹی ؎

کلبلانا (ہ) کیڑوں کا رینگنا۔ کلبل کرنا ؎

کُلبُلانا (ہ) آہستہ آہستہ ہلنا بے قرار ہونا ؎

کُلبُلاہٹ (ہ۔ مث) کیڑوں مکوڑوں کی حرکت ؎

کُلبہ (ف۔ مذ) جھونپڑا۔ چھوٹا سا گھر ؎

کُلبۂ احزاں (ف۔ مذ) غموں کا گھر۔ غمکدہ ؎

کلپ (س۔ مذ) قیامت۔ خطرہ۔ شک ؎

کُلپانا (ہ) دکھ دینا۔ ایذا پہنچانا ؎

کَلپنا (ہ) دکھ پانا۔ کڑھنا ؎

کلجگ (ہ۔ مذ) پاپ اور گناہ کا زمانہ۔ برا زمانہ ؎

کُلچہ (ا۔ مذ) میدے کی خمیری روٹی

کُلچہ سا (ا) کلچے کی طرح پھولا ہوا ؎

کلر (ہ۔ مذ) شور۔ بنجر

کلرک (انگ۔ مذ) منشی ؎

کلس (ہ۔ مذ) گنبد کی کلغی ؎

کلسا (ہ۔ مذ) گاگر تانبے کا گھڑا

کلغی (ا۔ مث) مرغ کے سر کا تاج۔ کلس ؎

کلف (ا۔ مذ) وسمہ۔ خضاب ؎

کُلفت (ع۔ مث) تکلیف رنج۔ رنجش ؎

کلک (ف۔ مث) نے۔ قلم

کلکٹر (انگ۔ مذ) سرکاری روپیہ وصول کرنے والا۔ ضلع کا منتظم ؎

کلمات (ع۔ مذ) کلمہ کی جمع ؎

کلمہ (ع۔ مذ) لفظ۔ بات ؎

کلمۃ الحق (ع۔ مذ) سچی بات

کلمہ بھرنا (ا) لا الٰہ الا اللہ کہنا کسی کا معتقد ہونا ؎

کلمہ پڑھنا (ا) مسلمان ہونا کسی کے کمال کا ماننا۔ کسی کو ہر وقت یاد کرنا ؎

کلمہ شہادت (ع۔ مذ) وہ کلمہ جس میں خدا کی وحدانیت اور رسول کی رسالت پر گواہی دی جاتی ہے

کلمہ کفر (ع۔ مذ) بے دینی کی بات

ایسی بات جس سے مذہب
کی ہتک ہو +
کُلمہ گو (ف ۔ص) مسلمان +
کَلَنک (ہ ۔ مذ) داغ ۔ دھبہ
سیاہی +
کَلَنک کا ٹیکہ (ہ ۔ مذ) بدنامی
کا داغ +
کُلَنگ (ہ ۔مذ) کونج +
کلوٹا (ہ ۔ص) سیاہ +
کُلُوخ (ف ۔ص) مٹی کا ڈھیلا
روڑا +
کِلول (ہ ۔مث) کھیل کود ۔
دل لگی ۔ شوخی +
کُلہ (ف ۔مث) کلاہ ۔ ٹوپی +
کَلّہ (ف ۔ مذ) سر +
کَلّہ دراز (ف ۔ص) زبان دراز
کُلّہم (ع ۔ص) تمام ۔ سب کا
سب ۔ صرف +
کُلھیا (ہ ۔مث) آبخورہ ۔
مٹی کی پیالی +
کُلّی (ع ۔ص) تمام ۔ پورا +
کُلّی (ہ ۔مث) غرارہ ۔ غرغرہ +
کَلی (ہ ۔مث) شگوفہ ۔ غنچہ کونپل

کُلّیات (ع ۔مث) مجموعہ نظم ۔
مجموعہ تصانیف +
کُلیاں (ہ ۔ مذ) آرام ۔ عافیت
آنند +
کَلیجہ (ہ ۔ مذ) جگر ۔ حوصلہ ۔ دلیری
پیارا +
کلیجہ پاش پاش ہونا
(ا) دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا
نہایت دل دُکھنا +
کلیجہ پک جانا (ا) غم ہی
غم سے سوختہ ہونا ۔ کسی کی
تکلیف دہ باتوں سے دُکھی ہونا
کلیجہ پکڑ کر رہ جانا (ا) تڑپ
کر رہ جانا +
کلیجہ پھٹ جانا (ا) جگر کا
ٹکڑے ٹکڑے ہونا +
کلیجہ ٹھنڈا ہونا (ہ) آرام
پانا ۔ تسلی ہونا +
کلیجہ دھک دھک کرنا (ہ)
دل کا دھڑکنا ۔ خوف چھانا
کلیجہ دھک سے رہ جانا (ہ)
دل پر صدمہ گزرنا ۔ خوف چھانا
کلیجہ مسوس کر رہ جانا (ا) دل

تھام کر رہ جانا ۔ ضبط کرنا +
کلیجہ مُنہ کو آنا (ہ) دم گھبرانا
دم گھٹنا +
کلیجہ نکال لینا (ہ) دل نکال
لینا ۔ مال چھین لینا +
کلیجے سے لگائے رکھنا
(ہ) دم کے ساتھ رکھنا +
کلیجے کا ٹکڑا (ہ ۔ مذ) بہت پیارا
کِلید (ف ۔مث) کنجی ۔ چابی +
کلیسا (ی ۔ مذ) گرجا +
کِلیل (ہ ۔مث) خوشی سے کودنا
کلیلیں کرنا (ہ) خوشی سے کودنا
نخرے کرنا +
کَلیم (ع ۔ مذ) بات کرنے والا
حضرت موسٰے کا لقب +
کَلیم اللہ (ع ۔ مذ) خدا سے کلام
کرنے والا ۔ حضرت موسیٰ +
کَم (ف ۔ص) تھوڑا ۔ ذرا سا
نہیں +
کم اصل (ف ۔ص) کمینہ ۔ نیچ
کم بخت (ف ۔ص) بدنصیب +
کم بختی (ف ۔مث) بدقسمتی
کم توجہی (ف ۔مث) تھوڑی توجہ

غفلت ٭

کم حوصلگی (ف۔ مث) تنگ ظرفی۔ اوچھاپن ٭

کم حیثیت (ف۔ ص) تھوڑی حیثیت کا آدمی۔ کمینہ۔ اوچھا

کم خرچ (ف۔ ص) کفایتی۔ سستا

کم خرچ بالانشین (ف) سستی مگر عمدہ ٭

کم دِلا (ا۔ ص) ڈرپوک ٭

کم ذات (ف۔ ص) کمینہ۔ نیچ

کمزور (ف۔ ص) ناتوان۔ ضعیف نالائق ٭

کمزوری (ف۔ مث) ناطاقتی بے حوصلگی ٭

کم سخن (ف۔ ص) تھوڑا بولنے والا۔ کم گو ٭

کم سن (ف۔ ص) چھوٹا۔ تھوڑی عمر کا ٭

کم سنی (ف۔ مث) بچپن طفولیت ٭

کم ظرف (ف۔ ص) تنگدل۔ اوچھا

کم ظرفی (ف۔ ص) تنگدلی تھڑدلی ٭

کم عقل (ف۔ ص) بے سمجھ۔ نالائق

کم عقلی (ف۔ مث) بیوقوفی

کم عمر (ف۔ ص) چھوٹا۔ کمسن ٭

کم فرصتی (ف۔ مث) مصروفیت

کم فہم (ف۔ ص) کم عقل۔ بے سمجھ ٭

کم فہمی (ف۔ مث) بے سمجھی ٭

کم قیمت (ف۔ ص) سستا۔

کم و بیش (ف۔ ص) تھوڑا بہت

کم ہمت (ف۔ ص) بزدل۔ بے حوصلہ

کم ہمتی (ف۔ مث) بزدلی ٭

کمیاب (ف۔ ص) کم ملنے والی شے۔ نادر ٭

کما (ع) جیسا۔ جس قدر ٭

کما حقہٗ (ع۔ ص) جیسا کہ اسکا حق ہے۔ بخوبی ٭

کما ینبغی (ع) جیسا کہ چاہیئے

کمار (س۔ مذ) شہزادہ۔ راجہ کا بیٹا

کمال (ع۔ مذ) پورا پن۔ پورا ہونا ہنر۔ فن۔ خوبی۔ انوکھی بات۔ انتہا۔ حد ٭

کمال کرنا (ا) اعجاز کرنا۔ اُستادی دکھانا۔ حد کرنا ٭

کمال کو پہنچنا (ا) انتہا کو پہنچنا پورا ہونا ٭

کمالات (ع۔ مذ) کمال کی جمع خوبیاں۔ ہنر ٭

کمان (ف۔ مث) دھنک۔ قوس ٭

کمان ابرو (ف۔ مث) خمدار ابرو

کمان چڑھنا (ا) بول بالا ہونا ڈنکا بجنا ٭

کمان گر (ف۔ مذ) کمان بنانے والا۔

کمان (ا۔ مث) کمانڈ کا بگڑا ہوا۔ حکم۔ سرداری ٭

کمان افسر (ا۔ مذ) فوج کا سردار۔ کمانڈر ٭

کمانا (ہ) دولت پیدا کرنا۔ حاصل کرنا۔ کسب کرنا۔ محنت کرنا۔

کمانچہ (ف۔ مذ) چھوٹی کمان ٭

کمانڈر (انگ۔ مذ) فوج کا افسر ٭

کمانڈر ان چیف (انگ۔ مذ) فوجی لاٹ ٭

کمانی (ا۔ مث) لوہے کی لچکدار کمانیں جو گھڑی وغیرہ میں ہوتی ہیں۔ سپرنگ ٭

کمائی (ہ۔ مث) کمایا ہوا روپیہ۔ آمدنی۔ فائدہ ٭

کمبل (س مذ) اونی کپڑا جو سردیوں
میں اوڑھتے ہیں ۔
کمبل پوش (ا۔مذ) درویش فقیر
کمبھ (ہ۔مذ) ہردوار کا میلا ۔
کمپ (انگ مذ) خیمہ مقام ۔
کمپاس (انگ مث) قطب نما
کمپاؤنڈ (انگ مذ) مرکب ۔
کمپاؤنڈ انٹرسٹ (انگ مذ)
سود در سود ۔
کمپاؤنڈر (انگ مذ) دواساز
کمپنی (انگ مث) جماعت مجلس
گروہ ۔ سوداگروں کی جماعت ۔
کمپوزیٹر (انگ مذ) ٹائپ کے
حروف جوڑنے والا ۔
کمپوزیشن (انگ مذ) مضمون
انشا پردازی ۔
کمتر (ف ص) ادنی حقیر چھوٹا
کمترین (ف ص) فدوی ۔
تابعدار ۔ ادنے ۔
کمخاب (ف مث) ایک
قسم کا ریشمی کپڑا ۔
کمر (ف) میان (پ) لنک ۔
کمر باندھنا (ا) تیار ہونا پختہ

ارادہ کرنا ۔
کمربستہ (ف ص) تیار آمادہ
کمربند (ف۔مذ) پٹکا ۔ پیٹی
کمر توڑنا (ا) مایوس کرنا ۔
ہمت توڑنا ۔
کمر ٹوٹنا (ا) ہمت ٹوٹنا ۔
بیدل ہونا ۔
کمر سیدھی کرنا (ا) آرام کرنا
لیٹنا ۔
کمر کسنا (ا) تیار ہونا ۔ پکا
ارادہ کرنا ۔
کمرا (لاطینی ۔مذ) کوٹھا ۔ بڑا کوٹھا
کمری (ا۔مث) کرتی مرزئی
کمسریٹ (انگ ۔مث)
رسد پہنچانے کا محکمہ ۔
کمشنر (انگ مذ) کمشنری کا افسر
کئی ضلعوں کا افسر ۔
کمشنری (ا۔مث) قسمت
کئی ضلعوں کا حلقہ ۔
کمک (ف مث) مدد اعانت ۔
فوجی امداد ۔
کملانا (ہ) مرجھانا ۔ رونق نہ
رہنا ۔ دبلا ہونا ۔

کملی (ا۔مث) چھوٹا کمل فقیروں
درویشوں کی اونی پوشش ۔
کمند (ف۔مث) چرمی رسی
پھندا ۔
کمنگر (ا۔مذ) کمان گر ۔
کمہار (ہ۔مذ) کوزہ گر ۔ مٹی کے
برتن بنانے والا ۔
کمی (ا۔مث) قلت ۔ نقصان
کوتاہی ۔ چوک ۔
کمیت (ف ص) سیاہی مائل
سرخ رنگ کا گھوڑا ۔
کمیٹی (انگ مث) جماعت
مجلس ۔ پنچایت ۔
کمیشن (انگ مث) دستوری
دلالی ۔ تحقیقاتی کمیٹی ۔
کمین (ف۔مذ) گھات ۔
کمین گاہ (ف) گھات کی جگہ ۔
کمین (ا۔مذ) کمینہ ۔ نیچ
نوکر چاکر ۔
کمینہ (ف ص) اوچھا ۔ کم ہمت
کم اصل ۔ نیچ قوم
کمینہ پن (ا۔مذ) کم ذاتی ۔
رذالت ۔ اوچھاپن ۔

کَن (ہ۔ص) ذرا سا۔ کونہ ؛
کن انکھیوں سے دیکھنا (ا) نظر بچا کر دیکھنا۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا ؛
کَن (ہ۔ مذ) کان ؛
کن پٹی (ہ۔ مث) پٹ پڑی۔ بناگوش ؛
کن ٹوپ (ہ۔ مذ) ٹوپی جس سے کان ڈھکے رہتے ہیں ؛
کن رس (ہ۔ مذ) باتیں سننے کا مزہ ؛
کن کھجورا (ہ۔ مذ) ایک زہریلے کیڑے کا نام ہے ہزار پا ؛
کِن (ہ) کون۔ کس ؛
کُن (ع) ہو جا۔ ظاہر ہو ؛
کُن فیکون (ع۔ مث) مخلوقات ؛
کُن (ف۔ فعل امر) کر ؛
کنار (ف۔ مث) کنارہ پہلو طرف۔ سنجاف ؛
کنار (ف۔ مث) گود آغوش۔ بغل ؛
کنارہ (ہ۔ مذ) گوٹ۔ پہلو۔ سرا
کنارہ (ف۔ مذ) دریا کا کنارہ ساحل علیحدگی جدائی ؛
کنارہ کرنا (ا) الگ ہونا چھوڑنا
کنارہ کش ہونا (ا) چھوڑنا۔ الگ کرنا۔ بچنا ؛
کنارہ کشی (ف۔ مث) علیحدگی جُدائی ؛
کنارے سے لگنا (ا) دریا پار ہونا ختم ہونا ؛
کناری (ہ۔ مث) پتلا گوٹہ۔
کنال (پ۔ مث) بیس مرلے کا پیمانہ ؛
کنایت (ع۔ مث) اشارے سے بات کہنا۔ رمز ؛
کنایہ (ع۔ مذ) رمز۔ اشارہ استعارہ ؛
کنایتاً (ع) اشارہ سے ؛
کُنبہ (ہ۔ مذ) قبیلہ۔ ٹبر۔ خاندان بال بچے ؛
کنبہ پرور (ف۔ص) خاندان کی پرورش کرنے والا ؛
کنبہ جوڑنا (ہ) رشتہ داروں کو جمع کرنا۔ بھیڑ لگانا ؛
کنٹر (انگ۔ مذ) شراب رکھنے کی شیشے کی صراحی ؛
کُنٹھ (ہ۔ مذ) حلق۔ گلو ؛
کنٹھا (ہ۔ مذ) سونے کے منکوں کا ہار ؛
کُنج (ف۔ مذ) گوشہ۔ کونہ ؛
کنج تنہائی (ف۔ مذ) خلوت علیحدگی کی جگہ ؛
کنج عافیت (ف۔ مذ) آرام کا کونہ۔ آرام کی جگہ ؛
کُنجڑا (ہ۔ مذ) سبزی بیچنے والا
کنجڑن (ہ۔ مث) ترکاری بیچنے والی عورت۔ ارائن ؛
کُنجشک (ف۔ مث) چڑیا ؛
کنجوس (ہ۔ مذ) تنگ دل۔ شوم
کنجوسی (ہ۔ مث) بخل۔ تنگدلی
کنجی (ہ۔ مث) چابی۔ تالی ؛
کنجنی (ہ۔ مث) رنڈی کسبی
کُند (ف۔ص) کھنڈا جو تیز نہ ہو ؛
کند ذہن (ف۔ص) کم فہم بے سمجھ۔ غبی ؛
کُندن (ہ۔ مذ) خالص سونا
کُندوری (ف۔ مث) دسترخوان

کُندہ (ف۔ص) کھُدا ہوُا +
کُندہ کرنا (ہ) کھودنا۔ نقاشی کرنا
کُندہ (ف۔مذ) موٹی لکڑی۔ کاٹھ
کُندہ ناتراش (ف۔مذ) بیوقوف احمق۔ ان گھڑ +
کندھا (ہ۔مذ) دوش۔ مونڈھا
کندھا دینا (ہ) جنازے کو اُٹھانا۔ کندھے پر رکھنا +
کُنڈ (ہ۔مذ) گڑھا۔ جس میں ہون کرتے ہیں +
کُنڈل (ہ۔مذ) حلقہ۔ چکر
کُنڈلی (ہ۔مث) حلقہ۔ جنم پتری +
کُنڈی (ہ۔مث) دروازے کی زنجیر +
کُنڈی کھڑکھڑانا (ہ) آواز دینا کُنڈی ہلا کر پکارنا +
کَنز (ع۔مذ) خزانہ۔ گنج +
کنس (س۔مذ) ایک ظالم راجہ کا نام ہے +
کَنَسْتَر (انگ۔مذ) ٹین +
کَنَف (ع۔مث) طرف۔ رُخ
کَنکَر (ہ۔مث) چھوٹے چھوٹے روڑے

کنکری (ہ۔مث) ٹھیکری۔ ڈلی +
کنکوّا (ہ۔مذ) پتنگ۔ گُڈّا +
کنگال (ہ۔ص) مفلس۔ تنگدست +
کنگلا (ہ۔ص) کنگال۔ قلاش بھوکا +
کنگن (ہ۔مذ) کلائی کا زیور +
کنگورہ (ہ۔مذ) کلغی۔ کنگرہ +
کنگھی (ہ۔مث) بال صاف کرنے کا دندانہ دار آلہ۔ شانہ +
کنگھی چوٹی (ہ۔مث) بناؤ سنگار +
کُنواں (ہ۔مذ) کھُوہ۔ چاہ +
کنوَر (ہ۔مذ) لڑکا۔ بیٹا راجہ کا بیٹا +
کنوَل (ہ۔مذ) ایک پھول کا نام ہے جو دریا میں کھلتا ہے +
کنوڈا (ہ۔ص) شرمندہ۔ ذلیل +
کوئیں کی مٹی کوئیں کو لگتی ہے (ہ) جس قدر آمدنی ہوتی ہے اتنا ہی خرچ ہو جاتا ہے +
کُنہ (ع۔مذ) حقیقت۔ ماہیت +
کنہیا (ہ۔مذ) سری کرشن جی کا نام
کنی (ہ۔مث) کترا۔ ہیرے کے ٹکڑے

کنے (ہ) پاس۔ نزدیک +
کَنیا (س۔مث) چھوٹی لڑکی کنواری +
کنیانا (ہ) کنارا کرنا۔ ایک طرف ہونا۔ بچنا۔ چھپنا۔ الگ الگ رہنا +
کُنیت (ع۔مث) وہ نام جو ماں باپ یا اولاد کے نام سے بولا جاوے +
کَنیر (ہ۔مذ) ایک زہریلے درخت کا نام ہے +
کَنیز (ف۔مث) لونڈی۔ خادمہ +
کنیزک (ف۔مث) لونڈی +
کُو (ف۔مث) کوچہ۔ گلی +
کُوبکُو (ف) کوچہ بکوچہ۔ گلی گلی +
کوّا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا (ہ) اگر چھوٹا آدمی بڑے کی نقل کرے تو اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا بیٹھتا ہے +
کوارا (ہ۔ص) بن بیاہا۔ مجرّد +
کواری (ہ۔ص) بن بیاہی لڑکی
کوارٹر (انگ۔مذ) رہنے کا مکان
کواڑ (ہ۔مذ) پٹ۔ دروازے کا

تختہ ÷
کواکب (ع۔ مذ) ستارے ÷
کوتاہ (ہ۔ص) چھوٹا۔ تھوڑا۔
مختصر ÷
کوتاہ بیں (ف۔ص) کم نظر۔
بے سمجھ ÷
کوتاہی (ف۔مث) کمی۔ کسر ÷
کوتاہی کرنا (ا) کمی کرنا کسر
چھوڑنا ÷
کوتل (ف۔مذ) خالی گھوڑا
خاص گھوڑا ÷
کوتوال (ف۔مذ) تھانیدار ÷
کوتوالی (ا۔مث) تھانہ ÷
کوتہ (ہ۔ص) چھوٹا ÷
کوتہ اندیش (ف۔ص) تھوڑی
سمجھ والا ÷
کوتہ قد (ف۔ص) پست قد
ٹھنگنا ÷
کوتہ نظر (ف۔ص) کم سمجھ۔ کم نظر
کوٹ (ہ۔مذ) قلعہ۔ گڑھ
کوٹ (انگ۔مذ) واسکٹ یا
قمیص کے اوپر کا لباس۔ تہ۔ پلستر
کوٹ کر (ہ) پیس کر۔ بہت

بے حد ÷
کوٹلہ (ہ۔مذ) گڑھی چھوٹا قلعہ
کوٹنا (ہ) ٹکڑے کرنا۔ پیسنا۔ مارنا
کوٹھا (ہ۔مذ) بالاخانہ۔ اٹاری
بڑی کوٹھڑی۔ کمرہ ÷
کوٹھڑی (ہ۔مث) چھوٹا کمرہ حجرہ
کوٹھی (ہ۔مث) بنگلہ۔ محل۔
بیوپار گھر۔ بڑی دکان ÷
کوثر (ع۔مذ) بہشت کی ایک
نہر کا نام ہے ÷
کوچ (ت۔مذ) روانگی۔ رحلت
کوچ کرنا (ا) روانہ ہونا۔ سفر
کرنا۔ مرنا ÷
کوچ (انگ۔مث) پلنگ چارپائی
کوچک (ف۔ص) چھوٹا۔ کم عمر
کوچہ (ف۔مذ) گلی ÷
کوچہ بکوچہ (ف) گلی گلی ÷
کوچہ بندی کرنا (ا) محلوں کی
حد باندھنا ÷
کوچہ گردی (ف۔مث) گلیوں
میں پھرنا۔ آوارہ پھرنا ÷
کود پھاند (ہ۔مث) اچھل کود
کودک (ف۔مذ) لڑکا۔ بچہ

کودن (ف۔ص) سست رفتار
گھوڑا۔ احمق۔ نادان ÷
کودنا (ہ) اچھلنا۔ پھلانگنا
کور (ہ۔مث) کنارہ حاشیہ
گوٹ۔ سنجاف ÷
کور (ف۔ص) اندھا۔ نابینا۔
کور باطن (ف۔ص) بے سمجھ۔
کودن۔ کند فہم ÷
کور بخت (ف۔ص) بدبخت
بدنصیب ÷
کور نمک (ف۔ص) نمک حرام ÷
کورا (ہ۔ص) نیا۔ صاف۔ جاہل
مطلق۔ مفلس۔ بے وفا ÷
کورا رہ جانا (ہ) بالکل محروم
رہنا ÷
کورٹ (انگ۔مذ) عدالت کچہری
کورٹ انسپکٹر (انگ۔مذ)
پولیس افسر جو عدالت میں
مقدمات کی پیروی کرتا ہے ÷
کورٹ آف وارڈ (انگ۔مذ)
نابالغ یا مقروض زمیندار کی
جائداد کے سرکاری انتظام
کا محکمہ ÷

کورٹ شپ (انگ مث) شادی کے لئے اظہار محبت

کورٹ فیس (انگ مث) عدالت کی فیس ٹکٹ جو اسٹام وغیرہ پر لگایا جاتا ہے ؎

کورٹ مارشل (انگ مذ) جنگی عدالت ؎

کورس (انگ مذ) نصاب۔ مقررہ کتاب۔ رشتہ ؎

کورنش (ت مث) جھک کر سلام کرنا۔ آداب ؎

کورو (س مذ) راجہ کورو کی اولاد ؎

کوڑا (ہ مث) گھانس پھونس گند

کوڑا کرکٹ (ہ مذ) الا بلا گند بلا

کوڑا (ہ مذ) چابک دُرّہ۔ سانٹا

کوڑھ (ہ ص) احمق بے وقوف

کوڑھ مغز (ص) بڑا بیوقوف

کوڑھ (ہ مذ) ایک بیماری کا نام ہے جس سے بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں جذام

کوڑھی (ہ ص) کوڑھ والا۔ جذامی

کوڑی (ہ مث) بیس چیزیں

کوڑی (ہ مث) کوڈی۔ روپیہ پیسہ۔ دمڑی ؎

کوڑی کے تین تین (ہ) بہت سستا۔ بے قدر ؎

کوڑے کرنا (ہ) اونے پونے بیچنا۔ دام کھرے کرنا ؎

کوز (ف ص) خمیدہ۔ کبڑا۔ کُبّ ؎

کوز پشت (ف ص) کُبڑا ؎

کوزہ (ف مذ) پیالہ۔ مٹی کا برتن ؎

کوزے میں دریا بند کرنا (ا) کسی بڑے مضمون کو بہت مختصر کر کے لکھنا ؎

کوس (ہ مذ) کوہ ؎

کوس (ف مذ) نقارہ۔ دھونسا

کوس رحلت (ف مذ) کوچ کا نقارہ ؎

کوسنا (ہ) بد دعا دینا۔ برا بھلا کہنا ؎

کوسوں (ہ) بہت دور ؎

کوشش (ف مث) جدّوجہد دوڑ دھوپ محنت ؎

کوشک (ف مذ) محل۔ قصر ؎

کوفت (ف مث) تھکان۔ غم رنجش۔ صدمہ ؎

کوفتہ (ف مذ) قیمہ کے گول کباب (ص) رنجیدہ ؎

کوفتہ خاطر (ف ص) رنجیدہ دل

کوفہ (ع مذ) عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ہے ؎

کوک (ف مث) بلند آواز فریاد۔ شور۔ گھڑی کو چابی دینا ؎

کوکب (ع مذ) ستارہ ؎

کوکبہ (ف مذ) شان و شوکت۔ بزرگی۔ دھوم۔ شاہی مجلس ؎

کوکنا (ا) چلانا۔ فریاد کرنا۔ کوئل کا بولنا۔ گھڑی وغیرہ کو چابی دینا

کوکو (ف مث) قمری کی آواز

کوکہ (ت مذ) دودھ شریک بھائی

کولا (ہ مذ) جلی ہوئی لکڑی کا کوئلہ

کولھو (ہ مذ) تیل نکالنے کی کل ؎

کولھو کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس (ہ) غریب کو گھر میں بھی آرام نہیں ملتا ؎

کون (ع) ہو جانا۔ دنیا۔ ہستی ؎

کون و مکاں (ع مذ) دنیا جہان

کَون (ہ) کلمہ استفہام ؛
کونا (ہ۔مذ) گوشہ۔زاویہ ؛
کونپل (ہ۔مث) کلی۔شگوفہ
کُونج (ہ۔مث) کلنگ ؛
کُونچ (ہ۔مث) جلاہے کا بُرش۔کچ ؛
کَونْد (ہ۔مث) بجلی کی چمک ؛
کَونْدنا (ہ) بجلی چمکنا ؛
کُونْڈا (ہ۔مذ) صحنک۔پرات
کُونڈی (ہ۔مث) دوری۔ہاون
کونسل (انگ۔مث) مشورہ کی مجلس۔کمیٹی ؛
کونسلر (انگ۔مذ) صلاح کار۔ممبر کونسل
کَونَین (ع۔مذ) دونوں جہان
کُونین (انگ۔مث) بخار توڑنے کی مشہور دوائی
کوہ (ف۔مذ) پہاڑ۔پربت ؛
کوہِ آتش فشاں (ف۔مذ) آگ برسانے والا پہاڑ۔جوالا مکھی
کوہِ طُور (ف) اس پہاڑ کا نام جس پر حضرت موسیٰ کو خدا نے اپنا جلوہ دکھایا تھا ؛
کوہِ قاف (ف۔مذ) پریوں کا ایک فرضی مقام ؛
کوہ کَن (ف۔مذ) پہاڑ کھودنے والا۔فرہاد ؛
کوہِ نُور (ف۔مذ) ہندوستان کے ایک ہیرے کا نام ہے جو اب بادشاہ انگلستان کے تاج میں لگا ہوا ہے
کوہان (ف۔مذ) اونٹ کی پیٹھ کا اُبھرا ہوا حصہ ؛
کوہسار (ف۔مذ) پہاڑی ملک۔پہاڑ ؛
کوہستان (ف۔مذ) پہاڑی ملک۔سلسلہ کوہ ؛
کوہی (ف۔ص) پہاڑ کا۔پہاڑی
کوئی (ہ) کچھ۔شخص۔آدمی۔تقریباً
کوئی دم کا مہمان (ا) مرنے کے قریب ؛
کوئی کوئی (ہ) ایک آدھ۔اکّا دکّا
کوئل (ہ۔مث) ایک خوش آواز پرند کا نام ہے ؛
کوئلا (ہ) لکڑی کا جلا ہوا حصہ کولا ؛
کوئلوں کی دلالی میں ہاتھ کالے (ا) بُرے کام میں پڑنے سے آخر بدنامی ہوتی ہے ؛
کوئین (انگ۔مث) ملکہ۔بیگم۔
کویہ (ف۔مذ) ریشم کے کیڑے کا خول ؛
کِہ (ف) کیونکہ۔سبب۔ناگاہ ؛
کِہ (ف۔ص) چھوٹا ؛
کِہ و مِہ (ف۔ص) چھوٹا بڑا ؛
کہا (ہ) کہنا۔قول۔کہا ہوا ؛
کہا سُنا (ہ۔مذ) تقصیر۔قصور۔غلطی
کھاتا (ہ۔مذ) روزنامچہ۔حساب۔لیکھا ؛
کھاتا پیتا (ہ۔مذ) آسودہ۔خوشحال
کھاٹ (ہ۔مث) چارپائی۔پلنگڑی ؛
کھاج (ہ۔مث) کھجلی ؛
کھاجا (ہ۔مذ) خوراک۔غذا ؛
کھاجانا (ہ) چٹ کر جانا۔غبن کرلینا ؛
کہار (ہ۔مذ) پانی بھرنے والا
کھار (ہ۔مث) سجی۔شور ؛
کھارا (ہ۔ص) نمکین۔شور والا ؛
کھاری (ہ۔ص) نمکین ؛
کھاڑی (ہ۔مث) خلیج ؛

کھال (ہ۔مث) پوست۔ چھلکا
چمڑا ؛
کھال اُتارنا (ہ) چمڑا جدا کرنا۔
سزا دینا ؛
کھال کھینچنا (ہ) چمڑا اُدھیڑنا
سزائے موت دینا ؛
کھالا (ہ۔مذ) نالہ۔ چھوٹی نہر ؛
کھان (ہ۔مث) کان۔ خزانہ ؛
کہاں (ہ) کس جگہ۔ کدھر ؛
کہانا (ہ) کہلانا۔ موسوم ہونا
کھانا (ہ۔مذ) خوراک۔ طعام۔ روٹی
کھانا پینا (ہ) دانہ پانی ؛
کھانا (ہ) حلق سے اُتارنا۔
نوش کرنا۔ نگلنا ؛
کھانڈ (ہ۔مث) قند۔ شکر ؛
کھانڈا (ہ۔مذ) تیغہ۔ قصائی کا
بُغدا۔ لکڑی کی تلوار ؛
کھانسنا (ہ) کھوں کھوں کرنا ؛
کھانسی (ہ۔مث) کھوں کھوں
(کھنگھ) ؛
کہانی (ہ۔مث) حکایت۔ قصہ
گھڑت۔ غلط ؛
کھانے کو دوڑنا (ہ) سختی سے
پیش آنا ؛
کھاؤ (ہ۔ص) بہت کھانے والا
رشوت لینے والا۔ بہت
خرچ کرنے والا ؛
کہاوت (ہ۔مث) قول۔
ضرب المثل ؛
کھائی (ہ۔مث) خندق۔ قلعہ
کے گرد کا گڑھا ؛
کھبّا (ہ۔ص) بایاں۔ اُلٹا ؛
کھُب جانا (ہ) گڑ جانا۔ پسند آنا۔
دل نشین ہونا ؛
کھُبنا (ہ) گڑنا۔ اچھا لگنا
نقش ہونا ؛
کھپاچ (ہ۔مث) کھپچی۔ چھڑی ؛
کھپانا (ہ) خرچ کرنا۔ لگانا۔
تنگ کرنا۔ سر کھانا ؛
کھپت (ہ۔مث) لاگت۔ خرچ
گنجایش۔ بکری ؛
کھپچی (ہ۔مث) بانس کا چرا ہوا
ٹکڑا۔ قمچی ؛
کھپرا (ہ۔مذ) ایک قسم کا کیڑا ؛
کھپریل (ہ۔مث) کھپروں سے
بنی ہوئی چھت۔ مٹی کا ٹھیکرا
جو چھت بنانے کے کام آتا ہے ؛
کھپنا (ہ) صرف ہونا۔ لگنا۔ بکنا
کام آنا۔ بہت بولنا ؛
کھتّا (ہ۔مذ) گڑھا۔ ذخیرہ۔ گودام ؛
کہتر (ف۔ص) چھوٹا۔ ادنےٰ ؛
کھتری (ہ۔مذ) ہندوؤں کی
ایک قوم (اپ) ہندو ؛
کھتونی (ہ۔مث) گاؤں کی
زمین کا حساب ؛
کھتیانا (ہ) کھاتے میں درج کرنا
کھٹ پٹ (ہ۔مث) لڑائی
جھگڑا ؛
کھٹ بڑھئی (ہ۔مذ) ہُدہُد ؛
کھٹّا (ہ۔ص) ترش۔ ایک پھل
کا نام بھی ہے ؛
کھٹّا میٹھا (ہ۔ص) کچھ ترش کچھ
میٹھا ؛
کھٹّا میٹھا ہونا (ہ) جی للچانا
ناراض ہونا ؛
کھٹاس (ہ۔مث) ترشی۔ کھٹائی ؛
کھٹائی (ہ۔مث) ترشی۔ کھٹاس ؛
کھٹائی میں پڑنا (ہ) کام میں
تاخیر ہونا ؛

کھٹائی میں ڈالنا (ہ) زیور کو صاف کرنے کے لئے کھٹائی میں ڈالنا۔ دیر کرنا ÷

کھٹک (ہ۔مث) چبھن ٹیس ÷

کھٹکا (ہ۔مذ) ٹکرانے کی آواز پیروں کی آواز۔ ڈر خوف چٹخنی ÷

کھٹکا لگا رہنا (ہ) ہر وقت فکر رہنا۔ اندیشہ رہنا۔

کھٹکا ہونا (ہ) کھٹکا ہونا۔ آہٹ ہونا ÷

کھٹک جانا (ہ) چبھ جانا۔ برا لگنا

کھٹکنا (ہ) چبھنا۔ رڑکنا۔ دل پر [illegible] کرنا ÷

کھٹکھٹانا (ہ) کھڑکانا۔ کنڈی ہلانا ÷

کھٹمل (ہ۔مذ) ایک کیڑا جو برسات میں رات کو کاٹتا ہے ÷

کھٹّو (ہ۔مذ) کمانے والا ÷

کھٹولا (ہ۔مذ) چھوٹی کھاٹ ÷

کھٹولی (ہ۔مث) چھوٹی چارپائی

کھٹّی (ہ۔ص) ترش۔ بیزار ÷

کھجانا (ہ) غصہ دلانا۔ چھیڑنا

کھجلانا (ہ) کھجلی ہونا۔ ناخن سے کھرچنا ÷

کھجلاہٹ (ہ۔مث) خارش کھجلی ÷

کھجلی (ہ۔مث) کھاج خارش ÷

کھجور (ہ۔مث) خرما۔ کھجی ÷

کھچا (ہ۔ص) تنا ہوا۔ کسا ہوا

کھچا رہنا (ہ) الگ رہنا۔ کشیدہ رہنا ÷

کھچا کھچ (ہ۔ص) خوب بھرا ہوا بہت کثرت سے ÷

کھچاوٹ (ہ۔مث) کساوٹ کشش۔ کشیدگی ÷

کھچ جانا (ہ) ناراضگی ہو جانا رک جانا ÷

کھچڑی (ہ۔مث) دال چاول اکٹھے پکے ہوئے۔ ملا جلا۔ گڈمڈ

کھچڑی پکانا (ہ) پوشیدہ پوشیدہ صلاح مشورہ کرنا۔ سازش کرنا

کھچڑی پکنا (ہ) صلاح مشورہ ہونا آہستہ آہستہ باتیں کرنا ÷

کھچڑی ہو جانا (ہ) مل جل جانا

کھدائی (ہ۔مث) کھدنا۔ کھدوانے کی اجرت ÷

کھدرا (ہ۔ص) کھردرا۔ ناہموار ÷

کھدنا (ہ) کھودا جانا۔ نقش ہو جانا

کھدوانا (ہ) گڑھا بنوانا۔ نقش کرانا

کھدوائی (ہ۔مث) کھدوانے کی اجرت۔ مزدوری ÷

کھڈ (ہ۔مث) کھائی۔ گھاٹی ÷

کھڈی (ہ۔مث) قدمچہ ÷

کھر (ہ۔مذ) سُم ÷

کہر (ہ۔مذ) کہیڑ۔ دھند ÷

کھرا (ہ۔ص) صاف۔ خالص۔ اچھا۔ سچا ÷

کھرا پن (ہ۔مذ) صفائی۔ خوبی۔ دیانت ÷

کھرا کھوٹا (ہ۔ص) برا بھلا ÷

کہرام (ہ۔مذ) رونا۔ واویلا۔ ماتم۔ فریاد ÷

کہرام مچنا (ہ) ماتم ہونا۔ شور ہونا۔ آفت برپا ہونا ÷

کھرب (ہ۔ص) دس ہزار کروڑ ÷

کہربا (ف۔مذ) ایک قسم کا گوند جسے کپڑے پر رگڑیں۔ تو تنکوں کو اٹھا لیتا ہے ÷

کہربائی (ف۔ص) مقناطیسی طاقت ÷

کُھرپا (ہ۔ مذ) رَنبہ ۞

کُھرچن (ہ۔ مث) دیگ کی تہ کُھرچی ہوئی چیز۔ بچا کھچا ۞

کُھرچنا (ہ) چھیلنا ۞

کُھردرا (ہ۔ ص) ناصاف ناہموار ۞

کُھردراپن (ہ۔ مذ) ناہمواری سختی

کھرکھرا (ہ۔ مذ) گھوڑے کے بال صاف کرنے کا آلہ ۞

کھرل (ہ۔ مث) چھوٹی سی پتھر کی کونڈی ۞

کھرل کرنا (ہ) دوا کو حل کرنا۔ پیسنا

کھرنڈ (ہ۔ مذ) زخم کا انگور۔ کھرنڈ

کھری (ہ۔ ص) صاف۔ خالص ۞

کھری سنانا (ہ) صاف بات کہنا سچی بات کہنا ۞

کھڑا (ہ۔ ص) اُٹھا ہوا۔ برپا ٹھیرا ہوا ۞

کھڑا رہنا (ہ) تھما رہنا۔ منتظر رہنا

کھڑاؤں (ہ۔ مث) لکڑی کی جوتی

کھڑکا (ہ۔ مذ) آہٹ آواز کھٹکا

کھڑکانا (ہ) کنڈی کھٹکھٹانا

کھڑکھڑانا (ہ) آواز بجانا۔ دھڑکنا

کھڑکھڑاہٹ (ہ۔ مث) پتوں وغیرہ کے ہلنے کی آواز ۞

کھڑکی (ہ۔ مث) دریچہ۔ باری

کھڑکی دار پگڑی (ہ۔ مث) وہ پگڑی جس کے آگے موکھا سا ہو ۞

کھڑے کھڑے (ہ) فوراً۔ اسی وقت

کُہسار (ف۔ مث) کوہسار۔ پہاڑی مُلک۔ پہاڑ کی جگہ ۞

کُھسر پُھسر (ہ۔ مث) کانا پھوسی

کھسکانا (ہ) سرکانا۔ ہٹانا۔ غائب کر دینا ۞

کھسک جانا (ہ) ہٹ جانا۔ سرک جانا۔ چپکے سے نکل جانا ۞

کھسکو (ہ) جاؤ۔ دفع ہو۔ رخصت ہو ۞

کھسوٹنا (ہ) نوچنا۔ بال اکھاڑنا چھیننا ۞

کھسیانا (ہ) شرمندہ۔ نادم۔ رو دینے والا ۞

کَہف (ع۔ مذ) گپھا۔ غار ۞

کہکشاں (ف۔ مث) چھوٹے چھوٹے ستاروں کا مجموعہ جو رستے کی مانند آسمان پر نظر آتا ہے۔ بازار ۞

کھکھ (ہ۔ مث) خالی کھوکھلا

کَہل (ع۔ مذ) ادھیڑ۔ نہ بوڑھا نہ جوان ۞

کُھلا (ہ۔ ص) فراخ۔ چوڑا۔ بے روک۔ آزاد۔ ظاہر ۞

کُھلا کُھلا (ہ۔ ص) صاف صاف کھرا کھرا ۞

کھلاڑی (ہ۔ مذ) کھیلنے والا ۞

کھلانا (ہ) خوراک دینا۔ روٹی دینا۔ بہلانا۔ دل خوش کرنا

کہلانا (ہ) کہلوانا۔ نامزد ہونا ۞

کھلائی (ہ۔ مث) خوراک۔ کھلانے والی عورت۔ دایہ ۞

کُھلبلی (ہ۔ مث) ہل چل۔ خرابی گھبراہٹ ۞

کُھل پڑنا (ہ) بے تکلف ہونا شرم اُتار دینا ۞

کِھل جانا (ہ) کھلنا شگفتہ ہونا

کُھل جانا (ہ) ظاہر ہونا۔ چھٹ جانا جاری ہونا۔ بے تکلف ہونا ۞

کُھل کر (ہ) بخوبی۔ اچھی طرح سے آزادانہ ۞

کِھلکھلا کر ہنسنا (ہ) زور سے ہنسنا۔ قہقہہ مارنا ۞

کُھل کھیلنا (ہ) کسی بُرے کام کو علانیہ کرنا۔ شرم ہٹا کر کوئی کام کرنا ٭

کِھلنا (ہ) کلی کا پھولنا۔ پھول کا شگفتہ ہونا۔ خوش ہونا ٭

کُھلنا (ہ) بندھی ہوئی شے کا آزاد ہونا۔ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ بادل پھٹنا ٭

کِھلنڈرا (ہ۔ مذ) کھلاڑی ٭

کِھلونا (ہ) بچے کے کھیلنے کی چیز ٭

کِھلبر (ہ۔ مث) ہنسی۔ مذاق ٭

کُھلے بازار (ا۔ ص) علانیہ۔ بے خوف ٭

کُھلے بندوں (ا۔ ص) بے دھڑک۔ آزادانہ ٭

کھلیان (ہ۔ مذ) خرمن غلے کا انبار۔ ڈھیر ٭

کھم (ہ۔ مذ) ستون۔ تھم ٭

کھمبا (ہ۔ مذ) کھم ٭

کُہن (ف۔ ص) پُرانا۔ مُدّت کا۔

کُہن سال (ف۔ مذ) بڈھا۔ پیر ٭

کُہن سالی (ف۔ مث) بڑھاپا ٭

کہنا (ہ۔ مذ) قول۔ بات۔ نصیحت ٭

کھنڈت کرنا (ہ) توڑنا۔ رد کرنا۔

کھنڈر (ہ۔ مذ) ٹوٹا ہوا مکان۔ ڈیرا ٭

کھنڈن (ہ۔ مذ) توڑنا۔ رد کرنا

کہنے کو (ہ) نام کو۔ برائے نام ٭

کہنے کی باتیں (ہ۔ مث) صرف باتیں ہی باتیں عمل میں لانا مشکل ٭

کَھنکھار (ہ۔ مث) بلغم ٭

کھنکھارنا (ہ) کھانسنا۔ گلا صاف کرنا ٭

کھنگالنا (ہ) پانی سے برتن صاف کرنا (اُگھالنا) ٭

کَھنگر (ہ۔ مذ) جلی ہوئی اینٹ

کُہنگی (ف۔ مث) بڑھاپا۔ پرانا پن

کُہنہ (ف۔ ص) پُرانا ٭

کُہنی (ہ۔ مث) کلائی اور بازو کا جوڑ۔ (آرک) ٭

کُہنی مارنا (ہ) کہنی سے اشارہ کرنا

کھوا (ہ۔ مذ) کندھا ٭

کھوپری (ہ۔ مث) سر کی اوپر کی ہڈی۔ کاسۂ سر ٭

کھوٹ (ہ۔ مذ) ملاوٹ۔ دغا۔ کینہ ٭

کھوٹا (ہ۔ ص) غیر خالص۔ کھوٹ ملا ہوا۔ شریر۔ کینہ توز ٭

کھوٹا کھرا دیکھنا (ہ) آزمایش کرنا

کھوٹی (ہ۔ مث) غیر خالص۔ بناوٹی بدذات ٭

کھوج (ہ۔ مذ) نشان۔ سُراغ۔ پتہ۔ خبر ٭

کھوجی (ہ۔ مذ) سراغ رساں۔ کھوج نکالنے والا ٭

کھودنا (ہ) گڑھا کرنا۔ تحقیقات کرنا

کھو دینا (ہ) ضائع کرنا۔ گنوا دینا

کھوسا (ہ۔ ص) کھودا جس کے داڑھی مونچھ نہ ہو ٭

کھوسٹ (ہ۔ ص) بوڑھا۔ برا آدمی ٭

کھوکھلا (ہ۔ ص) خالی۔ پولا۔ بھوتھا

کھول کر (ہ) ظاہر کر کے۔ واضح کر کے

کھولنا (ہ) آزاد کرنا۔ ظاہر کرنا ٭

کَھولنا (ہ) جوش کھانا۔ اُبلنا۔ جلنا

کھونا (ہ) ضائع کرنا۔ گنوانا ٭

کُھونٹ (ہ۔ مث) کونہ۔ جانب۔ طرف

کُھونٹا (ہ) لکڑی کی میخ (کِلّا) ٭

کُھونٹی (ہ۔ مث) کپڑے وغیرہ لٹکانے کی میخ۔ بالوں کی جڑ ٭

کھوے سے کھوا چھلنا۔ (ا) بہت بھیڑ ہونا ؂

کھویا (ہ۔ مذ) بھنا ہوا دودھ ؂

کھیے (ہ۔ مث) میلا۔ گوہ۔ خاک ؂

کھیے کھانا (ہ) جھک مارنا۔ جھوٹ بولنا ؂

کھیپ (ہ۔ مث) بوجھ بھرتی

کھیپ بھرنا (ہ) بوجھ لادنا مال بھرنا ؂

کھیت (ہ۔ مذ) بوئی ہوئی زمین کشت ؂

کھیت پڑنا (ہ) جنگ میں آدمیوں کا مارا جانا ؂

کھیت رہنا (ہ) قتل ہونا۔ لڑائی میں مارا جانا ؂

کھیت کاٹنا (ہ) فصل کاٹنا ؂

کھیت کرنا (ہ) چاند نکلنا۔

کھیت ہاتھ ہونا (ہ) فتح ہونا

کھیتی (ہ۔ مث) زراعت کاشتکاری

کھیتی باڑی (ہ۔ مث) کاشتکاری

کھیتی خصم سیتی (ہ) کام مالک ہی کی توجہ سے ہوتا ہے ؂

کھیر (ہ۔ مث) دودھ اور چاول پکے ہوئے ؂

کھیر کا دلیا ہو جانا (ہ) بنا بنایا کام بگڑ جانا قسمت پلٹ جانا

کھیڑی (ہ۔ مث) ایک قسم کی جوتی

کھیس (ہ۔ مذ) دوہرے دسوتی چادر ؂

کھیسا (ہ۔ مذ) کیسہ۔ تھیلی ؂

کھیل (ہ۔ مذ) بازی تماشہ آسان ؂

کھیل بگڑنا (ہ) بنا بنایا کام بگڑ جانا

کھیل بنانا (ا) کام بنانا ؂

کھیل سمجھنا (ہ) آسان سمجھنا ؂

کھیل کود (ہ۔ مث) اُچھلنا۔ کودنا۔ لہو و لعب ؂

کھیل ہے (ہ) آسان ہے۔ ادنیٰ بات

کھیلنا (ہ) بازی کرنا دل بہلانا اُچھلنا کودنا ؂

کہیں (ف) جمع کہ کی۔ چھوٹے

کہیں و مہیں (ف) چھوٹے بڑے

کہیں (ہ) کسی جگہ ؂

کہیں کا نہ رہنا (ہ) برباد ہو جانا کام کا نہ رہنا ؂

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا!

بے میل رشتہ ؂

کھینا (ہ) کشتی چلانا ؂

کھینچنا (ہ) گھسیٹنا۔ چوسنا لمبا کرنا

کھیوا (ہ۔ مذ) کھینے والا۔ ملاح

کھیوٹ (ہ۔ مث) پٹواری کی کتاب جس میں گاؤں کی کیفیت درج ہوتی ہے

کھیوٹ دار (ا۔ مذ) حصہ دار گاؤں کا شریک۔ ؂

کئے (ف) کتنے ؂

کئے آمدی و کئے پیر شدی (ف) اتنی جلدی تجربہ کار ہو گئے۔ اتنی جلدی گھبرا گئے ؂

کئی (ہ) کتنے۔ چند ؂

کئی ایک (ہ) دو چار۔ چند ایک ؂

کئی بار (ا) کتنی دفعہ چند بار۔ اکثر

کیا بات ہے (ا) کیا خوب۔ شاباش۔ واہ واہ ؂

کیا خوب (ا) کیا کہنا۔ واہ ؂

کیا دن تھے (ا) کیسے اچھے دن تھے ؂

کیا قیامت ہے (ا) کیا غضب ہے ؂

کیا کہنا (ہ) کیا بات ہے۔ خوب ٭
کیا مجال (ا) کیا حوصلہ۔ کیا مقدور ہے ٭
کیا معنی (ا) کیا وجہ۔ کیوں ٭
کیا مُنہ دکھاؤ گے (ا) کیونکر سامنے ہو گے ٭
کیا یاد کرو گے (ہ) مُدّت تک یاد کرو گے ٭
کیاری (ہ۔مث) چھوٹا سا کھیت۔ باغ کا حصّہ ٭
کیاست (ع مث) دانائی۔ فہم
کیانی (ف۔ص) ایران کے بادشاہوں کا لقب ٭
کیلی (ا۔مث) آفتابہ۔ لوٹا۔
کیچ (ہ۔مث) کیچڑ ٭
کیچڑ (ہ۔مث) پانی مٹی۔ گارا ٭
کید (ع۔مذ) مکر۔ فریب ٭
کیری آنکھ (ہ) کرنجی آنکھ ٭
کیڑا (ہ۔مذ) کرم۔ مکوڑا۔ سانپ ٭
کیڑا لگنا (ہ) دیمک گھن وغیرہ لگنا
کیس (ہ۔مذ) سر کے بال ٭
کیس (انگ۔مذ) ڈھکنا۔ بکس۔ مقدمہ ٭
کیسر (ہ۔مث) ایک خوشبودار زرد پھول۔ زعفران ٭
کیسری (ہ۔ص) زرد۔ زعفرانی
کیسے (ہ) کس طرح۔ کس قسم کے
کیسہ (ہ۔مذ) تھیلی۔ جیب ٭
کیش (ف۔مذ) مذہب۔ دین۔ طریقہ ٭
کیش (انگ۔مذ) نقدی۔ روپیہ پیسہ ٭
کیش بُک (انگ۔مث) روکڑ بہی
کیش بکس (انگ۔مذ) نقدی رکھنے کا صندوق ٭
کیف (ع) کس طرح۔ نشہ۔ سرور۔ حالت ٭
کیفر (ف۔مذ) سزا۔ بدی کا عوض
کیفر کردار (ف۔مذ) بُرے کام کی سزا ٭
کیفر کردار کو پہنچنا (ا) سزا بھگتنا
کیفی (ہ۔ص) مسرور۔ متوالا ٭
کیفیت (ع۔مث) حالت۔ لطف۔ سرور ٭
کیفیت لکھنا (ا) تحریری رپورٹ کرنا۔ حالت لکھنا ٭
کیک (انگ۔مذ) ایک قسم کی میٹھی روٹی ٭
کیکر (ہ۔مذ) ببول کا درخت ٭
کیکڑا (ہ۔مذ) ایک آبی کیڑا ٭
کیل (ہ۔مث) لوہے کی میخ
کیل کا کھٹکا نہیں (ہ) ذرا بھی خوف نہیں ٭
کیل کانٹا (ہ۔مذ) ہتھیار۔ اوزار
کیلا (ہ۔مذ) کھونٹا۔ بڑی میخ ٭
کیلا (ہ۔مذ) ایک مشہور پھل کا نام ہے
کیمپ (انگ۔مذ) خیمہ۔ ڈیرہ۔ مقام
کیمرہ (انگ۔مذ) تصویر لینے کا صندوقچہ یا آلہ ٭
کیمسٹ (انگ۔مذ) علم کیمیا جاننے والا ٭
کیمسٹری (انگ۔مث) علم کیمیا۔ مرکبات کا علم ٭
کیموس (ی۔مذ) وہ رس جو انتڑیوں میں پیدا ہوتا ہے ٭
کیمیا (ع۔مث) رسائن۔ اکسیر۔ مفید
کیمیاگر (ف۔مذ) کیمیا بنانے والا۔ ہوس۔ چالاک ٭
کیمیاگری (ف۔مث) سونا بنانے کا فن ٭
کینہ (ف۔مث) حسد۔ بغض۔ دشمنی ٭

کینچلی (ہ ۔ مث) سانپ کی جھلی
کینچلی بدلنا (ہ) سانپ کا پرانا پوست اُتارنا ۔ کپڑے بدلنا بننا سنورنا ؀
کینہ (ف مذ) دشمنی حسد ۔ عداوت
کینہ توز (ف ص) بغض رکھنے والا ۔ کینہ نکالنے والا ؀

کینہ رکھنا (ا) عداوت رکھنا
کینہ کش (ف ص) دشمنی رکھنے والا ۔ کینہ نکالنے والا ؀
کینہ ور (ف ص) حاسد ۔ دشمن ؀
کیواں (ف مذ) ایک بہت بلند ستارہ ۔ زحل ؀
کیوڑا (ہ ۔ مذ) ایک خوشبودار پھل ۔ عرق کیوڑا ؀

کیوں (ہ) کس لئے ؟
کیونکر (ہ) کس طرح ؟
کیونکہ (ہ) اس واسطے ؀
کیوں نہ ہو (ہ) سبحان اللہ واہ واہ (تعریف کے لئے) ؀

گ

فارسی کا چھبیسواں اور اردو کا انتیسواں حرف عدد اس کے بلحاظ ابجد ۲۰ ہیں ؀

گاجر (ہ ۔ مث) ایک قسم کی میٹھی جڑ ہے ؀
گاجر مولی (ہ ۔ مث) ادنےٰ شے ۔ بے قدر ؀
گاڈ (انگ مذ) خدا ؀
گارا (ہ ۔ مذ) گوندھی ہوئی مٹی ؀
گارد (ا ۔ مذ) سنتری سپاہیوں کا گروہ ؀
گارڈ (انگ مذ) ریل گاڑی کا ذمہ دار ۔ محافظ ؀
گارڈن (انگ مذ) باغ ؀
گارڈن پارٹی (انگ مث) جلسہ جو کسی باغ میں دیا جائے الوداعی جشن
گارڈین (انگ) سرپرست ؀
گارنٹی (انگ مث) ذمہ داری ؀
گاڑنا (ہ) دفن کرنا ۔ دبانا ؀
گاڑھا (ہ ۔ مذ) غلیظ جو پتلا نہ ہو ۔ گھدّر ؀
گاڑھی (ہ ۔ مث) غلیظ چیز ۔ (پ) گھاٹی ؀
گاڑی (ہ ۔ مث) پہیوں والی سواری ۔ بہلی ۔ رتھ ریل وغیرہ ؀
گاڑیبان (ا ۔ مذ) گاڑی چلانے والا

گازر (ف ۔ مذ) دھوبی ؀
گاس (انگ ۔ مث) گیس جلنے والی ہوا ؀
گاگر (ہ ۔ مث) تانبے یا لوہے کا گھڑا ؀
گال (ہ ۔ مذ) رخسار ۔ عارض ؀
گال پھلانا (ہ) گالوں میں ہوا بھرنا ۔ موٹا ہونا ؀
گالا (ہ ۔ مذ) دھنی ہوئی روئی کا گولہ ؀
گالی (ہ ۔ مث) بدزبانی ۔ دشنام ۔ بری بات ؀

گالی گلوچ (ہ۔مث) بُرا بھلا کہنا۔ گالی دینا ؛
گام (ف۔مذ) قدم ؛
گانا (ہ) الاپنا۔ سُر سے بولنا۔ راگ ؛
گانا بجانا (ہ) راگ رنگ ؛
گانٹھ (ہ۔مث) گرہ۔ جوڑ ؛
گانٹھ کا پورا (ہ۔ص) دولتمند
گانٹھ کا پیسہ (ہ۔مذ) ذاتی مال۔ خاص اپنا مال ؛
گانٹھنا (ہ) گرہ لگانا۔ جوڑنا اپنے ساتھ ملانا ؛
گاؤں (ہ۔مذ) موضع۔ بستی۔ گرام
گاؤ (ف۔مذ) بیل۔ گائے ؛
گاؤتکیہ (ف۔مذ) بڑا تکیہ جس سے فرش پر سہارا لیتے ہیں
گاؤخورد ہونا (ا) برباد ہونا غارت ہونا ؛
گاؤدُم (ف۔ص) لمبوترا۔ ایک طرف سے موٹا۔ دوسری طرف سے باریک ؛
گاؤدیدہ (ف۔مث) ایک قسم کی میدہ کی روٹی ؛
گاؤزبان (ف۔مث) ایک دوائی کا نام ہے۔ لمبی روٹی ؛
گاؤزمین (ف۔مث) وہ گائے جس کی پیٹھ پر زمین کھڑی ہے۔ (پُرانا خیال ہے) ؛
گاؤکُشی (ف۔مث) گائے ذبح کرنا
گاؤمیش (ف۔مث) بھینس ؛
گاؤدی (ف۔ص) احمق۔ بے وقوف ؛
گاہ (ف۔مث) تخت۔ جگہ۔ وقت
گاہ گاہ (ف) کبھی کبھی ؛
گاہک (ہ۔مذ) خریدار ؛
گاہکی (ہ۔مث) مانگ۔ خریداری
گاہنا (ہ) روندنا۔ اناج پر بیل چلانا ؛
گاہے گاہے (ف) کبھی کبھی ؛
گائک (ہ۔مذ) گویّا ؛
گائن (ہ۔مث) گانے والی عورت ؛
گبر (ہ۔مذ) آتش پرست ؛
گبّر (ہ۔ص) بھاری۔ آپ مُغرور
گبرو (ہ۔ص) جوان دُولہا ؛
گبریلا (ہ۔مذ) گوبر کا کیڑا ؛
گپ (ہ۔مث) جھوٹی بات ڈینگ۔ شیخی ؛
گپ شپ (ہ۔مث) جھوٹی سچی باتیں ؛
گپ ہانکنا (ہ) جھوٹ بولنا۔ ڈینگ مارنا ؛
گپت (س۔ص) چھپا ہوا پوشیدہ ؛
گپت دان (س۔مذ) پوشیدہ خیرات ؛
گپتی (ہ۔مث) تلوار جو لکڑی کے اندر چھپی رہتی ہے ؛
گپھا (ہ۔مذ) غار۔ کھو ؛
گپّی (ہ۔ص) گپ مارنے والا ؛
گت (ہ۔مث) طرز۔ تان۔ ڈھنگ۔ حالت ؛
گت بنانا (ہ) سزا دینا۔ مارنا
گت بننا (ہ) بُرا حال ہونا۔ پٹنا
گتکا (ہ۔مذ) ڈنڈا۔ پٹا کھیلنے کی لکڑی ؛
گتھم گتھا ہونا (ہ) لپٹ جانا ؛
گتھنا (ہ) آپس میں لپٹنا ؛
گتھی (ہ۔مث) گرہ۔ تھیلی ؛

گتھی سُلجھانا (ہ) گرہ کھولنا۔ مشکل بات حل کرنا ؎

گٹ ٹک (ہ۔مث) حقے کا چلم۔ (پ) گٹھلی ؎

گٹکا (ہ۔مذ) مہرہ۔ گوٹ۔ پاکٹ بک ؎

گٹ گٹ (ہ) جلد جلد پینے کی آواز ؎

گٹھڑ (ہ۔مث) بڑی گٹھڑی ؎

گٹھا (ہ۔مذ) لکڑیوں کا بنڈل بڑی گٹھڑی ؎

گٹھانا (ہ) پیوند لگوانا ؎

گٹھر (ہ۔مذ) بڑی گٹھڑی ؎

گٹھڑی (ہ۔مث) بقچی۔ پوٹلی ؎

گٹھلی (ہ۔مث) میوہ کی گٹک ؎

گٹھنا (ہ) جڑنا۔ جوڑ لگنا ؎

گٹھیا (ہ۔مث) جوڑوں کا درد ؎

گٹھیلا (ہ۔ص) گرہ والا۔ مضبوط

گج (س۔مذ) ہاتھی۔ بڑا ؎

گجنال (ہ۔مث) بڑی توپ

گجر (ہ۔مذ) گھنٹے کی آواز صبح کا وقت ؎

گجر دم (ا۔مذ) صبح سویرے ؎

گجرا (ہ۔مذ) پھولوں کا ہار ؎

گجری (ہ۔مث) دودھ بیچنے والی عورت ؎

گجریلا (ا) گاجر اور چاولوں سے پکی ہوئی کھیر ؎

گُجھا (ہ۔مذ) مخفی۔ پوشیدہ ؎

گچ (ہ۔مذ) چونہ ؎

گچکاری (ا۔مث) چونے کا کام ؎

گُچھّا (ہ۔مذ) خوشہ۔ سٹا

گدا (ف۔مذ) فقیر۔ منگتا ؎

گداگر (ف۔مذ) بھکاری ؎

گداگری (ف۔مث) بھیک مانگنا ؎

گداز (ف۔ص) نرم۔ ملائم پگھلا ہوا ؎

گدائی (ف۔مث) فقیری ؎

گدرانا (ہ) آنکھ میں گدلا پن ہونا۔ بدن بھرنا ؎

گدڑی (ہ۔مث) گودڑی۔ خرقہ

گدڑی میں لال (ہ۔ص) نالائقوں میں لائق۔ غریبوں میں شریف

اور اصیل ؎

گدگدا (ہ۔ص) نرم۔ گداز ؎

گدگدانا (ہ) گدگدیاں کرنا۔ ہنسانا ؎

گدگدی (ہ۔مث) بغل میں اُنگلی لگانے سے کھجلی اور ہنسی ہونا ؎

گدلا (ہ۔ص) میلا ؎

گدلاپن (ہ۔مذ) میل۔ کیچ ؎

گدلانا (ہ) میلا کرنا ؎

گدنا (ہ) سوئی سے بازو پر نقش ہونا ؎

گدھ (ہ۔مذ) چیل کی قسم کا ایک جانور ؎

گدھا (ہ۔مذ) کھوتا۔ خر۔ احمق۔ نادان ؎

گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ (ا) بے وقوف اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا ؎

گدھوں سے ہل چلانا (ہ) تباہ کرنا۔ ویران کرنا ؎

گدھی (ہ۔مث) کھوتی۔ مادہ خر۔ بے وقوف عورت ؎

گُدّی (ہ۔مث) سر کا پچھلا حصّہ (گُھتی) ٭
گدّی (ہ۔مث) تخت۔ مسند۔ حکومت ٭
گدّی نشین (ہ۔مث) تخت نشین۔ کسی بزرگ کا جانشین ٭
گُدیلا (ہ۔مذ) روئی کا گدّا ٭
گُڈ (انگ۔ص) اچھا۔ عمدہ ٭
گُڈ ایوننگ (انگ) شام کا سلام ٭
گُڈ بائی (انگ) خدا حافظ
گُڈ مارننگ (انگ) صبح کا سلام
گُڈ نائٹ (انگ) رات کا سلام
گڈریا (ہ۔مذ) چرواہا ٭
گُڈس ٹرین (انگ مث) مال گاڑی ٭
گُڈس کلرک (انگ۔مذ) مال گودام کا بابو ٭
گڈمڈ (ہ۔ص) مخلوط۔ ملا جلا ٭
گڈھ یا گڑھ (ہ۔مذ) قلعہ کوٹ
گر (ف) اگر ٭
گُر (ہ۔مذ) قاعدہ۔ اصول۔ گرو ٭
گرمکھی (ہ۔مث) پنجابی زبان ٭

گراس (انگ۔مث) گھاس ٭
گراسی گراؤنڈ (انگ۔مذ) گھاس والا میدان ٭
گراف (انگ۔مذ) نقشہ ٭
گِرام (ہ۔مذ) گاؤں۔ بستی ٭
گراموفون (انگ۔مذ) بولنے والا باجہ ٭
گِرامی (ف ص) بزرگ۔ معزز
گِراں (ف ص) مہنگا۔ بھاری
گِراں بار (ف ص) بھاری بوجھ سے لدا ہوا ٭
گِراں بہا (ف ص) قیمتی ٭
گِراں خاطر (ف ص) ناراض۔ غمگین ٭
گِراں گزرنا (ا) برا لگنا۔ دل پر بوجھ ہونا ٭
گِراں مایہ (ف ص) بزرگ ٭
گِراں ہونا (ا) مہنگا ہونا
گرانا (ہ) پھینکنا۔ نیچے ڈالنا۔ گھٹانا۔ بہانا ٭
گِرانی (ف مث) مہنگا ہونا۔ مہنگ۔ بدہضمی ٭
گراؤنڈ (انگ مذ) میدان۔ احاطہ

گُربہ (ف مث) بلّی ٭
گُربہ کُشتن روزِ اوّل (ف) رعب پہلے ہی دن خوب بیٹھتا ہے ٭
گُربہ مسکین (ف ص) مکّار فریبی ٭
گربھ (ہ۔مذ) حمل۔ پیٹ ٭
گُروپ (انگ مذ) گروہ۔ جماعت ٭
گِر پڑ کر (ہ) تکلیف اٹھا کر۔ جوں توں کر کے ٭
گرج (ہ۔مث) کڑک۔ بجلی کی آواز۔ شیر کی آواز ٭
گرج کر بولنا (ہ) زور سے بولنا۔ ڈرا کر بات کرنا ٭
گرجا (پرتگالی۔مذ) کلیسا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ ٭
گرجتے ہیں سو برستے نہیں (ہ) غل مچانے والے کوئی کام نہیں کرتے ٭
گرجنا (ہ) کڑکنا۔ بادلوں کا بولنا۔ شیر کا دہاڑنا۔ خفا ہو کر بولنا ٭
گرد (ف۔مث) مٹی۔ غبار ٭

گرد آلود یا آلودہ (ف ص) خاک میں ملا ہوا ٭
گرد باد (ف مذ) بگولا (پ) ورولا
گرد جھاڑنا (ا) صاف کرنا سزا دینا ٭
گرد کو نہ پہنچ سکنا (ا) برابری نہ کر سکنا ٭
گرد و غبار (ف۔ مذ) خاک مٹی۔ عداوت ٭
گرد ہونا (ا) دب جانا۔ عاجز ہو جانا ٭
گرد (ف) آس پاس چاروں طرف۔ جمع۔ پیچھے ٭
گرد و نواح (ف۔ مذ) آس پاس کا علاقہ۔ پڑوس ٭
گرد ہونا (ا) پیچھے پڑنا ٭
گرداب (ف مذ) بھنور۔ گھمن گھیری ٭
گرداگرد (ف) چاروں طرف آس پاس ٭
گردان (ف۔ مث) صیغوں کی تصریف ٭
گرداننا (ا) گردان کرنا۔ خیال میں لانا۔ سمجھنا ٭
گرداور (ف۔ مذ) گشت کرنے والا۔ پٹواریوں کا افسر قانونگو
گردش (ف۔ مث) چکر۔ انقلاب۔ بدنصیبی ٭
گردش فلک (ف) آسمان کا پھرنا۔ انقلاب زمانہ ٭
گردش میں آنا (ا) مصیبت میں پھنسنا ٭
گردن (ف مث) گلو۔ گلا ٭
گردن پر خون ہونا (ا) کسی کے خون کا ذمہ وار ہونا ٭
گردن پر سوار ہونا (ا) سر رہنا تنگ کرنا ٭
گردن جھکانا (ا) اطاعت کرنا۔ شرمندہ ہونا ٭
گردن زدنی (ف ص) گردن مارنے کے لائق۔ واجب القتل ٭
گردن سے جوا اتار پھینکنا (ا) خود مختار ہونا ٭
گردن کاٹنا (ا) قتل کرنا
گردن کٹنا (ا) قتل ہونا۔ ڈر لگنا
گردن کش (ف ص) باغی ٭
گردن کشی (ف مث) بغاوت۔ نافرمانی ٭
گردن مروڑنا (ا) گلا گھونٹنا ٭
گردن ہلانا (ا) انکار کرنا ٭
گردنی (ف۔ مث) کشتی کا ایک داؤں ٭
گردوں (ف مذ) آسمان۔ فلک ٭
گردوں مدار (ف ص) بلند مرتبہ ٭
گردہ (ف مذ) جگر۔ حوصلہ۔ دلیری ٭
گردہ (ف۔ مذ) دائرہ ٭
گرز (ف۔ مذ) ایک ہتھیار کا نام جس کا سر گول اور موٹا ہوتا ہے ٭
گرس (انگ مذ) ۱۲ درجن ۱۴۴ چیزیں ٭
گرسنگی (ف۔ مث) پیاس ٭
گرسنہ (ف ص) پیاسا ٭
گرفت (ف مث) پکڑ۔ باز پرس۔ اعتراض ٭
گرفت کرنا (ا) پکڑنا۔ روکنا ٭
گرفتار (ف ص) پکڑا ہوا۔ قیدی۔ مبتلا۔ عاشق ٭
گرفتار ہونا (ا) پکڑنا۔ عاشق

ہونا ٭
گرفتاری (ف-مث) قید-پکڑ ٭
گرفتہ (ف-ص) پکڑا ہوا ٭
گرگ (ف-مذ) بھیڑیا ٭
گرگ باراں (ف-ص) بڑا تجربہ کار ٭
گرگ کہن (ف-ص) پرانا بھیڑیا۔ خرانٹ۔ چالاک۔ تجربہ کار
گرگٹ (ہ-مذ) کرلا ٭
گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا (ا) گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ۔ ایک حال پر نہ رہنا
گرل سکول (انگ-مذ) لڑکیوں کا مدرسہ ٭
گرم (ف-ص) تپا ہوا۔ تپتا۔ جلد۔ شتاب۔ مصروف۔ سخت۔ رونق
گرم بازاری (ف) خرید و فروخت زیادہ ہونا۔ رونق ہونا ٭
گرم جوشی (ف-مث) شوق۔ کوشش۔ جوش محبت ٭
گرم سرد (ف-مذ) تتا اور ٹھنڈا۔ زمانے کا نیک و بد ٭
گرم مزاجی (ف-مث) بدمزاجی۔ تیزی

گرم مصالح (ا-مذ) لونگ الائچی وغیرہ جو کھانے میں ڈالی جاتی ہیں ٭
گرم ہونا (ا) تیز ہونا۔ خفا ہونا
گرما (ف-مذ) گرمی کا موسم ٭
گرمابہ (ف-مذ) غسل خانہ ٭
گرما گرم (ف-ص) تتا تتا۔ تازہ۔ پرجوش ٭
گرمانا (ا) گرم ہونا۔ تیز ہونا۔ خفا ہونا ٭
گرمی (ف-مث) تپش۔ حرارت۔ تیزی۔ رونق ٭
گرمی بازار (ف-مث) رونق۔ شہرت۔ ناموری ٭
گرمیاں (ا) جوش۔ موسم گرما
گرنا (ہ) نیچے آ پڑنا۔ اترنا۔ گھٹنا۔ بیمار پڑنا۔ ہجوم کرنا
گرنتھ (س-مذ) سکھوں کی مذہبی کتاب ٭
گرو (س-مذ) مرشد۔ استاد
گرو گھنٹال (ہ-مذ) بڑا چالاک۔ بدمعاشوں کا پیر
گرو (ف-ص) گروی۔ رہن

گہنے ٭
گرونامہ (ف) رہن نامہ ٭
گروہ (ف-مذ) جماعت۔ ٹولا۔ منڈلی ٭
گروی (ا) رہن۔ گہنے ٭
گرویدہ (ف-ص) عاشق۔ پیرو۔ مطیع ٭
گرہ (ف-مث) گانٹھ۔ گز کا سولہواں حصہ۔ مشکل ٭
گرہ باندھنا (ا) پلے باندھنا۔ یاد رکھنا۔ گانٹھ لگانا ٭
گرہ دار (ف-ص) گٹھیلا ٭
گرہ کھولنا (ا) مشکل حل کرنا
گرہ گیر (ف-ص) پیچیدہ۔ بل کھائے ہوئے
گرہ لگانا (ا) گانٹھ باندھنا۔ مصرع پر مصرع لگانا ٭
گرہست (س-مث) دنیاداری
گرہستی (س-مذ) دنیادار۔ عیالدار
گرہن (س-مذ) گہن ٭
گری (ہ-مث) مغز۔ تخم
گریبان (ف-مذ) کرتے کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا

ہیچ ٭
گریبان پکڑنا (ا) تقاضا کرنا
گلوگیر ہونا ٭
گریبان چاک کرنا (ا) گریبان
پھاڑنا ٭
گریباں گیر ہونا (ا) دامنگیر
ہونا۔ دعویدار ہونا ٭
گریبان میں مُنہ ڈالنا (ا)
اپنے عیب دیکھ کر شرمندہ
ہونا۔ اپنی حالت دیکھنا
گریجوایٹ (انگ مذ) سند یافتہ
گریز (ف مث) بھاگنا۔
دُوری۔ پرہیز ٭
گریز پا (ف) بھگوڑا۔ بھاگنے
والا ٭
گریز کرنا (ا) بھاگنا۔ بچنا۔
کنارہ کرنا ٭
گریزاں (ف ص) متنفر۔ بھاگنے
والا ٭
گریمر (انگ مث) صرف و نحو۔
قواعد زبان ٭
گریہ (ف مذ) رونا۔ زاری ٭
گریہ کناں (ف ص) روتا دھوتا

گریہ وزاری (ف مث) رونا
پیٹنا۔ واویلا ٭
گُڑ (ہ۔ مذ) گنّے کا پکا ہوا
رس۔ میٹھا ٭
گڑبڑ (ہ مث) خرابی کھلبلی ٭
گڑبڑ کرنا (ہ) گڈمڈ کرنا بے
انتظامی کرنا ٭
گڑجانا (ہ) دھس جانا۔ سخت
شرمندہ ہونا ٭
گڑگج (ہ۔ مذ) قلعہ کا وہ حصّہ
جس پر توپیں چڑھاتے ہیں ٭
گڑگڑانا (ہ) عاجزی کرنا۔
منّت سماجت کرنا ٭
گڑنا (ہ) دبنا۔ دھسنا۔ چبھنا
جمنا ٭
گڑھ (ہ۔ مذ) قلعہ ٭
گڑھ کپتان (ا۔ مذ) قلعے کا افسر
گڑھا (ہ۔ مذ) غار۔ کھڈ ٭
گڑھی (ہ مث) چھوٹا قلعہ ٭
گڑیا (ہ مث) کپڑے کی پُتلی
جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں
گڑے مُردے اکھاڑنا (ا)
پُرانی باتیں یاد کرنا ٭

گڑیوں کا کھیل (ہ) آسان کام ٭
گز (ف مذ) سولہ گرہ کا پیمانہ ٭
گزارہ (ف مذ) وقت گزارنا
سمائی۔ نباہ ٭
گُزارہ کرنا (ا) دن کاٹنا۔ کام
چلانا ٭
گُزارش (ف مث) درخواست
عرض ٭
گزارنا (ا) پورا کرنا۔ پیش کرنا
گزاشتنی (ف ص) چھوڑ دینے
کے لائق ٭
گزاف (ف مث) بیہودہ
بات۔ گپ ٭
گزٹ (انگ مذ) سرکاری اخبار ٭
گزٹ ہونا (ا) مشتہر ہونا
اعلان ہونا ٭
گزر (ف۔ مذ) راستہ۔ رسائی۔
نباہ ٭
گزر جانا (ا) چلا جانا۔ مرجانا
بیت جانا۔ کٹ جانا ٭
گزرگاہ (ف مث) رستہ۔
شارع عام ٭
گُزران (ا مث) گذارا۔

اوقات گذاری ؛

گُزراننا (ا) پیش کرنا ؛

گزشتنی (ف ص) گزرنیوالا ؛

گزشتہ (ف ص) گزرا ہُوا پچھلا ؛

گُزشتہ را صلوٰۃ (ف) اگلی بات کو جانے دو ؛

گزک (ف مث) کباب نُقل گجک ؛

گزند (ف۔ مذ) صدمہ نقصان دُکھ ؛

گزندہ (ف ص) ڈسنے والا کاٹنے والا ؛

گزھی (ا۔ مذ) گاڑھا۔ کھدّر ؛

گزیر (ف مذ) چارہ۔ علاج

گُسائیں (ہ۔ مذ) برہمن سینت

گُستاخ (ف۔ ص) شوخ بے ادب۔ ڈھیٹ ؛

گُستاخانہ (ف) بے ادبی سے۔ نڈر ہو کر ؛

گُستاخی (ف) بے ادبی بے حیائی ؛

گشت (ف) چکر۔ دورہ پھرنا

گشت کرنا (ا) پھرنا چکر لگانا

گشتی (ف) پھرنے والا۔ گشت کرنے والا ؛

گشتی چٹھی (ا) سرکلر چٹھی جو تمام دفتروں میں پھرائی جاوے ؛

گَف (ف) موٹا۔ گاڑھا ؛

گُفتار (ف) گفتگو۔ بات چیت۔ سُخن ؛

گُفتگو (ف) بول چال۔ بات چیت ؛

گُفت و شنید (ف) بات چیت۔ کہنا سننا ؛

گُل (ف) پھُول ؛

گُل اندام (ف) نازک بدن معشوق ؛

گُلبدن (ف) معشوق نازک ایک قسم کا کپڑا جو اکثر عورتیں پہنتی ہیں ؛

گُلبرگ (ف) گُلاب کی پتّی پنکھڑی ؛

گُل بکاؤلی (ا) ایک قسم کا خوشبودار پھُول جس کے متعلق ایک قصّہ بھی مشہور ہے ؛

گُلبن (ف) پھولوں کی جگہ باغ

گُل بوٹا (ا) بیل بوٹا ؛

گُل پیرہن (ف) پھولوں کے لباس والا معشوق ؛

گُل چین (ف) مالی باغبان۔

گلخب (ہ۔ مث) نوک جھوک

گُل خوردہ (ا) جلا ہُوا ؛

گُل دان (ف) پھولدان گلاس وغیرہ جس میں گلدستہ رکھتے ہیں

گُلدستہ (ف) پھولوں کا باندھا ہُوا گچھا ؛

گُلدم (ف) بُلبل ؛

گُلرخ (ف) معشوق۔ گلاب کے سے رخسار والا۔ حسین ؛

گُل رعنا (ف) ایک قسم کا پھول

گلرنگ (ف) سُرخ۔ لال

گُلرو (ف) گلاب کے سے چہرے والا حسین معشوق ؛

گُلریز (ف) پھُلجھڑی ؛

گُلزار (ف) باغ۔ گلشن ؛

گُلستان (ف) باغ گلشن ؛

گُلشن (ف) چمن۔ باغ ؛

گُل عِذار (ف) لال لال رخسارو والا معشوق ۔

گُل فام (ف) پھول کے رنگ کا معشوق ۔

گُلقند (ف) گلاب کے پھول اور کھانڈ سے بنی ہوئی دوا

گُلکاری (ف) بیل بوٹے کا کام ۔ نقاشی ۔

گُل کرنا (ا) چراغ بجھانا ۔ ضائع کرنا ۔

گُل کھلانا (ا) شگوفہ کھلانا نئی بات کرنا ۔

گُل کھلنا (ا) اچنبھے کی بات ہونا ۔ شگوفہ کھلنا ۔

گُلگشت (ف مث) باغ کی سیر

گُلگوں (ف) سرخ یا لال رنگ

گلگونہ (ف مذ) چہرے پر لگانے کا سُرخ رنگ ۔ پوڈر ۔

گُلگیر (ف) چراغ کا گل کترنے کی قینچی ۔

گُل ہونا (ا) بجھنا ۔ مٹنا

گُل چھرّے اُڑانا (ا) خوب عیش منانا ۔ مزے اُڑانا ۔

گِل (ف ۔ مث) مٹی ۔ گارا ۔ گیلی مٹی

گِل حکمت کرنا (ا) مٹی اور کپڑے سے دیگچے وغیرہ کا منہ بند کرنا ۔ تاکہ بھاپ نہ نکلے ۔

گَل (ہ ۔ مذ) گلو ۔ حلق ۔ ٹینٹوا ۔

گل پھڑا (ہ ۔ مذ) مچھلی کے سانس لینے کی جگہ ۔

گُل پھیڑا (ہ ۔ مذ) گلے کی گلٹی ۔

گلا (ہ ص) پکا ہوا ۔ سڑا ہوا ۔

گلا سڑا (ہ ص) خراب ۔ بوسیدہ

گلا (ہ ۔ مذ) حلق ۔ سُر ۔ آواز ۔ گریبان ۔

گلا بیٹھنا (ہ) آواز کا بھاری ہونا

گلا پھاڑنا (ہ) چیخنا ۔

گلا کاٹنا (ہ) قتل کرنا ۔ کسی کا حق دبانا ۔

گُلاب (ف ۔ مذ) خوشبودار ۔ سرخ پھول ۔ عرقِ گلاب ۔

گُلاب پاش (ف) گلاب چھڑکنے کا لمبی گردن والا چھوٹا برتن ۔

گُلابی (ف) گلاب کے رنگ کا ۔ ہلکا سُرخ ۔

گِلاس (انگ) شیشہ ۔ پیالہ ۔

گُلبانگ (ف) بلبل کا چہکنا

خوشخبری ۔

گلٹ (ا ۔ مذ) ملمّع ۔

گلخن (ف) بھٹی ۔ چولھا ۔ کوڑی ۔ روڑی ۔

گلنا (ہ) پڑے پڑے خراب ہونا ۔ پکنا ۔

گلنار (ف) انار ۔ انار کا پھول سُرخ رنگ ۔

گِلو (ہ) ایک قسم کی کڑوی بیل ۔

گُلو (ف) حلق ۔ گردن ۔ گریبان ۔

گلوبند (ف) مفلر ۔ گلے میں باندھنے کا اُونی یا ریشمی کپڑا ۔

گلوگیر (ف) دامن گیر ۔ دعویدار ۔ کسیلی چیز ۔

گِلوری (ہ) پان کی بیڑی ۔

گُلولہ (ف) گولی ۔ غُلّا ۔

گِلہ (ف) شکوہ ۔ شکایت ۔ اُلاہنا

گلہ گزاری (ف مث) شکوہ شکایت

گلّہ (ف مذ) گروہ ۔ ریوڑ ۔

گلّہ بان (ف مذ) چرواہا ۔ گڈریا

گلّہ بانی (ف ۔ مث) نگہبانی ۔

گلی (ہ مث) کوچہ ۔

گِلی (ف ۔ ص) مٹی کا ۔

گلی ڈنڈا (ہ) لڑکوں کا مشہور کھیل

گلے پڑنا (ہ) زبردستی کوئی کام ذمے لگنا۔ پیچھے پڑنا ٭

گلے کا ہار ہونا (ہ) پیچھے لگنا سر ہونا ٭

گلے لگانا (ہ) بغلگیر ہونا۔ پیار کرنا

گلے ملنا (ہ) چھاتی سے لگنا ملاپ کرنا ٭

گلے منڈھنا (ہ) زبردستی حوالہ کرنا ٭

گلیاں جھانکنا (ہ) آوارہ پھرنا

گلیم (ف مث) کملی۔ گودڑی ٭

گم (ف) کھویا ہوا۔ غائب۔ پوشیدہ

گمشدہ (ف ص) چھپا ہوا۔ بھاگا ہوا۔ ضائع شدہ ٭

گم کردہ آشیاں (ف ص) گھر سے بھٹکا ہوا ٭

گم گشتہ (ف۔ ص) گم شدہ ٭

گماشتہ (ف۔ مذ) مقرر کیا ہوا۔ منیم۔ کارندہ ٭

گمان (ف۔ مذ) شک۔ شبہ۔ خیال۔ گھمنڈ ٭

گمانِ غالب (ف مذ) پکا خیال

گمانا (ا) گم کرنا ٭

گمراہ (ف ص) رستہ بھولا ہوا۔ بے دین ٭

گمراہ ہونا (ا) رستہ بھول جانا۔ دین چھوڑنا ٭

گمراہی (ف مث) غلط رستہ چلنا۔ بے دینی ٭

گملہ (ہ۔ مذ) پھول اگانے کا برتن ٭

گمنام (ف ص) جو مشہور نہ ہو۔ پوشیدہ ٭

گمنامی (ف مث) نامعلومی پوشیدگی

گن (ہ۔ مذ) ہنر۔ صفت۔ خوبی ٭

گن گانا (ہ) تعریف کرنا حمد کرنا

گن (انگ مث) بندوق ٭

گن پوڈر (انگ۔ مذ) بارود

گننا (ہ) شمار کرنا۔ خیال کرنا ٭

گناہ (ف مذ) عیب۔ پاپ ٭

گناہِ بے لذت (ف مذ) بے فائدہ گناہ ٭

گناہِ صغیرہ (ف مذ) خفیف سا جرم۔ چھوٹا گناہ ٭

گناہِ کبیرہ (ف مذ) سخت گناہ۔ بھاری جرم ٭

گنہگار (ف ص) گناہ کرنے والا پاپی۔ قصوروار ٭

گنہگاری (ف مث) قصور۔ جرم

گنبد (ف۔ مذ) برج ٭

گنبد گرداں (ف مذ) آسمان ٭

گنبد کی صدا یا آواز (ا) جیسا کہنا ویسا سننا ٭

گنت (س مث) حساب شمار ٭

گنت بدیا (س مث) علم ہندسہ علم حساب ٭

گنتی (ہ مث) شمار۔ تعداد ٭

گنتی کے (ہ ص) بہت تھوڑے

گنج (ف مذ) خزانہ۔ ذخیرہ ٭

گنج بخش (ف ص) بڑا سخی ٭

گنج شائگاں (ف مذ) بہت بڑا خزانہ ٭

گنج قاروں (ف مذ) بہت بڑا خزانہ ٭

گنج (ہ۔ مذ) ایک بیماری جس کے باعث سر کے بال نہیں اگتے

گنجا (ہ۔ مذ) جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ گنج والا ٭

گنجان (ہ۔ ص) گھنا۔ نزدیک نزدیک

گنجان آباد (ا ص) جہاں آبادی زیادہ اور نزدیک نزدیک ہو ۔

گنجائش (ف ۔ مث) سمائی ۔ جگہ فائدہ ۔ بچت ۔

گنجفہ (ا ۔ مذ) تاش کے ایک کھیل کا نام ہے ۔

گُنجلک (ا ۔ مذ) شکن سلوٹ مشکل ۔ الجھن ۔

گنجے کو خدا ناخن نہ دے (ا) کسی نااہل کو خدا رتبہ نہ دے ۔ کسی ظالم کو اختیار نہ ملے ۔

گنجینہ (ف ۔ مذ) خزانہ ۔ دفینہ ۔

گند (ف ۔ مذ) غلاظت ناپاکی بدبو ۔

گندا (ا ۔ مذ) ناپاک میلا غلیظ

گندھک (ہ ۔ مث) ایک آتشی مادہ ہے ۔ کبریت ۔

گندگی (ف ۔ مث) بدبو ۔ غلاظت ۔ گند ۔

گندم (ف ۔ مث) کنک گیہوں ۔

گندم گوں (ف ص) سانولا گندمی ۔

گندم نما جو فروش (ف ۔ مذ) گنک دکھا کر جو بیچنے والا ۔ دھوکے باز ۔

گندہ (ہ ۔ مذ) غلیظ ۔ گاڑھا ۔

گندہ بروزہ (ا ۔ مذ) چیڑ کے درخت کا گوند ۔

گندہ دہن (ف ۔ مذ) جس کے منہ سے بدبو آئے ۔

گندہ کرنا (ا) ناپاک کرنا ۔ خراب کرنا ۔

گُندھنا (ہ) آٹے کا گندھنا ۔ بالوں یا ہار کا گتھنا ۔

گندھی (ہ ۔ مذ) عطر فروش ۔

گندی (ا ۔ مث) پاپیہ خراب ۔

گُنڈا (ہ ۔ مذ) لفنگا ۔ لُچا ۔ بدمعاش ۔

گنڈا (ہ ۔ مذ) تعویذ ۔ چھلّا ۔

گنڈاسا (ہ ۔ مذ) ایک ہتھیار جو لاٹھی میں لگا ہوتا ہے ۔

گنڈیری (ہ ۔ مث) گنے کی پوری ۔

گنگ (ہ ۔ مذ) دریائے گنگا

گُنگ (ف ۔ مذ) گونگا ۔ زور کی آواز سے کانوں کا بھر جانا اور کچھ سنائی نہ دینا ۔

گنگ ہو جانا (ا) کانوں کا بھر جانا کچھ سنائی نہ دینا ۔

گنگا (س ۔ مث) ہندوستان کے مشہور متبرک دریا کا نام ہے

گنگا اشنان (س ۔ مذ) دریائے گنگا میں غسل کرنا

گنگا جل (س مذ) دریائے گنگا کا پانی جس کو مقدس مانا جاتا ہے ۔

گنگا جمنی (ہ ۔ ص) ملا جلا ۔

گُنگنا (ہ ۔ مذ) ناک میں بولنے والا

گُنگنانا (ہ) منہ ہی منہ میں گانا

گن گن کر (ہ) شمار کر کے سنبھال سنبھال کے ۔ مشکل کے ساتھ ۔

گنگوتری (ہ ۔ مث) دریائے گنگا کے منبع کا نام ہے ۔

گنوار (ہ ۔ مذ) دیہاتی ۔ بے تمیز ۔ ان پڑھ ۔

گنوانا (ہ) ضائع کرنا ۔ برباد کرنا

گُنہ (ف ۔ مذ) گناہ ۔ جرم ۔

گنہگار (ف ص) گناہ گار ۔ مجرم

گِنّی (انگ ۔ مث) ۲۱ شلنگ کا

انگریزی سکہ ٭
گُنی (ہ۔مذ) گُن والا۔ لائق ٭
گنیش (ہ۔مذ) شیوجی کے بیٹے کا نام ٭
گو (ف۔مذ) گیند ٭
گو (ف) اگرچہ۔ گفتن سے امر ٭
گو (س۔مث) گائے ٭
گؤشالہ (ہ۔مذ) گایوں کے رہنے کی جگہ ٭
گوارا (ف۔ص) جلدی ہضم ہونے والی۔ اچھی ٭
گوارا کرنا (ا) برداشت کرنا۔ پسند کرنا ٭
گوالا (ہ۔مذ) گوجر۔ گایوں کے پالنے والا ٭
گوالن (ہ۔مث) گوجری ٭
گواہ (ف۔مذ) ثبوت دینے والا ٭
گواہی (ف۔مث) شہادت ثبوت ٭
گوبر (ہ۔مذ) چوپایوں کا میلا ٭
گوبری (ہ۔مث) گوبر اور مٹی کا لیپ ٭
گوپھن (ہ۔مذ) گوپیا ٭

گوپیا (ہ۔مذ) غلہ مارنے کا ہتھیار (پ) گُھبانی ٭
گوت (ہ۔مذ) نسل۔ قوم۔ قبیلہ ٭
گوتم (س۔مذ) بدھ مذہب کے بانی کا نام ٭
گوتی (ہ۔ص) ایک گوت کا۔ ہم نسل ٭
گوٹ (ہ۔مث) سنجاف۔ کنارہ۔ کور ٭
گوٹا (ہ۔مذ) کناری۔ لیس ٭
گوٹا کناری (ہ۔مث) سونے چاندی کی تاروں کی لیس ٭
گوجر (ہ۔مذ) گوالا ٭
گود (ہ۔مث) آغوش۔ کنار۔ جھولی ٭
گود لینا (ہ) متبنٰے بنانا۔ بیٹا بنانا ٭
گودا (ہ۔مذ) مغز۔ گری۔ خلاصہ ٭
گودام (ملایا۔مذ) ذخیرہ۔ کوٹھا ٭
گوڈاؤن (انگ۔مذ) گودام ٭
گوڈر (ہ۔مذ) پھٹا پرانا کپڑا۔ چیتھڑا۔ پرانی ٹوپی ٭
گوڈر کا لعل (ہ۔مذ) چھپا رستم

غریب مگر اصیل اور شریف ٭
گودنا (ہ) سوئی سے نقش کرنا۔ چبھونا ٭
گودی (ہ۔مث) گود۔ جھولی ٭
گور (ف۔مث) قبر۔ تربت ٭
گورستان (ف۔مث) قبرستان۔ مقبرہ ٭
گورِ غریباں (ف۔مث) مقبرہ۔ مسافروں کا قبرستان جہاں کوئی فاتحہ پڑھنے بھی نہیں جاتا ٭
گور و کفن (ف۔مذ) تجہیز و تکفین ٭
گورکن (ف۔مذ) قبر کھودنے والا ٭
گور گڑھا (ا۔مذ) گور اور کفن کا سامان ٭
گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں۔ (ا) مرنے کو تیار ہیں ٭
گورا (ہ۔ص) چٹا۔ سفید۔ خوبصورت انگریز سپاہی ٭
گورا چٹا (ہ۔ص) خوبصورت ٭
گورا شاہی (ہ۔ص) گوروں کے

کام کا۔ ٹوٹی پھوٹی زبان ؎

گورخر (ف۔ مذ) جنگلی گدھا ؎

گورکھ دھندا (ہ۔ مذ) پیچیدہ معاملہ۔ مشکل بات ؎

گورکھا (ہ۔ مذ) گورکھ پور کا رہنے والا۔ سپاہی ؎

گورنر (انگ۔ مذ) صوبے کا حاکم اعلےٰ

گورنر جنرل (انگ۔ مذ) وائسرائے

گورنمنٹ (انگ۔ مذ) حکومت سرکار ؎

گوری (ہ۔ ص۔ مث) خوبصورت۔ معشوقہ ؎

گوڑنا (ہ) کدال سے کھودنا نلائی کرنا ؎

گوز (ف۔ مذ) ہوا۔ ریح۔ پھسکی

گوزشتر (ف۔ ص) بیہودہ بے اثر۔ بے معنی ؎

گوسالہ (ف۔ مذ) بچھڑا ؎

گوسفند (ف۔ مث) بھیڑ۔ بکری

گوش (ف۔ مذ) کان ؎

گوش بر آواز (ف) سننے کے منتظر۔ منتظر ؎

گوش گزار کرنا (ا) سنانا

اطلاع دینا ؎

گوشت (ف۔ مذ) ماس ؎

گوشت خوار (ف۔ ص) ماس کھانے والا ؎

گوشت سے ناخن جدا کرنا (ا) اپنوں کو الگ کرنا

گوشت سے ناخن جدا نہ ہونا (ا) رشتے اور اتحاد میں فرق نہ آنا ؎

گوشمالی (ہ۔ مث) سزا۔ تنبیہ کان مروڑنا ؎

گوشوارہ (ف۔ مذ) کان کا بالا۔ حساب کا نقشہ ؎

گوشہ (ف۔ مذ) کنارہ۔ کونہ۔ طرف

گوشہ عافیت (ف۔ مذ) کنج تنہائی ؎

گوشہ کمان (ف۔ مذ) کمان کی نوک ؎

گوشہ نشین (ف۔ ص) تنہائی میں رہنے والا۔ الگ تھلگ رہنے والا

گوشہ نشینی (ف۔ مث) تنہائی خلوت ؎

گوکھرو (ہ۔ مذ) بھکھڑا ؎

گول مول (ہ۔ ص) موٹا تازہ مشکوک۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے۔ غیر واضح ؎

گولا (ہ۔ مذ) گول چیز۔ توپ کا گولہ

گولا چلانا (ا) توپ چلانا گولے مارنا ؎

گولا انداز (ا۔ مذ) گولہ مارنے والا ؎

گولڈ (انگ۔ مذ) سونا ؎

گولڈن (انگ۔ ص) سنہری۔ طلائی

گولہ (ف۔ مذ) گولا ؎

گولہ باری (ف۔ مث) گولے چلانا۔ گولے برسانا ؎

گولی (ہ۔ مث) بندوق کی گولی۔ دوائی کی گولی ؎

گولی چلانا (ہ) بندوق سر کرنا۔ فائر کرنا ؎

گولی مارنا (ہ) گولی چلانا۔ بات نہ ماننا

گولی مار دو (ہ) دفع کرو۔ آگ لگاؤ

گولیاں کھیلنا (ہ) بچپن کا زمانہ

گومگو (ا۔ ص) پس و پیش۔ شک۔ شبہ ؎

گون (ف۔ مذ) رنگ ؎

گوں (ہ ۔مث) مطلب واسطہ لائق ۔ ضرورت ٭
گون (انگ ۔مذ) ڈھیلا ڈھالا انگریزی لباس ۔ لباس فضیلت ٭
گونا (ہ ۔ مذ) ایک سنہری رنگ جو سونے کے زیور پر لگاتے ہیں ٭
گوناگون (ف ص) رنگ برنگ کا
گونج (ہ ۔مث) آواز کا ہوا سے ٹکرانا
گونجنا (ہ) مکان کا آواز سے بھر جانا ۔ گنبد کا صدا دینا
گوند (ہ ۔ مذ) لیسدار چیز جو درختوں سے نکلتی ہے ٭
گونددانی (ا ۔مث) گوند رکھنے کا برتن ٭
گوندھنا (ہ) آٹا ملنا ۔ سر کے بال گوندھنا ٭
گونگا (ہ ۔ مذ) جو شخص بول نہ سکے ۔ گنگ ۔ ٭
گونگے کا خواب (ا ہند) وہ بات جو بیان نہ ہو سکے جو بات سمجھ میں نہ آ سکے ٭

گونہ (ف مذ) رنگ ۔ بگلگونہ پوڈر ۔ طرح ٭
گونہ گونہ (ف ص) طرح طرح کا
گوہر (ف ۔ مذ) موتی ۔ جوہر ذات
گویا (ف ص) بولنے والا یعنے جس طرح کہ ٭
گوئیاں (ہ ۔مث) سہیلی ۔ سکھی
گویائی (ف ۔مث) بولنے کی قوت ۔ کلام ٭
گوئے سبقت لے جانا (ا) دوسرے سے بڑھ جانا
گوینده (ف مذ) کہنے والا ۔ بولنے والا ٭
گہ (ف) جگہ ۔ وقت ٭
گھات (ہ ۔مث) داؤں تاک ۔ فریب ۔ چال ٭
گھات میں بیٹھنا (ہ) شکار کے لئے چھپ کر بیٹھنا ۔ موقع تاکنا ٭
گھاٹ (ہ ۔ مذ) دریا کا کنارہ پار اترنے کی جگہ ۔ پتن
گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا (ہ) بڑا تجربہ کار ہونا ۔ جگہ جگہ سفر کرنا ٭

گھاٹا (ہ ۔ مذ) نقصان ۔ خسارہ
گھاٹی (ہ ۔مث) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ ٭
گھاس (ہ ۔مث) گھاس ٭
گھاس پھوس (ہ ۔ مذ) کوڑا کرکٹ
گھاگ (ہ ۔ ص) خرانٹ ۔ بوڑھا تجربہ کار ٭
گھاگرہ (ہ ۔ مذ) لہنگا ۔ دکن کے ایک دریا کا نام ہے ٭
گھانس (ہ ۔مث) گھاس ٭
گھانی (ہ ۔مث) تلوں کی مقدار جو ایک دفعہ کولہو میں ڈالی جائے ٭
گھاؤ (ہ ۔ مذ) زخم ٭
گھاؤ بھرنا (ہ) زخم بھرنا ۔ زخم اچھا ہونا ٭
گھایل (ہ ۔ ص) زخمی ٭
گھائل ہونا (ہ) زخم ہونا ٭
گھبرانا (ہ) سٹ پٹانا ۔ پریشان ہونا ۔ خوف زدہ ہونا ٭
گھبراہٹ (ہ ۔ مث) پریشانی

بے قراری۔ جلدی ؎

گھٹا (ہ۔مث) بادل۔ ابر ؎

گھٹا اُٹھنا (ہ) بادلوں کا آنا ؎

گھٹا ٹوپ (ہ۔ص) بادلوں کے گھرنے سے جو اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اندھیرا گھُپ ؎

گھٹا چھانا (ہ) بادل گھرنا ؎

گھٹانا (ہ) کم کرنا۔ تفریق کرنا

گھٹاؤ (ہ۔مذ) کمی۔ تخفیف ؎

گھُٹ گھُٹ کر (ہ) رک رک کر ؎

گھٹنا (ہ) کم ہونا۔ کمزور ہونا

گھٹنا (ہ۔مذ) گوڈا۔ زانو۔ دم گھُٹنا ؎

گھُٹی (ہ۔مث) وہ دوائیں جو شیرخوار بچوں کو دی جاتی ہیں طبیعت

گھُٹی میں پڑنا (ہ) خمیر میں ہونا۔ عادت میں ہونا ؎

گھٹیا (ہ۔ص) کم قیمت۔ ادنےٰ کمینہ ؎

گُہر (ف۔مذ) گوہر۔ موتی۔ قیمتی پتھر ؎

گھر (ہ۔مذ) مکان۔ رہنے کی جگہ

خاندان ؎

گھر آباد کرنا (ا) شادی کرنا نکاح کرنا ؎

گھر اُجڑنا (ہ) گھر تباہ ہونا۔ بیوی یا خاوند کا مرجانا ؎

گھر بار (ہ۔مذ) گھر۔ گھر کا اسباب بال بچے ؎

گھر بسانا (ہ) گھر آباد کرنا ؎

گھر بھر (ہ) تمام گھر۔ سارا ٹبر ؎

گھر بنانا (ہ) مکان بنانا۔ قدم جمانا ؎

گھر بیٹھے (ہ) بغیر تکلیف کے ؎

گھر پھونک تماشا دیکھنا (ا) اپنی تباہی پر خوش ہونا۔ نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا ؎

گھر جانا (ہ) قابو آجانا ؎

گھر دیکھ لینا (ہ) رستے سے واقف ہو جانا۔ بار بار آنا ؎

گھر سر پر اُٹھانا (ہ) بہت شور کرنا

گھر سے بے گھر ہونا (ہ) خانہ خراب ہونا۔ برباد ہونا

گھر سے دینا (ہ) اپنے پاس سے دینا

گھر کا (ہ۔ص) اپنا ذاتی ؎

گھر کا آدمی (ہ۔مذ) اپنا آدمی واقف کار ؎

گھر کا اُجالا (ہ۔مذ) بیٹا

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے (ہ) رازدار کی دشمنی بہت نقصان پہنچاتی ہے ؎

گھر کا چراغ (ا۔مذ) بیٹا۔ اپنے مکان کا چراغ ؎

گھر کا گھر (ہ) تمام گھر ؎

گھر کا مالک (ہ۔مذ) خاوند ؎

گھر کرنا (ہ) جمنا۔ اثر کرنا۔ گھر بنانا

گھر کی بات (ہ۔مث) راز کی بات۔ آپس کی بات ؎

گھر کے نہ گھاٹ کے (ہ) کسی کام کے نہیں ؎

گھر گھاٹ (ہ۔مذ) ٹھکانا۔ پتہ۔ نشان ؎

گھر گھر (ہ) ہر گھر میں۔ سب جگہ

گھر گھر عید آنا (ا) عام خوشی ہونا ؎

گھر والا (ہ۔مذ) خاوند ؎

گھر والی (ہ۔مث) بیوی ؎

گھر ویران ہونا (ہ) گھر تباہ ہونا
نااتفاقی ہونا۔ بیوی کا مرنا
گہرا (ہ۔ص) ڈونگھا۔ عمیق۔
تیز۔ شوخ ؎
گہرا پردہ (ا۔مذ) بڑا بھاری پردہ
گہرا رنگ (ا۔ہ) شوخ رنگ
گہرا زخم (ا۔مذ) بھاری زخم
گہرا یارانہ (ا۔مذ) بڑی دوستی
گھرانا (ہ۔مذ) خاندان۔ کنبہ
قبیلہ ؎
گہراؤ (ہ۔مذ) ڈونگھائی ؎
گہرائی (ہ۔مث) گہراؤ ؎
گھُرکنا (ہ) دھمکانا۔ ڈانٹنا ؎
گھُرکی (ہ۔مث) جھڑکی۔ دھمکی ؎
گھُرکی دینا (ہ) جھڑکنا۔ گھرکنا
گھِرنا (ہ) بند ہونا۔ قابو آنا۔ چھانا
گھِرنی (ہ۔مث) چرخی
پہیہ۔ سر کا چکر ؎
گہری (ہ۔ص) ڈونگھی ؎
گہری بات (ہ۔مث) عمدہ بات
دُور کی بات۔ دقیق بات
گہری نیند سونا (ہ) بےخبر
ہوکر سونا ؎

گھرے کرنا (ہ) اچھا فائدہ اُٹھانا
گھرے ہونا (ہ) خوب فائدہ
ہونا۔ بہت کمانا ؎
گھریلو (ہ۔ص) گھر کا۔ گھر کا بنا ہوا
گھُڑچڑھا (ہ۔ص) سوار ؎
گھُڑدوڑ (ہ۔مث) گھوڑوں
کی دوڑ ؎
گھُڑسال (ہ۔مذ) طویلہ ؎
گھُڑنال (ہ۔مث) توپ ؎
گھڑا (ہ۔مذ) مٹکا ؎
گھڑانا (ہ) بنوانا ؎
گھڑائی (ہ۔مث) گھڑنے
کی اُجرت۔ مزدوری ؎
گھڑت (ہ۔مث) ساخت
بناوٹ ؎
گھڑگھڑاہٹ (ہ۔مث)
گاڑی وغیرہ کی آواز ؎
گھڑنا (ہ) بنانا ؎
گھڑوں پانی پڑنا (ہ) نہایت
شرمندہ ہونا ؎
گھڑونچی (ہ۔مث) گھڑا رکھنے
کی چوکی ؎
گھڑی (ہ۔مث) پل۔ ساعت

وقت۔ وقت دیکھنے کا آلہ ؎
گھڑی بھر (ہ۔ص) تھوڑی دیر ؎
گھڑی میں ماشہ گھڑی میں
تولہ (ہ) متلون مزاج۔ ایک
بات پر قائم نہ رہنے والا ؎
گھڑی میں گھڑیال ہے
(ہ) زمانہ دم بھر میں کچھ سے
کچھ ہو جاتا ہے ؎
گھڑی ساز (ا۔مذ) گھڑی
درست کرنے والا ؎
گھڑیال (ہ۔مذ) پیتل کا گول
گھنٹہ۔ نگرمچھ ؎
گھڑیالی (ہ۔مذ) گھڑیال بجانے والا
گھڑیاں گِننا (ہ) انتظار کرنا ؎
گھُس آنا (ہ) بلا اجازت
اندر آجانا ؎
گھُسانا (ہ) اندر داخل کرنا۔ گھیڑنا
گھسانا (ہ) رگڑنا ؎
گھسائی (ہ۔مث) رگڑ ؎
گِھسنا (ہ) رگڑ کھانا۔ کم ہونا
پُرانا ہونا ؎
گھُسنا (ہ) اندر آنا۔ دخل دینا ؎
گھسیارا (ہ۔مذ) گھاس کھودنے والا

گھسیٹنا (ہ) کھینچنا - جلدی جلدی لکھنا ÷

گھگی (ہ - مث) ہچکی - روتے روتے سانس رک رک کر آنا

گھگی بندھنا (ہ) ہچکی بندھنا بہت رونا ÷

گھُلانا (ا) پگلانا دُبلا کرنا کمزور کرنا

گھل جانا (ہ) حل ہو جانا - دُبلا ہونا - کمزور ہونا ÷

گھُل گھُل کر (ہ) دُبلا ہو ہو کر سُوکھ سُوکھ کر ÷

گھُل مل جانا (ہ) مل جل جانا - ایک ہو جانا - نہایت محبت ہونا ÷

گھُلنا (ہ) کمزور ہونا - حل ہونا

گھُماؤ (پ - مذ) دو بیگھہ زمین ÷

گھُمانا (ہ) چکر دینا - پھرانا ÷

گھمسان (ہ - مذ) لڑائی بھیڑ

گھمسان کا رن پڑنا (ہ) بھاری لڑائی ہونا ÷

گھمسان کی لڑائی (ہ) بڑی بھاری لڑائی ÷

گھمنڈ (ہ - مذ) غرور - فخر - گمان ÷

گھمنڈ کرنا غرور کرنا - تکبّر کرنا

گھمنڈ ہونا (ہ) تکبر ہونا - نخوت ہونا ÷

گھمنڈی (ہ - ص) مغرور - خود پسند

گھن (ہ - مذ) گھنا - گنجان ÷

گھن دار (ا - ص) گنجان گھنا

گھن چکر (ہ - ص) آوارہ ناداں ÷

گھن کا (ہ - ص) گنجان ÷

گھنگھور (ہ - مث) گہری گھٹا سیاہ بادل ÷

گھنگھور گھٹا (ہ - مث) کالی گھٹا

گہن (ہ - مذ) چاند گرہن ÷

گہن میں آنا (ہ) سورج یا چاند کا گرہن میں آنا ÷

گھِن (ہ - مث) کراہت - نفرت

گھُن (ہ - مذ) ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کو لگتا ہے ÷

گھُن لگنا (ہ) کیڑا لگنا - روگ لگنا - غم لگ جانا ÷

گھنا (ہ - ص) گنجان - نزدیک نزدیک

گہنا (ہ - مذ) زیور ÷

گہنانا (ہ) گہن لگنا ÷

گھناونا (ہ - ص) مکروہ - خراب

گھنٹہ (ہ - مذ) گھڑیال - ٹلی - ساٹھ منٹ کا عرصہ ÷

گھنٹہ گھر (ہ - مذ) ایک اونچا مینار جس پر چاروں طرف گھنٹے کی سوئیاں لگی ہوئی ہوتی ہیں ÷

گھُنڈی (ہ - مث) کرتے کا تکمہ - گرہ ÷

گھنگریلے (ہ - ص) بل کھائے ہوئے بال ÷

گھنگرو (ہ - مذ) ایک قسم کا بجنے والا زیور - گلے کی آواز جو مرتے وقت نکلتی ہے

گھُنگرو بولنا (ہ) قریب الموت ہونا - جان کنی کا وقت ہونا

گھنگھنیاں (ہ - مث) اُبلے ہوئے چنے وغیرہ ÷

گھنگھولنا (ہ) برتن پانی سے صاف کرنا (پ) اگھالنا ÷

گہوارہ (ف - د) پنگھوڑا ÷

گھوٹا (ہ - مذ) وہ دوائیاں جو گھوٹ کر پی جائیں جیسے جلاب برگجا

گھوٹنا (ہ) رگڑنا - حل کرنا - یاد کرنا

گھورنا (ہ) تکنا - غور سے دیکھنا

غصّے کی نظر سے دیکھنا

گھوڑا ڈالنا (ہ) کسی کے پیچھے گھوڑا دوڑانا ۔

گھوڑا نکالنا (ہ) گھوڑے کو سدھانا ۔

گھوڑی (ہ۔مث) گھوڑے کی تانیث۔ سویّاں بنانے کی مشین

گھوڑے بیچ کر سونا (ہ) بے فکری سے سونا۔ پاؤں پھیلا کر سونا ۔

گھوسن (ہ۔مث) گھیاری

گھوسی (ہ۔مذ) گھیارا ۔

گھولنا (ہ) پانی میں حل کرنا

گھومنا (ہ) پھرنا۔ چکر لگانا

گھونپنا (ہ) تلوار وغیرہ گھسیڑنا

گھونٹ (ہ۔مذ) پانی کی مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اُتاری جائے ۔

گھونٹنا (ہ) گلا دبانا ۔

گھونسا (ہ۔مذ) مُکّا ۔

گھونسلا (ہ۔مذ) پرندوں کا گھر۔ آشیانہ ۔

گھونگا (ہ۔مذ) ایک دریائی کیڑے کا خول۔ صدف۔ کوڑی ۔

گھونگٹ (ہ۔مذ) نقاب منہ کا پردہ ۔

گھونگٹ اُٹھانا (ہ) پردہ اُٹھانا

گھونگریالے بال (ہ۔مذ) مُڑے ہوئے بال ۔

گھی داغ کرنا (ہ) تڑکا لگانا

گھی کھچڑی (ہ۔ص) گھلے ملے شیر و شکر ۔

گھی کھچڑی ہونا (ہ) بے حد ملاپ ہونا ۔

گھی کے چراغ جلانا (ہ) بہت خوشی کرنا ۔

گھی کے چراغ جلنا (ہ) مراد پوری ہونا۔ بن آنا ۔

گھیا (ہ۔مذ) کدّو ۔

گھیرا (ہ۔مذ) دَور۔ گھیرا ۔

گھیرا ڈالنا (ہ) محاصرہ کرنا ۔

گھیرے دار (ہ۔ص) فراخ۔ کشادہ

گھیر گھار کر لانا (ہ) چاروں طرف سے اکٹھا کر کے لانا ۔

گھیورا (ہ۔مذ) ایک قسم کا کیڑا ہے

گھیرنا (ہ) محصور کرنا۔ جگہ روکنا۔ قبضہ کرنا۔ پیچھا کرنا ۔

گیا (ہ۔مذ) ہندوستان کے ایک مشہور شہر کا نام ہے جسے ہندو لوگ متبرک سمجھتے ہیں

گیا (ہ۔مذ) چلا گیا۔ گذرا ہوا۔

گیا گزرا (ہ۔ص) گذشتہ۔ نیست و نابود۔ نکمّا ۔

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (ہ) گذرا ہوا زمانہ پھر نہیں آتا موقع بار بار نہیں ملتا ۔

گیان (س۔مذ) علم۔ سمجھ۔ خدا کی پہچان کا علم ۔

گیانی (س۔ص) فاضل و دوان عارف ۔

گیت (ہ۔مذ) بھجن۔ گانا ۔

گیتا (س۔مث) ہندوؤں کی مشہور کتاب۔ جس میں کرشن جی کا وعظ ہے ۔

گیتی (ف۔مث) دُنیا۔ جہان ۔

گیتی آرا (ف۔ص) جہان آراستہ کرنے والا ۔

گیتی افروز (ف۔ص) دُنیا کو روشن کرنے والا ۔

گیٹس (انگ۔مذ) جرابوں کو کھڑا

رکھنے کے بند ❖

گیدڑ (ہ۔ مذ) گدڑ۔ شغال کتے کی قسم کا جنگلی جانور ❖

گیدڑ بولنا (ہ) بدشگونی کی علامت اُجڑنا ❖

گیدڑ بھبکی (ہ۔ مث) دکھاوے کی گھڑکی ❖

گیدی (ف۔ ص) بے غیرت دیوث۔ بزدل۔ احمق ❖

گیر (ف) پکڑ ❖

گیر و دار (ف۔ مث) پکڑ دھکڑ

گیروا (ہ۔ ص) جوگیا ❖

گیسو (ف۔ مذ) لمبے بال کاکل

گیں گیں (ہ) ساتھ ساتھ

گیلا (ہ۔ ص) بھیگا ہوا ❖

گیلری (انگ۔ مث) درجہ بدرجہ اونچی ہوتی ہوئی نشستیں ❖

گیلس (انگ۔ مذ) پتلون کو گرنے سے روکنے والے تسمے ❖

گیلن (انگ۔ مذ) پانی۔ تیل وغیرہ کا پیمانہ ❖

گیند (ہ۔ مث) کپڑے یا چمڑے کا چھوٹا سا گولہ ❖

گیند بلا (ہ۔ مذ) کرکٹ ❖

گیندا (ہ۔ مذ) ایک زرد رنگ کا پھول۔ صد برگ ❖

گینڈا (ہ۔ مذ) ایک جانور کا نام ہے ❖

گیہوں (ہ۔ مذ) گیہوں۔ گندم ❖

گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے (ہ) امیر کے ساتھ غریب بھی مارا جاتا ہے۔ گنہگار کے ساتھ بیگناہ بھی مارا جاتا ہے ❖

ل

عربی کا تیئسواں[۲۳] فارسی کا ستائیسواں[۲۷] اور اردو کا تیسواں[۳۰] حرف۔ عدد اس کے تیس[۳۰] ہیں

لا (ہ) لے آ ❖

لا (ع) نہیں۔ بغیر۔ بنا ❖

لاابالی (ع۔ ص) بے خوف نڈر۔ بے پرواہ۔ آزاد ❖

لا الٰہ الا اللہ (ع) خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

لابد (ع) لازم ❖

لابدی (ع۔ مث) لازمی ضروری

لاپرواہی (ف۔ مث) بے پرواہی

لاتعداد (ع۔ ص) بے شمار بے حد

لاثانی (ع۔ ص) بے مثال۔ بے نظیر

لاجرم (ع) ناچار۔ مجبوراً ❖

لاجواب (ع۔ ص) چپ۔ مغلوب۔ بے نظیر ❖

لاچار (ا) مجبور۔ بے بس۔ غریب بے چارہ ❖

لاچارگی (ا۔ مث) مجبوری۔ تنگی

لاچاری (ا۔ مث) مجبوری عاجزی۔ تنگی ❖

لاحاصل (ع) بے فائدہ

لاحول (ع) قوت نہیں لعنت

پھٹکار۔ شیطان کو بھگانے
کے لیئے پڑھتے ہیں ٭
لاحول پڑھنا (ا) غصّے کی
حالت میں یا کسی چیز کے گم
ہو جانے پر لاحول و لاقوۃ پڑھنا
لا دوا (ع۔ص) لا علاج ٭
لاریب (ع۔ص) بے شک
لازوال (ع۔ص) نہ گھٹنے
والا۔ غیر فانی۔ مستقل ٭
لاشے (ع۔ص) کچھ نہیں نکما
لاطائل (ع۔ص) بےفائدہ ٭
لاعلاج (ع۔ص) لادوا۔
لاچار۔ سخت بیمار ٭
لاعلم (ع۔ص) ان پڑھ ناواقف
لاکلام (ع) بے شک ضرور
لامذہب (ع۔ص) جس کا کوئی
مذہب نہ ہو۔ بے دین ٭
لامکان (ع۔ص) جس کا کوئی
خاص مکان نہیں۔ خدا ٭
لاوارث (ع۔ص) جس کا کوئی
وارث نہ ہو جس چیز کا کوئی مالک نہ ہو
لاولد (ع۔ص) بے اولاد ٭
لاہوت (ع۔مذ) خدا کی ذات

ہیں فنا ہونے کی حالت ٭
لایزال (ع۔ص) دائمی۔
ہمیشہ رہنے والا ٭
لاعقل (ع۔ص) بیوقوف
بے عقل ٭
لایعنی (ع۔ص) بے ہودہ۔ لغو
لایموت (ع۔ص) نہ مرنے والا
لابھ (س۔مذ) فائدہ۔ نفع۔ لالچ
لاینحل (ع۔ص) نہ حل ہونے
والا۔ مشکل ٭
لات (ع۔مذ) عرب کے ایک مشہور
بت کا نام ہے جو اسلام سے پہلے تھا
لات (ہ۔مث) لت۔ پاؤں
کی ضرب ٭
لات مارنا (ہ) لات چلانا۔
ٹھوکر مارنا۔ چھوڑنا ٭
لاٹ (ہ۔مث) لاٹھ۔ لو۔ شعلہ
لاٹ (انگ۔مذ) لارڈ۔ ملک کا
حاکم۔ ایک معزز خطاب ٭
لاٹ پادری (ا۔مذ) بڑا پادری
لاٹ (انگ۔مث) قسمت۔ ڈھیر
لاٹری (انگ۔مث) قسمت
آزمائی۔ جوا ٭

لاٹھ (ہ۔مث) مینار ٭
لاٹھی (ہ۔مث) ہاتھ کی لکڑی
ڈنڈا۔ ڈانگ ٭
لاٹھی لٹھول (ہ۔مث) مار پیٹ
لاج (انگ) کم رہنے کی جگہ ٭
لاج (ہ۔مث) شرم۔ حیا۔ عزت ٭
لاج رکھنا (ہ) شرم رکھنا
عزت رکھنا ٭
لاجورد (ف۔مذ) ایک قسم کا
نیلا چمکدار پتھر ٭
لاجوردی (ف۔ص) نیلا ٭
لاحق (ع۔ص) ملا ہوا چمٹا
ہوا۔ پیچھے لگا ہوا ٭
لاحقہ (ع۔ص) پیچھے لگی ہوئی
لادنا (ہ) جانور یا گاڑی پر
بوجھ رکھنا۔ آدمی کے سر پر
بہت سارا بوجھ رکھنا ٭
لادی (ہ۔مث) بوجھ۔ گٹھڑی ٭
لاڈ (ہ۔مذ) پیار۔ محبت ٭
لاڈلا (ہ۔ص) پیارا۔ دُلارا ٭
لاڈلی (ہ۔ص) پیاری۔ مست
سرکش ٭
لارڈ (انگ) انگریز رئیسوں کا خطاب

لارڈ بشپ (انگ۔مذ) لاٹ پادری

لازم (ع) وابستہ۔ساتھ لگا ہوا۔ضرور ٭

لازم ملزوم (ع۔ص) ایک دوسرے پر موقوف۔واجب ضروری

لازمہ (ا۔مذ) جوڑ۔میل۔سامان ٭

لازمی (ع۔ص) ضروری ٭

لاسا (ہ۔مذ) پرندوں کے پکڑنے کے لئے لیسدار دودھ وغیرہ ٭

لاسا لگانا (ہ) جانور کو پکڑنے کے لئے لیس لگانا ٭

لاش (ت۔مث) لوتھ۔مردے کا جسم۔جنازہ ٭

لاغر (ف۔ص) دُبلا۔پتلا۔کمزور

لاغری (ف۔مث) کمزوری ناطاقتی ٭

لاف (ف۔مث) گپ۔ڈینگ۔بڑائی ٭

لاف زنی (ف) ڈینگ مارنا

لاف مارنا (ا) ڈینگ مارنا شیخی بگھارنا ٭

لاف وگزاف (ف۔مث) بیہودہ باتیں کرنا۔ڈینگ ٭

لاکٹ (انگ۔مذ) گھڑی کی زنجیر میں لٹکانے کی چیز ٭

لاکھ (ہ۔مذ) سو ہزار۔بہت نہایت۔کتنا ہی ٭

لاکھ پر بھاری ہے (ل) سب پر غالب ہے۔بے مثال ٭

لاکھ (ہ۔مث) ایک قسم کا سرخ رنگ جو کیڑوں سے حاصل ہوتا ہے

لاکھا (ہ۔مذ) ہونٹوں پر ملنے کا سُرخ رنگ ٭

لاگ (ہ۔مث) تعلق۔لگاؤ محبّت۔ضد ٭

لاگ ڈانٹ (ہ۔مث) عداوت اَن بَن ٭

لاگ رکھنا (ہ) دشمنی رکھنا تعلق رکھنا ٭

لاگ لپیٹ (ہ۔مث) طرفداری حمایت ٭

لاگت (ہ۔مث) خرچ قیمت ٭

لاگو (ہ۔ص) درپے۔مُصر ٭

لاگو ہونا (ہ) پیچھے پڑنا۔خواہش رکھنا

لال (ت۔ص) گنگ۔گونگا ٭

لال (ف۔مذ) سُرخ رنگ۔یاقوت۔لڑکا۔بچہ ٭

لال انگارا (ہ۔مذ) نہایت سرخ غصے میں بھرا ہوا ٭

لال بجھکڑ (ہ۔مذ) وہ بیوقوف جو اپنے کو عقلمند سمجھے ٭

لال پری (ا۔مث) سُرخ شراب ٭

لال پیلا (ہ۔ص) غصّے میں غضبناک ٭

لال کتاب (ا۔مث) وہ کتاب جس سے جاہلوں کو اپنی مشکل کا حل مل جائے۔ فالنامہ۔پٹواریوں کی کتاب ٭

لال ہونا (ہ) سُرخ ہونا۔غصّے میں بھرنا ٭

لالٹین (ا۔مذ) لمپ ٭

لالچ (ہ۔مذ) حرص۔طمع ٭

لالچ دینا (ہ) طمع دینا۔ترغیب دینا ٭

لالچ میں آنا (ہ) حرص میں پھنسنا۔دم میں آنا ٭

لالچی (ہ۔ص) حریص ٭

لالہ (ف۔مذ) ایک سرخ رنگ کا پھول۔پوست کا پھول ٭

لالہ رُخ (ف ص) سُرخ چہرے والا حسین معشوق ۔
لالہ رُو (ف ص) لالہ رُخ ۔
لالہ فام (ف ص) لال سُرخ
لالہ گُوں (ف ص) سرخ ۔ لال
لالی (ہ ۔ مث) سُرخی ۔
لالے پڑنا (ہ) بہت مایوسی ہونا ۔ آس ٹوٹنا ۔
لام (فرانسیسی ۔ مذ) توپ خانہ پلٹنوں کا مجموعہ ۔
لام لگنا (ہ) لڑائی شروع ہونا بہت ضرورت ہونا ۔
لام کاف (ع ۔ مذ) لعنت ملامت ۔ گالی گلوچ ۔
لامسہ (ع ص) چھونے کی قوت
لامع (ع ص) روشن ۔ چمکنے والا
لانا (ہ) لے آنا ۔ حاضر کرنا
لاؤ (ہ) لے آؤ ۔ لاں ۔ پانی کھینچنے کی موٹی رسی ۔
لاؤ لشکر (ا ۔ مذ) فوج اور سامان
لائیٹ (انگ ۔ مث) روشنی ۔ ہلکا ۔
لائیٹ ہوس (انگ مذ) روشنی کا مینار ۔
لائبریری (انگ مث) کتبخانہ ۔
لائبریرین (انگ مذ) منتظم کتبخانہ
لائسنس (انگ مذ) اجازت
لائسنسدار (ا ۔ مذ) وہ شخص جو بارود یا ہتھیار وغیرہ کے رکھنے کا مجاز ہو ۔
لائق (ع ص) لیاقت رکھنے والا ۔ فاضل ۔ مناسب ۔
لائن (انگ مث) لکیر ۔ خط ۔ قطار ۔ صدر مقام کی پولیس کے رہنے کے مکانات ۔
لائن افسر (انگ مذ) پولیس لائنز کا افسر ۔
لُبّ (ع ۔ مذ) خلاصہ ۔ مغز ۔ عطر ۔
لُبّ لباب (ع ۔ مذ) خلاصہ ۔ ست ۔ عطر ۔
لب (ف ۔ مذ) ہونٹھ ۔ کنارہ ۔ ساحل
لب بند ہونا (ا) مٹھاس کے سبب ہونٹھ چپکنا ۔ مُنہ بند ہونا ۔
لب دریا (ف مذ) دریا کا کنارہ
لب سڑک (ا) سڑک کے کنارے
لب شیریں (ف مذ) میٹھے ہونٹ معشوق کے ہونٹ ۔
لب گور (ف) مرنے کے قریب
لب و لہجہ (ف ۔ مذ) تلفظ ۔ طرز گفتگو ۔
لبادہ (ف مذ) چوغہ اور کوٹ ۔
لباڑی (ہ ص) جھوٹا ۔
لباس (ع مذ) پوشاک ۔ بھیس ۔
لبالب (ف ص) بھرا ہوا لبریز
لبرٹی (انگ مث) آزادی ۔
لبرل (انگ ص) آزاد ۔
لبریز (ف ص) بھرا ہوا ۔ لبالب
لبڑ خندہ (ا ص) بکواسی ۔ بیہودہ گو ۔
لبلبا (ہ) لیسدار ۔
لبلبی (ہ مث) بندوق کی کمانی
لبوب (ع ۔ مذ) جمع لُبّ کی ایک قسم کی معجون ۔
لبوں پر دم ہونا (ا) مرنے کے قریب ہونا ۔
لبھانا (ہ) لالچ دینا ۔ موہنا ۔ عاشق بنانا ۔
لبیک (ع) حاضر ۔ جی ہاں ۔

لبیں (ا۔مث) موچھیں ۔
لبیں لینا (ا) ہونٹوں کے اوپر کے بال کتروانا ۔
لَپ (ہ۔مث) مٹھی بھر
لپا (ہ۔مذ) تھپڑ۔ چانٹا
لپاڈکی (ہ۔مث) دھول دھپا۔ مار پیٹ ۔
لپالپ (ہ) جلد جلد ۔
لپٹ (ہ۔مث) شعلہ۔ لو۔ لاٹ۔ ہوا کا جھونکا ۔
لپٹانا (ہ) چمٹانا۔ چھاتی سے لگانا۔ ساتھ لگانا ۔
لپٹنا (ہ) چمٹنا۔ پیچھے لگنا۔ گلے سے لگنا۔ پھنسنا۔ نہ ہونا
لپّڑ (ہ۔مذ) تھپڑ۔ تماچہ ۔
لپڑ شپڑ (ہ۔مث) جلدی جلدی بولنا ۔
لپڑ لپڑ کرنا (ہ) کان کھانا۔ بکواس کرنا ۔
لپک (ہ۔مث) چمک۔ لپٹ۔ لو۔ جھپٹ۔ دوڑ ۔
لپکا (ہ۔مذ) عادت۔ مزہ۔ چسکا۔
لپکا پڑنا (ہ) لت لگنا۔ عادت پڑنا ۔
لپکانا (ہ) جھپٹانا۔ آگے کرنا
لپک کر (ہ) دوڑ کر۔ جلدی سے
لپکنا (ہ) دوڑنا۔ جھپٹنا۔ چمکنا۔ جلدی سے جانا ۔
لپیٹ (ہ۔مث) بل۔ تہ۔ جھپٹ۔ چال ۔
لپیٹ میں آنا (ہ) پھنسنا
لپیٹنا (ہ) تہ کرنا۔ باندھنا۔ آلودہ کرنا۔ الجھانا ۔
لَت (ہ۔مث) عادت ۔
لَت (ہ۔مث) لات ۔
لتاڑنا (ہ) روندنا۔ پامال کرنا۔ ٹھکرانا ۔
لتھ پتھ ہونا (ہ) شور بور ہونا۔ آلودہ ہونا ۔
لتھڑنا (ہ) آلودہ ہونا۔ بھرنا۔ کیچڑ سے خراب ہونا ۔
لتّہ (ف۔مذ) کپڑا۔ چیتھڑا ۔
لٹ (ہ۔مث) بالوں کی لڑی۔ جٹا ۔
لٹ پٹ (ہ) الٹ پلٹ۔ مست۔ بانکا ۔
لٹا (ہ۔مث) لٹ۔ جٹا ۔
لٹادھاری (ہ۔مذ) جوگی۔ لمبے بالوں والا فقیر ۔
لٹا پٹا (ہ۔مذ) استر بستر۔ ٹنگ چک ۔
لٹانا (ہ) پھیلانا۔ بچھانا۔ زمین پر گرانا ۔
لُٹانا (ہ) برباد کرنا۔ اڑانا۔ فضول خرچی کرنا ۔
لٹک (ہ۔مث) ناز و ادا۔ آن بان۔ لہر۔ موج ۔
لٹک کر چلنا (ہ) جھوم کر چلنا۔ مٹک کر چلنا ۔
لٹکا (ہ۔مذ) جادو۔ منتر۔ فریب۔ مکر۔ ڈھنگ ۔
لٹکانا (ہ) ٹانگنا۔ پھانسی دینا۔ کسی معاملہ کو لمبا کرنا ۔
لٹکن (ہ۔مذ) گھنٹے کا لنگر۔ پنڈولم۔ جھولا ۔
لٹکنا (ہ) جھولنا۔ پھانسی لگنا۔ ٹنگنا ۔
لُٹنا (ہ) تباہ ہونا۔ غارت ہونا۔ گھر اجڑنا ۔
لٹّو (ہ۔مذ) لاٹو۔ محو ہونا۔ چکرانا

لٹو ہونا (ہ) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ؛

لُٹوانا (ہ) غارت کرانا۔ برباد کرانا

لٹھ (ہ۔ مذ) ڈانگ۔ سونٹا ؛

لٹھ باز (ا۔ مذ) لاٹھیوں سے لڑنے والا ؛

لٹھ بازی (ا۔ مث) لاٹھیوں کی لڑائی ؛

لٹھ چلنا (ہ) لاٹھیوں کی لڑائی ہونا ؛

لٹّھا (ا۔ مذ) ایک قسم کا کپڑا ؛

لٹھا (ہ۔ مذ) لکڑ۔ شہتیر ؛

لٹھیا (ہ۔ مث) چھوٹی لاٹھی ؛

لُٹیا (ہ۔ مث) چھوٹا سا لوٹا

لُٹیا ڈبونا (ہ) ناکامیاب ہونا۔ ہمّت ہارنا ؛

لٹیرا (ہ۔ ص) لوٹ لینے والا ڈاکو ؛

لجاجت (ع۔ مث) منّت سماجت عاجزی۔ اصرار۔ مبالغہ ؛

لجانا (ہ) شرمانا ؛

لُجّہ (ع۔ مذ) دریا۔ ندی ؛

لُچّ (ا۔ ص) بدچلن۔ اوباش شہدا ؛

لُچّا (ا۔ ص) بدمعاش۔ گنڈا فسادی۔ بے حیا ؛

لُچر (ا۔ ص) لغو۔ بیہودہ ؛

لچک (ہ۔ مث) جنبش جھکاؤ نرمی ؛

لچک دار (ا۔ مذ) نرم وہ چیز جو حرکت دینے سے جنبش کرے جیسے بیت کی چھڑی ؛

لچکا (ہ۔ مذ) جھٹکا۔ ہچکولہ ؛

لچکا کھانا (ہ) جھٹکا کھانا مڑنا

لچکنا (ہ) بوجھ کے سبب جھکنا۔ بل کھانا

لچّھا (ہ۔ مذ) سوت کی انٹی۔ ڈورا

لچھمی (ہ۔ مث) دھن کی دیوی مال دولت ؛

لچّھن (ہ۔ مذ) رنگ ڈھنگ۔ کرتوت۔ عمل ؛

لچّھے دار باتیں (ہ) مزیدار باتیں

لحاظ (ع۔ مذ) ادب۔ پاس۔ شرم۔ حیا۔ خیال۔ توجہ

لحاف (ع۔ مذ) رضائی۔ سنوڑ [?]

لحد (ع۔ مث) قبر کی سامی [?] قبر۔ مزار ؛

لحظہ (ع۔ مذ) پل۔ دم ؛

لحم (ع۔ مذ) گوشت۔ ماس ؛

لحن (ع۔ مذ) گلو۔ سُریلی آواز

لحیم (ع۔ ص) موٹا۔ بہت گوشت والا ؛

لخت (ع۔ مذ) ٹکڑا۔ حصّہ

لختِ جگر (ف۔ مذ) جگر کا ٹکڑا۔ بیٹا ؛

لخلخہ (ف۔ مذ) خوشبودار دوا جو کئی خوشبودار دوائیوں سے بنائی جاتی ہے ؛

لدا پھندا (ہ۔ ص) لدا ہوا۔ بھرا ہوا

لدانا (ہ) گاڑی وغیرہ پر اسباب رکھوانا ؛

لد جانا (ہ) اسباب سے بھر جانا مر جانا ؛

لدنا (ہ) اسباب بھرنا۔ بوجھ رکھا جانا ؛

لدّو (ہ۔ ص) بوجھ اٹھانے والا جانور۔ گدھا۔ اونٹ وغیرہ

لدوانا (ہ) اسباب رکھوانا

لڈّو (ہ۔ مذ) مٹھائی کے گولے

لڈو ملنا (ہ) فائدہ ہونا ؛

لذّت (ع۔مث) ذائقہ۔لطف
انند۔حظ ؎
لذّتِ نفسانی (ع۔مث)
کھانے پینے پہننے اور
آرام طلبی کی لذت ؎
لذیذ (ع۔ص) مزیدار۔خوش ذائقہ
لُر (ف۔ص) احمق۔بے تمیز ؎
لرز جانا (ا) کانپ جانا۔ڈر جانا
لرزش (ف۔مث) کپکپی۔جنبش ؎
لرزہ (ف۔مث) کپکپی۔بھونچال ؎
لرزہ آنا (ا) کانپنا۔خوف چھانا
لڑ (ہ۔مث) لڑی۔ہار۔ڈوری ؎
لڑاک (ہ۔ص) جھگڑالو ؎
لڑاکا (ہ۔ص) جھگڑالو۔فسادی ؎
بدمزاج ؎
لڑانا (ہ) لڑائی کرانا ؎
لڑائی (ہ۔مث) جنگ۔جھگڑا۔فساد
لڑائی بھڑائی (ہ۔مث) دنگہ فساد
لڑائی کا گھر (ہ) فساد کی جڑ ؎
لڑائی مول لینا (ہ) خواہ مخواہ
لڑائی میں پڑنا ؎
لڑکا (ہ۔مذ) چھوکرا۔طفل۔بچہ
فرزند۔بے سمجھ ؎

لڑکا بالا (ہ۔مذ) بال بچہ۔اولاد
لڑکپن (ہ۔مذ) بچپن۔چھچھورا پن
لڑکوں کا کھیل (ہ۔مذ) آسان
کام۔دل بہلاوا ؎
لڑکھڑانا (ہ) کمزوری یا مستی کے
سبب پاؤں کا نپنا۔گمراہ
ہونا ؎
لڑکی (ہ۔مث) چھوکری۔بیٹی ؎
لڑ مرنا (ہ) لڑ کر جان دے دینا
(لڑنا بھڑنا ؎
لڑنا (ہ) جھگڑنا۔مارپیٹ کرنا
لڑھکنا (ہ) پھسلنا۔ڈھلکنا
لڑی (ہ۔مث) موتیوں کی لا
ہار۔سلک ؎
لزوم (ع) لازم ہونا۔ضرور
واجب ؎
لسان (ع۔مث) زبان۔جیبھ
بولی ؎
لسان الغیب (ع۔مث)
غیب کی آواز۔خواجہ حافظ
شیرازی کا لقب ؎
لسان العصر (ع۔مث) زمانے
کی زبان۔سید اکبر حسین

الہ آبادی کا لقب ؎
لَسّان (ع۔مذ) بہت بولنے
والا۔خوش گفتار ؎
لسّی (ہ۔مث) چھاچھ ؎
لَشتم پشتم (ا۔ص) جوں توں
بہرحال۔جلدی جلدی ؎
لشکر (ف۔مذ) سپاہ۔فوج
بھیڑ۔بھاڑ ؎
لشکر کشی (ف۔مث) دھاوا۔
چڑھائی ؎
لشکر گاہ (ف۔مذ) چھاؤنی
فوج کے اُترنے کی جگہ ؎
لشکری (ف۔مذ) سپاہی۔فوجی ؎
لطافت (ع۔مث) نرمی۔
نزاکت۔خوبی۔عمدگی۔ذائقہ
لطائف (ع۔مذ) لطیفہ کی جمع
لطائف الحیل (ع۔مذ) اچھے
حیلے۔عمدہ بہانے ؎
لُطف (ع۔مذ) مہربانی۔عنایت
نرمی۔لذت ؎
لُطف یہ ہے (ا) خوبی یہ
ہے۔مزہ یہ ہے ؎
لطیف (ع۔ص) عمدہ۔پاکیزہ

ہلکی - مزے دار ؛
لَطِیفہ (ع مذ) چٹکلہ - ظرافت کی بات - شگوفہ ؛
لَطِیفہ گو (ف - ص) ظریف - خوش مزاج ؛
لُعاب (ع مذ) تھوک - رس - عرق
لُعابدار (ف ص) لیسدار - رسدار
لُعابِ دہن (ف مذ) تھوک - رال
لَعْب (ع - مذ) کھیل کود - دل بہلاوا ؛
لُعْبت (ع - مث) گڑیا - پُتلی ؛
لَعْل (ع - مذ) لال - یار کے لب ؛
لَعْل اُگلنا (ا) منہ سے پھول جھڑنا
لَعْن (ع - مث) لعنت پھٹکار
لَعْن طَعْن (ع - مث) ملامت پھٹکار ؛
لَعْنَت (ع - مث) پھٹکار - ملامت
لَعْنَت بھیجنا (ا) بُرا بھلا کہنا - نفرت سے چھوڑنا ؛
لَعْنَت مُلامَت (ع - مث) تنبیہ - پھٹکار ؛
لَعْنَتی (ع - ص) مردود - بدبخت ؛
لَعُوق (ع مذ) چاٹنے کی لیسدار دوا ؛
لَعِین (ع - ص) لعنتی - مردود ؛
لُغات (ع - مث) لغت کی جمع - زبان کے الفاظ - ڈکشنری
لُغَایت (ع) انجام تک - یہاں سے لے کر وہاں تک
لُغَت (ع - مث) بولی - زبان - لفظ - ڈکشنری ؛
لَغْزِش (ف - مث) لڑکھڑاہٹ - جنبش - غلطی - خطا ؛
لَغْزِش آنا (ا) پھسلنا - لڑکھڑانا - رائے پر قائم نہ رہنا ؛
لَغْو (ع ص) بے ہودہ - بے معنی ؛
لُغْوی (ع - ص) اصلی معنے ؛
لَغْوِیات (ع مث) لغو کی جمع - فضول چیزیں ؛
لَفّ (ع - ص) شامل - لپٹا ہوا
لَفّاظ (ع - ص) خوش بیان - لسّان
لَفّاظی (ع - مث) خوش بیانی - بکواس - ڈینگ ؛
لَف فِ (ع - مذ) کا مذ کا عا - دکھوا
لِفافہ کھُلنا (ا) چالاکی ظاہر ہونا - بھید کھُلنا ؛
لفٹننٹ (انگ مذ) فوج کا ایک عُہدہ دار ؛
لفٹننٹ گورنر (انگ - مذ) صوبے کا اعلےٰ حاکم ؛
لَفْظ (ع مذ) بات - کلمہ - بول جو منہ سے نکلے ؛
لَفْظ بلَفْظ (ع) جُوں کا توں ایک ایک بات ؛
لَفْظاً (ع) لفظ سے - صاف صاف - تفصیل وار ؛
لَفْظی (ع - ص) اصلی - ٹھیک - زبانی ؛
لَفْظی بَحْث (ع - مث) باتوں کی تکرار - لفظی جھگڑا ؛
لَفْظی ترجمہ (ع - مذ) لفظ بلفظ ترجمہ
لَفْظی معنے (ع - مذ) اصلی معنی - لغوی معنی ؛
لِفَنگ (ا ص) گنڈا - بدمعاش ؛
لِفَنگا (ا - مذ) گُنڈا - بدمعاش - لُچا -
لِقا (ع مث) دیدار - درشن - چہرا
لَقّا (ا - مذ) ایک قسم کا کبوتر ؛
لَقَب (ع - مذ) نام جو کسی خاص صفت کے سبب پڑ جائے ؛
لَقْلَقَہ (ا - مذ) ہمّت - حوصلہ ؛

لُقمان (ع ۔ مذ) ایک مشہور حکیم کا نام ہے ٭

لُقمان کو حکمت سکھانا (ا) کسی عقلمند کو تدبیر بتانا بے فائدہ بات کرنا ٭

لُقمہ (ع ۔ مذ) نوالہ ۔ گراہ ٭

لُقمہ دینا (ا) نوالہ دینا ۔ غلطی بتانا ٭

لَق ودَق (ع ۔ ص) چٹیل میدان صحرا ۔ سنسان ٭

لَقوہ (ع ۔ مذ) ایک بیماری کا نام جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے ٭

لُقّہ (ا ۔ ص) بدمعاش ٭

لَک (انگ مذ) وارنش روغن سیاہ روغن جس سے کیڑے بجاتے ہیں

لَک (انگ ۔ مث) قسمت ٭

لکچر (انگ ۔ مذ) تقریر ۔ وعظ ٭

لکچرار (انگ ۔ ٭) تقریر کرنے والا ٭

لکیدوف (بمث) لالٹین ٭

لکڑ (ہ ۔ مذ) بڑی لکڑی ۔ شہتیر ٭

لکڑ ہارا (ہ ۔ مذ) لکڑیاں اکٹھی کرنے والا ۔ خارکش ٭

لکڑی (ہ ۔ مث) کاٹھ ۔ چوب چھڑی ۔ لاٹھی ٭

لکشمی (س مث) لچھمی ۔ دولت

لُکنت (ع ۔ مث) رُک رُک کر بولنے کی عادت ۔ توتلاپن ٭

لکھ (ہ ۔ مذ) لاکھ ۔ سو ہزار ٭

لکھ داتا (ص) بہت سخی ۔ قطب الدین ایبک کا لقب ٭

لکھ پتی (ہ ۔ مذ) لاکھ روپے کا مالک ۔ بڑا دولت مند ٭

لکھ لُٹ (ہ ۔ ص) بڑا فضول خرچ ٭

لکّہ (ف ۔ مذ) بادل کا ٹکڑا ٭

لِکھّا (ہ ۔ مذ) لکھا ہوا ۔ تحریر شدہ ۔ قسمت ٭

لکھا پڑھا (ہ ۔ ص) تعلیم یافتہ خواندہ ٭

لِکھانا (ہ) تحریر کرانا ۔ بلا ٭

لِکھائی (ہ ۔ مث) لکھنے کا کام ۔ لکھنے کی اُجرت ٭

لِکھت (ہ ۔ مث) لکھائی ۔ تحریر

لِکھت پڑھت (ہ ۔ مث) تحریری اقرار ۔ عہد نامہ ٭

لکھے موسٰے پڑھے خُدا (ا) ایسا ردّی خط جسے کوئی نہ پڑھ سکے ٭

لکیر (ہ ۔ مث) خط ۔ لیک ۔ لائن ۔ رسم ٭

لکیر پر چلنا (ہ) پرانی رسم کا پابند رہنا ٭

لکیر پیٹنا (ہ) پرانی رسم کا پابند رہنا ۔ افسوس کرنا ٭

لکیر کا فقیر (ا) پرانی رسم کا پابند ٭

لکیر کھینچنا (ہ) کاغذ پر خط کھینچنا ۔ حدبندی کرنا ۔ تو کرنا ۔ عہد کرنا ٭

لَگ (ہ) پاس ۔ قریب ٭

لگ بھگ (ہ) قریب قریب ۔ ملتا جلتا ۔ قریب قریب ٭

لگّا (ہ ۔ مذ) لاگ ۔ برابری ٭

لگّا کھانا (ہ) برابری کرنا ۔ جوڑ ہونا ٭

لگاتار (ہ) متواتر ۔ برابر ٭

لگا رکھنا (ہ) بچا رکھنا ٭

لگا رہنا (ہ) مصروف رہنا ساتھ رہنا ٭

لگا ہوا (ہ) ملا ہوا ۔ مصروف ۔

پاس ٭
لگام (ف۔مث) باگ۔عنان ٭
لگام دینا (ا) روکنا۔بند کرنا
قابو کرنا ٭
لگان (ہ۔مذ) معاملہ۔سرکاری
محصول۔تحصیل ٭
لگانا (ہ) چسپاں کرنا۔جوڑنا
کام پر مقرر کرنا ٭
لگاؤ (ہ۔مذ) تعلق۔نسبت۔دخل ٭
لگاوٹ (ہ۔مث) تعلق۔
چاہت۔دوستی ٭
لُگائی (ہ۔مث) عورت۔بیوی ٭
لگتی (ہ۔ص) کھبتی۔اثر کرنے
والی۔ٹھیک ٹھیک ٭
لگتے ہاتھ (ہ) ساتھ کے ساتھ
لگ جانا (ہ) مائل ہونا۔اثر
کر جانا۔چوٹ کر جانا ٭
لگڑ بگڑ (ہ۔مذ) ایک درندہ
جانور کا نام ہے ٭
لگن (ف۔مث) تھالی۔رکابی
چلمچی۔شمعدان ٭
لگن (ہ۔مث) محبت۔لگاؤ
چاہ۔آرزو ٭

لگن لگنا (ہ) محبت ہونا۔لو لگنا ٭
لگنا (ہ) جڑنا۔شامل ہونا۔جمنا ٭
لگی (ہ۔مث) لگن۔محبت۔
آگ۔تمنا ٭
لگی بُری ہوتی ہے (ہ)
عشق بُری بلا ہے ٭
لگی بجھانا (ہ) دل کی خواہش
پوری کرنا ٭
لگی لپٹی (ہ۔ص) طرفداری کی ٭
للچانا (ہ) لالچ کرنا۔چاہنا ٭
للکارنا (ہ) پکارنا۔ہانک لگانا ٭
للّٰہ (ع) خدا کے لئے ٭
للّٰہ الحمد (ع) تمام تعریف خدا
کے لئے ہے۔خدا کا شکر ٭
لمبوترا (ہ۔ص) گولائی دار چیز جو
ایک طرف لمبی ہو ٭
لم ٹنگا (ہ۔ص) لمبی لمبی ٹانگوں
والا ٭
لم ڈھینگ (ہ۔مذ) لم ٹنگو ٭
لم یزلی (ع۔ص) اٹل ہمیشہ
رہنے والا ٭
لِمَ (ع۔مذ) سبب۔وجہ۔علت ٭
لمبا (ہ۔ص) دراز۔بلند۔اونچا ٭

لمبا چوڑا (ہ۔ص) وسیع۔فراخ
کشادہ ٭
لمبائی (ہ۔مث) لمبان۔طول ٭
لمبردار (ا۔مذ) گاؤں کا چودھری
لمبی (ہ۔ص) دراز۔طویل ٭
لمبی تان کر سونا (ہ) بیفکری
سے سونا ٭
لمبے لمبے سانس بھرنا (ہ)
آہ سرد بھرنا۔افسوس کرنا ٭
لمحہ (ع۔مذ) پل۔سیکنڈ ٭
لمحہ بھر (ا) ذرا سی دیر۔ایک
پل ٭
لمس (ع۔مذ) ہاتھ لگانا۔چھونا ٭
لمعہ (ع۔مذ) چمک۔نور۔شعاع ٭
لن ترانی (ع۔مث) تو مجھے
نہیں دیکھ سکتا۔خودستائی۔
ڈینگ ٭
لن ترانی کی لینا (ا) ڈینگ
مارنا ٭
لن ترانیاں (ا۔مث) ڈینگیں
شیخیاں ٭
لُنج مُنج (ہ۔ص) وہ آدمی جس کے ہاتھ
پاؤں حرکت نہ کرسکیں۔شل۔لنڈورا ٭

لُنجا (ہ۔ص) لنگڑا۔ لُولا ؎
لُندے پھندے (ا) مکر و فریب
لُنڈ (ہ۔ص) سر کٹا ہوا۔ دھڑ ؎
لُنڈ مُنڈ (ہ۔ص) صفاچٹ
لُنڈا (ہ۔ص) بغیر دم کے۔ بے یار ؎
لُنڈا بازار (ا۔مذ) وہ بازار جس
میں کم سرمایہ کی دکانیں ہوں ؎
لُنڈن (انگ۔مذ) انگلستان کا
دار الخلافہ ؎
لُنڈورا (ہ۔ص) لُنڈا۔ بے دم
بے یار ؎
لُنڈھانا (ہ) بہانا۔ لڑھانا ؎
لنکا (س۔مث) جزیرہ سیلون ؎
لُنگ (ہ۔ص) لنگڑا۔ لُولا ؎
لنگر (ف۔مذ) لوہے کی بھاری
زنجیر جو جہاز یا کشتی ٹھہرانے
کے لئے پانی میں لٹکا
دیتے ہیں ؎
لنگر اُٹھانا (ا) جہاز روانہ کرنا ؎
لنگر خانہ (ف۔مذ) محتاج خانہ
سدا برت ؎
لنگر ڈالنا (ا) جہاز کھڑا کرنا
مقام کرنا ؎

لنگری (ف۔مذ) ایک قسم کی تھالی ؎
لنگڑا (ہ۔ص) لُولا۔ اپاہج ؎
لنگڑانا (ہ) لنگ کرنا۔ لنگڑا کر چلنا ؎
لنگوٹ (ا۔مذ) کاچھا۔ لنگوٹہ ؎
لنگوٹا (ا۔مذ) کاچھا۔ چھوٹی سی دھوتی
لنگوٹی (ہ۔مث) کم عرض دھوتی
لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا
(ا) تنگدستی میں مزے اُڑانا ؎
لنگوٹیا یار (ا۔مذ) گہرا دوست
بچپن کا دوست ؎
لنگور (ہ۔مذ) ایک قسم کا بندر ؎
لنگھانا (ہ) پار اُتارنا ؎
لُنگی (ہ۔مث) تہمبند یا سر پر
باندھنے کی دھاریدار پگڑی ؎
لو (ہ) پکڑو۔ سنبھالو۔ سنو ؎
لُو (ہ۔مث) گرم ہوا ؎
لَو (ہ۔مث) لپٹ۔ شعلہ۔ امید
محبت ؎
لَو لگانا (ہ) محبت کرنا۔ دُھن
باندھنا ؎
لَو لگنا (ہ) دُھن بندھنا۔ عشق لگنا
لوا (ع۔مذ) جھنڈا ؎
لواحق (ع۔مذ) رشتہ دار [illegible]

لواحقین (ع۔مذ) متعلقین
رشتہ دار ؎
لوازم (ع۔مذ) ضروری چیزیں۔ اسباب
لوازمات (ع۔مذ) سامان۔ اسباب
لوازمہ (ع۔مذ) ضروری چیزیں
سامان ؎
لوا لے جانا (ا) ساتھ لے جانا
لوبان (ع۔مذ) ایک درخت کا
خوشبودار گوند جو عود کی طرح
خوشبو دیتا ہے ؎
لوبھ (ہ۔مذ) لالچ۔ طمع ؎
لوبھی (ہ۔ص) لالچی ؎
لوبیا (ع) رواں۔ (ایک مشہور
غلہ ہے) ؎
لوتھ (ہ۔مث) جسم۔ لاش ؎
لوتھڑا (ہ۔مث) گوشت کا ٹکڑا
لوٹ (ہ۔مث) لوٹنی۔ کروٹ ؎
لوٹ پوٹ (ہ۔ص) عاشق
فریفتہ ؎
لوٹ پوٹ ہونا (ہ) تڑپ
جانا۔ عاشق ہو جانا ؎
لوٹ جانا (ہ) پھڑک جانا۔ مچل
جانا۔ بیقرار ہونا۔ عاشق ہو

جانا ؛
لُوٹ (ہ۔مث) لوٹ کھسوٹ
ظلم۔ اندھیرا ؛
لُوٹ پڑنا (ہ) لٹنا۔ اندھیر
مچنا ؛
لُوٹ کا مال (ہ۔مذ) مفت کا مال
لُوٹ کھسُوٹ (ہ۔مث)
لُوٹ مار۔ رہزنی۔ ڈاکہ ؛
لُوٹ مچانا (ہ) چھیننا۔
زبردستی کرنا ؛
لَوٹانا (ہ) واپس کرنا۔ ہٹانا ؛
لُوٹن (ہ۔ص) لوٹنے والا ؛
لَوٹنا (ہ) واپس ہونا۔ ہٹنا۔ پھرنا
لَوٹنا (ہ) مچلنا۔ لڑھکنا۔ بیقرار
ہونا۔ عاشق ہونا ؛
لُوٹنا (ہ) زبردستی چھیننا
تاراج کرنا ؛
لَوٹنی (ہ۔مث) قلابازی لڑھکنی
لَوٹنے کی جائے ہے (ا)
قربان ہونے کی جگہ ہے۔
فدا ہونے کا مقام ہے ؛
لَوث (ع۔مذ) ملاوٹ۔
آلودگی۔ داغ دھبہ ؛

لَوح (ع۔مث) لکھنے کی تختی
ٹائیٹل ؛
لَوحِ مشق (ف۔مث) مشق
کرنے کی تختی ؛
لَوحِ محفوظ (ع۔مث) وہ تختی
جس پر خدا نے لوگوں کے
اعمال اور تمام ہونے
والی باتیں لکھ رکھی ہیں ؛
لَوحِ مزار (ع۔مث) قبر کے
سرہانے کا نام وغیرہ کا پتھر
لَوح و قلم (ع۔مذ) تختی اور
قلم۔ احکام الٰہی کی تختی اور
قلم قدرت ؛
لودھی (ا۔مذ) پٹھانوں کے
ایک فرقہ کا نام ہے ؛
لوڈ (انگ۔مذ) بوجھ۔ بھار ؛
لوری (ہ۔مذ) بچوں کو سلانے
کا گیت ؛
لوری دینا (ہ) سلانے کا
گیت گانا ؛
لَوز (ع۔مث) بادام ؛
لَوزیات (ع۔مث) لوز کی
جمع۔ بادام ؛

لَوزِینہ (ع۔مذ) بادام کا حلوا
لُوط (ع) ایک پیغمبرؑ کا نام
مبارک ہے ؛
لُوطی (ع۔مذ) لوطؑ پیغمبر کی قوم
لڑکوں سے بدفعلی کرنے والا
لوک (س۔مذ) لوگ۔ انسان
آدمی ؛
لوکل (انگ۔ص) مقامی ؛
لوکل بورڈ (انگ۔مذ) مقامی کمیٹی
لوکل سلف گورنمنٹ (انگ۔مث)
میونسپل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ
بورڈوں کا صیغہ ؛
لوگ (ہ۔مذ) اشخاص۔ انسان
ذک ؛
لُولا (ہ۔ص) لنگڑا۔ لُنجا ؛
لُولُو (ع۔مذ) موتی۔ گوہر ؛
لُولیِ فلک (ف۔مث) زہرہ
لُومڑی (ہ۔مث) روباہ۔
مکار۔ عیار ؛
لَون (ع۔مذ) رنگ۔ طرح۔ قسم ؛
لَونجی (ہ۔مث) کچے آموں کی
پھانکوں کا اچار ؛
لَونڈا (ہ۔مذ) چھوکرا۔ لڑکا۔ غلام

یار ٭

لَونڈی (ہ۔مث) کنیز کی خادمہ

لَونگ (ہ۔مث) قرنفل۔ گرم مصالحہ کے ایک درخت کا شگوفہ

لوہ (ہ۔مذ) لوہا۔ بڑا توا ٭

لوہا (ہ۔مذ) مشہور دھات ہے مضبوط۔ سخت ٭

لوہا برسنا (ہ) تلوار چلنا ٭

لوہا کرنا (ہ) کپڑوں پر استری پھیرنا ٭

لوہا ماننا (ہ) دوسرے کی طاقت کو تسلیم کرنا۔ دبنا ٭

لوہار (ہ۔مذ) لوہے کی چیزیں بنانے والا ٭

لوہے کے چنے چبانا (ہ) نہایت مشکل اور کٹھن کام کرنا ٭

لوہے کی چھاتی کر لینا (ہ) دل سخت کر لینا۔ مصیبت جھیلنے کے لائق ہو جانا ٭

لوئی (ہ۔مث) اونی چادر ٭

لہار (ہ۔مذ) لوہار ٭

لُہان (ہ۔ص) خون آلودہ ٭

لَہجہ (ع۔مذ) تلفظ۔ طرزِ کلام۔ بول چال ٭

لہٰذا (ع) اسلئے ٭

لہر (ہ۔مث) موج۔ جوش۔ اُمنگ۔ خیال ٭

لہر اُٹھنا (ہ) موج آنا۔ شوق پیدا ہونا ٭

لہر بہر ہونا (ہ) خوشی حاصل ہونا۔ موج ہو جانا ٭

لہرا (ہ۔مذ) جوش پیدا کرنے والی سُر۔ آواز ٭

لہرانا (ہ) موج مارنا۔ کھیتی کا ہوا سے ہلنا ٭

لہری (ہ۔ص) موجی۔ زندہ دل ٭

لہریا (ہ۔ص) لہردار۔ ترچھی دھاریوں کا ٭

لہریں لینا (ہ) جھومنا۔ موجیں مارنا ٭

لہریں گننا (ہ) وقت ضائع کرنا ٭

لہسن (ہ۔مذ) تھوم ٭

لہک (ہ۔مث) شعلہ۔ سرسبزی بہار ٭

لہکنا (ہ) لہلہانا۔ لہرانا۔ چمکنا جھلکنا ٭

لہلہاتا (ہ۔ص) جھومتا ہوا۔ سرسبز۔ ہرا بھرا ٭

لہلہانا (ہ) لہرانا۔ ہری کھیتی کا جھومنا ٭

لہنا (ہ۔مذ) قسمت۔ فائدہ ٭

لہنگا (ہ۔مذ) گھگرا ٭

لہُو (ہ۔مذ) خون ٭

لہُو آنا (ہ) خون نکلنا ٭

لہُو برسنا (ہ) خون ٹپکنا۔ خون کی بارش ہونا ٭

لہُو پسینہ ایک کرنا (ہ) سخت محنت کرنا۔ مصیبت جھیلنا

لہُو پینا (ہ) خون چُوسنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ قتل کرنا ٭

لہُو خشک ہونا (ا) خون سُوکھ جانا۔ ڈر جانا۔ سخت صدمہ پہنچنا ٭

لہُو سفید ہونا (ا) محبت نہ رہنا۔ رحم نہ رہنا ٭

لہُو کا پیاسا (ہ۔ص) جانی دشمن ٭

لہُو کا جوش (ا۔مذ) پدری محبت۔ خاندانی اُلفت ٭

لہو کے گھونٹ پینا (ہ) غصے کو مار کر رہ جانا۔ غم کھانا۔ صبر کرنا ؛

لہو کی ندیاں بہنا (ہ) بہت خونریزی ہونا ؛

لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا (ا) ذرا سا کام کر کے بڑے کام کرنے والوں میں شامل ہو جانا ؛

لہو لہان (ہ۔ص) خون میں لتھ پتھ ؛

لہو میں ہاتھ رنگنا (ا) قتل کرنا۔ ذبح کرنا ؛

لہو (ع۔مذ) کھیل۔ بازی ؛

لہو و لعب (ع مذ) کھیل کود تفریح۔ سیر۔ تماشا ؛

لے (ہ۔مث) سُر۔ آواز۔ دھن خیال ؛

لے اُڑنا (ہ) لے کر چل دینا ؛

لے بھاگنا (ہ) لے اُڑنا ؛

لے پالک (ہ۔مذ) متبنّٰے ؛

لے دے (ہ۔مث) لینا دینا۔ لعنت ملامت ؛

لے دے کرنا (ہ) لعنت ملامت کرنا۔ تنبیہ کرنا ؛

لے دے کے (ہ) صرف فقط۔ تمام ؛

لے ڈوبنا (ہ) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کرنا ؛

لے لینا (ہ) چھین لینا۔ قابو کر لینا۔ پکڑ لینا ؛

لیاقت (ع۔مث) قابلیت سمجھ۔ خوبی۔ تہذیب ؛

لیپ (ہ۔مذ) پلستر ؛

لیپنا (ہ) پلستر لگانا۔ قلعی کرنا گوبری پھیرنا۔ چھپا دینا ؛

لیت و لعل (ع۔مث) ٹال مٹول۔ وعدہ وعید ؛

لیٹ (انگ۔ص) دیر کر کے وقت کے بعد۔ گذشتہ مرحوم ؛

لیٹر (انگ۔مذ) چٹھی۔ خط ؛

لیٹر بکس (انگ۔مذ) چٹھی ڈالنے کا بکس ؛

لیجسلیٹو (انگ۔ص) واضع قوانین۔ آئین ساز ؛

لیجسلیٹو کونسل (انگ۔مث) صوبہ کی قانون بنانے والی کمیٹی ؛

لیجسلیٹو اسمبلی (انگ۔مث) ہندوستان بھر کی قانون بنانے والی مجلس ؛

لید (ہ۔مث) گھوڑے ہاتھی کا گوبر ؛

لیڈر (انگ۔مذ) رہنما۔ قائد ؛

لیڈی (انگ۔مث) شریف عورت

لیڈی ڈاکٹر (انگ۔مث) ڈاکٹر عورت ؛

لیتھڑا (ہ۔مث) دھجی۔ کترن ؛

لیزم (ف۔مث) ایک لچکدار کمان۔ سپرنگ ؛

لیس (ا۔ص) تیار۔ آمادہ ؛

لیس (انگ۔مث) ڈوری گوٹا

لیس (ہ۔مث) چیپ ؛

لیسدار (ا۔ص) لیس والی ؛

لیک (ہ۔مث) لکیر۔ نشانی۔ خط ؛

لیک (ف) لیکن

لیکن (ف) پر۔ مگر۔ اِلّا ؛

لیکھا (ہ۔مذ) حساب کتاب۔ لین دین ؛

لَیل (ع۔مث) رات ؛

لَیل و نہار (ع۔مذ) دن رات ؛

لَیلَۃُ القَدر (ع۔مث) شب قدر ؛

لیلیٰ (ع۔مث) مجنون کی معشوقہ کا نام ہے ؛

لَئِیم (ع۔ص) کمینہ۔ بخیل ؛

لَئِیمُ الطَبع (ع۔ص) کمینہ۔ اوچھا

لَیمپ (انگ۔مذ) لالٹین۔ چراغ

لیمَن (انگ۔مذ) لیموں ؛

لِیموں (ع۔مذ) نیبو۔ لیمو ؛

لیمونیڈ (انگ۔مذ) سوڈا واٹر جس میں لیمو کا رَس ہو ؛

لَیئن (انگ۔مث) لائن ؛

لَیئن ڈوری (ا۔مث) پیش خیمہ۔ نشانی ؛

لَیئن کلیر (انگ۔مث) ٹرک کے صاف ہونے کی تحریر ؛

لینا (ہ۔مذ) قرضہ ؛

لینا (ہ) پکڑنا۔ سنبھالنا۔ تھامنا۔

لینا ایک نہ دینا دو (ہ) کوئی غرض نہیں ؛

لینا دینا (ہ) تعلّق۔ واسطہ ؛

لین دین (ہ۔مذ) حساب کتاب ؛

لینے کے دینے پڑنا (ہ) نفع کی بجائے اُلٹا نقصان ہونا ؛

لیوا (ہ۔ص) لینے والا ؛

لیی (ہ۔مث) لیٹی۔ بسریش ؛

لیوَل (انگ۔مذ) ہموار سطح ؛

م

عربی کا چوبیسواں(۲۴) فارسی کا اٹھائیسواں(۲۸) اور اردو کا اکتیسواں(۳۱) حرف سکے عدد چالیس(۴۰) ہیں

مَا (ع) نہیں۔ نہ۔ کون۔ جو ؛

مابَعد (ع۔ص) پیچھے کا۔ پیچھے

مابَقا (ع۔ص) باقی۔ بچا ہوا

مَابہِ الاِحتیاج (ع۔مذ) جس کی ضرورت پڑے ؛

مَابہِ الاِمتیاز (ع۔مذ) جس چیز سے شناخت ہو سکے ؛

مابہِ النزاع (ع۔مذ) فساد کی جڑ

مابَین (ع) درمیان میں۔ وسط میں ؛

ماتَحت (ع۔ص) زیر حکم۔ نائب رعیّت ؛

ماتَقدّم (ع۔ص) پہلے کا

ماحَصَل (ع۔مذ) نتیجہ۔ پھل نفع۔ پیداوار ؛

ماحَضر (ع۔مذ) جو کچھ حاضر ہو موجودہ طعام ؛

ماسَبَق (ع۔ص) گذشتہ۔ پہلا ؛

ماسَلَف (ع۔ص) گذشتہ

ماسِوا (ع) علاوہ۔ خدا کی ذات کے سوا ؛

ماشَاءَ اللہ (ع) جو خدا نے چاہا ؛

مافَات (ع۔ص) جو گزر گیا ؛

مافَوق (ع۔ص) جو اوپر ہو۔

زیادہ۔ اعلےٰ ؛
مافی الضمیر (ع۔ص) دل کی بات۔ نیت ؛
مافیہا (ع۔مذ) جو کچھ اس میں ہے ؛
ماقبل (ع۔مذ) پہلے کا پہلے
مالا یطاق (ع۔مذ) جو بات کسی کی طاقت سے باہر ہو ؛
مالاینحل (ع۔مذ) جو حل نہ ہو سکے بہت مشکل ؛
مامضےٰ (ع۔مذ) جو کچھ ہو چکا گذشتہ ؛
ماورا (ع) اس کے علاوہ
مایحتاج (ع۔مذ) ضروریات
ماء (ع۔مذ) پانی۔ جل ؛
ماء الجبن (ع۔ص) وہ پانی جو دودھ کو پھاڑ کر حاصل کیا جاتا ہے ؛
ماء اللحم (ع۔مذ) گوشت کا عرق
ماں (ہ۔مث) ماں۔ مادر والدہ
ماپ (ہ۔مث) ناپ پیمائش اندازہ ؛
ماپنا (ہ) پیمائش کرنا ؛
مات (ہ۔مث) ہار شکست ؛

مات کرنا (ہ) شکست دینا مغلوب کرنا۔ سبقت لے جانا ؛
مات ہونا (ہ) شکست کھانا شرمندہ ہونا ؛
ماتا (ہ۔مث) ماں۔ والدہ ؛
ماتا پتا (ہ۔مذ) ماں باپ ؛
ماتم (ع۔مذ) رونا پیٹنا۔ گریہ مصیبت۔ غم ؛
ماتم پرسی (ف۔مث) افسوس ظاہر کرنا۔ پرچانا ؛
ماتم خانہ (ف۔مذ) سوگ کا گھر ؛
ماتم دار (ف۔ص) سوگوار ؛
ماتم زدہ (ف۔ص) سوگی غمگین
ماتم کرنا (ا) رونا پیٹنا۔ افسوس کرنا ؛
ماتمی (ا۔ص) ماتم کرنے والا ؛
ماتمی لباس (ا۔ص) سیاہ لباس
ماتھا (ہ۔مذ) پیشانی ؛
ماتھا ٹھنکنا (ہ) کسی بُری یا خطرے والی بات کا پہلے ہی کسی علامت سے معلوم ہو جانا ؛
ماتھا رگڑنا (ہ) بڑی عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا ؛

ماٹی (ہ۔مث) مٹی۔ خاک ؛
ماجد (ع۔مذ) بزرگ ؛
ماجدہ (ع۔مث) بزرگ عورت۔ معظمہ ؛
ماجرا (ع۔مذ) سرگذشت۔ بیتی۔ واقعہ ؛
ماجو (ہ۔مذ) مازو۔ مائیں ؛
ماجوج (سریانی۔مذ) ایک قوم کا نام ہے ؛
ماخذ (ع۔مذ) اخذ کرنے کی جگہ۔ منبع۔ اصل۔ بنیاد ؛
ماخوذ (ع۔ص) گرفتار۔ مبتلا۔ لیا ہوا ؛
مادام (ع) ہمیشہ ؛
مادر (ف۔مث) ماں والدہ ؛
مادر پدر آزاد (ف۔ص) بالکل بے پروا ؛
مادر زاد (ف۔ص) جنم کا۔ پیدائشی ؛
مادری زبان (ف۔مث) ماں کی زبان۔ اپنی بولی۔ گھر کی زبان ؛
مادہ (ع۔مذ) ہر چیز کا سامان

مصالحہ۔ لیاقت ؛
مادہ (ف۔مث) مادین۔ نرکی ضد۔ مؤنث ؛
مادی (ع۔مث) مادہ کی دُنیاوی ؛
مادیاں (ف۔مث) گھوڑی ؛
مادیت (ع۔مث) جسمانیت ؛
مادین (ف۔مث) مادہ مؤنث ؛
مار (ف۔مذ) سانپ ؛
مارِ آستین (ف۔مذ) رازدار دشمن۔ بھیدی دشمن ؛
مارگزیدہ (ف۔مذ) سانپ کا ڈسا ہوا ؛
مارگیسو (ف۔مذ) زلف کی ناگن۔ یار کی زلف ؛
مار (ہ۔مث) چوٹ۔ سزا ؛
مار بھگانا (ہ) شکست دینا
مار پیٹ (ہ۔مث) مار کٹائی زدوکوب ؛
مار دھاڑ (ہ۔مث) مار پیٹ
مار ڈالنا (ہ) قتل کردینا۔ تباہ کردینا ؛
مار کھانا (ہ) سزا پانا۔ جوتیاں لگنا ؛

مار لینا (ہ) دبا لینا ؛
مارا مار (ہ۔مث) کثرت۔ بہتات۔ کوشش ؛
مارا مار کرنا (ہ) بہت کوشش کرنا۔ جلدی کرنا ؛
مارنا (ہ) پیٹنا۔ قتل کرنا۔ چیز دبا لینا ؛
مارننگ (انگ۔مث) صبح سویرے
ماروت (ع۔مذ) ایک فرشتے کا نام ہے ؛
مارے مارے پھرنا (ہ) دربدر دھکے کھانا ؛
ماڑا (ہ۔ص) کمزور۔ ناتوان ؛
ماڑی (ہ۔مث) کوٹھا۔ دوسری منزل (ص) کمزور ؛
مازو (ف۔مذ) ماجو ؛
ماس (ہ۔مذ) گوشت ؛
ماسٹر (انگ۔مذ) مالک۔ ماہر۔ اُستاد ؛
ماسی (ہ۔مث) ماں کی بہن ؛
ماش (ہ۔مث) اُڑد مشہور دال ہے
ماشہ (ف۔مذ) آٹھ رتی کا وزن تولے کا بارھواں حصّہ ؛

ماشہ بھر (ابص) تھوڑا سا۔ ایک ماشہ ؛
ماشی (ہ۔ص) ماش کے رنگ کی ؛
ماضی (ع۔مذ) گذشتہ۔ گذرا ہوا ؛
ماضیہ (ع۔ص) گذشتہ۔ پہلا ؛
ماکولات (ع۔مث) کھانے کی چیزیں۔ سبزیاں ؛
ماکیاں (ف۔مث) مرغی ؛
مال (ع۔مذ) دھن دولت اسباب
مال اُڑانا (ہ) روپیہ برباد کرنا۔ خیانت کرنا ؛
مالِ حرام (ع۔مذ) ناجائز مال چوری کا مال ؛
مالِ حرام بود بجائے حرام رفت (ف) ناجائز کمایا ہوا مال بُری جگہ پر ہی خرچ ہوتا ہے ؛
مال خانہ (ف۔مذ) گودام۔ گنجینہ
مال دار (ف۔ص) دولتمند ؛
مالِ طیّب (ع۔مذ) اچھا مال حق حلال کا مال ؛
مالِ غنیمت (ع۔مذ) لوٹ کا مال مفت کا مال ؛

مال گزار (ف۔ مذ) معاملہ دینے والا ٭

مال گزاری (ف۔ مث) معاملہ زمین کا محصول ٭

مال مست (ف۔ ص) مال کے نشہ میں۔ مغرور ٭

مال مُفت (ف۔ مذ) بغیر محنت کے حاصل کیا ہوا مال ٭

مال مفت دل بے رحم (ف) مفت کا روپیہ بیدردی سے خرچ کیا جاتا ہے ٭

مال وَقف (ع۔ مذ) ایسی چیز جس کا کوئی مالک نہ ہو۔ مسجد وغیرہ۔ خدا کا مال ٭

مآل (ع۔ مذ) انجام۔ نتیجہ۔ پھل ٭

مآل اندیش (ف۔ ص) انجام سوچنے والا۔ دُور اندیش ٭

مآل اندیشی (ف۔ مث) دُور اندیشی۔ عقلمندی ٭

مآل کار (ف۔ مذ) انجام کار

مالا (ہ۔ مث) تسبیح۔ ہار ٭

مالا مال (ع۔ ص) بھرا ہوا۔ دولتمند۔ خوشحال ٭

مالا مال کر دینا (ا) نہال کر دینا امیر بنا دینا ٭

مال پُوا (ہ۔ مذ) گلگلا ٭

مالِش (ف۔ مث) ملنا تیل وغیرہ جسم پر ملنا ٭

مالِک (ع۔ مذ) صاحب۔ والی۔ بااختیار ٭

مالِکُ المُلک (ع۔ مذ) ملک کا مالک۔ خدا ٭

مالکانہ (ع۔ مذ) جاگیرداری کا حق۔ بطور مالک ٭

مالکنگنی (ہ۔ مث) ایک خوشبودار دوائی کا نام ہے ٭

مالکوس (ہ۔ مذ) ایک مشہور راگ کا نام ہے ٭

مالن (ہ۔ مث) مالی کی بیوی ٭

مالُوف (ع۔ ص) اُلفت کیا ہوا۔ عزیز۔ پیارا ٭

مالی (ع۔ ص) مال کے متعلق مالگذاری کے متعلق ٭

مالی کام (ا۔ مذ) مال کا روبار معاملہ کا کام ٭

مالی (ہ۔ مذ) باغبان ٭

مالیّت (ع۔ مث) سرمایہ پونجی دولت۔ قیمت ٭

مالیخولیا (یونانی۔ مذ) سودا۔ خفقان ٭

مالیدہ (ف۔ مذ) چوری۔ ملا ہوا۔ اُونی کپڑا ٭

ماما (ہ۔ مذ) ماں کا بھائی۔ ماموں ٭

ماما (ہ۔ مث) خادمہ۔ دائی۔ لونڈی

مامتا (ہ۔ مث) ماں کی محبت۔ پیار ٭

مامَن (ع۔ مذ) امن کی جگہ۔ پناہ گاہ ٭

مامُور (ع۔ ص) امر کیا گیا۔ مقرر کیا گیا ٭

مامُول (ہ۔ مذ) ماں کا بھائی۔

مامُون (ع۔ ص) محفوظ۔ امن کیا گیا ٭

مامی (ہ۔ مث) ماموں کی بیوی

ماں (ہ۔ مث) والدہ ٭

مان (ہ۔ مذ) گھمنڈ۔ غرور ٭

مان کرنا (ہ) غرور کرنا ٭

مان نہ مان میں تیرا مہمان (ا) خواہ مخواہ دخل دینا ٭

مانا (ہ) فرض کیا۔ تسلیم کیا ٭
مانجنا (ہ) برتن صاف کرنا ٭
ماند (ہ۔مث) ہلکا۔ پھیکا ٭
ماند پڑنا (ہ) پھیکا پڑنا۔ رونق نہ رہنا ٭
ماند ہونا (ہ۔ مدھم پڑنا۔ رنگ اُتر جانا ٭
ماندا (ا۔ص) تھکا ہوا کمزور بیمار ٭
ماندگی (ف۔مث) تھکاوٹ کمزوری ٭
ماندہ (ف۔ص) رہا ہوا۔ تھکا ہوا ٭
مانس (ہ۔مذ) آدمی۔ پُرش ٭
مانع (ع۔مذ) روکنے والا منع کرنے والا ٭
مانع آنا (ا) روکنا۔ سدِّراہ ہونا ٭
مانگ (ہ۔مث) سیون بالوں کے درمیان کی لکیر۔ طلب ضرورت۔ خریداری ٭
مانگ سنوارنا (ہ) کنگھی چوٹی کرنا
مانگا تانگا (ہ) مانگا ہوا اُدھار لیا ہوا ٭
مانگنا (ہ) کسی سے کوئی چیز طلب کرنا۔ سوال کرنا ٭
ماننا (ہ) تسلیم کرنا قبول کرنا اقرار کرنا۔ راضی ہونا ٭
مانند (ف) مثل جیسا مطابق
مانوس (ع۔ص) اُنس کیا ہوا پسند۔ خوگر ٭
مانی (ف۔مذ) ایک مشہور رُومی نقاش کا نام ہے ٭
مانیٹر (انگ۔مذ) جماعت میں اُستاد کا نائب ٭
ماویٰ (ع۔مذ) جائے پناہ۔ ٹھکانا ٭
ماوا (ہ۔مذ) سامان بمصالحہ ٭
ماہ (ف۔مذ) چاند۔ قمر۔ مہینہ ٭
ماہ بماہ (ف) ہر مہینے کا ہوا
ماہ پارہ (ف۔مذ) چاند کا ٹکڑا خوبصورت ٭
ماہ جبیں (ف۔ص) چاند سا مکھڑا نہایت خوبصورت ٭
ماہ رُو (ف۔ص) چاند سا مکھڑا نہایت خوبصورت ٭
ماہِ کامل (ف۔مذ) پورا چاند بدر
ماہِ کنعاں (ف۔مذ) حضرت یوسف علیہ السلام ٭
ماہ لقا (ف۔ص) خوبصورت ٭
ماہِ نخشب (ف۔مذ) حکیم ابن مقنع کا بنایا ہوا چاند جو تین میل تک روشنی دیا کرتا تھا ٭
ماہتاب (ف۔مذ) چاند کی روشنی۔ چاند ٭
ماہتابی (ف۔مث) اونچا چبوترہ جو باغ یا گھر میں چاندنی کی بہار دیکھنے کو بناتے ہیں ایک قسم کی آتشبازی ٭
ماہر (ع۔ص) اُستاد۔ کامل واقف
ماہوار (ف) ہر مہینے۔ تنخواہ ٭
ماہواری (ف۔مث) مہینے کا چاند کا۔ ہر مہینے ٭
ماہی (ف۔مث) مچھلی ٭
ماہی گیر (ف۔مذ) مچھلی پکڑنے والا ٭
ماہی مراتب (ف۔مذ) عزت کا نشان جو بادشاہ کی سواری کے آگے آگے چلتا ہے ٭
ماہیانہ (ف۔مذ) ماہواری تنخواہ

ماہیئت (ع۔ مث) حقیقت
اصلیت ٭
مائدۃ (ع۔ مذ) دسترخوان ٭
مائدۃ من السّماء (ع) آسمان
سے اُترا ہوا کھانا ٭
مائی (ع۔ ص) پانی کا۔ آبی ٭
مائی (ہ۔ مث) ماں۔ والدہ ٭
مائی باپ (ہ۔ مذ) ماں باپ
حاکم۔ سردار ٭
مایا (س۔ مذ) قدرت۔ نیچر۔
دھن۔ دولت ٭
مائع (ع۔ ص) بہنے والی شے
مائل (ع۔ ص) میل رکھنے والا
راغب۔ شائق۔ عاشق۔
مائل کرنا (ا) متوجہ کرنا۔ جھکانا
مایوسی (ع۔ مث) ناامیدی
ناکامی ٭
مایہ (ف۔ مذ) پونجی۔ مادہ اصل
مُباح (ع۔ ص) جائز۔ روا
حلال ٭
مُباحثہ (ع۔ مذ) تکرار۔ سوال
جواب۔ بحث ٭
مُباحثہ کرنا (ا) بحث کرنا۔ سوال
جواب کرنا ٭
مُبادا (ف) خدا نہ کرے ایسا
نہ ہو ٭
مُبادلہ (ع۔ مذ) معاوضہ۔
ادلہ بدلہ ٭
مُبادی (ع۔ مث) ابتدا۔ شروع
مُبارز (ع۔ ص) لڑنے والا
سپاہی۔ جنگجو ٭
مُبارک (ع۔ ص) برکت والا
نیک ٭
مُبارکباد (ف) خدا برکت دے
خوشخبری۔ بدھائی ٭
مُبارک (ا) نصیب ہو۔
باعث برکت ہو ٭
مُباف (ا۔ مذ) پراندہ ٭
مُبالغ (ع۔ مذ) مبلغ کی جمع
روپے ٭
مُبالغہ (ع۔ مذ) حد سے بڑھ کر
بات کرنا ٭
مُبالغہ کرنا (ا) حد سے زیادہ
تعریف یا ہجو کرنا ٭
مُبتدا (ع۔ مذ) ابتدا۔ آغاز
مسند الیہ ٭
مُبتدی (ع۔ مذ) شروع کرنے
والا۔ ابجد خواں ٭
مُبتذل (ع۔ ص) ذلیل۔ خوار
بے قدر۔ کمینہ ٭
مُبتلا (ع۔ ص) گرفتار۔ پھنسا ہوا
مبدا (ع۔ مذ) شروع ہونے
کی جگہ۔ منبع۔ بنیاد ٭
مُبدّل (ع۔ ص) بدلا ہوا۔
تبدیل کیا ہوا ٭
مَبذول (ع۔ ص) بخشا ہوا
خرچ کیا ہوا ٭
مُبرّا (ع۔ ص) بری۔ صاف
پاک۔ بے گناہ ٭
مُبرم (ع۔ ص) مضبوط۔ سخت
اٹل ٭
مَبرور (ع۔ ص) پاک۔ نیک۔ مرحوم
مُبشّر (ع۔ ص) خوشخبری دینے
والا ٭
مُبصّر (ع۔ ص) بینائی والا۔
پرکھنے والا۔ صرّاف ٭
مَبعوث (ع۔ ص) اٹھایا گیا
مَبلغ (ع۔ ص) روپے کے ساتھ
استعمال ہوتا ہے۔ کامل ٭

مُبلغِ علم (ع مذ) لیاقت علم کی حد تعلیم ٭

مَبنی (ع ص) جس چیز پر کسی بات کی بنیاد ہو۔ بنا کیا گیا ٭

مُبہَم (ع ص) مشکوک غیر واضح گول مول ٭

مَبہُوت (ع ص) حیران ہکّا بکّا

مُبِین (ع ص) ظاہر۔ روشن

مُبَیَّن (ع مذ) بیان کیا گیا واضح کیا گیا ٭

مَت (ہ کلمہ نفی) نہ۔ نہیں ٭

مَت (ہ مث) سمجھ عقل ٭

مَت ماری جانا (ہ) عقل جاتے رہنا۔ بیوقوف بننا

مُتابعت (ع مث) پیروی تابعداری ٭

مُتاثّر (ع ص) اثر قبول کرنے والا ٭

مُتاخّرین (ع مذ) پچھلے زمانے کے لوگ ٭

مَتاع (ع مذ) پونجی اسباب تجارت۔ مال ٭

مُتانت (ع مث) مضبوطی پختگی ٭

مُتاہِل (ع ص) بیاہا ہوا بیوی بچوں والا ٭

مُتَبایِن (ع ص) ایک دوسرے کے مخالف۔ جدا ٭

مُتبحّر (ع ص) بہت بڑا عالم ٭

مُتبرّک (ع ص) مقدس۔ پوتر پاک ٭

مُتبسّم (ع ص) مسکرانے والا شگفتہ ٭

مُتبنّٰی (ع ص) بیٹا بنایا گیا گود لیا ہوا۔ لے پالک ٭

مُتجاوِز (ع ص) بڑھ جانے والا زیادہ

مُتّحد (ع ص) اتحاد کیا گیا۔ ایک۔ متفق ٭

مُتحرّک (ع ص) حرکت کرنے والا پھرنے والا ٭

مُتحقّق (ع ص) تحقیق کیا گیا درست۔ ٹھیک ٭

مُتحمّل (ع ص) صابر۔ برداشت کرنے والا ٭

مُتحیّر (ع ص) حیران۔ ہکّا بکّا ٭

مُتخاصِم (ع ص) متخاصمین جھگڑالو

مُتخلّص (ع ص) تخلص رکھنے والا۔ معروف ٭

مُتخیّلہ (ع مث) خیالی قوت متصورہ ٭

مُتداوِل (ع ص) مروّج

مُتدیّن (ع ص) دیندار پکّا ایماندار ٭

مُتذکِرہ (ع ص) ذکر کیا گیا۔ مذکورہ ٭

مُتذکّرہ بالا (ف ص) مذکورہ بالا۔ مندرجہ بالا ٭

مِتر (ہ مذ) دوست۔ یار۔ خیر خواہ ٭

مُترادِف (ع ص) ہم معنے

مُترجِم (ع مذ) ترجمہ کرنے والا۔ ترجمان ٭

مُترجَم (ع ص) ترجمہ کیا ہوا

مُتردّد (ع ص) تردّد کرنے والا۔ فکرمند ٭

مُترشّح (ع ص) ٹپکنے والا۔ ظاہر۔ عیاں ٭

مُترصّد (ع ص) اُمید رکھنے والا ٭

مُتْروک (ع۔ص) چھوڑ دیا گیا ترک کیا ہوا ÷
مُتزلزل (ع۔ص) کانپنے والا ڈگمگانے والا ÷
مُتساوی (ع۔ص) برابر۔ ہموزن
مُتسلِّط (ع۔ص) غالب۔ قابض
مُتشابہ (ع۔ص) ہمشکل۔ مانند
مُتشرّع (ع۔ص) شریعت کا پابند۔ دیندار ÷
مُتشکّل (ع۔ص) شکل اختیار کرنے والا ÷
مُتصدّی (ع۔ص) پیشکار۔ منشی۔ گماشتہ ÷
مُتصرِّف (ع۔ص) قبضہ کرنے والا ÷
مُتصِّف (ع۔ص) موصوف تعریف کیا گیا ÷
مُتّصِل (ع۔ص) قریب۔ نزدیک۔ پاس ÷
مُتصوّر (ع۔ص) خیال کیا گیا سوچا ہوا ÷
مُتضاد (ع۔ص) مخالف۔ متباین۔ جُدا ÷

مُتعجِّب (ع۔ص) تعجب کرنیوالا حیران ÷
مُتعدِّد (ع۔ص) کئی۔ گنتی کے بہت ÷
مُتعدّی (ع۔ص) چھُوت کی بیماری۔ وہ فعل جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے ÷
مُتعرِض (ع۔ص) اعتراض کرنے والا۔ روکنے والا ÷
مُتعصِّب (ع۔ص) تعصب رکھنے والا۔ مذہبی یا قومی طرفداری کرنے والا ÷
مُتعفِّن (ع۔ص) سڑا ہوا بدبودار ÷
مُتعلِّق (ع۔ص) تعلق رکھنے والا۔ ماتحت ÷
مُتعلِّقات (ع۔مذ) تعلق رکھنے والی چیزیں ÷
مُتعلِّقین (ع۔مذ) گھر کے لوگ بال بچے۔ نوکر چاکر ÷
مُتعلِّم (ع۔ص) طالب علم ÷
مُتعہّد (ع۔ص) عہد کیا گیا۔ ہم عہد ÷

مُتعیَّن (ع۔ص) مقرر کیا گیا ÷
مُتعیَّن کرنا (ا) مقرر کرنا۔ لگانا
مُتغیّر (ع۔ص) تبدیل ہونیوالا غیر مستقل ÷
مُتفاوت (ع۔ص) فرق کیا گیا۔ دُور۔ دراز ÷
مُتفحِّص (ع۔ص) تلاش کرنے والا تحقیق کرنے والا ÷
مُتفرِّق (ع۔ص) جُدا جُدا۔ الگ الگ ÷
مُتفرِّقات (ع۔بہ) مختلف چیزیں۔ مختلف رقمیں ÷
مُتّفِق (ع۔ص) اتفاق کرنے والا۔ رضامند۔ ہم رائے ÷
مُتّفِقُ الرّائے (ع۔ص) ہم رائے۔ ہم صلاح ÷
مُتّفق علیہ (ع۔ص) وہ بات جس پر سب کا اتفاق ہو ÷
مُتفکِّر (ع۔ص) فکرمند۔ مغموم ÷
مُتفنّی (ع۔ص) فریبی۔ چالباز مکّار ÷
مُتقاضی (ع۔ص) تقاضا کرنے والا۔ چاہنے والا ÷

مُتَقَدِّم (ع ص) پہلا۔ پرانا۔ سابقہ ؛
مُتَقَدِّمین (ع۔ مذ) پہلے زمانے کے لوگ ؛
مُتَّقی (ع ص) پرہیزگار۔ خداترس ؛
مُتَکَبِّر (ع ص) مغرور۔ خودپسند ؛
مُتَکَفِّل (ع ص) کفیل۔ ذمہ اُٹھانے
مُتَکَلِّف (ع ص) تکلیف دینے والا ؛
مُتَکَلِّم (ع ص) بولنے والا کلام کرنے والا ؛
مُتَکَلِّمین (ع۔ مذ) علم کلام جاننے والا۔ عقائد کا علم جاننے والے ؛
مُتَلاشی (ع ص) تلاش کرنے والا۔ پریشان ؛
مُتَلَذِّذ (ع ص) لذت اُٹھانے والا۔ مزا پانے والا ؛
مُتَلَوِّن (ع ص) رنگ بدلنے والا۔ وسواسی ؛
مُتَلَوِّن مزاج (ع ص) وہ شخص جسکے مزاج میں استقلال نہ

ہو۔ وسواسی ؛
مُتَمَتِّع (ع ص) فائدہ اُٹھانے والا ؛
مُتَمَدِّن (ع ص) مہذب شائستہ
مُتَمَرِّد (ع ص) سرکش۔ باغی
مُتَمَلِّق (ع ص) خوشامدی
مُتَمَکِّن (ع ص) قائم۔ جگہ پکڑنے والا ؛
مُتَمَنِّی (ع ص) تمنا رکھنے والا۔ خواہشمند ؛
مُتَمَوِّل (ع ص) دولتمند مالدار ؛
مَتَن (ع۔ مذ) کتاب کی اصل عبارت
مُتَنازِع (ع ص) جس چیز پر جھگڑا ہو ؛
مُتَناسِب (ع ص) تناسب رکھنے والا۔ موزون ؛
مُتَناقِص (ع ص) ناقص ؛
مُتَناقِض (ع ص) مخالف۔ منافی۔ ضد ؛
مُتَناہی (ع ص) ختم ہونے والا
مُتَنَبِّہ (ع ص) خبردار۔ آگاہ
مُتَنَجَن (ف۔ مذ) میٹھا پلاؤ ؛

مُتَنَفِّر (ع ص) نفرت کرنیوالا بیزار ؛
مُتَنَفِّس (ع ص) جاندار۔ انسان۔ آدمی ؛
مُتَواتِر (ع ص) لگاتار۔ مسلسل ؛
مُتَوازِی (ع ص) برابر فاصلہ پر رہنے والا۔ وہ دو خط جو آپس میں کبھی نہ ملیں ؛
مُتَواضِع (ع ص) تواضع کرنے والا۔ خاطر کرنے والا ؛
مَتْوالا (ہ ص) مستانہ۔ مست
مُتَوالی (ع ص) باربار آنیوالا (عدد) ؛
مُتَوَجِّہ (ع ص) توجہ کرنے والا۔ مائل ؛
مُتَوَحِّش (ع ص) متنفر۔ بھاگنے والا ؛
مُتَوَرِّع (ع ص) پرہیزگار ؛
مُتَوَسِّط (ع ص) درمیانہ معمولی۔ رسمی ؛
مُتَوَسِّل (ع ص) وسیلہ ڈھونڈنے والا ؛
مُتَوَطِّن (ع ص) بسنے والا۔

باشندہ۔ ساکن ٭
مُتَوَفّٰی (ع۔ص) مرا ہوا۔ مرحوم ٭
مُتَوَقِّع (ع۔ص) توقع رکھنے والا۔ اُمّیدوار ٭
مُتَوَکِّل (ع۔ص) خدا پر بھروسہ کرنے والا ٭
مُتَوَلّی (ع۔ص) مہتمم والی۔ سرپرست ٭
مُتَوَہِّم (ع۔ص) وہمی ٭
مُتَّہَم (ع۔ص) تہمت لگایا گیا۔ ملزم ٭
مَتھنا (ہ) بلونا۔ رڑکنا ٭
مَتھنی (ہ۔مث) مدھانی ٭
مِتی (ہ۔مث) سُود کی تاریخ نفع
مَتِیرا (ہ۔مذ) ہندوانہ۔ تربوز ٭
مُتَیَقَّن (ع۔ص) یقین کیا گیا فیصلہ شدہ ٭
مَتِین (ع۔ص) مضبوط۔ سنجیدہ پختہ ٭
مُٹاپا (ہ۔مذ) مٹائی۔ فربہی
مِٹانا (ہ) محو کرنا۔ دُور کرنا۔ برباد کرنا ٭

مُٹائی (ہ۔مث) فربہی جسم کا بھاری ہونا ٭
مُٹر (ہ۔مذ) ایک قسم کی سبزی ہے
مٹرگشت (ا۔مث) آوارہ گردی
مِٹ جانا (ہ) بے نشان ہونا برباد ہونا ٭
مَٹک (ہ۔مث) ناز۔ کرشمہ ٭
مٹکا (ہ۔مذ) بڑا گھڑا ٭
مَٹکانا (ہ) ہلانا۔ مچکانا۔ بہنا
مُٹکنا (ہ) چھوٹا آبخورہ ٭
مِٹنا (ہ) بے نشان ہونا۔ برباد ہونا۔ منسوخ ہونا ٭
مُٹھ (ہ۔مث) مٹھی۔ مشت مُرکا
مُٹھ بھیڑ (ہ۔مث) سامنا۔ مقابلہ
مُٹھّا (ہ۔مذ) گٹھا۔ بنڈل ٭
مِٹھا (ہ۔ص) ڈھیلا۔ سُست کُند ٭
مِٹھاس (ہ۔مث) شیرینی۔ مٹھائی
مِٹھائی (ہ۔مث) شیرینی لڈو پیڑا وغیرہ ٭
مِٹھو (ہ۔مذ) میٹھا بولنے والا۔ طوطا۔ بچہ ٭
مُٹھی (ہ۔مذ) مشت۔ مٹھ

مُٹھی بھر (ہ۔مث) مٹھ بھر۔ بہت تھوڑے ٭
مُٹھی گرم کرنا (ا) رشوت دینا
مُٹھی میں ہونا (ہ) قبضہ میں ہونا۔ اختیار میں ہونا ٭
مِٹّی (ہ۔مث) خاک۔ دُھول زمین۔ دھرتی ٭
مٹی برباد کرنا (ا) بدنام کرنا رسوا کرنا ٭
مٹی پلید کرنا (ا) ستانا۔ جبر لینا۔ خراب کرنا ٭
مٹی خراب کرنا (ا) ذلیل کرنا رسوا کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ ستانا
مٹی خراب ہونا (ا) بدنام ہونا۔ بے قدری ہونا۔ برباد ہونا ٭
مٹی خوار کرنا (ا) مٹی خراب کرنا
مٹی کے مادھو (ہ) احمق۔ بے وقوف ٭
مٹی کی مورت (ہ) مٹی کا پُتلا۔ بے وقوف ٭
مٹی کے مول (ہ) مفت بہت سستا ٭

مٹی میں ملانا (ہ) مٹانا۔ بے نشان کرنا۔ بدمزہ کرنا۔ برباد کرنا ؛
مٹی ہونا (ہ) خاک ہونا۔ برباد ہونا۔ مٹنا ؛
مٹیالا (ہ۔ ص) مٹی کے رنگ کا بھورا ؛
مِثال (ع۔ مث) مانند۔ نظیر صورت۔ کہاوت ؛
مَثانہ (ع۔ مذ) پیشاب کی تھیلی ؛
مُثبت (ع۔ مذ) ثابت کیا گیا۔ نفی کی ضد ؛
مِثقال (ع۔ مذ) ۴½ ماشے کا وزن ؛
مِثل (ع۔ ص) مانند۔ ہمشکل۔ برابر ؛
مِثل (ا۔ مث) مقدمہ کی کاروائی کے کاغذات ؛
مَثَل (ع۔ مث) کہاوت۔ مثال
مثلاً (ع۔ ص) مثال کے طور پر گویا۔ یعنی
مُثلّث (ع۔ مث) تکون۔ تین ضلعوں والی شکل ؛
مُثلّثی (ع۔ ص) تین کونوں والا ؛
مُثمِر (ع۔ ص) پھل دینے والا ؛

مُثمّن (ع۔ ص) ہشت پہلو ؛
مُثنّٰی (ع۔ ص) نقل۔ دوسری کاپی ؛
مَثنوی (ع۔ مث) ایسی نظم جس کے ہر شعر کا قافیہ جدا مگر دونوں مصرعوں کا متفق ہو ؛
مُجادَلہ (ع۔ مث) جھگڑا۔ انکار لڑائی ؛
مجاز (ع۔ ص) حقیقت کی ضد جو حقیقت نہ ہو۔ مختار ؛
مجاز ہونا (ا) اختیار ہونا ؛
مجازاً (ع) قانوناً۔ فرضاً ؛
مجازی (ع۔ ص) فرضی۔ نقلی غیر حقیقی ؛
مجال (ع۔ مث) طاقت۔ حوصلہ۔ مقدور ؛
مجالس (ع۔ مث) مجلس کی جمع۔ مجلسیں ؛
مُجاوِر (ع۔ مذ) خانقاہ کا محافظ۔ پڑوسی ؛
مُجاہد (ع۔ مذ) جہاد کرنے والا۔ لڑنے والا۔ غازی ؛
مُجاہدہ (ع۔ مذ) محنت۔ ریاضت کوشش ؛

مُجاہدین (ع۔ مذ) مجاہد کی جمع ؛
مَجبُور (ع۔ ص) جبر کیا گیا۔ بے بس ؛
مَجبُوراً (ع) جبر سے۔ عاجز آکر۔ تھک کر ؛
مَجبُوری (ع۔ مث) بے بسی۔ ناچاری ؛
مُجتبیٰ (ع۔ ص) چنا گیا۔ برگزیدہ ؛
مُجتمِع (ع۔ ص) جمع کیا گیا۔ مجلس محفل ؛
مُجتنِب (ع۔ ص) پرہیز کرنے والا۔ الگ رہنے والا ؛
مُجتہِد (ع۔ ص) اجتہاد کرنے والا۔ امام ؛
مُجدِّد (ع۔ ص) نیا کرنے والا تازہ کرنے والا ؛
مَجذُوب (ع۔ ص) خدا کی محبت میں مست۔ مست۔ بےخبر
مَجذُوب کی بڑ (ا۔ مث) بے معنی بات ؛
مَجذُور (ع۔ ص) مربع ؛
مَجذُوم (ع۔ مذ) کوڑھی ؛

مُجرا (ع۔ مذ) جاری کیا گیا۔ منہائی۔ آداب۔ بندگی۔ ناچ گانا ۔

مُجرا پانا (ا) روپیہ وصول کرنا ۔

مُجرا دینا (ا) حساب میں وضع کر دینا ۔

مُجرائی (ا۔ مذ) سلام کرنے والا ۔

مُجرَّب (ع۔ ص) تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔ کارگر ۔

مُجرَّبات (ع۔ مذ) آزمائے ہوئے نسخے ۔

مُجرَّد (ع۔ ص) تنہا۔ چھڑا۔ ناکتخدا ۔

مُجرَّدات (ع۔ مذ) ایسے وجود جن کا کوئی جسم نہ ہو ۔

مُجرم (ع۔ مذ) جرم کرنیوالا۔ گنہگار ۔

مَجروح (ع۔ ص) زخمی۔ گھائل ۔

مِجسٹریٹ (انگ۔ مذ) فوجداری مقدمات سننے والا حاکم ۔

مُجَسَّم (ع۔ ص) جسم رکھنے والا ۔

مُجَسَّمات (ع۔ مذ) مجسم کی جمع ۔

مُجلّا (ع۔ ص) روشن۔ صاف۔ ظاہر ۔

مُجَلَّا (ع۔ مذ) جلد بندھی ہوئی کتاب ۔

مَجلِس (ع۔ مث) محفل۔ انجمن کمیٹی۔ جلسہ امام حسین کے ماتم کا مجمع ۔

مَجلِسی (ع۔ مذ) اہل مجلس۔ مجلس کا ۔

مَجمَع (ع۔ مذ) ہجوم۔ مجلس۔ بھیڑ ۔

مَجمَعُ البَحرَین (ع۔ مذ) دو دریاؤں کا ملاپ ۔

مَجمَعُ الجزائر (ع۔ مذ) بہت سے جزیروں کا اکٹھ ۔

مجمع خلاف قانون (ع۔ مذ) ناجائز اکٹھ ۔

مُجملاً (ع) مختصر طور پر۔ سرسری طور پر ۔

مجموعہ (ع۔ مذ) اکٹھا کیا گیا۔ جملہ خزانہ۔ میزان ۔

مجموعہ قوانین (ع۔ مذ) قوانین کا ذخیرہ۔ قوانین کی کتاب ۔

مجموعی (ع۔ ص) تمام ۔

مجموعی قیمت (ع۔ مث) اکٹھی قیمت۔ کل قیمت ۔

مَجنُوں (ع۔ ا) سودائی۔ پاگل۔ قیس عامری لیلی کے عاشق کا لقب ۔

مُجَوَّز (ع۔ ص) تجویز کیا گیا ۔

مُجَوِّز (ع۔ ص) تجویز کرنے والا ۔

مُجَوَّزہ (ع۔ ص) تجویز کیا گیا۔ مقررہ ۔

مَجُوس (ف۔ مذ) آتش پرست ۔

مَجُوسی (ف۔ مذ) آتش پرست ۔

مُجَوَّف (ع۔ ص) خالی۔ پولا۔ تھوتھا ۔

مجہول (ع۔ ص) نامعلوم۔ نکما ۔

مجہول الاسم (ع۔ مذ) جس شخص کا نام معلوم نہ ہو ۔

مجہول النسب (ع۔ مذ) جس شخص کا نسب معلوم نہ ہو ۔

مُجیب (ع۔ مذ) جواب دینے والا۔ قبول کرنے والا ۔

مُجیبُ الدعوات (ع۔ ص) دعائیں قبول کرنے والا۔ خدا تعالیٰ ۔

مجیٹھ (ہ۔ مث) ایک قسم کی لکڑی جس سے سرخ رنگ حاصل ہوتا ہے ۔

مُجِید (ع ۔ ص) بزرگ ٭
مجیرا (ہ ۔ مذ) پیتل کی کٹوریاں جنہیں تالی کی طرح بجاتے ہیں ۔ چھینے ٭
مُچّا (ہ ۔ مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا ۔ لوتھڑا ٭
مچان (ہ ۔ مذ) کھیت کی حفاظت کے لئے اونچا چبوترہ ۔ پڑ چھتی ٭
مُچانا (ہ ۔ مذ) کرنا ۔ رچانا ٭
مچکانا (ہ) ہلاتا (پ) اُبھارنا ٭
مچلا (ہ ۔ ص) ضدی ۔ ڈھیٹ (پ) جان بوجھ کر ناواقف بننا ٭
مُچلاپن (ہ ۔ مذ) ضد ۔ ہٹ ٭
مُچلانا (ہ) ضد کرنا ٭
مُچلکا (ت ۔ مذ) اقرار نامہ
مچنا (ہ) ہونا ۔ عمل میں آنا ٭
مچوانا (ہ) کرانا ٭
مچھر (ہ ۔ مذ) پشہ ۔ خون چوسنے والا کیڑا ٭
مچھر دانی (ہ ۔ مث) مسہری ٭
مچھندر (ہ ۔ مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا مسخرہ ۔ دیوث ٭
مچھوا (ہ ۔ مذ) مچھلیاں پکڑنے والا ٭
مُچھیل (ہ ۔ مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا ٭
محابا (ع ۔ مذ) لحاظ ۔ مروت ۔ صلح ٭
محاذی (ع ۔ ص) مقابل ۔ برابر سامنے ٭
مُحاربہ (ع ۔ مذ) لڑائی ۔ معرکہ ٭
محاربات (ع) لڑائیاں ٭
محاسب (ع ۔ مذ) حساب کرنے والا ٭
مُحاسبہ (ع ۔ مذ) بازپرس ۔ حساب لینا ٭
محاسبہ نفس (ع ۔ مذ) نفس سے حساب لینا اپنی نیکیوں اور برائیوں کا حساب کرنا ٭
محاسن (ع ۔ مث) خوبیاں ۔ نیکیاں ٭
مُحاصِر (ع ۔ مذ) گھیرنے والا ٭
مُحاصَرہ (ع ۔ مذ) گھیرا ڈالنا ۔ ناکہ بندی ٭
مُحاصِرین (ع ۔ مذ) محاصرہ کرنے والے ٭
محاصل (ع ۔ مث) آمدنی ۔ حاصل ۔ پیداوار ٭
مُحافظ (ع ۔ ص) حفاظت کرنے والا ٭
مُحافظ خانہ (ف ۔ مذ) وہ کمرہ جہاں مثلیں رکھی رہتی ہوں ٭
مُحافظِ دفتر (ف ۔ مذ) مثلیں رکھنے والا ۔ منشی ٭
مُحافظت (ع ۔ مث) نگہبانی حفاظت ٭
محافل (ع ۔ مث) جمع محفل کی ۔ مجلسیں ٭
مُحافہ (ع ۔ مذ) ڈولی ۔ پالکی ٭
محاکمہ (ع ۔ مذ) حاکم کے پاس جھگڑا لے جانا ۔ فیصلہ ٭
مُحال (ع ۔ ص) ناممکن ۔ مشکل ۔ سخت ٭
مُحالات (ع ۔ مث) غیر ممکن باتیں ٭
مُحامد (ع ۔ مث) تعریفیں ۔ نیکیاں ۔ عادات ٭
مُحاورات (ع ۔ مذ) محاورہ

کی جمع ؛

مُحاوَرہ (ع۔مذ) بول چال۔ روزمرّہ ؛

مُحِب (ع۔مذ) دوست ؛

مُحبَّت (ع۔مث) پریت۔ اُلفت۔ دوستی۔ عشق ؛

مُحبّت آمیز (ف۔ص) پیاری محبت کی۔ محبت بھری ؛

مَحبَس (ع۔مذ) جیلخانہ۔ قیدخانہ

مَحبُوب (ع۔مذ) پیارا۔ دوست ؛

مَحبُوبہ (ع۔مث) معشوقہ۔ پیاری ؛

مَحبُوس (ع۔مذ) قیدی۔ اسیر ؛

مُحتاج (ع۔ص) ضرورتمند مفلس ؛

مُحتَاجی (ا۔مث) ضرورت۔ غریبی۔ تنگدستی ؛

مُحتاط (ع۔ص) احتیاط رکھنے والا۔ سوچ سمجھ کر کام کرنے والا ؛

مُحتَرم (ع۔ص) معزز۔ بزرگ ؛

مُحتَسِب (ع۔مذ) کوتوال ؛

مُحتَشِم (ع۔ص) جاہ حشم والا رئیس ؛

مُحتمل (ع۔ص) مشتبہ۔ مشکوک ؛

مَحجُوب (ع۔ص) پوشیدہ۔ مخفی ؛

مُحَدَّب (ع۔ص) اُبھرا ہُوا ؛

مُحَدِّث (ع۔مذ) علم حدیث جاننے والا ؛

مَحدُود (ع۔ص) حد کیا گیا۔ مقید حد کے اندر۔ مقررہ ؛

مَحذُوف (ع۔ص) وہ لفظ یا حرف جو گرا دیا گیا ہو ؛

مِحراب (ع۔مث) ڈاٹ۔ مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کے لئے مغربی دیوار میں ڈاٹ والی جگہ ؛

مِحراب دار (ف۔ص) کمان کی طرح۔ ڈاٹ والا ؛

مُحَرِّر (ع۔مذ) لکھنے والا۔ منشی ؛

مُحَرَّرہ (ع۔ص) لکھا ہُوا۔ تحریر کیا ہُوا ؛

مُحَرِّری (ع۔مث) منشی گری ؛

مُحَرَّف (ع۔ص) ٹیڑھا۔ اُلٹا۔ پھیرا گیا ؛

مُحرِق (ع۔مث) جلانے والی شے ؛

مُحرِقہ (ع۔مث) ایک مشہور بخار کا نام ہے۔ میعادی بخار ؛

مُحَرِّک (ع۔ص) ہلانے والا کوئی بات اُٹھانے والا۔ تجویز کرنے والا ؛

مُحَرَّم (ع۔مذ) ہجری سال کا پہلا مہینہ۔ حضرت امام حسینؑ کی شہادت کا مہینہ ؛

مَحرَم (ع۔مذ) رازدار۔ واقف ؛

مَحرمِ راز (ف۔مذ) رازدار۔ دلی دوست ؛

مَحرُور (ع۔ص) گرم۔ تپتا ؛

مَحرُوسہ (ع۔ص) حراست کیا گیا۔ ماتحت۔ مقبوضہ ؛

مَحرُوم (ع۔ص) بے نصیب نامراد۔ مایوس ؛

مَحرُوم کرنا (ا) حق نہ دینا ؛

مَحرُومی (ع۔مث) ناکامی۔ مایوسی۔ نامرادی ؛

مَحرُومیت (ع۔مث) ناکامی مایوسی۔ نامرادی ؛

مَحزُون (ع۔ص) غمگین۔ فکرمند ؛

مُحسِن (ع۔ص) احسان کرنے

والا۔ مہربان ٭

مُحسِن کُش (ف۔ص) ناشکرا کافرِ نعمت ٭

مُحسَنات (ع۔مث) خوبیاں نیکیاں ٭

محسُوب (ع۔ص) شمار کیا گیا حساب میں آیا ہُوا ٭

محسُود (ع۔ص) حسد کیا گیا۔ اچھا۔ عمدہ ٭

محسُوس (ع۔ص) معلوم ظاہر ٭

محسُوس کرنا (ا) معلوم کرنا۔ کِسی بات کا اثر ہونا ٭

محسُوسات (ع۔مث) وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں ٭

مُحشَر (ع۔مذ) قیامت۔ قبروں سے اُٹھنے کا دن ٭

مُحشّی (ع۔ص) حاشیہ چڑھا ہُوا ٭

مُحصِّل (ع۔ص) وصول کرنیوالا ٭

مَحصُور (ع۔ص) گھرا ہُوا۔ بند ٭

مَحصُورین (ع۔مذ) گھرے ہوئے۔ قیدی ٭

محصُول (ع۔مذ) مالگذاری۔ ٹیکس ٭

مَحض (ع۔ص) صرف۔ فقط۔ خالص ٭

مَحضَر (ع۔مذ) حاضر ہونے کی جگہ رُوبرو ٭

مَحضَر نامہ (ف۔مذ) وہ عرضی یا کاغذ جس پر عام لوگوں کے دستخط یا مُہریں ہوں ٭

مَحظُوظ (ع۔ص) خوش و خرم ٭

مَحفِل (ع۔مث) مجلس ٭

محفلِ رقص و سرود (ف) ناچ رنگ کی مجلس ٭

محفُوظ (ع۔ص) حفاظت میں بے خوف و خطر۔ مامون ٭

مُحقِّق (ع۔مذ) تحقیق کرنے والا حکیم ٭

مَحَک (ع۔مث) کسوٹی ٭

مُحکَم (ع۔ص) مضبوط۔ ثابت قائم ٭

محکمہ (ع۔مذ) کچہری۔ سررشتہ۔ صیغہ ٭

محکمہ آثارِ قدیمہ (ع۔مذ) پرانی یادگاروں کو قائم رکھنے کا محکمہ ٭

محکُوم (ع۔ص) ماتحت۔ زیر حکم رعایا۔ نوکر ٭

مَحَل (ع۔مذ) موقع۔ وقت۔ مکان منزل۔ بادشاہ کا مکان ٭

مَحَل سَرا (ع۔مذ) شاہی محل اور نوابوں کا زنان خانہ ٭

مَحَلّات (ع۔مذ) محلہ کی جمع ٭

مُحَلِّل (ع۔ص) حل کر دینے والی شے ٭

محلُول (ع۔ص) حل کیا ہُوا ٭

مُحَلّہ (ع۔ص) شہر کا کوئی حصہ گلی۔ کوچہ ٭

مَحَلّی (ا۔مذ) محل کے اندر آنے جانے والا۔ خواجہ سرا ٭

مُحَمَّد (ع۔مذ) بہت تعریف کیا گیا۔ پیغمبر اسلام کا اسم مبارک ٭

مُحَمَّدی (ع۔ص) حضرت محمدؐ۔ پیرو۔ مسلمان ٭

مَحمِل (ع۔مذ) کجاوہ ٭

محمُود (ع۔ص) تعریف کیا گیا۔ غزنی کے ایک بہت مشہور بادشاہ کا نام ہے ٭

محمُودی (ع۔ص) ایک قسم کی باریک ململ ٭

محمُول (ع۔ص) اُٹھایا گیا۔ سمجھا گیا ٭

محمُولہ (ع۔ص) لدا ہُوا ٭

مِحَن (ع ۔ مث) محنت کی جمع ؛
مِحنت (ع ۔ مث) دُکھ ۔ رنج ۔
مشقت ۔ کوشش ۔ مزدوری
مِحنت ٹھکانے لگنا (ا) محنت
کا پھل ملنا ؛
مِحنتِ شاقہ (ع ۔ مث)
سخت محنت ؛
مُحنتانہ (ف ۔ مذ) وکیل کی فیس
اُجرت ؛
مُحنتی (ع ۔ ص) محنت کرنے
والا ۔ مزدور ۔ قُلی ؛
مَحو (ع ۔ ص) مٹانا ۔ کھرچنا ۔
نیست کرنا ۔ مست ۔ مصروف ؛
محو کرنا (ا) مٹا دینا ۔ فریفتہ کرنا ؛
محو ہونا (ا) گم ہونا ۔ مست ہونا
عاشق ہونا ؛
مِحور (ع ۔ مذ) دھرا ۔ کلی ؛
مِحورِ زمین (ف ۔ مذ) زمین کا
فرضی دھرا جس پر وہ روزانہ
گردش کرتی ہے ؛
مَحویّت (ع ۔ مث) گم شدگی
بہت مصروفیت ۔ اغراق ؛
مُحیط (ع ۔ ص) گھیرنے والا ۔
دَور ۔ گردہ ؛
مُحیط ہونا (ا) غالب ہونا ۔ حاوی
ہونا ؛
مخارج (ع ۔ مذ) مخرج کی جمع
نکاس ۔ منبع ؛
مُخاصمت (ع ۔ مث) دُشمنی
عداوت ؛
مُخاطِب (ع ۔ مذ) روبرو بات
کرنے والا ؛
مُخاطِب ہونا (ا) متوجہ ہونا ۔
دھیان دینا ؛
مُخاطَب (ع) جس شخص سے
بات کی جائے ؛
مُخاطرہ (ع) اندیشہ ۔ ڈر ؛
مُخافت (ع ۔ مث) خطر ۔ خوف
کی جگہ ؛
مخالف (ع ۔ مذ) دُشمن ۔ مقابل
برعکس ؛
مُخالفت (ع ۔ مذ) دُشمنی ۔ اختلاف
مُخبِر (ع ۔ مذ) خبر دینے والا ۔
جاسوس ؛
مُخبری (ا ۔ مث) جاسوسی ؛
مخبوط (ع ۔ ص) خبط ہوا ہوا ۔
بدحواس ؛
مخبوط الحواس (ع ۔ مذ) دیوانہ
پاگل ۔ خبطی ؛
مُختار (ع ۔ ص) با اختیار ۔ وکیل
سربراہ ۔ گماشتہ ؛
مُختارِ عام (ع ۔ مذ) وہ گماشتہ
جس کو عام باتوں کا اختیار ہو ؛
مُختار کار (ف ۔ مذ) سربراہ کار
متولی ؛
مُختار نامہ (ف ۔ مذ) وہ تحریر
جس کے ذریعہ سے کسی کو اختیار
دیا گیا ہو ؛
مُختَرِع (ع ۔ مذ) موجد ۔ بانی ؛
مُختَرِعات (ع ۔ مث) ایجاد
کی ہوئی چیزیں ؛
مُختصر (ع ۔ ص) تھوڑا ۔ خلاصہ
چھوٹا ؛
مُختص (ع ۔ ص) مخصوص ۔
خاص کیا گیا ؛
مُختفی (ع ۔ ص) چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ؛
مُختل (ع ۔ ص) پریشان ۔
بگڑا ہوا ؛
مُختل الحواس (ع ۔ ص) حواس باختہ

پاگل۔ جنونی ❖
مُختَلِفْ (ع۔ص) الگ الگ
ناموافق۔ بے جوڑ ❖
مُختَلِفُ اللِّسان (ع۔ص)
الگ الگ بائیں بولنے والے ❖
مَختُوم (ع۔ص) مُہر لگایا گیا۔
بند ❖
مُخَدَّرہ (ع۔ص) پردہ دار عورت
بے حِس کرنے والی شے ❖
مُخَدِّرات (ع) بے حس کرنے
والی دوائیاں ❖
مخدُوم (ع۔مذ) بزرگ۔ آقا
قابل عزت ❖
مَخدُومہ (ع۔مث) بزرگ عورت
مَخرَج (ع۔مذ) نکلنے کی جگہ
منبع۔ اصل ❖
مَخرُوط (ع۔ص) گاجر کی شکل کا ❖
مَخرُوطی (ع۔ص) گاؤدُم۔
گاجر کی شکل کا ❖
مَخزَن (ع۔مذ) ذخیرہ۔ خزانہ
گودام ❖
مَخصُوص (ع۔ص) خاص کیا
گیا۔ نامزد ❖

مُخَطَّط (ع۔ص) خط دار۔ لکیر دار ❖
مُخَفَّف (ع۔ص) گھٹایا گیا۔
کم کیا گیا ❖
مَخفی (ع۔ص) پوشیدہ چھپا ہوا ❖
مُخِل (ع۔ص) خلل ڈالنے والا
مُفسِد ❖
مُخلِص (ع۔ص) سچا۔ صادق
وفادار ❖
مُخلِصی (ع۔مث) رہائی۔
چھٹکارا ❖
مَخلُوط (ع۔ص) مِلا جُلا ❖
مَخلُوق (ع۔ص) پیدا کیا ہوا۔
دنیا۔ خلقت ❖
مَخلُوقات (ع۔مث) مخلوق
کی جمع۔ دنیا۔ لوگ ❖
مُخمَّر (ع۔ص) خمیر اُٹھایا ہوا ❖
مُخَمَّس (ع۔مذ) پانچ طرفوں والی
شکل۔ وہ نظم جس میں پانچ
پانچ مصرعوں کا ایک بند
ہوتا ہے ❖
مَخمَصہ (ع۔مذ) بکھیڑا۔ جھگڑا
جھمیلا ❖
مَخمَصے میں پڑنا (۱) جھگڑے

میں پڑنا۔ تردّد میں پڑنا ❖
مَخمَل (ع۔مث) ایک بہت
نرم اور ملائم کپڑا ❖
مَخمُور (ع۔ص) مست نشے میں ❖
مُخَنَّث (ع۔مذ) ہیجڑا۔ زنانہ ❖
مَخَول (ا۔مث) ٹھٹھا ہنسی
مذاق ❖
مَخَولیا (ا۔مث) ظریف ہنسی
کرنے والا ❖
مُخَیِّر (ع۔ص) خیرات کرنے
والا۔ سخی ❖
مُخَیِّلہ (ع۔مذ) خیال کی قوت ❖
مُخَیَّم (ع۔مذ) کیمپ خیمہ گاہ ❖
مَد (ع۔مذ) کشش۔ جوار چڑھاؤ
نوکری کی جگہ۔ پیشانی۔ رقم ❖
مَدّوجَزر (ع۔مذ) جوار بھاٹا ❖
مدِّمقابل (ع۔مذ) برابر کا۔
مخالف۔ رقیب ❖
مدِّنظر (ع۔مذ) نظر کے سامنے
ارادہ۔ قصد ❖
مَدّاح (ع۔ص) تعریف کرنیوالا ❖
بھاٹ۔ خوشامدی ❖
مَدّاحی (ع۔مث) تعریف ❖

مُداخِل (ع۔ مث) آمدنی بمعاملہ ؀
مُداخِلَت (ع۔ مث) دخل دینا۔ روکنا ؀
مُداخِلَت بیجا (ف۔ مث) ناجائز دخل دینا ؀
مُداخِلَت کرنا (ا) دخل دینا۔ بیچ میں بولنا ؀
مِداد (ع۔ مث) روشنی۔ سیاہی ؀
مَدار (ع۔ مث) انحصار۔ دائرہ۔ حلقہ۔ پھرنے کی جگہ ؀
مدارُ المہام (ع۔ مذ) وزیر اعظم ؀
مُدارا (ع۔ مث) صلح۔ خاطر تواضع ؀
مُدارات (ع۔ مث) آؤ بھگت تعظیم۔ صلح ؀
مَدارِج (ع۔ مذ) درجے۔ سب رُتبے ؀
مَدارِس (ع۔ مذ) مدرسہ کی جمع ؀
مَداری (ا۔ مذ) بازی گر۔ شعبدہ باز ؀
مُدافِعانہ (ف۔ ص) روکنے کی ؀
مُدافِعَت (ع۔ مث) روک۔ دفعیہ ؀
مُدام (ع۔ ص) ہمیشہ۔ متواتر۔ بلا ناغہ ؀

مُداوا (ع۔ مذ) تدبیر۔ چارہ۔ علاج ؀
مُداومت (ع۔ مث) ہمیشگی۔ قیام ؀
مُدبِر (ع۔ ص) بد نصیب۔ ادبار والا ؀
مُدَبّر (ع۔ ص) تدبیر کرنے والا۔ عقلمند۔ مشیر ؀
مُدَبّرین (ع۔ مذ) مدبّر کی جمع ؀
مُدّت (ع۔ مث) عرصہ۔ دیر۔ زمانہ ؀
مُدّتِ مَدید (ع۔ مث) بہت لمبا عرصہ ؀
مُدّت العُمر (ع) تمام عمر۔ زندگی بھر ؀
مَدح (ع۔ مث) تعریف۔ ستایش ؀
مَدح خواں (ف۔ مذ) تعریف کرنیوالا۔ قصیدہ پڑھنے والا ؀
مَدح خوانی (ف۔ مث) ثنا گوئی ؀
مَدح سرائی (ف۔ مث) مدح خوانی ؀
مِدحت (ع) تعریف۔ صفت ؀
مَدخل (ع۔ مث) آمدنی۔ بالگذاری ؀

مَدخُولہ (ع۔ مث) وہ عورت جس سے ہمبستری کی گئی ہو ؀
مَدد (ع۔ مث) سہارا۔ امداد۔ حمایت ؀
مددگار (ف۔ ص) حمائتی۔ مدد کرنے والا ؀
مدد معاش (ع۔ مث) کھانے پینے کی مدد۔ وظیفہ ؀
مُدِرّ (ع۔ ص) پیشاب لانے والی دوا ؀
مُدَرِّس (ع۔ مذ) اُستاد۔ پڑھانے والا۔ معلم ؀
مَدرَسہ (ع۔ مذ) سکول۔ مکتب ؀
مُدَرِّسی (ع۔ مث) علمی۔ پڑھانے کا پیشہ ؀
مُدرِک (ع۔ ص) سمجھنے والا۔ فہیم۔ ذکی ؀
مُدرِکہ (ع۔ مث) سمجھنے کی قوت ؀
مُدّعا (ع۔ مذ) منشا۔ مطلب۔ مقصد ؀
مُدّعا عَلَیہ (ع۔ مذ) جس شخص پر دعوے کیا گیا ہو ؀
مُدّعی (ع۔ مذ) دعوی کرنیوالا ؀

مُدّعی سُست گواہ چُست
(ف) یہ اس موقعہ پر بولتے
ہیں جہاں کام والا تو زیادہ
نہ بولے مگر اس کا مددگار یا
خیر خواہ زیادہ زور دے ؛
مُدّعیہ (ع۔مث) دعویٰ کرنے
والی عورت ؛
مُدّغم (ع۔مذ) ایک جنس کے
دو حرف جو ایک دوسرے
میں ادغام کئے گئے ہوں ؛
مَدفن (ع۔مذ) قبر۔گور ؛
مَدفُون (ع۔ص) دفنایا ہوا
پوشیدہ ؛
مَدقُوق (ع۔ص) تپ دق
کا مریض ؛
مُدلّل (ع۔ص) دلیل سے
ثابت کی ہوئی بات معقول
ٹھیک ؛
مَدنی (ع۔مذ) مدینہ شریف
کا رہنے والا ؛
مُدنی (ع۔ص) تمدن سے
نسبت رکھنے والا سوشل ؛
مُدنی بالطبع (ع۔مذ) طبعاً
تمدن سے نسبت رکھنے والا
سوشل ؛
مُدوّر (ع۔ص) گول ؛
مدھ (ہ) درمیان۔ بیچ
مدّھم (ہ۔ص) دھیما۔آہستہ ؛
مدہوش (ف۔ص) بے ہوش
بدمست ؛
مدہوشی (ف۔مث) بے ہوشی
بدمستی ؛
مدید (ع۔ص) لمبا۔دراز ؛
مُدیر (ع۔مذ) ایڈیٹر ؛
مدینہ (ع۔مذ) شہر۔عرب کے مشہور
متبرک شہر کا نام ہے جہاں
پیغمبر اسلام کا روضہ مبارک ہے ؛
مدیُون (ع۔مذ) قرضدار۔مقروض ؛
مڈل (انگ۔مذ) درمیان ؛
مڈل سکول (انگ۔مذ) آٹھویں
جماعت تک مدرسہ ؛
مذاق (ع۔مذ) مزہ۔سواد۔رغبت
ہنسی۔دلگی۔سلیقہ ؛
مذاقیہ (ا) ہنسی سے۔مخول سے
ہنسی والی ؛
مذاہب (ع۔مذ) جمع مذہب کی ؛
مُذبذب (ع۔ص) پس وپیش
کرنیوالا۔غیر مستقل مزاج ؛
مذبُوح (ع۔ص) ذبح کیا ہوا
مقتول ؛
مذکّر (ع۔ص) نر۔مرد ؛
مذکُور (ع۔ص) ذکر کیا ہوا۔
بات۔گفتگو ؛
مذکورہ بالا (ا) جس کا اوپر ذکر
آچکا۔مندرجہ بالا ؛
مذلّت (ع۔مث) بدنام۔
رسوائی ؛
مذمّت (ع۔مث) برائی۔
ہجو ؛
مذموم (ع۔ص) بُرا۔خراب ؛
مذمُومہ (ع۔مث) بُری۔
خراب۔بار ؛
مذنب (ع۔مذ) گنہگار ؛
مذہب (ع۔مذ) دھرم
رستہ۔دین ؛
مذہبی (ا۔ص) مذہب کا۔دین کا ؛
مرآت (ع۔مذ) آئینہ ؛
مرآتِ عالم (ع۔مذ) جس چیز
سے تمام جہان کا حال معلوم ہو ؛

مَراتِب (ع ۔ مذ) درجے ۔ رُتبے ۔

مُراجَعَت (ع ۔ مث) واپسی ۔ واپس آنا ۔

مَراحِل (ع ۔ مذ) درجے ۔ منزلیں ۔

مَراحِم (ع ۔ مث) مہربانیاں ۔

مَراحِمِ خسروانہ (ف ۔ مث) شاہانہ مہربانیاں ۔

مُراد (ع ۔ مث) مطلب ۔ مدعا ۔ خواہش ۔ آرزو ۔

مُراد پانا (ا) مطلب نکلنا ۔ مراد کو پہنچنا ۔

مُراد لینا (ا) مطلب لینا ۔ معنی نکالنا ۔

مُراد ماننا (ا) منت ماننا ۔

مُراد مَند (ف ۔ ص) خواہشمند ۔ حاجتمند ۔

مُرادوں کے دِن (ا ۔ مذ) جوانی کا زمانہ جوبن کے دن ۔

مُرادِی (ا ۔ ص) فرضی ۔ اصطلاحی ۔

مُرادِف (ع ۔ مذ) ہم معنی ۔

مُراری (س ۔ مذ) کرشن جی کا لقب ۔

مُراسِلات (ع ۔ مذ) چٹھیاں ۔ خط و کتابت ۔

مُراسَلَت (ع ۔ مذ) خط و کتابت ۔

مُراسَلہ (ع ۔ مذ) چٹھی ۔ رقعہ ۔

مَراسِم (ع ۔ مث) رسمیں ۔ نشانیاں ۔

مُراعات (ع) سلوک ۔ رعایت ۔ توجہ ۔

مُرافَعہ (ع ۔ مذ) دعویٰ پیش کرنا ۔ اپیل ۔ مقدمہ ۔

مُرافَقَت (ع ۔ مث) میل جول ۔ اتحاد ۔

مِراق (ع ۔ مذ) مالیخولیا ۔ جنون ۔

مُراقَبہ (ع ۔ مذ) دھیان خدا کی طرف دھیان لگانا ۔ تصوّر ۔

مَرام (ع ۔ مذ) مطلب ۔ مقصد ۔

مَراہِم (ع ۔ مذ) جمع مرہم ۔ زخم پر لگانے کی دوائی ۔

مُرَبَّع (ع ۔ مذ) چار برابر ضلعوں والی چیز ۔ قائم الزاویہ شکل قطعہ زمین ۔

مَربُوط (ع ۔ ص) بندھا ہوا ۔ وابستہ ۔

مُرَبّہ یا مُرَبّا (ع ۔ مذ) شیرہ میں ڈالا ہوا میوہ ۔

مُرَبّی (ع ۔ مذ) پرورش کرنے والا ۔ سرپرست ۔ حامی ۔

مَرپٹ کر (ہ) بڑی مشکل سے بڑی کوشش سے ۔

مُرتاض (ع ۔ مذ) ریاضت کرنے والا ۔ زاہد ۔

مُرَتَّب (ع ۔ ص) باقاعدہ ۔ درست ۔ اکٹھا کیا گیا ۔

مُرَتَّب کرنا (ا) تیار کرنا ۔ ترتیب دینا ۔ بنانا ۔

مَرتَبان (ا ۔ مذ) مربہ یا اچار ڈالنے کا برتن ۔

مَرتَبَت (ع ۔ مذ) مرتبہ ۔ درجہ ۔

مَرتَبہ (ع ۔ مذ) رُتبہ ۔ درجہ ۔ عہدہ ۔

مُرتَد (ع ۔ مذ) مذہب سے پھرا ہوا مردود ۔ بے دین ۔

مُرتَشی (ع ۔ ص) رشوت لینے والا ۔

مُرتَضیٰ (ع ۔ مذ) مقبول ۔ حضرت علیؓ کا لقب ۔

مُرتَفِع (ع ۔ ص) بلند ۔ اونچا ۔

مُرتَکِب (ع ۔ ص) کسی بُرے کام کے کرنے والا ۔ مجرم ۔

مُرتَہِن (ع ۔ مذ) گروی رکھنے والا ۔ گہنے رکھنے والا ۔

مرتے دم (ا) آخر دم۔ آخری وقت ٭

مرتے کو ماریں شاہ مدار (ا) غریب ہی کو ہر شخص ستاتا ہے ٭

مرثیہ (ع۔ مذ) ماتم۔ وہ نظم جس میں مردے کے اوصاف اور اس کے رنج وغم کا ذکر ہو ٭

مرثیہ خواں (ف۔ مذ) مرثیہ پڑھنے والا ٭

مرثیہ خوانی (ف۔ مث) سوز خوانی۔ مرثیہ پڑھنا ٭

مرج (ع۔ مذ) خرابی۔ تباہی ٭

مرجان (ع۔ مذ) مونگا ٭

مُرجّح (ع۔ ص) افضل۔ غالب۔ بڑھ کر ٭

مرجع (ع۔ مذ) ٹھکانا۔ جائے پناہ۔ گریمر میں وہ اسم جس کی طرف ضمیر پھرے ٭

مرجع خلایق (ع۔ مذ) لوگوں کا آسرا۔ وہ جگہ جہاں لوگوں کو پناہ ملے ٭

مُرجھانا (ہ) کملانا۔ لاغر ہونا۔ سوکھنا ٭

مرجیا (ہ۔ مذ) وہ شخص جو مر کر بچا ہو۔ ضعیف ٭

مرچ (ہ۔ مث) سُرخ فلفل۔ نہایت تیز آفت ٭

مرچنٹ (انگ۔ مذ) تاجر۔ سوداگر ٭

مُرچنگ (ا۔ مذ) منہ سے بجانے کا باجہ ٭

مرچیں لگنا (ہ) کسی بات کا ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا ٭

مرحبا (ع) آفریں۔ شاباش ٭

مرحلہ (ع۔ مذ) منزل۔ درجہ۔ سفر ٭

مرحمت (ع۔ مث) مہربانی۔ کرم ٭

مرحوم (ع۔ ص) بخشا گیا۔ مرا ہوا ٭

مرخص (ع۔ ص) رخصت دیا گیا ٭

مُرخصی (ف۔ مث) رخصت ٭

مرد (ف۔ مذ) آدمی۔ بہادر ٭

مردِ خدا (ا۔ مذ) نیک۔ پارسا ٭

مرد میدان (ف۔ مذ) بہادر۔ دلیر ٭

مُردار (ف۔ مذ) مردہ۔ ناپاک۔ پلید ٭

مردانگی (ف) بہادری۔ جرأت۔ دلیری ٭

مردانہ (ف۔ ص) مردوں کی سی۔ مرد کی مانند ٭

مردانہ مکان (ا۔ مذ) بیٹھک ٭

مردانہ وار (ف) مردوں کی طرح ٭

مردانی (ا۔ مث) دلیر عورت۔ مرد کے متعلق ٭

مردک (ف۔ مذ) ٹھگنا۔ پست قد۔ ادنی آدمی ٭

مُردگاں (ف۔ مذ) مُردے۔ مرے ہوئے لوگ ٭

مردُم (ف۔ مذ) آدمی۔ لوگ۔ انسان۔ آنکھ کی پُتلی ٭

مردُم آزار (ف۔ ص) ظالم۔ موذی

مردُم خوار (ف۔ مذ) آدم خور۔ وحشی۔ بے رحم ٭

مردم خیز (ف۔ ص) وہ جگہ جہاں سے لائق آدمی پیدا ہوں ٭

مردُم شماری (ف۔ مث) آدمیوں کی گنتی۔ تعداد۔ آدمی گننا ٭

مردُمک (ف۔ مث) آنکھ کی پُتلی ٭

مردُمی (ف۔ مث) انسانیت۔ مروت۔ شجاعت ٭

مِردنگ (ہ۔مث) ایک قسم کی ڈھولک ہے ۔

مُردنی (ا۔مث) موت کے آثار موت ۔

مُردنی چھانا (ا) موت کے نشان ظاہر ہونا چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا ۔

مردُوا (ا۔مذ) مردک ۔

مردُود (ع۔ص) رد کیا گیا ملعون ۔ بے عزت ۔ نالائق ۔ کمبخت ۔

مُردہ (ف۔مذ) مرا ہوا بیجان کمزور ۔ کشتہ ۔ لاش ۔

مُردہ بدست زندہ (ف) بے بس ۔ مجبور ۔

مُردہ دل (ف۔ص) اُداس غمگین ۔ کم ہمت ۔

مُردہ شو (ف۔مذ) مردے کو نہلانے والا ۔ غسّال ۔

مِردھا (ا۔مذ) جریب کش ۔ پیادہ ۔ مقادم ۔

مَردی (ف۔مث) بہادری ۔

مِرزا (ف۔مذ) سردار زادہ ۔ مغلوں کا لقب ۔

مِرزا پھویا (ا۔مذ) نازک اور آرام طلب آدمی ۔

مِرزا منش (ف۔ص) نازک طبیعت والا آدمی ۔

مِرزائی (ف۔مث) سرداری صدری ۔ واسکٹ ۔

مُرسَل (ع۔مذ) بھیجا ہوا رسول ۔

مُرسِل (ع۔مذ) ارسال کرنیوالا بھیجنے والا ۔

مُرسلہ (ع۔ص) بھیجا ہوا ۔

مُرسلین (ع۔مذ) مرسل کی جمع ۔ رسول ۔

مُرسُوم (ع۔ص) رسم ڈالا گیا ۔ وظیفہ ۔ تنخواہ ۔

مُرشد (ع۔مذ) ہدایت کرنیوالا ۔ رہنما ۔ پیر ۔ اُستاد ۔ چالاک ۔

مُرصّع (ع۔ص) جڑاؤ ۔ آراستہ ۔

مُرصّع کار (ف۔مذ) جواہرات جڑنے والا ۔

مُرصّع کاری (ف۔مث) جڑنے کا کام ۔

مرض (ع۔مذ) بیماری ۔ علالت عادت ۔

مرض الموت (ع۔مذ) وہ بیماری جس سے کوئی شخص بیمار رہ کر مرجائے ۔ وہ بیماری جس سے بیمار بچ نہ سکے ۔

مَرضی (ع۔مث) رضا ۔ خوشی خواہش ۔ رائے ۔

مرضیِ مولیٰ از ہمہ اَولیٰ (ف) مالک (خدا) کی مرضی سب سے بہتر ہے ۔

مرطوب (ع۔ص) تر ۔

مُرغ (ف۔مذ) پرند ۔ ککڑ ۔ مرغا ۔

مُرغ باز (ف۔مذ) مُرغ لڑانے والا ۔

مُرغِ چمن (ف۔مذ) بُلبل ۔

مُرغِ خانگی (ف۔مذ) پالتو مُرغ ۔ ککڑ ۔

مُرغِ دست آموز ۔ (ف۔مذ) ہاتھ پر ہلا ہوا پرندہ ۔

مرغِ سحر (ف۔مذ) ککڑ ۔ صبح کو چہچہانے والا مُرغ ۔

مُرغِ قبلہ نما (ف۔مذ) وہ مُرغ جو قبلہ نما کے اندر ہوتا ہے ۔ جیسے قطب نما کی سوئی ۔

مُرغ کی ایک ٹانگ (ا) اپنی غلط بات کی ہٹ ÷

مُرغِ مصلّی (ف ۔مذ) مکار عابد ÷

مُرغابی (ف ۔مث) پانی کا ایک مشہور پرندہ ہے ÷

مُرغاں (ف ۔مذ) مُرغ کی جمع ÷

مَرغ (ف ۔مذ) گھاس۔ ڈوب ÷

مَرغزار (ف ۔مذ) سبزہ زار۔ چراگاہ ÷

مَرغوب (ع ۔ص) پسندیدہ من بھاتا ÷

مَرغوب الطبع (ع ۔ص) دلپسند من بھاتا ÷

مَرفُوع (ع ۔ص) بلند کیا گیا۔ اُٹھا یا گیا ÷

مَرفُوع القلم (ع ۔مذ) وہ شخص جس کا گناہ قابل گرفت نہ ہو۔ معذور۔ دیوانہ ÷

مُرفہ (ف ۔مذ) ڈھول ÷

مُرفّہ (ع ۔ص) آسودہ خوش بے فکر ÷

مُرفّہ الحال (ع ۔ص) خوشحال فارغ البال ÷

مَرقَد (ع ۔مذ) قبر۔ گور۔ تربت ÷

مُرقّع (ع ۔مذ) تصویروں کی کتاب۔ البم ÷

مَرقُوم (ع ۔ص) لکھا ہوا ÷

مَرقُوم الحاشیہ (ع ۔ص) حاشیہ پر لکھا ہوا ÷

مَرکَب (ع ۔مذ) سواری گھوڑا وغیرہ

مُرکّب (ع ۔مذ) ملایا ہوا۔ مخلوط۔ روشنائی۔ لکھنے کی سیاہی ÷

مُرکّبات (ع ۔مذ) ملی ہوئی دوائیاں ÷

مَرکز (ع ۔مذ) درمیان۔ بیچ۔ سنٹر ÷

مرکزِ ثقل (ع ۔مذ) کسی چیز کا وہ نقطہ جس پر اس چیز کا وزن برابر قائم رہے ÷

مرکزِ زمین (ف ۔مذ) زمین کا درمیان ÷

مرکزِ دولت (ع ۔مذ) دار الخلافہ ÷

مرکزی (ع ۔ص) صدر مقام کی ÷

مرکزی حکومت (ع ۔مث) صدر مقام کی حکومت۔ بڑی حکومت ÷

مرکزی کمیٹی (ا ۔مث) صدر مقام کی کمیٹی۔ بڑی کمیٹی جس کی کئی شاخیں ہوں ÷

مرکُوز (ع ۔ص) گڑا ہوا۔ دل میں بیٹھا ہوا ÷

مَرگ (ف ۔مث) موت ÷

مرگ انبوہ جشنے دارد (ف) انبوہ کی موت بھی ایک تماشا ہے ÷

مرگِ مفاجات (ف ۔مث) ناگہانی موت ÷

مرگِ ناگہانی (ف ۔مث) اچانک موت ÷

مِرگ (ہ ۔مذ) ہرن ÷

مِرگ چھالا (ہ ۔مذ) ہرن کی کھال ÷

مرگھٹ (ہ ۔مذ) مردہ جلانے کی جگہ۔ مسان ÷

مِرگی (ہ ۔مث) ایک مشہور بیماری کا نام ہے ÷

مُرلی (ہ ۔مث) بانسری ÷

مرمّت (ع ۔مث) درستی۔ اصلاح ÷

مرمّت طلب (ع ۔ص) درستی کے قابل۔ شکستہ ÷

مرمّت کرنا (ا) درست کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ پیٹنا ÷

مرمٹنا (ہ) فنا ہو جانا۔ نیست ہو جانا ÷

مَرمَر کر (ہ) بڑی محنت سے جان توڑ توڑ کر ٭

مُرمُر (ہ۔ ص) زود ہضم لطیف غذا ٭

مُرمّم (ع۔ ص) ترمیم کیا گیا درست کیا گیا ٭

مُرمّمہ (ع۔ مث) درست کی ہوئی چیز ٭

مَرنا (ہ) فوت ہونا۔ جان دینا۔ عاشق ہونا ٭

مرنے کی بھی فرصت نہیں (ا) بہت کام ہے۔ ذرا بھی فرصت نہیں ٭

مَروارید (ف۔ مذ) موتی۔ گوہر ٭

مَروارید ناسفتہ (ف۔ ص) نہ پرویا ہوا موتی۔ ان بندھا موتی ٭

مُروّت (ع۔ مث) لحاظ۔ رعایت انسانیت۔ جوانمردی۔ سخاوت ٭

مُروّج (ع۔ ص) رواج دیا گیا۔ جاری۔ چلتا ٭

مُروّجہ (ع۔ ص) جاری۔ موجود رائج الوقت ٭

مُرور (ع۔ مذ) گذرنا ٭

مروڑ (ہ۔ مث) پیچ تاب۔ پیچش ٭

مروڑ اٹھنا (ہ) بل پڑنا۔ درد ہونا ٭

مروڑنا (ہ) بل دینا۔ اینٹھنا ٭

مُروّق (ع۔ ص) صاف کیا ہوا۔ چھنا ہوا۔ خالص ٭

مَروَہ (ع۔ مذ) مکہ شریف کی ایک پہاڑی کا نام ہے ٭

مَروی (ع۔ ص) روایت کیا گیا۔ مذکور ٭

مرہٹہ (ہ۔ مذ) ہندوستان کی ایک بہادر قوم کا نام ہے ٭

مَرہم (ع۔ مذ) زخم پر لگانے کی دوا۔ لیپ۔ پلستر ٭

مَرہم پٹی (ا۔ مث) علاج معالجہ زخم کی دوا دارو ٭

مَرہم پٹی کرنا (ا) زخم کا علاج کرنا ٭

مَرہون (ع۔ ص) گرو رکھا گیا ٭

مَرہونِ منّت (ع۔ ص) احسان مند۔ شکر گذار ٭

مَرہونہ (ع۔ مث) رہن کی ہوئی چیز ٭

مَری (ہ۔ مث) وبا۔ عام بیماری عام موت ٭

مَری پڑنا (ہ) عام موتیں ہونا ٭

مِرّیخ (ع۔ مذ) منگل ستارہ ٭

مُرید (ع۔ ص) ارادہ کرنیوالا پیرو۔ مطیع ٭

مریض (ع۔ مذ) بیمار ٭

مَریل (ہ۔ ص) دُبلا۔ لاغر۔ کمزور ٭

مَریم (ع۔ ص) حضرت عیسیٰؑ کی والدہ کا نام ٭

مَرینہ (انگ۔ مذ) ایک قسم کا اونی کپڑا ٭

مُڑ جانا (ہ) واپس چلا جانا۔ پھر جانا ٭

مُڑ کر نہ دیکھنا (ہ) پیچھے نہ دیکھنا بات نہ پوچھنا ٭

مڑھی (ہ۔ مث) سمادھ ٭

مزا (ا) مزہ ٭

مِزاج (ع۔ مذ) طبیعت کیفیت عادت۔ سبھاؤ۔ غرور ٭

مِزاج بگاڑنا (ا) عادت خراب

کرنا ؛
مِزاج پُرسی (ف ۔مث) خیر
خیریت دریافت کرنا ؛
مِزاج دان (ف ص) طبیعت
سے واقف ؛
مِزاج شریف (ا ۔محاورہ)
آپ کے مزاج اچھے ہیں ؛
مِزاج کرنا (ا) غرور کرنا ۔
دماغ کرنا ؛
مِزاجاً (ع) طبیعت کے لحاظ سے ؛
مِزاح (ع ۔مث) مذاق ہنسی ۔
دل لگی ؛
مُزاحِم (ع ص) روکنے والا ۔
مانع ۔حائل ؛
مُزاحمت (ع ۔مث) روک
ممانعت ؛
مزار (ع ۔مذ) زیارت کی جگہ ۔
فقیر کی قبر ۔ درگاہ ۔گور ۔
قبر ؛
مُزارع (ع ۔مذ) کاشتکار کھیتی
کرنے والا ؛
مزامیر (ع ۔مذ) ساز ۔باجے ۔
مزاولت (ع ۔مث) کسی کام

کو ہمیشہ کرنا ۔استعمال ؛
مَزبُور (ع ص) لکھا ہوا ؛
مُزجات (ع ص) تھوڑا ۔ادنے
مزخرف (ع ۔مث) جھوٹی بات ۔
بناوٹی بات ؛
مُزخرفات (ع ۔مث) واہیات
باتیں ؛
مُزد (ف ۔مث) اجرت ۔بدلہ
صِلہ ؛
مَزدُور (ف ۔مذ) قلی ۔مزدوری
کرنے والا ؛
مزدُوری (ف ۔مث) محنت
مشقت ۔اجرت ۔محنتانہ ؛
مَزرَع (ع ۔مث) کھیتی ؛
مزرع آخرت (ع ۔مث)
آخرت کی کھیتی نیک اعمال
دنیا ؛
مَزروعہ (ع ص) بوئی ہوئی
زمین ؛
مُزعفر (ع ۔مذ) زعفرانی ؛
مُزمن (ع ص) پرانا ۔کہنہ ؛
مَزہ (ف ۔مذ) ذائقہ ۔لطف
حظ ۔عیش ؛

مَزہ اُٹھانا (ا) لطف حاصل
کرنا ۔رنج اٹھانا
مزہ اُڑانا (ا) عیش کرنا ۔بہار
لوٹنا ؛
مزہ چکھانا (ا) سواد چکھانا
سزا دینا ؛
مزہ چکھنا (ا) ذائقہ دیکھنا ۔
سزا بھگتنا ؛
مزہ کِرکِرا کرنا (ا) بے لطفی
کرنا ؛
مزہ لوٹنا (ا) عیش منانا ۔
لطف اٹھانا ؛
مزے دار (ا ص) لذیذ ؛
مزے کی بات (ا ۔مث)
تماشے کی بات لطف کی بات ؛
مزے میں آنا (ا) خوشی
میں آنا ؛
مَزید (ع ص) زیادہ ۔اضافہ ؛
زیادہ کیا گیا ۔ زیادتی ۔
بیشی ؛
مزید براں (ف) اسکے علاوہ ؛
مُزیّن (ع ص) سجایا گیا ۔
آراستہ ؛

مُژدہ (ف۔مذ) خوشخبری۔ مبارک ÷
مُژدگاں (ف۔مذ) منہ لگنی۔ رونمائی ÷
مِژگاں (ف۔مث) پلکیں ÷
مِژہ (ف۔مث) پلک۔ پپنی ÷
مِس (ف) تانبا ÷
مِسِ خام (ف۔مذ) کچا تانبا۔ ناصاف تانبا ÷
مِس گر (ف۔مذ) ٹھٹھیار ÷
مِس (انگ۔مث) کواری۔ جوان لڑکی ÷
مَس (ع۔مذ) چھونا ÷
مَس کرنا (ا) ہاتھ لگانا۔ ٹٹولنا ÷
مَسا (ع۔مذ) شام ÷
مَساجِد (ع۔مث) جمع مسجد کی ÷
مَساحت (ع۔مث) زمین کی پیمائش ÷
مَساس (ع۔مذ) چھونا۔ ہاتھ پھیرنا ÷
مُساعِد (ع۔ص) مددگار ÷
مُساعِدت (ع۔مذ) مدد ÷
مَساعی (ع۔مذ) کوششیں ÷
مَساعیِ جمیلہ (ع۔مذ) نیک کوششیں ÷
مُسافت (ع۔مذ) فاصلہ۔ سفر ÷
مُسافِر (ع۔مذ) سفر کرنے والا۔ پردیسی ÷
مُسافِرخانہ (ف۔مذ) سرائے ÷
مُسافِرانہ (ف۔ص) مسافروں کی طرح ÷
مُسافِرت (ع۔مذ) سفر۔ پردیس ÷
مُسافری (ا۔مذ) سفر۔ پردیس ÷
مَساکِن (ع۔مذ) مسکن کی جمع۔ مقامات ÷
مَساکِین (ع۔مذ) مسکین کی جمع۔ غریب لوگ ÷
مَسالا (ا۔مذ) سامان نمک مرچ وغیرہ ÷
مَسالِک (ع۔مذ) رستے۔ سڑکیں ÷
مَسام (ع۔مذ) بدن کے باریک سوراخ۔ جن سے پسینہ نکلتا ہے ÷
مَسامات (ع۔مذ) مسام کی جمع۔ باریک سوراخ ÷
مَسان (ہ۔مذ) مرگھٹ ÷
مُساوات (ع۔مث) برابری ہمسری ÷
مُساوی (ع۔ص) برابر۔ یکساں ہموزن ÷
مُوذِی (ع۔ص) ایذا دینے والا دُکھ دینے والا۔ شریر۔ بدذات

مور (ف۔مث) چیونٹی ؛

مور و ملخ (ف۔ص) چیونٹی اور ٹڈی۔ بے شمار ؛

مور (ہ۔مذ) ایک نہایت خوبصورت

پرند طاؤس ٭
مورچھل (ہ۔مذ) مور کے پروں کی چھڑی ٭
مُور (ہ۔مذ) آم کا بُور ٭
مور آنا (ہ) آم کے درخت میں شگوفہ آنا ٭
مُورت (ہ۔مث) بُت۔ مُورتی۔ تصویر۔ پُتلی ٭
مُورتی (ہ۔مث) بُت ٭
مُورِث (ع۔مذ) وہ شخص جس سے ورثہ ملے ٭
مُورِثِ اعلےٰ (ع۔مذ) خاندان کا بزرگ دادا۔ پردادا
مورچا (ہ۔مذ) خندق۔ کھائی لڑنے کی تیاری ٭
مورچہ (ف۔مذ) چیونٹی۔ کیڑی
مُؤرّخ (ع۔مذ) تاریخ لکھنے والا ٭
مؤرّخہ (ع۔ص) لکھا ہوا۔ تحریر
مؤرّخین (ع) جمع مؤرّخ کی تاریخداں ٭
مورد (ع۔مث) گھاٹ۔ اُترنے کی جگہ۔ نازل ہونے کی جگہ ٭

مُورکھ (ہ۔ص) بے وقوف جاہل۔ نادان ٭
مَورُوث (ع۔ص) وارث کیا گیا
مَورُوثی (ع۔ص) جدّی۔ باپ دادا کا ٭
مَوزُوں (ع۔ص) مناسب لائق۔ زیبا۔ دُرست ٭
مَوزُونیت (ا۔مث) خوش صورتی سجاوٹ۔ درستی۔ پھبن ٭
مَوزہ (ف۔مذ) جُراب۔ چمڑے کی جُراب ٭
مُوسائی (ا۔مذ) حضرت موسےٰ کا پیرو ٭
مُوسَل (ہ۔مذ) دانے چھڑنے کا موٹا موہلا ٭
مُوسلا (ہ۔مذ) موہلا۔ موسل کی طرح ٭
مُوسلادھار (ہ۔مث) زور کی بارش ٭
مُوسلی (ہ۔مث) جڑ۔ اصلی ٭
مَوسم (ع۔مذ) وقت سماں دن۔ زمانہ ٭
موسم بہار (ف۔مذ) بسنت

رُت۔ فصل گل ٭
موسم خزاں (ف۔مث) پت جھڑ زوال کا وقت۔ بڑھاپا ٭
مَوسمی (ا۔مث) موسم کا وقت کا
مَوسمی بخار (ا۔مذ) ملیریا ٭
مَوسُوم (ع۔ص) نام رکھا گیا معروف ٭
مُوسوی (ع۔مذ) موسائی ٭
مُوسےٰ (ع۔مذ) ایک مشہور پیغمبرؑ کا نام ہے ٭
مُوسیقار (ف۔مذ) ایک پرند کا نام ہے۔ ایک باجہ کا نام بھی ہے ٭
مُوسیقی (ع۔مذ) گانے بجانے کا علم
مُوسیو (روسی۔مذ) مسٹر۔ جناب
مُوش (ف۔مذ) چوہا ٭
مَوصُوف (ع۔ص) تعریف کیا گیا۔ ممدوح۔ مذکور ٭
مَوصُول (ع۔مذ) ملا ہوا۔ جڑا ہوا
مَوصُول ہونا (ا) ملنا۔ پانا۔ وصول ہونا ٭
مُوصی (ع۔مذ) وصیت کرنے والا
مُوصیٰ (ع۔مذ) وصیت کیا گیا ٭

موضع (ع - مذ) گاؤں - جگہ - مکان ۔
موضوع (ع - مذ) وضع کیا گیا مدعا - مضمون - بناوٹی ۔
موعود (ع - ص) وعدہ کیا گیا ۔
موفور (ع - ص) وافر - زیادہ - بکثرت ۔
موقّر (ع - ص) عزت دار - معزز ۔
موقع (ع - مذ) واقعہ کی جگہ - وقت - مناسب ۔
موقع شناس (ف - ص) بات کا موقع پہچاننے والا - سمجھدار ۔
موقوف (ع - ص) برخاست - نوکری سے الگ کیا گیا - منحصر - مبنی ۔
موقوف کرنا (ا) نوکری سے ہٹانا - برخاست کرنا ۔
موقوفی (ف - مث) برخاستگی - علیحدگی ۔
موکب (ع - مذ) سپاہ - لشکر - فوج
مؤکّد (ع - ص) تاکید کیا گیا منذری ۔
مؤکّل (ع - مذ) وہ شخص جس کے ذمے کوئی کام لگایا گیا ہو ذمہ وار - وکیل - مختار ۔
مؤکِّل (ع - مذ) وکیل کرنے والا
موگری (ہ - مث) کپڑا - زمین وغیرہ کوٹنے کا آلہ - بہت چھوٹا مگدر ۔
مُول (س - مذ) اصل - سرمایہ - پونجی
مُول (ہ - مذ) قیمت - دام - بھاؤ
مول تول (ہ - مذ) بھاؤ - سودا
مولا (ع - مذ) مالک - آقا - سردار - خداوند ۔
مولانا (ع - مذ) علماء کا اعزازی لقب - فاضل - عالم ۔
مولائی (ع - مث) سرداری - امیری
مولِد (ع - مذ) جائے ولادت - وطن ۔
مولسری (ہ - مث) ایک درخت اور اسکے پھل کا نام ہے ۔
مؤلّف (ع - مذ) جمع کرنے والا کتاب بنانے والا ۔
مؤلّفہ (ع - مث) بنائی ہوئی جمع کی ہوئی ۔
مولود (ع - مذ) جنا ہوا - بچہ - بیٹا لڑکا - پیغمبر علیہ السلام کی ولادت کا بیان ۔
مولود خوان (ف - مذ) پیغمبر علیہ السلام کی ولادت کا بیان پڑھنے والا
مولودی (ف - مذ) مولود خواں ۔
مولوی (ع - مذ) دین کا عالم - فاضل مدرس - معلم ۔
مولیٰ (ع - مذ) مولا - سردار - ماسٹر
موم (ف - مذ) ستھا - نرم ۔
موم بتی (ا - مث) موم کی بنی ہوئی شمع ۔
موم جامہ (ا - مذ) مومی کپڑا ۔
موم دل (ا - ص) نرم دل - رحمدل
موم کا (ا - ص) نہایت نازک ۔
موم کی ناک (ا - ص) وہ شخص جو اپنی بات پر قائم نہ رہے جدھر چاہیں - موڑ ڈالیں ۔
مومن (ع - مذ) ایماندار - مسلمان ۔
مومنین (ع - مذ) جمع مومن کی ۔
مومی (ف - ص) موم کا بنا ہوا ۔
مومیٰ (ع - ص) ایما کیا گیا - اشارہ کیا گیا ۔
مومیائی (ف - مث) ایک سیاہ چکنی دوا ہے جو چوٹ وغیرہ

کے لئے مُنہ ہوتی ہے ◆
مُوَنَّث (ع) س) ۔ مادہ ۔ عورت
مُونْدنا (ہ) بند کرنا ◆
مُونْڈنا (ہ) حجامت کرنا ۔ بال
اُتارنا ۔ فریب سے مال لے لینا
مُونڈھا (ہ ۔ مذ) کندھا ۔ دو شی
سرکنڈوں یا بانس کی کُرسی ◆
مُوَن سُون (ہ ۔ ست) بارش
برسانے والی ہوائیں ◆
مُونِس (ع ۔ مذ) ساتھی ۔ یار ۔ دوست
مُونگا (ہ ۔ مذ) مرجان ۔ ایک قسم
کے کیڑے کا گھر ہے جو سمندر
میں پیدا ہوتا ہے ◆
موہ (س ۔ مث) پیار ۔ محبت ۔ عشق
موہ لینا (ہ) لُبھا لینا ۔ فریفتہ کر لینا
مُوہِب (ع ۔ س) بخشنے والا ◆
مَوہِبَت (ع ۔ مث) بخشش ۔ عطا
مَوہِبَتِ عُظمیٰ (ع ۔ مث)
بہت بڑی نعمت ◆
موہت (س ۔ ص) شیدا ۔ عاشق
موہن (ہ ۔ ص) لُبھانے والا ۔ دلربا
موہنی (ہ ۔ مث) موہنے والی
خوبصورت ◆

مَوہُوم (ع ۔ ص) وہم کیا گیا
خیالی ۔ فرضی ◆
مَوہُومی (ف ۔ ست) خیالی وہمی
موئی (ہ ۔ ست) مردہ ۔ مری
ہوئی کم بخت ◆
مُوئے (ف ۔ مذ) بال ◆
مُؤَیِّد (ع ۔ ص) تاکید کرنے والا
مددگار ◆
مُؤَیَّد (ع ۔ ص) مدد دیا گیا
حمایت کیا گیا ◆
مَوِیز (ف ۔ مذ) بڑی قسم کی سوکھی
ہوئی کشمش ◆
مَوَیشی (ع ۔ مذ) ڈنگر ۔ ڈھور
گائے بکری بھینس وغیرہ ◆
مَوَیشی خانہ (ف ۔ مذ) جانوروں
کا باڑا ◆
مہ (ف ۔ ص) بڑا ۔ بزرگ ۔ سردار
مہ (ف ۔ مذ) ماہ ۔ چاند ۔ مہینہ
مہ پارہ (ف ۔ مذ) چاند کا ٹکڑا
خوبصورت ◆
مہ جبین (ف ۔ مذ) خوبصورت
معشوق ◆
مہ رُو (ف ۔ مذ) چاند سے مکھڑے والا

خوبصورت ◆
مہ لقا (ف ۔ مذ) چاند سے مکھڑے
والا ۔ خوبصورت ◆
مَہا (ہ ۔ ص) بڑا ۔ بزرگ ◆
مَہا جن (ہ ۔ مذ) بڑا ۔ ساہوکار
مَہا بھارت (ص ۔ مذ) وہ بڑی
بھاری لڑائی جو کوروں اور
پانڈوؤں کے درمیان ہوئی
تھی ۔ وہ کتاب جس میں اس
لڑائی کا حال لکھا ہے ◆
مَہا بِس (ہ ۔ مذ) خون کا خواب
مہا پُرش (س ۔ مذ) بزرگ آدمی
مہاتما (ہ ۔ مذ) نیک آدمی ۔ مہاتما
مہاجن (ہ ۔ مذ) دولتمند ۔ ساہوکار
مہاراج (ہ ۔ مذ) بڑا راجا
عزت کے لئے خاندانی
ہندو کا خطاب ◆
مہاراجہ (ہ ۔ ص) بڑا راجا
مہارانی (ہ ۔ مث) بڑے
رتبے کی عورت ۔ راجہ کی بیوی
مہابت (ع ۔ مث) خوف ۔
دہشت ۔ جلال ۔ شان و شوکت

مُہاجر (ع۔ مذ) ہجرت کرنیوالا
مُہاجرت (ع۔ مث) ہجرت
کرنا۔ وطن چھوڑنا ٭
مُہار (ف۔ مث) اونٹ کی نکیل
مَہارت (ع۔ مث) مشق
لیاقت۔ پہنچ۔ واقفیت ٭
مُہاسا (ہ۔ مذ) جوانی کے سبب
چہرے پر جو دانے ولنے
نکل آتے ہیں ٭
مہال (ہ۔ مث) مکھیوں کا چھتہ
مہالک (ع۔ مث) ہلاک ہونیکی
جگہیں۔ خطرناک مقامات ٭
مُہام (ع۔ مذ) مہمیں بڑے
بڑے کام ٭
مُہاوت (ہ۔ مذ) ہاتھی چلانے والا
مَہاوٹ (ہ۔ مث) جاڑے
کی بارش ٭
مہتاب (ف۔ مذ) چاندنی۔ چاند
مہتابی (ف۔ مث) چاندنی کی بہار
دیکھنے کے لئے صحن۔ باغ
میں یا محل کے سامنے بنا
ہوا چبوترہ۔ ایک قسم کی
آتشبازی ہے ٭

مِہتر (ف۔ مذ) بزرگ۔ سردار۔ آقا
مِہتر (ا۔ مذ) خاکروب۔ بھنگی۔
موچی۔ چمار ٭
مُہتمم (ع۔ مذ) اہتمام کرنیوالا
منیجر ٭
مُہتمم بندوبست (ا۔ مذ)
بندوبست کے محکمے کا افسر ٭
مہجور (ع۔ ص) جدا کیا گیا۔
فراق کا مارا ٭
مہجوری (ف۔ مث) جدائی۔ فراق
مَہد (ع۔ مذ) پنگوڑا ٭
مَہدی (ع۔ مذ) رہنما۔ ہادی ٭
مُہذب (ع۔ ص) شائستہ۔
تعلیمیافتہ۔ خوش اخلاق ٭
مَہر (ع۔ مذ) وہ روپیہ جو نکاح
کے وقت مرد کی طرف سے
عورت کو دینا منظور کیا جاتا ہے
مِہر (ف۔ مذ) سورج۔ آفتاب
مہر منور (ف۔ مذ) روشن
سورج۔ آفتاب ٭
مُہر (ف۔ مث) چھاپ۔ پیتل
وغیرہ پر کھدا ہوا نام۔ عدالت
یا دفتر کا ٹھپہ ٭

مُہر شاہی (ف۔ مث) بادشاہی چھاپ
مُہر کرنا (ا) مہر لگانا۔ بند کرنا۔
تصدیق کرنا ٭
مُہر کن (ف۔ مذ) مہر کھودنے والا
مَہرا (ہ۔ مذ) کہار ٭
مِہربان (ف۔ ص) مہربانی کرنیوالا
رفیق۔ توجہ کرنیوالا۔ دوست
مِہربانی (ف۔ مث) عنایت
توجہ۔ نوازش ٭
مُہرہ (ف۔ مذ) شطرنج وغیرہ
کی نرد۔ بڑی کوڑی ٭
مَہک (ہ۔ مث) خوشبو۔
میٹھی میٹھی خوشبو ٭
مہکنا (ہ) خوشبو پھیلنا۔ معطر ہونا
مُہلت (ع۔ مث) ڈھیل۔
فرصت۔ وقفہ ٭
مُہلت دینا (ا) موقع دینا
فرصت دینا ٭
مُہلک (ع۔ ص) ہلاک کرنے
والا۔ قاتل ٭
مُہم (ع۔ مث) بڑا کام۔ مشکل
کام۔ جنگ ٭
مُہم سر کرنا (ا) لڑائی جیتنا۔ مہمت

کام کو کامیابی سے انجام
تک پہنچانا ❖
مُہمّات مث، بزرگی بڑائی
تعریف ❖
مُہمّات (ع۔ مث) مہم کی جمع بڑے ضروری اور مشکل کام۔ لڑائیاں
مِہمان (ف۔ مذ) وہ شخص جو کسی کے گھر آکر اترے۔ پراہنا ❖
مِہمان خانہ (ف۔ مذ) مسافر خانہ
مِہماندار (ف۔ مذ) میزبان مہمان بلانے والا ❖
مِہمان سرائے (ف۔ مث) مہمان خانہ
مِہمان نواز (ف۔ص) مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا۔ سخی ❖
مِہمان نوازی (ف۔ مث) مہمانوں کی خاطر تواضع کرنا۔ مسافر پروری
مِہمانی (ف۔ مث) دعوت۔ ضیافت۔ خاطر تواضع ❖
مُہمل (ع۔ص) بے معنی۔ بیہودہ
مُہملہ (ع۔ص) وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو ❖
مِہمیز (ف۔ مث) لوہے کا کانٹا جو سوار کی ایڑی پر لگا رہتا ہے

مِہنار (ص۔ مذ) عجب لولی۔ ظہیر
مَہَنْت (ہ۔ مذ) فقیر۔ درویش۔ خانقاہ کا سردار ❖
مُہَنْدِس (ع۔ مث) علم ہندسہ جاننے والا۔ جوتشی ❖
مِہندی (ہ۔ مث) ایک پتہ جس کو پیس کر رنگ کے لیئے ہاتھ پاؤں پر لگاتے ہیں۔ حِنا
مَہنگا (ہ۔ص) گراں قیمتی ❖
مَہنگا سماں (ہ۔ مذ) کال کا زمانہ گرانی کا وقت ❖
مُہورت (ہ۔ مذ) سعد گھڑی کسی کام کے کرنے کا مناسب وقت جو ستاروں کی چال سے معلوم کرتے ہیں ❖
مُہورت دیکھنا (ہ) کسی کام کا مناسب وقت دیکھنا ❖
مُہورت کرنا (ہ) کسی اچھے وقت کام شروع کرنا ❖
مُہوِّس (ع۔ مذ) کیمیاگر۔ حریص لالچی ❖
مَہْوَش (ف۔ص) ماہ جیسا۔ چاند جیسا۔ خوبصورت ❖

مُہَیّا (ع۔ص) تیار۔ حاضر۔ فراہم
مُہَیّا کرنا (ا) موجود کرنا۔ حاضر کرنا۔ تیار کرنا ❖
مُہِیب (ع۔ص) خوفناک ❖
مِہیش (س۔ مذ) شیوجی کا نام ❖
مَہین (ا۔ص) باریک۔ پتلا۔ نازک
مَہینہ (ا۔ مذ) ماہ۔ تیس دن کا عرصہ ❖
مَے (ف۔ مث) شراب ❖
مَے آشام (ف۔ مذ) شراب پینے والا۔ شرابی ❖
مَے پرست (ف۔ مذ) شرابی ❖
مَے پرستی (ف۔ مث) شراب خوری
مَے خانہ (ف۔ مذ) شراب خانہ
مَے خوار (ف۔ مذ) شرابی ❖
مَے خواری (ف۔ مث) شراب نوشی
مَے فروش (ف۔ مذ) شراب بیچنے والا ❖
مَے کدہ (ف۔ مذ) شراب خانہ ❖
مَے کش (ف۔ مذ) شرابی ❖
مَے نوش (ف۔ مذ) شراب پینے والا۔ شرابی ❖
میئی (انگ۔ مث) انگریزی کا پانچواں مہینہ

میان (ف۔ مذ) وسط۔ بیچ۔ کمر
نیام۔ تلوار کا غلاف ✦
میاں جی (ف۔ مذ) درمیانی
آدمی۔ بھڑوا ✦
میاں (ا۔ مذ) سردار۔ خاوند۔
مسلمانوں کے نام کے ساتھ تعظیم
کیلئے بولتے ہیں۔ آقا۔ مدرس۔
میاں بیوی (ا۔ مذ) خاوند بیوی
میاں مٹھو (ا۔ مذ) احمق۔ بھولا
پیارے طوطے کو کہتے ہیں ✦
میانہ (ف۔ ص) درمیانی۔ اوسط
درجے کا۔ اوسط۔ بیچ ✦
میانہ رو (ف۔ ص) درمیانی چال
چلنے والا۔ کفایت شعار ✦
میانہ روی (ف۔ مث) کفایت
کفایت شعاری۔ جزرسی ✦
میانہ قد (ف۔ مذ) درمیانہ
قد ✦
میپ (انگ۔ مذ) نقشہ ✦
میت (ع۔ مث) مردہ نعش
جنازہ ✦
میت (ہ۔ مث) دوست
یار۔ سجن ✦

میٹ (انگ۔ مذ) ساتھی۔ شریک
مزدوروں کا سردار ✦
میٹر (انگ۔ مذ) ناپنے کا آلہ ✦
میٹرک لیشن (انگ۔ مث) امتحان
میٹنگ (انگ۔ مث) مجلس
کمیٹی۔ مشورہ ✦
میٹھا (ہ۔ ص) شیریں ✦
میٹھا (ہ۔ مذ) شیرینی مٹھاس ✦
میٹھا تیل (ہ۔ مذ) تلوں کا تیل ✦
میٹھا تیلیا (ہ۔ مذ) ایک زہریلی
جڑ کا نام ہے ✦
میٹھا درد (ا۔ مذ) ہلکا ہلکا درد
میٹھا میٹھا (ہ۔ ص) ہلکا ہلکا۔
تھوڑا تھوڑا ✦
میٹھی بات (ہ۔ مث) دلچسپ
بات۔ نرم بات ✦
میٹھی چھری (ہ۔ مث) وہ شخص
جو ظاہر میں دوست ہو
اور باطن میں دشمن ہو ✦
میٹھی میٹھی باتیں کرنا (ہ)
پیار کی باتیں کرنا۔ مزے کی باتیں کرنا
میٹھی نظر (ہ۔ مث) محبت کی نظر
میٹھی نیند (ہ۔ مث) آرام کی نیند

میثاق (ع۔ مذ) قول۔ قرار۔ عہد
میجارٹی (انگ۔ مث) کثرت ✦
میجر (انگ۔ مذ) بڑا۔ اہم۔ فوجی
حاکم ✦
میجسٹی (انگ۔ مث) عظمت۔
بزرگی۔ بادشاہ یا بیگم کے
نام کے ساتھ بولتے ہیں ✦
میچ (انگ۔ مذ) کھیلوں کا مقابلہ
بازی۔ ہمسر۔ ثانی ✦
میجک لنٹرن (انگ۔ مث) جادو
کی لالٹین جس کے ذریعے سے
تصاویر دکھائی جاتی ہیں ✦
میچنا (ہ) بند کرنا۔ سکیڑنا ✦
میخ (ف۔ مث) کیل۔ کھونٹی ✦
میدان (ع۔ مذ) صاف اور
ہموار زمین۔ کھیت۔ کھیل کا
میدان۔ لڑائی۔ مقابلہ ✦
میدان چھوڑنا (ا) لڑائی
چھوڑ کر بھاگ جانا۔ جگہ خالی کرنا
میدان صاف ہے (ا) کوئی
کوئی روکنے والا نہیں ✦
میدان مارنا (ا) لڑائی جیتنا
میدان میں آنا (ا) مقابلے پر

اکھاڑے میں اُترنا ۔

مَیدان ہاتھ رہنا (ا) میدان جیتنا ۔ فتح پانا ۔

مَیدَہ (ف) مذ ۔ باریک آٹا

مِیر (ع) مذ ۔ سردار ۔ چودھری ۔ بزرگ ۔ سیّدوں کا خطابی لفظ ۔

مِیرِ آتش (ف) مذ ۔ توپخانہ کا داروغہ

مِیرِ آخور (ف) مذ ۔ اصطبل کا داروغہ

مِیرِ بحر (ف) مذ ۔ بحری افسر ۔

مِیرِ بخشی (ف) مذ ۔ تنخواہیں تقسیم کرنے والا ۔

مِیرِ حاج (ف) مذ ۔ حاجیوں کا سردار

مِیرِ حجاز (ف) مذ ۔ عرب کا سردار ۔ حضرت رسول کریم ۔

مِیرِ ساماں (ف) مذ ۔ خانساماں

مِیرِ عمارت (ف) مذ ۔ داروغہ تعمیرات ۔ انجینئر ۔

مِیرِ مجلس (ف) مذ ۔ صدر مجلس ۔ پریزیڈنٹ ۔ سبھا پتی ۔

مِیرِ محلّہ (ف) مذ ۔ محلّہ کا چودھری ۔

مِیرِ منشی (ف) مذ ۔ سررشتہ منشی خوانی ۔ سپرنٹنڈنٹ ۔

مِیراث (ع) مث ۔ ترکہ ۔ مال جو مرنے والے کے وارثوں کو پہنچے

مِیراثی (ع) مذ ۔ وراثت پانے والا ۔ مراثی ۔ ڈوم ۔

مِیراں (ف) مذ ۔ بزرگ ۔ مقتدا آدمی

مِیرزا (ف) مذ ۔ امیرزادہ ۔ مغل زادہ ۔ مغلوں کا لقب ۔

میری جوتی سے (ا) مجھے کیا پرواہ ہے ۔ میری بلا سے ۔

مِیز (ف) مث ۔ کتابیں رکھنے یا کھانا کھانے کا تخت ۔ ٹیبل

مِیزبان (ف) مذ ۔ دعوت کرنے والا ۔ مہماندار ۔ صاحب خانہ

مِیزبانی (ف) مث ۔ مہمانی ۔

مِیزان (ع) مذ ۔ جوڑ ۔ مجموعہ ۔ ٹوٹل ۔ ترازو ۔

مِیزانِ کُل (ع) مذ ۔ مجموعی گرانڈ ٹوٹل ۔ تمام مجموعہ ۔

مُیَسّر (ع) ص ۔ دستیاب ۔ حاصل ۔ موجود ۔

مَیسرہ (ع) مث ۔ بائیں طرف کی فوج ۔

مِیش (ف) مث ۔ بھیڑ ۔ گوسفند

میشالا ۔ مذ ۔ اکتہ ۔ بکری کی کھال ۔

مِیعاد (ع) مث ۔ مدّت ۔ وقت مقرّرہ ۔

مِیعادِ مقرّرہ (ع) مث ۔ میعاد ۔ وقت مقرّرہ ۔ مدّت ۔

مِیعادی (ا) ص ۔ مقرّرہ وقت کا

مَیکا (ہ) مذ ۔ عورت کی ماں کا گھر ۔ (پ) پیکا ۔

مِیکائیل (ع) مذ ۔ ایک فرشتے کا نام ہے ۔

میکینک (انگ) مذ ۔ دستکار ۔ کاریگر ۔

میکینیکل (انگ) ص ۔ کلوں کے متعلق ۔

میکینیکل انجینئر (انگ) مذ ۔ کارخانے کی کلوں کی دیکھ بھال کرنے والا

میگزین (انگ) مذ ۔ بارودی ۔ فوجی گودام ۔

میگھ (س) مذ ۔ بادل ۔

مَیل (ع) مذ ۔ جھکاؤ ۔ رغبت ۔ رجحان ۔ طرفداری ۔

مَیلِ خاطر (ع) مذ ۔ طبیعت کا میلان ۔ دل کی رغبت ۔

میل (ہ۔ مذ) چرک۔ پسینہ۔
کیچڑ۔ گرد۔

میل خورا (ا۔ مذ) ایسا رنگ جو
میل کو چھپائے خاکی رنگ وغیرہ

میل لانا (ہ۔ ف ل) کسی بات پر ملال
لانا۔ بیزار ہونا۔

میل نہ آنا (ہ) برا نہ سمجھنا
ناگوار نہ گذرنا۔

میل (ا۔ مذ) سولہ سو گز کا تھوڑا
پتھر جو ہر کوس پر۔ کوس کے
فاصلہ پر لگا ہوتا ہے ۱۷۶۰
گز کا فاصلہ۔

میل (انگ۔ مث) ڈاک۔

میل ٹرین (انگ۔ مث) ڈاک گاڑی

میل (ہ۔ مذ) جوڑ۔ دوستی۔
ہم آہنگی۔ سوئی ساتھ قسم نمونہ

میل جول (ہ۔ مذ) ملنا جلنا
پیار۔ محبت۔ دوستی۔

میل ملاپ (ہ۔ مث) میل جول

میلا (ہ۔ صف) ملا ہوا گندا
ناصاف ناپاک پلید گرد آلود

میلا کچیلا (ہ۔ ص) گندہ
غبار آلودہ۔ ناصاف۔

میلاد (ع۔ مذ) پیدائش کا وقت

میلان (ع۔ مذ) رجوع۔ رغبت
توجہ۔ خواہش۔

میم (ا۔ مث) بیگم۔ خاتون

میمنت (ع۔ مث) برکت
سعادت۔ کامیابی۔

میمنہ (ع۔ مذ) دائیں بازو کی
فوج۔

میموریل (انگ۔ مذ) یادگار
یادداشت۔

میمون (ع۔ ص) مبارک۔ نیک
کامیاب۔

میمون (ف) بندر۔

مینا (ہ۔ مث) ایک خوش آواز
پرندے کا نام ہے۔

مینا (ف۔ مذ) شیشہ۔ سبزی آسمان

مینا بازار (ا۔ مذ) عورتوں کا
بازار۔ شاہی بازار۔

میناکاری (ف۔ مث) چاندی سونے پر
رنگ کا کام۔ باریکی۔

مینار (ع۔ مذ) لاٹھ۔ ستون۔ تھم

مینڈکی کو بھی زکام ہوا۔
کم ظرف آدمی کسی کام کرنے کے
قابل نہیں ہوتا۔ گروہ کا کوئی
چاہے۔ تو اس کے لئے
بولتے ہیں۔

مینڈھا (ہ۔ مذ) دنبہ۔ بھیڑ۔

مینگنی (ہ۔ مث) اونٹ
بکری کی ویکال۔

مینو (ف۔ مذ) بہشت۔ جنت
آسمان۔

مینہ (ہ۔ مذ) بارش۔

مینیجر (انگ۔ مذ) منتظم۔ انتظام
کرنے والا۔

مینیجمنٹ (انگ۔ مث) انتظام
بندوبست۔

مینیجنگ پراپرائٹر (انگ۔ مذ)
کسی فرم دکان کا مالک
خود ہی منتظم بھی ہو۔

مینیجنگ ڈائرکٹر (انگ۔ مذ) کسی چیز
یا فرم کے متعلق ہدایات دینے والا

میوزیم (انگ۔ مذ) عجائب گھر

میونسپل (انگ۔ ص) شہر کے متعلق

میونسپل آفس (انگ۔ مذ) شہر کمیٹی کا دفتر

میونسپل کمشنر (انگ۔ مذ) شہر کی
انتظامی کمیٹی کا ممبر۔ ممبر کمیٹی۔

میونسپل کمیٹی (انگ۔ مث) شہر کا انتظام کرنے والی کمیٹی ۔
میونسپلٹی (انگ۔ مث) شہر کے انتظام کا محکمہ ۔
میواڑ (ا۔ مذ) راجپوتانہ کی ایک ریاست ہے ۔
میوہ (ف۔ مذ) پھل ۔ ثمر ۔
میوہ جات (ف۔ مث) میوہ کی جمع
میوہ دار (ف۔ ص) پھلدار درخت
میوہ فروش (ف۔ مذ) میوہ بیچنے والا ۔ دوکاندار ۔

ن

عربی کا پچیسواں ۲۵ فارسی کا انتیسواں ۲۹ اور اردو کا تیسواں ۳۶ حرف ہے اسکے عدد پچاس ہیں ۔

نا ۔ (ف۔ مذ) حرف نفی ۔ نہیں ۔ بمعنے بے ۔
نااتفاقی (ف۔ مث) پھوٹ بگاڑ ۔ ان بن ۔
ناآزمودہ (ف۔ ص) ناتجربہ کار بغیر آزمائے ۔
ناآشنا (ف۔ ص) انجان ۔ ناواقف
ناامید (ف۔ ص) مایوس ۔ بے آس
ناامیدی (ف۔ مث) مایوسی ۔ نراسا
ناانصافی (ف۔ مث) بے انصافی ظلم ۔ زیادتی ۔
نااہل (ف۔ ص) نالائق ۔ نامعقول
نابالغ (ف۔ ص) وہ شخص جو جوانی کی عمر کو نہ پہنچے جوان نہ ہوا ہو کمسن
نابکار (ف۔ ص) نکمہ جو کام کا نہ ہو ۔
نابلد (ف۔ ص) اجنبی ۔ گنوار ۔ ناواقف ۔
نابود (ف۔ ص) معدوم ۔ فانی ۔ نیست
نابینا (ف۔ ص) اندھا ۔ کور ۔
ناپاک (ف۔ ص) پلید ۔ گندہ ۔
ناپائدار (ف۔ ص) فانی ۔ نہ ٹکنے والی شے ۔ بودا ۔ کمزور ۔
ناپائداری (ف۔ مث) کمزوری بوداپن ۔ بے ثباتی ۔
ناپدید (ف۔ ص) جو دکھائی نہ دے ۔ پوشیدہ ۔
ناپرہیزگار (ف۔ ص) گنہگار نفس پرست ۔
ناپسند (ف۔ ص) نامرغوب ۔ جو اچھا نہ لگے
ناپسندیدہ (ف۔ ص) نامرغوب ۔ ناگوار
ناپید (ف۔ ص) نیست جو چیز ابھی وجود میں نہیں آئی ۔
ناپید ہونا (ف۔ ص) اجڑنا تباہ و برباد ہونا ۔ نیست ہونا ۔
ناپیدا (ف۔ ص) جو ظاہر نہ ہو
ناپیداکنار (ف۔ ص) ایک بڑا سمندر یا دریا جس کا کنارہ دکھائی نہ دے ۔ بہت لمبا چوڑا
ناتجربہ کار (ف۔ ص) انجان ۔ ناواقف
ناتراشیدہ (ف۔ ص) ان گھڑ ۔ بے ڈھنگا
ناتمام (ف۔ ص) نامکمل ۔ ادھورا
ناتواں (ف۔ ص) کمزور ۔ ناطاقت
ناتوانی (ف۔ مث) کمزوری ۔ ناطاقتی
ناجائز (ف۔ ص) ممنوع ۔ بیجا

ناروا •

ناچار (ف ص) لاعلاج۔ عاجز
بے بس •

ناچاقی (ا ث) آن بن۔
بگاڑ۔ شکر رنجی •

ناحق (ف ص) بے سبب
بے انصافی •

ناحق شناس (ف ص) غیر منصف

ناخلف (ف ص) نالائق بیٹا

ناخواندہ (ف ص) بن بلایا
ہوا۔ ان پڑھ •

ناخواندہ مہمان (ف ص) بن بلایا
چلا آنا۔ خواہ مخواہ دخل دینے والا

ناخوش (ف ص) ناراض •

ناخوشی (ف ث) ناراضگی

نادار (ف ص) غریب۔ جس کے
پاس کچھ نہ ہو۔ مفلس •

ناداری (ف ث) غریبی۔ مفلسی

نادان (ف ص) بے سمجھ۔ بیوقوف

نادانستگی (ف ث) ناواقفیت
۔ بے خبری •

نادانستہ (ف) ناواقفیت
سے۔ نہ جان کر •

نادانی (ف ث) بیوقوفی۔ جہالت
ناسمجھی •

نادرست (ف ص) جو ٹھیک
نہ ہو۔ غلط •

نادہند (ا ص) قرض وغیرہ
لے کر نہ دینے والا •

نادیدہ (ف ص) ان دیکھا
بغیر دیکھا ہوا •

ناراض (ف ص) ناخوش۔
رنجیدہ۔ خفا •

ناراضگی (ف ث) رنج۔ خفگی
ناخوشی •

نارسا (ف ص) نہ پہنچنے والا۔ نامراد

نارسائی (ف ث) پہنچ نہ ہونا
دخل نہ دے سکنا •

ناروا (ف ص) ناجائز۔ ممنوع
خلاف شرع •

نازیبا (ا ص) بدنما۔ نامناسب

ناساز (ف ص) ناموافق۔ مخالف
بیمار۔ بدمزہ •

ناسازگار (ا ص) ناموافق۔ مخالف

ناسپاس (ف ص) ناشکرا
نمک حرام •

ناسزا (ف ص) نامناسب۔ بیجا

ناشگفتہ (ف ص) وہ کلی جس کا
منہ فراخ نہ ہو۔ ان بندھا •

ناشاد (ف ص) ناخوش۔ رنجیدہ
غمگین •

ناشائستگی (ف ث) بے تمیزی
نالائقی •

ناشائستہ (ف ص) نامناسب
بیجا۔ بد تہذیب۔ بے تمیز

ناشدنی (ف ص) نہ ہونے
کے لائق۔ نالائق۔ کم بخت
ناخلف •

ناشکرا (ا ص) جو احسان
نہ مانے۔ نمک حرام •

ناصبور (ف ص) بے صبر۔ بے قرار

ناشکیبا (ف) ناصبور •

ناعاقبت اندیش (ف ص)
وہ شخص جو بات کا انجام
نہ سوچے۔ کم عقل •

نافرمان (ف ص) سرکش۔
حکم نہ ماننے والا

نافرمانی (ف ث) حکم نہ ماننا
سرکشی۔ بغاوت •

ناقابل (ف ص) نالائق۔ ناموزوں
ناقابل برداشت (ف ص) جو برداشت نہ ہو سکے۔ بہت بُرا
ناقدری (ف۔ مث) بےقدری۔ بےعزتی
ناکارہ (ف۔ ص) نکمّا۔ خراب۔ بُرا
ناکام (ف ص) بے مُراد۔ مایوس۔ محروم ۔
ناکامی (ف۔ مث) محرومی۔ نامرادی۔ مایوسی ۔
ناکتخدا (ف ص) کنوارا۔ کنواری
ناکردہ جرم (ف ص) بیگناہ۔ بےخطا
ناکردہ گناہ (ف) بیجرم۔ بیگناہ
ناکس (ف ص) اوچھا۔ کمینہ۔ نالائق ۔
ناگزیر (ف ص) لازم۔ ضروری۔ ناچار
ناگوار (ف ص) ناپسند۔ طبیعت کے خلاف ۔
ناگوار گزرنا (ص) بُرا لگنا۔ طبیعت کے خلاف ہونا ۔
ناگاہ (ف ص) اچانک۔ یکایک۔ بے وقت ۔
ناگہاں (ف ص) اچانک۔ بےخبری میں
ناگہانی (ف ص) اچانک آنے والی

اتفاقی ۔
نالائق (ف ص) جو لائق نہ ہو۔ ناقابل۔ بے ہُنر۔ بے لیاقت۔ کمینہ ۔
نامبارک (ف ص) منحوس۔
نامتناہی (ف ص) ختم نہ ہونے والا۔ بے انتہا ۔
نامحرم (ف ص) بیگانہ۔ غیر۔ انجان ۔
نامراد (ف ص) ناکام۔ بدنصیب۔ محروم ۔
نامرد (ف ص) ڈرپوک۔ کمزور۔ بے حوصلہ۔ ہیجڑا۔ زنانہ ۔
نامردی (ف۔ مث) جھجکنا۔ کمزوری۔ نااتفاقی ۔
نامعقول (ف ص) بے عقلی کی بات۔ بیجا۔ نالائق۔ بیوقوف
نامعلوم (ف ص) بے خبر۔ ناواقف۔ انجانا۔ بے شعور ۔
ناملائم (ف ص) سخت۔ نامہذب۔ نازیبا۔ بُرا ۔
ناممکن (ف ص) ان ہونی۔ جو بات نہ ہو سکے ۔

نامناسب (ف ص) بے جا۔ ناشائستہ۔ ناواجب ۔
نامنظور (ف ص) ناپسند۔ جو منظور نہ ہو ۔
ناموافق (ف ص) خلاف۔ مخالف۔ ناسازگار ۔
ناموافقت (ف۔ مث) مخالفت۔ رنجش۔ بگاڑ ۔
ناموزوں (ف ص) نامناسب۔ بے جوڑ۔ بُرا ۔
نامہربان (ف ص) بے درد۔ دشمن۔ بدخواہ ۔
ناواجب (ف ص) ناحق۔ بے جا۔ نامناسب ۔
ناواقف (ف ص) انجان۔ ناتجربہ کار۔ جاہل ۔
ناہموار (ف ص) جو ہموار نہ ہو۔ نابرابر۔ نالائق ۔
ناہنجار (ف ص) بدذات۔ کمینہ۔ بداطوار ۔
نایاب (ف ص) وہ چیز جو کم ملے۔ بیش قیمت۔ عمدہ ۔
ناب (ف۔ ا) خالص ۔

ناپ (ہ-مث) ماپ پیمائش
اندازہ ◆
ناپنا (ہ) پیمائش کرنا۔ اندازہ لگانا
ناتمارہ - نمانا شتہ - بڑا لوری ◆
ناتھ (س نم) مالک خاوند ۔ آقا
ناٹک (س - مذ) ڈراما ہونگ
تماشہ ◆
ناجی (ع ـ س) نجات پانیوالا ◆
ناچ رنگ (ا - مذ) گانا بجانا
ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (ا)
وہ شخص جو کام کی لیاقت تو
رکھتا نہیں ۔ مگر نہ کر سکنے کا
عذر بہت کرتا ہے ◆
ناچ گھر (ہ - مذ) جگہ جہاں ناچ
ہوتا ہو۔ تماشا گاہ ◆
ناچنا (ا) رقص کرنا۔ اچھلنا کودنا
ناخدا (ف ـ ا) ملاح کشتی بان
ناخن (ف - مذ) نوشتہ ◆
ناخن گیر (ف - مذ) نہیرنا ◆
ناخن لینا (ا) ناخن کاٹنا۔
ناخن سے گوشت جدا کرنا
(ا) اپنوں میں جدائی ڈالنا
ناد (س م) گونج - گرج - آواز ◆

نادر (ع ـ س) کمیاب - تھوڑا -
قلیل ۔ انوکھا ۔ عجیب ◆
نادر شاہی (ف - مث) بے
انتظامی - اندھیر - اٹل سخت حکم
نادر گردی (ف مث) بد انتظامی
نادرہ (ع ـ ص) انوکھا ۔ عجیب
نادری حکم (ا - مذ) سخت حکم
جابرانہ حکم ◆
نادم (ع ـ س) شرمندہ ◆
نار (ا - مث) آگ - آتش ◆
نار (ہ - مث) عورت ۔ گردن
نارائن (س مذ) بھگوان خدا
نارتھ (انگ - مذ) شمال ◆
نارتھ ویسٹرن ریلوے -
(انگ - مث) شمال مغربی ریلوے
اپنے پنجاب کی ریلیں ◆
نارتھ ویسٹرن فرانٹیئر (انگ)
شمال مغربی سرحدی صوبہ ◆
نارتھ پول (انگ مذ) قطب شمالی
نارجیل (ف مذ) ناریل - گری ◆
نارنج (ف مث) رنگترہ نارنگی ◆
نارنگی (ف - مث) ایک مشہور
پھل کا نام ہے ◆

ناروا (ف) نادرست نامناسب ناجائز
ناری (ع ـ س) دوزخی جہنمی
آگ کا ◆
ناری (ہ - مث) عورت ◆
ناریل (ہ - مذ) نارجیل - گری ◆
ناڑا (ہ - مث) ازار بند ◆
ناز (ف - مذ) کرشمہ نخرہ عشوہ
انداز ۔ لاڈ پیار ۔ فخر ۔ غرور ◆
ناز اٹھانا (ا) نخرے برداشت
کرنا ۔ لاڈ سہنا ◆
ناز برداری (ف) ناز اٹھانا
لاڈ چوچلے برداشت کرنا ◆
ناز پروردہ (ف - مذ) لاڈ میں
پلا ہوا ◆
ناز کرنا (ا) ف مذ نخرہ کرنا غرور کرنا
ناز و نخرہ (ف - مذ) لاڈ پیار
کرشمہ - چوچلے ◆
ناز و نعمت (ف - مذ) لاڈ
پیار ۔ عیش و آرام ◆
ناز ہونا (ا) فخر ہونا گھمنڈ ہونا
نازاں (ف ص) فخر کرنے والا
نازش (ف - مث) فخر گھمنڈ اترانا
نازک (ف ص) لطیف پتلا -

ہوا۔ خوبصورت۔ جلد ٹوٹنے والا۔ کمزور ۔

نازک اندام (ف۔ ص) نازک جسم والا ۔

نازک بدن (ف۔ ص) نازک جسم والا ۔

نازک خیال (ف۔ ص) باریک مشکل باتیں کہنے والا۔ شاعر

نازک دماغ (ف۔ ص) خود پسند۔ مغرور۔ زود رنج۔

نازک دماغی (ف۔ مث) خود پسندی۔ بد مزاجی ۔

نازک مزاج (ف۔ ص) چڑچڑا۔ زود رنج۔ کمزور ۔

نازک مزاجی (ف۔ مث) خود پسندی۔ بد مزاجی ۔

نازک مسئلہ (ف۔ مذ) مشکل سوال

نازک معاملہ (ف۔ مذ) خطرناک معاملہ۔ مشکل امر ۔

نازک وقت (ا۔ مذ) خطرے کا وقت۔ بُرا وقت ۔

نازکی (ف۔ مث) نزاکت۔ لطافت۔ نفاست ۔

نازل (ع۔ ص) اُترنے والا

نازنین (ف۔ ص) دلفریب۔ خوبصورت معشوق ۔

ناس (ہ۔ مث) خرابی۔ تباہی۔ نیست و نابود ۔

ناس کرنا (ل) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا

ناستک (س۔ مذ) خدا کا منکر۔ کافر۔ بے دین ۔

ناسخ (ع۔ مذ) منسوخ کرنے والا۔ رد کرنے والا۔ ایک مشہور شاعر کا تخلص ہے ۔

ناسور (ع۔ مذ) ایسا زخم جو کبھی اچھا نہ ہو۔ قرحہ ۔

ناسور پڑنا (ل) ایسا زخم ہونا جو کبھی اچھا نہ ہو ۔

ناسرہ (ف۔ ص) کھوٹا ۔

ناشپاتی (ف۔ مث) ایک مشہور پھل کا نام ہے ۔

ناشتا (ف۔ مذ) صبح کا کھانا۔ ناشتہ

ناصح (ع۔ مذ) نصیحت کرنے والا

ناصر (ع۔ ص) مددگار۔ حامی

ناصیہ (ع۔ مذ) ماتھا۔ جبین۔ پیشانی ۔

ناصیہ سائی (ف۔ مث) ماتھا رگڑنا

ناطق (ع۔ مذ) بولنے والا۔ قطعی۔ اٹل ۔

ناطقہ (ع۔ مث) بولنے کی قوت۔ بولنا۔ گویائی ۔

ناطقہ بند کرنا (ل) بولنے کی مجال نہ رہنے دینا ۔

ناظر (ع۔ مذ) دیکھنے والا۔ نگہبان۔ محافظ ۔

ناظرہ (ع) دیکھ کر پڑھنا ۔

ناظرہ خوان (ف۔ مذ) دیکھ کر پڑھنے والا ۔

ناظرین (ع۔ مذ) دیکھنے والے۔ مطالعہ کرنے والے ۔

ناظم (ع۔ مذ) انتظام کرنے والا۔ شاعر

ناغہ (ت۔ مذ) غیر حاضری۔ خالی

ناف (ف۔ مث) نابھ۔ ڈھنڈی۔ بیچ۔ وسط ۔

نافذ (ع۔ ص) جاری ہونے والا

نافذ کرنا (ل) جاری کرنا۔ عمل کرانا

نافرجام (ف۔ ص) بد انجام۔ بے حاصل

نافرمان (ف۔ ص) سرکش۔ ایک قسم کا پھول ہے ۔

نافع (ع-ص) نفع دینے والا۔ فائدہ مند +
نافہ (ف-مذ) کستوری کی تھیلی +
ناقص (ع-ص) نامکمل۔ ادھورا۔ عیب دار +
ناقص العقل (ع-ص) کم عقل۔ کند ذہن +
ناقل (ع-مذ) نقل کرنے والا۔ راوی۔ بیان کرنے والا +
ناقوس (ع-مذ) سنکھ +
ناقہ (ع-مث) اونٹنی۔ سانڈنی +
ناک (ہ-مث) بینی۔ عزت۔ شرم
ناک بہنا (ہ) ناک سے پانی بہنا
ناک بھوں چڑھانا (ہ) ناخوش ہونا۔ تیوری چڑھانا +
ناک چنے چبوانا (ہ) سخت عاجز کرنا۔ تکلیف دینا +
ناک رگڑنا (ہ) منت سماجت کرنا۔ خوشامد کرنا +
ناک کٹنا (ہ) بے عزتی کرنا۔ رسوائی ہونا +
ناک میں دم آنا (ہ) تنگ ہو جانا۔ عاجز ہونا +
ناک میں دم کرنا (ہ) نہایت تنگ کرنا۔ دق کرنا +
ناکے والا (ہ) غیرت والا۔ عزت والا
ناکا (ہ-مذ) راہ۔ دروازہ +
ناکا بندی (ہ-مث) راستہ بند کرنا۔ جگہ جگہ چوکی بٹھانا +
ناگ (س-مذ) کالا سانپ۔ پھن دار سانپ +
ناگری (س-مث) ہندی بھاشا
ناگن (ہ-مث) ناگ کی مادہ +
نال (ف) نلی۔ نرسل +
نال (ہ-مث) لوہے کی گول نالی جو اندر سے خالی ہو۔ بندوق کی نال +
نالا (ہ-مذ) برساتی نہر۔ کھالا۔ نہر کی شاخ +
نالاں (ف) روتا ہوا۔ فریادی۔ عاجز۔ تنگ +
نالش (ف-مث) فریاد۔ شکایت۔ دعوے +
نالش کرنا (ہ) دعوے دائر کرنا۔
نالہ (ف-مذ) گریہ۔ واویلا۔ شور و غل
نالہ (ہ-مذ) چھوٹی نہر۔ نہر کی شاخ +
نالی (ہ-مث) بدرو۔ موری +
نام آور (ف-ص) مشہور۔ نامی گرامی +
نام آوری (ف-مث) شہرت +
نام بردہ (ف-ص) وہ شخص جس کا اوپر نام لیا گیا ہو۔ مذکور +
نام بنام (ف) ایک ایک کو ترتیب وار +
نام پانا (ہ) شہرت حاصل کرنا۔ نیکنامی حاصل کرنا +
نام جپنا (ہ) بار بار نام لینا۔ رٹنا +
نام چور (ف-ص) نام چھپانے والا +
نام خدا (ہ-دعا) چشم بد دور۔ ماشاءاللہ +
نام خراب کرنا (ہ) رسوا ہونا۔ بدنام ہو جانا +
نامدار (ف-ص) نامی۔ مشہور
نام دھرنا (ہ) نام رکھنا۔ عیب لگانا۔ نکتہ چینی +
نام ڈبونا (ہ) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا
نام رکھنا (ہ) نام دھرنا۔ نقص نکالنا +

نام روشن کرنا (ا) کسی کے نام کو مشہور کرنا۔ شہرت پیدا کرنا ۔

نام رہ جانا (ا) یادگار رہ جانا۔ نام باقی رہ جانا ۔

نام زد (ف ص) مشہور۔ موسوم۔ معروف ۔

نام زد کرنا (ا) موسوم کرنا۔ کسی کے نام پر کرنا۔ مقرر کرنا ۔

نام زد ہونا (ا) مشہور ہونا۔ کسی کے نام پر ہونا ۔

نام کو (ا) بجائے نام محض کہنے کو ۔

نام کو نہ رہنا (ا) بالکل نہ رہنا۔ ذرا نہ رہنا ۔

نام لیوا (ا) نام لینے والا۔ یادگار۔ بیٹا۔ وارث ۔

نام نکل جانا (ا) مشہور ہو جانا۔ نیکی یا برائی کے لئے مشہور ہونا

نام نمود (ا۔ ث) ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ عزت و نمایش ۔

نام نہاد (ف ص) نامزد۔ موسوم

نام نہیں (ا) پتہ نہیں۔ بے نشان ہے ۔

نام ور (ف ص) مشہور۔ نامی ۔

نام و نشان۔ مشہور۔ نشانی پتہ۔ ٹھکانا ۔

نام ہونا (ا) شہرت ہونا۔ مشہوری ہو گئی۔ قرار پانا ۔

ناموس (ع۔ ث) عزت۔ حرمت عصمت۔ شرم۔ غیرت ۔

نامہ (ف۔ مذ) چٹھی۔ خط۔ کتاب۔ رجسٹر ۔

نامۂ اعمال (ف۔ مذ) وہ دفتر جس میں آدمی کے اچھے برے کام درج ہوں۔ اعمالنامہ ۔

نامہ بر (ف۔ مذ) قاصد۔ پیغمبر۔ چٹھی رساں ۔

نامہ نگار (ف۔ مذ) خبر لکھنے والا۔ پرچہ نویس ۔

نامہ و پیام (ف۔ مذ) خط و کتابت

نامی (ف ص) مشہور۔ نامزد۔ نامور

نامی گرامی (ف ص) بڑا مشہور

نامیہ (ع۔ مث) بڑھانے والی قوت۔ نشوونما کی طاقت ۔

نان (ف۔ مث) روٹی۔ چپاتی خمیری تنور کی روٹی ۔

نانبائی (ا۔ مذ) طباخی۔ روٹی سالن بیچنے والا ۔

نان جویں (ف۔ مث) جو کی روٹی۔ روکھی سوکھی ۔

نان شبینہ (ف۔ مث) رات کی روٹی۔ ایک وقت کا کھانا ۔

نان و نفقہ (ف۔ مذ) روٹی کپڑا ۔

نانڈ (ہ۔ مث) مٹی کا کونڈا ۔

نانک (ہ) ایک مشہور ہندو بزرگ کا نام ہے جو سکھوں کے فرقے کے بانی تھے ۔

ناو (ہ۔ مث) کشتی۔ ڈونگی ۔

ناوک (ف۔ مذ) تیر۔ خدنگ ۔

ناو نوش (ف) عیش و عشرت گانا بجانا۔ کھانا پینا ۔

ناہید (ف۔ مذ) زہرہ ستارہ ۔

نایاب (ف ص) کم ملنے والی شے۔ عمدہ۔ قیمتی ۔

نائب (ع۔ مذ) ماتحت مددگار۔ ڈپٹی ۔

نائرہ (ع۔ مذ) شعلہ۔ لو ۔

نائک (ہ۔ مذ) سردار۔ قافلہ کا سردار

نب (انگ۔ مذ) ڈنک۔ لوہے کے قلم کی نوک ۔

نبات (ف ۔ مث) مصری ۔ قند ۔

نبات (ع ۔ مث) سبزہ ۔ گھاس پات ۔

نباتات (ع ۔ مث) سبزی ترکاریاں ۔ پودے ۔

نباتی (ع ۔ ص) اگنے والا ۔ بات جڑی بوٹی کا ۔

نبّاض (ع ۔ مذ) نبض دیکھنے والا ۔ حکیم و طبیب ۔

نبّاضی (ع ۔ مث) نبض شناسی ۔

نباہ (ہ ۔ مذ) نبھاؤ ۔ گزارا ۔ انتہا تک پہنچنا ۔

نباہنا (ہ) گزارنا ۔ پورا کرنا ۔ کسی کے ساتھ نباہ کرنا ۔

نبٹانا (ہ) ختم کرنا ۔ چکانا ۔ بھگتانا ۔ ادا کرنا ۔

نبرد (ف ۔ مث) لڑائی ۔ جنگ ۔

نبرد آزما (ف ۔ ص) بہادر ۔ جنگی ۔ دلاور ۔

نبڑ جانا (ہ) ختم ہو جانا ۔ تمام ہو جانا ۔ باقی نہ رہنا ۔

نبڑنا (ہ) تمام ہونا ۔ ہو چکنا ۔ ختم ہونا ۔

نبض (ع ۔ مث) رگ کا پھڑکنا ۔ اچھلنی رگ جو حرکت کرتی ہے ۔

نبض دیکھنا (ا) بیمار کی نبض دیکھ کر بیماری معلوم کرنا ۔

نبوّت (ع ۔ مث) پیغمبری ۔ نبی ہونا ۔

نبولی (ہ ۔ مث) نیم کا پھل ۔

نبوی (ع ۔ ص) نبی کا ۔ رسول کا ۔

نبھانا (ہ) نباہنا ۔ پورا کرنا ۔ ایک دوسرے کے ساتھ گزارہ کرنا ۔

نبھاؤ (ہ ۔ مذ) نباہ ۔ گزارا ۔

نبھنا (ہ) گزر ہونا ۔ انجام تک ساتھ رہنا ۔

نبی (ع ۔ مذ) خبر دینے والا ۔ رسول ۔ پیغمبر ۔

نبیرہ (ف ۔ مذ) پوتا ۔ نواسا ۔

نبیڑنا (ہ) تمام کرنا ۔ ختم کرنا ۔ چکانا ۔

نت (ہ ۔ ص) ہمیشہ ۔ سدا ۔ روز ۔

نت نیا (ہ) ہمیشہ تازہ ۔ روز نیا ۔ نوبنو ۔

نتائج (ع ۔ مذ) جمع نتیجہ کی ۔ انجام ۔ اخیر ۔

نتھارنا (ہ) صاف کرنا ۔ چھاننا ۔ اوپر اوپر کا پانی اتارنا ۔

نتھرا ہوا (ا ۔ ص) صاف ۔

نتھنا (ہ ۔ مذ) ناک کا سوراخ ۔ ناکا ۔

نتھنے پھلانا (ہ) ناک بھوں چڑھانا ۔ ناراض ہونا ۔

نتھی کرنا (ہ) شامل کرنا ۔ دوسرے کاغذوں کے ساتھ لگانا ۔

نتیجہ (ع ۔ مذ) اخیر ۔ انجام ۔ پھل ۔ مطلب ۔

نٹ (ہ ۔ مذ) بازی گر ۔

نٹ کھٹ (ہ ۔ ص) نکھٹو ۔ فریبی ۔ شریر ۔

نثار (ع ۔ مذ) نچھاور ۔ صدقہ ۔

نثار (ع ۔ مذ) نچھاور کرنا ۔ قربان ۔ صدقے ۔

نثار کرنا (ا) نچھاور کرنا ۔ صدقے کرنا ۔ قربان کرنا ۔

نثار ہونا (ا) قربان ہونا ۔ صدقے ہونا ۔

نثر (ع ۔ مث) وہ عبارت جو نظم نہ ہو ۔

نج (ہ ۔ ص) ذاتی ۔ اپنا ۔ گھر کا ۔ پرائیویٹ ۔

نجابت (ع ۔ مث) شرافت ۔ بزرگواری ۔

نجات (ع ۔ مث) خلاصی
مکتی ۔ چھٹکارا ۔
نجار (ع ۔ مذ) بڑھئی ۔ ترکھان ۔
نجارگی (ع ۔ مث) بڑھئی کا کام
نجاست (ع ۔ مث) گندگی
پلیدی ۔ نجاست ۔
نجد (ع ۔ مذ) عرب کا ایک
مشہور صوبہ ہے ۔
نجس (ع ۔ ص) ناپاک ۔ پلید ۔ گندہ ۔
نجف (ع ۔ مذ) عراق کے
ایک مشہور شہر کا نام ہے
جہاں حضرت علی کا مزار ہے ۔
نجم (ع) ستارہ ۔
نجوم (ع ۔ مذ) نجم کی جمع ۔ ستارے
جوتش ۔
نجومی (ع ۔ مذ) نجوم جاننے والا
جوتشی ۔
نجیب (ع ۔ ص) بزرگ
شریف ۔ بھلا مانس ۔
نجیب الطرفین (ع ۔ ص)
ماں باپ دونوں کی طرف سے
اصلی نسل کا ۔ شریف ۔
نچان (ہ ۔ مث) اتار ۔ پستی ۔ ڈھلان

نچانا (ہ ۔ ع) رقص کرانا ۔ دق کرنا ۔
نچڑنا (ہ) ٹپکنا ۔ پانی نکل جانا ۔
دبلا ہونا ۔
نچلا (ہ ۔ ص) خاموش ۔ چپ چاپ ۔
نچنت (ہ ۔ ص) فارغ ۔ بےفکر ۔
نچوڑ (ہ ۔ مذ) عرق ۔ خلاصہ
نچوڑنا (ہ) دبا کر کسی چیز کا عرق
نکالنا ۔ گیلے کپڑے سے
پانی نکالنا ۔
نچھاور (ہ ۔ مث) نثار ۔ صدقہ ۔
نچھاور کرنا (ا) وارنا ۔ قربان
کرنا ۔ نثار کرنا ۔
نحس (ع ۔ ص) منحوس ۔ نامبارک ۔
نحل (ع ۔ مث) شہد کی مکھی ۔
نحو (ع ۔ مث) گرامر ۔ جملوں کا علم
نحوست (ع ۔ مث) بدبختی
سستی ۔ بدشگونی ۔
نحیف (ع ۔ ص) کمزور ۔ دبلا ۔
نازک ۔
نخچیر (ف ۔ مث) شکار ۔ صید ۔
نخالص (ا ۔ ص) ملاوٹی ۔ جو
خالص نہ ہو مگر عام لوگ خالص کے
معنوں میں بولتے ہیں ۔

نخرہ (ف ۔ مذ) ناز ۔ کرشمہ ۔ چوچلا ۔
نخرہ کرنا (ا) ناز کرنا ۔ چوچلا
دکھانا ۔ اترانا ۔
نخشب (ف ۔ مذ) ترکستان کے ایک
شہر کا نام ہے جہاں کے ایک
حکیم نے پارہ وغیرہ کی ترکیب
سے چاند تیار کیا تھا ۔
نخل (ع ۔ مذ) کھجور کا درخت ۔ پودا ۔
نخل بند (ع ۔ مذ) مالی ۔ باغبان ۔
نخل طور (ع ۔ مذ) کوہ طور کے
نزدیک کا وہ درخت جس
حضرت موسیٰ پر خدا کی تجلی
ظاہر ہوئی تھی ۔
نخلستان (ف ۔ مذ) سبزہ میدان
جہاں کھجور کے درخت بہت ہوں
نخوت (ع ۔ مث) غرور ۔ گھمنڈ
خودبینی ۔
نخود (ف ۔ مذ) چنا ۔ چھولا ۔
ند (ہ ۔ مذ) دریا ۔ ندی نالہ ۔
ندا (ع ۔ مث) آواز ۔ پکار ۔ صدا ۔
ندارد (ف ۔ ص) نہیں ۔ خالی ۔ غیر موجود
نداف (ع ۔ مذ) روئی دھنکنے
والا ۔ دھنیا ۔

ندامت (ع۔ مث) شرمندگی
پشیمانی۔ پچھتاوا ॰
ندامن (ہ) آخر کار۔ پیچھے ॰
ندرت (ع۔ مث) انوکھاپن
عمدگی۔ کمیابی ॰
ندما (ع۔ مذ) ندیم کی جمع۔ مصاحب
ندی (ع۔ مث) چھوٹا نالہ
ندی ناؤ سنجوگ (ہ۔ محاورہ)
اتفاقیہ ملاقات ॰
ندیدہ (ف۔ ص) اَن دیکھا ॰
ندیم (ع۔ مذ) مصاحب۔ دوست
ساتھی ॰
نڈر (ہ۔ ص) بےخوف۔ بیباک۔ جری ॰
نڈھال (ہ۔ ص) سُست
تھکا ماندہ۔ کمزور ॰
نذر (ع۔ مث) تحفہ۔ تحفت
بھینٹ۔ نیاز ॰
نذر دینا (ا) تحفہ پیش کرنا۔ چڑھانا
نذر گزراننا (ا) تحفہ پیش کرنا۔ چڑھانا
نذر ماننا (ا) منت ماننا ॰
نذر و نیاز (ف۔ مث) بھینٹ
کسی فقیر کے نام کی شیرینی وغیرہ
نذرانہ (ف۔ مذ) تحفہ۔ ہدیہ ॰

نر (ف۔ مذ) مرد۔ مذکر۔ مادہ کی ضد
نرگاؤ (ف۔ مذ) بیل ॰
نِر (حرف نفی) نہیں۔ بن۔ بغیر ॰
نراس (ہ۔ ص) بے آس۔ نا امید
مایوس ॰
نرنکار (ہ۔ ص) بے روپ
جو بے شکل۔ خدا ॰
نربھے (ہ۔ ص) نڈر۔ بےخوف ॰
نردھن (ہ۔ ص) نادار۔ مفلس۔ غریب
نرگن (ہ۔ ص) بے ہنر ॰
نرمل (ہ۔ ص) صاف۔ شفاف ॰
نرمول (ہ۔ ص) بے جڑ۔ بے بنیاد
نروان (ہ۔ مث) مکتی۔ نجات ॰
نرا (ہ۔ ص) صرف۔ محض۔ اکیلا ॰
نرالا (ہ۔ ص) انوکھا۔ عجیب
نئی طرز کا ॰
نرالی (ہ۔ مث) انوکھی۔ عجیب ॰
نرخ (ف۔ مذ) قیمت۔ بھاؤ۔ دَر
نرخنامہ (ف۔ مذ) چیزوں کے
نرخوں کی فہرست ॰
نرخرہ (ف۔ مث) گھنٹی۔ حنجرہ ॰
نردبان (ف۔ مث) زینہ۔
کاٹھ کی سیڑھی ॰

نرس (انگ۔ مث) دائی ॰
نرسل (ہ۔ مذ) سرکنڈا ॰
نرسنگھا (ہ۔ مذ) قرنا۔ بھونپو۔ بگل
نرسمہ (ہ) یعنی آدمیوں کا
شیر۔ بہادر ॰
نرغہ میں آنا (ا) گھر جانا۔ دشمن
کا۔ آفت میں مبتلا ہونا ॰
نرک (ہ۔ مذ) دوزخ۔ جہنم ॰
نرگس (ف۔ مث) ایک قسم کا
پھول ہے جو آنکھ سے مشابہ
ہے۔ معشوق کی آنکھ ॰
نرگس بیمار (ف۔ مث) مست
آنکھ۔ معشوق کی آنکھ ॰
نرگس شہلا (ف۔ مث) وہ نرگس
جس میں سفیدی کی بجائے
سیاہی ہو ॰
نرگسی (ف۔ ص) نرگس سے مشابہ
نرم (ف۔ ص) ملائم۔ گداز ॰
لطیف۔ ہلکا۔ نازک۔ سُست
نرم دل (ف۔ ص) رحمدل۔
ترس کرنے والا ॰
نرم گرم (ف۔ ص) بُرا بھلا۔
سخت سُست ॰

نرماتا (ا) نرم کرنا۔ دھیما کرنا۔ ڈھیلا کرنا ٭
نرماہٹ (ا۔ مث) نرمی ٭
نرمی (ف۔ مث) ملائمت۔ مہربانی۔ شفقت۔ بُردباری۔ سہولیت
نرنجن (س۔ ص) بے عیب۔ خدا۔ پرماتما ٭
نرینہ (ف۔ ص) نر سے منسوب۔ نر ٭
نزار (ف۔ ص) لاغر۔ دبلا۔ کمزور۔ ناتوان۔ مفلس ٭
نزاع (ع۔ مث) جھگڑا۔ عداوت۔ دشمنی ٭
نزاعِ لفظی (ا۔ مث) لفظی جھگڑا
نزاکت (ع۔ مث) نازکی۔ خوبی۔ کمزوری
نزد (ف۔ ص) نزدیک۔ پاس۔ قریب
نزدیک (ف) قریب۔ پاس ٭
نزدیکی (ا۔ مث) پاس۔ قرب
نزع (ع۔ مث) جان کنی۔ دم ٹوٹنا۔ آخری وقت ٭
نزلہ (ع۔ مذ) زکام۔ ریزش
نزلہ برعضوِ ضعیف می ریزد (ف) مصیبت ہمیشہ کمزور ہی پر آتی ہے۔ ہر ایک کمزور ہی کو دباتا ہے ٭
نزول (ع۔ مذ) اُترنا۔ نازل ہونا۔ زکام ٭
نزولی (ع۔ مث) اُترتی ہوئی جیسے تحویل نزولی ٭
نزہت (ع۔ مث) تروتازگی۔ فرحت۔ خوشی ٭
نژاد (ف۔ مث) اصل نسل۔ اولاد
نس (ہ۔ مث) رگ۔ ریشہ ٭
نساء (ع۔ مث) عورتیں۔ بیویاں ٭
نسب (ع۔ مذ) خاندان۔ اصل ٭
نسب نامہ (ف۔ مذ) شجرہ نسب۔ کرسی نامہ ٭
نسب نما (ف۔ مذ) شمار کنندہ کے نیچے لکھی ہوئی رقم جیسے ۲/۳ میں سے ۳ ٭
نسبت (ع۔ مث) تعلق۔ لگاؤ۔ مناسبت ٭
نسبت دینا (ا) تشبیہ دینا۔
نسبت کرنا (ا) منگنی کرنا ٭
نسترن (ف۔ مث) ایک قسم کا سفید خوشبودار پھول ٭
نستعلیق (ع۔ مذ) نہایت خوشخط
نسخ (ع۔ مذ) تحریر۔ کتابت۔ تردید۔ ردّ کرنا ٭
نسخہ (ع۔ مذ) کتاب۔ جلد۔ وہ کاغذ کا پُرزہ جس پر حکیم دوائیاں لکھتا ہے ٭
نسرین (ف۔ مذ) ایک قسم کا جنگلی پھول ٭
نسق (ع۔ مذ) بندوبست۔ ترتیب۔ انتظام ٭
نسل (ع۔ مث) اولاد۔ قبیلہ۔ بال بچّے ٭
نسلاً بعد نسلاً (ع۔ مذ) پشت بہ پشت۔ پیڑھی در پیڑھی ٭
نسوار (ہ۔ مث) پسا ہوا تمباکو جو سونگھا جاتا ہے ٭
نسواں (ع۔ مث) عورتیں۔ مستورات
نسیاً منسیاً (ع۔ مذ) بھولا بسرا۔ فراموش ٭
نسیان (ع۔ مذ) فراموشی۔ چوک۔ سہو
نسیم (ع۔ مث) بھینی بھینی خوشبودار ہوا ٭
نسیمِ سحری (ع۔ مث) صبح کی نرم

ہوا ۔

نشا (ا) بے ہوشی۔ مستی۔ شراب کا خمار ۔

نشا اُترنا (ا) ہوش میں آنا

نشاستہ (ف مذ) گیہوں بھگو کر اس سے نکالا ہوا ست

نشاط (ع مث) خوشی۔ خرمی۔ عیش

نشان (ف) علامت۔ کھوج۔ پتہ۔ ٹھپا۔ یادگار۔ جھنڈا۔ دھبہ ۔

نشان بردار (ف) جھنڈا لے کر چلنے والا ۔

نشان دہی (ا مث) پتا بتانا

نشانہ (ف۔ مذ) ہدف۔ تیر مارنے کی جگہ۔ ٹھکانا ۔

نشانہ لگانا (ا) شست باندھ کر گولی چلانا۔ تیر مارنا

نشانی (ف۔ یادگار ۔

نشتر (ف مذ) زخم چیرنے کا نوکدار آلہ ۔

نشٹ (س ص) تباہ۔ برباد۔ ناس

نشچے (س مذ) اطمینان۔ بھروسہ۔ اعتبار ۔

نشر (ع۔ مذ) اشاعت۔ پھیلاؤ۔ پراگندہ۔ پریشان ۔

نشست (ف مث) بیٹھک

نشست گاہ (ف مث) بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھک ۔

نشو (ع مذ) بڑھنا۔ بڑا ہونا۔ اُگنا

نشوونما (ع مث) بڑھنا اور اُگنا۔ پرورش پانا۔ ترقی ۔

نشور (ع۔ مذ) قیامت کے دن مُردوں کا اُٹھنا ۔

نشہ (ف مذ) نشا۔ خمار۔ بیہوشی۔ مستی ۔

نشہ اُترنا (ا) مستی کا جانا۔ ہوش میں آنا ۔

نشہ چڑھنا (ا) مست ہونا۔ نشہ آنا

نشہ کرکرا ہونا (ا) لطف نہ رہنا۔ مزہ بگڑنا ۔

نشہ ہرن ہونا (ا) نشہ دور ہونا۔ ہوش میں آنا ۔

نشے میں چور ہونا (ا) نشہ میں غرق ہونا۔ خوب مست ہونا ۔

نشیب (ف مذ) نیچان۔ پستی ۔

نشیب و فراز (ف مذ) اونچ نیچ

نفع نقصان ۔

نشیلی آنکھیں (ا) مست آنکھیں۔ متوالی آنکھیں ۔

نشیمن (ف ،) آرام کی جگہ۔ آشیانہ۔ مکان ۔

نشیمن گاہ (ف مث) آرامگاہ ۔

نص (ع مث) قطعی حکم۔ آیت قرآن شریف ۔

نصاب (ع مذ) سرمایہ۔ پڑھائی کا کورس ۔

نصاریٰ (ع مذ) عیسائی۔ یسوعی

نصائح (ع مث) نصیحتیں ۔

نصب (ع مذ) برپا کرنا۔ کھڑا کرنا۔ گاڑنا ۔

نصب العین (ع مذ) مدنظر۔ مقصود

نصر (ع مث) مدد۔ حمایت۔ یاری ۔

نصرانی (ع۔ مذ) عیسائی ۔

نصرت (ع۔ مث) امداد۔ حمایت۔ فتح۔ ظفر ۔

نصف (ع۔ ص) آدھا ۔

نصف النہار (ع مذ) وہ فرضی خطوط جو خط استوا کو عموداً کاٹتے ہوئے ایک قطب سے دوسرے قطب

تک کھینچے گئے ہیں ؛

نِصفا نِصفی (ع۔ مث) آدھوں آدھ ؛

نِصفَت پژوہی (ف۔ مث۔) انصاف کرنا ؛

نصُوح (ع۔ س) خالص توبہ۔ عرب کے ایک حجام کا نام ہے جس نے گناہ سے ایسی توبہ کی کہ پھر کبھی نزدیک نہیں گیا ؛

نصِیب (ع مذ) حصّہ قسمت۔ مقدر۔ بخت۔ حاصل ؛

نصیبِ اَعدا (ع) دشمنوں کے نصیب ہو کسی دوست یا امیر کی بیماری کے وقت بولتے ہیں ؛

نصیب پھُوٹ جانا (ا) قسمت بگڑنا ؛

نصیب جاگنا (ا) قسمت کھلنا

نصیبِ دُشمناں (ف) نصیب اعدا ؛

نصیب ہونا (ا) ملنا۔ حاصل ہونا۔ حصّہ میں آنا ؛

نَصِیبہ (ا۔ مذ) قسمت۔ بخت۔ حصّہ

نصیبوں جلی (ا) کم بخت بد قسمت

نَصِیحَت (ع۔ مث) پند۔ مت نیک صلاح۔ اچھی رائے ؛

نصِیحت آمیز (ف۔ ص) نصیحت سے بھری ہوئی بات

نصِیحت کرنا (ا) سمجھانا۔ مت دینا

نَصِیحت ہونا (ا) عبرت ہونا۔ کان ہونا ؛

نَصِیر (ع۔ مذ) مددگار۔ دوست حامی ؛

نُطفہ (ع) پانی۔ منی۔ بیج۔ اولاد ؛

نُطق (ع) گویائی۔ بولنے کی قوت

نظّارہ (ع۔ مذ) دیدار دیکھنا سماں۔ تماشہ ؛

نِظام (ع) انتظام۔ ترتیب ؛

نِظامِ شمسی (ع مذ) ستاروں کی ترتیب اور علم ہیئت ؛

نَظَائِر (ع مذ) جمع نظیر کی مثالیں

نَظَر (ع۔ مث) دیکھنا۔ دید۔ نگاہ۔ آنکھ۔ آسیب عین الکمال۔ جنّ کا سایہ ؛

نظرِ تجسّس (ع مث) غور کی نگاہ ؛

نظر انداز کرنا (ا) چھوڑنا۔ توجہ نہ کرنا ؛

نَظَرباز (ف ص) تاڑنے والا۔ مردم شناس ؛

نَظَربازی (ف مث) دیدار بازی ؛

نَظَر بچانا (ا) آنکھ چرانا۔ ٹالنا چھپنا ؛

نَظَرِ بد (ف مث) بری نظر۔ نظر بد کا اثر ؛

نَظَر بدلنا (ا) آنکھ بدلنا تیور بدلنا۔ نیّت بدلنا ؛

نَظَر بند (ف مذ) جو شخص نگرانی میں ہو۔ گرفتار۔ قیدی ؛

نَظَر بھر کر دیکھ لینا (ا) غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا ؛

نظر جمنا (ا) نگاہ ٹھہرنا ؛

نظر چڑھنا (ا) خیال میں آنا خاطر میں آنا۔ عزت پانا۔ دل کو بھانا ؛

نَظَرِ ثانی (ع مث) دوبارہ دیکھنا۔ ترمیم ؛

نَظَر دوڑانا (ا) چاروں طرف دیکھنا۔ تلاش کرنا۔ سوچنا

نظر رکھنا (ا) توجہ رکھنا۔ خبر رکھنا۔ نگرانی کرنا

نظر سے گر جانا (ا) بے عزت ہونا۔ حقیر ہونا ۔

نظر کھا جانا (ا) نظر لگ جانا بدنظری سے نقصان پہنچنا

نظر گاہ (ف۔مث) اسیر گاہ تماشا گاہ ۔

نظر لگنا (ا) نظر بد کا اثر ہونا۔ جن بھوت کا سایہ ہونا ۔

نظر میں چُبھنا (ا) آنکھوں میں کھبنا۔ بھلا معلوم ہونا

نظر میں خار ہونا (ا) آنکھوں کو بُرا لگنا۔ آنکھوں میں کھٹکنا

نظر میں سمانا (ا) نظر میں گھر کرنا۔ آنکھوں میں بسنا ۔

نظر ہونا (ا) نظر لگنا۔ شناخت ہونا

نظروں میں غائب ہونا (ا) دیکھتے ہی دیکھتے غائب ہو جانا ۔

نظم (ع۔مث) شعر۔ بیت۔ انتظام۔

نظم و نسق (ع۔مذ) بندوبست۔ انتظام

نظیر (ع۔مث) مثال ۔

نعت (ع۔مث) رسول پاک کی تعریف ۔

نعرہ (ع۔مذ) زور کی آواز۔ للکار۔

نعرہ مارنا (ا) للکارنا۔ غور کرنا۔

نعش (ع۔مث) تابوت۔ لاش۔ میت

نعل (ع۔مذ) جوتی۔ گھوڑے کے پاؤں میں لگانے کا لوہے کا حلقہ ۔

نعل بند (ف۔مذ) گھوڑے وغیرہ کے پاؤں میں نعل لگانے والا

نعل در آتش (ف) بے قرار بے چین ۔

نعلین (ع۔مذ) جوتوں کا جوڑا

نعلین تحت العین (ع) جوتیاں آنکھوں کے سامنے رکھی جائیں ۔

نعم (ع۔حرف ایجاب) ہاں ۔

نِعَم (ع۔مث) نعمتیں ۔

نعم البدل (ع۔مذ) اچھا بدلہ پہلی چیز سے اچھی چیز ۔

نعمت (ع۔مث) مال۔ دولت بخشش۔ ترمال ۔

نعمت غیر مترقبہ (ع) وہ نعمت جس کے ملنے کی اُمید نہ ہو خدا داد دولت ۔

نعوذ باللہ (ع) خدا کی پناہ۔ اللہ بچائے ۔

نعیم (ع۔مث) نعمت۔ بہشت عطیہ ۔

نغز (ع۔ص) عمدہ۔ اچھا۔ لطیف ۔

نغزک (ف۔مذ) لطیف چیز۔ آم ۔

نغمات (ع۔مث) سُریلی آوازیں

نغمہ (ع۔مذ) راگ۔ ترانہ۔ سُریلی آواز ۔

نغمہ سرائی (ع۔مث) گانا ۔

نفاخ (ع۔ص) پھلانے والا بادی چیز ۔

نفاذ (ع۔مذ) جاری ہونا۔ حکم کا نکلنا ۔

نفاست (ع۔مث) پاکیزگی عمدگی۔ لطافت ۔

نفاق (ع۔مذ) پھوٹ۔ بگاڑ دشمنی۔ عداوت ۔

نفائس (ع۔مث) نفیس کی جمع۔ نفیس چیزیں ۔

نفحات (ع۔مث) خوشبوئیں

نفخ (ع۔مث) پیٹ کا پھولنا اپھارا ۔

نفر (ع۔مذ) آدمی۔ نوکر۔ چاکر۔ قلی۔ مزدور ۔

نَفرت (ع-مث) کراہیت۔ حقارت۔ بیزاری ٭

نَفرت انگیز (ف-ص) نفرت بڑھانے والا ٭

نَفرت کرنا (ا) کراہیت کرنا ذلیل سمجھنا ٭

نَفری (ا-مذ) مزدور۔ قلی۔ مزدوری۔ اُجرت۔ تعداد ٭

نَفرین (ف-مث) بددعا۔ کوسنا پھٹکار۔ لعنت ٭

نَفرین کرنا (ا) پھٹکارنا۔ ملامت کرنا ٭

نَفَس (ع-مذ) سانس دم۔ ہوا لینا۔

نَفَس پرور (ف-ص) دلنواز۔ جاں بخش

نَفس (ع-مذ) جان۔ روح۔ حقیقت۔ اصلیت۔ لب لباب

نَفسُ الاَمر (ع) اصلی بات درحقیقت ٭

نَفسِ امّارہ (ع-مذ) وہ خواہش جو انسان کو بُرے کاموں کی طرف لے جاتی ہے ٭

نَفس پرست (ف-ص) شہوت پرست۔ عیاش ٭

نَفس پرستی (ف-مث) عیاشی ٭

نَفس پروری (ف-مث) عیاشی شہوت پرستی ٭

نَفس کُش (ف-ص) وہ آدمی جو نفسانی خواہشوں کو دبالے۔ زاہد ٭

نَفس کُشی (ف-مث) نفسانی خواہشوں کو مارنا۔ پارسائی پرہیزگاری ٭

نَفسِ لوّامہ (ع-مذ) گناہ پر لعنت ملامت کرنے والا نفس ٭

نَفس مارنا (ا) خواہش روکنا

نَفسِ مطلب (ع-مذ) مدّعا۔ مقصود اصلی ٭

نَفسِ مُطمئنّہ (ع) اطمینان یافتہ نفس۔ وہ نفس جسے خدا کا قرب حاصل ہو جائے نیک نفس ٭

نَفسِ ناطقہ (ع) بولنے والی رُوح۔ جان ٭

نَفسِ نفیس (ع) ذات پاک۔ ذات خاص۔ خود ٭

نَفسا نفسی (ا-مث) خود غرضی آپا دھاپی ٭

نَفسانی (ع-ص) نفس کا ٭

نَفسانیت (ع-مث) خود غرضی غرور۔ نخوت ٭

نَفسی (ع-ص) ذاتی۔ اپنا ٭

نَفسی نَفسی (ع-مث) اپنی اپنی ذات کی۔ آپا دھاپی ٭

نَفع (ع-مذ) فائدہ۔ سود۔ لابھ حاصل ٭

نَفقہ (ع) بال بچّوں کا خرچ بیوی کا روٹی کپڑا ٭

نَفل (ع-مذ) وہ عبادت جو واجب نہ ہو۔ ثواب یا شکریہ کی عبادت ٭

نَفوذ (ع) جاری ہونا۔ حکم کا نکلنا۔ اثر کرنا ٭

نَفوذ کرنا (ا) سرایت کرنا۔ اندر گھسنا ٭

نُفور (ع-مذ) نفرت کرنے والا بھاگنے والا ٭

نُفوس (ع-مذ) جمع نفس کی۔ رُوحیں۔ جانیں۔ انسان ٭

نَفی (ع-مث) انکار۔ اخراج

نَفی کرنا (ا) تفریق کرنا۔ گھٹانا

منہا کرنا ۔

نَفِیر (ع۔مث) نالہ۔ فریاد۔ شہنائی ۔

نَفِیری (ف۔مث) شہنائی۔ تری ۔

نَفِیس (ع۔ص) عمدہ۔ قیمتی۔ لطیف۔ صاف۔ پاکیزہ ۔

نِقاب (ع۔مذ) گھونگھٹ ۔

نِقاب پوش (ف۔ص) وہ شخص جو منہ پر نقاب ڈالے رہے ۔

نِقاب اُٹھانا (ا) گھونگھٹ کھولنا۔ پردہ اُٹھانا ۔

نِقاب ڈالنا (ا) پردہ ڈالنا گھونگھٹ لینا ۔

نَقّاد (ع۔ص) پرکھنے والا۔ کھرا کھوٹا دیکھنے والا۔ کلام کی خوبیاں اور خامیاں ظاہر کرنے والا ۔

نقّارچی (ت۔مذ) نقارہ بجانیوالا

نقّار خانہ (ف۔مذ) نوبت بجانے کا مکان ۔

نقّار خانے میں طوطی کی آواز کو کون سُنتا ہے (ا) بڑے آدمیوں میں چھوٹی کی رائے کو کوئی نہیں پوچھتا۔ ہزار آدمیوں میں ایک کی پیش نہیں جاتی۔ شور میں خوش الحان کی بھی شناخت نہیں ہوتی ۔

نَقّارہ (ف۔مذ) کوس۔ دھونسا۔ نگارہ ۔

نَقّارے کی چوٹ (ا) کھلم کھلا علانیہ ۔

نَقّاش (ع۔مذ) نقش کرنیوالا۔ مصوّر

نَقّاشی (ع۔مث) مصوّری۔ گلکاری

نِقاط (ع۔مذ) نقطہ کی جمع ۔

نَقّال (ع۔مذ) نقل کرنے والا۔ بھانڈ۔ مسخرا۔ بھروپیا ۔

نَقاہت (ع۔مث) ناطاقتی۔ بیماری کے سبب کمزوری ۔

نَقائِص (ع۔مذ) عیب۔ نقص۔ خرابیاں ۔

نَقب (ع۔مذ) سیندھ۔ دیوار پھاڑنا ۔

نَقب لگانا (ا) دیوار پھاڑنا سیندھ لگانا ۔

نَقب زَن (ف۔مذ) نقب لگانے والا۔ چور ۔

نَقب زنی (ف۔مث) سیندھ لگانا

نَقد (ع۔مذ) روپیہ پیسہ۔ روکڑ۔ کیش۔ فوراً۔ اسی وقت۔ اکیلے۔ خالی ۔

نقدِ جاں (ف۔مث) روح۔ آتما۔

نقدِ رواں (ف۔مذ) کھرا مال۔ جاری سکہ ۔

نقد مال (ا) عمدہ مال۔ تر مال ۔

نقدی (ع۔مث) روپیہ پیسہ۔ مال

نُقرہ (ع۔مذ) چاندی۔ سفید رنگ کا گھوڑا ۔

نُقرئی (ع۔ص) چاندی کا ۔

نقش (ع۔مذ) صورت۔ نگار۔ گلکاری۔ نشان ۔

نقش بر آب (ف۔ص) ناپائدار۔ فانی۔ بے اصل ۔

نقش بر دیوار (ف۔ص) ہکا بکا حیران۔ خاموش۔ بےحس و حرکت ۔

نقشبند (ف۔مذ) نقاش۔ مصوّر

نقشبندی (ف۔مث) مصوری نقاشی ۔

نقش پا یا قدم (ف۔مذ) پاؤں کا نشان۔ کھوج۔ کھرا ۔

نقش کالحجر (ع۔ص) پتھر کی لکیر

نقش و نگار (ف۔مذ) بیل بوٹا۔

و زینت ؛

نقش ہو جانا (ا) کھدنا۔ تحریر ہونا۔ دل میں بیٹھنا ؛

نَقْشَہ (ع) تصویر۔ صورت۔ ڈیل ڈول۔ خط و خال۔ ڈھنگ۔ طور۔ سطح زمین کی تصویر۔ فارم ؛

نَقْشَہ اُتارنا (ا) تصویر کھینچنا۔ خاکہ اُتارنا۔ عکس لینا ؛

نَقْشَہ بگاڑنا (ا) صورت بگاڑنا۔ حال سے بے حال کرنا ؛

نَقْشَہ بگڑنا (ا) حال خراب ہونا۔ بد انتظامی ہونا ؛

نَقْشَہ جمنا (ا) بات سننا۔ دال گلنا۔ رسائی ہونا۔ خیال بندھنا

نَقْشَہ جمانا (ا) رسائی پیدا کرنا۔ اعتبار جمانا ؛

نَقْشَہ نویس (ف) نقشہ بنانے والا۔ ڈرافسمین ؛

نَقْص (ع مذ) کمی۔ خامی۔ کسر۔ کوتاہی ؛

نَقْص نکالنا (ا) عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا ؛

نُقْصان (ع مذ) کمی۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ تباہی۔ ضائع ؛

نُقْصان اُٹھانا (ا) ٹوٹا برداشت کرنا۔ خسارہ ہونا ؛

نُقْصان گوارا کرنا (ا) نقصان اُٹھانا ؛

نُقْصانِ مال (ع) مال کا خسارہ ؛

نَقْض (ع مذ) توڑنا۔ ٹوٹ پھوٹ ؛

نَقْضِ عہد (ع مذ) عہد شکنی۔ وعدہ خلافی ؛

نُقَط (ع۔ مذ) نقطے ؛

نُقْطَہ (ع۔ مذ) بندی۔ صفر ؛

نُقْل (ع مذ) شراب کے بعد جو چیز تبدیل ذائقہ کے واسطے کھائی جائے۔ کباب۔ چٹنی وغیرہ ؛

نُقْلِ مجلس (ع) مسخرہ۔ ظریف ؛

نَقْل (ع) تبدیلی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ دوسرے سے دیکھ کر لکھنا۔ بیان کرنا۔ سوانگ۔ ناٹک ؛

نَقْلِ کُفر کُفر نباشد (ف) کفر کی بات نقل کرنے سے نقل کرنے والا کافر نہیں ہوتا ؛

نَقْلِ مکان (ع مذ) مکان تبدیل کرنا ؛

نَقْل نویس (ف مذ) عدالت کا وہ منشی جس کا کام کاغذات کی نقل کرنا ہو ؛

نَقْلی (ع ص) بناوٹی۔ کھوٹا۔ جعلی ؛

نُقُوش (ع مذ) نقش کی جمع ؛

نُقُول (ع۔ مث) نقل کی جمع ؛

نَقِیب (ع مذ) بھاٹ۔ خبر دینے والا۔ بادشاہ کی سواری کے آگے آگے آواز دینے والا ؛

نَقِیض (ع۔ ص) ضد۔ برخلاف۔ مخالف۔ اُلٹا۔ برعکس ؛

نَقِیہ (ع۔ ص) ناتواں۔ کمزور ؛

نَک (ہ۔ مث) ناک ؛

نُکات (ع مذ) نکتہ کی جمع۔ باریکیاں ؛

نِکاح (ع مذ) عقد۔ بیاہ۔ شادی

نِکاحِ ثانی (ع مذ) دوسرا نکاح۔ دوسری شادی ؛

نِکاس (ہ۔ مذ) منبع۔ سوت ؛

نِکال (ہ۔ مذ) بکری۔ نکلنا ؛

نِکال دینا (ہ) باہر کر دینا۔ موقوف کر دینا ؛

نِکال لانا (ہ) بھگا لانا ؛

نِکال لینا (ہ) باہر کرنا۔ خارج کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ بھگانا۔ سدھانا۔ کاڑھنا ؛

نکبت (ع۔مث) ذلّت۔خواری مفلسی ✤

نکتہ (ع۔مذ) باریکی۔راز۔سمجھ کی بات ✤

نکتہ بیں (ف۔ص) عیب جو۔ باریک بیں ✤

نکتہ پرور (ف۔ص) سخن فہم۔عقلمند ✤

نکتہ چین (ف۔ص) عیب جو۔ عیب نکالنے والا ✤

نکتہ چینی (ف۔مث) عیب جوئی ✤

نکتہ رس (ف۔ص) تیز فہم۔ زیرک۔ دانا ✤

نکتہ سنج (ف۔ص) دانا۔زیرک۔ زودفہم ✤

نکتہ شناس (ف۔ص) دانا۔ زیرک۔ زودفہم ✤

نکتے نکالنا (ا) اعتراض کرنا ✤

نکٹا (ہ۔ص) وہ شخص جس کی ناک کٹی ہوئی ہو ✤

نکٹی (ہ۔مث) ناک کٹی ہوئی عورت۔ رسوائی۔ بدنامی ✤

نکرہ (ع۔مذ) معرفہ کی ضد۔عام نام ✤

نکسیر (ہ۔مث) گرمی کے سبب ناک سے خون آنا۔نکیر ✤

نکسیر پھوٹنا (ا) ناک سے خون بہنا ✤

نکل بھاگنا (ا) چل دینا۔فرار ہوجانا۔قبضہ سے نکل جانا ✤

نکل جانا (ا) بھاگ جانا۔چلا جانا۔ روپوش ہونا۔ آگے بڑھ جانا کہہ بیٹھنا۔گزر جانا ✤

نکلنا (ہ) باہر آنا۔ اُگنا۔ جاری ہونا۔طلوع ہونا۔معلوم ہونا سرزد ہونا ✤

نکمّا (ہ) بیکار۔ ناکارہ ✤

نکمّا کرنا (ہ) کام کا نہ چھوڑنا ✤

نکوہش (ف۔مث) ملامت۔دھمکی ✤

نکوئی (ف۔مث) بھلائی۔نیکی عمدگی۔ مہربانی ✤

نکھار (ہ۔مذ) صفائی۔اُجلاپن بناؤ سنگار ✤

نکھارنا (ہ) صاف کرنا۔میل دُور کرنا ✤

نکہت (ع۔مث) خوشبو۔مہک ✤

نکھٹّو (ہ) وہ شخص جو کچھ کما کر نہ لائے ✤

نکھد (ہ۔ص) خراب۔نکمّا۔بُرا ✤

نکھرا ہوُا (ا) صاف ستھرا۔ جوبن پر آیا ہوُا ✤

نکھرنا (ہ) صاف ہونا۔چمکنا۔ روپ نکلنا ✤

نکیرین (ع۔مذ) منکر نکیر قبر میں سوال و جواب کرنیوالے فرشتے

نکیل (ہ۔مث) مہار۔لگام ✤

نکیلا (ہ۔ص) نوک دار ✤

نکیلی (ہ۔مث) نوکدار۔خوش وضع

نگ (ا۔مذ) نگینہ۔تھیوا ✤

نگار (ف۔مذ) تصویر۔نقش۔رنگیلا معشوق۔ زینت۔آرایش ✤

نگار خانہ (ف۔مذ) تصویر خانہ

نگارش (ف۔مث) لکھنا۔تحریر ✤

نگارین (ف۔ص) دلبر۔محبوب معشوق۔مہندی لگا ہوُا ✤

نگاہ (ف۔مث) نظر۔آنکھ۔تیور مہربانی۔ توجّہ۔نگرانی ✤

نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا (ا) خیال میں نہ لانا۔ توجّہ نہ کرنا حقیر جاننا ✤

نگاہ لڑانا (ا) آنکھیں لڑانا۔ نظر بازی کرنا۔محبت سے دیکھنا ✤

نگاہداشت (ف مث) حفاظت نگرانی ؛

نگاہبان (ف مذ) چوکیدار محافظ ؛

نگاہبانی (ف مث) حفاظت نگرانی ؛

نگاہیں پھیرنا (ا) توجہ ہٹانا نگاہیں بدلنا ؛

نگر (ہ۔ مذ) شہر قصبہ ؛

نگران (ف مذ) دیکھنے والا نگہبان ؛

نگرانی (ف مث) دیکھ بھال نگہبانی۔ حفاظت۔ انتظام ؛

نگلنا (ہ) حلق سے اُتارنا۔

نگوڑا (ہ۔ مذ) لولا۔ اپاہج لنگڑا کم بخت۔ نالائق ؛

نگوڑی (ہ۔ مث) لولی لنگڑی کم بخت ؛

نگوں (ف ص) اُلٹا۔ اوندھا ؛

نگوں بخت (ف ص) اُلٹے نصیب والا۔ بدنصیب ؛

نگوں ہمت (ف ص) کم ہمت بے ہمت ؛

نگہ (ف مث) نگاہ۔ نظر ؛

نگہبان (ف مذ) نگاہبان ؛

نگہبانی (ف مث) حفاظت ؛

نگینہ (ف مذ) انگشتری کا نگ۔ تھیوا۔ نگین ؛

نل (ہ۔ مذ) لوہے یا مٹی کی اندر سے خالی موٹی نالی ؛

نلائی (ہ۔ مث) کھیت سے گھاس وغیرہ نکالنا ؛

نلوا (ہ۔ مذ) چھوٹا نل۔ کاغذات رکھنے کا ٹین کا نل ؛

نلی (ہ۔ مث) نال۔ پنڈلی کی ہڈی جلاہے کی نال ؛

نم (ف مذ) تری۔ گیلاپن۔ رطوبت ؛

نمناک (ف ص) تر۔ گیلا بھیگا ہوا ؛

نماز (ع مث) مسلمانوں کی مخصوص عبادت۔ پرستش۔ زندگی ؛

نمازِ استسقاء (ف مث) وہ نماز جو بارش مانگنے کے واسطے پڑھی جاتی ہے ؛

نمازِ پنجگانہ (ف مث) پانچ وقت کی نماز ؛

نمازِ جنازہ (ف مث) وہ نماز جو مُردے کی نجات کے واسطے پڑھی جاتی ہے ؛

نمازِ خسوف (ف مث) چاند گرہن کے وقت کی نماز ؛

نمازی (ف مذ) نماز پڑھنے والا ؛

نمام (ع مذ) چغل خور ؛

نمامی (ع مث) چغل خوری۔ غمازی ؛

نمائش (ف مث) دکھاوا۔ ظاہرداری۔ عمدہ چیزوں کا دکھانا۔ میلہ۔ تماشا ؛

نمائش گاہ (ف مث) وہ جگہ جہاں سامان نمائش رکھا جاوے۔ تماشاگاہ ؛

نمائندہ (ف مذ) دکھانے والا وہ شخص جو کسی علاقہ۔ قوم یا ملک کی طرف سے کسی مجلس میں شامل ہو ؛

نمبر (انگ مذ) تعداد ؛

نمبردار (ا) گاؤں کا چودھری ؛

نمبروار (ا) سلسلہ وار۔ ترتیب سے ؛

نمد (ف مذ) نمدہ۔ اون کا گھوٹا ہوا کپڑا۔ پٹو ؛

نَمَد پوش (ف مذ) کمبل پوش ؛

نَمَدہ (ا ۔ مذ) نمد ؛

نَمَدہ بندھ جانا (ا) دیوالہ نکل جانا۔ مفلس ہو جانا۔ انتظام ہو جانا ؛

نَمَدہ بندھوا دینا (ا) مُفلس بنا دینا۔ محتاج بنا دینا ؛

نَمرُود (ع ۔ مذ) ایک کافر بادشاہ کا نام ہے۔ جس نے حضرت ابراہیم کو آگ میں ڈالا تھا ؛

نَمستے (ہ ۔ مذ) بندگی۔ پرنام۔ تسلیم

نِمسکار (س نث) بندگی۔ پرنام۔ تسلیم ؛

نَمِش (ا ۔ مث) دودھ کی جھاگ جس میں مصری ڈال کر کھاتے ہیں ؛

نَمَط (ع مذ) روش۔ طریقہ۔ ڈھنگ ؛

نَمک (ف ۔ مذ) لون ؛

نَمک پاشی کرنا (ا) نمک چھڑکنا۔ ستانا ؛

نَمک پروردہ (ف ۔ مذ) نمکخوار۔ ملازم ؛

نَمک چھڑکنا (ا) نمک پاشی کرنا۔ جلانا۔ ستانا ؛

نَمک حرام (ف ص) ناشکرا۔ وہ شخص جو اپنے آقا اور مالک کا بدخواہ ہو۔ باغی۔ سرکش۔ محسن کش ؛

نَمک حرامی (ف مث) محسن کشی۔ آقا کی بدخواہی۔ دغابازی۔ احسان فراموشی ؛

نَمک حلال (ف ص) حق شناس۔ مالک کا خیر خواہ۔ احسان مند

نَمک حلالی (ف مث) خیر خواہی۔ شکر گذاری۔ حق نمک ادا کرنا

نَمک خوار (ف مذ) ملازم۔ نوکر۔ نمک پروردہ ؛

نَمکدان (ف مذ) نمک رکھنے کا برتن ؛

نَمکدانی (ا ۔ مث) نمک رکھنے کا برتن ؛

نَمک مرچ لگانا (ا) مزیدار بنانا۔ مبالغہ کرنا۔ بڑھا کر کہنا۔ اُکسانا ؛

نَمکین (ف ص) سلونا۔ نمک دار۔ سانولا۔ کھاری۔ حسین ؛

نَمکینی (ا ۔ مث) ملاحت۔ سلونا پن ؛

نَمگیرہ (ف مذ) اوس سے بچانے والا کپڑا۔ ترپال۔ سائبان ؛

نَمناک (ف ص) تر۔ گیلا ؛

نُمُو (ع مذ) بڑھنا۔ اُگنا۔ ترقی کرنا ؛

نُمُود (ف مث) دکھاوا۔ اُبھار۔ اظہار۔ شان ؛

نُمُودار (ف ص) ظاہر۔ عیاں ؛

نُمُودار ہونا (ا) ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔ نکلنا ؛

نُمُونہ (ف مذ) مثال۔ ڈھانچہ۔ وہ چیز جو دکھانے کیلئے بھیجی جائے ؛

نِمُونیا (انگ ۔ مذ) چھاتی کا درد۔ سردی کا بخار ؛

نَمی (ف مث) تری۔ گیلا پن۔ رطوبت ؛

ننّا (ہ ص) نادان بچہ۔ چھوٹا ؛

ننانوے (ہ ص) ۹۹۔ ایک کم سو

ننانوے کے پھیر میں آنا (ہ) لالچ کے سبب مصیبت میں پھنسنا ؛

نَنَد (ہ مث) خاوند کی بہن۔ ننان ؛

نِندا (ہ مث) برائی۔ عیب۔ بدگوئی

ننگ (ف مذ) شرم۔ حیا۔ لحاظ۔ رسوائی۔ بدنامی۔ لذت ؛

ننگِ خاندان (ف ص) خاندان کو بدنام کرنے والا۔ باعث شرم

ننگِ خلائق (ف ص) خلقت
کی بدنامی کا باعث ٭
ننگ و ناموس (ف مث)
لحاظ۔ شرم۔ عزت حرمت
عصمت ٭
ننگ و نام (ف مث) شرم لحاظ۔ عزت
ننگ (ہ۔ مذ) ننگا عریاں بے شرم
ننگ دھڑنگ (ہ۔ مذ) بالکل ننگا
بے شرم بے لحاظ مفلس نادار
ننگا (ہ۔ مذ) برہنہ مفلس بے غیرت
ننگا دھڑنگا (ہ۔ مذ) بالکل ننگا
مفلس ٭
ننگا کرنا (ہ) کپڑے اُتار لینا۔ لوٹ
لینا۔ کچھ نہ چھوڑنا ٭
ننگی (ہ مث) برہنہ عورت مفلس
ننھا (ہ ص) ننا۔ نادان بچہ ٭
ننھیال (ہ۔ مث) نانا کا گھر۔ نانا کے
ننھے میاں (ا۔ مذ) چھوٹے میاں
ننھی (ہ۔ مث) چھوٹی ننا بچہ
نو (ہ ص) ایک کم دس۔ ۹ ٭
نو رتن (ہ۔ مذ) نو جواہر۔ عقلمندوں
کی مجلس ٭
نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو

چلی (ا) ساری عمر گناہوں میں گنوائی
اور اخیر پر پرہیزگار بنے ٭
نولکھا (ہ ص) نو لاکھ روپے کا
بیش قیمت ٭
نو نقد نہ تیرہ اُدھار (ا) اُدھار
کے تیرہ روپے سے نو نقد اچھے ہیں ٭
نو (ف ص) نیا۔ تازہ ٭
نو آباد (ف ص) نیا آباد کیا ہوا
نو آموز (ف ص) نیا سیکھنے والا
مبتدی۔ اناڑی۔ کچا ٭
نو بنو (ف ص) تازہ بتازہ ٭
نو بہار (ف مث) تازہ بہار۔ موسم بہار
نوجوان (ف ص) گبرو۔ نوعمر ٭
نوجوانی (ف مث) بلوغ ٭
نوچندی (ا مث) چاند کی پہلی
جمعرات یا اتوار بدھ وغیرہ ٭
نوخیز (ف ص) نوجوان۔ گبرو ٭
نو دولت (ف ص) وہ شخص جسے
تازہ دولت ملی ہو۔ نیا امیر ٭
نوروز (ف مذ) سال کا پہلا دن
نوروزی (ف ص) نوروز کا
نوشہ (ف مذ) دولہا۔ بنرا ٭
نوعمر (ف۔ مذ) جوان ٭

نوگرفتار (ف مذ) نیا پکڑا ہوا
نیا عاشق ٭
نو مسلم (ف مذ) نیا مسلمان وہ
شخص جو دوسرے مذہب سے اسلام میں آئے
نومشق (ف ص) نو آموز۔ ناتجربہ
کار۔ اناڑی ٭
نونہال (ف۔ مذ) نیا پودا۔
نوجوان۔ نوعمر ٭
نووارد (ف مذ) اجنبی۔ مسافر
نیا۔ ابھی آیا ہوا ٭
نوا (ف مث) آواز۔ نالہ نغمہ
سُر۔ راگ ٭
نواب (ع۔ مذ) بادشاہ کا نائب
صوبہ کا حاکم۔ امیر فضول خرچ
نودولت ٭
نواب بے ملک (ف۔ مذ)
نوابی کی شیخی مارنے والا
نوابی (ف مث) امیری۔ دولتمندی
حکومت۔ فضول خرچی ٭
نوابی ٹھاٹ (ا۔ مذ) امیرانہ ساز
وسامان ٭
نواح (ع مث) اطراف قرب
وجوار۔ اضلاع ٭

نَوَادِر (ع۔ مث) نادر چیزیں۔ عجائب غرائب۔ عمدہ عمدہ چیزیں ÷

نِوَاڑ (ا۔ مث) نوار۔ پلنگ بُننے کی موٹی سُوتی پٹی ÷

نَوَازِش (ف۔ مث) بخشش۔ مہربانی۔ شفقت ÷

نَوَازِش نامہ (ف۔ مذ) عنایت نامہ چٹھی۔ خط ÷

نَوَازنا (ا) پرورش کرنا۔ بخشش کرنا۔ عزّت بخشنا ÷

نِواس (ہ۔ مذ) محل مکان سکونت

نَواسہ (ف۔ مذ) بیٹی کا بیٹا۔ دوہتا

نَواسی (ا۔ مث) دختر زادی دوہتی ÷

نَواسی (ہ۔ ص) اسّی اور نو۔ ۸۹ ÷

نَوَافِل (ع۔ مذ) نفل۔ زائد نمازیں

نَوال (ع۔ مث) بخشش عطا مہربانی۔ احسان ÷

نِوالہ (ف۔ مذ) لقمہ۔ گراہنہ ÷

نواُمید (ف۔ ص) مایوس ÷

نواُمیدی (ف۔ مث) مایوسی ناامیدی ÷

نَوان (ہ۔ ص) نہم۔ ناتواں ÷

نَواہی (ع۔ مث) ناجائز باتیں ممنوعات

نَوائِب (ع۔ مث) مصیبتیں تکلیفیں ÷

نَوبَت (ع۔ مث) باری۔ وقت ÷

نَوبَت (ف۔ مث) حالت کیفیت۔ نقارہ۔ دھونسا ÷

نَوبَت آنا (ا) باری آنا ÷

نَوبَت بجنا (ا) نقارہ بجنا۔ خوشی منانا

نَوبَت بنوبت (ف) باری باری ÷

نَوبَت پہنچنا (ا) موقع آنا۔ حالت پہنچنا ÷

نَوبَت خانہ (ف۔ مذ) نقار خانہ ÷

نوٹ (انگ۔ مذ) ہنڈی۔ سرکاری ہُنڈی جو بطور سکّہ کے چلتی ہے یادداشت۔ حاشیہ شرح ÷

نوٹ بک (انگ۔ مث) یادداشت کی کاپی۔ بیاض ÷

نوٹ پیپر (انگ۔ مذ) چٹھی کا کاغذ

نوٹ کرنا (ا) یادداشت میں لکھنا

نوٹ لینا (ا) کسی کی تقریر کے ضروری حصّے ڈائری میں لکھنا یادداشت میں لکھنا ÷

نوٹس (انگ۔ مذ) اطلاع۔ دعوٰی کرنیکی اطلاع۔ بازپُرس۔ جواب طلبی ÷

نوٹیفکیشن (انگ۔ مذ) اعلان اطلاع ÷

نوٹیفائیڈ ایریا (انگ۔ مذ) چھوٹے قصبے کا انتظام کرنیوالی کمیٹی ÷

نوچ کھسوٹ (ہ۔ مث) لوٹ مار ÷

نوچنا (ہ) کھسوٹنا۔ کھرچنا۔ لُوٹنا موسنا ÷

نوچنا کھسوٹنا (ہ) لُوٹنا مارنا۔ چھیننا ÷

نُوح (ع۔ مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جن کے زمانے میں دُنیا میں بڑا بھاری طوفان آیا تھا ÷

نُوح کا طُوفان (ا) حضرت نوح کے زمانے کا طوفان بڑا طوفان ÷

نَوحہ (ع۔ مذ) ماتم۔ گریہ وزاری رونا پیٹنا ÷

نَوحہ گر (ف۔ ص) رونے والا گریہ کرنے والی ÷

نَوحہ گری (ف۔ مث) رونا پیٹنا آہ وزاری ÷

نَوَد (ف۔ ص) نوّے۔ ۹۰ ÷

نُور (ع۔ مذ) روشنی۔ چمک تجلّی اُجالا۔ پرکاش ÷

نُورُ العَین (ع - مذ) آنکھوں کا نور - بیٹا ۔

نُور برسنا (ا) روشنی ظاہر ہونا چہرے پر رونق ہونا ۔

نُورِ چشم (ف مذ) آنکھ کا نور - بیٹا

نُورِ دیدہ (ف مذ) آنکھ کا نور - بیٹا

نُورٌ علیٰ نُور (ع) نور پر نور - ایک سے ایک بڑھ کر - کیا کہنا ہے ۔

نُورِ عین (ع مذ) آنکھ کا نور - بیٹا ۔

نُور کا تڑکا (ا - مذ) بہت سویرا صبح صادق - پو پھٹنے کا وقت

نُور کے سانچے میں ڈھالنا (ا) نہایت حسین بنانا ۔

نُور کے سانچے میں ڈھلنا (ا) نہایت حسین ہونا - سر تا پا نور ہونا

نُورانی (ع ص) چمکدار - روشن - پاک - روحانی

نَورَس (ف مذ) تازہ میوہ - نوجوان - نوخیز

نَورمل (انگ ص) سیدھا - درست ۔

نَورمل سکول (انگ مذ) وہ سکول جہاں طریقہ تعلیم سکھایا جاتا ہے ۔

نوش جاں فرمانا (ا) کھانا ۔

نوش جاں ہونا (ا - محاورہ) موافق ہونا ۔

نوشدارُو (ف مث) شراب - مے ۔

نوشادر (ف - مذ) ایک مشہور دوائی ہے ۔

نِوِشت (ف مث) تحریر - لکھت ۔

نِوِشت و خواند (ف مث) لکھنا پڑھنا ۔

نَوِشتہ (ف مذ) لکھا ہوا قلمی - تقدیر ۔

نوشہ (ف مذ) دُولہا ۔

نوشیرواں (ف مذ) ایران کے ایک بہت مشہور عادل بادشاہ کا نام ہے ۔

نوشین (ف ص) میٹھا - شیریں - شہد کی مانند ۔

نَوع (ع - مث) قسم - ذات - طور طریق ۔

نوعیّت (ع مث) قسم - طرح ۔

نوک (ف مث) سرا - ڈنگ - چونچ انداز - آن - چھیڑ چھاڑ ۔

نوک جھوک (ہ - مث) چھیڑ چھاڑ - طنز کی باتیں ۔

نوکدار (ا) نکیلا ۔

نوک دم بھاگنا (ا) دُم دبا کر بھاگنا - پیٹھ دکھانا ۔

نوکِ زبان (ا مث) از بر - زبانی یاد

نوکِ زبان ہونا (ا) حفظ ہونا - ازبر ہونا - یاد ہونا ۔

نَوکر (ہ - مذ) خدمتگار - ملازم - چاکر ۔

نَوکرانی (ہ مث) خادمہ - ماما ۔

نوکری (ہ مث) ملازمت - خدمت - کام - تنخواہ ۔

نوکری پیشہ (ا - مذ) نوکری کرنیوالا

نوکری خالہ جی کا گھر نہیں (ا) نوکری گھر کی بات نہیں - پابندی ضروری ہے ۔

نَوم (ع - مث) نیند - خواب ۔

نَون (ہ - مذ) نمک - لُون ۔

نَوِل (ناول) (انگ مذ) فسانہ - قصہ

نوولٹی (انگ مث) جدت - نیا پن ۔

نوولسٹ (انگ مذ) فسانہ نویس قصہ نویس ۔

نَوید (ف مث) خوشخبری - مژدہ

نِویسندہ (ف مذ) لکھنے والا ۔

نویلا (ہ - ص) نیا - تازہ - انوکھا ۔

نویلی (ہ - مذ) نئی - انوکھی - نوعمر - کنواری ۔

نُہ (ف ص) نو - ۹ ۔

نہ (ہ) حرفِ نفی، نہیں (حرف تاکید
جیسے آؤ گے نہ) ÷
نہ پُوچھو (ہ) بیان کے قابل نہیں۔
کیا کہنا ہے ÷
نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن
(ف) نہ جانے کا کوئی رستہ ہے
نہ رہنے کی کوئی جگہ ہے بُری
طرح گرفتار ہیں۔ نہ چھوڑ سکتے
ہیں۔ نہ کر سکتے ہیں ÷
نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے
(ہ) بغیر نقصان کے کام ہو جائے
نہ نو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچیگی
(ل) کسی کام میں ایسی شرط لگانا
کہ وہ پُوری نہ ہو سکے۔ اور
کام رہ جائے۔ نہ اتنا سامان
ہو گا۔ نہ کام بنے گا ÷
نِہاد (ف مث) دل۔ باطن۔ اصل
بنیاد۔ طبیعت۔ سیرت ÷
نَہار (ع۔ مذ) دن۔ یوم ÷
نہار (ف ص) بن کھائے۔ ناشتہ ÷
نہار مُنہ (ہ۔ مذ) نہار منہ بن کھائے ÷
نہاری (ہ مث) ناشتہ۔ چاشت
گڑ آٹا جو گھوڑے کو کھلاتے ہیں ÷

نہاری کھانا (ہ) حاضری کھانا ÷
نہال (ف ص) نیا لگایا ہوا پودا۔ درخت
نہال کرنا (ل) مالا مال کرنا۔ امیر
بنانا۔ نوازنا۔ خوش کر دینا۔
سرسبز کر دینا ÷
نِہالچہ (ف مذ) توشک یا تُلائی
گُدڑی ÷
نِہالی (ف مذ) تُلائی۔ توشک۔
رضائی ÷
نِہاں (ف ص) پوشیدہ۔ چھپا ہوا
نہانا (ہ) غسل کرنا۔ جسم کو دھونا
اشنان کرنا ÷
نِہانی (ف۔ ص) پوشیدہ ÷
نہایت (ع۔ ص) حد۔ انتہا۔
بہت۔ بکثرت ÷
نہتّا (ہ۔ ص) بے ہتھیار۔ غیر مسلّح
خالی ہاتھ ÷
نہج (ع۔ مذ) سیدھا راستہ۔
راہ۔ طریق ÷
نَہر (ع۔ مث) دریا کی مصنوعی شاخ ÷
نَہری (ا۔ مث) وہ زمین جو نہر کے
پانی سے سیراب ہوتی ہے ÷
نُہضت (ع۔ مث) کُوچ ÷

روانگی۔ رخصت ÷
نُہضت کرنا (ل) روانہ ہونا۔
کُوچ کرنا ÷
نِہُفتہ (ف ص) پوشیدہ۔ چھپا ہوا
نہلانا (ہ) غسل کرانا۔ اشنان کرانا
نُہم (ف۔ ص) نواں ÷
نِہنگ (ف مذ) نگرمچھ۔ گھڑیال ÷
نہنگِ اجل (ف۔ مذ) موت کا
گھڑیال۔ موت ÷
نِہنگ (ہ۔ ص) ننگا۔ بے غیرت۔ بےحیا ÷
نہی (ع۔ مث) ممانعت۔ روک ÷
نَہیب (ع مذ) خوف ڈر ہیبت ÷
نہیں (ہ مث) کلمہ نفی۔ نہ۔ نا
نہیں تو (ہ) وگرنہ۔ ورنہ ÷
نہیں سہی (ا) کچھ پروا نہیں ÷
نَے (ف مث) کلک۔ سرکنڈا۔ بانسری
نئے سرے سے (ہ) پھر سے
دوبارہ ÷
نئی اُٹھان (ہ۔ مث) نوعمری۔ خورد سالی ÷
نئی جوانی (ا۔ مث) کم سنی۔
نوعمری۔ نابالغی ÷
نئی روشنی (ا۔ مث) نئی تہذیب
زمانہ حال کے نئے علوم و فنون ÷

نئی نویلی (ہ۔مث) نئی بیاہی۔ نئی دلہن۔ ناتجربہ کار ؛

نیا (ہ۔ص) تازہ۔ ابھی کا۔ جدید ؛

نیا رنگ لانا (ہ) تازہ فتنہ اٹھانا۔ نیا جھگڑا پیدا کرنا۔ نیا شگوفہ کھلانا۔ گل کھلانا ؛

نیا گل کھلانا (ا) نیا فتنہ اٹھانا۔ کوئی انوکھی بات یا خبر اڑانا ؛

نیا گل کھلنا (ا) نئی بات ہونا۔ تازہ فتنہ اٹھنا ؛

نیا نو دن پرانا سو دن (ا) نئی چیز کی بھڑک چند دن تک ہوتی ہے پرانی چیز دیر تک رہتی ہے ؛

نیابت (ع۔مث) نائب ہونا۔ قائم مقامی ؛

نیارا (ہ۔ص) الگ۔ منتخب ؛

نیاز (ف۔مث) حاجت۔ عاجزی۔ انکسار۔ منت سماجت ؛

نیاز حاصل کرنا (ا) بزرگوں یا امیروں کی ملاقات حاصل کرنا۔ ملنا ؛

نیاز دلوانا (ا) فاتحہ دلوانا ؛

نیاز دینا (ا) فاتحہ دینا ؛

نیاز کرنا (ا) نذر چڑھانا۔ کسی بزرگ کے نام کا کھانا پکانا ؛

نیازمند (ف۔ص) مطیع۔ عاجز۔ غلام۔ حاجتمند ؛

نیازمندی (ف۔مث) اطاعت۔ فرمانبرداری۔ عاجزی ؛

نیام (ف۔مذ) تلوار کا میان۔ غلاف ؛

نیبو (ا۔مذ) لیموں۔ نبو ؛

نیت (ع۔مث) ارادہ۔ دلی منشا۔ مطلب۔ مراد ؛

نیت باندھنا (ا) نماز کی نیت کرنا۔ نماز شروع کرنا۔ ارادہ کرنا ؛

نیت بدل جانا (ا) ارادہ پھر جانا۔ نیت میں فرق ہونا ؛

نیت بد ہونا (ا) ارادہ بدل جانا۔ نیت میں فرق ہونا ؛

نیت کا پھل (ا۔مذ) جیسی نیت ویسی مراد۔ اچھی یا بری نیت کا نتیجہ ؛

نیتی (ہ۔مث) قاعدہ۔ دستور۔ انتظام ؛

نیٹو (انگ۔ص) دیسی۔ ملکی ؛

نیچ (ہ۔ص) ادنیٰ۔ کمینہ۔ چھوٹا۔ پستی ؛

نیچ اونچ (ہ۔مث) نیکی بدی۔ نشیب و فراز ؛

نیچ ذات (ا۔مث) چھوٹی ذات۔ کمینہ ؛

نیچا (ہ۔ص) پست۔ گہرا۔ ادنیٰ۔ چھوٹا ؛

نیچا دکھانا (ہ) شرمندہ کرنا۔ زک دینا۔ ذلیل کرنا ؛

نیچا دیکھنا (ہ) زک اٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ ذلیل ہونا ؛

نیچر (انگ۔مث) قدرت۔ طبیعت۔ فطرت۔ مادہ۔ نوعیت ؛

نیچرل (انگ۔ص) قدرتی۔ طبعی ؛

نیچرل شاعری (ا۔مث) قدرتی شاعری جو مبالغہ وغیرہ سے پاک ہو ؛

نیچری (ا) نیچر کو ماننے والا۔ سر سید مرحوم کا پیرو ؛

نیچہ (ف۔مذ) حقہ کی نے ؛

نیچہ بند (ف۔مذ) نیچے باندھنے والا ؛

نیچے (ہ) تلے۔ تحت۔ ماتحت ؛

نیچے اوپر ہو جانا (ہ) اوپر تلے ہونا۔ انقلاب ہو جانا ؛

نیچی (ہ۔ مث) نیویں۔ گھٹیا۔ ادنیٰ۔ تلے کی ◆
نیچی نظر کرنا (ا) شرم سے اوپر نہ دیکھنا۔ حیادار ہونا ◆
نیچی نظروں سے دیکھنا (ا) آنکھیں نیچی کرکے دیکھنا ◆
نیچی نظریں (ا۔ مث) شرمیلی آنکھیں ◆
نَیّر (ع۔ مذ) نہایت روشن ستارہ۔ آفتاب ◆
نیّرِ اعظم (ع۔ مذ) سورج۔ آفتاب ◆
نیرنگ (ف۔ مذ) جادو۔ فسوں۔ فریب۔ شعبدہ۔ چالاکی ◆
نیرنگِ زمانہ (ف۔ مذ) انقلابِ زمانہ
نیرنگ ساز (ف۔ مذ) جادوگر۔ بازیگر۔ مکّار ◆
نیرنگی (ف۔ مث) جادوگری۔ مکاری۔ فریب۔ چالاکی۔ تماشہ ◆
نیرنگیِ زمانہ (ف۔ مث) زمانے کی گردش ◆
نیرنگیاں (ف۔ مث) چالاکیاں۔ عیاریاں۔ شعبدہ بازیاں ◆
نیز (ف) حرفِ عطف بھی۔ اور۔ دیگر ◆

نیزہ (ف۔ مذ) بھالا۔ برچھا۔ سنان۔ کلک ◆
نیزہ باز (ف۔ مذ) نیزہ چلانے والا۔ نیزہ مارنے والا ◆
نیزہ بردار (ف۔ مذ) نیزہ اُٹھانیوالا
نیسان (ف۔ مذ) رومیوں کے ساتویں مہینے کا نام۔ بارش کا مہینہ
نیست (ف۔ ص) نہیں ہے۔ معدوم
نیست و نابود کرنا (ا) برباد کرنا۔ مٹانا ◆
نیست و نابود ہونا (ا) مٹنا۔ خاک میں ملنا۔ تباہ ہونا ◆
نیستان (ف۔ مذ) نے کا جنگل۔ سرکنڈوں کا جنگل ◆
نیستی (ف۔ مث) فنا۔ نہ ہونا۔ تنگی۔ ناداری۔ نحوست ◆
نیش (ف۔ مذ) ڈنگ۔ نوک ◆
نیش زنی (ف۔ مث) ڈنگ مارنا۔ ستانا ◆
نیشتر (ف۔ مذ) نشتر۔ نوکدار۔ اوزار ◆
نیشکر (ف۔ مذ) گنا ◆
نیشن (انگ۔ مث) قوم ◆
نیشنل (انگ۔ ص) قومی ◆

نیشنلسٹ (انگ۔ ص) قوم پرست ◆
نیفہ (ف۔ مذ) ازار بند ڈالنے کا غلاف ◆
نیک (ف۔ ص) اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ عابد ◆
نیک اختر (ف۔ ص) نیک بخت
نیک انجام (ف۔ ص) جس کا انجام اور خاتمہ نیک ہو ◆
نیک اندیش (ف۔ ص) نیک سوچنے والا۔ نیک نیّت ◆
نیک بخت (ف۔ ص) خوش بخت۔ لائق۔ سعادتمند۔ پارسا ◆
نیک بختی (ف۔ مث) سعادتمندی۔ پارسائی ◆
نیک چلن (ا۔ ص) بھلامانس۔ وہ شخص جس کا چال چلن اچھا ہو ◆
نیک خصلت (ف۔ ص) نیک عادت۔ اشراف ◆
نیک خواہ (ف۔ ص) خیرخواہ۔ نمک حلال ◆
نیک ذات (ف۔ ص) اچھی ذات کا۔ نیک طبیعت کا ◆
نیک فال (ا۔ ص) مبارک۔ شگون ◆

نیک محضر (ف ص) نیک خصلت نیک نہاد۔ بھلا مانس ؎

نیک مزاج (ف ص) اچھی طبیعت کا

نیک منظر (ف ص) خوبصورت حسین ؎

نیک نام (ف ص) وہ شخص جس کا نام نیکی کے ساتھ مشہور ہو۔ نامی۔ باعزت ؎

نیکنامی (ف مث) ناموری عزت ؎

نیک نہاد (ف ص) نیکدل ؎

نیک نیت (ف ص) اچھی نیت والا۔ نیک دل ؎

نیک نیتی (ف مث) اچھی نیت ہونا۔ نیکدلی ؎

نیک و بد (ف مذ) برا بھلا نفع نقصان ؎

نیکوکار (ف ص) نیک کام کرنیوالا ؎

نیکوئی (ف مث) نیکی بھلائی

نیکی (ف مث) بھلائی۔ عمدگی۔ احسان۔ پارسائی۔ نیک انجام ؎

نیکی اور پوچھ پوچھ (ا) نیک کام اور پھر پوچھ کر کرنا۔ نیک کام میں پوچھنے کی کیا ضرورت ہے ؎

نیکی بدی (ف مث) بھلائی برائی نفع نقصان ؎

نیکی کر دریا میں ڈال (ا) نیکی کرکے بھول جا۔ نیکی کا بدلہ ملتا ہے ؎

نیل (ع مذ) حصول۔ پہنچ۔ دسترس

نیل مرام (ع مذ) حصول مقصد مراد پانا ؎

نیل (ف مذ) ایک قسم کی پتی جس سے رنگ حاصل کیا جاتا ہے نیلا رنگ۔ مصر کا مشہور دریا

نیل پڑنا (ا) مار یا چوٹ کا نشان پڑنا ؎

نیل جلانا (ا) بارش کے رکنے کا ٹوٹکا کرنا ؎

نیل کا ٹیکا (ا) بدنامی کا داغ روسیاہی ؎

نیل کنٹھ (ا۔ مذ) ایک خوشنما پرندے کا نام ہے (پ) چاپان ؎

نیل گائے (ا۔ مث) ایک قسم کی جنگلی گائے ہے ؎

نیلگر (ف مذ) نیل کا کام کرنے والا ؎

نیلگوں (ف ص) نیلے رنگ کا آسمانی ؎

نیلا (ا ص) نیلے رنگ کا۔ آسمانی

نیلا پیلا ہونا (ا) غصے ہونا آنکھیں نکالنا ؎

نیلا تھوتھا (ا۔ مذ) ایک دوائی کا نام ہے ؎

نیلام (پرتگالی مذ) بولی بولکر بیچنا

نیلام گھر (ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں چیزوں کی نیلام ہوتی ہیں ؎

نیلاہٹ (ا۔ مث) نیلاپن ؎

نیلم (ف مذ) ایک قسم کا نیلا پتھر ؎

نیلوفر (ف مث) ایک نیلے رنگ کا پھول ہے جو دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے

نیلی (ا۔ مث) نیلے رنگ کی ؎

نیم (ا۔ مذ) ایک نہایت کڑوے درخت کا نام ہے ؎

نیم (ف ص) آدھا ؎

نیم برشت (ف ص) آدھا بھونا ہوا ؎

نیم بسمل (ف ص) ادھ موا۔ زخمی۔ گھائل ؎

نیم جاں (ف ص) نیم مردہ قریب المرگ

نیم جوش (ف ص) آدھا جوش دیا ہوا

نیم حکیم (ف مذ) ادھورا حکیم ناتجربہ کار

نیم حکیم خطرہ جان (مث) ناتجربہ کار طبیب علاج کرنے میں الٹا جان کا خطرہ ہے ؎

نیم خواب (ف ص) غنودہ۔ کچی نیند ۔
نیم راضی (ف ص) آدھا رضامند۔ کچھ کچھ راضی ۔
نیم روز (ف مذ) دوپہر ۔
نیم سوختہ (ف ص) آدھا جلا ہوا ۔
نیم کُش (ف ص) آدھا قتل کرنے والا۔ بسمل کرنے والا ۔
نیم مُلّا (ف ص) کچا مولوی ۔
نیم (ہ۔ مذ) ورد۔ معمول۔ وظیفہ۔
نیم دھرم (ہ۔ مذ) ایمانداری ۔
نیمچہ (ف مذ) چھوٹی تلوار۔ چھرا۔ خنجر۔
نیمہ (ف مذ) آدھا۔ ادھورا۔ طرف ۔
نیمہ آستین (ف مث) آدھی آستینوں والی۔ واسکٹ۔ صدری ۔
نین (ہ۔ مذ) آنکھ۔ چشم۔ نظر ۔
نین سُکھ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا باریک کپڑا ہے۔ خاصہ ۔
نیند (ہ۔ مث) خواب۔ نیندر۔ اونگھ ۔
نیند اُچاٹ ہونا (ہ) نیند کا جانا۔ آنکھ کھل جانا۔ کسی خیال یا فکر میں آنکھ نہ لگنا ۔
نیند اُڑنا (ہ) نیند کا جاتا رہنا۔ آنکھ کھلنا ۔
نیند حرام کرنا (ا) نیند نہ آنا۔ سوتے میں دق کرنا۔ نیند میں تنگ کرنا ۔
نینو (ہ۔ مذ) ایک قسم کا سُوتی بیل بوٹے والا کپڑا ۔
نیو (ہ۔ مث) بنیاد۔ جڑ۔ اصل ۔
نیوز (انگ مث) خبر۔ خبریں ۔
نیوز ایجنسی (انگ مث) خبریں پہنچانے والی۔ ایجنسی ۔
نیوز پیپر (انگ مذ) اخبار ۔
نیولا (ہ۔ مذ) نیول۔ راسو ۔
نیہہ (ہ۔ مث) پیار۔ محبت۔ عشق ۔
نیہہ لگانا (ا) محبت کرنا۔ آنکھ لگانا۔ عاشق ہونا ۔

و

عربی کا چھبیسواں[۲۶]، فارسی کا تیسواں[۳۰] اور اردو کا تینتیسواں[۳۳] حرف۔ عدد اس کے چھ[۶] ہیں :-

وا (ف ص) کھلا ہوا۔ پھیلا ہوا ۔
وا کرنا (ا) کھولنا ۔
واماندہ (ف ص) پیچھے رہا ہوا۔ تھکا ہوا ۔
وابستگاں (ف مذ) رشتہ دار۔ متعلقین ۔
وابستہ (ف ص) بندھا ہوا۔ متعلق ۔
واپس (ف مذ) پیچھے۔ اُلٹا ۔
واپس کرنا (ا) لوٹا دینا۔ پھیرنا ۔
واپس ہونا (ا) لوٹنا۔ پلٹنا ۔
واپسی (ا مث) واپس کی ہوئی چیز۔ واپس ہونا ۔
واپسیں (ف ص) آخری۔ پچھلا ۔
واٹر (انگ مذ) پانی ۔
واٹر ورکس (انگ مذ) بڑے شہروں میں نلوں کے ذریعے مکانات میں پانی پہنچانے کا سلسلہ ۔
واٹر پروف (انگ مذ) برساتی کوٹ۔ ایسی چیز جس میں پانی اثر نہ کرے ۔
واثق (ع ص) مضبوط۔ پکا ۔
واجب (ع ص) مناسب۔ لائق۔ فرض

ضروری۔ تنخواہ ٭
واجب الادا (ع) جس رقم کا
ادا کرنا واجب ہے ٭
واجب الاظہار (ع) ظاہر
کرنے کے لائق ٭
واجب التسلیم (ع) ماننے
کے لائق ٭
واجب التعزیر (ع) سزا کے لائق
واجب التعظیم (ع) ادب کے لائق
واجب القتل (ع) مار ڈالنے
کے قابل ٭
واجب الوجود (ع) خدا تعالیٰ کی ذات
واجب الوصول (ع) وصول کے قابل
واجب جاننا (ا) مناسب سمجھنا
ضروری خیال کرنا ٭
واجبی (ع ص) معقول ٹھیک
ضروری ٭
واجبی بات (ا) درست بات
مناسب بات ٭
واچ (انگ مث) گھڑی ٭
واچ میکر (انگ مذ) گھڑی ساز
واحد (ع ص) ایک۔ اکیلا۔ مفرد
واحسرتا (ع) ہائے افسوس حیف

وادی (ع مث) گھاٹی۔ نیچی جگہ
مجازاً صحرا۔ جنگل وغیرہ ٭
وادیٔ ایمن (ع مذ) کوہ طور کے
دائیں طرف کا جنگل جہاں سے
حضرت موسیٰؑ آگ کی تلاش
میں آگے بڑھے تھے ٭
وار (ہ۔ مذ) حملہ۔ داؤ ٭
وار بچانا (ا) حملہ روکنا۔ خالی دینا
وار پار (ا) ایک طرف سے دوسری طرف
وار چلنا (ا) حملہ کامیاب ہونا
داؤ ٹھیک پڑنا ٭
وار خالی جانا (ا) حملہ کامیاب نہ
ہونا۔ ضرب نہ پڑنا ٭
وار (ہ۔ مذ) دن روز (ف) مانند
وارث (ع مذ) میراث کا حقدار
وارد (ع۔ ورد کرنے والا۔
آنے والا۔ مسافر ٭
وارد ہونا (ا) نازل ہونا۔ اُترنا
واردات (ع مث) واقعہ ہنگامہ
وارستہ (ف ص) آزاد۔ خود مختار
وارفتہ (ف ص) بیخود۔ بھٹکا ہوا
وارفتگی (ف مث) بیخودی۔ تھکن ٭
وارنا (ہ) نچھاور کرنا۔ تصدق کرنا

وارنٹ (انگ مث) گرفتار کرنے
کا حکم۔ فرمان ٭
وارنش (انگ مذ) روغن چمک ٭
واری (ہ مث) قربان صدقے ٭
واری جاؤں (ہ) صدقے
ہو جاؤں۔ قربان ہوں ٭
وارے نیارے ہونا (ہ) چاندی
ہونا۔ خوب نفع ہونا ٭
واژوں (ف ص) اوندھا۔ اُلٹا۔
واژوں بخت (ف ص) بدنصیب
بدبخت ٭
واسطہ (ع مذ) تعلق۔ سبب۔
سروکار۔ دوستی۔ محبت ٭
واسطہ پڑنا (ا) کام پڑنا۔ غرض ہونا
واسطہ ڈالنا (ا) پالا ڈالنا۔ کام ڈالنا
واسطہ رکھنا (ا) تعلق رکھنا ٭
واسطہ ہونا (ا) تعلق ہونا۔ غرض ہونا
واسطے (ا) لیئے۔ برائے ٭
واسوخت (ف مذ) وہ اشعار
جو مسدس میں لکھے جائیں اور ان
میں معشوق کی شکایت اور عشق
سے بیزاری بیان کی جائے ٭
واسوختگی (ف مث) جلن ٭

وَاصِل (ع۔مذ) ملنے والا۔ پہنچنے والا
وَاصِل باقی (ع۔مث) وصول شدہ اور باقی رقم ٭
وَاصِل باقی نویس (ف۔مذ) تحصیل کا وہ اہلکار جو وصول و باقی کا حساب رکھتا ہے ٭
وَاضِح (ع۔ص) روشن۔ صاف۔ ظاہر
وَاضِح رہے (ا) اچھی طرح سمجھ لو
وَاضِع (ع۔مذ) بنانے والا ٭
وَاضِعِ قانون (ع۔مذ) قانون بنانے والا ٭
وَاعِظ (ع۔مذ) نصیحت کرنے والا۔ وعظ کہنے والا۔ ناصح ٭
وَافِر (ع۔ص) بہت۔ بافراط ٭
وَافی (ع۔ص) پورا۔ خاطر خواہ ٭
وَاقِع (ع۔مذ) وقوع ہونے والا ٭
وَاقِع ہونا (ا) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا
وَاقِعات (ع۔مث) واقعہ کی جمع
واقِعہ (ع۔مذ) سانحہ۔ حادثہ۔ معاملہ۔ سرگزشت۔ حقیقت ٭
واقِعہ نویس (ف۔مذ) اخبار نویس
واقِعی (ع۔ص) دراصل۔ سچ مچ
واقِف (ع۔مذ) جاننے والا۔ جان پہچان والا ٭
وَاقِف کار (ف۔مذ) کام جاننے والا۔ تجربہ کار ٭
وَاقِفِیّت (ع۔مث) شناسائی۔ آگاہی۔ علم ٭
وَالا (ف) بلند۔ اونچا۔ بزرگ ٭
وَالا جاہ (ف۔ص) عالی مرتبہ ٭
وَالا شان (ف۔ص) عالیشان ٭
وَالا قدر (ف۔ص) عالی قدر ٭
وَالا نامہ (ف۔مذ) بڑے آدمی کا خط۔ گرامی نامہ ٭
وَاِلّا (ع) ورنہ ٭
وَالِد (ع۔مذ) باپ۔ پدر۔ پتا ٭
وَالِد ماجد (ع۔مذ) پدر بزرگوار ٭
وَالِدہ (ع۔مث) ماں ٭
وَالِدَین (ع۔مذ) ماں باپ ٭
وَالنّٰیر (انگ) وہ شخص جو بلا تنخواہ اپنی خوشی سے رضا کارانہ ملک کی خدمت کرے یا کسی نیک کام میں حصہ لے
وَاللہ (ع) اللہ کی قسم۔ بخدا ٭
وَاللہُ اَعلَم (ع) خدا جانے ٭
وَاللہُ اَعلَم بِالصَّواب (ع) اللہ ہی بہتر جانتا ہے ٭
وَالِہ (ع۔ص) عاشق۔ شیدا ٭
وَالی (ع۔مذ) مالک۔ دوست۔ سرپرست۔ نگہبان ٭
وَام (ف۔مذ) قرض ٭
وَاماندگان (ف۔مذ) واماندہ کی جمع۔ تھکے ہارے ہوئے پیچھے رہے ہوئے ٭
وَاماندگی (ف۔مث) تھکاوٹ۔ عاجزی ٭
واماندہ (ف) رہا ہوا۔ عاجز۔ تھکا ہوا ٭
وامق (ع۔مذ) چاہنے والا۔ طالب۔ عذرا کے عاشق کا نام ہے ٭
واویلا (ع۔مذ) حیف۔ افسوس۔ ماتم۔ فریاد۔ گریہ وزاری ٭
واویلا کرنا (ا) رونا۔ پیٹنا ٭
واہ (ف) کلمہ تحسین ہے۔ سبحان اللہ ٭
واہ رے (ا) تعجب۔ توصیف طنز اور تأسف کے وقت بولتے ہیں ٭
واہِب (ع۔مذ) بخشنے والا۔ کرنے والا ٭
واہِمہ (ع۔مذ) وہم کی قوت ٭

واہ واہ (ا) سبحان اللہ۔ شاباش ٭
واہ واہ کرنا (ا) داد دینا۔ تعریف کرنا
واہ واہ ہونا (ا) تعریف ہونا۔ شہرت ہونا ٭
واہی (ا۔ص) بے ہودہ بات لغو آدمی ٭
واہی تباہی (ا۔ص) بیہودہ بات بے معنی بات۔ اوباش اور نکما آدمی ٭
واہیات (ع۔مث) لغو باتیں خرافات فضول اور نکما آدمی
وائے (ع) کلمۂ افسوس و تاسّف
وائے قسمت (ف) ہائے تقدیر
وائو (ہ۔مث) ہوا ٭
وائس (انگ) قائم مقام کے لئے استعمال ہوتا ہے ٭
وائس پریذیڈنٹ (انگ) نائب الصدر۔ نائب میر مجلس ٭
وائس چیئرمین (انگ۔مذ) قائمقام صدر ٭
وائسرائے (انگ۔مذ) نائب السلطان۔ گورنر جنرل ٭
وائن (انگ۔مث) شراب۔ مے۔ بادہ

وَبا (ع۔مث) بیماری۔ جو ہوا کی خرابی کی وجہ سے ہو۔ متعدی مرض
وَبال (ع۔مذ) بوجھ۔ بار۔ عذاب کیے کی سزا ٭
وَبال پڑنا (ا) قہر کا نازل ہونا۔ ظلم کا بدلہ ملنا ٭
وَبالِ جان (ع مذ) عذابِ جان ٭
وبریشن (انگ) گونج۔ ہوا میں لہروں کا پیدا ہونا ٭
وَتر (ع) کمان کا چلّہ۔ وہ خط جو دائرے کے محیط کے دو نقاط کو ملائے اور قطر سے چھوٹا ہو ٭
وِتر (ع مذ) طاق۔ وہ تین رکعتیں جو عشاء کی نماز کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں ٭
وَتیرہ (ع مذ) طریقہ۔ دستور۔ عادت ٭
وُثوق (ع مذ) مضبوطی۔ اعتبار۔ اعتماد ٭
وَثیقہ (ع۔مذ) اقرار نامہ۔ تمسّک ٭
وثیقہ دار (ف مذ) مالکِ وثیقہ۔ پرونوٹ کا مالک ٭
وَجاہت (ع۔مث) خوبصورتی عزت۔ رعب داب ٭

وُجد (ع مذ) حال۔ بے خودی۔ جوش ٭
وُجد میں آنا (ا) حال آنا۔ مست ہو جانا ٭
وَجع (ع۔مذ) درد۔ ٹیس ٭
وَجع المفاصِل (ع۔مذ) جوڑوں کا درد۔ گنٹھیا ٭
وُجوب (ع مذ) لازم ہونا۔ ضروری ہونا ٭
وُجود (ع۔مذ) موجود ہونا۔ زندگی حیات۔ پیدائش۔ ظہور ٭
وُجوہ (ع۔مث) جمع وجہ کی۔ اسباب ٭
وُجوہات (ع۔مث) وجہ کی جمع الجمع
وَجہ (ع۔مث) سبب۔ باعث۔ وسیلہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ دلیل ٭
وَجہِ تسمیہ (ع۔مث) نام رکھنے کی وجہ ٭
وَجہِ معاش (ع۔مث) گذران کا ذریعہ ٭
وَجیہہ (ع ص) خوشرو۔ بارعب۔ خوش وضع ٭
وَحدانیت (ع مث) ایک ہونا

یکتائی ؛

وَحْدَت (ع۔ مث) توحید۔ یگانگی ؛

وَحْدَتُ الوُجود (ع۔ مذ) ہر چیز کو خدا تعالےٰ کے وجود کا ہی حصہ سمجھنا ؛

وَحْشَت (ع۔ مث) مانوس نہ ہونا نفرت (ا) سودا۔ دیوانگی۔ حیوانیت۔ ڈر۔ خوف ؛

وَحْشَت انگیز (ف ص) ڈراؤنا بھیانک ؛

وَحْشَت زدہ (ف) گھبرایا ہوا پاگل۔ مجنون ؛

وَحْشَت ناک (ف ص) خوفناک ڈراؤنا۔ خطرناک ؛

وَحْشی (ع۔ ص) جنگلی۔ غیر مانوس جانور۔ ظالم ؛

وَحْشیانہ (ف ص) وحشیوں کا سا وحشیوں کی طرح۔ ظالمانہ ؛

وُحُوش (ع مذ) وحشی کی جمع جنگلی جانور ؛

وَحی (ع۔ مث) پیغام رب۔ خدا کی طرف سے پیغمبروں کے دل پر کوئی حکم اُترنا ؛

وَحید (ع۔ ص) ایک ہی بےنظیر۔ یگانہ ؛

وَحیدُ العَصر (ع ص) اپنے زمانے میں لاثانی ؛

وِدَاد (ع۔ مث) دوستی۔ اُلفت ؛

وِداع (ع۔ مث) رخصت۔ روانگی دُلہن کا اپنے گھر سے رخصت ہونا

وَدائع (ع) جمع ودیعت کی۔ امانتیں ؛

وَدُود (ع۔ مذ) دوست ؛

وِدھوا (ہ۔ مث) بیوہ عورت ؛

وِدّیا (س مث) علم۔ ہنر۔ واقفیت

وَدِیعَت (ع۔ مث) امانت ؛

وَر (ہ۔ مذ) خاوند ؛

وَرائے (ع) پیچھے کی طرف۔ علاوہ۔ سوا ؛

وِراثت (ع۔ مث) ورثہ۔ ترکہ۔

وِراثتاً (ع) وراثت کی وجہ سے ؛

وُرَثا (ع۔ مذ) میراث پانے والے ورثہ پانے والے ؛

وِرثہ (ع۔ مذ) مُردے کا مال جو اسکے حقدار کو ملے۔ میراث ؛

وَرد (ع۔ مذ) گلاب کا پھول ؛

وِرد (ع۔ مذ) جو کام ہر روز کیا جائے۔ وظیفہ ؛

وِردِ زبان ہونا (ا) ہر وقت زبان پر رہنا۔ ازبر ہونا ؛

وَردی (ع) فوج یا پولیس کی سرکاری پوشاک سب کا ایک سا لباس ؛

وَرزِش (ف مث) ریاضت کسرت

وَرزِشی (ف) ورزش کرنے والا کسرتی ؛

وَرطہ (ع۔ مذ) ہلاکت کا مقام۔ مجازاً پانی کا چکر۔ گرداب ؛

وَرَع (ع۔ مث) پرہیزگاری۔ زہد و تقوےٰ ؛

وَرغلانا (ا) دھوکا دینا۔ بہکانا پھسلانا۔ بھڑکانا ؛

وَرَق (ع۔ مذ) درخت کا پتہ۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ سونے چاندی کا باریک کاغذ کی طرح بنا ہوا ٹکڑا ؛

وَرَق گردانی کرنا (ا) ورقوں کو اُلٹ پُلٹ کر دیکھنا۔ کسی کتاب کو پڑھنا۔ بیفائدہ کام

کرنا ÷
وَرَقہ (ا-مذ) کاغذ کا ٹکڑا - ورق
وَرْک (انگ مذ) کام - کام کرنا
وَرْکِنگ کمیٹی (انگ مث) مجلس
عاملہ - کسی انجمن کے چند
منتخب ممبروں کی علیحدہ کمیٹی
جو بڑی کمیٹی کی غیر حاضری
میں با اختیار ہو ÷
وَرَم (ع-مذ) سوجن - چوٹ
سے یا کسی چیز کے کاٹنے
سے یا بیماری کی وجہ سے کسی
جگہ سے جسم کا پھول جانا
وَرْنہ (ف) وگرنہ - نہیں تو ÷
وُرُود (ع مذ) وارد ہونا - اترنا
تشریف آوری ÷
وَرے (ہ) اس طرف ÷
وَرِید (ع-مث) گلے کی موٹی
رگ وہ نالی جو دل کی طرف
خراب خون لے جاتی ہے ÷
وِزارت (ع-مث) وزیر کا
عہدہ - وزیری - وزیر کا دفتر
وُزَراء (ع مذ) وزیر کی جمع ÷
وَزْن (ع مذ) بوجھ - گرانی -
اندازہ بمقدار پیمانہ - شعر کی
بحر - آزمائش ÷
وَزْنی (ف ص) بھاری - بوجھل
وقعت والا - معقول ÷
وَزِیر (ع مذ) مدار المہام دیوان
جس سے بادشاہ مشورہ کرے
شطرنج میں ایک مہرے کا نام ہے ÷
وَزِیرِ اعظم (ع-مذ) سب سے بڑا
وزیر - چیف منسٹر ÷
وَساطت (ع-مث) ذریعہ -
واسطہ ÷
وَساوِس (ع مذ) وسواس کی
جمع - وسوسے ÷
وَسائِل (ع-مذ) وسیلہ کی
جمع - ذریعے ÷
وَسْط (ع ص) درمیان - مرکز - قلب ÷
وُسْطیٰ (ع-ص) درمیانی ÷
وُسْع (ع-مث) فراخی - چوڑائی
میدان - پیمائش - رقبہ
ضرورت - مقدور ÷
وُسْعَت (ع-مث) پھیلاؤ
مقدور - طاقت ÷
وِسْکی (انگ مث) ایک قسم کی
شراب ÷
وَسْمہ (ع-مذ) ایک بوٹی جس سے
خضاب تیار کیا جاتا ہے
نیل کے پتے - خضاب ÷
وَسْواس (ع مذ) وہم - شبہ
ڈر - اندیشہ ÷
وَسْواسی (ع-ص) وہمی - شکی مزاج
وَسْوَسہ (ع-مذ) وہم - شبہ -
بدگمانی ÷
وَسِیع (ع-ص) فراخ - لمبا چوڑا
وَسِیلہ (ع مذ) ذریعہ - توسط
اعانت - آسرا ÷
وَش (ف) حرف تشبیہ - مانند ÷
وِشنوی (ہ) وشن کا پوجنے والا -
وِشواش (ہ-مذ) اعتماد - یقین
وَصّاف (ع-ص) بہت
تعریف کرنے والا ÷
وِصال (ع مذ) ملاقات - ہمبستری
عاشق و معشوق کا ملنا
نیک آدمی کا انتقال ہونا ÷
وَصْف (ع مذ) تعریف - خوبی
بھلائی - خاصیت بیان کرنا
وَصْل (ع مذ) میل - ملاقات

صحبت ؀
وُصُول (ع مذ) پہنچنا۔ رقم کا واپس مل جانا۔ پانا ؀
وُصُولی (ا مث) وصول ہو جانا واجب الوصول ؀
وَصِیّ (ع مذ) جس شخص کے حق میں وصیّت کی گئی ہو ؀
وَصِیَّت (ع مث) سفر پر جاتے ہوئے یا مرتے وقت جائداد یا دوسرے کاموں کے متعلق ہدایت
وَصِیَّت نامہ (ف مذ) وہ کاغذ جس پر وصیّت لکھی جائے ؀
وَضْع (ع مث) ساخت۔ بناوٹ۔ رنگ ڈھنگ۔ آن۔ انداز۔ تفریق کر لینا۔ کاٹ لینا
وَضْع بدلنا (ا) ڈھنگ اور عادت تبدیل کرنا۔ طرز بدلنا ؀
وَضْعِ حمل (ع مذ) بچہ پیدا ہونا
وَضْعدار (ع مذ) بانکا۔ خوبصورت اپنی چال پر قائم رہنے والا۔ بااصول ؀
وَضْعداری (ع۔ ف مث) بانکپن۔ حُسن۔ وضع پر قائم رہنا ؀
وُضُو (ع مذ) نماز کے لئے ہاتھ پاؤں منہ وغیرہ دھونا ؀
وَضِیع (ع ص) ادنےٰ۔ کمینہ نالائق ؀
وَضِیع و شریف (ع ص) ادنےٰ و اعلےٰ ؀
وَطَن (ع۔ مذ) ملک یا شہر جہاں کوئی پیدا ہوا ہو۔ جنم بھوم ؀
وَطَنِ مالُوف (ا۔ مذ) پیارا وطن
وَطَنی (ا ص) ایک ہی وطن کا رہنے والا ؀
وَطِیرہ (ع مذ) طریقہ۔ چلن ؀
وَظائِف (ع مذ) وظیفہ کی جمع
وَظِیفہ (ع مذ) وِرد۔ جو بات روزمرّہ کی جائے۔ کسی بات کی رٹ۔ تنخواہ۔ جاگیر۔ وہ امداد جو طالب علم کو علم حاصل کرنے کے لئے دی جائے ؀
وَظِیفہ خوار (ف ص) وظیفہ لینے والا
وَعْدہ (ع مذ) اقرار۔ قول و قرار (ا) مرنے کا وقت ؀
وَعْدہ خِلاف (ا) جو شخص وعدہ پورا نہ کرتا ہو۔ اقرار کا جھوٹا
وَعْدہ خِلافی (ا مث) وعدہ پورا نہ کرنا ؀
وَعْدہ فراموش (ف ص) وعدہ یاد نہ رکھنے والا۔ وعدہ کو بھول جانے والا ؀
وَعْدہ وَعِید (ع مذ) ٹال مٹول لیت و لعل ؀
وَعْدہ وَفا (ا ص) وعدہ پورا کرنے والا۔ قول کا سچا۔ بات کا پکا
وَعْظ (ع۔ مذ) نصیحت۔ مذہبی لکچر
وَعِید (ع۔ مذ) سزا دینے کا وعدہ
وَغا (ع مث) لڑائی۔ جنگ ؀
وَغَیرہ (ا) اس کے علاوہ۔ علیٰ ہذا القیاس ؀
وَفا (ع مث) وعدہ پورا کرنا۔ خیر خواہی۔ نمک حلالی محبت میں قائم رہنا نبھانا رکھ دینا
وَفادار (ف ص) وفا کرنے والا۔ خیر خواہ۔ ایماندار سچا۔ نمک حلال
وَفاداری (ف مث) نمک حلالی دیانت داری ؀

وفا شعار (ف ص) جس کی عادت ہی وفا کی ہو۔ نہایت وفادار ؛
وفا کرنا (ا) نمکحلالی کرنا۔ نباہنا ساتھ دینا۔ خیر خواہی کرنا ؛
وَفات (ع۔ مث) موت۔ اجل۔ مرگ ؛
وُفور (ع۔ ص) زیادتی۔ کثرت بہتات
وَقار (ع مذ) بردباری۔ سکون متانت۔ عزت۔ جاہ وجلال
وَقائع (ع مذ) واقعہ کی جمع۔ واقعات۔ حادثات۔ مصیبتیں۔ لڑائیاں ؛
وَقائع نگار (ف۔ مذ) اخبار نویس۔ نامہ نگار ؛
وَقت (ع مذ) زمانہ۔ موسم۔ فصل۔ موقع۔ سماں۔ عمر۔ حیات بادی۔ میعاد۔ مجازاً۔ برا وقت مصیبت کا وقت ؛
وَقت آجانا (ا) موسم آجانا کام کا وقت آجانا۔ مصیبت یا موت کا آپہنچنا ؛
وَقت بے وَقت (ا) ہر وقت۔ ہمیشہ ؛

وَقت پر کام آنا (ا) ضرورت کے موقعہ پر مدد کرنا ؛
وَقت پڑنا (ا) مصیبت آنا۔ مشکل پڑنا۔ ضرورت پڑنا ؛
وَقت کاٹنا (ا) وقت پورا کرنا وقت گزارنا۔ دن پورے کرنا ؛
وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے (ا) ہر بات اپنے موقعہ اور محل پر اچھی ہوتی ہے ؛
وَقتاً فوقتاً (ا) کبھی کبھی ؛
وَقر (ع۔ مذ) بوجھ۔ وزن مجازاً حلم۔ بزرگی۔ عزت۔ رتبہ۔ منصب ؛
وَقعت (ع۔ مث) قدر۔ عزت
وَقف (ع مذ) ٹھیراؤ۔ جائداد وغیرہ جو صرف مسجد یا مندر پر لگانے کے لئے چھوڑی گئی ہو
وَقف کرنا (ا) خدا کے نام پر چھوڑنا۔ رفاہ عام کے لئے چھوڑنا
وقف نامہ (ا مذ) وقف کرنے کے متعلق جو تحریر دی جائے ؛
وَقفہ (ع مذ) مہلت۔ فرصت۔ قیام سکون۔ تأمل۔ ڈھیل ؛

وُقوع (ع۔ مذ) واقعہ ہونا
وُقوعہ (ع مذ) حادثہ۔ واردات
وُقوف (ع مذ) واقفیت۔ آگاہی تمیز۔ سلیقہ ؛
وَکالت (ع۔ مث) اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا۔ قائمقام ہونا۔ ذمہ واری۔ وکیلوں کا پیشہ ؛
وَکالت نامہ (ف مذ) وہ دستاویز جو وکیل کو لکھ دی جائے۔ کہ ہم نے اسے اپنی طرف سے مختار کیا ہے
وکالتاً (ع) وکیل کے ذریعے
وِکٹوریا (انگ مث) ملکہ معظم وکٹوریہ ؛
وکٹوریا کراس (انگ۔ مذ) ایک تمغہ جو بہت ہی بہادری کا کام کرنے پر دیا جاتا ہے ؛
وکیل (ع مذ) قائم مقام۔ مختار۔ ایڈوکیٹ۔ پلیڈر۔ قانون دان ؛
وکیل مطلق (ع مذ) وہ مختار جسے ہر طرح کا اختیار ہو ؛
وگرنہ (ف) اگر نہیں تو ؛

وِلا (ع۔مث) دوستی۔ محبت ؞
وِلادت (ع۔مث) پیدائش جنم
وِلایت (ع۔مث) ملک۔
بادشاہت۔ خدا کی دوستی۔
بزرگی۔ کسی کام کی ذمہ داری
وِلایتی (ع۔ص) ولایت کا
رہنے والا۔ پردیسی۔ ولایت
کا مال ؞
وَلَد (ع۔مذ) بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند
وَلدِیّت (ع۔مث) باپ کا
نام وغیرہ ؞
وَلوَلہ (ع۔مذ) جوش وخروش۔
اُمنگ۔ شوروغل ؞
وَلوَلہ اُٹھنا (ا) اُمنگ پیدا
ہونا ؞
وَلے (ف) ولیکن۔ مگر ؞
وَلی (ع۔مذ) آقا۔ محافظ۔ مربّی
اللہ تعالےٰ کا دوست۔
نیک آدمی ؞
وَلیُّ اللہ (ع۔مذ) خدارسیدہ
خدا کا دوست ؞
وَلی عہد (ع۔مذ) سب سے
بڑا شہزادہ۔ بادشاہ یا راجہ کے
بعد تخت نشین ہونے والا ؞
وَلی نعمت (ع۔مذ) پرورش
کرنے والا۔ آقا ؞
ولیک (ف) ولیکن کا مخفف ؞
وَلیکن (ف) لیکن۔ مگر ؞
وَلیمہ (ع۔مذ) ضیافت نکاح
بیاہ کی دعوت ؞
ووٹ (انگ۔مذ) رائے۔ حق
رائے دہندگی ؞
ووٹر (انگ۔مذ) ووٹ دینے کا
حقدار۔ رائے دینے والا ؞
وُہ دِن گئے جب خلیل خاں
فاختہ اُڑاتے تھے (ا)
عیش و آرام کا زمانہ گذر گیا
وَہّاب (ع۔مذ) بہت بخشنے
والا۔ مراد اللہ تعالےٰ ؞
وَہابی (ع۔مذ) عبدالوہاب کا
پیرو۔ مسلمانوں کے ایک فرقے
کا نام ہے جو عام طور پر صوفیوں
کا مخالف سمجھا جاتا ہے ؞
وَہب (ع۔مذ) بخشش۔ عطا
وَہبی (ع۔ص) عطا شدہ
دیا ہوا ؞
وَہم (ع۔مذ) وسواس۔ احتمال
شک ؞
وَہمی (ع۔ص) خیالی اور قیاسی
بات۔ وہ آدمی جسے زیادہ
وہم رہے۔ وسواسی ؞
وَہیں (ا) اسی جگہ ؞
وُہیں (ا) فوراً۔ اسی وقت ؞
وَے (ہ) وہ کی جمع ؞
ویاکرن (س۔مث) علم زبان
سنسکرت زبان کی صرف
ونحو۔ گرامر ؞
وید (س۔مذ) ہندوؤں کی مقدس
کتاب ؞
وَید (س۔مذ) ویدک طب کے
ذریعے سے علاج کرنیوالا
طبیب ؞
ویدانت (س) ویاس جی کا
بنایا ہوا شاستر جس میں ذات
الٰہی پر بحث کی گئی ہے ؞
ویدانتی (س۔مذ) ویدانت کا
پیرو یا عالم ؞
ویدک (س۔مذ) وید پڑھا ہوا
عالم۔ وید کے موافق۔ وید

میں لکھا ہُوا ؛

وَیدک (س) علم طب۔ علم حکمت ؛

وَیراگ (س مذ) سنیاس۔ دنیا سے قطع تعلق ؛

وَیراگی (س مذ) سنیاسی۔ جوگی

وِیران (ف ص) اُجڑا ہُوا غیر آباد۔ بنجر زمین ؛

وِیران کرنا (ا) اُجاڑنا۔ برباد کرنا۔ پامال کرنا ؛

وِیرانہ (ف مذ) جنگل۔ غیر آباد جگہ۔ اُجاڑ ؛

وِیرانی (ف مث) خرابی اُجاڑ ہونا۔ بربادی ؛

وَیسٹ (انگ۔ مذ) مغرب ؛

وَیسٹ منسٹر ایبی (انگ مذ) لنڈن کے ایک گرجا گھر کا نام جس میں انگریز سلاطین و مشاہیر مدفون ہیں ؛

وَیش (س۔ مذ) تجارت کرنیوالا

وَیکسینیشن (انگ مذ) ٹیکہ ؛

وَیکسینیٹر (انگ مذ) ٹیکہ کرنے والا ؛

وَیکیشن (انگ) تعطیل لمبی چھٹیاں ؛

وِیل (انگ مث) ایک بہت بڑی مچھلی۔ جس کی چربی اور ہڈیاں بہت کارآمد ہوتی ہیں ؛

ویلز (انگ) جزائر برطانیہ کا جنوبی حصّہ ؛

وَیلکم (انگ) خوش آمدید۔ خیر مقدم ؛

وَیلیو پے ایبل (انگ) وہ چٹھی یا مال جس کی قیمت ڈاکخانے میں ادا کر کے وصول کیا جاوے۔ وی پی (V.P) اسی کا مخفف ہے ؛

وَیلی (انگ۔ مث) وادی ؛

وَینس (انگ۔ مذ) VENUS اٹلی کا ایک خوبصورت شہر ہے ؛

ہ

عربی کا ستائیسواں۲۷ فارسی کا اکتیسواں۳۱ اور اُردو کا چونتیسواں۳۴ حرف۔ اسکے عدد پانچ ہیں:-

ہا (ہ) کلمہ تأسف۔ افسوس۔ کسی کام کے منع کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے ؛

ہابیل (ع۔ مذ) حضرت آدمؑ کے لڑکے کا نام ہے ؛

ہاتف (ع مذ) غیب کی آواز غیب سے آواز دینے والا۔ فرشتہ ؛

ہاتھ (ہ۔ مذ) دست۔ پنجہ۔ ہتھیلی۔ اختیار۔ قابو۔ ذریعہ۔ وار۔ داؤ۔ آدھ گز کا پیمانہ ؛

ہاتھ اُٹھانا (ا) دعا کے لئے ہاتھ بلند کرنا۔ فاتحہ پڑھنا کسی کام سے دست بردار ہونا۔ چھوڑنا۔ قسم کھانا۔ توبہ کرنا۔ مایوس ہو جانا نا امید ہونا۔ دست و رازی

کرنا۔ مارنا پیٹنا ٭

ہاتھ آنا (ا) ہاتھ لگنا۔ ملنا۔ قابو میں آنا۔ معلوم ہونا ٭

ہاتھ بٹانا (ا) کسی کام میں مدد کرنا ٭

ہاتھ بڑھانا (ا) ہاتھ لمبا کرنا حد سے بڑھنا ٭

ہاتھ پاؤں پڑنا (ہ) منّت سماجت کرنا۔ قدموں پر گرنا ٭

ہاتھ پاؤں پھولنا (ا) گھبرا جانا۔ کچھ کرنے کے قابل نہ رہنا ٭

ہاتھ پاؤں مارنا (ا) کوشش کرنا۔ بے قراری کی وجہ سے ہاتھ پاؤں ہلانا۔ نزع کی حالت میں ہونا۔ تیرنا شناوری کرنا ٭

ہاتھ پاؤں نکالنا (ا) جوان ہونا۔ قدآور ہونا۔ بے ادب ہونا۔ گستاخ ہونا ٭

ہاتھ پاؤں ہلانا (ا) جدوجہد کرنا۔ کوشش کرنا۔ محنت کرنا ٭

ہاتھ پر سرسوں جمانا (ا) کسی مشکل کام کو فوراً کر دکھانا ٭

ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا (ا) بالکل بے کار بیٹھنا۔ ناامید ہو کر بیٹھ جانا ٭

ہاتھ پر ہاتھ مارنا (ا) عہد و پیمان کرنا۔ شرط رکھنا ٭

ہاتھ پڑنا (ا) لوٹ ہونا۔ دست درازی ہونا۔ وار چل جانا۔ داؤں پڑنا۔ حسب مراد پانسہ پڑنا ٭

ہاتھ پہنچنا (ا) دسترس ہونا۔ پہنچ ہونا ٭

ہاتھ پھیلانا (ا) بھیک مانگنا مانگنا ٭

ہاتھ جھاڑنا (ا) دستبردار ہونا ہاتھ جھٹکنا۔ مایوس ہونا۔ ہاتھ مارنا ٭

ہاتھ چڑھنا (ا) ہاتھ لگنا۔ ملنا ہاتھ کو کسی کام کی مشق ہونا قابو میں آنا ٭

ہاتھ دکھانا (ا) حکیم کو نبض دکھانا نجومی کو کفِ دست دکھا کر حال پوچھنا ٭

ہاتھ دھو بیٹھنا (ا) ناامید ہو جانا۔ قطع تعلق کرنا ٭

ہاتھ دھونا (ا) ہاتھ صاف کرنا۔ طہارت کرنا۔ ناامید ہونا۔ قطع تعلق کرنا ٭

ہاتھ دیکھنا (ا) نبض دیکھنا۔ ہاتھ دیکھ کر قسمت کا حال بتانا۔ کسی سے امداد مالی کی امید رکھنا۔ اور اس کا محتاج ہونا ٭

ہاتھ ڈالنا (ا) کسی کام میں دخل دینا۔ غیر عورت پر دست درازی کرنا۔ کسی کام کو شروع کرنا ٭

ہاتھ رنگنا (ا)، ہاتھ میں مہندی لگانا۔ مال اڑانا۔ مٹھی گرم کرنا ٭

ہاتھ صاف کرنا (ا) ہاتھ دھونا قتل کرنا۔ لوٹ لینا۔ خرچ کرنا ٭

ہاتھ کا میل (ا) بے اصل چیز مجازاً روپیہ پیسہ۔ مال و زر ؎

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (ا) جو چیز صاف نظر آرہی ہو۔ اُس کے متعلق کچھ دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہے ؎

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا۔ (ا) بہت سخت اندھیرا ہے

ہاتھ کھینچنا (ا) باز آنا۔ ترک کرنا ؎

ہاتھ لگانا (ا) چھونا۔ دست درازی کرنا۔ کام شروع کرنا۔ ضرب لگانا تھپڑ مارنا ؎

ہاتھ ملنا (ا) افسوس کرنا۔ پچھتانا ؎

ہاتھا پائی (ا ۔ مث) باہم دست و گریباں ہونا۔ لڑنا۔ دھول دھپا ؎

ہاتھوں (ا) ذریعے سے وجہ سے

ہاتھوں کے طوطے اُڑنا (ا) بدحواس ہوجانا۔ یکایک کوئی خبر بد سُن کر بہت خوفزدہ ہونا ؎

ہاتھوں ہاتھ لینا (ا) دست بدست لینا۔ جھٹ پٹ لے جانا ؎

ہاتھی دانت (ا۔ مذ) دندان فیل۔ ہاتھی کے دانت جن سے بہت سی چیزیں بنائی جاتی ہیں ؎

ہاتھی کے پاؤں میں سب کے پاؤں (ا) بڑے آدمی کے سب مطیع و فرمان بردار ہوتے ہیں۔ سخی کی کمائی سے غریبوں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے ؎

ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور (ا) ظاہر میں کچھ۔ باطن میں کچھ ؎

ہاجر (ع۔ مذ) ہجرت کرنے والا اپنے ملک سے نکل کر دوسرے ملک میں جانے والا ؎

ہاجِرہ (ع ۔ مث) حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ کا نام ؎

ہاجی (ع مذ) ہجو کرنے والا نقال ؎

ہادِی (ع۔ مذ) ہدایت کرنے والا۔ راہنما۔ پیر و مُرشد ؎

ہار (ا ۔ مث) شکست۔ ہزیمت تھکنا ؎

ہار جانا (ا) شکست کھا جانا مغلوب ہوجانا۔ تھک جانا

ہار جیت (ا ۔ مث) فتح و شکست۔ نفع و نقصان ؎

ہار (ہ۔ مذ) پھولوں یا موتیوں کی مالا۔ جواہرات کا گلوبند۔ کنٹھ مالا ؎

ہار سنگار (ہ۔ مذ) زیب و زینت۔ بناؤ سنوار ؎

ہارمونیم (انگریزی۔ مذ) ایک قسم کا انگریزی باجا ؎

ہارنا (ہ) شکست کھانا۔ شرط میں کچھ رقم ادا کرنا۔ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا ؎

ہارُوت (ع مذ) ایک فرشتے

کا نام ہے جو بابل کے ایک کنوئیں میں لٹکا ہوا عذاب الٰہی میں گرفتار ہے ؛

ہارُون (ع مذ) حضرت موسےٰ کے بڑے بھائی کا نام ہے ایک عباسی خلیفہ کا نام بھی ہے

ہاڑ (ہ ۔مذ) ہڈی ۔ ڈھانچ ۔ ہڈ ۔ کاٹھ ؛

ہاضِم (ع ۔ص) ہضم کرنے والا تحلیل کرنے والا ؛

ہاضِمہ (ع ۔ مذ) ہضم کرنے کی قوّت ؛

ہال (انگ ۔ مذ) بڑا کمرہ ؛

ہالہ (ع ۔ مذ) حلقہ ۔ کنڈل وہ حلقہ جو چاند کے گرد بعض اوقات دیکھا جاتا ہے ؛

ہالی (ا ۔ مذ) ہل چلانے والا

ہامول (ع ۔ مذ) بیابان ۔ جنگل ۔ صحرا ؛

ہامی (ہ ۔ مث) ہاں ۔ اقرار ؛

ہامی بھرنا (ا) اقرار کرنا وعدہ دینا ؛

ہاں کرنا (ا) اقرار کرنا ۔ منظور کرنا

ہاں میں ہاں ملانا (ا) تائید کرنا بغیر سوچے سمجھے ہاں جی ہاں جی کرنا ؛

ہانپ جانا (ا) سانس پھول جانا ۔ تھک جانا ؛

ہانپنا (ا) جلدی جلدی سانس لینا ؛

ہانڈا (ہ) پھرنے والا ۔ آوارہ گرد ؛

ہانک (ہ ۔ مث) پکار ۔ للکار ۔ ہانکنا سے امر کا صیغہ ؛

ہانکنا (ہ) چلانا ۔ دوڑانا ۔ بڑھانا

ہاوَن (ف ۔ مث) اوکھلی ۔ کھرل ۔ کونڈی ؛

ہاوَن دستہ (ف ۔ مذ) اوکھلی بمع موسل ؛

ہاوہُو (ف) شور و غل ۔ ہائے ہائے کرنا ؛

ہاہا (ا) ہنسی کی آواز ۔ کسی کام سے روکنا مطلوب ہو ۔ تو بھی استعمال ہوتا ہے ؛

ہاہا ہوہو (ہ ۔ مث) فضول ہنسی مخول ؛

ہائی (انگ ۔ ص) بلند ۔ اونچا ۔ اعلےٰ

ہائی سکول (انگ ۔ مذ) بڑا مدرسہ جس میں دسویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے ؛

ہائی کورٹ (انگ ۔ مذ) عدالت عالیہ ۔ جس عدالت میں ماتحت عدالتوں کا اپیل ہوتا ہے ؛

ہائی کیریکٹر (انگ ۔ مذ) اعلےٰ چال چلن ۔ اعلےٰ اصول ؛

ہائی جِین (انگ ۔ مث) وہ علم جو انسانی جسم کی صحت قائم رکھنے کے قواعد بتاتا ہے ؛

ہائیڈروجن (انگ ۔ مث) ایک گیس کا نام ہے جو تمام دوسری گیسوں سے ہلکی ہوتی ہے آکسیجن کے ساتھ پانی کا دوسرا جزو ہوتی ہے ؛

ہائی جمپ (انگ ۔ مث) اونچی چھلانگ ؛

ہائِل (ع ۔ص) ڈراؤنا ۔ خوفناک ۔ ہولناک ؛

ہائِلہ (ع ۔ص) خوفناک ۔ ہولناک ۔

ہُبَل (ع ۔ مذ) عرب کے ایک مشہور بت کا نام ہے جو اسلام سے

پہلے کعبہ شریف میں رکھا رہتا تھا
اور تمام عرب اس کی پوجا کرتا تھا
ہبہ (ع۔ مذ) بخشش۔ مرحمت
عطا۔ عنایت ÷
ہبہ کرنا (ا) بخشنا۔ وقف کرنا
ہبہ نامہ (ف۔ مذ) وہ دستاویز
جس پر بخش دینے کا اقرار
لکھ دیا جائے ÷
ہت (ہ) کلمہ تنفر۔ چل۔
پرے ہٹ ÷
ہت تیرے کی (ہ) خدا
تجھے خراب کرے ÷
ہتک (ع۔ مث) بے عزتی
ہتھ پھیری (ہ۔ مث) ہاتھ
پھیرنا۔ چابکدستی۔ ڈھول ڈھپا
ہتھکڑی (ہ۔ مث) آہنی کڑا
جو مجرموں کے ہاتھ میں
ڈالتے ہیں ÷
ہتھکنڈا (ہ۔ مث) ہاتھ کی چالاکی
فریب۔ عیاری۔ داؤں ÷
ہتھ نال (ہ۔ مث) ایک چھوٹی
توپ جو ہاتھی پر لادتے ہیں
ہتھنی (ہ۔ مث) ہاتھی کی مونث

موٹی عورت ÷
ہتھے چڑھنا (ا) ہاتھ لگنا۔
قابو میں آنا ÷
ہتھیار (ہ۔ مذ) اوزار۔ اسلحہ
جنگ ÷
ہتھیار بند (ا۔ ص) مسلح۔
ہتھیار لگائے ہوئے ÷
ہتھیار ڈالنا (ا) شکست کا
اعتراف کر لینا۔ اپنے آپ
کو دشمن کے حوالے کر دینا ÷
ہتھیانا (ہ) غصب کر لینا۔
قبضہ کر لینا ÷
ہتھیلی (ہ۔ مث) کفِ دست
پنجہ کا اندرونی حصہ ÷
ہتھیا (ہ۔ مث) قتل۔ خون۔
عذاب۔ تکلیف ÷
ہتھیارا (ہ۔ مذ) ہتیا کرنے والا
قاتل۔ خونی ÷
ہتیلی (ہ۔ مث) ہتھیلی
ہتیلی پر سرسوں جمانا (ا)
حیرت انگیز جلدی سے کام لینا
ہتھیلی کھجلانا (ا) روپیہ ہاتھ
آنے کا شگون ÷

ہٹ (ہ۔ مث) ضد۔ اڑی
(ا۔ امر) پرے ہو ÷
ہٹ دھرم (ہ۔ ص) ہٹ
دھرمی کرنے والا ÷
ہٹ دھرمی (ہ۔ مث) کسی
بات پر خواہ مخواہ اڑ جانا۔
بے انصافی۔ بے ایمانی ÷
ہٹ کرنا (ہ) ضد کرنا۔ اڑنا
ہٹا کٹا (ہ۔ ص) موٹا تازہ۔ طاقتور
ہٹنا (ہ) پیچھے ہونا۔ واپس
ہونا۔ الگ ہونا ÷
ہٹی کٹی (ہ۔ ص) موٹی تازی
مضبوط اور طاقتور ÷
ہجا (ع۔ مذ) حروف کا زیر زبر
سے ظاہر کرنا۔ الف بے تے
ہجر (ع مذ) جدائی۔ فرقت۔
علیحدگی ÷
ہجرال نصیب (ف۔ مذ)
فرقت زدہ جس کے نصیب
میں جدائی ہو ÷
ہجرت (ع۔ مث) جدائی
مفارقت۔ وطن چھوڑنا ÷
ہجری (ع۔ ص) منسوب بہ ہجرت

وہ سنہ جو ہجرت رسولؐ سے شروع ہوتا ہے ۔

ہَجْو (ع - مث) بُرائی۔ نظم میں مذمّت کرنا ۔

ہجو کرنا (ا) مذمّت کرنا ۔

ہُجُوم (ع مذ) بھیڑ بھاڑ۔ مجمع ۔

ہِجّے (ع - مذ) حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعہ سے ملا کر پڑھنا ۔

ہچکچانا (ا) تامّل کرنا۔ متردّد ہونا - ڈرنا ۔

ہچکولا (ہ - مذ) دھکّا۔ جھٹکا ۔

ہچکی (ہ - مث) ہوا کا آواز کے ساتھ حلق سے رُک رُک کر نکلنا ۔

ہچکی لگنا (ا) رونے کی وجہ سے سانس کا رُک رُک کر آنا

ہچکیاں بندھ جانا (ہ) زیادہ رونے سے یا نزع کے وقت متواتر ہچکیوں کا آنا ۔

ہدایا (ع - مذ) ہدیہ کی جمع۔ تحفے نذرانے ۔

ہدایت (ع - مث) رہنمائی نیک راہ دکھانا ۔

ہدایت پانا (ا) نیک راہ پر آنا سیدھے رستے پر پڑنا ۔

ہدایت کرنا (ا) سیدھا رستہ دکھانا ۔

ہدایت نامہ (ف - مذ) وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی امر کے لئے ہدایات لکھی ہوں ۔

ہدف (ع - مذ) نشانہ - زد ۔

ہُدہُد (ع - مذ) کھٹ بڑھئی۔ ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے سر پر تاج سا ہوتا ہے ۔

ہدیہ (ع - مذ) تحفہ - نذرانہ۔ متبرک کتاب کی قیمت ۔

ہڈیاں توڑنا (ا) خوب مارنا۔

ہٰذا (ع) یہ ۔

ہذیان (ع - مذ) بے ہودہ گوئی۔ مریض کی حالت - بے ہوشی میں باتیں کرنا ۔

ہر (س) مہادیو۔ کرشن۔ وشنو۔ مجازاً خدا تعالےٰ

ہر آن (ہ) ہر گھڑی - ہر وقت ۔

ہر بار (ہ) ہر دفعہ۔ گھڑی گھڑی

ہرجائی (ف - ص) جو ایک جگہ پر قرار نہ پکڑے۔ بے وفا۔ بے مروّت ۔

ہر چند (ف) کیسا ہی۔ کتنا ہی

ہر چہ بادا باد (ف) جو کچھ ہو سو ہو۔ خواہ کچھ ہو ۔

ہر دلعزیز (ف - ص) ہر ایک کو پیارا ۔

ہر دم (ف) ہر لحظہ۔ ہر گھڑی

ہر روز (ف) ہمیشہ۔ روز کے روز

ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے (ف) ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا۔ خوشی کے دن ہمیشہ نہیں رہتے

ہر فرعونے را موسیٰ (ف) ہر زبردست آدمی پر کوئی نہ کوئی غالب آنے والا بھی ہے

ہر فن مولا (ا - ص) ہر ایک کام جاننے والا ۔

ہرکارہ (ا) چٹھی رساں۔ قاصد۔ چپڑاسی۔ اردلی۔ جاسوس

ہر کس و ناکس (ف) ہر کوئی۔ تمام لوگ۔ ادنے اعلے۔ ایرا غیرا نتھو خیرا ۔

ہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت
(ف) ہر با اختیار شخص اپنی ہی
رائے پر چلتا ہے ؛
ہر کہ در کان نمک رفت
نمک شار یا رفت (ف)
آدمی جیسی صحبت میں پڑے
ویسا ہو جاتا ہے ؛
ہُرّا (انگ مذ) خوشی کی آواز۔
کیا خوب ؛
ہَرا (ہ) سبز۔ سرسبز و شاداب۔
زخم وغیرہ کا کچا ہونا۔ تازہ
ہرا بھرا (ہ) سرسبز و شاداب۔
زرخیز۔ پھلا پھولا ؛
ہرا ہونا (ا) سرسبز ہونا۔ زخم
تازہ ہونا۔ تازہ دم ہونا ؛
ہراساں (ف ص) ڈرا ہوا
خوف زدہ۔ نا اُمید ؛
ہرانْد (ہ۔ مث) بدبُو ؛
ہراوَل (ف مذ) لشکر سے آگے
آگے جانے والا فوج کا دستہ
ہڑبونگ (ہ۔ مث) ہنگامہ
ہلچل۔ کھلبلی
ہڑبونگ مچانا (ا) اودھم مچانا

ہر پھر کر (ا) آخر کار۔ مجبور ہو کر
ہرج (ع مذ) نقصان۔ خلل ؛
ہرج مرج (ع مذ) شورش ؛
ہرجانہ (ا۔ مذ) ہرج یا نقصان
کرنے کا معاوضہ ؛
ہرجہ (ا۔ مذ) ہرجانہ۔ ہرج
نقصان ؛
ہرزہ (ف ص) بیہودہ
فضول۔ غیر معقول ؛
ہرزہ سرا (ف ص) یاوہ گو۔
فضول باتیں کرنے والا ؛
ہرزہ سرائی (ف مث) یاوہ گوئی
ہرزہ گردی (ف مث) آوارہ
گردی۔ فضول پھرنا ؛
ہرزہ گو (ف ص) یاوہ گو ہرزہ سرا
ہز میجسٹی (انگ) ملکہ معظمہ کا
خطاب۔ علیا حضرت ؛
ہرگز (ف) زنہار۔ کسی وقت
ہرمزی (ع۔ مث) ایک قسم
کی سُرخ مٹی ؛
ہرن (ا) آہو۔ غزال ؛
ہرن کا چوکڑی بھولنا (ا)
مراد۔ گھبرا جانا الٹی طرح

اپنی تیز رفتاری کا فائدہ
نہ اُٹھا سکنا ؛
ہرن ہو جانا (ا) ہرن کی طرح
جلدی سے بھاگ جانا۔ کافور
ہو جانا۔ رفو چکر ہو جانا ؛
ہرنا (ہ) کاٹھی کے آگے سے
اُٹھا ہوا حصہ ؛
ہرنوٹا (ہ۔ مذ) ہرن کا بچہ ؛
ہرنی (ہ۔ مث) ہرن کی مادہ ؛
ہری (س مذ) خدا تعالیٰ۔ پرمیشور
ہری بھری (ہ۔ مث) سرسبز
و شاداب ؛
ہریاول (ہ۔ مث) سبزی۔ سبزہ زار
ہریسہ (ع مذ) ایک خوراک جو
آٹے گوشت کی یخنی اور دودھ
سے تیار کی جاتی ہے (ا)
نہایت گلا ہوا۔ گلا ہوا ؛
ہڑ (ہ۔ مث) ہلیلہ ایک قسم کا
پھل جو دواؤں میں استعمال
ہوتا ہے ؛
ہڑبڑانا (ہ) گھبرانا۔ بوکھلانا
ہڑبڑی (ہ) بوکھلاہٹ۔ الجھن
ہڑپ (ہ۔ مث) بغیر چبائے

نگل جانا ؛
ہڑپ کر جانا (م) کھا جانا۔ مال وغیرہ غبن کر لینا ؛
ہڑتال (ہ۔ مث) ایک زہریلی دوا۔ تمام دکانیں یا کام بند کر دینا ؛
ہڑک (ہ۔ مث) عادت لت باؤلے کتے کا زہر۔ ولولہ شوق ؛
ہزار (ف۔ ص) دس سو۔ گنتا ہی بہتیرا۔ بلبل ہزار داستان ؛
ہزار بار (ف۔ ص) بہت دفعہ ہزار دفعہ ؛
ہزار پا (ف۔ مذ) کنکھجورا ؛
ہزار ہا (ف۔ ص) ہزار کی جمع ہزاروں ؛
ہزار جان سے (ا) نہایت شوق سے ؛
ہزار داستان (ف۔ مذ) ایک نہایت خوش الحان بلبل۔ خوش گفتار خوش بیان ؛
ہزارہ (ا) ایک قسم کا پھول گل صد برگ ؛
ہزاری (ف۔ مذ) ہزار آدمیوں کا افسر ؛

ہز ایکسیلنسی (انگ۔ مذ) حضور والا گورنروں وائسرائے اور جنرل کا لقب ؛
ہز ایگزالٹڈ ہائی نس (انگ۔ مذ) حضور نظام دکن کا خطاب ؛
ہز رائل ہائی نس (انگ۔ مذ) شاہی خاندان کے مردوں کا لقب ؛
ہزل (ع۔ مذ) بیہودہ باتیں ہنسی مذاق ؛
ہز میجسٹی (انگ۔ مذ) بادشاہ کا خطاب ؛
ہز ہائی نس (انگ۔ مذ) ڈیوکوں اور والیان ریاست اور شہزادوں کا خطاب ؛
ہز ہولی نس (انگ۔ مذ) پاپائے روم کا خطاب ؛
ہزیمت (ع۔ مث) شکست ہار ؛
ہزیمت اٹھانا (م) شکست کھانا۔ پس پا ہونا ؛
ہژدہ (ف) آٹھ اور دس یعنے اٹھارہ ؛
ہست (ف۔ مث) ہستی وجود زندگی ؛
ہست کرنا (ا) پیدا کرنا۔ وجود میں لانا ؛
ہسپتال (انگ۔ مذ) دواخانہ شفاخانہ ؛
ہستی (ف۔ مث) موجودگی۔ زیست حیات۔ کائنات۔ موجودات (ا) حقیقت۔ مجال طاقت دولت ؛
ہستیِ جاوداں (ف۔ مث) ہمیشہ کی زندگی ؛
ہستیِ موہوم (ف۔ مث) خیالی زندگی۔ حیات چندروزہ ؛
ہسٹری (انگ) تاریخ ؛
ہش (ا) کتے کو دھتکارنے کی آواز۔ اونٹ کو بٹھانے کی آواز ؛
ہشاش (ع۔ ص) بہت خوش ؛
ہشاش بشاش (ع۔ ص) بہت خوش ہنستا کھیلتا ؛
ہشت (ا) دھتکارنے کی یا اظہار نفرت کی آواز ؛
ہشت (ف) آٹھ ؛

ہشت پہلو (ف ص) آٹھ
پہلوؤں والا +
ہشتاد (ف ص) اسّی ۸۰ +
ہشتم (ف ص) آٹھواں آٹھوں
ہشیار (ف ص) ہوشیار عقلمند
چالاک۔ چوکس +
ہشیار کرنا (ا) جگانا۔ آگاہ
کرنا +
ہشیاری (ف مث) ہوش
دانائی۔ بیداری۔ لیاقت۔
آگاہی +
ہضم (ع مذ) معدے میں غذا
کا پچنا (ا) غبن۔ خیانت +
ہضم کرنا (ا) ہڑپ کر جانا۔
غبن کر لینا +
ہفت (ف ص) سات ۷ +
ہفت اقلیم (ف مث) سات
ولائتیں۔ تمام دنیا +
ہفت پشت (ف مث)
سات پیڑھی +
ہفت خوان رستم (ف مذ)
نہایت مشکل کام +
ہفت زبان (ف مذ) سات

زبانیں جاننے والا +
ہفت کشور (ف مث) سات
ولایت۔ تمام دنیا +
ہفت ہزاری (ف مذ)
شاہان مغلیہ کے زمانے میں
ایک عہدہ تھا +
ہفتاد (ف ص) ستّر ۷۰ +
ہفتم (ف ص) ساتواں +
ہفتہ (ف مذ) سات دن کا عرصہ
ساتواں دن سنیچر کا روز +
ہف نظر (ا) چشم بد دور +
ہکا بکا (ہ) حواس باختہ
حیران +
ہکلا (ا) جو شخص لکنت سے
بات کرے +
ہکلاپن (ا مذ) لکنت رک
رک کر بات کرنا +
ہکلانا (ا) لکنت کرنا زبان
کا لڑکھڑانا +
ہکلی (ا مث) ہکلانے والی
عورت +
ہگ دینا (ا) خوف کے مارے
براز کا خارج ہونا۔ ڈر جانا

رعب میں آ جانا +
ہل (ہ مذ) زمین کھودنے کا
آلہ۔ قلبہ +
ہل جوتنا (ہ) ہل چلانا۔ قلبہ
رانی کرنا +
ہلّا کرنا (ا) حملہ کرنا یکایک۔
دھاوا کرنا +
ہلا چلی (ہ مث) ہلچل۔ ہلاگرد
گڑبڑ +
ہلا دینا (ا) لرزا دینا۔ اثر کرنا +
ہلاک (ع ص) ہلاکت موت
تباہی (ا) مضمحل ہونا پریشانی +
ہلاک کرنا (ا) مارنا۔ تباہ کرنا
مضمحل کرنا +
ہلاکت (ع مث) تباہی اجل +
ہلاکو (ا) ہلاک کرنیوالا۔ ظالم +
ہلاکو خان (ت مذ) چنگیز خاں
کے پوتے کا نام ہے۔ جو
بیحد ظالم اور خون ریز تھا +
ہلال (ع مذ) پہلی رات کا
چاند۔ ماہِ نو +
ہلالی (ع ص) منسوب بہ ہلال۔
کی طرح۔ ایک قسم کے نیزہ کا

نام ہے ٭
ہِلانا (ا) حرکت دینا ۔ مانوس کرنا
سدھانا ٭
ہَلاہِل (ف مذ) زہر قاتل بہت
کڑوا ٭
ہَلبلانا (ا) بوکھلانا ۔ گھبرانا ٭
ہَلبلاہٹ (ہ مث) گھبراہٹ
ہَلبلی (ہ مث) گھبراہٹ ۔
بوکھلاہٹ ٭
ہِل جانا (ا) لرزجانا ۔ مانوس
ہو جانا ٭
ہَلچل (ہ مث) بھاگڑ ۔ کھلبلی ٭
ہَلچل پڑنا (ا) بھاگڑ پڑنا کھلبلی
مچنا ٭
ہَلدی (ہ مث) ایک قسم کی
زرد گرہ یا جڑ جو سالن میں
رنگ کے لئے پڑتی ہے ٭
ہلدی لگے نہ پھٹکڑی
رنگ بھی چوکھا آئے (م)
بغیر زیادہ محنت و مشقت کے
کام اچھا ہو جائے ٭
ہُلڑ (ہ مذ) غل غپاڑہ ہنگامہ
ہُلڑ مچانا (ہ) شور و غوغا کرنا

غل غپاڑہ کرنا ٭
ہلکا (ہ ص) کم وزن ۔ سبک ۔ کم قیمت
گھٹیا ۔ حقیر ۔ پھیکا ٭
ہلکاپن (ہ مذ) سبکی ۔ کمینگی ۔
اوچھاپن ۔ کم ظرفی ٭
ہلکا پھلکا (ہ ص) کم وزن ۔
کمزور ۔ نازک ٭
ہلکا رنگ (ا مذ) پھیکا رنگ ٭
ہلکا کرنا (ا) خفیف کرنا ۔ شرمندہ کرنا
ہلکا ہونا (ا) بوجھ اترنا ۔ ذلیل
ہونا ۔ تازہ دم ہونا ۔ کم ہونا
پتلا ہونا ۔ پھیکا پڑنا ٭
ہلکان (ا ص) مضمحل ۔ پریشان ٭
ہلکان ہونا (ا) پریشان ہونا
حیران ہونا ٭
ہلکی (ہ مث) ہلکا کی تانیث ۔
کم وزن ۔ گھٹیا ٭
ہلکے ہلکے (ا) آہستہ آہستہ
تج سج ٭
ہَل مِن مَزید (ع) کچھ اور بھی ۔
اور بھی ہے تو لاؤ (قیامت
کے دن دوزخ کہیگا) ٭
ہِلنا (ہ) حرکت کرنا ۔ لرزنا

مانوس ہونا ٭
ہَلّہ (ا مذ) دھاوا ۔ حملہ ۔ چڑھائی ٭
ہلہلانا (ہ) تھرتھرانا ۔ کانپنا ٭
ہلیلہ (ع مذ) ہڑ ۔ ایک دوا
کا نام ہے ٭
ہم (ف) نیز ۔ بھی ۔ اس کے علاوہ ٭
ہَمّ (ع) قصد ۔ ارادہ ۔ فکر ۔
ملال ۔ بہت بوڑھا ٭
ہم آغوش (ف ص) بغلگیر ۔ کسی
کو گلے سے لگا لینا ٭
ہم آواز (ف ص) ایک سُر کی تہ
ملکر ملنا ۔ متفق الرائے ٭
ہم آہنگ (ف ص) ہم آواز
ساتھی ۔ مؤید ٭
ہم بستر (ف ص) ایک ہی بستر
پر ساتھ سونے والا ٭
ہم پایہ (ف ص) ایک ہی رتبہ
کا ۔ ایک ہی درجہ کا ٭
ہم پلّہ (ف ص) برابر رتبے کا ۔
ہم پہلو (ف ص) رفیق ۔ ہم
صحبت ۔ ساتھی ٭
ہم پیالہ (ف ص) دسترخوان
کا شریک ۔ گہرا دوست ٭

ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف مذ) گہرا دوست ۰

ہم پیشہ (ف مذ) ایک پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا ۰

ہمتا (ف مذ) برابر۔ مثل۔ نظیر ۰

ہم جماعت (ف مذ) ہم سبق۔ کلاس فیلو ۰

ہم جنس (ف مذ) ہم ذات۔ ایک ہی نمونے کا ۰

ہم جولی (ا مذ) ہم عمر لنگوٹیا ساتھ کھیلی لڑکی ۰

ہم چشم (ف مذ) ہم رتبہ۔ برابر کی ٹکر کا ۰

ہمدرد (ف مذ) دردمند غمخوار۔ ہمدم ۰

ہمدست (ف مذ) مشفق۔ شریک۔ برابر ۰

ہمدگر (ف) باہم۔ آپس میں ۰

ہمدم (ف مذ) ساتھی۔ رفیق ۰

ہمدوش (ف مذ) ہم قد۔ برابر۔ ہم مرتبہ ۰

ہم دیوار (ف مذ) ہمسایہ۔ پڑوسی ۰

ہم ذات (ف مذ) ہم قوم ایک ذات کا ۰

ہمراز (ف مذ) بھیدی۔ راز جاننے والا۔ ساتھی ۰

ہمراہ (ف مذ) ساتھ چلنے والا۔ ہم سفر ۰

ہمراہی (ف مذ) ساتھ چلنا مدد

ہمرنگ (ف مذ) ایک رنگ کا ایک طرح کا ۰

ہمرکاب (ف مذ) ہمراہ ساتھی

ہمزاد (ف مذ) ایک جن یا شیطان جو آدمی کے ساتھ ہی پیدا ہوتا ہے اور ساتھ ہی رہتا ہے

ہمزبان (ف مذ) ہم آہنگ ہم کلام۔ یک زبان ۰

ہم زلف (ف مذ) سالی کا خاوند ساڑھو ۰

ہمساز (ف مذ) دوست رفیق۔

ہمسایہ (ف مذ) پڑوسی۔ پڑوس

ہمسائیگی (ف مث) پڑوس مکان کی نزدیکی ۰

ہم سبق (ف مذ) ساتھ سبق پڑھنے والا۔ ہم جماعت

ہمسر (ف مذ) ہم رتبہ ہم چشم برابر کا ۰

ہمسری (ف مث) برابری مقابلہ

ہمسری کرنا (ا) برابری کا دعوے کرنا ۰

ہمسن (ف مذ) ہم عمر۔ برابر کی عمر کا ۰

ہم شکل (ف مذ) ایک صورت کا

ہمشیرہ (ف مث) بہن ۰

ہم صحبت (ف مذ) مصاحب ساتھ بیٹھنے والا ۰

ہم صفیر (ف مذ) وہ پرندے جو ایک ہی طرح کی بولی بولیں مجازاً ہمدم۔ یار رفیق ۰

ہم عصر (ف مذ) ایک زمانے کا ہم یک عہد کا ۰

ہم عمر (ف مذ) ایک عمر کے ہمسن ۰

ہم عناں (ف مذ) ہمراہ۔ ساتھی رفیق ۰

ہم عہد (ف مذ) ہمعصر ایک زمانے کا ۰

ہم قدم (ف مذ) ہمسفر۔ رفیق۔ ہمراہ ۰

ہم قوم (ف ۔ ص) ہم ذات ایک قوم کا ؛

ہم کفو (ف ۔ ص) ایک ہی خاندان کا

ہمکلام (ف ۔ ص) مل کر بات کرنے والا ؛

ہم کلامی (ف ۔ مث) ہمکلام ہونا ۔ آپس میں بات چیت کرنا

ہمکنار (ف ۔ ص) ہم آغوش بغلگیر ؛

ہم مجلس (ف ۔ ص) ہم صحبت ایک ہی مجلس کا ؛

ہم مذہب (ف ۔ ص) ایک مذہب والے ۔ ایک ہی دین رکھنے والا

ہم مکتب (ف ۔ ص) ایک مکتب میں پڑھنے والے ؛

ہم نام (ف ۔ ص) ایک ہی نام والے

ہم نشین (ف ۔ ص) ساتھ بیٹھنے والا ۔ مصاحب ؛

ہم نفس (ف ۔ ص) رفیق ۔ یار ۔ ساتھی ؛

ہم نوالہ (ف ۔ ع) ہم پیالہ ۔ ساتھ کھانے پینے والا ؛

ہم وطن (ف ۔ ع) وطنی ۔ ایک علاقے کا ۔ ایک ہی ملک کا ۔ ایک شہر کا ؛

ہما (ف ۔ مذ) ایک خیالی پرندہ ہے جو مبارک سمجھا جاتا ہے ؛

ہمالیہ (ہ ۔ مذ) ہندوستان کے ایک بہت مشہور پہاڑ کا نام ہے

ہماہمی (ہ ۔ مث) خود پسندی سرزوری ؛

ہمایوں (ف ۔ ص) مبارک ۔ نیک بخت ۔ خاندان مغلیہ کے ایک بادشاہ کا نام ہے ؛

ہمت (ع ۔ مث) حوصلہ ۔ جرأت ۔ توفیق ۔ عزم ؛

ہمت کرنا (ل) جرأت دکھانا حوصلہ کرنا ؛

ہمتِ مرداں مددِ خدا (ف) انسان کوشش کرے تو خدا اُس کی مدد کرتا ہے ؛

ہمت والا (ل) دلیر ۔ حوصلہ والا ۔ سخی ۔ بہادر ؛

ہمت ہارنا (ل) حوصلہ چھوڑنا دل ہارنا ؛

ہمتا (ف ۔ ص) برابر کا ۔ ثانی ؛

ہمک کر (ہ) ٹھنک کر ۔ اچھل کر ؛

ہمم (ع ۔ مث) ہمت کی جمع ؛

ہموار (ف ۔ ص) برابر ۔ یکساں ہمیشہ ۔ نت ؛

ہموارہ (ف ۔ ص) ہمیشہ ۔ لگاتار دائم ؛

ہمہ (ف ۔ ص) تمام ۔ سب ۔ سارا

ہمہ تن (ف) سرتاپا ۔ بالکل ؛

ہمہ دان (ف ۔ ص) ہر فن مولا ہر علم سے واقف ؛

ہمہ دانی (ف ۔ مث) ہمہ دان ہونا

ہمہ صفت موصوف (ف) سب خوبیاں رکھنے والا ۔ سب گنوں کا پورا ؛

ہمہ نعمت (ف) ہر قسم کی نعمت ۔ ہر شے ؛

ہمیانی (ف ۔ مث) کمر میں باندھنے کی روپیوں کی تھیلی ؛

ہمیشگی (ف ۔ مث) قدامت دوام ۔ ہمیشہ رہنا ؛

ہمیشہ (ف) مدام ۔ سدا ؛

ہنٹر (انگ ۔ مذ) چابک ۔ شکاری

ہنجار (ف ۔ مذ) رستہ ۔ مجازاً طور

طریق روش ۔

ہند (ف) ہندوستان۔ انڈیا

ہندسہ (ع مذ) عدد کی شکل۔ اقلیدس ۔

ہندسہ دان (ف مذ) علم ہندسہ کا عالم ۔

ہندو (ف مذ) چور۔ غلام سیاہ فام۔ ہندوستان کی ایک بڑی قوم اور ایک مذہب ۔

ہندوستان (ف) ملک ہند

ہندوستانی (ا ص) ہند کا باشندہ۔ اردو زبان ۔

ہندی (ف مث) ہندوستان کا رہنے والا۔ ہندوستان کی ایک زبان ۔

ہندی کی چندی نکالنا (ا) بال کی کھال نکالنا۔ چھان بین کرنا۔ بیفائدہ باتیں کرنا

ہنڈولا (ہ مذ) جھولا۔ گہوارہ

ہنڈی (ہ مث) چک۔ وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ دینے کے واسطے لکھ دے ۔

ہنڈیا (ہ مث) ہانڈی کی تصغیر ۔

ہنر (ف مذ) فن۔ کاریگری۔ کرتب۔ خوبی۔ دانائی ۔

ہنرمند (ف) باکمال۔ کاریگر۔ صناع ۔

ہنرمندی (ف مث) سلیقہ۔ کاریگری ۔

ہنرور (ف مذ) ہنرمند ۔

ہنس (ہ مذ) ایک قسم کی بطخ جسے راج ہنس کہتے ہیں ۔

ہنسانا (ا) ہنسی دلانا خوش کرنا

ہنس مکھ (ہ ص) خوش مزاج خندہ پیشانی ۔

ہنسنا (ہ) خندہ کرنا۔ مذاق کرنا۔ مخول اڑانا ۔

ہنسوڑ (ہ مذ) خوش طبع مسخرا

ہنسی (ہ مث) خندہ۔ تمسخر۔ آسان کام ۔

ہنسی اڑانا (ہ) مخول کرنا ذلیل کرنا ۔

ہنسی خوشی (ا) خوش ہوکر۔ خیریت کے ساتھ۔ خوشی خوشی ۔

ہنسی کھیل (ا) مخول۔ ٹھٹھا۔ آسان کام ۔

ہنسی میں اڑا دینا (ا) ہنسی کو ٹال دینا۔ توجہ ہی میں نہ لانا ۔

ہنگام (ف مذ) وقت۔ موقع موسم۔ ہنگامہ ۔

ہنگامہ (ف مذ) شورش۔ واویلا۔ بھیڑ۔ ہجوم ۔

ہنگامہ آرا (ف ص) لڑنے والا۔ جنگ کرنیوالا۔ فساد پیدا کرنیوالا

ہنگامہ برپا کرنا (ا) جھگڑا کھڑا کرنا ۔

ہنگامہ پرداز (ف ص) شورش کرنے والا۔ جھگڑا مچانے والا

ہنگامہ محشر (ف مذ) قیامت کے دن کا ہجوم و شور ۔

ہنود (ع مذ) ہندو کی جمع ۔

ہنوز (ف) ابھی۔ ابھی تک ۔

ہنوز دلی دور ہے (ا) ابھی کام کا انجام دور ہے ۔

ہنہنانا (ا) گھوڑے کا ہنانا۔

ہنہناہٹ (ہ مث) گھوڑے

گی آواز ۔

ہُو (ع۔ مذ۔ ضمیر مذکر غائب۔ اللہ تعالےٰ سے مُراد ہے خوف۔ ڈر ۔

ہُو حق (ع۔ مث) خدا کی یاد اللہ اللہ ۔

ہُو حق کرنا (ا) اللہ اللہ کرنا غل مچانا ۔

ہُو کا عالم (ا۔ مذ) خاموش جگہ۔ ویرانہ۔ چپ چاپ ۔

ہُو کا مقام (ا) جہاں آدمی کو خوف معلوم ہو ۔

ہَوّا (ہ۔ مذ) فرضی جن بھوت ڈراؤنی چیز ۔

ہَوا (ع۔ مث) حرص۔ لالچ آرزو۔ محبّت۔ باد۔ ریح۔ سانس۔ مجازاً روح۔ ہلکی لطیف ۔

ہَوا باندھنا (ا) غرور کرنا۔ رعب جمانا۔ شہرت دینا۔ بھرم بنانا۔ اعتبار بنانا۔

ہَوا بدلنا (ا) ہوا میں تغیّر ہونا موسم بدلنا۔ زمانے کا ڈھنگ تبدیل ہونا۔ تبدیل مقام کرنا

ہَوا بندھنا (ا) شہرت ہونا نام ہونا۔ دھاک ہونا ۔

ہَوا پر اُڑنا (ا) مغرور ہو جانا ۔

ہَوا پرست (ف۔ ص) ظاہر پرست بے ہُودہ۔ عیاش ۔

ہَوا پھانکنا (ا) بھوکا رہنا۔ فاقہ کرنا ۔

ہَوا چلنا (ا) ہوا کا حرکت میں آنا رواج پڑ جانا ۔

ہَوا خواہی (ف۔ مث) خیر خواہی وفاداری۔ محبّت ۔

ہَوا خواہ (ف۔ مذ) خیر خواہ۔ بھلائی چاہنے والا ۔

ہَوا خوری (ف۔ مث) سیر کرنا ہوا کھانا ۔

ہَوا دار (ف۔ ص) کھڑکیوں والا کھلا مکان۔ تخت رواں ایک سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں ۔

ہَوا داری (ف۔ مث) دوا۔ سنبدگی خیر خواہی ۔

ہَوا دینا (ا) کسی چیز کو ہوا لگوانا بھڑکانا۔ فساد کرانا ۔

ہَوا سے لڑنا (ا) خواہ مخواہ ہر ایک سے لڑنا جھگڑالو ہونا۔ بے فائدہ لڑنا ۔

ہَوا کا رُخ دیکھنا (ا) زمانہ کا رُخ دیکھنا ۔

ہَوا کھانا (ا) ہوا خوری کرنا۔ دُور ہو جانا ۔

ہَوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (ا) بہت چُست ہونا۔ مغرور ہونا ۔

ہَوا لگنا (ا) ہوا کو محسوس ہونا ہوا کی وجہ سے جسم کا اکڑ جانا صحبت کا اثر ہونا ۔

ہَوا میں گرہ دینا (ا) ناممکن کام کرنا ۔

ہَوا نکلنا (ا) پول کھل جانا۔ گوز نکلنا ۔

ہَوا و ہَوس (ف۔ مث) لالچ۔ شہوت پرستی ۔

ہَوا ہو جانا (ا) تیزی سے بھاگ جانا۔ کافور ہو جانا۔

فنا ہو جانا ٭
ہَوائی (ف ص) منسوب بہ ہوا
ریحی۔ ہلکا رنگ ٭
ہوائی (ا مث) ایک قسم کی
آتشبازی۔ افواہ۔ لغویات
ہَوائی خبر (ا مث) افواہ۔ گپ
ہوائیاں (ا مث) ہوائی کی جمع
ہوائیاں چھوٹنا (ا) آتشبازی
چھوٹنا۔ منہ فق ہونا ٭
ہُو بہُو (ف) بعینہٖ۔ اُسی طرح
ہوت (ا) کلمۂ ندا ٭
ہوتے ہوئے (ا) ہوتے
ساتے۔ موجودگی میں ٭
ہوتے ہوتے (ا) رفتہ رفتہ
آہستہ آہستہ ٭
ہوتی آئی ہے (ہ) دنیا کا
ہمیشہ سے یہی دستور ہے
ہوٹل (انگ مذ) سرائے وغیرہ
جہاں کھانے اور رہنے
کا انتظام ہو ٭
ہو جانا (ا) کام کا ہو جانا۔ ختم
ہو جانا دمہ چڑھ جانا۔
آکر چلے جانا ٭

ہَودج (ع مذ) ہودہ۔ محمل ٭
ہَودَہ (ا۔ مذ) ہَودَج۔ چھوٹا
حوض ٭
ہو رہنا (ا) کہیں گھر بنا لینا۔
کسی کے لئے اپنے آپ کو وقف
کر دینا۔ آہستہ آہستہ کام ہو جانا
ہوری (ہ۔ مث) ہولی ہندوؤں
کا ایک تہوار ٭
ہَوس (ف۔ مث) لالچ۔ جھوٹا
عشق ٭
ہَوس نکالنا (ا) حسرت نکالنا
آرزو پوری کرنا ٭
ہَوس ناک (ف ص) حریص
خواہاں ٭
ہوسٹل (انگ مذ) بورڈنگ ہوس
طلبار کے کھانے اور رہنے
کی جگہ ٭
ہوش (ف مذ) عقل تمیز۔ خبر
حواس ٭
ہوش اُڑنا (ا) حواس باختہ ہونا
بوکھلا جانا ٭
ہوش آنا (ا) بیہوشی سے
افاقہ ہونا۔ عقل آنا ٭

ہوش پکڑنا (ا) سیانا ہونا۔
سنِ بلوغ کو پہنچنا ٭
ہوش سنبھالنا (ا) بالغ ہونا۔
تمیز سیکھنا ٭
ہوش کی لو (ا) ہوش میں آؤ
بے عقلی مت کرو ٭
ہوش مند (ف ص) ذی شعور
عقلمند ٭
ہوش میں آنا (ا) ہوشیار ہونا
بے ہوشی سے افاقہ ہونا۔
عبرت پکڑنا۔ سنبھلنا ٭
ہوش و حواس (ف۔ مذ)
عقل و خرد۔ تمیز ٭
ہوش ہونا (ا) عقل ہونا۔ حواس
درست ہونا ٭
ہوشیار (ف ص) دانا۔ چالاک
تجربہ کار۔ بیدار ٭
ہوشیار کرنا (ا) جگانا۔ آگاہ کرنا
ہوشیاری (ف مث) دانائی۔
دور اندیشی۔ بیداری۔ احتیاط
ہوک اُٹھنا (ا) پہلو میں درد
اُٹھنا۔ درد ہونا ٭
ہوکا (ہ۔ مذ) خواہش زیادہ کھانے

کی حرص ۔

ہَول (ع ۔ مذ) خوف ۔ ڈر ۔ ہیبت

ہَول پڑنا (ا) خوف ہونا ۔ گھبراہٹ ہونا ۔

ہَول زدہ (ف ۔ ص) خوفزدہ ۔ گھبرایا ہوا ۔

ہَولناک (ف ۔ ص) خوفناک ۔ خطرناک ۔ ڈراؤنا ۔

ہولی (ہ ۔ مث) ہندوؤں کے ایک مشہور خوشی کے تہوار کا نام ہے ۔ جس میں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں ۔

ہولی کا بھڑوا (ہ ۔ مذ) ہولی کا مسخرہ ۔

ہولی کھیلنا (ہ) ہولی کے تہوار میں ایک دوسرے پر رنگ چھڑکنا ۔

ہولے ہولے (ہ) آہستہ آہستہ ۔ سہج سہج ۔

ہوم (انگ ۔ مذ) گھر ۔ وطن ۔

ہوم ڈیپارٹمنٹ (انگ ۔ مذ) ملک کے اندرونی معاملات کا محکمہ

ہوم رول (انگ ۔ مذ) سوراج اپنی حکومت ۔

ہوم سکرٹری (انگ ۔) ہوم ڈیپارٹمنٹ کا سکتر ۔

ہوم ممبر (انگ ۔ مذ) ملک کے اندرونی معاملات کا وزیر ۔

ہومیوپیتھی (انگ ۔ مث) ایک قسم کا نیا طریق علاج ہے ۔

ہُوں (ہ ۔ حرف ایجاب) ہاں ۔

ہونا (ہ) پیدا ہونا ۔ ظاہر ہونا قرار پانا ۔ گزرنا ۔ تیار ہونا ۔ بننا ۔

ہونٹ یا ہونٹھ (ہ ۔ مذ) لب (ب) لب ۔

ہونٹ چاٹنا (ہ) ہونٹوں پر زبان پھیرنا ۔ ذائقہ لینا ۔ مزہ لینا ۔

ہونٹ خشک ہونا (ا) پیاس کے باعث لب سوکھنا ۔ منہ فق ہونا ۔

ہَوَس (ا ۔ مث) ہوس ۔ حرص ۔ طمع ۔

ہونکنا (ہ) سانس پھولنا ۔ دم چڑھنا ۔

ہونہار (ہ ۔ ص) ہونے والا ۔ لائق ۔ بننے والا ۔ لائق ۔ قابل ۔

ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات (ہ) لائق اور صاحب اقبال اولاد کے آثار ہی اچھے ہوتے ہیں ۔

ہونہ ہو (ہ) ضرور ۔ شرطی ۔

ہونی (ہ ۔ مث) ہونے والی قسمت کی بات ۔

ہونے دو (ہ ۔ محاورہ) ہو جانے دو ۔ ہو لینے دو ۔

ہونے والا (ہ ۔ ص) ہونہار پیش آنے والا ۔

ہوہا (ہ ۔ مث) شور و غل ۔ ہلّا ہنگامہ ۔ فساد ۔

ہُوَیدا (ف ۔ ص) ظاہر ۔ روشن واضح ۔

ہی (ہ) فقط ۔ صرف ۔ اکیلا ۔

ہیئات (ع ۔ مث) صورت شکل ۔ بناوٹ ۔ اجرام فلکی کا بیان ۔

ہیبت (ع ۔ مث) ڈر ۔ خوف ۔ رعب ۔

ہیبت زدہ (ف ۔ ص) ڈرا ہوا

خوف زدہ ‌٭

ہَیبَت ناک (ف۔ص) خوفناک۔ ڈراؤنا ٭

ہَیئَت (ع۔ مث) شکل و صورت حالت کیفیت۔ ستاروں وغیرہ اجرامِ فلکی کا بیان ٭

ہَیئَت کَذائی (ع۔ مث) موجودہ حالت۔ حالت جیسی کہ ہے

ہیٹ (انگ۔ مذ) انگریزی ٹوپی

ہیٹا (ہ۔ ص) گھٹیا۔ کمینہ۔ کمتر۔ پست ہمت ٭

ہیٹی (ہ۔ مث) ذلت۔ سبکی بے عزتی۔ بدنامی ٭

ہَیجان (ع۔ مذ) جوش۔ اُبال۔ زور۔ غلبہ ٭

ہیجڑا (ہ۔ مذ) مخنث۔ خصی۔ زنانہ ٭

ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا (ہ۔ محاورہ) ناممکن بات ہوئی۔ اچنبھے کی بات ہوئی ٭

ہیچ (ف۔ ص) کچھ نہیں۔ کم قلیل۔ کوئی ٭

ہیچمدان (ف۔ص) کچھ نہ جاننے والا۔ بے علم ٭

ہیچ و پوچ (ف۔ ص) لغو و بیہودہ

ہیڈ (انگ۔ مذ) سر۔ سردار۔ بڑا

ہیڈ آفس (انگ۔ مذ) دفتر صدر۔ بڑا دفتر ٭

ہیڈ کلرک (انگ۔ مذ) بڑا منشی۔ میر منشی ٭

ہیڈ کوارٹر (انگ۔ مذ) صدر مقام

ہیڈ ماسٹر (انگ۔ مذ) سکول کا مدرس اوّل۔ افسر ٭

ہِیر (ہ۔ مث) رانجھا کی معشوقہ کا نام ہے۔ جس کا قصہ پنجاب میں بہت مشہور ہے ٭

ہیرا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا قیمتی پتھر

ہیرا پھیری (ہ۔ مث) آنا جانا۔ آمد و رفت ٭

ہیر پھیر (ہ۔ مث) گردش۔ انقلاب۔ خریدنا۔ اور واپس کرنا ٭

ہیر پھیر کی باتیں (ہ۔ مث) فند فریب کی باتیں ٭

ہیرو (انگ۔ مذ) بہادر۔ وہ شخص جس پر کسی قصے اور افسانے کا مدار ہو ٭

ہیروئن (انگ۔ مث) وہ عورت جس پر فسانے کا مدار ہو ٭

ہیرے کی کنی (ہ۔ مث) الماس کا ریزہ۔ زہر قاتل ٭

ہیز (ف۔ ص) ہیجڑا۔ مخنث۔ کمزدل۔ نامرد ٭

ہیزم (ف۔ مث) جلانے کی لکڑی۔ ایندھن ٭

ہیزم فروش (ف۔ مذ) جلانے کی لکڑی بیچنے والا ٭

ہیزم کش (ف۔ مذ) لکڑی اٹھانے والا

ہَیضہ (ع۔ مذ) مشہور وبائی بیماری ہے۔ جس میں دست اور قے آتے ہیں۔ کالرا ٭

ہَیکل (ع۔ مث) حمائل۔ تعویذ۔ بت خانہ۔ شکل و صورت۔ جسم۔ تن۔ سیج درمیج ٭

ہیلتھ (انگ۔ مث) صحت۔ تندرستی

ہیلتھ آفیسر (انگ۔ مذ) محکمہ حفظانِ صحت کا افسر ٭

ہین (س۔ ص) کم۔ چھوٹا۔ ناقص ٭

ہینا (ہ۔ ص) ہیٹا۔ کم۔ نکما۔ حقیر ٭

ہینگ (ہ۔ مث) ایک درخت کا گوند ہے۔ ہاضمے کے لئے مفید ہے ۔
ہینگ لگا رکھو (محاورہ طنزاً) ہوا نہ لگنے دو۔ حفاظت سے رکھو ۔
ہیولا (ع۔ مذ) مادہ۔ اصل۔ ہر چیز کی اصل۔ ناشائستہ ان گھڑ ۔
ہیہات (ع) افسوس ہائے ہائے
ہیولیٰ (ع۔ مذ) ہیولا ۔

ی

عربی کا اٹھائیسواں [۲۸] فارسی کا بتیسواں [۳۲] اور اردو کا پینتیسواں حرف۔ عدد اسکے دس ہیں ۔

یا (ع) حرف ندا۔ اے۔ اجی۔
یا اللہ (ع) خدایا۔ اے خدا۔
یا الٰہی (ع) یا خدا ۔
یا ربّ لنا ولا علینا (ع) یا خدا یہ بات ہمارے فائدے کے لئے ہو۔ ہمارے نقصان کے لئے نہ ہو ۔
یا قسمت (ع) خدا کی مرضی ۔
یابندہ (ف۔ مذ) پانے والا حاصل کرنے والا ۔
یابس (ع۔ ص) خشک۔ سوکھا ہوا
یابو (ف۔ مذ) ٹٹو۔ گھوڑا ۔
یاجوج (ع۔ مذ) ایک خونخوار قوم کا نام ہے ۔
یاجوج ماجوج (ع۔ مذ) دو بھائیوں کا نام ہے جو ظالم تھے ایک خونخوار قوم کا نام ہے مفسد ۔
یاد (ف۔ مث) حافظہ۔ رٹنا ازبر۔ خیال ۔
یاد آنا (ا) خیال آنا۔ ذہن میں آنا ۔
یاد آوری (ف۔ مث) یاد کرنا چٹھی بھیجنا ۔
یاد پڑنا (ا) یاد آنا ۔
یادداشت (ف۔ مث) یاد روزنامچہ۔ نوٹ بک ۔
یاد رکھنا (ا) خیال رکھنا۔ نہ بھولنا ۔
یاد رہے (ا) بھول نہ جائے ۔
یادش بخیر (ف۔ محاورہ) کسی دوست یا عزیز کا جو موجود نہ ہو ذکر کرتے وقت دعا کے طور پر زبان پر لاتے ہیں ۔
یاد فرمانا (ا) طلب کرنا۔ بلانا
یادگار (ف۔ مث) نشانی۔ آثار مکان وغیرہ۔ بیٹا ۔
یادگارِ زمانہ (ف۔ مث) دنیا میں رہنے والی چیز ۔
یاد گدگدانا (ا) کسی چیز کا رہ رہ کر یاد آنا ۔
یار (ف۔ مذ) دوست۔ مددگار ساتھی۔ معشوق ۔
یارباش (ف۔ ص) یاروں کا یار۔ ملنسار۔ زندہ دل ۔
یار زندہ صحبت باقی (ف) اگر

دوست زندہ ہے تو ملنے
کے سو قصے بھی ہیں ⁂
یارِ غار (ف۔ مذ) گہرا دوست
پکا دوست ⁂
یار لوگ (ا۔ محاورہ) چالاک
یار۔ دوست۔ ہم۔ ہمیں ⁂
یارا (ف۔ مذ) بحال۔ قوت
حوصلہ ⁂
یاران (ف۔ مذ) جمع یار کی
دوستان۔ احباب ⁂
یارانہ (ف مذ) دوستی۔ اُلفت
دوستانہ ⁂
یاروں کا یار (ا۔ ص) دوستوں
کا دوست۔ ہر حال میں
شریک ⁂
یاری (ف ۔ مث) مدد۔ دوستی
محبت ⁂
یاری دینا (ا) مدد دینا
یازدہ (ف۔ ص) گیارہ۔ ۱۱
یازدہم (ف۔ ص) گیارہواں
یاس (ع۔ مث) نا اُمیدی
مایوسی ⁂
یاسمن (ف۔ مذ) چنبیلی ⁂

یاسین (ع۔ مث) قرآن مجید کی
ایک سورۃ کا نام ہے۔ جو
اکثر مرنے والے کو آخری
وقت سنائی جاتی ہے ⁂
یافت (ف۔ مث) فائدہ
کمائی۔ آمدنی ⁂
یافتنی (ف۔ ص) قابل وصول ⁂
یاقوت (ع مذ) ایک قسم کا
قیمتی پتھر ⁂
یاقوتی (ع۔ مث) ایک مقوی
معجون ہے ⁂
یال (ت۔ مث) ایال۔ جانور
کی گردن کے لمبے لمبے بال ⁂
یاں (ہ) اس جگہ ⁂
یاور (ف۔ ص) مددگار ⁂
یاوری (ف۔ مث) امداد۔ دستگیری
یاوہ (ف۔ ص) لغو۔ بے ہودہ
لچر ⁂
یاوہ گو (ف۔ ص) بکواسی۔ فضول
بولنے والا ⁂
یاوہ گوئی (ف۔ مث) بکواس
بے ہودہ بولنا ⁂
یبس (ع۔ مث) خشکی۔ سوکھاپن

یبوست (ع۔ مث) خشکی۔ سوکھاپن
یتیم (ع مذ) جس کا باپ مرگیا
ہو۔ بے پدر ⁂
یتیمی (ع۔ مث) یتیم کی حالت
یثرب (ع مذ) مدینہ شریف
کا نام ہے ⁂
یجروید (س مذ) چاروں بیدوں
میں سے دوسرا وید ⁂
یخ (ف۔ مث) برف۔ جمی ہوئی
برف۔ نہایت سرد ⁂
یخنی (ف مث) گوشت کا شوربا
ید (ع۔ مذ) ہاتھ ⁂
یدِ بیضا (ع۔ مذ) سفید ہاتھ
روشن ہاتھ ⁂
یدِ طولےٰ (ع مذ) لمبا ہاتھ۔
رسائی۔ پہنچ۔ مہارت۔ کمال ⁂
یراق (ت۔ مذ) سامان جنگ ⁂
یرغہ (ف) تیز رفتار گھوڑا ⁂
یرغمال (ف۔ ص) وہ شخص
جسے بطور ضمانت اپنے
پاس رکھا جائے ⁂
یرقان (ع مذ) ایک بیماری کا
نام ہے ⁂

یزد (ف مذ) ایران کے ایک مشہور شہر کا نام ہے ۔

یزدان (ف مذ) خدا تعالےٰ

یزدانی (ف ص) خدائی ۔

یزک (ت ۔ مذ) مقدمۂ لشکر قراول ۔ جاسوس ۔

یزید (ع ۔ مذ) ایک مشہور بدبخت شخص کا نام ہے جس نے حضرت امام حسینؑ کو شہید کرایا تھا ۔

یسار (ع مذ) بایاں ہاتھ ۔ بائیں جانب ۔

یُسر مع العُسر (ع) تنگی کے بعد فراخی ہوتی ہے ۔

یسوع (ع مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۔

یسیر (ع ص) سہل ۔ آسان ۔

یٰسین (ع ۔ مث) قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام ہے

یعقوب (عبرانی ۔ مذ) ایک پیغمبر کا نام ہے حضرت یوسفؑ ان کے فرزند تھے

یعنی (ع) مراد ۔ مطلب ۔

یغما (ف مث) لوٹ ۔ لوٹ کا مال ۔

یقین (ع ۔ مذ) بے شبہ ۔ ٹھیک اعتبار ۔

یقیناً (ع) ضرور ۔ بلاشبہ ۔

یقینی (ا ص) ضروری ۔ بلاشبہ ۔

یک (ف ۔ ص) ایک ۔

یک انار صد بیمار (ف) ایک چیز کو سینکڑوں لینے والے ہیں ۔

یک بار (ف ص) ایک دفعہ ۔

یکبارگی (ف ۔ مث) ایک ہی دفعہ ۔ یکایک ۔

یک بیک (ف) یکبارگی ۔ اچانک

یک پیری و صد عیب (ف) ایک بڑھاپے میں سینکڑوں تکلیفیں ہیں ۔

یک تارا (ا ۔ مذ) ایک تار کا باجہ ۔

یک جا (ف) ایک جگہ ۔ اکٹھے

یک جان (ف ص) شیر و شکر ۔ خوب ملا ہوا ۔

یک جان دو قالب (ف) دلی دوست ۔

یک جہت (ف ص) متفق ۔ یکدل ۔

یک جہتی (ف مث) اتفاق اتحاد ۔ دوستی ۔

یک چشم (ف ص) کانا ۔

یک دستی (ف ۔ مث) ایک [illegible] کا ۔ کشتی کا ایک داؤں ہے ۔

یک دگر (ف) ایک دوسرا ۔

یک دل (ف ص) ہمراز ۔ متفق ۔

یک دلی (ف مث) اتفاق ۔ یگانگت ۔

یک رخی (ف مث) یکطرفہ ۔

یک رنگ (ف ص) یکساں ۔ صاف ۔ یکدل ۔

یک رنگی (ف مث) دوستی محبت ۔

یک زبان (ف ص) ایک بات والا ۔ بات کا پکا ۔

یک زبان ہو کر (ا) مل کر ۔ اکٹھے

یکساں (ف ص) ایک سا ۔ ہموار

برابر ۔

یک سر (ف ص) تمام۔ بالکل سارا ۔

یک سر ہزار سودا (ف) ایک آدمی اور ہزاروں کام ۔

یک سو (ف ص) ایک طرف ۔

یک سوئی (ف۔ مث) اطمینان توجہ۔ استقلال ۔

یک شنبہ (ف۔ مذ) اتوار ۔

یک طرف (ف) ایک طرف۔ الگ۔ کنارے ۔

یک طرفہ (ف ص) ایک طرف کا ۔

یک قلم (ف ص) بالکل۔ تمام فوراً۔ ایک دفعہ ہی ۔

یک لخت (ف ص) فوراً بلا توقف ۔

یک مشت (ف ص) ایک دفعہ۔ اکٹھا۔ کل ۔

یک نہ شد دو شد (ف) ایک بلا تو تھی ہی۔ دوسری اور پیچھے لگ گئی۔ اور بات سنو ۔

یکا (۱۔ مذ) تنہا۔ اکیلا۔ بے مثال ۔ ایک قسم کی گاڑی ۔

یکا یک (ف) ایک دفعہ ہی اچانک۔ یکبارگی ۔

یکتا (ف ص) بے مثال۔ واحد۔ اکیلا ۔

یکتائی (ف۔ مث) وحدت توحید ۔

یکم (ف ص) پہلی۔ ایک ۔

یکہ (ف ص) تنہا بے نظیر ایک قسم کی گاڑی ۔

یکہ تاز (ف ص) بہادر۔ اکیلا مقابلہ کرنے والا۔ شاہسوار ۔

یگ (س۔ مذ) جگ۔ قربانی۔ ہون ۔

یگاں یگاں (ف) ایک ایک فرداً فرداً ۔

یگانگت (ف۔ مث) اتفاق نزدیکی۔ یکتائی ۔

یگانگی (ف۔ مث) یگانگت ۔

یگانہ (ف ص) یگا۔ اپنا۔ قریبی بے نظیر۔ اکیلا ۔

یگانے (۱۔ مذ) یگانہ کی جمع ۔

یل (ف۔ مذ) پہلوان۔ بہادر ۔

یلدا (ف۔ مث) اندھیری رات ۔

یلغار (ف۔ مث) حملہ۔ تاخت دھاوا۔ ڈبل مارچ ۔

یم (ف۔ مذ) دریا۔ بحر۔ ندی ۔

یمان (ع ص) یمن کا ۔

یمانی (ف۔ مذ) یمن کا باشندہ ۔

یمن (ع۔ مذ) مبارک۔ سعادت۔ برکت ۔

یمن (ع۔ مذ) عرب کا ایک صوبہ ہے ۔

یمنی (ع ص) یمن کا۔ یمانی ۔

یمین (ع۔ مذ) دایاں ہاتھ۔ دائیں ہاتھ کی طرف ۔

یمین و یسار (ع۔ مذ) دائیں بائیں ۔

ینگ (انگ۔ ص) جوان ۔

ینگ سی کیانگ (انگ۔ مذ) چین کا ایک مشہور دریا ہے ۔

یورپ (انگ۔ مذ) براعظم یورپ۔ فرنگستان ۔

یورپین (انگ ص) فرنگی یورپ کا رہنے والا ۔

یُورِش (ف۔مث) دھاوا۔ حملہ۔ چڑھائی۔ غدر ٭

یُورینس (انگ۔مذ) ایک ستارے کا نام ہے ٭

یُوسُف (عبرانی۔مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جو بہت ہی خوبصورت تھے۔ نہایت خوبصورت ٭

یُوسُفِ ثانی (ع۔مذ) دوسرا یوسف۔ بہت حسین ٭

یَوم (ع۔مذ) دن ٭

یَومُ الحِساب (ع۔مذ) حساب کا دن۔ قیامت کا دن ٭

یَومُ القِیامت (ع۔مذ) حشر کا دن ٭

یَومِ نشُور (ع) قیامت کا دن ٭

یَوماً فَیَوماً (ع) دن بدن۔ روز بروز ٭

یَومیہ (ع۔مذ) روزانہ۔ روز کی مزدوری ٭

یُوں (ہ) اس طرح ٭

یُونہی (ہ) اسی طرح۔ مفت بے فائدہ۔ بلاضرورت ٭

یُونان (ع۔مذ) ایک ملک کا نام ہے ٭

یُونانی (ع۔مذ) یونان کا رہنے والا۔ یونان کا ٭

یُونائیٹِڈ (انگ۔ص) مُتّحد۔ متفق ٭

یُونائیٹِڈ پراوِنسز (انگ) صوبجات متحدہ ٭

یُونائیٹِڈ سٹیٹس (انگ۔مذ) ممالک متحدہ۔ (امریکہ)

یُونائیٹِڈ کنگڈم (انگ) ممالک متحدہ برطانیہ ٭

یُونُس (عبرانی۔مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے ٭

یُونیورسِٹی (انگ۔مث) دار العلوم کلیہ ٭

یُونیورسل (انگ۔ص) عالمگیر۔ عام ٭

یُونین (انگ۔مذ) کلب سوسائٹی مجلس ٭

یُونین جیک (انگ۔مذ) برطانوی جھنڈا ٭

یہ مُنہ اور مسور کی دال (محاورہ) اسی لیاقت پر اس عہدے کی امید رکھتے ہو یعنی تم اس بات کے لائق نہیں ہو ٭

یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے (ا) یہاں کی بات ہی انوکھی ہے ٭

یَہُود (عبرانی۔مذ) حضرت موسیٰؑ کی اُمّت ٭

یَہُودی (عبرانی۔مذ) موسائی حضرت موسےٰؑ کی اُمّت ٭

یہی (ہ) یہ۔ خصوصاً یہ ٭

یہیں (ہ) اسی جگہ ٭

یَیلاق (ت۔مذ) گرمی کا موسم گذارنے کا مقام۔ صحت افزا مقام ٭

تمام شد

(اتحاد پریس بل روڈ لاہور میں چھپی)

ضمیمہ

چونکہ آئے دن درسی کتب میں نئے نئے الفاظ داخل ہوتے رہتے ہیں۔ اس لئے لغات کو مکمل کرنے کی غرض سے ایسے الفاظ بطور ضمیمہ شائع کئے جا رہے ہیں۔

(مصنف)

ب

بَرَص (ع۔ مذ) کوڑھ۔

بَرق دَم (ف ص) تیز تلوار۔ تیز چالاک۔

بَرق وَش (ف ص) شوخ۔ چمکیلا۔

بَرگد (ہ۔ مذ) بڑ کا درخت۔ بڑ۔

بَرنج (ف۔ مذ) پیتل۔ تانبا اور جست ملا ہوا۔ چاول۔

بُروج (ع) بُرج کی جمع۔

برومند (ف ص) پھل لانے والا۔

بریک (انگ مذ) ریل کی وہ گاڑی جس میں مال روانہ ہوتا ہے۔

بزمِ سخن (ف مث) مشاعرے کی مجلس۔ شعرا کی محفل۔

بَسط (ع۔ مذ) فراخی۔ کشادگی۔ وسعت۔ وضاحت۔ تفصیل۔

بِسیار گو (ف۔ ص) بہت بولنے والا۔

بِشپ (انگ۔ مذ) بڑا پادری۔

بُطلان (ع۔ مذ) تردید کرنا۔ ضائع ہونا۔

بُقچہ (ف۔ مث) گٹھڑی۔

بکتر (ف۔ مذ) ایک قسم کی زرہ۔

بگڑی بات بنانا (ا) خراب معاملہ کو سدھارنا۔

بگڑے دل (ا ص) بیباک نڈر۔ آزاد۔

بلم (ہ۔ مذ) برچھا۔ بھالا۔ نیزہ۔

بُلُوغ (ع۔ مذ) جوانی کی عمر کو پہنچنا جوانی۔ شباب۔

بلیغ (ع ص) خوش بیان تیز زبان۔

بَن آنا (ہ) مراد حاصل ہونا۔

بناگوش (ف۔ مث) کان کی لو۔

بھالا (ہ۔ مذ) برچھا۔ نیزہ۔

بھانا (ہ) اچھا لگنا۔

بھانپنا (ہ) تاڑ لینا۔ پہچاننا۔

بھسم (ہ۔ مذ) راکھ۔ بھبھوت۔

بھونچکا (ہ۔ ص) ہکا بکا حیران۔

بے نیازی (ف مث) بے پروائی۔

بیش بہا (ف ص) قیمتی۔ بڑھیا۔

بیع بالخیار (ع۔مث) ایسی بیع
جس میں چیز واپس کرنے کا اختیار ہو
بیع وشرا (ع۔مث) خرید
فروخت ٭

پ

پا جانا (ہ) سمجھ لینا ٭
پارینہ (ف۔ص) پرانا۔
قدیم ٭
پائنچہ (ف۔مذ) پاجامہ کے ایک
طرف کا حصہ جس میں ایک
ٹانگ رہتی ہے ٭
پائنچہ بھاری کرنا (ا) آنا جانا
چھوڑ دینا۔ باہر نہ نکلنا۔
کسی فعل کو ترک کرنے کا عہد کرنا ٭
پائندہ (ف۔ص) ہمیشہ رہنے
والا ٭
پائل (ہ۔مث) پاؤں کا زیور
(ص) تیز چلنے والی ہتھنی ٭
پتھر کو جونک نہیں لگتی۔
(ہ) بڑے پر کوئی اثر نہیں
ہوتا۔ سخت دل پر اثر نہیں ہوتا
پخ (ا۔مث) روک۔ جھگڑا۔
عیب ٭
پخ نکالنا (ا) عیب نکالنا۔
اعتراض کرنا ٭
پرامیسری نوٹ (انگ۔مذ)
قرضہ کی تحریر جس میں روپیہ
عندالطلب ادا کرنے کا وعدہ ہو ٭
پرائم منسٹر (انگ۔مذ) وزیر اعظم ٭
پرندہ (ف۔مذ) اُڑنے والا جانور
پروالا جانور ٭
پرندہ پر نہیں مار سکتا (ا)
سخت نگرانی ہے۔ کسی کا گذر
نہیں ہو سکتا ٭
پرواز (ف) اُڑنا۔ اترانا ٭
پڑھا جن (ا) چالاک۔ شریر۔
وہ آدمی جو کسی کے قابو میں نہ آئے
پزاوہ (ف۔مذ) آوا ٭
پینس (ا) پالکی ٭
پنگھٹ (ہ۔مذ) پانی بھرنے
کا گھاٹ ٭
پورا اُترنا (ہ) ٹھیک ہونا۔
کامیاب ہونا ٭
پھول نہیں پنکھڑی ہی سہی (ہ)
بہت نہیں تو تھوڑا ہی سہی ٭
پیٹ میں پاؤں ہونا (ہ)
نہایت مکار ہونا۔ چھپا
رستم ہونا ٭
پیر فرتوت (ف۔ص) بہت
بوڑھا ٭
پیراک (ہ۔ص) تیرنے والا ٭

ت

تا بزیست (ف) زندگی تک ٭
تا بمقدور (ف) حتی الامکان ٭
تابڑ توڑ (ہ) متواتر۔ لگاتار ٭
تار پود (ف۔مذ) تانا بانا ٭
تائید کرنا (ا) مدد کرنا۔ ساتھ
دینا ٭
تباشیر (ف۔مث) بنسلوچن۔
ایک سفید رنگ کی دوائی۔
صبح کی روشنی ٭
تبحر (ع۔مذ) کسی ہنر میں کمال
ہونا ٭
تبختر (ع۔مذ) اترانا۔ غرور ٭
تبرید (ع۔مث) ٹھنڈا کرنا۔
ٹھنڈائی ٭
تجمل (ع۔مذ) حسن کی آرائش

ٹھاٹ باٹ۔ دھوم دھام ؎
تجنیس (ع۔مث) ایک جنس ہونا ؎
تحت اللفظ (ع) حرف بحرف نظم کو سیدھی طرح پڑھنا ؎
تحویل دار (ف۔مذ) خزانچی ؎
تختہ مشق (ف۔مذ) تختی۔ وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے ؎
ترک دینا (ع) دنیا کے دھندے چھوڑنا۔ گوشہ نشینی ؎
ترکِ وطن (ع) اپنا دیس چھوڑنا ؎
ترکہ (ع) میراث۔ مرے ہوئے آدمی کی جائداد ؎
تسوید (ع۔مث) لکھنا۔ سیاہ کرنا ؎
تسہیل (ع۔مث) آسان کرنا
تشبیب (ع۔مث) عشقیہ مضمون بیان کرنا۔ قصیدے کی تمہید ؎
تشنج (ع۔مذ) بدن کی رگوں اور پٹھوں کا کھنچنا ؎

تشنہ خون (ف۔ص) خونی دشمن ؎
تعزیت (ع۔مث) ماتم پرسی ؎
تعقل (ع۔مذ) کسی کام میں فکر کرنا ؎
تعیش (ع۔مذ) عیش کرنا ؎
تغزل (ع) غزل کہنا ؎
تفاسیر (ع۔مذ) جمع تفسیر کی ؎
تفاصیل (ع۔مذ) تفصیل کی جمع
تفاؤل (ع۔مذ) فال لینا شگون لینا ؎
تفوق (ع۔مذ) برتری۔ ترجیح فوقیت ؎
تقاریر (ع۔مذ) جمع تقریر کی ؎
تقاطع (ع) قطع کرنا۔ ایک دوسرے کو کاٹنا ؎
تقدیر کا کھیل (ا) قسمت کا کرشمہ
تقدیر لڑانا (ا) تقدیر کا موافق ہونا ؎
تقرب (ع۔مذ) نزدیکی ؎
تقرر (ع۔مذ) مقرر ہونا۔ یا کرنا ؎
تقوے (ع۔مذ) پرہیزگاری ؎
تگڈھم (ہ۔مذ) تین آدمیوں یا چیزوں کا میل ؎

تگ و دو (ف۔مث) دوڑ دھوپ۔ کوشش ؎
تلپٹ (ہ۔ص) تباہ۔ برباد۔ نیچے اوپر ؎
تلطف (ع۔مذ) مہربانی۔ عنایت
تمسخر (ع۔مذ) ٹھٹھے بازی ؎
تنافر (ع۔مذ) نفرت کرنا ؎
تناقض (ع۔مذ) ایک دوسرے کی ضد کرنا ؎
تناور (ف۔ص) موٹا۔ مضبوط۔
تنفر (ع۔مذ) نفرت۔ بیزاری ؎
تنکیر (ع۔مث) نکرہ کرنا ؎
تنوع (ع۔مذ) قسم قسم کا ہونا۔ گوناگون ؎
تنویر (ع۔مث) روشنی۔ چمک ؎
توازن (ع۔مذ) ہموزن ہونا۔
توافق (ع۔مذ) موافق ہونا۔ مطابقت کرنا ؎
توالد (ع۔مذ) اولاد پیدا کرنا ؎
تورع (ع۔مذ) پرہیزگاری ؎
توسط (ع۔مذ) وسیلہ۔ ذریعہ۔ درمیان ؎

تہس نہس کرنا (ا) برباد کرنا
تباہ کرنا ٭
تہلیل (ع۔مث) لا الٰہ الا اللہ
کہنا ٭

ٹ

ٹرائیسکل (انگ۔مث) تین
پہیوں کی گاڑی جو پاؤں
سے چلاتے ہیں ٭
ٹریم (انگ مث) ایک قسم کی
گاڑی جو برقی طاقت سے
چلتی ہے ٭
ٹولم ٹاک (ہ) وزن میں
ٹھیک۔ نہ کم نہ زیادہ ٭
ٹھر (ہ۔مث) پالا۔ سخت
سردی ٭

ث

ثور (ع۔مذ) بیل۔ آسمان کا
دوسرا برج ٭

ج

جاں بخش (ف۔ص) تازگی
بخشنے والا ٭
جان سوز (ف۔ص) ایذا دینے
والا۔ جان جلانے والا ٭
جان فزا (ف۔ص) خوشی
بڑھانے والا ٭
جان گداز (ف۔ص) جان گھلانے والا
جان گسل (ف۔ص) جان گھٹانیوالا
جان لیوا (ف۔ص) دشمن۔ جان
لینے والا ٭
جانانہ (ف۔ص) محبوبانہ معشوقانہ
جاوداں (ف۔ص) ہمیشہ ٭
جبل (ع۔مذ) پہاڑ ٭
جبیں فرسا (ف۔ص) ماتھا
رگڑنے والا ٭
جحیم (ع۔مذ) دوزخ ٭
جدِ امجد (ع۔مذ) بزرگ۔ دادا
جدال (ع۔مث) لڑائی۔ جنگ ٭
جدت (ع۔مث) تازگی نیا پن
جدہ (ع۔مث) دادی ٭
جرعہ (ع۔مذ) گھونٹ ٭
جرگہ (ت۔مذ) گروہ۔ فرقہ ٭
جڑواں (ہ۔ص) دو بچے جو
ساتھ ساتھ پیدا ہوں ٭
جسد (ع۔مذ) بدن ٭
جعد (ع۔مث) چوٹی۔ بال ٭
جفاکش (ف۔ص) محنتی۔
مشقت اٹھانے والا ٭
جفر (ع مذ) ایک علم کا نام ہے ٭
جلاپا (ہ۔مذ) رنج۔ غم۔ حسد۔
سوکن کی جلن ٭
جلودار (ف۔ص) وہ شخص جو
گھوڑے کی باگ پکڑ کر ہمراہ چلے۔
جلوت (ع۔مث) مجمع سامنے۔
جناں (ع۔مذ) بہشت ٭
جو (ع مذ) آسمان زمین کے درمیان کا فاصلہ
جوشن (ف مذ) ایک قسم کا
جنگی لباس جس میں لوہے کی
کڑیاں اور بیڑیاں ہوتی ہیں ٭
جوع (ع۔مث) بھوک ٭
جوف (ع۔مذ) پیٹ۔ خلا۔
غار۔ گڑھا۔ شگاف ٭
جونیر (انگ۔ص) چھوٹا۔ ادنیٰ۔
جوئبار (ف۔مث) نہر۔ وہ مقام
جہاں نہریں بہت ہوں ٭
جوئے شیر (ف۔مث) وہ نہر
جو فرہاد نے تیار کی تھی اور

جس میں دُودھ بہ کر شیریں کے محل تک آتا تھا ÷

جہانگیری (ف۔مث) بادشاہی

جھکولنا (ہ) پانی کا ہلانا۔ چلانا ÷

جھکولے کھانا (ہ) غوطے کھانا

جَیش (ع۔مذ) لشکر ÷

جِیغہ (ت۔مذ) کلغی ÷

جُیوش (ع مذ) جمع جیش کی۔ لشکر۔ فوجیں ÷

چ

چال بازی (ا۔مث) چالاکی شرارت ÷

چُبھونا (ہ) کسی نوکدار شے کا بھونکنا

چَبینا (ہ۔مذ) بھنا ہُوا اناج۔ چابنے کے قابل اناج ÷

چَٹک (ہ۔مث) ٹوٹنے کی آواز جلدی۔ تیزی۔ چمک ÷

چِر گٹّا (ہ۔مذ) ہاتھی کا چاڑلانیوالا

چشمِ ما روشن دلِ ما شاد (ف) بہت خوشی سے منظور ہے۔ آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک ÷

چِکٹ (ہ ص) بہت مَیلا ÷

چکوا چکوی (ہ) سُرخاب کا جوڑا دو آبی پرندوں کا نام جو دن بھر دریا کنارے اکٹھے رہتے ہیں۔ رات جُدا ہو جاتے ہیں ÷

چکھوتیاں (ہ۔مث) چٹپٹے چٹخارے لذیذ کھانے ÷

چَنچَل (ہ ص) شوخ چپت چالاک

چَنگال (ف۔مذ) شکاری پرندوں اور درندوں کا پنجہ ÷

چوبا (ف مذ) چوبہ۔ میخ۔ کھونٹا۔

چُھدّا (ہ۔مذ) الزام۔ گلہ ÷

ح

حَبل (ع۔مث) رسّی ÷

حَبل المتین (ع۔مث) مضبوط رسّی۔ پکّا وسیلہ ÷

حَتمی (ع۔ص) پکّا۔ مضبوط ÷

حُجّاج (ع مذ) حج کرنیوالے لوگ (حاجی کی جمع)

حَجلہ (ع مذ) دُلہن کا چھپر کھٹ ÷

حُر (ع۔ص) آزاد ÷

حَریرہ (ع مذ) ایک میٹھی پینے کی چیز جو میدے سے پتلی سی پکائی جاتی ہے ÷

حَرِیم (ع مذ) خانہ کعبہ کا گرداگرد گھر۔ گھر کے چار طرف کی دیوار ÷

حَزم (ع مذ) احتیاط۔ ہوشیاری۔ دُور بینی ÷

حَسرت ٹپکنا (ا) حسرت ظاہر ہونا

حَسرت نکالنا (ا) ارمان پورا کرنا

حُسُود (ع مذ) حاسد کی جمع ÷

حَشم (ع مذ) نوکر چاکر۔ سپاہی وغیرہ

حَشو (ع مذ) زائد کلام۔ بے ضرورت۔ بیہودہ سخن ÷

حِصن (ع مذ) قلعہ ÷

حَصِیر (ع مذ) بوریا۔ چٹائی ÷

حَصِین (ع۔ص) مضبوط ÷

حقائق (ع۔مذ) حقیقت کی جمع۔

حکایات (ع۔مث) حکایت کی جمع۔ کہانیاں ÷

حُکَمَا (ع مذ) جمع حکیم کی ÷

حَلّاج (ع۔ص) دُھنیا ÷

حَلَب (مذ) ایشیائی روم کے ایک شہر کا نام ہے وہاں کے آئینے مشہور ہیں ÷

حُلقُوم (ع مذ) گلا۔ حلق ÷

حَلوے مانڈے سے کام (ا)

اپنا بھلا چاہنا ؛
حُلّہ (ع مذ) جامہ۔ پوشاک۔ چادر ؛
حَلِیف (ع مذ) معاہدہ کرنیوالے فریق
ایک دوسرے کے حلیف کہلاتے ہیں ؛
حِمار (ع مذ) گدھا ؛
حُمق (ع مذ) نادانی۔ بیوقوفی ؛
حَمِیم (ع۔ص) گرم ؛
حَوالی مَوالی (ع مذ) ساتھی۔
دوست۔ ہمراہی ؛
حَوائج (ع۔ مذ) حاجت کی
جمع (پیشاب پاخانے کی حاجت) ؛
حَوضہ (ف مذ) ہاتھی کی عماری ؛
حَیّ (ع۔ص) زندہ ؛
حیدر (ع مذ) حضرت علیؓ کا لقب
حِیز (ف۔ص) ہیجڑا ؛

خ

خارج از بحث (ف) فضول بات
خارج از عقل (ف) احمق بیوقوف
خارِ مغیلاں (ف مذ) کیکر کا کانٹا
خارا شگاف (ف ص) پتھر کو
چیرنے والا ؛
خارقِ عادات (ف) معجزے
کرامات ؛
خازِن (ع۔ مذ) خزانچی ؛
خامہ فرسائی (ف۔ مث) لکھنا ؛
خانہ برانداز (ف ص) گھر بار
اُجاڑنے والا۔ معشوق ؛
خانہ ساز (ف ص) گھر کا بنا ہوا
خاور (ف۔ مذ) مشرق ؛
خبر نہ ہونا (ا) پرواہ نہ کرنا۔
توجہ نہ کرنا۔ ہوش نہ آنا ؛
خُجستہ پے (ف ص) مبارک قدم ؛
خَجِل (ع۔ص) شرمندہ ؛
خُدا کی لاٹھی میں آواز نہیں
(ا) خدا اس طرح سزا دیتا ہے
کہ گمان بھی نہیں ہوتا ؛
خُذ ما صَفا وَدَع ما کَدر (ع)
اچھی بات اختیار کرو۔ بُری
چھوڑ دو ؛
خُردہ گیر (ف مذ) عیب جو ؛
خُردہ گیری (ف مث) عیب نکالنا ؛
خُرسند (ف ص) خوش۔ شادمان ؛
خُرطوم (ع۔ مث) ہاتھی کی سونڈ
خرگاہ۔ خرگہ (ف مث) بڑا خیمہ ؛
خُرُوج (ع مذ) باہر نکلنا۔
بغاوت۔ شورش ؛
خَزائن (ع مذ) خزانہ کی جمع ؛
خَساست (ع۔ مث) کمینہ پن ؛
خَسخانہ (ف مذ) وہ مکان جو گرمی
کے موسم میں خس کی ٹٹیوں سے بنایا جاتا ہے
خَستگی (ف مث) شکستہ حالی۔
زخمی پن ؛
خُشکہ (ف۔ مذ) اُبالے ہوئے
چاول۔ بھات ؛
خَصائص (ع مذ) عادتیں ؛
خطاوار (ف ص) گناہ گار ؛
خُفّاش (ع مذ) چمگادڑ ؛
خَلّاق (ع) پیدا کرنیوالا۔ خدا کا نام
خَلجان (ع مذ) چبھنا۔ فکر۔ اندیشہ ؛
خَلل انداز (ف ص) فتور ڈالنے والا
خَلوَت نشین (ف ص) تنہائی
میں بیٹھنے والا ؛
خواستگار (ف مذ) طلبگار۔ اُمیدوار
خواتین (ف مث) خاتون کی جمع
عورتیں ؛
خود نما (ف ص) مغرور۔ متکبر ؛
خود نمائی (ف مث) شیخی۔ عجب ؛

خور (ف۔ مذ) آفتاب۔ تھوڑا سا کھانا ۔

خورد و نوش (ف۔ مذ) کھانا پینا۔ دانہ پانی ۔

خونِ جگر (ف) غم و اندوہ۔ غصہ

خون خشک ہونا (ا) ڈر جانا۔ چُپ ہو جانا ۔

خون سفید ہونا (ا) سنگدل ہونا۔ بے رحم ہونا ۔

خون لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا۔ ملنا (ا) تھوڑا سا کام کر کے بڑے درجے کا طالب ہونا

خیار (ع۔ مذ) کھیرا ۔

خیل (ع) جماعت۔ گروہ۔ سوار۔ گھوڑے ۔

د

دادرس (ف ص) فریاد سننے والا

دارین (ع مذ) دونو جہان ۔

دارائی (ف مث) حکومت۔ خدائی

دام ظلہ (ع) اُس کا سایہ ہمیشہ برقرار رہے

دام لطفہ (ع) اسکی مہربانی ہمیشہ رہے

دام ملکہ (ع) اسکی سلطنت ہمیشہ رہے

دامنِ شب (ف۔ مذ) رات کا آخری حصہ

دانت کاٹی روٹی (مث) پکی دوستی ۔

دانہ پانی اُٹھنا (ا) رزق ختم ہونا

داور (ف ص) منصف عادل۔ خدا۔

داورِ محشر (ف مذ) خدا قیامت کے دن انصاف کرنے والا ۔

دایاں (ہ ص) داہنا ۔

دُبدھا (ہ۔ مث) شک و شبہ

دبستان (ف مذ) مدرسہ۔ مکتب ۔

دبی زبان سے کچھ کہنا (ا) ڈرتے ڈرتے کچھ کہنا۔ صاف صاف نہ کہنا ۔

دخمہ (ف۔ مذ) صندوق جس میں مُردے کو رکھتے ہیں ۔

دُرّاج (ف۔ مذ) تیتر ۔

دراصل (ف) اصل میں حقیقت میں

درخشندہ (ف ص) روشن چمکتا ہوا

دریغ کرنا (ا) کوتاہی کرنا۔ کنجوسی کرنا

دُزدیدہ نظر (ف۔ مث) کن انکھیوں سے دیکھنا ۔

دعوتِ شلیمہ (ف مث) وہ ضیافت جو نکاح کے بعد مسلمانوں میں ہوتی ہے

دگلا (ہ۔ مذ) روئی دار انگرکھا لبادہ ۔

دلی دُور ہے (ا) منزل دور ہے

دمِ عیسیٰ (ف۔ مذ) جان ڈالنے والا۔ صحت بخش ۔

دم قدم (ف۔ مذ) زندگی۔ سلامتی۔ وجود ۔

دماغ ہونا (ا) غرور ہونا۔ گھمنڈ ہونا

دنی (ع ص) ناکس۔ کمینہ۔ سفلہ

دُنیا و مافیہا (ع) یہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے ۔

دنیائے دنی۔ دُنیائے دوں (ف) کمینہ۔ حقیر۔ دنیا ۔

دوّاب (ع مذ) چارپائے ۔

دو حرفی (ف ص) مختصر ۔

دُوَل (ع مذ) دولت کی جمع حکومتیں

دولتِ خداداد (ف۔ مث) خدا کی دی ہوئی نعمت ۔

دھاک بیٹھ جانا (ہ) رعب بیٹھ جانا

دھت (ہ۔ مث) عادت۔ بُری عادت

دیبا (ف مذ) ایک ریشمی کپڑا ہے ۔

دین (ہ۔ مث) بخشش۔ عطا۔ عنایت ۔

دَین (ع مذ) قرض ۔

دیوار ہم گوش دارد (ف ک) دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔ احتیاط سے بات کرو

دِہ (ہ۔ مذ) گاؤں بستی

ڈ

ڈائیننگ ہال (انگ مذ) کھانا کھانے کا کمرہ ٭

ڈلاؤ (ہ۔ مذ) میلا پھینکنے کی جگہ

ڈنر (انگ۔ مذ) شام کا کھانا

ڈھکوسلا (ہ مذ) مہمل بات فضول کام

ڈھنڈیا (ہ۔ مث) تلاش ٭

ڈھونگ (ہ۔ مذ) فریب۔ بناوٹی بات ٭

ذ

ذرا سا منہ نکل آنا (ا) چہرہ اُتر جانا ٭

ذرّے کو آفتاب بنانا۔ (ا) ناچیز کو اعلےٰ مرتبہ پر پہنچانا

ذمیمہ (ع۔ ص) بُری۔ خراب ٭

ذوالجناح (ع مذ) حضرت امام حسینؑ کے گھوڑے کا نام ٭

ر

راج دُلارا (ہ۔ مذ) پیارا ٭

راجع (ع۔ ص) پھرنے والا

راحت جان (ف۔ ص) پیارا عزیز۔ معشوق ٭

راحت طلب (ف ص) آرام طلب ٭

راستہ نکالنا (ا) تدبیر نکالنا تلاش کرنا ٭

راشد (ع ص) ہدایت پانے والا

راعی (ع۔ ص) چرواہا۔ بادشاہ

راکب (ع۔ ص) سوار ٭

ربّ النوع (ع مذ) جو جو فرشتے دنیا کے مختلف کاموں پر مقرر ہیں ان میں ہر ایک کو رب النوع کہتے ہیں

ربانی (ع۔ ص) خدائی ٭

رجز (ع۔ مث) وہ شعر جو عرب معرکۂ جنگ میں پڑھتے ہیں فن عروض میں ایک بحر کا نام ٭

رجعت قہقری (ع۔ مث) اُلٹے قدموں پھرنا ٭

رختِ نو (ف ص) نیا لباس ٭

ردّ و کد (ع۔ مث) حجت۔ مباحثہ

رستخیز (ف۔ مث) قیامت ٭

رستگار (ف ص) نجات پانے والا

رسم (ع۔ مث) دستور۔ رواج۔ قاعدہ

رسم الخط (ع مذ) املا ٭

رسم و راہ (ف مث) دستور میل جول

رَسَن (ف۔ مث) رسّی ٭

رسیا (ہ۔ ص) شوقین۔ رنگیلا ٭

رُشد (ع مذ) جوان ہونا۔ ہوش سنبھالنا ٭

ریفارمر (انگ ص) اصلاح کرنے والا ٭

رقصاں (ف ص) رقص کرنے والا

رُقعات (ع مذ) خطوط کا مجموعہ

رکھ پت رکھا پت (ہ مث) جو شخص دوسروں کی عزت کرتا ہے لوگ اسکی عزت کرتے ہیں۔ یعنے عزت کرو عزت پاؤ

رکیک (ع۔ ص) ادنیٰ درجے کا۔ ناچیز ٭

رمنا (ہ) پھرنا۔ بسنا۔ سمانا۔ چراگاہ

رمیدہ (ف ص) بھاگا ہوا

رنجک (س۔ مث) بارود جو توپ میں آگ دینے کے

واسطے رکھی جاتی ہے ؞
رنگ (انگ مذ) چھلا ؞
روزہ کھانا (ا) کوئی روزہ چھوڑ دینا ؞
رؤسا (ع مذ) رئیس کی جمع ؞
روستا (ف مذ) دہقان دیہاتی -
روش (ف مث) طور طریق باغ کی پٹڑی ؞
روگی (ہ ص) ہمیشہ کا بیمار
روئین تن (ف ص) وہ شخص جس کے جسم پر تلوار وغیرہ کارگر نہ ہو۔ نہایت مضبوط جسم الا
رہکلا (ہ مذ) چھوٹی توپ۔ توپ رکھنے کی گاڑی ؞
ری پبلک (انگ مث) جمہوری حکومت
ریب (ع مذ) شک و شبہ ؞

ز

زبان دینا (ا) وعدہ کرنا ؞
زبردست کا ٹھینگا سر پر (ا مثل) زبردست سے زور نہیں چلتا۔ اسکی ماننی پڑتی ہے
زماں (ع مذ) زمانہ۔ روزگار ؞
زمن (ع مذ) وقت۔ زمانہ ؞
زمین آسمان ایک کرنا (ا) بہت تلاش کرنا ؞
زندگی (ف مث) عمر۔ حیات جینا جیون
زندہ باد (ف۔ دعا) زندہ رہے زندہ رہو ؞
زود آشنا (ف ص) جلدی دوست بن جانے والا ؞
زود پشیماں (ف ص) جلدی پچھتانے والا ؞
زود نویس (ف ص) جلد لکھنے والا
زور طبع۔ زور طبیعت (ف مذ) مضمون پیدا کرنے کی قوت
زور مارنا (ا) بہت کوشش کرنا
زورق (ف مث) چھوٹی کشتی
زیر جامہ (ف مذ) پاجامہ ؞
زیر لب (ف) آہستہ ؞

س

سازگار (ف ص) موافق ؞
ساکھا (ہ مذ) متفق ہونا ایک دل ہونا ؞
سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (ہ مثل) کام بھی ہو جائے اور کوئی نقصان بھی نہ ہو ؞
سانچے میں ڈھالنا (ہ) سڈول اور خوبصورت بنانا
ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے (ہ مثل) ہر شخص اپنے حال کے موافق ہی دوسری حالت خیال کرتا ہے
سبد (ف مث) ٹوکرا۔ ٹوکری ؞
سبز فام (ف ص) سبز رنگ کا معشوق
سبزہ خورندہ (ف مذ) وہ سبزہ جو تھوڑا سا نکل کر خمیدہ ہو جائے
سبزہ نوخیز (ف مذ) نیا اگا ہوا سبزہ
سبک رو۔ سبک رفتار۔ (ف ص) تیز چلنے والا ؞
سبکسار (ف ص) کم قیمت۔ بے وقار
سبک عناں (ف ص) تیز رفتار گھوڑا
سبک سیر (ف ص) تیز رفتار ؞
سبکی (ہ مث) ہچکی ؞
ستار (ف مذ) ایک تاروں والے باجے کا نام ہے ؞
سجود (ع مذ) سجدہ کی جمع ؞
سخت کلامی (ف مث) بدزبانی گستاخی

سخت گیر (ف ص) ظالم۔ سختی کرنے والا ٭

سِر (ع۔ مذ) بھید۔ راز ٭

سَرگشتہ (ف ص) حیران بھٹکا ہوا

سَراہنا (ہ) تعریف کرنا ٭

سَروش (ف مذ) فرشتہ ٭

سَکنہ (ع۔ مذ) ساکن کی جمع

سَکندری (ف۔ مث) گھوڑے کا ٹھوکر کھا کر سر کے بل گرنا

سَلسَبیل (ع۔ مث) بہشت کی ایک نہر کا نام ٭

سَلیقہ شعار (ف ص) تمیزدار

سَماوات (ع مذ) آسمان ٭

سُمرن (ہ مث) ورد وظیفہ۔ یاد الٰہی

سَمک (ع۔ مث) مچھلی۔ سب سے نیچا طبقہ ٭

سنجاب (ف مذ) ایک جانور کا نام اسکی کھال کی پوستین بناتے ہیں

سَنڈاس (ہ۔ مذ) پاخانہ۔ ٹٹی

سَنگِ خارا (ف مذ) ایک قسم کا سخت نیلگوں پتھر

سِنین (ع۔ مذ) سال ٭

سُوءِ اتفاق سے (ع مذ) بُرے اتفاق سے۔ بدقسمتی سے ٭

سوختنی (ف ص) جلانے کے قابل

سوز و گداز (ف مذ) ایسی کیفیت جس کے اثر سے رقت طاری ہو

سوزن کاری (ف۔ مث) سوئی کا کام ٭

سہارنا (ہ) برداشت کرنا دکھ سہنا

سہرا (ہ۔ مذ) پھولوں کی لڑیاں جو دولہا کے سر پر لٹکاتے ہیں ٭

سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا (ہ) نرمی سے ہر ایک کام نہیں نکلتا

سَیلان (ع مذ) جاری ہونا بہنا

سَینا (ع مذ) شام کے ملک میں ایک پہاڑ ہے جس کو طور سینا کہتے ہیں ٭

سینہ کوبی (ف مث) چھاتی پیٹنا۔ ماتم کرنا ٭

سینیئر (انگ ص) بڑا۔ اعلےٰ

سیوا (ہ۔ مث) خدمت ٭

سیونگ بنک (انگ۔ مذ) وہ بنک جس میں بچت کا روپیہ جمع کرتے ہیں ٭

ش

شباب (ع مذ) جوانی۔ نوعمری ٭

شاخ آہو (ف مث) ہرن کا سینگ

شاخ نبات (ف۔ مث) مصری کے کوزہ کی لکڑی جو مصری بناتے وقت آبخورے میں لگاتے ہیں۔ میٹھی اور عمدہ چیز ٭

شاداں (ف۔ ص) خوشحال

شادکام (ف۔ ص) کامیاب

شادماں (ف ص) خوش ٭

شاما (ہ۔ مث) ایک سیاہ رنگ خوش الحان چڑیا ٭

شبِ ماہتاب (ف مث) چاندنی رات ٭

شبِ وصال (ف مث) ملنے کی رات

شُباں (ف مذ) چرواہا ٭

شَباہت (ع۔ مث) مشابہت

شجرِ طور (ف مذ) وادی ایمن میں ایک درخت ہے جس پر حضرت موسےٰ کو تجلی ہوئی تھی ٭

شرارہ (ع۔ مذ) چنگاری ÷
شرفاء (ع مذ) شریف کی جمع ÷
شرمندہ (ف۔ص) نادم۔ ممنون۔ احسان مند ÷
شرمندہ احسان (ف ص) احسان مند ÷
شریر (ع ص) شرارتی۔ بدذات۔ عیب دار ÷
شغف (ع۔ مذ) کمال محبت بڑی دلچسپی ÷
شکر خند (ف مذ) مسکرانا۔ تبسم ÷
شماتت (ع۔مث) کسی کی خرابی پر خوش ہونا۔ خندہ زنی
شمسہ (ف۔ مذ) سنہرا قرص جو کلس میں لگاتے ہیں ÷
شمشیر برہنہ (ف۔ص) ننگی تلوار۔ لڑنے کے لئے تیار ÷
شمشیر کا کھیت (ا۔ مذ) میدان جنگ ÷
شور محشر (ف مذ) بہت شور ÷
شوریدہ سر (ف ص) دیوانہ سودائی ÷
شور و شغب (ف مذ) شور ÷

شوفر (انگ مذ) موٹر چلانے والا
شیخ و شاب (ع مذ) بوڑھے اور جوان ÷
شیریں کار (ف۔ص) وہ شخص جس سے اچھے کام ہوں ÷
شیوا بیاں (ف۔ص) تیز زبان آدمی ÷

ص

صاحب نصیب (ف ص) خوش قسمت
صاحب نظر (ف۔ص) دانا۔ دور اندیش ÷
صاد ہے (ا) تسلیم ہے ÷
صامت (ع ص) خاموش ÷
صحرا نوردی (ف۔مث) جنگلوں میں پھرنا ÷
صلحا (ع مذ) صالح کی جمع۔ نیک لوگ ÷
صلصل (ع۔مث) فاختہ ÷
صمد (ع ص) بے نیاز۔ خدا کا نام

ض

ضربات (ع۔مث) چوٹیں ÷
ضعیف البنیان (ع ص) کمزور بنیاد والا ÷
ضلع جگت (ا۔مث) ایسی بات جس میں رعایت لفظی ہو ÷

ط

طاقت طاق ہونا (ا) طاقت خود رہنا ÷
طبّاع (ع ص) ذہین ÷
طبّاعی (ع۔مث) ذہانت ÷
طبیعت ملنا (ا) موافقت ہونا
طرارے بھرنا (ا) فرفر پڑھنا تیز بھاگنا ÷
طرز اڑانا (ا) کسی کی طرز کی نقل کرنا
طرفہ معجون (ف ص) انوکھا آدمی
طغیاں (ع۔ مذ) ظلم۔ زیادتی
طنابیں کھینچنا (ا) دوری کم ہونا۔ فاصلہ نہ رہنا ÷
طنّاز (ع۔ص) شوخ معشوق
طیارہ (ع مذ) ہوائی جہاز ÷
طیب (ع۔مث) خوشی۔ رضامندی ÷

ظ

ظفر یاب (ف۔ص) فتح پانے والا
ظلمتکدہ (ف۔مذ) وہ جگہ جہاں بہت اندھیرا ہو۔ دنیا ؛

ع

عار سمجھنا (ا) عیب سمجھنا ؛
عارف (ع۔ص) خدا شناس۔ ولی
عاقبت الامر (ع) آخرکار
عالم آب و گل (ف۔مذ) مادی دنیا۔ یہ جہان ؛
عالم اجسام (ع۔مذ) مضمون کی دنیا۔ یہ جہان ؛
عالی وقار (ع۔ص) عالی مرتبہ
عامیانہ (ف۔ص) عام لوگوں کا۔ جاہلوں کا ؛
عتیق [illegible] (ع۔ص) پرانا ؛
[illegible] قفیت (ع۔مث) [illegible] ؛
[illegible] (ع۔مذ) قیامت کا میدان ؛
[illegible] ف کی جمع
عروض [illegible] علم کا نام ہے۔ جس میں شعر کی درستی کے قاعدے اور بحروں کا ذکر ہوتا ہے ؛
علیا (ع۔مث) اعلٰے کی مؤنث بڑی۔ بزرگ ؛
عنوان (ع۔مذ) سرنامہ۔ طور طریق۔ ڈھنگ ؛
عواقب (ع۔مذ) کام کے انجام

غ

غدود (ع۔مذ) گوشت کی گرہ۔ گلٹی ؛
غم زدہ (ف۔ص) غمگین ؛
غمناک (ف۔ص) رنجیدہ ؛
غوطہ زن (ف۔مذ) غوطہ مارنیوالا

ف

فراز (ف۔ص) بلندی ؛
فِفرو ہونا (ا) ہوا ہو جانا رفو چکر ہونا ؛
فکرِ ہر کس بقدرِ ہمت اوست (ف) ہر شخص کا خیال اس کی ہمت کے مطابق ہوتا ہے ؛
فلک پیما (ف۔ص) آسمان پر پہنچنے والا۔ بلند خیال ؛
فند (ف۔مذ) مکر۔ فریب ؛
فہمیدہ (ف۔مث) سمجھ ؛
فیضان (ع۔مذ) فیض پہنچانا نفع پہنچانا ؛

ق

قاآن (ت۔مذ) بادشاہ۔ چین کے بادشاہ کا لقب ؛
قبلہ حاجات (ف۔مذ) مرادیں پوری کرنے والا
قدر انداز (ف۔ص) تیر پھینکنے والا جس کا نشانہ خطا نہ کرے
قدموں کی برکت (ا) کسی کے آنے کی برکت ؛
قدموں میں (ا) زیرسایہ ؛
قدوس (ع۔ص) پاک۔ مبارک خدا کا نام ؛
قدوم میمنت لزوم (ع۔مذ) ایسا آنا جس سے برکت ہو ؛
قرابہ (ف۔مذ) عرق رکھنے کا بڑا شیشہ ؛
قریہ (ع۔مذ) گاؤں ؛

قسّامِ ازل (ع۔مذ) خدا تعالیٰ
قِلادہ (ع۔مذ) پٹا ✣

ک

کاٹ کھانے کو دوڑنا (ہ) لڑنے کو تیار رہنا۔ گھرکیاں دینا ✣
کاردان (ف۔ص) تجربہ کار
کاسۂ سر (ف۔مذ) سر کی کھوپری ✣
کاغذی پیرہن (ف۔مذ) کاغذی لباس جو ایران میں قدیم زمانہ میں فریادی لوگ پہن کر بادشاہ کے روبرو جاتے تھے ✣
کان کھڑے کرنا (ہ) ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا ✣
کانوں کان خبر نہ ہونا (ا) مطلق خبر نہ ہونا ✣
کاہل (ہ۔ص) سست نکما ✣
کائیاں (ا۔ص) چالاک۔ ہوشیار ✣
کتابی چہرہ (ا۔مذ) کسی قدر لمبا چہرہ ✣
کج خُلق (ف۔ص) بدخو ✣
کچوکا (ہ۔مذ) کسی نوکدار چیز سے بھونک دینے کی ضرب ✣
کرجگ (ہ۔مذ) کام کرنے کا زمانہ۔ زمانہ حال ✣
کرگس (ف۔مذ) گدھ ✣
کرم بخشی (ف۔مث) مہربانی
کرم خوردہ (ف۔ص) پرانا بوسیدہ ✣
کرنا (ف۔مث) بگل نفیری
کرنجی آنکھیں (ہ) نیلی آنکھیں
کریم النفس (ع۔ص) نیک دل سخی۔ مہربانی ✣
کشتوں کے پشتے لگ جانا (ا) لاشوں کے ڈھیر ہو جانا ✣
کشنیز (ف۔مذ) دھنیا ✣
کشود (ف۔مث) کھلنا کامیابی
کُل (س۔مذ) خاندان ✣
کلمۂ خیر (ف۔مذ) تعریف سفارش ✣
کلیچہ (ف۔مذ) خمیری روٹی ٹکیہ ✣
کمیرا (ہ۔مذ) اجرت پر کاشتکاری کرنے والا۔ مزدور ✣
کُن فکان (ع) دنیا۔ عالم ✣
کُنج قفس (ف۔مذ) پنجرے کا کونہ
کُنج لحد (ف۔مذ) لحد کا کونہ قبر کا کونہ
کنچن برسنا (ہ) کثرت سے روپیہ کی آمد ہونا۔ زرخیز ہونا
کنشت (ف۔مذ) آتشکدہ ✣
کنعان (ع۔مذ) فلسطین کا پرانا نام۔ حضرت یوسفؑ کی پیدائش کی جگہ ہے ✣
کوائف (ع۔مذ) کیفیت کی جمع ✣
کوتاہ اندیش (ف۔ص) بے سمجھ۔ کم فہم ✣
کُوٹ کُوٹ کر (ہ) اچھی طرح بخوبی ✣
کوڑیوں کے مول (ہ) نہایت سستا ✣
کُوزہ نبات (ف۔مذ) مصری کا کو
کونا کھُدرا (ہ۔مذ) کونا ✣
کھال میں مست ہونا (ا)

اپنی حالت میں خوش رہنا ÷
کھپرا (ہ۔ مذ) ایک قسم کا کیڑا
کھپریل مٹی کا ٹھیکرا جو چھت بنانے
کے کام آتا ہے ÷
کھیم کُسل (ہ) مزاج شریف

گ

گج گاہ (ہ۔ مث) سُرا گائے
کی دُم جو سجاوٹ کے لئے
ہاتھی کے مُنہ کی طرف
لٹکاتے ہیں
گدّے بازی (ہ۔ مث)
عقل دوڑانا ÷
گرد و پیش (ف۔ مذ) گرداگرد
گرفتہ خاطر } (ف۔ ص) رنجیدہ
گرفتہ دل } ۔ غمگین ÷
گریڈ (انگ۔ مذ) درجہ۔ مرتبہ
گفتنی (ف۔ ص) کہنے کے لائق
گُل فشاں (ف۔ ص) پھول
بکھیرنے والا ÷
گُلفشانی (ف۔ مث) خوش بیانی
گنگا جلی (ہ۔ مث) وہ برتن جس
میں گنگا کا پانی رکھا جاتا ہے

گوہر بار (ف۔ ص) موتی برسانے والا
بادل۔ زبان ÷
گوہر شب چراغ (ف۔ مذ) ایک
قسم کا لال جو رات کو روشنی
دیتا ہے ÷
گہرا دوست (ا۔ مذ) پکا دوست۔
سچا دوست ÷
گھوڑا (ہ۔ مذ) مشہور جانور۔
بندوق کا گُتا۔ شطرنج کا
ایک مُہرہ ÷
گھوڑے دوڑانا (ہ) بہت
کوشش کرنا ÷
گیاہ (ف۔ مث) گھاس ÷
گیتی پناہ (ف۔ ص) بادشاہ

ل

لاعلمی (ا۔ مث) بے خبری ÷
لامحالہ (ع) ضرور۔ یقیناً ÷
لاشہ (ف۔ مذ) لاش ÷
لٹس (ہ۔ مث) لوٹ مار۔
لوٹ کھسوٹ ÷
لچھے دار آواز (ا۔ مث)
مسلسل آواز ÷

لطائف غیبی (ف۔ مذ)
غیبی مہربانیاں۔ خدا کی
مہربانیاں ÷
لعل لگنا (ا۔ طنزاً) انوکھا پن ÷
لُغز (ع۔ مث) چیستان پہیلی ÷
لوچ (ہ۔ مذ) نرمی۔ لچک ÷
لوچدار (ہ۔ ص) ملائم لطیف۔
نازک ÷
لوئر (انگ۔ ص) گھٹیا۔ کم
درجے کا۔ ابتدائی ÷
لیبر (انگ۔ مث) مزدوری۔ مزدور
لیبر پارٹی (انگ۔ مث)
مزدوروں کی جماعت ÷
لیک پیٹنا (ہ) پُرانی رسم
پر چلے جانا ÷
لئیق (ص) لائق ÷

م

ماحول (ع۔ مذ) گرد و پیش ÷
مادام (ع۔ ص) ہمیشہ ÷
ماتم کدہ (ف۔ مذ) سوگ
کا گھر ÷
مال و متاع (ع۔ مذ) اسباب

روپیہ - پیسہ ؎

ماہِ چہار دہم (ف - ص) چودھویں رات کا چاند ؎

ماہیِ بے آب (ف) بہت بے قرار ؎

مایُوس (ع - ص) ناامید ؎

مایہ ناز (ف) فخر ناز کا سبب ؎

مُبَلِّغ (ع - ص) تبلیغ کرنے والا ؎

مُتَاَسِّف (ع - ص) افسوس کرنے والا ؎

مُتَرَقِّب (ع - ص) اُمیدوار ؎

مَتْروکہ (ع - ص) ترک کی ہوئی چیزیں ؎

مُتَصَادِم (ع - ص) ٹکرا جانے والا ؎

مُتَعَذِّر (ع - ص) مشکل دشوار ؎

مَتْلی (ہ - مث) ابکائی طبیعت کا مالش کرنا ؎

مُتَوَہِّم (ع - ص) سوچنے والا ؎

مُتَوَسِّط الحال (ع - ص) آسودہ. کھاتا پیتا ؎

مُجْرئی (ا - ص) سلام کرنے والا

مُجَسِّمہ (ع - مذ) بُت ؎

مُحَاذ (ع - مذ) مقابلہ - مورچہ محاذ جنگ ؎

مَحَالات (ع - مث) محال کی جمع - رہن - جاگیر ؎

مُحْتَرِز (ع - ص) پرہیز کرنے والا

مَحْرُومُ الْاِرث (ع - ص) وہ شخص جو وراثت سے محروم کر دیا گیا ہو ؎

مُحَقِّقِین (ع - مذ) جمع محقق کی

مَخَازِن (ع - مذ) خزانے ؎

مُخْتَصَرًا (ع) اختصار کے ساتھ ؎

مَخْدُوش (ع - ص) خدشے میں بھرا ہوا ؎

مُخَرِّب (ع - ص) خراب کرنے والا ؎

مَدَار (ہ - مذ) آکھ کا درخت (پ) آک ؎

مُدَّ ظِلُّہٗ (ع - دعا) خدا اُس کا سایہ ہمیشہ رکھے ؎

مَدْعُو (ع - ص) دعوت میں بلایا گیا ؎

مُراد بر آنا (ا) مراد پوری ہونا مقصد حاصل ہونا ؎

مُراد بر لانا (ا) کسی کا مقصد پورا کرنا ؎

مَرْدُم شناس (ف - ص) آدمی کو پرکھنے والا - اچھے بُرے کو سمجھنے والا ؎

مَرْدُم شناسی (ف - مث) آدمی کی پہچان ؎

مَرز بوم (ف - مذ) جائے پیدائش ؎

مُرغَّن (ف - ص) وہ کھانا جس میں گھی بہت پڑا ہو ؎

مِرغول (ف) گول گھر ؎

مَرکوزِ خاطر (ف - ص) دل نشین

مُسْتَاصَل (ع - ص) اکھڑا ہوا - تباہ - برباد ؎

مُسْتَعِدی (ا - مث) ہوشیاری چالاکی - تیاری ؎

مِسکوٹ (ا - مث) صلاح مشورہ ؎

مُسَلَّمُ الثبوت (ع - ص) وہ بات جو ثبوت کی محتاج نہ ہو

مسمریزم (انگ ـ مذ) ایک علم کا نام جس میں خیال کی قوت سے کسی انسان یا حیوان کو بیہوش کرتے ہیں ✦

مسیں بھیگنا (ہ) مونچھوں کا رُواں نکلنا ✦

مُشَیَّن (ع) شاندار۔ خوبصورت ✦

مظاہرہ (ع مذ) کسی خاص امر کی تائید کا اظہار کرنے کے لئے مجمع بنا کر گشت کرنا یا جلسہ کرنا

مُظہَرہ (ع ص) بیان کی گئی

مَعَارِف (ع ـ مذ) علوم تعلیمات ✦

مُعَبِّر (ع ص) تعبیر بیان کرنے والا ✦

مُعجز بیاں (ف ص) خوش بیاں۔ فصیح ✦

مُعجز رنگار (ف ص) ایسا اعلیٰ مضمون لکھنے والا جس کا مثل نہ ہو ✦

دے چند (ب) کچھ۔ تھوڑے ✦

(ہ۔مث) رہ۔

مذ۔ ظاہر ہونے

نگا کا پانی رکھا جاتا

کی جگہ۔ دوران ✦

مُعلِن (ع ص) اعلان کرنے والا

مُعنوَن (ع ص) عنوان کیا گیا۔ نامزد کیا گیا ✦

مُفکِّر (ع ص) فکر کرنے والا۔ سوچنے والا ✦

مُقاطَعہ (ع ـ مذ) کاٹنا۔ بائیکاٹ ✦

مَقالات (ع ـ مذ) گفتگو۔ کلام۔ تحریر ✦

مَقدرت (ع مث) طاقت بساط۔ قدرت ✦

مَقصد (ع ـ مذ) ارادہ مطلب مدعا ✦

مُقفّے (ع ص) قافیہ کیا گیا۔ قافیہ دار ✦

مُقنِّن (ع ص) قانون بنانے والا۔ قانون جاننے والا ✦

مکھیا (ہ ـ مذ) سردار۔ افسر چودھری ✦

مِلَّت (ہ مث) ملاپ میل جول۔ ملنساری ✦

ملحوظ (ع ص) لحاظ کیا گیا۔ خیال رکھا گیا ✦

ملحوظ خاطر (ع ـ مذ) دلی توجہ

ملی بھگت (ہ ـ مث) سازش باہمی سٹرہ ✦

مِن حیث القوم (ع) قومی حیثیت سے ✦

مُنافرت (ع مث) باہمی نفرت ایک دوسرے سے نفرت کرنا

مُنافقت (ع مث) ریاکاری دکھاوا ✦

مُنبّت کاری (ف مث) لکڑی وغیرہ پر بیل بوٹے کا کام ✦

منشی فلک (ف ـ مذ) عطارد ستارہ ✦

مُنطقہ (ع ـ مذ) دائرہ۔ حلقہ

منقوش خاطر (ف ص) ذہن نشین ✦

مُنہ بسورنا (ہ) رونی صورت بنانا ✦

مُنہمک (ع ص) کسی کام میں بہت مصروف ✦

موتراش (ف ـ مذ) استرہ ✦